خان ملنگ خان ۔ چونکہ ہم آج کے اجلاس کے لئے کوئی تیاری نہیں کر سکے اس لئے آج کا اجلاس ملتوی ہونا چاہئے ۔

مسٹر سپیکر ۔ جہاں تک اس بات کا تعلق ہے ایجنڈا گذشتہ سوموار کو ممبر صاحبان کے گھروں کے پتوں پر بھیج دیا گیا تھا ۔ اور اب یہ انکی سیٹ پر بھی موجود ہے ۔ ممبروں کو لاہور کے پتہ پر

جو ایجنڈا بھیجا جاتا ہے ۔ وہ انکی مزید سہولت کے لئے بھیجا جاتا ہے ۔ اس لئے اجلاس ملتوی نہیں کیا جا سکتا ۔

خان ملنگ خان ۔ لیکن جن لوگوں نے اپنا لاھور کا پتہ دیا تھا ۔ انہیں کب ایجنڈا ملا ؟

مسٹر سپیکر ۔ بہتر یہ ہوگا کہ آپ پہلے اپنی بات کریں ۔ بعد میں دوسروں کی ۔

سید عنایت علی شاہ (پشاور ۔ ۴) ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب میں آپکی خدمت میں ایک اھم بات پیش کرنا چاھتا ھوں اور وہ یہ ہے کہ جب کوئی فاضل ممبر اسمبلی چیمبر میں داخل ھوتا ہے ۔ تو وہ سپیکر کے سامنے جھکتا ہے ۔ جہاں تک آپکی عزت کا سوال ہے آپ بہت قابل عزت ھیں ۔ لیکن جہاں تک جھکنے کا سوال ہے یہ غیر اسلامی فعل ہے ۔ کیا یہ بہتر نہ ھوگا کہ کوئی اور مناسب طریق کار سوچا جائے ۔ جو اسلامی تعلیمات کے بھی مطابق ھو ۔ اور اسلامی جمہوریہ پاکستان کے شایان شان بھی ھو ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ جو نقطہ آپنے اٹھایا ہے یہ طریق کار یا قواعد ضوابط کی خلاف ورزی یا مطابقت سے تعلق نہیں رکھتا ۔ لیکن پارلیمنٹری روایات یہی ھیں کہ جب کوئی فاضل ممبر ھاؤس میں داخل ھوتا ہے تو وہ احترام کے طور پر جھکتا ہے ۔ لیکن اس کے باوجود اگر کوئی فاضل ممبر یہ پسند نہ کرے اور سمجھے یہ غیر اسلامی طریقہ ہے تو

مجھے اس میں کوئی اعتراض نہ ہو گا اگر وہ جھکنا پسند نہ کرے تو نہ جھکے ۔

خان ملنگ خان ۔ کیا ہاتھ اٹھا کر سلام کرنا مناسب نہیں رہے گا ؟

مسٹر سپیکر ۔ میں اس کے لئے کوئی قاعدہ وضع نہیں کر سکتا ۔

مسٹر محمد اکبر خان کانجو ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب ۔ میں عرض کرونگا کہ یہ جو آپکا اعزازی گرز ہے یہ اس وقت بنا تھا جب یہاں انگریزوں کا دور حکومت تھا مگر یہ اسوقت بھی تاج برطانیہ کی نمائیندگی کر رہا ہے ۔ میں عرض کروں گا کہ علامہ اقبال کے اس ارشاد کے مطابق ۔ ع

جو نقش کہیں تم کو نظر آئے مٹا دو ۔

اگر آپ اس کی بجائے کوئی ایسا اعزاز اختیار کریں جس سے پاکستان کا وقار بلند ہو ۔ تو میرے خیال میں یہ آپکے زیادہ شایان شان ہو گا ۔

مسٹر سپیکر ۔ اس کے متعلق آپ اپنی تجاویز مجھے لکھ کر بھیج دیں ۔ ان پر مناسب غور کیا جائیگا ۔

رانا پھول محمد خان (لاہور ۔ ۷) ۔ جناب والا ۔ اگر ہم اس غیر اسلامی رواج کو ترک کر دیں (اور جناب نے بھی اجازت دے

دی ہے ۔ کہ جو ممبر صاحبان نہ جھکنا چاہتے ہوں ۔ وہ نہ جھکیں) اور سب کے لئے ایک طریقہ بنا لیا جائے جیسے ہاتھ سے سلام کرنا تو میرے خیال میں یہ زیادہ بہتر ہوگا ۔ یا اگر آپ مناسب سمجھیں تو سب حضرات منہ سے ''اسلام علیکم،، کہہ دیا کریں ۔

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی محمد وریال میمن) ۔ جناب والا ۔ جہاں تک ممبر صاحبان کی اس رائے کا تعلق ہے ۔ مجھے اس سے کوئی اختلاف نہیں ۔ جیسا کہ آپنے بتایا ہے ۔ یہ کسی رول کے مطابق نہیں اگر کوئی ممبر (اور میں سمجھتا ہوں اس میں سپیکر صاحب بھی شامل ہیں) ۔ یہ کہیں کہ یہ خلاف شریعت بات ہے ۔ تو وہ بیشک نہ جھکیں ۔ یہ محض ایک روایت چلی آ رہی ہے ۔ اگر کوئی صاحب اسے شریعت کے خلاف سمجھتے ہیں ۔ تو وہ ایسا نہ کریں ۔

مسٹر سپیکر ۔ مجھے محترم وزیر قانون سے پورا اتفاق ہے ۔

Khan Muhammad Yusaf Khan : Sir, this is not the point of asking about the convention.

جناب والا ۔ پوائنٹ یہ ہے کہ جناب ہاؤس میں جب تشریف لاتے ہیں تو آپ اسلام علیکم کہیں گے یا آپکو ہاؤس کے سامنے جھکنے کی ضرورت ہے ؟

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ کیا ہی اچھا ہو کہ ایوان سے باہر ان جذبات اور خیالات کا عملی مظاہرہ کیا جائے ۔

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Speaker : Now the Question Hour. Mr. Hamza.

ACCUMULATION OF REVENUE CASES IN THE REVENUE COURTS OF LYALLPUR DISTRICT.

***292. Mr. Hamza :** Will the Minister of Revenue be pleased to state :—

(*a*) the number of revenue cases pending in the revenue courts of Lyallpur District for the last (*i*) 6 months, (*ii*) one year, and (*iii*) two years, or (*iv*) more, separately ;

(*b*) whether it is a fact that a large number of cases have accumulated in the abovesaid courts; if so, (*i*) causes of accumulation of work, (*ii*) steps taken or being taken to dispose of the overdue pending cases ?

Minister for Revenue (Khan Habibullah Khan) : The date up to which the information is required has not been specified. However, the requisite information up to 31st October 1965, is as under :—

(*a*)—

Pending for 6 months	Pending for one year	Pendig for two years	Pending over two years
(*i*)	(*ii*)	(*iii*)	(*iv*)
186	71	27	8

(*b*) (*i*) Some revenue work as mentioned above has accumulated in the revenue courts of Lyallpur district as all the Revenue Officers remained busy in connection with the Elections and other work of pressing nature.

(*ii*) The Revenue Officers have been directed by the Deputy Commissioner to liquidate the arrears as soon as possible. The Board of Revenue have also issued instructions to the Commissioners to ensure that local officers devote special attention to expedite the disposal of old cases.

مسٹر حمزہ ۔ جناب ۔ وزیر مال صاحب نے یہ فرمایا ہے کہ مقدمات کے فیصلوں میں تاخیر ہوئی ہے کیونکہ یہ افسران الیکشن میں مصروف رہے ۔ جناب والا ۔ میں ان سے یہ دریافت کرتا ہوں کہ الیکشن کے سلسلے میں ووٹ مانگنا تحصیلدار ۔ ایس ۔ ڈی ۔ ایم اور ڈپٹی کمشنر کا کام ہے ؟ اگرچہ عملی طور پر ایسا دیکھا گیا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ مسٹر حمزہ آپ کیا پوچھنا چاہتے ہیں ؟

مسٹر حمزہ ۔ الیکشن میں ووٹ مانگنا تحصیلدار ۔ ایس ۔ ڈی ۔ ایم اور ڈپٹی کمشنر کا کام ہے یا تمام کا تمام عملہ ووٹ مانگتا ہے ؟

وزیر مال ۔ جناب والا ۔ میں نے اپنے جواب میں کہا ہے کہ افسران الیکشن کے سلسلہ میں مصروف رہے ۔ نائب تحصیلدار اور دوسرے افسران الیکشن کیلئے ووٹوں کی فہرستیں تیار کرتے ہیں ۔ پولنگ سٹیشن پر رہتے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ میں نے اس لئے یہ کہا ہے . . . . . .

Mr. Speaker: No justification for that. Ask another supplementary.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - میں ان کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ وہ افسران جن کے بارے میں انہوں نے فرمایا ہے کہ وہ فہرستیں تیار کرتے ہیں - پریذائڈنگ افسران کا کام کرتے ہیں - حقیقت یہ ہے کہ ان سے آپ الیکشن میں ووٹ مانگنے کا کام لیتے رہے ہیں -

رانا پھول محمد خان - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - اس سوال میں ووٹوں کا ذکر نہیں ہے -

Mr. Speaker: I have not allowed that question.

ایک ممبر - پوائنٹ آف آرڈر - اگر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس اور ڈپٹی کمشنر صاحب ووٹ مانگتے تو حمزہ صاحب کبھی یہاں نہ پہنچتے -

مسٹر سپیکر - یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے -

مسٹر منور خان - جناب والا - عرض ہے کہ کیا الیکشن کے کام کی مصروفیت میں ووٹ مانگنا بھی شامل ہے ؟ کیا آپ وضاحت کر سکتے ہیں کہ وہ ووٹ مانگنے نہیں آئے تھے ؟

Mr. Speaker: This is not a supplementary question arising out of the answer.

DISPOSAL OF REVENUE AND CRIMINAL CASES FILED IN COURTS OF TEHSILDAR AND NAIB-TEHSILDAR, NAROWAL.

*941. **Mr. Hamza:** Will the Minister of Revenue be pleased to state the number of Revenue and Criminal cases separately filed in the Courts of Tehsildar and Naib-Tehsildar, Narowal, during the period from

January 1965 to June 1965, along with the category-wise number of cases out of them decided by each of the said Officers during the said period ?

Minister for Revenue and Rehabilitation (Khan Habibullah Khan) : The requisite information is given below as follows :—

	Pending on 1st January 1965.	Instituted from 1st January 1965 to 30th June 1965.	Total	Disposal from 1st January 1965 to 30th June 1965	Pending on 1st July 1965.
REVENUE CASES					
Tehsildar, Narowal...	18	186	204	192	12
Naib-Tehsildar, Narowal ...	16	48	64	47	17
Total ...	34	234	268	239	29
CRIMINAL CASES					
Tehsildar, Narowal...	3	22	25	15	10
Naib-Tehsildar Narowal ...	...	1	1	1	...
Total ...	3	23	26	16	10

ENQUIRY IN EMBEZZLEMENT CASE AGAINST ONE MUHAMMAD SULEMAN, LAMBARDAR OF CHAK NO. 72/JB, TEHSIL AND DISTRICT LYALLPUR.

*1163. **Mr. Hamza** : Will the Minister of Revenue be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that one Muhammad Suleman, Lambardar of Chak No. 72/JB, Tehsil and District Lyallpur, who is under suspension is alleged to have embezzled Rs. 2,000 during 1959 ;

(*b*) whether it is a fact that Tehsildar, Lyallpur, on enquiry, found him guilty and recommended on 2nd July 1965 that a case under section 409 of P.P.C. be registered against the said Lambardar ;

(*c*) whether it is a fact that the Deputy Commissioner, Lyallpur, endorsed the order of the said Tehsildar and consequently a case under section 409 of P.P.C. was registered on 5th July 1965, against the said Lambardar in Thikriwala Police Station of District Lyallpur ;

(*d*) if answer to (*a*) to (*c*) above be in the affirmative, the date on which investigation into the case was completed and challan was submitted before the competent Court ;

(*e*) in case the said investigation has not so far been finalised ; reasons therefor and the time required for its finalization ?

Minister of Revenue (Khan Habibullah Khan) : (*a*) Yes.

(*b*) Yes.

(*c*) Yes.

(*d*) The investigation was completed on 1-12-1965 and the Challan was submitted in the Court of Additional District Magistrate on 9-12-1965, where it is still pending.

(*e*) In view of (*d*) above, the question does not arise.

DIFFERENCE IN THE PAY SCALES AND RATES OF TRAVELLING ALLOWANCE OF TEHSILDARS AND NAIB-TEHSILDARS.

*1221. **Mr. Hamza** : Will the Minister of Revenue be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that revenue powers of Naib-Tehsildars are so-extensive with those of Tehsildars ;

(*b*) whether it is a fact that a Naib-Tehsildar performs all the duties of a Tehsildar during latter's absence from headquarter for about 10 to 15 days every month ;

(*c*) the pay scale of Tehsildars and Naib-Tehsildars and in case there is a substantial difference, reasons therefor ;

(*d*) whether it is also a fact that Naib-Tehsildar is given fixed travelling allowance of Rs. 45 per month only whereas a Tehsildar is allowed travelling allowance in accordance with the Travelling Allowance Rules for the journey performed, if so, reasons therefor ?

Minister for Revenue (Khan Habibullah Khan) : (*a*) Yes.

(*b*) No The Naib-Tehsildar performs only the revenue duties of a Tehsildar during the latter's absence from headquarters, and not his magisterial duties.

(*c*) The scale of pay of Tehsildars is Rs. 350—35—525/40—685 and that of Naib-Tehsildars is Rs. 175—10—215—15—350. The difference in the scales of pay of Tehsildars and Naib-Tehsildars is due to the greater responsibilities attached to the post of Tehsildars.

(*d*) Yes. The Tehsildar has to tour the entire Tehsil in his charge, whereas the Naib-Tehsildar only moves about within the very much smaller area of a sub-tehsil.

State Land given to Refugee Lambardars in Tehsil Toba Tek Singh.

***1252. Mr. Hamza :** Will the Minister of Revenue be pleased to state :—

(*a*) the number of Refugee Lambardars who have been given State land in Tehsil Toba Tek Singh, District Lyallpur, under Cow Breeding Scheme ;

(*b*) the number of Refugee Lambardars whose cases for the said purpose are still pending along with reasons therefor and the time required for the final disposal of such cases ?

Minister for Revenue (Khan Habibullah Khan): (*a*) 171.

(*b*) only ninteen applications of refugee Lambarbars are pending disposal for want of necessary reports from the field staff. These cases are likely to be disposed of during the current month.

مسٹر حمزہ - کیا وزیر مال صاحب براہ کرم مجھے یہ بتائیں گے کہ نمبرداروں کو اراضی دینے کی جو سکیم ہے وہ کس سال جاری کی گئی تھی ؟ یعنی اس سکیم کو جاری ہوئے کتنا عرصہ گذر چکا ہے ؟

وزیر مال - میں سر دست اسکا جواب عرض نہیں کر سکتا - البتہ اگر اسکے لئے fresh notice دیں تو میں اسکا جواب دے سکونگا -

مسٹر حمزہ - اگر میں آپ کی خدمت میں یہ عرض کروں - کہ اسے تقریباً دو سال گذر چکے ہیں اور پھر میں یہ دریافت کرنا چاہوں کہ کیا وجہ ہے کہ - - -

وزیر مال - اگر آپکو اسکا علم ہے تو پھر آپ دریافت کیوں کرتے ہیں - اور پھر آپ اس پر بھی تو غور فرمائیں کہ ان انیس حضرات نے ایک ہی دن تو درخواستیں نہ دی ہونگی - اور یہ بھی ہے کہ انکی

درخواستیں بھی الگ الگ ھی دی گئی ھونگی ۔ اسی لئے میں نے عرض کیا ھے کہ آپ اس کے لئے fresh notice دیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ یہ امر تو understood ھے کہ جن لوگوں نے اراضی لینی ھوتی ھے وہ جلدی جلدی ھی درخواستیں دیتے ھیں ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ اب آپ کیا معلوم کرنا چاھتے ھیں ؟

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ معلوم کرنا چاھتا ھوں کہ کیا وجہ ھے کہ اتنا عرصہ گذر جانے کے باوجود ایک تحصیل میں عملے کی طرف سے اور field سے رپورٹیں موصول نہیں ھوئیں ؟ اور اگر اس سلسلے میں کسی سے کوتاھی ھوئی ھے تو اس کے خلاف ایکشن کیوں نہیں لیا گیا ھے ؟

وزیر مال ۔ میرے خیال میں تو اسے زیادہ عرصہ نہیں ھوا ۔ بہر حال میرے علم میں نہیں ھے کہ درخواستیں کب دی گئی تھیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں نے وزیر مال صاحب کی خدمت اقدس میں عرض کیا تھا کہ اگر آپ یہ معلوم کریں کہ کب درخواستیں دی گئی تھیں اور اگر آپ یہ بتائیں کہ کارروائی باضابطہ اور جلد نہیں ھوئی تو جن لوگوں نے تساھل سے کام لیا ھے یا ٹھیک طور پر اپنے فرائض سرانجام نہیں دیئے ھیں ۔ انکے خلاف کارروائی کرنے کا آپ وعدہ کیجئے ۔

وزیر مال ۔ بہت اچھا ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جب کوئی ممبر سوال کرتا ہے تو اسکا یہ حق ہے کہ وہ جس سے سوال کرتا ہے وہ اسے جواب دے ۔ وزیر صاحب بیٹھے بیٹھے صرف سر نہ ہلا دیا کریں ۔

مسٹر سپیکر ۔ میں نے سنا ہے کہ خان صاحب نے ''بہت اچھا،، کہا ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جواب دینے کا یہ کوئی طریقہ نہیں ہے کہ آپ قائد ایوان ہو کر بھی ایسی روایات قائم کریں کہ بیٹھے بیٹھے صرف سر ہلا دیں ۔

جناب سپیکر ۔ میں آپ سے اس بارے میں رولنگ چاہتا ہوں کیا یہ مناسب طریقہ ہے ؟

مسٹر سپیکر ۔ میں آپ سے اتفاق کرتا ہوں ۔ کہ جواب دینے کا طریقہ یہ ہے کہ وزیر متعلقہ اپنی نشست پر کھڑے ہو کر آپ کے سوالات کے جوابات دیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ آپ خاص طور پر ان کو ہدایت بھی کر دیں ۔

وزیر مال ۔ جناب والا ۔ دیکھئے ۔ وہ پھر جنگ بندی کی خلاف ورزی کر رہے ہیں ۔

INCOME AND EXPENDITURE OF GURDAWARA NANKANA SAHIB TRUST

*1297. **Rai Mansab Ali Khan Kharal** : Will the Minister of Revenue be pleased to state :—

(*a*) acreage of agricultural land of Gurdawara Nankana Sahib Trust under the control of Auqaf Department :

(*b*) annual income accruing from the said lands ;

(*c*) total annual expenditure incurred on repairs and maintenance of the Gurdawara and its contiguous buildings including the emoluments of the 'SEWADARS' of the said Gurdawara ;

(*d*) out of the total income accrued so far from the said lands, the amount at present lying deposited with the Auqaf Department ?

Minister for Revenue (Khan Habibullah Khan): Although the subject matter of the question concerns the Central Government answer to the question is as follows :—

(*a*) the Evacuee Trust Agricultural land attached to Gurdawaras Nankana Sahib, comprises of 19,278 acres. This land is scattered in all the Tehsilsof the District.

(*b*) average annual income accruing from the lands attached to the Gurdawaras Nankana Sahib is Rs. 3,62,000.

(*c*) the Evacuee Property Trust Board has so far incurred an expenditure of Rs. 2,60,49,050 on the maintenance, etc., of the shrines. The average annual expenditure thus comes to Rs. 52,000

(*d*) Out of the total income accrued from the lands attached to the Gurdwaras, a sum of Rs. 3,13,500 is lying at the credit of the Board.

رائے منصب علی خان کھرل ۔ جناب والا ۔ جو رقم بورڈ کے پاس جمع ہے کیا یہ کسی مفید کام کے لئے صرف نہیں ہو سکتی ؟ اسکو اس طرح جمع رکھنے کا مقصد کیا ہے ؟

وزیر مال ۔ میں ان کا سوال نہیں سمجھا ۔

مسٹر سپیکر - آپ اپنا سوال پھر دھرائیں -

رائے منصب علی خان کھرل - بورڈ کے پاس یہ جو رقم جمع ہے کیا یہ کسی مفید کام کے لئے خرچ نہیں کی جا سکتی ؟

وزیر مال - مفید کام کے لئے خرچ کی جا سکتی ہے -

Mr. Speaker : Please do not address him, address the Chair.

رائے منصب علی خان کھرل - خانصاحب نے فرمایا ہے - کہ یہ رقم مفید کاموں پر خرچ کی جا سکتی ہے - تو میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ وہ کونسے مفید کام ہیں جن پر اس رقم کو خرچ کیا جا سکتا ہے ؟

وزیر مال - مفید کام وہی ہوتے ہیں جو قوم کے مفاد کے لئے کئے جائیں -

خان اجون خان جدون - اوقاف کے محکمے کے پاس جو رقم ہے - اور ننکانہ صاحب سے اوقاف کو جو رقم ملتی ہے اسکے استعمال کے لئے کیا کوئی قواعد ہیں - جن کے تحت ان رقوم کو خرچ کیا جاتا ہے ؟ ذرا اسکی وضاحت کر دیں -

مسٹر سپیکر - یہ سوال محکمہ اوقاف سے متعلق نہیں ہے - اس لئے یہ ضمنی سوال پیدا نہیں ہوتا -

خان اجون خان جدون - لیکن اس سوال کا جواب تو محکمہ

اوقاف کو دینا چاہئے ۔ کیونکہ یہ وقف جائیداد سے متعلق سوال ہے ۔

وزیر مال ۔ اوقاف دو قسم کے ہیں ۔ ایک غیر مسلموں کی جائیداد کے لئے ۔ اور دوسرے مسلمانوں کی جائیداد کے لئے ۔ اگر آپ کا یہ خیال ہے کہ یہ سوال مسلمانوں کی جائیداد سے متعلق ہے تو یہ ایسا نہیں ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ جواب دیتے ہوئے خان صاحب سوال کنندہ کی طرف اپنا چہرہ کیوں پھیر دیتے ہیں ؟ اب میں نے ضمنی سوال کرنا ہے ۔ لیکن انہوں نے جدون صاحب سے جو بات کی ہے وہ میں نے سنی ہی نہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ نے جو کچھ فرمایا ہے ۔ اسکے متعلق میں خانصاحب سے پہلے ہی درخواست کر چکا ہوں ۔ کہ وہ جواب دیتے وقت Chair کو ہی address کریں ۔ اور یہ ضروری نہیں ہے کہ متعلقہ رکن کی طرف دیکھیں ۔

سید عنایت علی شاہ ۔ جناب عالی ۔ جناب وزیر صاحب نے فرمایا ہے کہ یہ رقم قومی کاموں پر خرچ ہو سکتی ہے ۔ تو کیا یہ رقم نوشہرہ میں سڑک کی تعمیر پر صرف ہو سکتی ہے ؟

Mr. Speaker : This is not a supplementary question arising out of answer to the original question.

مسٹر حمزہ ۔ جناب وزیر مال صاحب نے فرمایا ہے ۔ کہ اس وقف کی جائیداد سے جو رقم فالتو بچی ہے ۔ اور جو اس وقت تک جمع

پڑی ہے ۔ اس کو کسی مفید کام پر خرچ نہیں کیا گیا ۔ تو میں یہ دریافت کرتا ہوں کہ اس گوردوارہ سے جو آمدنی ہوئی ہے اسکو جمع رکھنا کیا مسلمانوں کا شیوہ ہے یا سکھوں کا ؟

Mr. Speaker : This is not a supplementary question asked in a proper form. The member should put it in the proper form then I may allow it.

مسٹر حمزہ ۔ میں سمجھتا ہوں ۔ کہ مسلمانوں کا یہ طریقہ نہیں ہے ۔ کہ کسی رقم کو بنک میں اکٹھا کر کے رکھ چھوڑیں اور اسے کسی مفید کام کے لئے خرچ نہ کریں ۔ میں یہ دریافت کرتا ہوں کہ کیا یہ مسلمانوں کا طریقہ ہے ؟

Mr. Speaker : This is not a supplementary question.

خان ملنگ خان ۔ کیا خانصاحب یہ فرمائینگے کہ غیر مسلموں کی وقف جائیداد سے جو آمدنی ہو رہی ہے ۔ آیا اس سے ہندوستان سے آئے ہوئے سکھوں کو entertain کیا جائیگا ؟

Mr. Speaker : This is not a supplementary question.

رائے منصب علی خان کھرل ۔ جناب والا ۔ میں نے جو ضمنی سوال دریافت کیا تھا ۔ خان صاحب نے اس کا صحیح جواب نہیں دیا۔ بلکہ انہوں نے مفید کاموں کی تشریح فرمائی ہے ۔ میں نے یہ دریافت کیا تھا کہ یہ رقم ننکانہ میں کسی مفید کام کے لئے بھی خرچ کی گئی ہے یا نہیں ؟ آپ نے مفید کاموں کی تشریح فرما دی ہے اور یہ کہا ہے کہ ان مفید کاموں سے ساری قوم کو فائدہ پہنچا ہے ۔

Minister of Revenue : I have already answered it.

Part (*c*) of the answer says —

"The Evacuee Property Trust Board has so far incurred an expenditure of Rs. 2,60,490.50 on the maintenance etc., of the shri es. The average annual expenditure thus comes to Rs. 52,000."

جتنا خرچ ہوا ہے میں نے اس کی average بتا دی ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ خان صاحب وہ یہ دریافت کرنا چاہتے ہیں کہ آیا maintenance کے علاوہ کسی اور کام پر یہ روپیہ خرچ کیا گیا ہے ؟

وزیر مال ۔ اس کے لئے لیا سوال دریافت کریں میں جواب دے دوں گا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ma ntenance کے علاوہ اور بھی کسی کام پر روپیہ خرچ ہوا ہے اور یہ کہ کس کام پر، کیسے اورکتنا روپیہ خرچ ہوا ہے اس کے لئے مجھے نوٹس دے دیں ۔

Khan Ajoon Khan Jadoon : In the question it was asked—

"(d) out of the total income accrued so far from the said lands, the amount at present lying deposited with the Auqaf Department?"

And the answer that has been supplied is —

"Out of the total income accrued from the land attached to the Gurdawaras, a sum of Rs. 3,13,500 is lying at the credit of the Board."

It means there is nothing with the Auqaf Department.

اب آپ یہ بتائیں کہ وہ روپیہ کس طرح خرچ ہوا اور کن کاموں پر خرچ کیا گیا ؟ یہ جو ٹرسٹ بورڈ ہے اس کے پاس لاکھوں روپیہ کی

رقم پڑی ہے ۔ اس کے خرچ کے لئے آپ قواعد وغیرہ کیوں نہیں بناتے ؟ آپ کب تک اس کے لئے قواعد بنائیں گے ؟

وزیر مال - میں نے پہلے ہی اس کا جواب دے دیا ہے ۔ ہمیں ایک suggestion دی گئی تھی کہ ٹرسٹ بورڈ اس رقم کو مفید کاموں پر خرچ کرے ۔ چنانچہ میں نے عرض کیا ہے کہ یہ رقم ایسے مفید کاموں پر خرچ کی گئی ہے جس سے عوام کو فائدہ ہو ۔ اب اگر اس بات کا جواب چاہتے ہیں کہ ٹرسٹ بورڈ نے یہ رقم کونسے مفید کاموں پر خرچ کی ہے اور وہ ان کی تفصیل پوچھتے ہیں کہ وہ کونسے مفید کام ہیں ۔ تو اس کے لئے نیا سوال دریافت کریں ۔

رائے منصب علی خان کھرل - خان صاحب نے فرمایا ہے کہ پہلے ایک سکیم بنائی گئی ہے پھر یہ رقم خرچ کی گئی ہے ۔ کیا میں دریافت کر سکتا ہوں کہ ایسے مفید کاموں کے لئے کوئی سکیم زیر غور ہے ؟

وزیر مال - ہر ایک shrine کے لئے جب سکیم بنائی جاتی ہے تو حالات اور آمدنی کو دیکھنا ہوتا ہے کہ کیسے اور کہاں پر روپیہ خرچ ہونا چاہئے ۔ shrines کی تمام آمدن اور اخراجات کو مدنظر رکھنا ضروری ہوتا ہے ۔

نواب زادہ غلام قاسم خان خاکوانی - کیا یہ درست ہے کہ ہمارے مذہبی اداروں پر یہ رقم خرچ نہیں کی جاتی ؟

وزیر مال - اس کی وضاحت کی ضرورت ہے -

نواب زادہ غلام قاسم خان خاکوانی - کیا یہ درست ہے کہ مذہبی اداروں پر ایسی رقم خرچ نہیں کی جاتی ؟ کیا یہ حکومت کی پالیسی ہے ؟

Minister of Revenue : I want a notice for that because it is a very important question.

چودھری محمد سرور خان - کیا وزیر صاحب ارشاد فرمائیں گے کہ یہ رقم متاثرہ علاقوں کی مساجد پر خرچ کی جا سکے گی -

وزیر مال - جب مسلمان اپنے خرچ سے مسجد نہیں بنا سکیں گے پھر شاید اس بات پر غور کیا جا سکے گا ؟

مسٹر محمد اسلم خان خٹک - میں یہ عرض کروں گا کہ ہندوستان میں بھی ایسے ٹرسٹ قائم اور موجود ہیں - میرے خیال میں جس طرح وہاں ٹرسٹ کی رقم خرچ کی جاتی ہے - یہاں بھی خرچ کی جا سکتی ہے - اب ریونیو منسٹر صاحب ارشاد فرمائیں کہ Between Govt. of India and Govt. of Pakistan کیا کوئی متبادل arrange-ments ہیں ؟

Minister of Revenue : It is a good suggestion and I have noted it.

رائے منصب علی خان کھرل - کیا خان صاحب ارشاد فرمائیں گے - کہ ۳,۱۳,۵۰۰ روپیہ کی جو رقم بورڈ کے پاس ہے اس میں سے

ساری یا تھوڑی رقم ننکانہ انٹرمیڈیٹ کالج پر جو فنڈز نہ ہونے کی وجہ سے دم توڑ رہا ہے خرچ کرنے کو تیار ہیں ؟

وزیر مال - میں اس کا جواب دینے کو تیار نہیں ہوں -

رائے منصب علی خان کھرل - پوائنٹ آف آرڈر - میرے سوال کا جواب نہیں ملا بلکہ خان صاحب تو جواب دینے کو تیار نہیں ہیں -

مسٹر سپیکر - یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں -

SCHEME FOR REHABILITATION OF MISPLACED PERSONS BELONGING TO BORDER AREAS OF SIALKOT AND LAHORE DISTRICTS.

*1300. **Chaudhri Muhammad Sarwar Khan**: Will the Minister of Revenue and Rehabilitation be pleased to state :—

(*a*) the total number of persons belonging to the border area of Sialkot and Lahore Districts, respectively, displaced during and as a result of the recent war with India;

(*b*) whether Government have prepared any scheme for the rehabilitation of the said displaced persons ; if so, details thereof ?

Minister for Revenue (Khan Habibullah Khan) : (*a*) About 2,16,552 in Sialkot district and 1,55,209 in the Lahore district.

(*b*) A scheme has already been prepared and put into operation. The scheme envisages the rehabilitation of the displaced persons in their home villages. In addition to other concessions like free transport, free ploughing and sowing for Kharif, 1966, the War displaced persons are entitled to the following relief grants :—

(*i*) (Ration for 6 months @ Rs. 15 per month, per adult, and Rs. 10 per month, per minor.

(*ii*) (Rs. 750 for the loss of a bread winner) and Rs. 300 for the loss of others. This will be in addition to the family pension of Rs. 20 to the eldest surviving adult and Rs. 5 per minor, per month.

(*iii*) Rs. 100 per family for agricultural implements.

(*iv*) Rs. 45 for the loss of milch cattle, bullocks and horse and Rs. 50 for the loss of other animals. This will be subject to a maximum of Rs. 1,000.

(*v*) Rs. 1,000 for the reconstruction of houses in the urban areas and Rs. 600 in the rural areas. (for one house).

(*vi*) Rs. 500 for urban shops and Rs. 300 for the rural shops. (for one shop).

In addition to the above free grants, the displaced persons are also entitled to loans for the repairs of wells, tube-wells and for the purchase of fertilizers at the following scale :—

(*i*) An amount of Rs. 16 per acre on account of fertilizers ;

(*ii*) An amount of Rs. 1,000 per well and Rs. 5,000 for each tube-well.

The scheme envisages the restoration of essential service in the affected areas, to the pre-war level, as on the 5th of September, 1965.

Adequate arrangements have been made for drinking water, 661 hand-pumps have been installed in the villages, 3,742 wells have been cleaned, and water has been declared fit for drinking purposes after tests in laboratories.

Staff of the Health Department is touring the area to vaccinate and inocculate the population against various diseases. 10 mobile dispensaries are working in the area to look after the health of the people.

Efforts have been made to complete the scheme in the minimum time with efficiency. The entire area is divided into 31 sectors is in the charge of a Sector Officer, assisted by Sub-Sector Officers. In addition, 36 direct P. C. S. Officers (U. T.) and promoted on *ad hoc* basis and 5 C. S. P. Officers (U. T.) have been employed to verify the claims of displaced persons by going on the spot and also to examine and investigate any complaints against the lower field staff.

چودھری محمد سرور خان - جناب وزیر صاحب نے جو کچھ پڑھ کر سنایا ہے اسکے متعلق میں یہ عرض کرونگا کہ یہ امدادی کام جو کچھ تھا وہ بند کر دیا گیا ہے - میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ اس امدادی کام کے بند کرنے کی وجوہات کیا ہیں؟

وزیر مال - جی کیا فرمایا؟

چودھری محمد سرور خان - میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ لوگوں کو compensation نہیں دیا جا رہا ہے اور امدادی کام کیوں بند کر دیا گیا ہے؟

وزیر مال - میں نے سنا نہیں -

مسٹر سپیکر - خان صاحب - وہ یہ پوچھنا چاہتے ہیں کہ یہ جو امدادی کام کی تفصیل آپ نے ایوان کے سامنے پیش کی ہے وہ امدادی کام بند کر دیا گیا ہے - کیا یہ درست ہے؟

وزیر مال - جہاں تک مجھے علم ہے وہ بند نہیں کیا گیا ہے وہ ابتک جاری ہے -

سردار محمد احمد خان - عالیجاہ - میں حلقہ قصور لاہور ڈسٹرکٹ کا ایک ممبر ہوں قصور میرا علاقہ ہے بیدیاں سیکڑ - کھیم کرن سیکٹر اور حسینی والا تینوں میرے ایریا میں آتے ہیں - میں حیران ہوں کہ آج تک کسی منسٹر کسی ذمہ دار افسر کمشنر یا ڈپٹی کمشنر نے اس علاقہ کو اس قابل سمجھا ہی نہیں کہ وہاں جا کر دیکھا جائے - حالانکہ گورنر مشرقی پاکستان اور نیشنل اسمبلی کے سپیکر اس علاقہ کو جا کر دیکھ آئے ہیں - میرے علاقہ کے بارہ تیرہ گاؤں بی - آر - بی کے left hand پر اور بقایا ۳۶ گاؤں Right hand پر ہندوستان کے حملہ سے متاثر ہوئے ہیں - اور کوئی ذمہ دار آدمی ان علاقوں میں بھی نہیں گیا جن پر ہندوستان کا قبضہ ہو گیا تھا- وہاں کے لوگ ہزاروں کی تعداد میں میرے پاس آئے - میں چار پانچ دن ہوئے کچھ ذمہدار حکام سے ملا اور میں نے ان سے ان در بدر خاک بسر لوگوں کے واقعات بتائے لیکن ابتک ان لوگوں نے انکے واسطے کچھ نہیں کیا - تمام لوگ در بدر پھر رہے ہیں -

مسٹر سپیکر - آپ یہ بتانا چاہتے ہیں کہ جو دیہات include کئے گئے ہیں انکو کسی قسم کی facilities نہیں دی گئی ہیں اور وہاں کوئی action نہیں لیا گیا ہے -

سردار محمد احمد خان - جی ہاں -

وزیر مال - جناب - میں نے ان کی شکایت کو نوٹ کر لیا ہے لیکن مجھے یہ افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ یہ کئی دفعہ مجھے ملے لیکن انہوں نے کوئی ذکر نہیں کیا -

سید عنایت علیشاہ ۔ جو کچھ ممبر صاحب نے فرمایا ہے کیا وزیر صاحب اس پر عمل کرنیکی کوشش کریں گے ؟

Mr. Speaker : This is not a supplementary question.

وزیر مال ۔ شاہ صاحب ۔ میں نے کہا ہے کہ میں نے انکی شکایات نوٹ کر لی ہیں ۔

میر ولی محمد خان ۔ کیا کوئی ایسی سکیم گدرو فرنٹ پر بھی عمل میں لائی جائے گی ؟

مسٹر سپیکر ۔ اسکے متعلق آپ نیا سوال دے دیں ۔ یہ سوال صرف لاہور اور سیالکوٹ سیکٹر سے متعلق تھا ۔

EXPENDITURE INCURRED ON MAINTENANCE OF CAMPS OPENED FOR DISPLACED PERSONS BELONGING TO BORDER AREAS OF SIALKOT AND LAHORE DISTRICTS.

*1301. **Chaudhri Muhammad Sarwar Khan** : Will the Minister of Revenue and Rehabilitation be pleased to state :—

(*a*) the locations of the camps opened for the persons displaced from the border areas of Lahore and Sialkot Districts, as a result of the recent war with India ;

(*b*) the total expenditure incurred so far on the maintenance of the said camps ?

Minister for Revenue (Khan Habibullah Khan) : (*a*) A list of the relief camps is placed on the Table.

(*b*) Nearly Rs. 55 lacs. But in addition, camps were run largely on public donations.

NAME OF RELIEF CAMPS

DISTRICT GUJRANWALA

Aroop.

Naushera Virkan.

Gujranwala Tehsil Union.

Council Sub-Camps.

Hafizabad.

Pindi Bhattian.

Hafizabad Tahsil Union.

Council Sub-Camps.

Wazirabad.

Gakhar.

Wazirabad Tahsil Union.

Council Sub-Camps.

DISTRICT SIALKOT

D. S. High School, Uggoki.

D. C. High School, Kotli Loharan.

M C. Primary School, Daska.

Intermediate College, Daska.

Mission High School, Pasrur.

Girls High School, Kotli,

Behram (Distribution Centre).

Islamia High School, Bhupalwala.

Girls High School, Bhupalwala.

D. C. High School, Jamke.

St. Marry High School, Jamke.

D. C. High School, Kalaswala.

SHEIKHUPURA DISTRICT

NANKANA SAHIB

Camp No. I

Camp No. II

Camp No. III

SHARKPUR

Camp No. I

Camp No. II

SHEIKHUPURA

Camp No. I

Camp No. II

Camp No. III

Camp No. IV

Total No. of Relief Camps 33

ALLOTMENT OF EVACUEE LAND SITUATED IN URBAN AREA OF LAHORE.

*1334. **Chaudhri Muhammad Nawaz Khan:** Will the Minister of Revenue and Rehabilitation be pleased to state:—

(*a*) the total area of evacuee land situated in the Urban area of Lahore:

(*b*) the area of land out of that mentioned in (*a*) above which has so far been allotted;

(*c*) the procedure to be adopted for disposing of the unallotted plots of land and the time by which these are expected to be allotted?

Minister for Revenue (Khan Habibullah Khan): (*a*) 108,121 kanals, 5 marlas, 143 square feet.

(*b*) 49,921 kanals, 7 marlas, 53 square feet.

(*c*) Some of the available area which is potential building site will be declared as building site and disposed of by auction. The remaining available urban agricultural land will be allotted against claims by drawing of lots under the supervision of a Committee constituted for the purpose by the Chief Settlement Commissioner. Efforts are being made to finish the work as early as possible.

چودھری محمد نواز - جناب والا - میں نے اپنے سوال میں پوچھا ہے کہ وہ کام کتنے عرصہ میں ختم ہو جائیگا - کیونکہ خانصاحب نے جو کچھ فرمایا ہے اسمیں کسی period کا تعین نہیں کیا گیا ہے -

وزیر مال - آپ نے جو "سی" میں پوچھا ہے -

The procedure to be adopted for disposing of the unallotted plots of land and the time by which these are expected to be allotted.

تو اسکا جواب "سی" میں آ گیا ہے -

Efforts are being made to finish the work as early as possible.

مسٹر حمزہ - کیا میں جناب وزیر صاحب سے دریافت کر سکتا ہوں کہ آپ کام کی اس رفتار سے مطمئن ہیں کیونکہ تقریباً ایک لاکھ کینال زمین میں سے ابھی تک آدھی زمین تقسیم کی گئی ہے ؟

وزیر مال - جی ہاں - میں مطمئن ہوں -

چودھری محمد نواز - کیا میں وزیر صاحب سے یہ دریافت کر سکتا ہوں کہ جو رقبہ الاٹ کیا گیا ہے وہ کتنے سالوں میں کیا گیا ہے ؟

وزیر مال - اسکے لئے مجھے نوٹس چاہئے -

مسٹر سپیکر - خان صاحب میرے خیال میں اسکے لئے یہی شاید کہا جا سکے کہ ۱۹۴۷ء سے ایکر اب تک -

وزیر مال - جناب یہ مجھے پتہ نہیں کہ یہ کب سے شروع ہوا ہے -

چودھری محمد نواز - کیا یہ سمجھ لیا جائے کہ باقی رقبہ جو ہے وہ اتنے ہی عرصہ میں الاٹ کیا جائیگا کیونکہ گورنمنٹ نے یہ اعلان کیا ہے کہ یہ سکیم ختم کیجا رہی ہے -

وزیر مال - ہم کوشش کر رہے ہیں کہ جتنی جلدی ہو سکے یہ

سکیم ختم ہو جائے ۔ ہمیں اس کام کو لمبا کرنے میں مزا نہیں آتا لیکن اس سلسلے میں جو شکایات ہیں وہ آپ کو معلوم ہیں یعنی یہ کہ کوئی شخص claimant ہے یا claimant نہیں ہے یا لوکل ہے یا لوکل نہیں ہے تو اس طرح کی کئی چیزیں اور جھگڑے ہیں جنہیں نپٹانے کیلئے حتی‌الوسع کوشش یہی ہے کہ یہ معاملہ جلد سے جلد طے ہو جائے ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا وزیر مال مجھے یہ بتا سکیں گے کہ وہ مرکزی وزیر خزانہ کیطرح بلاوجہ کیسے مطمئن ہو جاتے ہیں ؟

Mr. Speaker : Tnis is no supplementary.

رانا پھول محمد خان ۔ کیا وزیر مال صاحب یہ فرمائیں گے کہ متروکہ رقبے کا الاٹمنٹ کچھ عرصہ سے بند ہے یا الاٹمنٹ ہو رہا ہے ؟ اور اگر بند ہے تو اسکی کیا وجوہات ہیں ؟

وزیر مال ۔ الاٹمنٹ بند اس واسطے کی گئی ہے کہ کچھ شکایات آ رہی تھیں کہ جو موجودہ سکیم ہے اس میں کچھ گڑ بڑ ہو رہی ہے ۔ پہلے یہ کام سنٹرل گورنمنٹ کے پاس تھا ۔ پچھلی یکم جولائی سے یہ کام ہمارے حوالے کیا گیا اور ہم بطور سنٹرل گورنمنٹ کے ایجنٹ کے یہ کام کر رہے ہیں ۔ ہمیں جب یہ شکایات پہونچی کہ جو کام ہو رہا ہے اس سے لوگ مطمئن نہیں ہیں اور اس میں گڑ بڑ ہو رہی ہے تو اسکے لئے ہم نے ایک نئی سکیم بنانا شروع کر دی ۔ پیشتر اسکے کہ اس نئی سکیم پر عملدرآمد ہو ہم نے یہ بہتر سمجھا کہ واقعی اگر گڑ بڑ ہوئی

ھے یا بے ایمانی ہوئی ھے تو ہم اسکو stop کر دیں اور حتی‌الوسع کوئی ایسی سکیم جو بن سکتی ہو وہ بنائیں جسمیں بے ایمانی یا کوئی گڑ بڑ نہ ہو اور وہ سکیم as far as possible should be fool proof. چنانچہ وہ سکیم ہم نے بنائی ھے پھر وہ سکیم افسران متعلقہ کے پاس بھیجی جائیگی جب وہ approve کر دیں گے تو یہ شکایات ختم ہو جائیں گی ۔

سید عنایت علیشاہ ۔ جناب والا ۔ دیکھنے میں یہ آیا ھے کہ ہم جب وزرأ صاحبان سے سوال کرتے ہیں تہ پارلیمنٹری سیکرٹری صاحبان ہمیں جواب دیتے ہیں اور ہمیشہ کہہ دیتے ہیں کہ اس پر غور ہو گا ۔ یا یہ چیز ہو جائے گی ۔ لیکن تجربے نے ثابت کیا ہے کہ ہمارے سوالات کے جوابات پچھلے سیشن سے بدستور چلے آ رہے ہیں ۔ یہ نہ تو اس اسمبلی کے شایان شان ھے اور نہ وزرأ صاحبان کے شایان شان ۔ ہم قوم کے نمائندے ہیں یہ چیز ہمارے بھی شایان شان نہیں کہ لوگ ہمیں جھوٹا تصور کریں ۔

وزیر مال ۔ کیا یہ ضمنی سوال ھے ؟

Mr. Speaker : This is neither a point of order nor a supplementary but a request to the Minister. Take your seat.

Minister of Basic Democracies and Local Government : (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) This is an uncomplimentary question.

رانا پھول محمد خان - جناب والا ۔ وزیر بحالیات صاحب نے جو یہ فرمایا کہ ہمیں یہ پتہ چلا تھا کہ کوئی بد دیانتی ہو رہی ہے - - - - (قطع کلامیاں)۔

وزیر مال - میں نے نہیں کہا - میں نے کبھی یہ نہیں کہا ۔

مسٹر سپیکر - خان صاحب ان کو ضمنی سوال تو ختم کر لینے دیتے -

رانا پھول محمد خان - جناب والا - انہوں نے فرمایا ہے کہ پہلے زمین دی ہے اور مزید الاٹمنٹ اس لئے بند کر دی ہے کہ بےایمانی ہو رہی تھی - میں پوچھتا ہوں کہ کیا کوئی نئی سکیم بن رہی ہے - یا کوئی اور افسران مقرر کئے گئے ہیں کہ وہ دیکھیں کہ کہاں تک بد دیانتی ہوئی ہے اور وہ کونسے افسر ہیں جن کی دیانتداری پر شبہ ہے جس کی وجہ سے الاٹ منٹ بند کر دی گئی ہے ؟

Mr. Speaker : Would the Minister like to answer this question ?

وزیر مال - میں نے کبھی نہیں کہا کہ بےایمانی ہوئی ہے - ہم تک صرف شکایات پہنچی ہیں کہ گڑ بڑ ہو گئی ہے تو ہم نے اس کو بند کر دیا ہے تاکہ اگر کوئی گڑ بڑ ہو تو وہ نہ ہو لیکن میں نے کبھی نہیں کہا کہ بےایمانی ہوئی ہے -

سید عنایت علیشاہ - جناب والا - کیا منسٹر صاحبان جو ہمارے سوالات کے جوابات دیتے ہیں کیا وہ ہم پر مہربانی کرتے ہیں ؟ کیا یہ ہمارا پریولیج نہیں ہے کہ وہ ہمارے سوالات کا جواب اچھے طریقہ سے دیں ؟

مسٹر سپیکر - ہاں یہ آپ کا پریولیج ہے -

وزیر مال - X X X X X X * جیسا سوال ویسا جواب -
(شور و قطع کلامیاں) -

Mr. Speaker : Order, please.

مسٹر حمزہ - پوائنٹ آف آرڈر - جناب سپیکر - جو کچھ ابھی قائد ایوان نے ارشاد فرمایا ہے کیا ان کے لئے ایسا کہنا مناسب ہے یا کیا اس معزز ایوان کی روایات کے مطابق ہے ؟ کیا یہ ایوان کی شایان شان ہے ؟ میں آپ کی وساطت سے التجا کرتا ہوں کہ ایسے الفاظ کہنے کی اجازت نہ دیجائے -

Mr. Speaker : That is not proper and those remarks are expunged from the proceedings of the Assembly.

Mr. Hamza : He should be directed not to use such language in future.

چودھری محمد ادریس - جناب والا - سوالات کی کتاب میں کل ۶۹ سوال ہیں - اور ان میں سے ۵۲ ایسے ہیں جن کے متعلق لکھا

*Expunged as ordered by the Speaker.

گیا ہے کہ جوابات موصول نہیں ہوئے ۔ اور چند سوالات ایسے ہیں جن کے جوابات اس میں چھپے ہیں ۔ تو کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ آیا یہ اچھی کارکردگی کا مظاہرہ ہے ؟ کیا جناب والا کے اختیارات ایسے نہیں ہیں کہ آپ انہیں force کر سکیں تا کہ جوابات چھپ جایا کریں ؟

مسٹر سپیکر ۔ میرے اختیارات میں یہ بات شامل نہیں ہے ۔ میں انکو سوالات کی بر وقت اطلاع دے سکتا ہوں تا کہ آپ کے سوالات کے جوابات پانچ روز پہلے بھیج دیں اور جن سوالات کے جوابات پانچ روز پہلے آ جاتے ہیں وہ سوالات کی کتاب میں چھاپ دئے جاتے ہیں ۔ دوسرے جوابات کے متعلق ہم نے یہاں پر یہ انتظام کیا ہوا ہے کہ جس فاضل ممبر کا سوال ہو اس کی نشست پر اس کا جواب کارروائی شروع ہونے سے پہلے پہنچ جائے ۔ اس کے علاوہ میری طرف سے ہمیشہ یہ ہدایت اور التجا رہی ہے فاضل وزراً صاحبان کی خدمت میں اور پارلیمانی سیکریٹری صاحبان کی خدمت میں کہ وہ کوشش کیا کریں کہ سوالات کے جوابات بر وقت پہنچ جایا کریں تا کہ وہ سوالات کی کتاب میں چھپ سکیں ۔

چودھری محمد ادریس ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ آپ نے فرمایا ہے کہ میرے اختیارات میں یہ نہیں ہے کہ میں انہیں force کر سکوں کہ جواب پہلے بھیج دیا کریں ۔ تو میری گذارش ہے کہ آیا آپ کے حکم کی تعمیل نہ کرنا Chair کی بے عزتی نہیں ہے ؟ کیا اس چیز کے خلاف ایکشن نہیں لیا جا سکتا ؟

مسٹر سپیکر - یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے اور میں نے پوزیشن کو واضح کر دیا ہے اور جو رولز ہیں وہ آپکے سامنے ہیں - آپکو رولز کا علم ہے -

Chaudhri Muhammad Idrees: Rule 43 says that answers shall be printed in the question list.

Mr. Speaker: Answers received by the Assembly Secretariat. آپکو معلوم ہے کہ اسمبلی سیکریٹریٹ خود تو کوئی جواب دے نہیں سکتا - اسمبلی سیکریٹریٹ کو جو جواب آئیگا وہ ضرور چھپ جائے گا -

Chaudhri Muhammad Idrees: The words are not: "received by the Assembly Sectt.".

مسٹر سپیکر - تو آپکا خیال یہ ہے کہ یہ اسمبلی سیکریٹریٹ کی ذمہداری ہے کہ وہ جواب شامل کرے خواہ وہ جواب وہاں سے آئے یا نہ آئے ؟

چودھری محمد ادریس - جناب والا - یہ سپیکر صاحب کا فرض ہے کہ وہ ہمارے پریولیج کا خیال رکھیں اور اگر ہمارا پریولیج غصب ہوتا ہے تو اس کے خلاف ایکشن لیا جائے -

مسٹر سپیکر - کیا آپ اس کے متعلق کوئی طریقہ تجویز کر سکتے ہیں سوائے اس بات کے کہ میں بار بار لکھوں اور کہوں کہ آپ جواب ہر وقت بھیج دیا کریں اس کے علاوہ اور میں کیا کر سکتا ہوں ؟

چودھری محمد ادریس - میں جناب صرف اتنا جاننا ہوں کہ سپیکر کی اتھارٹی اتنی کمزور نہیں ہے کہ سپیکر اپنے احکامات کی تعمیل نہ کرا سکے -

مسٹر سپیکر - تو کیا آپ کوئی تجویز پیش نہیں کر سکتے ؟

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan): Sir as far as answers to questions and as far as their printing in the List of Questions is concerned, as you know, questions come in very great number and the collection of details asked for by the Members takes a lot of time and it becomes very difficult for the Departments to send replies to such questions five days earlier. Such answers which are simple and are received well in time are sent to the Assembly Secretariat in time, *i.e.* five days earlier. Lengthy questions about which lot of details are to be given, obviously, cannot be sent five days earlier to the Assembly Secretariat. Most of the questions are received one day before by the Parliamentary Secretary or the Minister and their replies are given inside the House and a copy is sent to the Member concerned in time. So far as the demand for giving replies to all questions five days earlier is concerned it is not possible to do so for the Minister, Parliamentary Secretary or even the Department.

رانا پھول محمد خاں - پوائنٹ آف آرڈر - وزیر بحالیات صاحب نے ابھی جو فرمایا ہے کہ میں نے "بے ایمانی" یا "بد دیانتی" نہیں کہا تھا اور کہا تھا کہ الاٹمنٹ میں گڑ بڑ ہوئی ہے تو میں اس چیز کی وضاحت چاہتا ہوں کہ گڑ بڑ کس چیز میں ہوئی ہے ؟

مسٹر سپیکر - یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے -

سردار حاجی عطا محمد لنڈ - پوائنٹ آف آرڈر - پارلیمانی سیکریٹری

صاحب نے انگریزی میں جو جواب دیا ہے وہ اردو میں بتایا جائے تاکہ ہم سمجھ سکیں اور آسانی سے جواب دے سکیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔ میں آپکی اطلاع کے لئے مختصراً عرض کر دوں کہ پانچ روز پہلے جوابات نہیں آ سکتے اس لئے کہ تفاصیل دور سے منگوانی پڑتی ہیں اور جب وہ آتی ہیں تو اس سوال کے جواب کو یکجا کر کے اسمبلی سیکریٹریٹ میں بھیج دیا جاتا ہے اس لئے پانچ روز پہلے بعض اوقات سوال کا جواب موصول نہیں ہوتا ۔ جن سوالات کے جوابات پانچ روز پہلے آجاتے ہیں وہ اسمبلی سیکریٹریٹ کو بھیج دیئے جاتے ہیں ۔

Syed Inayat Ali Shah: In this connection may I suggest.....

Mr. Speakear: No suggestions.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ آپ نے فرمایا تھا کہ جن وزراً کو آپ درست نہیں پا رہے ہیں ان کو درست کرنے کے لئے ہم کوئی تجویز اس ایوان میں پیش کریں تو میری تجویز یہ ہے کہ ایسے وزراً جو کہ نہ ایوان کے حقوق کا خیال نہیں رکھتے ہیں اور نہ آپکے احترام کا اور بر وقت سوال کا جواب نہ دیکر اپنی نااہلیت کا ثبوت دیتے ہیں ان کے بارہ میں ایک سر براہ صوبہ سے سفارش کریں کہ ان کو ان کے عہدوں سے الگ کر دیا جائے اگر یہ کام نہیں کر سکتے ہیں ۔

مسٹر سپیکر - آپ کو معلوم ہے کہ یہ میرے فرائض میں داخل نہیں ہے کہ میں ان کو نصیحت کروں -

---

AGRICULTURAL EVACUEE TRUST LAND IN JHANG DISTRICT

*1357. **Chaudhri Muhammad Idrees**: Will the Minister of Revenue and Rehabilitation be pleased to state:—

(*a*) the total area of agricultural evacuee trust land situated in Jhang District under the control of Evacuee Trust Board;

(*b*) the total income derived from the land mentioned in (*a*) above during the years 1962-63, 1963-64 and 1964-65;

(*c*) the total income derived from the property other than agricultural land under the control of Evacuee Trust Board in Jhang District during the period mentioned in (*b*) above;

(*d*) the year-wise expenditure incurred by the Board in Jhang District on the administration of evacuee trust lands during the period mentioned in (*b*) above;

(*e*) the expenditure incurred on the development of evacuee trust land by the Board in Jhang District during the period mentioned in (*b*) above; if none; reasons thereof?

Minister for Revenue (Khan Habibullah Khan): (*a*) the Evacuee Property Trust Board has, so far, taken over an area of agricultural evacuee trust land measuring 1,299 acres, 3 kanals and 7 marlas in Jhang District;

(*b*) annual income accrued on account of lease money from the

agricultural land mentioned at (*a*) above is as under:—

	Rs.
(*i*) 1962-63	... 33,825·22
(*ii*) 1963-64	... 47,061·64
(*iii*) 1964-65	... 38,483·93

(*c*) the income derived from the property other than agricultural land is given below:—

	Rs.
(*i*) 1962-63	... 1,439·34
(*ii*) 1963-64	... 2,691·28
(*iii*) 1964-65	... 16,861·07

(*d*) the year-wise expenditure incurred by the Board on account of administrative charges is as under:—

	Rs.
(*i*) 1962-63	... 4,744·34
(*ii*) 1963-64	... 5,736·30
(*iii*) 1964-65	... 5,810·89

(*e*) the Board, during the period mentioned in the above paras incurred no expenditure on the development of Evacuee Trust Agricultural lands in Jhang District for the obvious reasons that these lands are leased out by public auction to the highest bidders for a term of three years. It is, therefore, for the lessees to develope these lands in order to get maximum benefit out of the same. In case where a lessee desires to develope the land at his own expenditure, he is permitted to do so, subject to the condition that the development charges shall not be claimed by the Board.

چودھری محمد ادریس - جناب والا - ۱۹۶۳ - ۶۴ء میں زرعی اراضی سے ۴۷۰۶۱ روپے ۶۴ پیسے آمدنی ہوئی ہے - ۱۹۶۴ - ۶۵ء میں یہ آمدنی ۳۸٬۴۸۳ روپے ۹۸ پیسے رہ گئی -

وزیر مال - یہ تو وصولی ہے -

چودھری محمد ادریس - کیا کسی بےایمانی کا نتیجہ تو نہیں ہے ؟ کیا وہ معلوم کرنے کی کوشش کریں گے ؟

وزیر مال - لیکن میں انہیں بتا دوں یہ وصولی ہے - کل اصل آمدنی نہیں -

چودھری محمد ادریس - میرا سوال کل اصل آمدنی کے متعلق تھا - یہ آمدنی کیوں کم ہو گئی ہے -

وزیر مال - یہ وصولی ہے -

چودھری محمد ادریس - کیا وہ معلوم کرنے کی کوشش کریں گے کہ غیر زرعی اراضی کی آمدنی ۲۰۰۰ کیوں رہ گئی ؟

وزیر مال - میں تفتیش کروں گا لیکن یہ وصولی ہے کل آمدنی نہیں ہے -

چودھری محمد ادریس - میرا سوال کل آمدنی کے متعلق تھا وصولی کے متعلق نہ تھا -

مسٹر سپیکر - محترم وزیر صاحب وصولی اور کل آمدنی میں جو فرق ہے - وہ بیان فرمائیں -

وزیر مال - جناب فرق یہ ہے کہ وہ کل رقم ہے جو ہمیں وصول ہونی چاہئے تھی - دوسری وہ رقم ہے جو وصول ہوئی -

مسٹر سپیکر - انہوں نے کل وصول شدہ رقم کے متعلق کہا ہے - یہ کل وصول شدہ آمدن نہیں -

وزیر مال - وصول شدہ رقم وہ ہے جو ہاتھ آ جائے - ہم نے یہ رقم بتا دی ہے -

چودھری محمد ادریس - کیا متعلقہ محکمہ کو یہ اختیار ہے کہ وہ اپنی مرضی سے کسی سوال میں تبدیلی کر دے ؟

وزیر مال - اپنی مرضی سے نہیں بلکہ عقل سے -

مسٹر سپیکر - انہوں نے وصول شدہ رقم پوچھی تھی- جس کا جواب انہیں دے دیا گیا ہے -

وزیر مال - جو کچھ ہم نے وصول کیا بتا دیا ہے -

چودھری محمد ادریس - آپ نے کم کیوں وصول کیا ہے - کیا اسکی تحقیقات کریں گے -

وزیر مال - کیا آپ چاہتے ہیں کہ اس کی تحقیقات کروں ؟

چودھری محمد ادریس - یہی تو میں چاہتا ہوں -

مسٹر سپیکر - کیا وہ چاہتے ہیں کہ اسکے متعلق دریافت کیا جائے کہ کیوں کم وصولی ہوئی ہے -

Minister of Revenue : Sir I want to know from the member whether he wants me to tell him how much income was due and how much income has been recovered and why has there been a decrease in it ?

Chaudhri Muhammad Idrees : Sir, nothing was due; it is the actual income that has been stated here.

میں یہی پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ کمی کیوں ہوئی -

Minister of Revenue : Sir he wants me to give him the reason for decrease in the recoveries.

NON-ACCEPTANCE OF AGREEMENTS OF ASSOCIATION BY SETTLEMENT OFFICE, HYDERABAD DURING NOVEMBER 1965.

***1448. Mr. Muhammad Umar Qureshi :** Will the Minister of Revenue and Rehabilitation be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Chief Sattlement Commissioner, West Pakistan had extended the date for the submission of agreements of association executed between the allottees of evacuee properties and the re-refugees holding unutilized compensation books up to 30th November 1965 ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether it is a fact that the Settlement Office at Hyderabad did not entertain such agreements at all during the month of November 1965; if so, reasons thereof ?

Minister for Revenue (Khan Habibullah Khan) : (*a*) No

(*b*) Does no arise.

چودھری محمد نواز (منٹگمری-۲) - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - ایک طرف تو یہ کہہ کر کہ ہم بروقت سوال نہیں دیتے ہمارا منہ بند کرنے کی کوشش کی جاتی ہے - دوسری طرف جو سوالات - ہم نے بروقت دیئے ہیں ان میں سے بہت سے ایسے سوال ہیں جن کے بروقت جواب نہیں دئیے جاتے - سوالات کے ایک گھنٹے کے وقفہ میں زیادہ سے زیادہ ۵ یا ۱۰ سوالات کے جواب اس ایوان میں دئیے جا سکتے ہیں - یہ بات تو آپکے دائرہ اختیار میں ہے کہ آپ ایک دن صرف اتنے سوالات رکھیئے کہ جتنے اس ایوان کے اندر دریافت کئے جا سکیں تا کہ جس مقصد کیلئے سوالات دریافت کئے جاتے ہیں وہ حاصل ہو جائیں -

مسٹر سپیکر - چودھری صاحب صورت یہ ہے کہ اسوقت ہمارے جو قواعد و ضوابط ہیں ان کے مطابق جتنے سوالات ایک روز کے لئے مقرر ہوں ان میں سے جن کے جوابات ایوان کے روبرو پڑھ کر سنائے جائیں وہ یہاں سن لئے جائیں اور انکے بارے میں ضمنی سوالات پوچھ لئے جائیں - جو رہ جائیں ان کے جواب ایوان کے میز پر رکھ دئیے جائیں - آپ کی تجویز یہ ہے کہ اتنے ہی سوالات ایجنڈے پر رکھے جائیں - جتنے ایک دن میں پوچھے جا سکیں اب اس کے متعلق کوئی معیار نہیں ہے - کہ ایک دن میں کتنے سوالات

پوچھے جائیں گے ۔ کوئی تعداد معین نہیں کی جا سکتی ۱۰ ہوں یا ۱۵ ہوں۔ ہماری یہ کوشش ہوتی ہے کہ کسی نہ کسی طرح جواب متعلقہ ممبران تک پہنچ جائیں ۔ موجودہ سیشن میں ہر محکمہ کے لئے تین باریاں رکھی گئی ہیں ۔ جہاں تک قواعد و ضوابط کا تعلق ہے ۔ آپ ان میں اس ترمیم کی تحریک لا سکتے ہیں کہ اگلی باری پر زیادہ سوالات ایوان کے سامنے پیش نہ کئے جائیں ۔

چودھری محمد ادریس ۔ جناب نے یہ فرمایا ہے کہ اس کے متعلق معلوم نہیں کیا جا سکتا کہ ایک دن میں کتنے سوال پوچھے جا سکتے ہیں ۔ definitely یہ معلوم تو نہیں ہو سکتا اور نہ ہی اندازہ ہو سکتا ہے ۔ لیکن آپ ملاحظہ کیجئے کہ آپ نے آج لسٹ میں ۷۰ سوال رکھے ہیں ۔ یہ کسی طرح بھی ممکن نہیں تھا کہ ۷۰ سوال پوچھے جا سکتے ۔ اگر ۳۵ سوال رکھ لئے جاتے تو مناسب ہوتا بلکہ اس سے بھی کم رکھ لئے جاتے ۔ آپ نے یہ بھی فرمایا ہے کہ تین turns ہر محکمہ کے لئے سیشن میں رکھی گئیں ہیں لیکن اس محکمہ کے جتنے بھی سوالات ہیں تقریباً تمام کے تمام آج لسٹ میں شامل کر لئے گئے ہیں اب بہت کم سوالات اس محکمہ کے متعلق ہوں گے جو باقی بچے ہوں گے ورنہ تقریباً تمام کے تمام اس لسٹ میں شامل ہو چکے ہیں ۔ ابھی تک سیریل نمبر جو چل رہا ہے اس کے مطابق اس لسٹ میں ۲۲۰۰ نمبر تک سوال آ چکے ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ چودھری صاحب اسکے علاوہ میں آپ کی اطلاع کے لئے یہ بھی عرض کر دوں کہ قواعد و ضوابط کے مطابق ہم مجبور ہیں کہ جتنے بھی سوالات ہوں یعنی جو ہمارے پاس آ چکے ہوں اور جو admit ہو جائیں ان سب کو جس روز ان کی باری آئے اس روز کی فہرست میں شامل کر دیں ۔

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ پھر آپ کا یہ فرمان ہے کہ سیشن میں تین turns رکھی گئی ہیں اس طرح باقی دو turns کیلئے آپ کے پاس کوئی سوال نہیں بچے گا۔

مسٹر سپیکر ۔ میں آپ کو یہ عرض کر دوں کہ تین turns ۳۰ جون تک چلیں گی ۔ اس کے بعد ممکن ہے کہ چار turns بھی آ جائیں ۔ آپ کو یہ معلوم ہے کہ جتنے محکمہجات ہیں ان میں سے ہر محکمہ کی ایک ایک turn مقرر کی گئی ہے تا کہ اس محکمہ کے تمام سوالات آ جائیں بلکہ کئی دنوں میں دو دو تین تین محکمے بھی رکھے ہیں ۔

خان اجون خان جدون ۔ جناب سپیکر ۔ مجھے یاد ہے کہ دو تین سال پہلے اس ایوان میں رولز آف پروسیجر کی کمیٹی بنائی گئی تھی ۔ اس وقت ہم نے یہ تجویز پیش کی تھی کہ جب نئے رولز آف پروسیجر بن جائیں تو ان میں یہ تجویز ہونی چاہئے کہ سوال lapse نہ ہوں ۔ جن سوالات کے جوابات Flour of the House پر دیئے جائیں ان کے علاوہ جو باقی بچیں وہ next turn پر آ جائیں ۔ تو اس سلسلے میں رولز آف پروسیجر کی کمیٹی کی رپورٹ کیا ہے ۔ اور اس کی کیا پوزیشن ہے ؟

مسٹر سپیکر - میرے خیال میں اس اسمبلی نے رولز آف پروسیجر کی کمیٹی نہیں بنائی تھی غالباً آپ سابقہ اسمبلی کا ذکر کر رہے ہیں - کمیٹی جو بھی تھی وہ سابقہ اسمبلی میں بنی تھی وہ اس وقت معرض وجود میں نہیں ہے -

خان اجون خان جدون - کیا اس نے کوئی رپورٹ پیش نہیں کی تھی ؟

مسٹر سپیکر - اس کمیٹی نے کوئی رپورٹ پیش نہیں کی تھی -

خان اجون خان جدون - جناب والا - کیا یہ مناسب نہ ہوگا کہ ایوان ایک کمیٹی بنائے اور اس کے ذمہ رولز آف پروسیجر بنانے کا کام سونپا جائے -

Mr. Speaker : This is up to the House.

وزیر قانون - جناب والا - ہمارے ممبر صاحبان کی جو تجویز ہے وہ معقول ہے - کئی دفعہ ہم نے عرض کیا ہے کہ نیشنل اسمبلی کے پاس جو بھی رولز آف پروسیجر ہیں - وہ یہی ہیں - جو ہم یہاں استعمال کرتے ہیں اور وہاں نئے رولز بن رہے ہیں - یکسانیت کے لحاظ سے ہم نے یہ سوچا کہ جب وہ رولز بنا لیں تو ہم بھی یہاں رولز بنا لیں گے - ممبر صاحبان کو میں سمجھتا ہوں پتہ ہوگا کہ مرکزی اسمبلی نے غالباً اپنے رولز تیار کر لئے ہیں اور اسی سیشن میں مرکزی اسمبلی انہیں منظور کر دے گی - جس وقت بھی وہ رولز پاس ہو جائیں گے انشاءاللہ ہم جلد از جلد وہی رولز ممبر صاحبان کے سامنے لے آئیں گے - اگر ممبر

صاحبان مناسب سمجھیں کہ کسی رول میں ترمیم کی جائے تو ترمیم کر لیں گے - اس ہاؤس کو اختیار ہے یہ جو فیصلہ کریگا ہم مان لیں گے -

میاں محمد شفیع - جناب والا - کیا میں آپ سے دریافت کر سکتا ہوں کہ جو ۳۵ سوال باقی رہ گئے ہیں وہ اس ایوان میں دوبارہ کسی turn پر آئیں گے یا نہیں آئیں گے ؟

مسٹر سپیکر - ان سوالات کے جوابات ایوان کی میز پر رکھ دئیے جائیں گے آپ وہاں دیکھ سکتے ہیں -

مسٹر منور خان - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - کیا میں وزیر قانون صاحب سے عرض کر سکتا ہوں کہ رولز آف پروسیجر جو اسمبلی کی کمیٹی نے بنائے تھے اگر ان کا خیال تھا کہ مرکز کی ہم نقل کریں گے جیسا کہ اس ہاؤس کی عادت ہے کہ پرانے ایکٹ نکال کر نقل کیا کرتے ہیں - پھر جتنا خرچ اس رولز کے frame کرنے پر ہوا ہے وہ کیوں کیا گیا ؟ اس فضول خرچی کی ذمہ داری کس پر عائد ہو گی ؟

مسٹر سپیکر - یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے -

چودھری محمد ادریس - جناب والا - رول ۴۳ ملاحظہ فرمائیں - رول ۴۳ میں کسی جگہ یہ mandatory نہیں ہے کہ تمام سوالات آپ نے ایک دن میں discuss کرنے ہیں - رولز ۴۳ - ۴۴ اور ۴۵ پڑھنے کے بعد آپ کی صوابدید پر ہے کہ آپ جتنے سوال فہرست میں شامل کرنا

چاھیں کر سکتے ھیں ۔ البتہ کسی ایک ممبر کے سوال ۵ سے زیادہ ایک دن کی فہرست میں شامل نہیں کئے جا سکتے ۔

مسٹر سپیکر ۔ تین turns لینے سے آپ کا سیشن ۳۰ جون تک جاتا ھے ۔ اس کا مطلب یہ ھو گا کہ اگر دس یا پندرہ یا بیس سوال ایک دن رکھیں تو وہ سوالات جن کا آپ نوٹس دیں گے ان کے جوابات ایوان کی میز پر بھی نہیں آئیں گے ۔ اور آپ کی باری بھی نہیں آئے گی اور سیشن ختم ھو جائے گا ۔ موجودہ رولز کے مطابق یہ پوزیشن ھو گی ۔

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ ایوان کی میز پر بھی جواب آنے سے مقصد پورا نہیں ھوتا ۔

مسٹر سپیکر ۔ اس کا مطلب یہ ھوا کہ آپ مطمئن ھونگے کہ ایوان کی میز پربھی جواب نہ آئے اور پوچھنے کا موقع بھی نہ آئے ۔

چودھری محمد ادریس ۔ اس کا دوبارہ نوٹس دیا جا سکتا ھے ۔

This objection was raised at the very outset by Khawaja Muhammad Safdar when the Select Committee met for the first time and the question was thoroughly discussed. The Select Committee came to the conclusion that since it was a creation of the Assembly it was not competent to upset a decision taken by the Assembly and, therefore, the Committee proceeded with the consideration of the Bill and produced their report. A mention of this objection has been made in the report of the Select Committee itself and the Committee decided that this question should be brought to the notice of the Assembly at the time the Select Committee's report was placed before it.

There can be no manner of doubt that the composition of the Select Committee was faulty and illegal. Therefore, my contention is that a report produced by an illegally constituted Select Committee cannot be considered by this House.

Minister of Revenue (Khan Habibullah Khan): Sir, I am inclined to accept the view point expressed by Mr. Munawar Khan regarding the legal difficulties about the composition of the Select Committee whose report has, a few minutes ago, been presented to the Assembly. It is unfortunate that at the time the motion for the reference of the Bill to a

Select Committee was passed by the House, the whole House made the mistake of appointing some persons who were not Members of the Assembly to the Select Committee.

Mr. Munawar Khan: Hear, Hear.

What I should like to know, Mr. Speaker, is that these rules were there and the Ministers are supposed at least to know that much which is contained in and which is provided for by these Rules of Procedure. Inspite of this provision that only Members of the Assembly could be members of the Select Committee, they placed wrong persons on it. Whose fault is this? Should the Government finances suffer because of the negligence or inefficiency of the Ministers? How much expense was incurred? When the Leader of the Opposition, Khawaja Muhammad Safdar, could know that, what was the reason which prevented the Ministers, including the Law Minister, from doing the right thing. They are old parliamentarian, as they at least claim, and should not have squandered public money in that way. It seems that they have no knowledge as to who could be appointed on a Select Committee and who could not. There is no precedent, Sir, in any democratic country or even in this House and both the Ministers have had sufficient experience at the Centre as well as the Province-that a non-Member could be appointed to a Select Committee.

Sir, I must stress that quite a lot of public money has been wasted on account of the negligence and inefficiency of these Ministers. This money could very well have been spent on developmental works and could have contributed to the greater well-being of the people. What it seems to my mind is that the Ministers come unprepared invariably because they have got their brute majority and think that they can carry every thing, right or wrong, with that brute majority. Under these circumstances, who is to be held responsible for appointing four Government officers to the Select Committee who could not legally have been appointed as members of the Committee? I should like to ask as to who is responsible for incurring the expenses by calling in Members as well as others to attend the meetings of this Committee which were held from time to time? It is really astonishing that at the very outset my learned friend, Khawaja Muhammad Safdar, pointed out the mistake and urged

that the mistake should be rectified and public money should not be wasted on carrying on the proceedings of the Select Committee but the Law Minister did not care to rectify the mistake at that time and supported a wrong and untenable proposition. Sir, to err is human but one should have the quality to correct himself if he has been incorrect when that is pointed out to him. But our Ministers consider it below their dignity even to admit a mistake and to correct themselves. I ask why was the Committee permitted to proceed and hold a number of sittings to consider the Bill when it was clear as day-light that the Committee had not been properly constituted and its report would have no legal effect? Why was not the work of the Committee stopped there and then? Why couldn't the Revenue Minister see light at that time and save unnecessary expense which has had to be borne by the public exchequer? I ask who is responsible for this inefficiency? This is a very sorrowful picture of inefficiency in a quarter from which we expect efficient administration. It seems the destiny of this nation is not in good and efficient hands. Could it have affected the prestige of the Ministers if they had admitted the error when it was pointed out to them by Khawaja Muhammad Safdar and corrected themselves? Do they realise now that this admission of theirs could have saved the public exchequer a good deal of money that has gone waste? As they did not admit their mistake and persisted in a wrong course, I would suggest that the public money spent by holding meetings of this Select Committee should be deducted from the salaries of the Ministers of Law and Revenue who were both present at the meeting at which Khawaja Muhammad Safdar questioned the legality of the composition of the Select Committee but they did not accept his contention. My point is that the public exchequer should not be made to suffer this loss caused by the inefficiency and carelessness of these two Ministers.

Mr. Ahmed Mian Soomro: Mr. Speaker, in the present case I think it is right that the Ministers are expected to know the procedure but, I think, it is equally expected of the whole House that they should know the procedure. To no one at that time it occurred that we were committing a mistake. We admit that this is a mistake of the whole House. As far as the contention that money has been wasted because our learned colleague, Khawaja Muhammad Safdar, had raised the objection at the very outset is concerned, I would submit that it would have been a

breach of the privilege of this House if the Committee had decided that this House had taken a wrong decision because a Committee formed by this House is not authorised to sit in judgement on the decisions of this House. Now, rightly they have pointed it out and referred the matter back to this House drawing its attention to a decision which did not seem in conformity with the Rules of Procedure.

As far as the question of the Committee having carried on its business and wasting public money is concerned, I am sure that after a few days my learned friend would realise that the labour and money spent on this Report has not gone waste but would be fully availed of by this House.

Mr. Speaker : The point raised by Mr. Munawar Khan is that the Select Committee to which the West Pakistan Land Revenue Bill, 1965, was referred was wrongly constituted and that it was illegal and against the rules. This has been accepted by the Revenue Minister and, I think, there is hardly any ground to differ with that view. As no non-Member could be appointed to a Select Committee on this Select Committee there were four Government officers and three Ministers who were not Members of the House, I am constrained to hold that the composition of the Select Committee was not legal and was in violation of the Rules of Procedure. As the composition of the Select Committee was faulty the report produced by that Committee cannot be considered by the House. It is now for the Member-in-Charge to make the next move.

Minister of Revenue : Sir, your ruling makes impossible for the Assembly to proceed with the consideration of the West Pakistan Land Revenue Bill as reported by the Select Committee. However, the position that if we cannot proceed with the consideration of the report of this Select Committee we revert to the position as it was before the Select Committee was formed. You wil remember, Sir, that rules 58 and 59 had been suspended by the House and that is the point to which we would now revert. The next motion which I could move was that the Bill be referred to a Select Committee. I may now be permitted to move that the Bill be referred to a new Select Committee.

Mr. Speaker : Yes. Please move your motion.

Minister of Revenue : Sir, I beg to move —

That the West Pakistan Land Revenue Bill, 1965, as introduced in the House on the 6th December, 1965, be referred to a Select Committee consisting of the following members with instructions to make their report by the 28th May, 1966 :—

1. Khan Muhammad Yusuf, MPA.
2. Dr. Mrs. Ashraf Abbassi, MPA.
3. Mr. Zain Noorani, MPA.
4. Malik Muhammad Akhtar, MPA.
5. Sardar Muhammad Ishaq Khan, MPA.
6. Mr. Nisar Muhammad Khan. MPA.
7. Mir Khuda Bux Talpur, MPA.
8. Makhdum Akhtar Ali Shah Qureshi, MPA.
9. Malik Muhammad Muzaffar Khan, MPA

The quorum for the Committee shall be six.

مسٹر حمزہ ۔ جناب ۔ میں قائد ایوان اور دوسرے ممبر صاحبان کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ اس کمیٹی میں خواجہ صاحب کی جگہ پر آپوزیشن کے ممبر کی حیثیت سے کسی دوسرے حزب اختلاف کے ممبر کا نام رکھنا چاہئے تھا ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب ۔ میں یہ move کرتا ہوں کہ حمزہ صاحب کا نام اس میں شامل کر لیا جائے ۔

Minister for Revenue (Khan Habibullah Khan) : We oppose. We have already taken one Member from the so-called opposition, Mr. Nisar. It is our courtesy that we call it Opposition. (*Interruptions.*)

Mr. Speaker : The motion moved is :

That the West Pakistan Land Revenue Bill, 1965, as introduced in the House on the 6th December, 1965, be referred to a Select Committee consisting of the following members with instructions to make their report by the 28th May, 1966 :—

1. Khan Muhammad Yusuf, MPA.
2. Dr. Mrs. Ashraf Abbassi, MPA.
3. Mr. Zain Noorani, MPA.
4. Malik Muhammad Akhtar, MPA.
5. Sardar Muhammad Ishaq Khan, MPA.
6. Mr. Nisar Muhammad Khan, MPA.
7. Mir Khuda Bux Talpur, MPA.
8. Makhdum Akhtar Ali Shah Qureshi, MPA.
9. Malik Muhammad Muzaffar Khan, MPA.

The quorum for the Committee shall be six.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب ۔ میں یہ تجویز پیش کرتا ہوں کہ جب آپ کو نثار محمد خان صاحب کو آپوزیشن کے ممبر کی حیثیت سے لینا ہے تو آپ انکی جگہ حمزہ صاحب کو لے لیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ فاروق صاحب آپ کا پہلا amendment یہ ہے کہ حمزہ صاحب کا نام include کیا جائے اسکو oppose کیا گیا ہے ۔

The question is—

That the West Pakistan Land Revenue Bill, 1965, as introduced in the House on the 6th December, 1965, be referred to a Select Committee consisting of the following members with instructions to make their report by the 28th May, 1966 :—

1. Khan Muhammad Yusuf, MPA.
2. Dr. Mrs. Ashraf Abbassi, MPA.
3. Mr. Zain Noorani, MPA.

4. Malik Muhammad Akhtar, MPA.
5. Sardar Muhammad Ishaq Khan. MPA.
6. Mr. Nisar Muhammad Khan, MPA.
7. Mir Khuda Bux Talpur, MPA.
8. Mukhdum Akhtar Ali Shah Qureshi, MPA.
9. Malik Muhammad Muzaffar Khan, MPA.

The quorum for the Committee shall be six.

The motion was carried.

ORDINANCES

THE WORKING JOURNALISTS (CONDITIONS OF SERVICE) (WEST PAKISTAN AMENDMENT) ORDINANCE, 1965.

Mr. Speaker : No we will take up the Ordinances.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : Sir I beg to move—

> That the Assembly do approve of the Working Journalists (Conditions of Service) (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 30th December, 1965.

Mr. Speaker : Motion moved is—

> That the Assembly do approve of the Working Journalists (Conditions of Service) (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 30th Dec., 1965.

Yes, Malik Akhtar.

(At this stage Mr. Speaker left the Chamber and Mr. Senior Deputy Speaker, Mr. Ahmad Mian Soomro, took the chair).

The Working Journalists - (ملک محمد اختر (لاہور - ۲

(Conditions of Service) (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1965

کے ذریعے Working Journalists Ordinance 1960 میں ترمیم مقصود ہے ۔ جناب والا ۔ مجھے ان افسوسناک واقعات پر ذرا سا تبصرہ کرنا ہوگا جو Principal Ordinance 1960 کے enforce ہونے کے بعد رونما ہوئے کیونکہ جب تک ان تمام واقعات تمام حقائق اور اس تمام پس منظر کو سامنے نہ رکھا جائے ان برائیوں اور evils کا سد باب نہیں ہو سکے گا جس کے لئے یہ ترمیم کیجا رہی ہے ۔ اور وہ omissions جو حکومت نے ۱۹۶۰ء کے آرڈیننس میں کی ہیں ان سے بچنے کے لئے ذرا سا تبصرہ میں سمجھتا ہوں نہایت ہی ضروری ہے ۔ مجھے صدر مملکت کی ان کوششوں کو سراہنا ہوگا جن کے ذریعے انہوں نے اپنے اختیارات خصوصی کے تحت ان اختیارات سے جو مارشل لاء کے لگنے کے باعث انہیں حاصل ہوئے کام لے کر ۱۹۶۰ میں Working Journalists Conditions of Services Ordinance کا نفاذ کیا ۔ اس کے ذریعے Industrial Development Ordinance 19.9 کی کچھ دفعات کو ورکرز کی ان کلاسز پر نافذ کیا گیا جن میں سے چند یہ تھیں کہ اگر کسی Working Journalists کو نوکری سے علیحدہ کرنا ہو اور اس کی ملازمت کی میعاد تین سال سے زیادہ ہو تو اس کو دو ماہ کا نوٹس دیا جائے گا اگر اس کی نوکری کی میعاد تین سال سے کم ہے تو اس کو ایک ماہ کا نوٹس دیا جائیگا ۔ دوسری سہولت جو اس Presidential Ordinance کے ذریعے دی گئی وہ یہ تھی کہ ۶۱ عشاریہ ۲۵ فیصدی جو Working Journalists کی تنخواہ کا حصہ تھا وہ پراویڈنٹ فنڈ میں جمع ہوتا تھا اور وہ پراویڈنٹ فنڈ میں جمع کیجانیوالی رقم مالکان کی رقم سے وصول کر کے ایک Board of Trustees بنا دیا تھا۔ پراویڈنٹ

فنڈ کے تمام قواعد جو تھے وہ Working Journalists کی سہولت کے لئے تھے اس طرح سے تیسری سہولت Working Journalists کو یہ دی گئی کہ ان سے ۴۲ گھنٹوں سے زیادہ ہر ہفتہ کام نہ لیا جا سکے اس طرح سے اس قانون کے تحت ایک Wage Board قائم کرنا ضروری تھا اور اس Wage Board کو قائم بھی کیا گیا اور جس کے سربراہ ہائی کورٹ یا سپریم کورٹ کے جج تھے اور اس میں کچھ نمائندے Working Journalists کلاس کے بھی تھے۔ اور کچھ نمائندے proprietor of industries کے تھے ان کو شامل کیا گیا ۔ جناب والا ۔ محنت شاقہ سے ان ممبران نے تقریباً ہر مالک سے انٹرویو کیا انہوں نے structure of industries کو دیکھنے کے لئے وہاں visits کیں ۔ انہوں نے ۱۹۵۹ اور ۶۰ کے جو حالات تھے ان کا مکمل جائزہ لیا اور اس کے بعد اس Wage Board کے award کا اعلان کیا جو کہ ۳۱-۱-۶۱ کو کیا گیا اور یہ کہا گیا کہ یہ ۳۱ مارچ ۶۶ء تک enforce رہے گا۔ جناب والا۔ اب جو حکومت نے omissions کی ہیں وہ یہ ہیں جس کے لئے مجھے یہ پس منظر بیان کرنا ضروری تھا کہ حکومت نے کبھی بھی ایسی میشینری کا قیام نہ کیا جس سے ان تمام سفارشات کا از خود implementation ہو جاتا ۔ جناب والا ۔ اخبارات کے مالکان جو کہ کافی طاقتور تھے اور جنکی مالی حالت کافی مضبوط تھی انہوں نے ان تمام loop-holes کو examine کیا اور وہ loop-holes جو اس آرڈیننس کے تھے جس کو نہایت خلوص سے

صدر مملکت نے نفاذ کیا تھا تو یہ loop-holes جو تھے ان کو exploit کیا گیا اور ایسے ذرائع اختیار کئے کہ جن سے نہ صرف وہ مراعات جو Working Class of Journalists کو دی گئیں تھیں انہیں nullify کر دیا گیا اور نہ صرف nullify کیا گیا بلکہ ان loop-holes کا flagrant misuse کیا گیا اور اس قسم کے حالات پیدا کر دیئے جس سے یہ مظلوم کلاس مصیبت میں گرفتار ہو جائے ۔ میں ان کی تعریف نہیں کرنا چاہتا کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ وہ impartial ہیں اور ہمیں بھی ان کو criticise کرتے وقت یا ان کے حق میں کچھ کہتے وقت exaggeration میں نہیں جانا چاہیئے لیکن میں یہ چیز کہنے پر مجبور ہوں ۔

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): Sir, I rise on a point of order. May I know whether the Ordinance issued by the Governor is under discussion or the Wage Board Award is under discussion? This discussion and this long debate, I can understand, will appeal to the journalists no doubt I may assure the Member that the journalists are not so powerless as the Member feels them to be. Government will take ample care to safeguard their legitimate rights. But for the purpose of debate it is the Ordinance which is under discussion and (subject to the approval of the Speaker) not the Wage Board Award itself. Therefore, to that extent what the Member is saying is irrelevant.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ اس آرڈیننس کے ذریعے Wage Board کی زندگی میں توسیع کی گئی ہے کہ جب کسی قانون کی زندگی میں توسیع کی جاتی ہے تو اس کا زیر بحث آنا ناگزیر ہو جاتا ہے ۔ جب کوئی ترمیمی آرڈیننس پیش ہوتا ہے تو وہ اصل آرڈیننس لازماً زیر بحث آتا ہے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker: Could I have a copy of the original Ordinance which is sought to be amended by this Ordinance. I should know what exactly is the amendment so that he should be relevant.

Malik Muhammad Akhtar: I am quite relevant.

Mr. Senior Deputy Speaker: This is not for the member to decide.

Minister of Law: The original Ordinance was to expire on 31st December. The life of the Wage Board which was set up under that Ordinance was five years and this expired on 31st December. This amending Ordinance is to extend its life by a few months

Mr. Senior Deputy Speaker: What is the amendment in Section 8 of the 1960 Ordinance?

Minister of Law: In Section 8 sub-section (1), between the word "may" and the words "by notification", the words and comma "whenever it so considers necessary," shall be inserted.

The significance of the amendment is that in the original Ordinance as the wording stood it appeared that no second Wage Board could be set up. This clause has been amended to say that it is up to the Government to set up any Wage Board from time to time if it wants. This is one change.

The other change is that the period has been extended. It is the anxiety of the Government that this Wage Board Award is implemented in both letter and spirit and all possible resources of the Government will be used to see that it is implemented.

Malik Muhammad Akhtar: I am discussing that the Wage Board Award has not been properly implemented.

Mr. Senior Deputy Speaker: They are extending the period to implement it.

Malik Muhammad Akhtar: I have got my right to make comments over their actions.

Mr. Senior Deputy Speaker: As far as they are relevant to the Ordinance.

Malik Muhammad Akhtar: The Ordinance consists of the Wage Board Award.....

Mr. Senior Deputy Speaker: Does not the member want that the Award should be extended ?

Malik Muhammad Akhtar: Sir, the Speaker has many times ruled that (when the amending Ordinance comes before the House) the principal Ordinance can be discussed. The chair can find it out from the proceedings of the previous sessions.

Minister of Law: If the life of this Ordinance had not been extended automatically this Wage Board Award would have died a natural death. Now what the anxiety of the Member is that is exactly the anxiety of the Government. Its life has been extended to see that it does benefit the journalists.

Malik Muhammad Akhtar: I have my own point of view.

Mr. Senior Deputy Speaker: Does the member want that the date of implementation of that Ordinance should not be extended ?

Malik Muhammad Akhtar: Sir this Ordinance may be extended not on mere presumption that the Law Minister wants it to be extended. I have every right to oppose it.

Mr. Senior Deputy Speaker: This Ordinance seeks to extend the date for the implementation of that Wage Board decision. Does the member consider that it should not be extended ?

Malik Muhammad Akhtar: Sir the Ordinance has been opposed, and I am going to oppose it.

Mr. Senior Deputy Speaker: I am not clear what the member wants to say.

Malik Muhammad Akbtar: Sir I want to discuss the Wage Board Award and its non-implementation and the omission on the part of the Government. I don't know why the Information Minister is perturbed over that.

Mr. Senior Deputy Speaker: He is not perturbed. He is trying to bring out the legal position.

Malik Muhammad Akhtar: My humble submission is that I will try to explain my point of view. My humble submission is that the Wage Board Award was given in 1961 for five years, and it was due to expire probably some time in March.

Minister for Law: On the 31st December.

Malik Muhammad Akhtar: I stand corrected. Now what they propose to do is to extend the date to June 1966.

Mr. Senior Deputy Speaker: It is to be extended upto the 31st March, 1966.

Malik Muhammad Akhtar: May be any date; that does not matter. Indeed what I want to say is that what they have been doing under the clauses of the past ordinance, the action of the Government was not effective. The Government failed to implement the machinery for this award. Secondly, they failed to induce the proprietors of newspapers to make payment of such remuneration and all those pays, etc., which they were bound to make under the law.

Minister of Law: Sir, the member has now made it very clear that he has no grievance or objection with regard to the Wage Board Award or decision. He finds nothing wrong in the original ordinance under which the Wage Board was set up and decision obtained. He has no grouse against the present ordinance under which the date has been extended. All that he is worried about is the policy or with the failure of the Government in not implementing it, and I may submit that the policy of the Government is not before the House. He will have ample time

during the general discussion of the Budget to discuss the failure of the Government in not properly implementing a particular Act or a particular statute. All that the House is concerned with at the present moment is the ordinance, against which he has no objection. He is objecting to the policy of the Government.

مسٹر حمزہ (لائلپور - ٦) - جناب سپیکر - جہاں تک اس ہنگامی قانون کو زیر بحث لانے کا تعلق ہے - جناب وزیر قانون و پارلیمانی امور ہم سے یہ چاہتے ہیں - کہ ہم صرف یہ کہہ دیں کہ اس کی میعاد بڑھائی جائے یا نہ بڑھائی جائے تاکہ ایک منٹ میں اسکا فیصلہ ہو جائے حقیقتاً ہم نے دیکھنا یہ ہے کہ وہ قانون جس میں ترمیم کی جا رہی ہے یا اس میں Wage Board پہلے سے موجود ہے جس کی میعاد بڑھائی جارہی ہے اسکی کوئی افادیت بھی ہے یا نہیں - ہمارا شروع سے ہی یہ نقطہ نظر رہا ہے کہ ہماری حکومت وقتاً فوقتاً بعض ترامیم کرتی ہے مگر عملی زندگی میں ان سے ان لوگوں کو جن کو یہ کہتے ہیں کہ ہم فائدہ پہنچانا چاہتے ہیں انہیں کوئی فائدہ نہیں پہنچا - ہمیں یہ حق حاصل ہے کہ ہمم اس پر روشنی ڈالیں - ورنہ اس ہنگامی قانون پر یہ تمام تر بحث ناکارہ ہو کر رہ جاتی ہے - اگر وزیر قانون صاحب یہ فرمائیں کہ ہر چیز کے متعلق آپ بجٹ کے سیشن کے دوران بات چیت کر لیا کریں تو اس کے علاوہ پھر اسمبلی کا اجلاس بلانے کی کیا ضرورت ہے ؟ اگر ہم زندگی کی عملی دشواریوں کو یا حکومت کی طرف سے کی گئی زیادتیوں یا مالکان کی طرف سے کی گئی زیادتیوں پر روشنی نہ ڈال سکیں تو اس قانون کی افادیت ہی کیا ہے - پھر یہ ہنگامی قانون اسمبلی کے سامنے پیش ہی کیوں کیا گیا ہے -

(اس مرحلہ پر ملک محمد اختر تقریر کرنے کے لئے کھڑے ہوئے)

Minister of Law: I entirely agree with Mr. Hamza. My agreement is with you. You can definitely discuss that but the member on his legs is not doing that.

Malik Muhammad Akhtar: I will be discussing two things Sir. Firstly, I will discuss Section 58 of the Ordinance, and secondly, the omission.

Mr. Senior Deputy Speaker: Section 58 of which Ordinance? This seeks to amend Section 8.

Malik Muhammad Akhtar: Sir, Section 58 of the original Ordinance which the Law Minister is bent upon not permitting me to speak.

Minister of Law: This is unkind of the member.

Mr. Senior Deputy Speaker: Malik Akhtar should not make uncalled for remarks. Speaking as Law Minister, he cannot prevent him; it is the Speaker who can do that. He has pointed out to the Chair that the member is not relevant. The member's remarks are uncalled for and I expunge them from the debate.

Malik Muhammad Akhtar: Sir, I will be discussing Section 8 of the Working Journalists (Conditions of Service) (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1965, by which they want to make certain amendments.

Mr. Senior Deputy Speaker: That is what I told the member. It was section 8 and not 58.

Malik Muhammad Akhtar: Certainly section 58 will also be discussed because that is a part of the principal ordinance, which is being amended.

اب جب کہ تمام کے تمام اخبارات کے لئے ، جن کے نام میں یہاں پیش کرنے لگا ہوں (ان اخبارات کی اکثریت مغربی پاکستان میں ہے) وہ اخبارات یہ ہیں ۔ پاکستان ٹائمز ۔ ڈیلی امروز ۔ ڈیلی مشرق ۔ Morning News ۔ انجام اور پھر مشرق پاکستان کے چند اخبارات ہیں ۔ ان سب کے لئے ایک Press Board بنا دیا گیا ہے ۔ اور میں یہ الزام لگاتا ہوں اور چیلنج کرتا ہوں کہ Information Minister اس کی تردید کریں کہ یہ Govt. sponsored بورڈ نہیں ہے ۔ چوبیس بڑے بڑے لوگ جن کی خدمات پاکستان مسلم لیگ فنڈ اکٹھا کرنے کے لئے اکثر حاصل کرتی ہے ۔ ان لوگوں کو اکٹھا کر کے ۲۷-۸-۶۴ کو ایک Press Board بنا دیا گیا ۔ جس نے یہ تمام اخبارات خریدے ہیں اور اس Press Board نے بھی اپنے ملازمین کو حکومت کے فیصلے کے مطابق تا حال وہ مراعات نہیں دیں۔ Wage Board کے award کو implement نہیں کیا۔ اور نہ ہی جرنلسٹوں کو تنخواہ کا وہ سکیل دیا گیا ہے ۔

Minister of Law: I am on a point of order Sir. The member is not correctly stating the facts. The Government has set up no Press Trust.

مسٹر حمزہ ۔ اس سے بڑی غلط بیانی اس ایوان میں نہیں ہو سکتی ۔

Minister of Law: I strongly protest against that. It has not been set up by Government at all.

Mr. Senior Deputy Speaker: The member may please resume his seat ; the Law Minister is on his legs ; only one Member should speak at a time.

ملک محمد اختر - جناب والا - اس کے بعد میں موجودہ Wage Board Award کی جس کی میعاد بڑھائی جا رہی ہے - اس کے بارہ میں ایک متعلقہ نقطہ پیش کرتا ہوں -

Mr. Senior Deputy Speaker : It should be relevent.

ملک محمد اختر - ایسا نقطہ جو ان کے کہنے کے مطابق متعلقہ ہو گا - یہ جو آپ کا Fact Finding Commission تھا اس نے ایک نوٹ لکھا ہے اس میں یہ کہا ہے -

یعنی یہ Wage Board کی duration کتنی ہونی چاہئے -

"Appointment of second Wage Board award, as provided in Section 58 of the 1961 Ordinance, is essential.".

یہاں Facts Finding کمشن کی رپورٹ کو پڑھ رہا ہوں -

"We have formulated our..... .....".

Minister of Law : There is no Fact Finding Commission, Who set up that Commission ? There is Wage Board.

ملک محمد اختر - جو کمشن آپ نے بنایا ہے -

That can be called a Commission, that can be called a Fact Finding Committee.

Mr. Senior Deputy Speaker : Fact Finding Committee is totally a different thing.

Malik Muhammad Akhtar : I stand corrected.

Mr. Senior Deputy Speaker : The member is perhaps referring to the Wage Board.

Malik Muhammad Akhtar : Yes, Sir.

".....decision primarily on the present conditions of the newspaper industry in the country and we considered it to be fundamentally wrong that it should not be subject to review after a course of time. Newspaper industry in this country cannot remain stagnant and static and is bound to grow with the impact of the new economic, political, educational and cultural forces that are being put into action and it is quite possible that the newspaper industry and its various units may assume a different pattern and a different shape in the next few years.

Under our fitment provision providing gradual adjustment to the new wage structure for the newspapers which are below the mark, our wage-scale will assume its full operation in the next two years and we considered it proper that our wage-scale should have a run of another three years when its impact on the newspaper industry as a whole will be fully felt and realised. It would then be fitting to reassess the whole position regarding the wages of the working journalists and rectify the errors and omissions against the background of the experience gained. We have therefore provided that our decision shall have a life of five years only, that is to say, it shall be operative till January 1, 1966, when a fresh authority may be appointed by the Government to reconsider the whole matter."

تو جناب والا ۔ ان حالات کے مطابق جو wages prescribe کی گئیں آج ہماری حکومت نے یہ negligence کی ہے کہ بجائے اس کے کہ وہ دوسرا Wage Board قائم کرتی اور دوسرا Wage Board نئے حالات کے مطابق ۔ مہنگائی کے مطابق ۔ اور ہر چیز کو مد نظر رکھتے ہوئے pay scales کو fix کرتا ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ کل کو یہ پھر آ جائینگے کہ چھ ماہ کے لئے پرانے Wage Board کو extend کیا جائے اور ان کی پرانی recommendations کو لیا جائے میں سمجھتا ہوں کہ یہ ظلم ہے جو یہ ایسی کلاس کے ساتھ آپ کر رہے ہیں جو کلاس شریف ہے ۔ جو مجاہد ہے ۔ جو قربانیاں دیتی ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Senior Deputy Speaker: Does the member suggest that they should not extend it? Instead of that they should appoint a new Board?

Malik Muhammad Akhtar: They must appoint a new Board. I am coming to the statements of the Central Law Minister, Mr. S. M. Zafar, and Mr. Ghulam Nabi Memon our Law Minister in which they have been just drawing these pictures ایک کے لئے ان کے یہ کہ بنا دیں گے paradise I have got those references with me Sir.

Mr. Senior Deputy Speaker: Is it the contention of the member that extension should not be granted.

Malik Muhammad Akhtar: I want to be very clear that they should have appointed a new Wage Board and the implementation of the new Wage Board Award should have been enforced. This is an omission on their part not to have done that.

جناب والا - یہ پریس کی قربانیاں جن کا میں ذکر کر رہا ہوں اگر ان کی تاریخ کو دیکھیں تو ۱۸۰۰ میں انگریز کے خلاف انہوں نے قلمی اخبارات سے پروپیگنڈا شروع کیا - ۱۸۰۶ میں .....

Mr. Senior Deputy Speaker: Excuse me, the question of giving wages to the journalists is not at issue under this Ordinance.

Malik Muhammad Akhtar: I am just saying that they did not re ognise their claim.

Mr. Senior Deputy Speaker: Who has not recognised their claim?

Malik Muhammad Akhtar: They have not appointed a Wage Board.

Mr. Senior Deputy Speaker: Mr. Akhtar, by this Ordinance Government seeks to extend the concessions, whatever they might be, that have already been extended to them.

Malik Muhammad Akhtar : But they have not appointed a Wage Board.

Mr. Senior Deputy Speaker : That is not the point at issue.

ملک محمد اختر - تو جناب والا - میں یہ کہہ رہا تھا - ان کی خدمات کے متعلق عرض کر رہا تھا جو دو منٹ میں کہہ دیتا - یہ تو سن لیجئے - ایسے irrelevant نہ کہئیے - جناب لاء منسٹر صاحب .....

Mr. Senior Deputy Speaker : The member may please address the Chair and not the Law Minister.

ملک محمد اختر - جناب والا - میں معافی چاہتا ہوں جناب میں یہ کہہ رہا تھا ہم نے Wage Board کو قائم کیا ہے - سیکنڈ Wage Board جس کو اب تک قائم کر دینا چاہئیے تھا وہ ہم نے نہیں کیا -

رانا پھول محمد خان - پوائنٹ آف آرڈر - جناب سپیکر - بہت سے حضرات ملک صاحب کی تقریر سننے کے لئے لابی میں موجود ہیں اس لئے میں عرض کروں گا کہ یہ مائیکروفون کو استعمال کریں -

Mr. Senior Deputy Speaker : That is no point of order.

ملک محمد اختر - جناب والا - یہی ہمارا پریس تھا جنہوں نے ۱۹۰۶ء میں انگریز کے خلاف قربانیاں دیں - جن کی تاریخ موجود ہے - - - - - - -

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ جناب والا ۔ کورم نہیں ہے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : The House is not in quorum. Let the bells be rung. (*Quorum bells were rung*) The House is in quorum.

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ ان لوگوں کی خدمات اور قربانیاں اگر آپ ۱۸۵۷ء کی جنگ کو دیکھیں۔ جس میں بابائے صحافت مولانا محمد باقر شہید کئے گئے ۔ ان کے لڑکے مولانا محمد حسین آزاد جلا وطن کئے اس کے بعد یہ حالت رہی کہ ۵۶ کے قریب جو اخبارات تھے ان میں ۱۲ اخبارات باقی بچے ۔ ان ۱۲ میں سے صرف ایک ایسا اخبار تھا جس کا ایڈیٹر مسلمان تھا ۔ اس کے بعد قیام پاکستان کے وقت پاکستان ٹائمز ۔ اور نوائے وقت کی قربانیوں سے کون انکار کر سکتا ہے ۔ اس کے بعد ہوا یہ کہ دولتانہ وزارت نے نوائے وقت کی ضمانت ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : Again, the member is irrelevant.

جناب والا ۔ میرے دوست لاء منسٹر صاحب ہاؤس سے باہر جا چکے ہیں ۔ ان کی تصویر اور ان کا وہ بیان دیکھیں جس میں انہوں نے سیکنڈ Wage Board کی تقرری کے وعدہ کئے۔ یہی وعدے ہمارے سنٹرل لاء منسٹر ایس ۔ ایم ظفر صاحب نے بھی کئے ۔ ۲ اپریل ۱۹۶۵ء کو ہمارے سنٹرل لاء منسٹر صاحب نے جو کچھ کہا ہے وہ عرض کرتا ہوں ۔

"The Law Minister told correspondents that it was proper that newsmen were given a respectable status in life. The second Wage Board seemed essential because the award of the first one would lapse by the end of this year. He said that consultations would be held

between his Ministry and the Information Ministry in that respect."

تو جناب والا ۔ یہ تھے وہ حالات جن کے مطابق مجھے گذارش کرنا تھی کہ اس کلاس اور مزدوروں کی کلاس پر آپ نے ظلم کیا ہے ۔ جو اچھی بھی ہے ۔ اور جن کی قربانیاں بھی ہیں ۔ حکومت نے دوسرے Wage Board کا تقرر نہ کر کے ایک ایسی غلطی کی ہے جو میں سمجھتا ہوں کہ زیادتی کے مترادف ہے ۔ اور میں آج مطالبہ کرتا ہوں کہ ہماری ویسٹ پاکستان کی حکومت فوری طور پر دوسرے Wage Board کا قیام عمل میں لائے تاکہ ان لوگوں کو وہ مراعات اور concession مل سکیں جو عام حالات میں دوسری فیکٹریوں کے مزدوروں کو ملتی ہیں ۔

Mr. Senior Deputy Speaker: Is the member referring to the Central Law Minister ?

Malik Muhammad Akhtar : Yes, Sir. After all Central Law Minister is a part and parcel of this country.

Mr. Senior Deputy Speaker : Then Central Government is also a part of this country but I am sorry we cannot being them under discussion.

Malik Muhammad Akhtar : They are performing the duties which the Central Government is supposed to perform. It is the duty of the Provincial Government to appoint a second Wage Board.

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی - ۸) ۔ یہ آرڈیننس جو ہمارے میمن صاحب کے الفاظ میں معصوم سا آرڈیننس ہے ۔ چونکہ یہ آرڈیننس Wage Board کی زندگی میں توسیع چاہتا ہے ۔ اس لئے میں اسکی

مخالفت کرتا ہوں ۔ اور میری مخالفت کی وجہ یہ ہے ۔ کہ جو کمیشن مقرر ہوا تھا اس نے صحافیوں کی ضروریات کے بارے میں جو سفارشات کی تھیں ۔ انہیں اس بورڈ نے پورا نہیں کیا ۔ اس لئے اس بورڈ کی زندگی میں مزید توسیع اصول انصاف کے خلاف ہے ۔ قبل اس کے کہ میں اس آرڈیننس پر گفتگو کروں ۔ میں چاہتا ہوں ۔ کہ چونکہ قائد ایوان بھی تشریف لے آئے ہیں ۔ اور دیگر وزراء صاحبان بھی یہاں موجود ہیں ۔ انکی خدمت میں اور اپنی بائیں جانب بیٹھنے والے حضرات کی خدمت میں یہ عرض کروں ۔ کہ اس وقت ہمارے سیشن کا پہلا دن ہے ۔ اور ہم نئے سال میں داخل ہو چکے ہیں ۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش کے لحاظ سے بھی یہ نیا سال ہے ۔ اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجرت مدینہ کے لحاظ سے بھی یہ نیا سال ہے ۔ تو آئیے ۔ ہم ایک بار یہ عہد کر لیں ۔ کہ کم از کم اس ایوان کی زندگی کے زمانے میں ہم حزب اختلاف یا حزب اقتدار سے صرف نظر کرتے ہوئے مسائل کی اصل روح کو دیکھیں گے ۔ اور کوئی بات خواہ ایوان کے کسی بھی گوشے سے کہی گئی ہو ۔ ہم ہمت اور جرأت پیدا کرکے اگر وہ غلط بات ہو تو خواہ ہماری ہی صفوں سے آئے ہم اس سے کنارہ کشی اختیار کریں گے ۔ اور اسکو ٹھکرا دیں گے ۔ میں اپنی طرف سے آپ کو یہ یقین دلاتا ہوں ۔ اور جیسا کہ میں نے پہلے بھی عرض کیا تھا ۔ کہ جو بھی صحیح بات حکومت کی طرف سے آئیگی ۔ میں اسکی تائید و حمایت میں پیش پیش ہونگا ۔ لیکن کسی غلط بات کی حمایت کے لئے ہم سے کوئی توقع نہ رکھیں ۔

جناب والا ۔ صحافیوں کا طبقہ کہ جس سے یہ آرڈیننس متعلق ہے ۔ اور صحافیوں کی ضرورت اور اہمیت کسی معاشرے میں کیا ہوتی ہے ۔ اسکے متعلق بہت زیادہ وضاحت کی ضرورت نہیں ہے ۔ در اصل کسی ملک کی ترقی ' کسی معاشرے یا کسی تمدن کی ترقی اسکے کارخانوں سے یا اس کی عمارات سے یا اس کی لمبی چوڑی سڑکوں سے یا ائیرکنڈیشنڈ ریل کے ڈبوں سے نہیں ناپی جاتی ۔ بلکہ اخبارات کے صفحات کسی قوم کے تمدن کے آئینہ دار ہوتے ہیں ۔ صحافیوں کا یہی وہ طبقہ ہے ۔ جو اپنی جان جوکھوں میں ڈال کر اور اپنے ہر مفادات کو خطرات میں ڈال کر اقتدار وقت کے سامنے بھی اور دنیا کے دوسرے لوگوں کے سامنے بھی صحیح بات پیش کرتا ہے ۔ اس لئے اس طبقے کا معاشرے پر یہ حق ہے ۔ کہ وہ اسے زندگی بسر کرنے کے لئے وہ سہولتیں مہیا کرے ۔ کہ جن سے وہ پورے اطمینان قلب کے ساتھ اور پوری ہمت اور جرأت کے ساتھ دنیا کے سامنے صحیح بات پیش کر سکے ۔

جناب والا ۔ Wage Board کی ضرورت سب سے پہلے اس ملک میں ۱۹۵۴ء میں محسوس ہوئی ۔ اور اس وقت کے بدنام سیاستدانوں کے عہد میں ایک کمیشن مقرر کیا گیا ۔ تاکہ وہ صحافیوں کی شرائط ملازمت کا جائزہ لیں ۔ اور اسکے متعلق اپنی صحیح سفارشات پیش کرے ۔ مجھے یاد نہیں کہ دوبارہ ۵۸ء میں دوسرا کمیشن کیوں مقرر کیا گیا تھا ۔ بہر حال اس نے اس سلسلے میں اپنی سفارشات پیش کیں ۔ مارچ ۱۹۵۹ء میں جبکہ مارشل لاء کی موجودہ حکومت برسر اقتدار تھی ۔ کمیشن نے اپنی سفارشات پیش کیں ۔ اور بجائے اسکے کہ یہ حکومت ان سفارشات کو قبول کر

کے اس وقت کوئی قانون بناتی ۔ جس کے ذریعے صحافیوں کی مشکلات حل کرنے کے لئے کوئی راستہ نکلتا ۔ اس حکومت نے ان سفارشات کو قبول کرنے میں ایک سال کا عرصہ صرف کیا ۔ اور جس کے نتیجے میں ۱۹۶۰ء میں یہ آرڈیننس نافذ ہوا ۔ جس میں کہ Wage Board نے اپنا فیصلہ دیا تھا ۔ اس مذکورہ آرڈیننس میں پرانے کمیشن کی تمام سفارشات کو تو منظور کر لیا گیا ۔ لیکن ایک اہم سفارش سے ۔ نہ معلوم کن وجوہات کی بناء پر ــــ عمداً صرف نظر کیا گیا ۔ اس کمیشن نے یہ سفارش بھی کی تھی ۔ کہ صحافیوں کو وہ حقوق دیئے جائیں ۔ جو کہ صنعتی ملازمین کو اپنی شرائط ملازمت میں وقتاً فوقتاً نظر ثانی کرانے کے متعلق حاصل ہیں ۔ جس طرح ایک دفتر میں ایک کلرک یا ایک کارخانے کا ایک مزدور یہ حق رکھتا ہے ۔ کہ اپنے employer کے خلاف حکومت کی قائم کردہ عدالتوں کے سامنے اپنی شرائط ملازمت میں ترمیم کے لئے یا اپنے دعوؤں کو وہاں انصاف حاصل کرنے کے لئے پیش کر سکتا ہے ۔ تو اسی طرح کا حق صحافیوں کو بھی ملنا چاہئیے ۔ کیونکہ اس کمیشن نے یہ محسوس کیا تھا ۔ کہ اس ملک میں صحافیوں کے اور ان لوگوں کے جو ان کو ملازم رکھتے ہیں ۔ دو طبقات ہیں ۔ اور ان کے مفادات میں ٹکراؤ ہے ۔ وہ لوگ جو کہ اخبارات کے مالک ہیں ۔ صحافیوں سے فائدہ تو پورا پورا اٹھاتے ہیں ۔ لیکن ان کو پوری اجرت دینے سے گریز کرتے ہیں ۔ اس لئے اس کمیشن نے یہ فیصلہ کیا تھا ۔ کہ ان کے مسائل

نظرثانی کی غرض سے صنعتی عدالتوں کے سامنے پیش ہوا کریں ۔ لیکن حکومت نے ۱۹۶۰ء کے آرڈیننس میں اسکو منظور نہیں کیا ۔ بہرحال جو چند ایک سفارشات حکومت نے منظور کی تھیں ۔ ان کے نفاذ کے لئے ایک Wage Board کی تشکیل کی گئی ۔ اس نے اپنی جو رپورٹ پیش کی ۔ اگر آپ اس کا مطالعہ فرمائیں ۔ تو آپ دیکھیں گے ۔ کہ Wage Board نے اپنے نتیجہ فکر اور اپنی سفارشات کو تین بنیادوں پر قائم کیا ہے ۔ یعنی سب سے پہلے تو انہوں نے cost of living یعنی اخراجات زندگی کے نکتہ نظر سے غور کیا ۔ کہ موجودہ صحافیوں اور کارکنوں کی تنخواہ کیا ہے ۔ ان کا معاوضہ کیا ہے ۔ اور ملک میں گرانی کی وجہ سے اخراجات زندگی کس درجہ پر ہے ۔ تا کہ اسی لحاظ سے انکی تنخواہوں اور ان کی شرائط ملازمت کا تعین کیا جائے ۔ دوسری بنیاد جس پر کہ انہوں نے اپنی سفارش کی بنیاد رکھی ۔ وہ متبادل ملازمتوں کی شرائط ملازمت تھی ۔ یعنی کیا ملک میں صحافیوں اور کارکنوں کو وہی سہولتیں حاصل ہیں جو دوسری صنعتوں یا کاروباری اداروں یا سرکاری اداروں میں کام کرنے والوں کو حاصل ہیں ۔ اور یہ کہ ان کی شرائط ملازمت کیا ہیں ۔ انہوں نے یہ بھی سامنے رکھا ۔ تا کہ صحافیوں کو اپنی لیاقت اور قابلیت کے مطابق صحیح معاوضہ مل سکے ۔ انہوں نے تیسری چیز اپنے سامنے یہ رکھی ۔ کہ وہ جن اخبارات میں ملازم ہیں ۔ آیا وہ اخبارات paying capacity رکھتے ہیں ۔ یا نہیں ۔ یعنی ان کی معاشی حالت کیا ہے ۔ تا کہ

اس امر کا جائزہ لئے بغیر ھی اخبارات کے مالکان پر ان کی تنخواہ کا مزید بوجھ ڈال دیا جائے ۔ جو مالکان نہ اٹھا سکیں ۔ مطلب یہ تھا کہ صحافیوں کی تنخواہ ان کے مالکوں پر نہ اٹھا سکنے والا بوجھ نہ بنے ۔ تو یہ تین بنیادی چیزیں تھیں ۔ جن پر Wage Board نے اپنی سفارشات کی بنیاد رکھی تھی ۔ اور میں ان تینوں بنیادوں کا فرداً فرداً جائزہ لونگا ۔ کہ ان تینوں بنیادوں کا تقاضہ کیا تھا ۔ اور چونکہ اس بورڈ نے ان تقاضوں کو پورا نہیں کیا ۔ اس لئے اس کی زندگی میں توسیع نہ کی جائے ۔ پہلی چیز متبادل ملازمین ھیں ۔ میں پہلے اس پہلو پر گفتگو کرونگا ۔ اور میں بڑے ادب کے ساتھ سلام کرتا ھوں ۔ اس ایڈیٹر کو جو Wage Board کے سامنے پیش ھوا تھا ۔ اور جب اس سے یہ سوال پوچھا گیا ۔ کہ آپ یہ بتائیے ۔ کہ آپ کی ذمہ داریوں کے لحاظ سے اس ملک میں کونسی ایسی ملازمتیں ھیں ۔ جس سے آپ کی شرائط ملازمت کا تقابل کیا جائے ۔ تو انگریزی اخبار کے اس ایڈیٹر نے کہا ۔ کہ ''صدر مملکت کے علاوہ میں کوئی ملازمت ایسی نہیں دیکھتا ۔ کہ جس سے ھماری ملازمت کا موازنہ نہ کیا جائے،، ۔ میں سمجھتا ھوں ۔ کہ اگر اخبار ذمہ دار ھو ۔ اور وہ عوام کے جذبات کی پوری پوری ترجمانی کرتا ھو تو اس کے ایڈیٹر کی ذمہ داری واقعی صدر مملکت کی ذمہ داری سے کسی طرح کم نہیں ھوتی ۔ یہ بات ظاھر ھے کہ وہ تنخواھیں جو چاھے حکومت کے کسی ادارے میں یا کسی صنعتی ادارہ میں ۱۹۶۱ء میں مل رھی

تھیں آج ان میں کتنے گنا اضافہ ہو چکا ہے ۔ حکومت نے بھی ۱۹۶۱ء سے لیکر اب تک کہیں کہیں ایک بار اور کہیں کہیں دو دفعہ اپنے ملازمین کی تنخواہوں اور شرائط ملازمت میں ترمیم اور اضافہ کیا ہے ۔ سوال یہ ہے کہ اگر ملک کی تمام دوسری متبادل ملازمتیں خواہ وہ قابل موازنہ ہوں یا نہ ہوں ۔ یہ محسوس کیا گیا کہ ملازموں کی شرائط ملازمت میں ترمیم کی جائے تو کوئی وجہ نہیں ہے کہ صحافی کارکنوں کے معاوضے جو ۱۹۶۱ء میں متعین کئے گئے تھے ۔ اور جو اب out of date ہو چکے ہیں ۔ وہ اب obsolete ہو چکے ہیں ان کو پھر دوبارہ مزید زندگی دی جائے ۔ یہاں پر میں یہ واضح کر دوں کہ اس Wage Board نے minimum wages مقرر نہیں کی تھیں کیونکہ اس کے اپنے دائرہ کار میں یہ نہیں تھا یا اس نے اپنے دائرہ کار کو اس طرح استعمال نہیں کیا تھا کہ صحافی کارکنوں کا کم سے کم معاوضہ مقرر کرے ۔ بلکہ انہوں نے fair wages مقرر کی تھیں تو میری عقل کے مطابق اس کا یہ مطلب ہوا کہ ان کے بدلتے ہوئے حالات زندگی اور اخراجات زندگی کو سامنے رکھتے ہوئے اور cost of living کو سامنے رکھتے ہوئے اور پھر ان کی لیاقت اور سمجھ کو نگاہ میں رکھتے ہوئے اس وقت کی fair wages میں وقت کے ساتھ ساتھ اضافہ ہونا چاہئیے ۔ وقت

ساکت نہیں ہے ۔ ہمارا معاشرہ ایک جگہ منجمد نہیں ہے ہم ایک چلتی پھرتی دنیا میں رہ رہے ہیں ۔ بالخصوص ایک ایسے ملک میں جو ترقی کی منازل طے کر رہا ہے ۔ جہاں اخراجات زندگی بڑھنے دینے کا روزانہ یعنی cost of living ا گزیر ہے ۔ اگر آپ حکومت کے شائع کردہ بلیٹن میں دئے گئے اعداد و شمار کا مطالعہ کریں تو اس کی وضاحت ہو جائے گی ۔ اس میں میں نے دیکھا ہے کہ ۱۹۶۰ء میں cost of living index ۹۴ تھا اور اب ۱۹۶۵ء میں اسکا index ۱۱۰ ہے ۔ یعنی تقریباً ۱۶ فیصدی کا اضافہ ان ۵ سالوں میں ہوا ہے ۔ اس میں fair wages میں بھی اضافہ ہو چکا ہو جب کہ متبادل ملازمتوں کی تنخواہوں میں کئی بار نظر ثانی کی گئی تو کوئی وجہ نہ تھی کہ صحافی کارکنوں کے لئے جو بورڈ بنایا گیا تھا اور ۱۹۶۱ء میں جس نے سفارشات پیش کی تھیں آج اسے نافذ رہنے دیا جائے بجائے اس کے کہ نیا بورڈ بنایا جائے مجھے وزیر پارلیمانی امور کی اس بات سے شدید اختلاف ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ وقت کی کمی کے باعث نیا بورڈ نہیں بنایا گیا ۔ بلکہ ہم نے اس بورڈ کو نئی زندگی بخشی ہے ۔ میں ان سے یہ پوچھتا ہوں کہ اس بورڈ نے جب ۱۹۶۱ء میں یہ فیصلہ دیا تھا اور اپنے فیصلہ میں واضح الفاظ میں کہہ دیا تھا کہ اس بورڈ کے فیصلہ کو ۵ سال تک نافذ رہنا چاہئیے ۔ اس کے بعد نیا بورڈ نئے حالات کے مطابق نئی شرائط متعین کرے تو اس عرصہ میں آپ

کیوں سوتے رہے ۔ اب ٹھیک جنوری ۱۹۶۶ء میں آ کر جب کہ بورڈ کی زندگی ختم ہو رہی تھی اس وقت کیوں ان کو خیال آیا کہ نیا بورڈ نہیں بن سکتا اس میں دیر لگے گی اور وقت کی کمی کی وجہ سے نیا بورڈ نہیں بنایا جا سکتا ۔ چنانچہ اسی بورڈ کی سفارشات کی زندگی میں اضافہ کیا جائے ۔ آپ کے پاس ۵ سال کا وقت تھا ۔ کیا وجہ ہے کہ ایک یا دو سال پہلے آپ کو سوچنے کا موقع نہیں ملا ۔ کہ ایک بورڈ جس کی سفارشات ۶۱ میں آئی تھیں اب وہ out of date ہے اور obsolete ہے اس کی زندگی ختم ہو چکی ہے اس لئے نئے حالات کے مطابق نئے اخراجات زندگی کے مطابق اور نئی صورت حال کے مطابق نیا Wage Board بنانا چاہئیے تاکہ ہم صحافی کارکنوں کی شرائط ملازمت پر دوبارہ غور کر سکیں ۔ پھر آپ کو یہ بھی معلوم تھا کہ Wage Board نے اپنی سفارشات میں یہ بات لکھی تھی کہ ہمارے پاس مختلف ادارے تنخواہوں کے علاوہ اور بہت سے مطالبات لے کر آ رہے ہیں ۔ ہمارے پاس delegations آ رہے ہیں ۔ لوگ اپنی ضروریات لے کر آ رہے ہیں لیکن ہمارے ہاتھ بندھے ہوئے ہیں اور ہمارے اختیارات محدود ہیں ہم کچھ نہیں کر سکتے تو حکومت کا یہ فرض تھا کہ جب Wage Board کی زندگی ختم ہو رہی تھی تو نیا Wage Board بناتی ۔ اس کے اختیارات میں اور اضافہ کرتی تاکہ وہ بڑے perspective میں کارکن صحافیوں کے تمام

مسائل کو سامنے رکھ کر ان کے لئے کوئی معقول اور مناسب شرائط ملازمت تجویز کرتا اگر آپ پچھلے بورڈ کی شرائط ملازمت کو دیکھیں تو اس میں اتنی بے شمار controversial چیزیں سامنے آئینگی اور متضاد چیزیں سامنے آئیں گی جس کا لازمی تقاضا یہ تھا کہ انہیں دور کیا جائے لیکن آپ نے اس بورڈ کی زندگی ختم کرنے کی بجائے اس بورڈ کو توسیع دی ہے ۔ میں آپ کی حمایت کرتا اگر آپ صرف یہ کہتے کہ ۳۰ جون ۱۹۶۶ء تک اس کی توسیع کی جائے ۔ لیکن اس ordinance میں آپ نے یہ فرمایا ہے ۔

"……the said decision shall remain in force until the 31st of March, 1966, or such other date as the Provincial Government may, by notification in the official Gazette, appoint in this behalf."

اس کا مطلب یہ ہوا کہ آپ ایوان سے یہ اختیار حاصل کر رہے ہیں کہ وہ Wage Board جس نے ۱۹۶۱ء میں ایوارڈ دیا تھا اس کے فیصلوں کو جب تک آپ چاہیں ایک Notification کے ذریعہ بخشتے رہیں اور آپ کو اس ایوان میں آنے کی ضرورت نہ پڑے ۔ نہ آرڈیننس نکالنے کی ضرورت پڑے اور نہ نیا Wage Board بنانے کی ضرورت پیش آئے آپ غیر محدود اختیارات اس ایوان سے حاصل کرنا چاہتے ہیں ۔ تاکہ جب تک آپ چاہیں اسے توسیع دیتے رہیں ۔ کارکن صحافیوں کو پریشان کرتے رہیں اور ان کے مسائل حل نہ ہو سکیں ۔

ممکن ہے میرا خیال غلط ہو ۔ لیکن حکومت کا جو عام رویہ ہے ۔ اس

سے میں سمجھتا ہوں کہ صحافی طبقہ کو اپنے ہاتھ میں رکھنے کے لئے ان کو پریشان رکھنے اور ان کی آزادی فکر کو سلب کرنے کے لئے آپ عمداً ایسے قوانین بناتے ہیں اور ایسے قوانین کو جاری رکھتے ہیں اور زندگی بخشتے ہیں تاکہ ان کے مسائل حل نہ ہو سکیں ۔

ان الفاظ کے ساتھ میں اس آرڈیننس کی مخالفت کرتا ہوں ۔ مجھے توقع ہے کہ وزیر پارلیمانی امور اس کے صحیح perspective کو دیکھیں گے اور اس معزز ایوان کو شکریہ کا موقع دیں گے ۔

مسٹر حمزہ (لائل پور ۔ ٦) ۔ جناب سپیکر ۔ اس سے پہلے دو مقرر اصحاب نے جو کچھ فرمایا ہے مجھے ان کی گذارشات اور خیالات سے جزوی طور پر اتفاق ہے ۔ جزوی طور پر اس لئے کہ جب وہ یہ فرماتے ہیں کہ Wage Board نیا بنایا جائے اور حالات کے پیش نظر میں یہ سمجھتا ہوں کہ ملک کے موجودہ حالات میں ہوائی قلعے بنانے کے مترادف ہے ۔

در اصل چاہئے تو یہ تھا کہ جیسے پنجابی میں کہتے ہیں ۔ ''اگا دوڑ پچھا چوڑ''، جب حکومت آج سے ٥ سال پہلے دئے ہوئے ایوارڈ پر عمل نہیں کرا سکی تو اس سے یہ توقع رکھنا کہ آئندہ وہ نیا بورڈ بنائے یا اس کی سفارشات پر عمل کرانے کی کوشش کرے گی عبث ہے اور یہ زیادتی ہے ۔ جناب اختر صاحب نے فرمایا تھا کہ بعض مشہور

اخبارات جو پہلے نیک نام تھے اور اب بدنام ہوگئے ہیں وہ حکومت کی تحویل میں ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان کو پریس ٹرسٹ کا لبادہ اوڑھانے کی بجائے حکومت بلاواسطہ اپنے قبضہ میں لے لیتی تو بہتر تھا ۔ عام لوگ اب ان اخبارات کو گورنمنٹ گزٹ کہتے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ اس وقت دو بڑے طبقوں میں مقابلہ ہے ۔ ایک طرف صنعتکار اور مل مالکان ہیں اور دوسری طرف وہ افراد ہیں جو پردے میں پریس ٹرسٹ کی صورت میں نمودار ہوئے ہیں ۔ ان کو یہ لبادہ جس شخصیت نے جس ادارہ نے یا حکومت نے اوڑھنے پر مجبور کیا ہے یا انہوں نے بذات خود اوڑھا ہے بہر حال وہ ہمارے سامنے ہے ۔ کیا آپ اس سے یہ توقع کر سکتے ہیں کہ وہ صحافی طبقہ کے مفادات کی حفاظت کرے گی یا ان کے جائز مطالبات کو منوائے گی ۔

جناب سپیکر ۔ آپ کو علم ہے کہ وقتاً فوقتاً اس ملک میں مختلف لیبر لاز پاس ہوتے رہے لیکن آج تک ان قوانین پر ان کی روح کے مطابق عمل نہیں ہوا اس کی وجہ یہ ہے کہ محنت کش اور مل کے مالک کا جو زندگی میں مقام (status) ہے اس میں بہت ہی بڑا فرق ہے اور جب ہمارے ملک میں صورت حال یہ ہو کہ یہاں حکومت کی پالیسیاں انکے اشاروں پر چلتی ہوں تو آخر حکومت سے یہ کیسے توقع کی جا سکتی ہے کہ وہ فوری طور پر Wage Board بنائے گی اور میں تو موجودہ حکومت سے اتنا ڈرتا ہوں کہ

اگر حکومت Wage Board بنائے گی تو اس میں اس قسم کے لوگ لائے گی کہ ان کا دیا ہوا award ہمارے صحافی کارکنوں کے مفادات کے خلاف ہوگا یہ بورڈ بنانے کا اختیار اس حکومت کو حاصل ہے جو حکومت عوامی مطالبات یا صحافیوں کی شکایات یا جن حالات میں وہ کام کرتے ہیں سے قطعی بے نیاز ہے ۔ صحافی کوئی نرالے لوگ نہیں ہوتے ۔ صحافی ہمارے بھائی ہیں اور میں اس پیشے کی بہت عزت کرتا ہوں لیکن آپ کے علم میں ہے کہ اس ملک میں ہاتھ سے کام کرنے والے یا دماغ سے کام کرنے والوں کے ساتھ ہماری حکومت کا کیا سلوک ہے۔ جب وہ مطالبہ کرتے ہیں کہ حکومت ان کو آسودہ طریقہ سے زندگی بسر کرنے کی سہولتیں بہم پہونچائے تو میں ان سے کہوں گا کہ آپ کا تو ڈنڈے کھا کر پیٹ بھر گیا ہے آپ کو اب کھانے کی کیا ضرورت ہے ۔ میرے خیال میں اگر حکومت یہ محسوس کرے کہ انکو چاہے تنخواہ کم دی جائے مگر عزت سے کام کرنے کا موقع دیا جائے تو یہ لوگ بڑی خوشی سے اپنے فرائض انجام دیں گے ۔ لیکن افسوس یہ ہے کہ وہ لوگ (پھر میں وہی بات کہوں گا) جو اسلام کے دعویدار ہیں اور جو اس ملک کو اسلامی مملکت بنانا چاہتے ہیں ان کا کردار یہ ہے کہ انہوں نے لوگوں کے ضمیروں کو جھنجھوڑنے کی ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Senior Deputy Speaker: The member may please be relevant to the ordinance. We are not discussing the general policy of the ordinance.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں صحافیوں کی زندگی جن حالات سے وہ زندگی گذر رہی ہے یا جن حالات میں وہ زندگی گذار رہے ہیں یا جن کے متعلق یہ آرڈیننس ہے میں انہیں سے متعلق معروضات پیش کر رہا ہوں ۔ صحافی کوئی مٹی کے بت نہیں ہیں بلکہ وہ انسان ہیں انکو صحیح معنوں میں اپنی رائے کا اظہار کرنا ہے انہیں صحیح معنوں میں ملک کے حالات کا جائزہ لینا ہے اور آئیندہ کیلئے ایک اچھا لائحہ عمل پیش کرنا ہے جب آپ ان کو عزت سے سوچنے کا موقع نہیں بہم پہنچائیں گے ۔ تو آپ ان سے کیا توقع کر سکتے ہیں کہ وہ اپنے فرائض بخیر و خوبی سر انجام دیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر انکو مادی لحاظ سے کوئی نقصان اٹھانا پڑے تو وہ نقصان اٹھا لیں گے اور خندہپیشانی سے اٹھائیں گے لیکن افسوس یہ ہے کہ روز مرہ انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ کیطرف سے مداخلت ہوتی ہے اور ان کو آزادی سے کام کرنے کی اجازت نہیں ہے یہ بہت خوفناک اور خطرناک بات ہے اور مستقبل کیلئے بڑی ہی پریشان کن ہے ۔

جناب سپیکر ۔ میں آپکی خدمت میں اشارتاً یہ عرض کر چکا ہوں کہ ہماری حکومت جو کہ Wage Board مقرر کر کے صحافی کارکنوں کے مفادات کی حفاظت کا دعویٰ کرتی ہے اس کے اپنے افسروں کا انکے ساتھ رویہ اور سلوک ایسا ہے کہ ۲۲ ۔ اپریل کو شالا مار میں جب شاہ فیصل تشریف لیگئے تو صحافیوں کیساتھ کیا سلوک ہوا ۔

کیا ہم اس حکومت سے یہ توقع کر سکتے ہیں کہ وہ حکومت جو اب صحافیوں کی پٹائی کرنے پر اتر آئی ہو وہ حکومت اخبار کے مالکوں سے صحافیوں کے حقوق منوائیگی ۔

جناب سپیکر ۔ کل لائل پور سے آتے ہوئے مجھے پتہ چلا کہ وہ اخبار کے وہ مالکان جو حکومت کے اشاروں پر ناچتے ہیں ہماری حکومت نے انہیں روٹ پرمٹ دیئے ہیں ۔ حکومت کی یہ ذرہ نوازی ملاحظہ فرمائیے کہ لائل پور کے اخبارات کے مالکوں کو یہ حکومت روٹ پرمٹ دیتی ہے اور شالامار میں صحافیوں کو لیجا کر ان پر ڈنڈے برساتی ہے ۔ ہم اس حکومت سے قطعی یہ توقع نہیں کر سکتے یہ خواہ جتنی بھی قوانین میں ترمیمیں لے آئیں ۔ یہ قوانین میں جسقدر بھی ترمیمیں کرتے ہیں وہ محض عوام کو دھوکا دینے کیلئے کرتے ہیں اس سے صحافیوں کی working conditions پر کوئی اثر نہیں پڑیگا ۔ جس طرح انہوں نے ہائی کورٹ کے جج مقرر کرتے وقت دھاندلیاں کی ہیں اسی طرح یہ Wage Board مقرر کرنے میں بھی دھاندلیاں کریں گے ۔ میں ان معروضات کیساتھ اس آرڈیننس کی مخالفت کرتا ہوں ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : The question is :

That this Assembly do approve of the Working Journalists (Conditions of Service) (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1965 promulgated by the Governor of West Pakistan on 30th December 1965.

The motion was carried.

THE NOTARIES (WEST PAKISTAN AMENDMENT) ORDINANCE, 1966.

Minister of Basic Democracies (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : Sir, I beg to move :

> That the Assembly do approve of the Notaries (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on 5th February, 1966.

Mr. Senior Deputy Speaker : Motion moved is :

> That the Assembly do approve of the Notaries (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on 5th February, 1966.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : Sir, it is again a very short and simple ordinance. This Notary ordinance was issued by the President of Pakistan. In this, some changes were required as a result of the suggestions made by the High Court that this Notaries ordinance envisages appointment of Notaries, commonly known as Notary Public, and they are empowered under this ordinance to attest affidavits which were filed before the court, and the High Court objected that this is the power of the High Court under the rules, and it is only under those rules are authorized to attest affidavits or regularly that persons appointed Magistrates. Agreeing with the suggestion of the High Court, this ordinance was issued to take away the powers of the notaries to attest affidavits, which are required to be filed in court. Otherwise; the ordinance issued by the Central Government, as it is, remains in tact, so that this amendment has been undertaken solely and wholly in deference to the wishes and the desire of the High Court.

Mr. Senior Deputy Speaker : Yes, Mr. Mahmood Azam Farooqi.

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی - ۸) - جناب والا - وزیر قانون کی اس وضاحت سے میری سمجھ میں یہ بات نہیں آئی کہ یہ جو آرڈیننس میں ترمیم فرما رہے ہیں - وہ دو باتوں میں سے ایک بات سے خالی نہیں

ہے ۔ یہ بات یا تو آپ مان لیں گے کہ جب آپ نے پہلا آرڈیننس بنایا تھا تو آپ کا ذہن رسا اس وقت دو سال آگے تک نہیں دیکھ سکا تھا یا دوسری صورت یہ ہو سکتی ہے کہ آپ نے آرڈیننس لانے کے بعد جن لوگوں کو Notaries مقرر کیا ہے ان کی کارکردگی سے ہائی کورٹ مطمئن نہ ہوسکا یعنی حلف نامہ certify کرنے میں انہوں نے ذمہداری کا ثبوت نہیں دیا جس کی کہ ان سے توقع کی جاتی تھی اور نتیجتاً ہائی کورٹ نے یہ محسوس کیا کہ آپ نے غیر ذمہدار لوگوں کو مقررکیا ہے اس لئے ان سے اختیارات واپس لے لئے جائیں ۔ میں عرض کرتا ہوں کہ اختیارات کا دینا اور اختیارات کو دے کر واپس لیتے رہنا ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سینیٹر ڈپٹی سپیکر ۔ اس آرڈیننس کا مقصد صرف یہ ہے کہ پہلے Notaries کے سیکشن ۸ ۔ میں جو functions تھے ان میں یہ نہیں کہا تھا کہ وہ حلف نامہ تصدیق کر سکتے ہیں تو ہائی کورٹ نے یہ پوائنٹ آؤٹ کیا ہے کہ Notaries پبلک attest نہیں کر سکتے ۔ اب یہ آرڈیننس اسی وجہ سے لایا جا رہا ہے کہ Notaries پبلک کو اختیار ہو کہ وہ attest کر سکے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ نہیں ۔ جناب والا ۔ میری عرض یہ ہے کہ پہلے جو آرڈیننس تھا اس میں Notaries Public کے اختیارات لا محدود تھے ۔

یعنی وہ ہر دستاویز attest کر سکتے ہیں اور اب انہوں نے اس میں اسے specify کر دیا ہے کہ اب صرف وہ دستاویز جو اس کے سیکشن فلاں ۔ ۔ ۔

Minister of Law: Sir, in June 1961, the Central Government promulgated the Notaries Ordinance to regulate the profession of Notaries in Pakistan. According to Section 8 of the Ordinance, one of the functions of the Notaries is to administer oath or attest affidavits from any person. The High Court recommended that the power of attesting affidavits in relation to business to be transacted in courts cannot be vested in the Notaries as it is the power of the High Court to appoint such authorities under the rules of the High Court. It is only with this end in view that is to meet the desire of the High Court that this amendment has been undertaken otherwise the powers of the Notaries, as defined in the Ordinance, remain intact. All that has happened is that as a result of this Ordinance, the Notaries will not be competent to attest any affidavit which is required to be filled in High Court. Short of that, they are competent to perform their regular duties.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جو پہلا آرڈیننس بنا تھا اس میں آپ نے ہائی کورٹ کے اختیارات پر encroach کیا تھا یعنی ہمارے اختیارات پر encroach کرتے کرتے آپ ایک قدم اور آگے بڑھ گئے ہیں ۔

Minister of Law: As I said earlier this was a Central Ordinance. The President issued it in 1961. After the Constitution, this subject came to be transferred to the Provincial Legislative field but before that it was within the powers of the Central Government.

Mr. Munawar Khan: Personally I support it if this thing is taken out from their power.

Malik Muhammad Akhtar: I will speak on it, Sir.

Mr. Senior Deputy Speaker : Does the member want to oppose the Ordinance ?

ملک محمد اختر (لاهور - ۲) - certainly sir جناب سپیکر - مجھے اس Notary کے آرڈیننس کے متعلق کچھ اعتراض ہے کہ ایک تو آپ نے ان کی جو فیس مقرر کی ہوئی ہے وہ رولز کے تحت بہت زیادہ ہے۔ عام attestation کرنے والے جو ہوتے ہیں یعنی اوتھ کمشنرز ان کی فیس ایک روپیہ ہوتی ہے اور یہ فیس تقریباً چھ روپوں کے برابر ہے - دوسرے ان ارکان کا جن کا تقرر کیا جاتا ہے ان کا ہائی کورٹ کی پاورز سے تصادم ہوتا تھا - میں یہ نہیں کہنا چاہتا کہ ہائی کورٹ کی پاورز کے بعض حصے انہوں نے exclude کیے ہیں - یا یہ کہ ہائی کورٹ کی پاورز انہوں نے غصب کی ہیں - میں یہ نہیں کہنا چاہتا - میں اس سلسلہ میں ان کے لئے ایک بڑا ہلکا سا لفظ تلاش کر رہا ہوں - جناب والا - یہ جو آپ کے نوٹری پبلک ہیں ان کی تقرری آپ کے چیف سیکریٹری صاحب یا جو بھی حکومت کا افسر ہو وہ کرتا ہے لیکن میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ طریقہ کار غلط ہے - آپ کو یہ تمام تقرریاں ہائی کورٹ کو منتقل کر دینی چاہئیں - جناب والا - مجھے افسوس ہوتا ہے یہ کہتے ہوئے کہ نہ معلوم ہمارا یہ جو پراونشل لاء ڈیپارٹمنٹ ہے یہ power crazy کیوں ہے - پچھلی دفعہ انہوں نے ایک آرڈیننس بنایا تھا جس کے ذریعے جتنے بھی خود مختار ادارے تھے - - - - -

Mr. Senior Deputy Speaker : Please be relevant.

ملک محمد اختر - میں عرض کر رہا ہوں کہ یہ تقرریاں ہائی کورٹ کو کرنی چاہئیں - اور میں اپنی contention کی support میں دلائل پیش کر رہا ہوں - انہوں نے پچھلے سیشن میں بھی یہ کیا کہ وہ تمام قانونی مشیران کی تقرریاں اپنے پاس رکھ لیں - میں یہ سمجھتا ہوں اور میں ہاؤس میں یہ تجویز پیش کرتا ہوں کہ لاء منسٹر صاحب کو یہ جو ان کا قانون کا محکمہ ہے انہیں ریلوے کا محکمہ بھی دے دینا چاہئیے تاکہ یہ جی بھر کر تقرریاں کریں اور یہ جوڈیشل تقرریاں ہیں یہ لاء ڈیپارٹمنٹ سے لے کر یہ ہائی کورٹ کو دینی چاہئیں - جناب والا - اس کے بعد میرا دوسرا اعتراض جو اس آرڈیننس کے متعلق ہے - وہ یہ ہے کہ آج چاہے ہماری بدبختی کہئیے یا بد نصیبی کہ ہاؤس میں اس وقت ۲۴ آرڈیننس پیش کر دئے گئے ہیں بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ حکومت نے قانون سازی جو تھی وہ تمام کی تمام اپنے ذمہ لے لی ہے - اگر میں پراونشل لیجسلیچر کی تعریف پر آؤں یا اس کی defination کروں تو پراونشل لیجسلیچر ہاؤس اور گورنر مل کر بنتی ہے مگر یہ کیا گیا ہے کہ اس ہاؤس کے اختیارات بالکل ختم کر کے رکھ دئے گئے ہیں - جناب والا - کیا وجہ تھی کہ یہ کروڑوں روپیہ کی رقم اور یہ اخراجات الیکشن کمشن پر خرچ کر دیئے جاتے ہیں اور الیکشنوں کو conduct کرنے کی مشینری بنائی جاتی ہے - اگر آرڈیننس ہی آنے ہیں تو پھر اس لیجسلیچر کا کیا مطلب ؟ اس پراونشل اسمبلی

کے کیا معنی ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ کیوں نہ یہ کیا جائے کہ جب برسر اقتدار پارٹی کو اتنی اکثریت حاصل ہے وہ آئین میں ترمیم کرکے اس پراونشل اور نیشنل اسمبلی سے چھٹکارا ہی حاصل کرلیں ۔ جناب والا ۔ اگر میں یہ کہوں کہ مغربی پاکستان میں آرڈیننسوں کی عملداری ہے تو میں ایسا کہنے میں حق بجانب ہونگا ۔ مجھے یہ بتائیے پچھلے سیشن میں اگر میں غلطی کچھ کرتا تو یہ ۲۳ یا ۲۴ جو آرڈیننس پیش کئے گئے اور جن کے مقابلہ میں ایک گورنمنٹ کا بل ہے یا پرائیویٹ ممبروں کے بل تھے جن کا نہ جانے کیا حشر ہوا میں تو باور ہی نہیں کرتا کہ ان بلوں کو لیا جائیگا جن کو کسی نہ کسی طریقہ سے rule out کر دیا جاتا رہا ہے ۔ ان کو ختم کر دیا جاتا ہے کسی قانونی اعتراض کی وجہ سے انہیں rule out کر دیا جاتا ہے ۔ لیکن پرائیویٹ ممبرز کے علاوہ یہ گورنمنٹ بلز جو ہیں میں نہیں سمجھتا کہ نا معلوم یہ کیسے پاس ہوگئے ہیں ۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ لیجسلیشن کے اس طریقہ کار سے بہتر ہے کہ آرڈیننسوں کی عملداری ہو جائے یہ دونوں ہاؤس صوبائی اور مرکزی اسمبلیاں دونوں بیٹھ کر دستور میں ترمیم کر کے اس کا فیصلہ کر دیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اب مزید پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے ۔ اور یہ وزراء صاحبان تو بدستور بحیثیت مشیر اور ایڈوائزر کے رہیں گے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ پریشانی صرف آپ کا حصہ ہے ۔

ملک محمد اختر - یہ جناب ٹھیک ہے - (قطع کلامیاں)

Mr. Senior Deputy Speaker: Order, please, order.

ملک محمد اختر - مسٹر سپیکر - میری یہ گذارش ہے - کہ کیا ہی بہتر ہو کہ لا منسٹر صاحب اس ننھے منے آرڈیننس کو اس غیر ضروری آرڈیننس کو واپس ہی لے لیں اور ایک نیا آرڈیننس لائیں جس کے ذریعے ہائی کورٹ کو ہی یہ اختیارت تفویض کر دیں تا کہ تمام تقرریاں ہائی کورٹ ہی کیا کرے - اس میں جواز نہیں کہ ہم جوڈیشل کاموں میں خواہ مخواہ دخل دیں -

چودھری محمد ادریس (جھنگ - ۱) - جناب والا - اختر صاحب کا یہ اعتراض کہ اس آرڈیننس کی وجہ سے گورنمنٹ مزید اختیارات حاصل کر رہی ہے مجھے صحیح معلوم نہیں ہوتا - یہ آرڈیننس ۱۹۶۱ء میں بنا دیا گیا تھا اور اس کا نفاذ دسمبر ۱۹۶۵ء میں ہوا تھا - دسمبر ۱۹۶۵ء سے پیشتر یہ آرڈیننس لاگو نہیں تھا - اسے دسمبر ۱۹۶۵ء میں enforce کیا گیا اور دسمبر ۱۹۶۵ء کے آخر میں رواج بنائے گئے جیسا کہ لا منسٹر صاحب نے فرمایا ہے - اس سے پہلے نوٹری پبلک کی تقرری اس ایکٹ کے تحت ہوتی تھی - جو اس حکومت سے بہت پہلے کا یعنی ۱۸۷۱ء کا بنا ہے - اس کے مطابق تقرری ہوم سیکرٹری کرتے رہے ہیں - اب بھی یہ تقرری ہوم سیکرٹری کریں گے - یہ کوئی نیا اختیار نہیں بلکہ پرانا اختیار ہے جس کا اعادہ اس آرڈیننس میں کیا گیا ہے -

(*At this stage, Mr. Speaker took the Chair.*)

Mr. Speaker: Would the Law Minister like to answer?

Minister for Law: No, Sir.

Mr. Speaker: The question is:

That the Assembly do approve of the Notaries (West Pakistan Amendment) Ordinance 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 5th February, 1966.

The motion was carried.

THE SIND FAMINE RELIEF FUND (WEST PAKISTAN REPEAL) ORDINANCE, 1966.

Mr. Speaker: Next motion.

Minister for Law and Parliamentary Affairs (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): I beg to move:

That the Assembly do approve of the Sind Famine Relief Fund (West Pakistan Repeal) Ordinance 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on 5th February, 1966.

Mr. Speaker: Motion moved is:

That the Assembly do approve of the Sind Famine Relief Fund (West Pakistan Repeal) Ordinance 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on 5th February, 1966.

Malik Muhammad Akhtar: Opposed, Sir.

Mr. Speaker: It is West Pakistan Repeal amendment?

Minister for Law: Yes Sir.

Mr. Speaker: The motion moved is :

That the Assemb'y do approve of the Sind Famine Relief Fund (West Pakistan Repeal) Ordinance 1966, promulgaed by the Governor of West Pakistan on 5th February, 1966.

Minister for Law: Sir, this ordinance seeks to repeal The Sind Famine Relief Act which is unnecessarily lingering on the Statute Book. The West Pakistan Famine Relief Ordinance of 1958 is in operation. It applies to the whole of West Pakistan including Sind and it was thought unnecessary to allow this Act to remain on the Statute Book because what the Sind Relief Famine Act contemplate in it to do or administer, is fully, effectively and amply covered by the West Pakistan Famine Relief Ordinance of 1958. So this is only a repealing ordinance which has done away with that one Sind Act which has outlived its utility.

Mr. Speaker: Malik Muhammad Akhtar.

ملک محمد اختر (لاهور - ۲) - جناب سپیکر - مجھے توقع نه تھی که همارے لاء منسٹر صاحب ایک اچھے قانون کو جس سے سابقه صوبه سنده کو کچھ فائده حاصل تھا منسوخ کرنے کی کوشش کریں گے - میں ان کی خدمت میں مودبانه گذارش کرونگا که ع

ناؤک نے تیرے صید نه چھوڑا زمانے میں

جناب والا - یه جو Sind Famine Relief Act, ۱۹۳۷ء تھا اس کی دفعه ۳ کے تحت حکومت صوبه کے لئے ایک فنڈ مہیا کر سکتی تھی - سنده ریلیف فنڈ - اور اس کے لئے سنٹرل گورنمنٹ سے امداد لے سکتی تھی خود صوبائی حکومت اس میں حصه لے سکتی تھی - اور یه کوئی ایسا قانون نه تھا که خدانخواسته جب قحط هو اسی وقت کام آئے اس سے زراعت میں بہتری مطلوب تھی - اس فنڈ میں سے کاشتکاروں

اور کسانون کو قرضے دیئے جاتے تھے جن سے ان کی حالت بہتر ہوتی تھی زمینوں کی حالت بہتر بنائی جاتی تھی ۔

جناب والا ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ غلہ زیادہ اگاؤ کے اس زمانہ میں جبکہ ہمیں خوراک اور دوسری فصلوں کی زیادہ سے زیادہ ضرورت ہے کاشتکاروں کو ایسے قانون سے محروم کرنا جس میں انہیں کئی سہولتیں دی گئی تھیں سراسر نا مناسب اور ناروا ہے ۔ (ہیئر ۔ ہیئر) مجھے یہ بھی گذارش کرنا ہے کہ اس ایکٹ میں ایک دفعہ تھی جس کے تحت جب اس فنڈ کی رقم ۱۲ لاکھ سے بڑھ جاتی تھی تو اسے آبپاشی کی تعمیرات کے لئے استعمال کیا جاتا تھا ۔ اگر وہ کسی دوسرے قانون مثلاً لینڈ ریونیو بل یا انتقال اراضی بل میں ایسی شق رکھ کے اس قانون کو منسوخ کرتے تو زیادہ بہتر ہوتا میں پھر عرض کرونگا کہ آرڈیننس کے ذریعے قانون سازی کرنے سے جو برائیاں پیدا ہو رہی ہیں وہ اس آرڈیننس سے نمایاں ہیں کیا ہی اچھا ہوتا اگر وہ اس چھوٹے سے مختصر سے قانون کو کتاب قانون سے خارج کرنے کے لئے بل کی صورت میں لاتے اور اسے کسی سب کمیٹی کے سپرد کرتے جس میں سندھ کے ممبر حضرات بھی ہوتے ۔ وہاں متعلقہ وزیر اپنی تکلیف بیان کرتے ۔ بحث و تمحیص ہوتی ۔ معاملہ کے حسن وقبح پر غور ہوتا ۔ اس کے بعد یہ فیصلہ کیا جاتا کہ اس کی ضرورت ہے یا نہیں ۔

علاوہ ازیں اس آرڈیننس کے ساتھ بیان اغراض و وجوہ بھی نہیں ہے - جس سے یہ معلوم ہوتا کہ اس قانون کو منسوخ کرنے کی ضرورت کیا ہے - جناب سپیکر - میں آپ کی وساطت سے لا منسٹر اور لیڈر آف دی ہاؤس سے مودبانہ درخواست کرونگا - کہ اگر حکومت بذریعہ آرڈیننس قانون سازی پر بضد ہے تو کم از کم آرڈیننس کے ساتھ وہ وجوہات تو بیان ہونی چاہئیں جن کے تحت اس کا نفاذ ضروری سمجھا جاتا ہے - جیسا کہ میری عادت ہے جب میں نے اس قانون کو بغور دیکھا اور اس کا ایک ایک سیکشن پڑھا تو میں نے اسے نہایت ہی مفید قانون پایا مگر اب ہمارے سندھی بھائیوں کو ان حقوق و مراعات سے محروم کیا جا رہا ہے جو ۱۹۳۷ء میں فرنگی حکمرانوں نے اپنے وقت میں انہیں دے رکھے تھے کاش وہ ان بلوں میں جو وہ ایوان میں لا رہے ہیں امداد و ر مالیہ کی معافی وغیرہ کی ایسی کلازیں رکھ دیتے جو اس بل میں جسے وہ منسوخ کر رہے ہیں موجود تھیں تا کہ اس کا مداوا ہو سکتا - جناب سپیکر - میں پھر دھراتا ہوں - اگر گستاخی نہ ہو اور اگر میں گردن زدنی نہ سمجھا جاؤں تو کچھ کہہ گزروں - گورنر صاحب کو جو اختیارات آرڈیننس نافذ کرنے کا ہے وہ ایمرجنسی حالات میں ہے - ایسے measure کے متعلق جب ہاؤس سیشن میں ہو میں سمجھتا ہوں (آپ مجھے پکڑ بھی لیں تو میں کہے بغیر نہیں رہ سکتا) ایسا کرنا flagrant abuse of powers ہے اور بہتر ہے کہ وہ اس کو ایسی حالت میں نافذ نہ کریں -

جناب سپیکر ۔ آئین کے بنانے والوں نے جب آرٹیکل ۹۷ کا نفاذ کیا تو ان کے ذھن میں ھرگز یہ بات نہ تھی اگر انکے ذھن میں یہ بات تھی تو وہ subsequent provision تھی ۔ جس میں تمام اختیارات سنٹر سے صوبوں کو دیئے گئے یعنی ۵۰ فیصدی مغربی پاکستان کو اور ۵۰ فیصدی مشرقی پاکستان کو ۔ ان کو معلوم نہ تھا کہ یہ کام پھر سیکرٹریز نے کرنا ھے ۔ آئین کے بنانے والوں نے لیجسلیچر کو زیادہ اختیارات دیئے ۔ تمام کے تمام موضوعات پر ماسوائے چند ایسے امور کے جنہیں specify کیا گیا ھے عوامی نمائندگان لیجسلیشن کریں ۔ ان امور کو طے کریں اور اچھا قانون بنائیں ۔ اب بتائیں کہ جب ایک آرڈیننس بنتا ھے (مجھے یہ بھی قابل قبول ھے کہ اگر میمن صاحب اپنے قلم سے بنالیں) تو وہ آرڈیننس ان کے لاڈیپارٹمنٹ کا سیکشن آفیسر بناتا ھے اور ھمارے مغربی پاکستان کے پانچ کروڑ انسانوں کی گردنیں اور ھماری آئندہ نسلوں کی سوچ سیکرٹریٹ کے ایک کلرک کی قلم کے حوالے کردی جاتی ھیں ۔ میں سمجھتا ھوں کہ اس سے زیادہ باعث شرم کوئی اور بات یا فعل نہیں ھو سکتا ۔

Minister of Law : The member is now actually indulging in the use of unparliamentary language.

ملک محمد اختر ۔ I withdraw sir جناب عالی ۔ مجھے آپ ایک یا دو آرڈیننس تفویض فرمائیں اور مجھے اور لاء منسٹر صاحب کو ایک علیحدہ کمرہ میں بند کر دیں تو میں یقین سے کہتا ھوں کہ ھم سارے

سال میں زیادہ سے زیادہ ۱۲ ordinances بنا سکیں گے جن پر اعتراض نہیں ہو سکے گا ۔ یہ اس وقت وزیر ہیں لیکن میں ان کو نمائندہ کی حیثیت سے تسلیم کرتا ہوں ۔ یہ پرانے سیاستدان ہیں ۔ یہ قابل ہیں ۔ ان کو ضرور لاءمنسٹر ہونا چاہئے تھا ۔ لیکن جہاں تک ordinances کا تعلق ہے یہ خود آرڈیننس نہیں بناتے وہ تو ان کے کلرک بناتے ہیں ۔ اس طرح مجھے اصولی طور پر اس بات پر شدید اعتراض اور میں احتجاج کرتا ہوں ۔ کہ آخر یہ لیجسلیشن آپ نے کیوں بنائی ہے ۔ آپ اندازہ فرمائیں کہ گورنمنٹ کے کم و بیش ۱۰ بلز ہوں گے ان کے مقابلہ میں میرا اندازہ ہے کہ ۷۰ کے قریب آپ ہنگامی قوانین لے آئے ہیں پھر یہ ہنگامی قوانین جو آپ کے بے ضرر ہنگامی قوانین ہیں ان میں یکسانیت جو آپ پیدا کر رہے ہیں اگر اس میں مجھے آپکی efficiency نظر آئے تو چلئے مجھے یہ ہنگامی قوانین بھی قابل قبول ہیں ۔ یعنی integration of provinces کے وقت ۱۴ اکتوبر ۱۹۵۵ء سے دس سال کے بعد بھی آپ ordinances کے ذریعے قوانین میں آج تک unification نہیں کر سکے ۔ جناب والا ۔ جو لینڈ ریونیو بل پر سیلیکٹ کمیٹی بٹھائی گئی تھی اس میں پانچ چھ ممبروں کا تقرر ہوا تھا ہم چاہتے تھے کہ کسی طرح اس بل کو ہاؤس میں لے جائیں تاکہ unification of law میں تاخیر نہ ہو ۔ جو unification ہوئی ہے اس سے میں سمجھتا ہوں کہ صوبہ کی بدنصیبی ہے ۔ مجھے ان گذارشات کو یہاں دوبارہ عرض کرنا ہے کہ جو ہوا سو ہوا آگے آپ اس قسم کے قانون بنائیں کہ اس میں unification of law

ہو جائے ۔ اب میں بر سر اقتدار پارٹی کے ارکان سے بھی گذارش کروں گا کہ ان کی بھی ذمہ داری ہے ۔ ان کی بھی responsibility ہے ۔ یہ لیجسلیشن جس کا حال یہ ہے کہ ہمارے وزیر مال صاحب اور وزیر قانون صاحب بیٹھے ہوئے ہیں دیکھا ہے کہ کتنی poor drafting ہے ۔ اس میں پندرہ بیس فل سٹاف اور کامہ کی غلطیاں نکلی ہیں ۔ اگر آرڈیننس میں ایک فل سٹاف کو چھوڑ دیں اور ایک کامہ کو چھوڑ دیں تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ غیر موزوں قانون بنے گا ۔ ان کے انگریزی کے جو phrases ہیں ان کا بھی اللہ حافظ ہے ۔ آپ دیکھیں انگریز نے قوانین بنائے ۔ سول پروسیجر کوڈ بنایا ۔ لینڈ ریونیو ایکٹ بنایا ۔ حالات کے مطابق ترامیم ہوئیں ۔ لیکن وہ قوانین ابھی تک چلتے ہیں یہ آج سیاہ آرڈیننس جن کو بار بار لا رہے ہیں اندازہ فرمائیں یہ کب تک چلیں گے ۔ ان کو چلانے کے بعد آئندہ نسلوں کا ذہنی معیار اونچا جا چکا ہوگا ۔ پھر مارشل لاء کے قیام کے بعد جو قانون سازی مغربی پاکستان میں ہوئی اس کا کیا عالم تھا ۔ میں ہرگز حقائق سے دور نہیں جا رہا ۔ میں ایک صحیح تصویر کھینچ رہا ہوں ۔ خدا را سوچیں کہ ایسی بات کیوں کر رہے ہیں ۔ جناب والا کسی آزاد ملک میں ہرگز یہ واجب نہیں کہ وہاں آرڈیننسوں کی عمل داری ہو ۔ آپ یہ کریں کہ آپ کے جو ہنگامی قوانین آتے ہیں ان میں کم از کم ترامیم کا حق ہو ۔ جو غلطیاں ہوں ان کو نکال سکیں ۔ میرے پاس ایک آرٹیکل ہے جو صدر مملکت کے بیان کے بعد کسی اخبار نے لکھا ہے ۔

Chaudhri Anwar Aziz : I would like to request the Member that he should stick to the provisions of the Ordinance rather than discuss the policy whether Ordinances are good or bad.

Mr. Speaker : I think he is discussing that Ordinances should not be issued and this Ordinance should not have been promulgated.

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak : Since it has not been possible for me to go through the agenda would it be possible for the Law Minister to kindly explain whether any benevolent provisions have been deleted or included in the amending Ordinance ?

Minister of Law : I would have replied but the member is on his legs and it would not be fair to disturb him.

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ صدر مملکت کا بیان آیا ۔ کہ وہ شاید اس قسم کے اختیارات بھی دے رہے ہیں ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ ملک صاحب ۔ میرا خیال ہے ۔ کہ آپ constitution کو بہت زیادہ زیر بحث نہ لائیں ۔ That would not be strictly relevant.

ملک محمد اختر ۔ بہت اچھا جناب ۔ تو جناب والا ۔ اس قسم کی ترمیم بھی ہو رہی ہے ۔ میں اسکو بھی خوش آمدید کہتا ہوں ۔ کہ اگر یہ ایوان میں آئے ۔ تو ہمیں یہ اجازت ہوگی ۔ کہ ہم اس پر بحث مباحثہ کر سکیں ۔ اس سے زیادہ تو اب میں سمجھتا ہوں ۔ کہ یہ جو الفاظ اب کہے گئے ہیں ۔ یہ بھی بےسود ہیں ۔ کیونکہ انکا اثر تو ہونا نہیں ۔ بہر حال اپنی جو گذارشات ہیں ۔ اور جو میں سمجھتا ہوں ۔ کہ نہ صرف اھالیان لاہور بلکہ سارے ملک کے عوام کے تاثرات ہیں ۔ ۔ ۔

Chaudhri Anwar Aziz : Sir, wouldn't it be proper if the member speaks on such subjects in his budget speech ? I really think that he is discussing the policy of the Government and not the ordinance.

Mr. Speaker : The member was not present when he was actually discussing the provisions of this ordinance.

Chaudhri Anwar Aziz : That is quite right. I am now listening to his speech, which is about the policy. As far as this ordinance is concerned, he is not discussing it. Since this is an ordinance, he can merely discuss this that the ordinance should not have been issued.

Mr Speaker : He is not saying that this ordinance should not have been issued. He says that this ordinance should not be issued.

ملک محمد اختر ۔ ان گذارشات کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi M. Varyal Memon): I am glad, Sir, and greatly appreciate the anxiety and the interest of the member from this region in Sind and the Sindhis. If he would very kindly agree to read the West Pakistan Ordinance of 1958, he would only find in it that not only what the Sind Famine Relief Act contemplated is included in it but something more than that. He probably has not taken the trouble of having compared the provisions of the two, and I would say that this lip sympathy, which he has expressed on the floor of this House for Sind and the Sindhis, probably the uppermost idea behind this move was to deny to Sind what the West Pakistan Ordinance would give to Sind had this Act not been repealed. I would, therefore, again appeal to him kindly to read the provisions of the two, and see whether Sind has been benefited by the repeal of this or Sind would have been better off with the original Act and not this ordinance. ordinance. On my part, I would very respectfully submit before this House that the West Pakistan Ordinance goes far beyond what the Sind

Act had acceded. It has not taken back anything from Sind but it is giving so many things in addition. The member was in error when he said that the relief has been denied, loans have been denied, and in this context he will not spare the Revenue Bill, which was before the Assembly.

The member would kindly recall that the draft of the Revenue Bill, as it was before the Assembly and before the Select Committee, is the verbatim reproduction of the sections from the Punjab Land Revenue Code but with few modifications here or there. I think he is doing great injustice not only to the legislators but also to the law-makers and the draftsmen of the day, who provided the Punjab Code, which is considered as the best in the province, when he says that the drafting is bad, and I leave it there.

So far as the drafting of the ordinance is concerned, the member may be informed, and this House too, that the drafting is examined at the highest level not below the rank of a Joint Secretary in the Law Department. Neither a Steno, nor a clerk nor a Section Officer has anything to do nor even a Deputy Secretary has anything to do with legislation. It is also considered, discussed, examined and scrutinised by no less an officer in the Law Department who is a retired judge of the High Court, and after that is done, it is discussed by me with all these officers in all its details. I may inform the member that when this Judge of the High Court actually sat with me while we were actually contemplating legislation, he was surprised and said they were totally under a wrong impression. It was astonishing that legislation was actually being given such attention of the Law Department. They had a totally different opinion when they sat as judges to consider the ordinances.

With this, I would respectfully submit that I and my officers, whom he may consider as good or bad, as he thinks, are after all human-beings. Myself and my officers do not claim that they were as competent

and efficient as the member himself, but giving due regard to human frailty, human weakness and human error, I would only submit that all that is humanly possible and what reasonable human intelligence would permit is being done in the Law Department before an ordinance takes a final shape. Not only that; it does not stop here. It goes to the Cabinet where it is considered by the Council of Ministers, which now consists of eleven Ministers, a good many of whom are lawyers and ex-judges, at the bar and for a number of years on the bench. It is scrutinised there, examined there, after which it is passed and then it takes a final shape and comes here before the Assembly. I have been saying and I repeat it with all the humility at my command, and request the members here on both sides to please find out my defaults. I will be grateful to you if you make me wiser. I will take no time to put everything in order and undertake necessary legislation to put a legislation in order. If anything is found wanting, I may again repeat that I am a human-being. I have never claimed that I am an angel come from the sky and there could be nothing wrong with what I do. I am a human being and weaknesses may be found in me.

The legislation in West Pakistan also unfortunately came under criticism at the hands of the member. I assure him that the posterity will give a verdict that this was really the best and the glorious period in the history of Pakistan. The public has given a verdict right from 1962 onwards as to whom they want here, and it is their real representatives who are here and who proceed to approve this ordinance. When they are placed before this elected body of seven crores of Pakistanis living in West Pakistan, I dare say this is really the best legislation, and but for a handful few of our members here on that side, who would never agree even amongst themselves and have made up their mind to oppose each and every ordinance, makes us cry halt, and probably if really it was a good suggestion on any measure which should be brought here before this House in the shape of a bill,

probably that would have attracted the attention more, but now that we find that this has become a routine, probably we might feel allergic to it and I am sorry to say that we can't help it.

Mr. Munawar Khan: If the Law Minister is so keen to suggest that good law should be enacted, which should not be thrown out daily by the High Court Judges as ultra vires, why doesn't he come through with a law, in the shape of bill, and not in the shape of an ordinance; one man's law. Therefore, we are daily ridiculed and laughed at that every day ordinances are thrown out by the High Court.

Mr. Speaker: This is not a point of order.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ جناب وزیر برائے پارلیمانی امور کی اس بات کی صحت کرنا چاہتا ہوں ۔ آپ نے ابھی فرمایا ہے ۔ کہ حزب اختلاف کے چند افراد نے شاید یہ طے کر لیا ہے ۔ کہ وہ ہر ہنگامی قانون کی ضرور ہی مخالفت کریں گے ۔ حالانکہ ایسا نہیں ہے۔

مسٹر سپیکر ۔ فاروق صاحب ۔ کیا آپ اس آرڈیننس کی تائید میں تقریر کرنا چاہتے ہیں ۔ آپ کو ملک اختر صاحب کے بعد اور وزیر قانون سے پہلے تقریر کرنا چاہئے تھی ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ وزیر قانون صاحب کی عادت ہے ۔ کہ جب کوئی تقریر کرنے کے بعد بیٹھ جاتا ہے ۔ تو وہ فوراً ہی اٹھکر اسکا جواب دینے کے لئے بولنا شروع کر دیتے ہیں ۔

Mr. Speaker: Normally the position is that the Minister winds up the debate.

مسٹر محمود اعظم فاروقی - مجھے معلوم ہے - کہ انکا طریقہ ہی یہی ہے - کہ جب کوئی شخص انکے پیش کردہ قانون پر بولتا ہے - تو وہ فوراً ہی اسکا جواب دے دیتے ہیں - اس لئے میں سمجھا کہ وہ اسکا جواب دے رہے ہیں -

Mr. Speaker: How long will you take ?

Mr. Mahmood Azam Farooqi : I will take five minutes.

Mr. Speaker : There is one announcement and after that we will adjourn for tomorrow.

ANNOUNCEMENT

RE: ELECTION OF THE SENIOR AND THE OTHER DEPUTY SPEAKERS .

Mr. Speaker : There is an announcement.

Mr. Ahmed Mian Soomro, Senior Deputy Speaker of the Provincial Assembly of West Pakistan has resigned his office today afternoon. The Governor of West Pakistan has already appointed 26th May, 1966 for the election to the office of the other Deputy Speaker which had fallen vacant some time ago. As the office of the Senior Deputy Speaker has also fallen vacant, it is proposed to hold election to both the vacant offices of the Senior and the other Deputy Speaker on the 26th May, 1966. Under rule 8 read with rule 9 of the National Assembly Rules of Procedure as adopted for regulating the procedure of the Provincial Assembly of West Pakistan, separate nomination papers will be received for the Senior Deputy Speaker and for the other Deputy Speaker by 12 noon on 24th May, 1966. These nominations will be made in the prescribed forms which are available in the Notice Office of the Assembly Secretariat. Any Member may propose another Member for election as the Senior Deputy Speaker or the Other Deputy Speaker. The nomina-

tion paper has to be signed by the Member proposing the name of the candidate and it has to be stated in writing that he has ascertained that the Member proposed is willing to serve if elected.

A Member who has been nominated may withdraw his candidature at any time before 12 noon on 25th May, 1966. Separate polls shall be held, if necessary, for the election of the Senior Deputy Speaker and the Other Deputy Speaker on 26th May, 1966 from 8·30 a.m. to 1-30 p m."

The House is adjourned to meet again tomorrow, the 24th May, 1966, at 8-30 a.m.

The Assembly then adjourned till 8-30 a.m., on Tuesday, the 24th May, 1966.

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

THIRD SESSION OF THE SECOND PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Tuesday, the 24th May, 1966

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 8-30 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Siddiqi, (Qari of the Assembly) and its translation.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْهِ مَا حُمِّلَ وَعَلَيْكُمْ مَّا حُمِّلْتُمْ ۚ وَاِنْ تُطِيْعُوْهُ تَهْتَدُوْا ۚ وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ۝ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۪ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِيْنَهُمُ الَّذِي ارْتَضٰى لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا ۭ يَعْبُدُوْنَنِيْ لَا يُشْرِكُوْنَ بِيْ شَيْـًٔا ۭ وَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝

(پ ۱۸ ۔ س ۲۴ ۔ ع ۱۳ ۔ آیات ۵۴ تا ۵۶)

(اے پیغمبر) کہدو کہ اللہ کی فرمانبرداری کرو اور اللہ کے رسول کے حکم پر چلو اگر منہ موڑو گے تو رسول پر وہ ہے جو اُن کے ذمے ہے اور تم پر وہ ہے جو تمہارے ذمے ہے اگر تم اُن کے فرمان پر چلو گے تو سیدھا راستہ پالو گے اور رسول کے ذمے تو صاف صاف احکام پہونچا دینا ہے۔ جو لوگ تم میں سے ایمان لائے ہیں اور نیک کام کرتے رہے ہیں۔ اُن سے اللہ کا وعدہ ہے کہ اُن کو ملک کا حاکم بنا دے گا۔ جیسا اُن سے پہلے لوگوں کو حاکم بنایا تھا۔ اور اُن کے دین کو جسے اس نے اُن کے لئے پسند کیا ہے۔ مستحکم و پائیدار کرے گا۔ اور خوف کے بعد اُن کو اس بخشے گا وہ میری عبادت کریں گے۔ اور میرے ساتھ کسی کو شریک نہ بنائیں گے۔ جو اُس کے بعد کفر کرے ایسے لوگ بدکردار ہیں۔ اور تم نماز پڑھتے رہو۔ اور زکوٰۃ دیتے رہو اور رسول کے فرمان پر چلتے رہو تاکہ تم پر رحمت کی جائے۔

وما علینا الا البلاغ

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Speaker: Now the Question Hour. Kazi Muhammad Azam Abbasi.

Minister for Law & Parliamentary Affairs (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): Sir, kindly permit me to answer these questions as the Education Minister has gone away to Pindi on official work and Parliamentary Secretary has not yet been appointed.

Mr. Speaker: Yes, please.

STAGING OF ROMANTIC DRAMAS IN CERTAIN EDUCATIONAL INSTITUTIONS FOR GIRLS

*163. **Kazi Muhammad Azam Abbasi**: Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that romantic dramas are staged in Government as well as Private or Government aided Educational Institutions for Girls in the Province ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether such dramas are staged with the permission of the Education Department?

Minister for Law and Parliamentary Affairs (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): (*a*) As far as the Government is aware objectionable dramas are not staged in Government or Government-aided Girls Institutions.

(*b*) Question does not arise.

Khan Muhammad Yusuf: May I know who is the person to determine whether a drama is objectionable or not?

Minister for Law & Parliamentary Affairs: It is obvious that the Officer Incharge of the Institution is to determine.

سید عنایت علی شاہ—جناب عالی ۔ سوال میں تین قسم کے تعلیمی اداروں کے متعلق پوچھا گیا تھا یعنی ایک تو وہ سکول جو کہ گورنمنٹ کی امداد سے چل رہے ہیں ۔ دوسرے وہ جو گورنمنٹ چلا رہی ہے ۔ اور تیسرے وہ سکول جو نجی ہیں ۔ وزیر صاحب نے صرف دو قسم کے تعلیمی اداروں کے متعلق جواب دیا ہے ۔ لیکن نجی

تعلیمی اداروں کے متعلق انہوں نے کوئی جواب نہیں دیا ۔ کیا وہ اس قسم کے تعلیمی اداروں کے متعلق بھی کچھ فرما سکیں گے ۔

وزیر قانون—جہاں تک میرے جواب کا تعلق ہے ۔ یہ تینوں قسام کے تعلیمی اداروں پر اطلاق پذیر ہوتا ہے ۔

مسٹر محمد اکبر خان کانجو—کیا حکومت اس امر پر غور نہیں کر سکتی ۔ کہ تعلیمی اداروں میں ڈرامے وغیرہ قطعی طور پر بند کر دئیے جائیں ۔ کیونکہ ان اداروں میں رومانوی قسم کے ڈرامے اور گانے وغیرہ بھی ہوتے ہیں ۔ تو کیا یہ بہتر نہ ہوگا ۔ کہ تمام زنانہ سکولوں میں ڈرامے وغیرہ بند ہی کر دئیے جائیں ۔

وزیر قانون و اطلاعات—جہاں تک معزز ممبر کی اس تجویز کا تعلق ہے ۔ اس کے متعلق یہ عرض ہے ۔ کہ سیکرٹری محکمہ تعلیم آفیشل گیلری میں موجود ہیں ۔ وہ یقیناً ان کی تجویز کو نوٹ کر رہے ہوں گے ۔ اور یقیناً ان کی تجویز پر غور کیا جائے گا ۔

خان محمد یوسف—جناب وزیر صاحب ۔ ارشاد فرمایا ہے ۔ کہ کسی تعلیمی ادارے کا سربراہ ہی اس بات کا تعین کر سکتا ہے ۔ کہ کوئی ڈرامہ یا ناچ وغیرہ قابل اعتراض ہے یا نہیں ۔ تو میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ آیا محکمہ تعلیم نے اس سلسلے میں انہیں کوئی ہدایات جاری کی ہیں ۔

وزیر قانون و اطلاعات—میرے خیال میں ہدایات تو یہی جاری کی گئی ہیں ۔ کہ ان اداروں میں کوئی قابل اعتراض بات نہ ہو ۔ لیکن یہ ہو سکتا ہے ۔ کہ اس میں کسی کو honest difference of opinion ہو ۔ لیکن جہاں تک ہماری جنرل پالیسی کا تعلق ہے ۔ وہ یہی ہے ۔ کہ کوئی قابل اعتراض بات سٹیج پر نہیں ہونی چاہئے ۔

خان ملنگ خان--کیا یہ درست نہیں ہے - کہ محکمہ تعلیم کے حکام کے نوٹس میں یہ بات ہے - کہ رومانٹک قسم کے ڈرامے تعلیمی اداروں میں ہوتے ہیں -

وزیر قانون و اطلاعات--میں نے پہلے بھی عرض کیا ہے - اور معزز رکن تو خود بھی یہ بات بتا سکتے ہیں - کیونکہ وہ خود بھی پارلیمانی سیکرٹری برائے تعلیم رہ چکے ہیں - کہ محکمہ تعلیم کی طرف سے اس قسم کی ہدایات ان اداروں کو دی گئی ہیں - کہ قابل اعتراض قسم کی کوئی بات ان اداروں میں نہ ہو - جہاں تک میرے علم کا تعلق ہے - میں پھر عرض کرتا ہوں - کہ اس قسم کی ہدایات ان اداروں کو جاری کی گئی ہیں - کہ کوئی بھی قابل اعتراض بات کرنے کی سٹیج پر اجازت نہ دی جائے -

خان محمد یوسف--کیا یہ درست ہے - کہ ایسے ڈرامے کرتے وقت ناچ کرنے کا مقام بھی آ جاتا ہے - اور کیا ان اداروں میں ناچ وغیرہ کو بند کرنے کے لئے حکومت تیار ہے -

وزیر قانون و اطلاعات--جہاں تک آپ کی اس بات کا تعلق ہے - میں سمجھتا ہوں - کہ ناچ as such کوئی قابل اعتراض بات نہیں ہے - کیونکہ ناچ ایسے بھی ہو سکتے ہیں - جو قابل اعتراض طریقے پر نہ کئے گئے ہوں - لیکن یہ بھی ہے - کہ اسے قابل اعتراض طریقے پر بھی کیا جا سکتا ہے - اس بات پر بھی اختلاف رائے ہو سکتا ہے - کہ ناچ کا کونسا طریقہ قابل اعتراض ہے - اور کونسا طریقہ قابل اعتراض نہیں ہے - لیکن میں اتنا عرض کر دوں - کہ جہاں تک قابل اعتراض قسم کے ناچ کا تعلق ہے - اس کی قطعاً اجازت نہیں دی جا سکتی -

خان اجون خان جدون--میں وزیر صاحب سے یہ دریافت کرتا ہوں کہ کیا یہ درست ہے کہ آپ نے جو محکمہ تعلیم کو ہدایات دی ہوئی ہیں وہ واضح نہیں ہیں - اس لئے سکولوں میں ناچ اور گانا وغیرہ ہوتا ہے -

Mr. Speaker : What information does the member want ?

خان اجون خان جدون--کیا وزیر صاحب کو ناچ پر اعتراض نہیں ہے ؟

مسٹر سپیکر--آپ ان سے کوئی انفارمیشن لے سکتے ہیں -

خان اجون خان جدون--کیا یہ درست ہے کہ جو ہدایات آپ نے دی ہوئی ہیں وہ واضح نہیں ہیں -

وزیر قانون و اطلاعات--اس کا جواب یہ ہے کہ ناچ پر کوئی اعتراض نہیں - لیکن جہاں تک محکمہ تعلیم کا تعلق ہے اس کی طرف سے کوئی ایسی ہدایات نہیں دی گئیں -

ملک محمد اسلم خان--وہ کونسا ناچ ہے جس پر اعتراض نہیں اور کونسا ناچ قابل اعتراض ہے -

Mr. Speaker : Would the Minister like to distinguish one from the other ?

وزیر قانون و اطلاعات--اس سلسلہ میں ہمیں اختلاف رائے ہے - ہم نہیں بتا سکتے ہیں کہ اس کا کیا سٹینڈرڈ ہے اور نہ ہی ہم بتا سکتے ہیں کہ کوئی ناچ objectionable ہے یا نہیں -

چودھری محمد نواز--میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ لڑکیوں کا ناچ اور ڈانس شرعاً جائز ہے یا نہیں ؟

وزیر قانون و اطلاعات--اس کے لئے تو جو شریعت سے زیادہ واقفیت رکھتے ہیں وہ ہی بتا سکیں گے - میں اس کے متعلق کچھ کہنے سے قاصر ہوں - جنکو شریعت کا زیادہ علم ہے وہی بتا سکتے ہیں -

رائے منصب علی خان کھرل--وزیر قانون صاحب کے پاس محکمہ خبر یعنی انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ ہے کیا ان کو علم ہے کہ پچھلے دنوں ایک تعلیمی ادارے میں ثقافت کے نام پر انگریزی ناچ ناچے گئے اور ڈانس ہوئے -

Mr. Speaker : The Member should give fresh notice for that.

That is a separate question.

چودھری محمد سرور خان--ناچ چاہے کسی قسم کا ہو کیا وہ اخلاق اور تعلیمی تقاضوں کو پورا کرتا ہے ؟

وزیر قانون و اطلاعات--یہ تو ہر ایک کے taste پر منحصر ہے - اگر کوئی انگریزی تعلیم یافتہ ہے یا باہر سے کوئی شخص تعلیم حاصل کرکے آیا ہے تو اس کا سٹینڈرڈ اور ہے اور مجھ جیسے دیہاتی کا سٹینڈرڈ اور ہے یہ تو اپنے اپنے taste کی بات ہے اس بات کا خیال رکھیں کہ میں ایجوکیشن منسٹر نہیں ہوں اور نہ ہی ان کا پارلیمنٹری سیکرٹری ہوں کہ آپ کو اس سلسلہ میں مزید کچھ بتا سکوں -

مسٹر حمزہ--کیا یہ بات وزیر صاحب کے علم میں ہے کہ اسی ناچ اور رنگ رلیاں منانے کے سلسلہ میں راولپنڈی کی ایک مسجد کے خطیب مولانا غلام اللہ نے جب احتجاج کیا تو انہیں مسجد سے نکال دیا بلکہ شہر بدر کر دیا -

وزیر قانون و اطلاعات--میرے علم میں نہیں -

مسٹر حمزہ۔۔اس اطلاع سے آپ کو کیسے لا علمی ہو سکتی ہے ۔

Mr. Speaker : Order, order. The member may please take his seat.

مسٹر حمزہ۔۔پوائنٹ آف آرڈر ۔ جب ہم سوالات دریافت کرتے ہیں تو اس ضمن میں کئی سوالات پیدا ہو جاتے ہیں اس لئے وزیر صاحب کا فرض ہے کہ وہ ہمیں صحیح اطلاع بہم پہنچائیں لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ وہ دیدہ دانستہ ہم سے بعض اطلاعات چھپا لیتے ہیں اور اس طرح سوالات پوچھنے کا مقصد پورا نہیں ہوتا ۔

مسٹر سپیکر۔۔مجھے آپ سے اتفاق ہے ۔ جہاں تک سوالات کا تعلق ہے ان کے جوابات صحیح ہونے چاہئیں اور اگر جواب غلط ہو تو آپ پرولیج موشن لا سکتے ہیں اور صحیح جواب حاصل کر سکتے ہیں ۔ فاضل وزیر صاحبان اور پارلیمنٹری سیکرٹری صاحبان کا فرض ہے کہ وہ صحیح جواب دیں ۔

مسٹر حمزہ۔۔جناب سپیکر ۔ کیا یہ ممکن ہے کہ وزیر قانون صاحب جو وزیر اطلاعات بھی ہیں ان کو کسی چیز کا علم نہ ہو ۔ اس سلسلہ میں آپ اپنی جو رائے دیں گے میں اسے تسلیم کر لوں گا ۔

مسٹر سپیکر۔۔میرا خیال یا میری رائے کا معلوم کرنا آپ کے لئے مناسب نہیں اور نہ ہی میرے لئے مناسب ہے کہ میں اپنی رائے کا اظہار کروں ۔

مسٹر حمزہ۔۔آپ ایک خود مختار ہستی ہیں آپ کو رائے دینے کا اختیار ہے ۔

Mr. Speaker : The member may please take his seat.

چودھری محمد نواز--پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ اس سوال کا معاشرتی اور اخلاقی پہلوؤں سے تعلق ہے اس لئے میری گذارش ہے کہ ہمیں اجازت دی جائے کہ ہم مزید ضمنی سوالات دریافت کر سکیں ۔

مسٹر سپیکر--اگر اسی طرح کیا جائے گا تو مشکل ہوگا ۔ فاضل ممبران کل ہی اس کے متعلق کہہ رہے تھے کہ ان کے سوالات نہیں پوچھے جاتے ۔ آپ خیال فرمائیں ابھی ایک سوال دریافت کیا گیا ہے ۔ اور دس منٹ گذر گئے ہیں ۔ یعنی وقفہ سوالات کا ۱/٦ حصہ گذر گیا ہے ۔ اس طرح تو صرف ٦ سوال دریافت کئے جا سکتے ہیں ۔ اس سوال پر کافی ضمنی سوالات پوچھے جا چکے ہیں اگر آپ زیادہ keen ہیں تو کسی ریزولیشن کی شکل میں اس امر کو پھر زیر بحث لایا جا سکتا ہے ۔

REPAIRS OF KARACHI UNIVERSITY BUILDING

*164. **Kazi Muhammad Azam Abbasi** : Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that some portions of the present Karachi University Building in which the science laboratory is housed are in a dilapidated condition ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative ; whether it is a fact that some amount has been allocated in the Third Five Year Plan for the repair of the said portion of the said building and for the construction of new building for said University ; if so, the amount allocated ?

Minister for Law and Parliamentary Affairs (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : (*a*) Yes.

(*b*) An amount of Rs. 179 lacs has been allocated to the Karachi University. This includes Rs. 40 lacs for renovation of existing buildings and construction of new buildings. It may be added that the University will also qualify for a share out of a lump sum of Rs. 150 lacs earmarked for Ph. D. level work and expensive departments at the four Arts and Science Universities.

قاضی محمد اعظم عباسی—Ph. D. Level work کے لئے جو رقم ear marked ہے اس میں سے کتنا share کراچی یونیورسٹی کو ملے گا ؟

وزیر قانون و اطلاعات— اس وقت تو نہیں کہہ سکتا کہ کتنا share ملے گا۔

GRANTS-IN-AID GIVEN BY GOVERNMENT TO PRIVATE PRIMARY SCHOOLS IN LAHORE AND HYDERABAD DIVISIONS

*467. **Kazi Muhammad Azam Abbasi** : Will the Minister of Education be pleased to state the grants-in-aid given by Government to Private primary schools in Lahore and Hyderabad Divisions separately during the year 1932, 1942, 1952, 1962 and 1965 ?

Minister for Law and Parliamentary Affairs (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : The Government gave the following amounts of grant to the private primary schools in the Lahore and Hyderabad Divisions separately during the year in question :—

Serial No.	Division	Year	Amount of grant
1	2	3	4
			Rs.
1	Lahore	1932	15,700
2	Lahore	1942	18,998
3	Lahore	1952	1,19,415
4	Lahore	1962	2,90,841
5	Lahore	1965	4,07,011
6	Hyderabad	1931-32	Record not available Sind did not exist as a separate province then.
7	Hyderabad	1941-42	1,19,610
8	Hyderabad	1951-52	3,77,797
9	Hyderabad	1961-62	5,30,950
10	Hyderabad	1964-65	6,98,121

سید عنائیت علی شاہ۔۔میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ پرائیویٹ پرائمری سکول کی تعریف کیا ہے ۔ جسے حکومت کی امداد کا مستحق گردانا جاتا ہے ۔

وزیر قانون و اطلاعات ۔ وہ سب پرائیویٹ سکول ہیں جو گورنمنٹ یا یونین کونسل کے نہیں ہیں ۔

سید عنائیت علی شاہ۔۔کیا پشاور ڈویژن کے پرائیویٹ سکولوں کو بھی امداد ملے گی ؟

وزیر قانون و اطلاعات۔۔اس میں پشاور کا ذکر نہیں ۔ اس میں لاہور اور حیدر آباد کے پرائیویٹ پرائمری سکولوں کا ذکر ہے ۔

مسٹر سپیکر۔۔میں ملک غلام علی اور پیر علی گوہر چشتی کی خدمت میں عرض کروں گا کہ جب کوئی فاضل ممبر اپنی نشستوں پر کھڑے ہوں تو ان کے آگے سے نہ گزریں ۔

AMOUNT ALLOCATED IN THE EDUCATION SECTOR IN LAHORE DIVISION DURING 1965-66

*683. **Chaudhri Idd Muhammad** : Will the Minister of Education be pleased to state the amount allocated for implementation of development and non-development schemes in the Education Sector in Lahore Division during 1965-66 ?

Minister for Law and Parliamentary Affairs (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : The amount allocated for implementation of Developmental and Non-Developmental Schemes in the Education Sector in Lahore Division during 1965-66 is Rs. 76,58,122.00.

DISTRICT EDUCATION COMMITTEE IN HYDERABAD DISTRICT

*701. **Kazi Muhammad Azam Abbasi** : Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether there is any District Education Committee in Hyderabad District ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, (*i*) the date on which the said Committee was constituted, (*ii*) the names of its members (*iii*) the work done by it so far ?

Minister for Law and Parliamentary Affairs (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : (*a*) Yes.

(*b*) The required information is given in the statement, a copy of which is placed on the Table of the House.

STATEMENT

(*b*) (*i*) The Committee was constituted on October, 4, 1963.

(*ii*) The names of the Members are given below :

Official Members.

1.	Deputy Commissioner, Hyderabad.	Chairman.
2.	District Inspector of Schools, Hala Division.	Secretary.
3.	District Inspector of Schools, Tando Division.	Member.
4.	Deputy Inspectress Girls Schools, Hyderabad Division, Hyderabad.	Member.

Non-Official Members.

1.	Syed Mohd. Murad Shah, M.P.A., Chairman, Town Committee, Matiari.	Member.
2.	Mr. Towfiq Ahmed, Chairman, Town Committee, Tando Jam.	Member.
3.	Syed Muhammad Hafiz Shah, B.A., LL.B., Advocate, Tando Muhammad Khan.	Member.

(*iii*) The Committee has been managing the affairs of primary education (Classes I-VIII) of the District according to the provisions of the West Pakistan Primary Education Ordinance, 1962.

DEVELOPMENT SCHEME OF EDUCATION DEPARTMENT FOR IMPLEMENTATION IN THE FORMER SIND REGION

*702. **Kazi Muhammad Azam Abbasi** : Will the Minister of Education be pleased to state : –

(*a*) the names of development schemes of Education Department included in the Second Five, Year Plan for implementation in the former Sind Region ;

(*b*) the schemes out of those mentioned in (*a*) above which relate to Hyderabad District along with the total amount allocated for them ;

(*c*) the names of the schemes out of those mentioned in (*b*) above which (*i*) have since been implemented, (*ii*) are under implementation, and (*iii*) remain to be implemented ?

Minister for Law and Parliamentary Affairs (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : (*a*) The developmental schemes of Education Department except those relating to University Education are drawn up on all West Pakistan basis. The names of the schemes, and the parts of schemes, which have been implemented in the former Sind Region, as also the share of Hyderabad District therefrom, have been indicated in the statement which has been placed on the Table of the House.* The statement also shows whether such schemes, or parts of schemes, have been implemented in full, or if partially, to what extent.

(*b*) The requisite information has been incorporated in the list.

(*c*) As in (*a*) and (*b*) above.

UPGRADING OF BODLAH MIDDLE SCHOOL TO A HIGH SCHOOL IN ABBOTTABAD TEHSIL

*778 **Sardar Gul Zaman Khan** : Will the Minister of Education be pleased to state : –

(*a*) whether it is a fact that a building for a High School at village Bodlah in Abbottabad Tehsil was constructed by the residents of the area on self help basis about two years ago ;

(*b*) whether it is a fact that there is no High School within a radius of 15 miles from Bodlah ;

(*c*) whether it is a fact that the inhabitants of the said area are extremely poor and unable to send their children away for higher studies ;

---

*Please see Appendix I at the end.

(*d*) if answers to (*a*) to (*c*) above be in the affirmative, whether Government intend to up grade the Bodlah Middle School to a High School during 1965-66, if not, reasons therefor ?

Minister for Law and Parliamentary Affairs (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : (*a*) Yes.

(*b*) No. There is one High School at Havelian at a distance of 10 miles.

(*c*) Most of the inhabitants are not well-to-do ;

(*d*) There is no proposal for the up-gradation of any Middle School to high standard during the year 1965-66. The question of up grading middle schools, Bodlah, therefore, does not arise.

سردار گل زمان خان۔معزز وزیر صاحب نے فرمایا ہے کہ بودلہ کا فاصلہ دس میل ہے ۔ میں وہاں کا رہنے والا ہوں اور مجھے معلوم ہے کہ فاصلہ ۱۵ میل ہے لیکن طالب علموں کو حویلیاں آنے کے لئے ۳۰ میل کا فاصلہ طے کرنا پڑتا ہے ۔ اور یہ چیز ان کی تعلیم میں حائل ہوتی ہے ۔ اس لئے میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ ۱۹۶۶-۶۷ میں بودلہ کے مڈل سکول کو ہائی سکول بنایا جا سکے گا ۔

وزیر قانون۔۔جہاں تک ڈیپارٹمنٹ کی معلومات کا تعلق ہے تو فاصلہ ۱۰ ۔ میل بتایا گیا ہے اور یہی ہم نے لکھا ہے لیکن جیسا کہ معزز ممبر فرماتے ہیں کہ فاصلہ ۱۵ ۔ میل ہے تو اس کو ہم چیلنج نہیں کرتے ہو سکتا ہے کہ ۱۵ ۔ میل ہو لہذا ۱۰ ۔ میل ہو یا ۱۵ ۔ میل ہو فاصلہ یقیناً اتنا ہے کہ بچوں کو سکول جانے اور سکول سے واپس آنے میں دقت ہوتی ہے ۔ فنڈز نہ ہونے کیوجہ سے ان کو یہ تکلیف برداشت کرنا پڑے گی ۔ ہمیں افسوس ہے کہ ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ ان کی یہ تکلیف دور نہیں کر سکتا اور عنقریب کوئی ایسی سکیم بھی نہیں ہے ۔ بہر حال جو حقیقت ہے وہ پیش کی گئی ہے ۔ ہمیں اس علاقہ کے ممبر

صاحب اور وہاں کے باشندوں کے ساتھ ہمدردی ہے لیکن ہم ان کی اس تکلیف کو فی الحال رفع نہیں کر سکتے ۔

خان ملنگ خان۔۔کیا یہ درست ہے کہ اس مڈل سکول کی بلڈنگ لوگوں نے اپنی مدد آپ کے تحت بنائی ہے اور اس خیال سے بنائی ہے کہ وہ ۱۰ ۔ میل کا فاصلہ طے کرکے حویلیاں میں تعلیم نہیں حاصل کر سکتے ۔

وزیر قانون۔۔ہم نے (اے) میں کہا ہے کہ ہاں انہوں نے بنائی ہے ۔

Sir the question is "(a) whether it is a fact that a building for a High School at village Bodlah in Abbottabad Tehsil was constructed by the residents of the area on self-help basis about two years ago ;" and the answer is "Yes".

خان ملنگ خان۔۔روزانہ ۱۰ ۔ میل آنا اور ۱۰ ۔ میل جانا کیسے ممکن ہو سکتا ہے اس طرح ۲۰ ۔ میل روزانہ ہو جاتا ہے اور سارا وقت آنے اور جانے میں صرف ہو جاتا ہے ۔

Mr. Speaker : This is not a question.

سید عنایت علی شاہ۔۔جب کسی سکول کی عمارت اپنی مدد آپ کے تحت بنائی جاتی ہے تو کیا پہلے ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ سے اس کی منظوری نہیں لی جاتی ہے ۔

وزیر قانون۔۔مجھے علم نہیں کہ پہلے منظوری لی جاتی ہے اور اس کے بعد بلڈنگ بنائی جاتی ہے ۔

سید عنایت علی شاہ۔۔اگر منظوری لی جاتی ہے تو چاہئے تو یہ کہ اس کو upgrade کر دیا جائے ۔

وزیر قانون—ہمیں یقیناً معزز ممبر سے اتفاق ہے لیکن بعض حالات میں یہ بھی ہوتا ہے کہ منظوری دینے کے بعد upgrade نہیں کر سکتے جیسا کہ پچھلے سال ایمرجنسی میں ہوا کہ پیسے نہیں لگا سکے ۔

UP-GRADING OF MIDDLE SCHOOL IN NAGRI BALA UNION COUNCIL IN ABBOTTABAD TEHSIL

*779. **Sardar Gul Zaman Khan** : Will the Minister of Education be pleased to states :—

(*a*) whether it is a fact that a building for a Middle School has been constructed in Nagri Bala Union Council in Abbottabad Tehsil ;

(*b*) whether it is a fact that there is not a single Middle School in Nagri Bala Union Council ;

(*c*) whether it is a fact that 7th class has been started in the existing Lower Middle School on temporary basis ;

(*d*) whether it is a fact that the inhabitants of the said area are unable to send their children away from their home for getting education ;

(*e*) if answers to (*a*) to (*d*) above be in the affirmative, whether Government intend to upgrade the existing school to a Middle School during 1965-66 ?

Minister for Law and Parliamentary Affairs (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : (*a*) Yes.

(*b*) Yes.

(*c*) Yes. The 7th class has been started at the expense of the local public ;

(*d*) Yes.

(*e*) Since no primary school is being up graded during 1965-66, it is regretted that this school cannot be up-graded.

سردار گل زمان خان—جناب والا ۔ اس یونین کونسل میں نہ مڈل سکول ہے اور نہ ہائی سکول ۔ ہائی سکول کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ۔ لیکن کیا میں جناب وزیر صاحب سے یہ پوچھ سکتا ہوں

کہ جب وہاں کے لوگوں نے اپنی مدد آپ کے تحت مڈل سکول کی عمارت بنائی ہے تو کیا وہ سکول کو up garde کر دیں گے ۔

وزیر قانون—ہر ممکن کوشش کی جائیگی کہ جلد سے جلد اس کو up grade کر دیا جائے لیکن پہلے ہی میں نے عرض کیا ہے کہ اس کا سارا دارومدار فنڈز پر ہے میں سمجھتا ہوں کہ ہونا چاہئے مگر گورنمنٹ لیول پر کچھ مجبوریاں ہیں جن کی وجہ سے ہم یہ تکالیف دور نہیں کر سکتے ۔

خان اجون خان جدون—جناب والا ۔ معزز وزیر صاحب کو اس بات کا علم ہے کہ ہمارا ملک اس وقت تعلیمی ترقی کے دور سے گذر رہا ہے لیکن میں یہ دیکھ کر حیران ہوں کہ اگلے سال بھی کسی پرائمری سکول کو نہ مڈل سکول کیا جا رہا ہے اور نہ مڈل سکول کو ہائی سکول کیا جا رہا ہے تو اس طرح آپ تعلیمی progress کو کیسے maintain کر رہے ہیں ۔

وزیر قانون—اس کے جواب میں معزز ممبر کی خدمت میں تھوڑی سی حقیقت بیان کرتا ہوں ۔

The District Council recommended the upgradation of school to the middle standard, and the Director of Education included it in the Annual Development Programme for 1965-66. The final selection was under consideration when the Government decided to drop all the new schemes. No budgetary provision now exists for upgrading any primary school to the middle standard. However, the place will get priority when the funds are available.

خان اجون خان جدون—کیا اس سے یہ مطلب لیا جائے کہ سکولوں کی upgradation صرف ایمرجنسی کی وجہ سے بند کی گئی ہے اور اگلے سال فنڈز allocate کئے جائیں گے ۔

(*a*) the number of students of Quetta Division in receipt of Government Scholarships and the number amongst them ; (*i*) who are original residents of that Division ; (*ii*) who are domiciled in the said Division ;

(*b*) the amount of scholarships given to the students of the said Division during the years 1963-64, 1964 65 and 1965-66, separately ?

Minister for Education (Malik Khuda Bakhsh) : (*a*) The total number of scholarships awarded to students of Quetta Division in 1963 64 was 1186, out of which 900 scholarships were given to the Tribals and 286 to the domiciled locals. 1126 scholarships were awarded in 1964-65 out of which 840 were for the Tribals and 286 for the domiciled locals. 1247 scholarships were awarded in 1965-66 out of which 961 were given to the Tribals and 286 to the domiciled locals. In addition to these scholarships, short-term scholarships were also awarded. Their number was 170 (120 for Tribals and 50 for domiciled locals) in 1963-64, 110 (80 for Tribals and 30 for domiciled locals) in 1964-65, and they are yet to be awarded for the year 1965-66.

(*b*) The amount paid as scholarships to the students of Quetta Division was Rs. 6,41,600/- in 1963-64, Rs. 5,53,087/- in 1964-65 and Rs. 5,33,694/ in 1965-66.

DEGREES CONFERRED AND SANADS GRANTED BY JAMIA ABBASIA, BAHAWALPUR

*1891. **Mian Muhammad Islam** : Will the Minister of Education be pleased to state, whether it is a fact that the Degrees conferred and Sanads granted by Jamia Abbasia, Bahawalpur, are not recognised by Government Departments for recruitment to services, etc., if so, reasons therefor and the steps being taken by Government for obtaining recognition of the Degrees conferred and Sanads granted by the Jamia Abbasia, Bahawalpur by Government Departments ?

Minister for Education (Malik Khuda Bakhsh): The question of recognition of degrees of Jamia Islamia Bahawalpur, is being actively considered by Universities Boards of Intermediate and Secondary Education.

Recruitment to services will be facilitated subsequent to recognition of degrees.

SYLLABUS OF DINYAT PRESCRIBED FOR THE STUDENTS OF PRIMARY, MIDDLE AND HIGH SCHOOLS IN THE PROVINCE

*1892. **Mian Muhammad Islam**: Will the Minister of Education be pleased to state: —

(*a*) whether it is a fact that the syllabus of Dinyat prescribed for the students of primary, middle and high schools in the Province does not correspond to the syllabus prescribed for Muadab Rafiq-ul-Ulema and Maulvi Fazil in Jamia Abbasia, Bahawalpur with the result that great difficulties are being experienced by the students joining the said Jamia for higher studies;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether it is a fact that representations have been made to Government for prescribing a uniform syllabus; if so, the action taken on these representations?

Minister for Education (Malik Khuda Bakhsh): (*a*) Yes. The Jamia Abbasia no longer exists. The courses mentioned, i e Muadib, Rafiq-ul-Ulema and Maulvi Fazil are not followed by the Jamia Islamia, Bahawalpur which has replaced the Jamia Abbasia.

(*b*) Yes. A representation has been recently made which is under the active consideration of Government.

ESTABLISHMENT OF NEW POLYTECHNIC INSTITUTES

*1901. **Khan Ajoon Khan Jadoon**: Will the Minister of Education be pleased to state:—

(*a*) the amount earmarked for establishing new poly-technic Institutes in the Province during the 3rd Five-Year Plan period;

(*b*) whether Government intend to establish any poly-technic Institute in Mardan District during the said period; if so, when if not, reasons therefor?

Minister for Education (Malik Khuda Bakhsh) : (*a*) Rs. 990·21 lacs.

(*b*) The location of new poly-technics proposed to be established in West Pakistan during the Third Five Year Plan has not yet been decided. The case of Mardan will be considered on its merits in due course.

RE OPENING OF GOVERNMENT INTERMEDIATE COLLEGE AT PASROOR, DISTRICT SIALKOT

*1907. **Chaudhri Muhammad Sarwar Khan** : Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that there is no Government Degree College for boys in Sialkot District ;

(*b*) whether it is a fact that Government Intermediate College functioned at Pasroor, District Sialkot, before independence, the building of which still exists there ;

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, whether Government intend to re-open Intermediate College there ; if not, reasons therefor ?

Minister for Education (Malik Khuda Bakhsh) : (*a*) Yes.

(*b*) Yes. This building is at present occupied by the Government High School, Pasroor.

(*c*) There is no such scheme at present. The proposal will, however, be considered on merits alongwith others during the Third Five Year Plan.

ESTABLISHMENT OF A NEW UNIVERSITY AT KHAIRPUR

*1953. **Rais Atta Muhammad Khan Mari Baloch** : Will the Minister of Education be pleased to state whether it is a fact that there is a demand from the residents of Khairpur and Hyderabad Divisions that a new University should be established at Khairpur, if so, the action taken or intended to be taken by Government in this behalf ?

Minister for Education (Malik Khuda Bakhsh) : Yes. from the Divisional Council, Khairpur. The setting up of a new University is to be carefully phased and patterned. In view of the paucity of funds and the process of consolidation under way, it would not be possible to accede to the public demand for the present.

TEMPORARY LECTURERS OF GOVERNMENT COLLEGES IN HYDERABAD REGION

*1955. **Rais Atta Muhammad Khan Mari Baloch** : Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that majority of Lecturers of Government Colleges in Hyderabad Region are serving on temporary basis, if so, reasons therefor ;

(*b*) whether it is a fact that the said temporary Lecturers are paid their emoluments after six to eight months period ;

(*c*) if answer to (*b*) above be in the affirmative, whether Government intend to make arrangements for regular payments of their emoluments in future ?

Minister for Education (Malik Khuda Bakhsh) : (*a*) Yes. The reason is that the West Pakistan Public Service Commission was not able to recommend candidates against the vacancies advertised. The recommendations of the Commission have now been received which are being processed.

(*b*) No. Payment of salaries in certain cases was delayed by a couple of months, due to the fact that cases for extension of the temporary period of appointment are required to be processed according to the existing procedure.

(*c*) Does not arise in view of the answer to (*b*) above. Efforts, however, are being made and will be made to see that lecturers receive their salaries in time.

BOOKS MAINTAINED IN THE LIBRARIES OF GOVERNMENT SCHOOLS IN HYDERABAD REGION

*1957. **Rais Atta Muhammad Khan Mari Baloch** : Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the Director of Education Hyderabad Region, found that most of the books maintained in the libraries of Government Schools in the said Region were not fit for study by the students and teachers and he ordered an inquiry to be made as to who were responsible for that ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether the said enquiry has since been held, if so, the persons found responsible and whether any action has been taken or intended to be taken against them ?

Minister for Education (Malik Khuda Bakhsh) : (*a*) Yes.

(*b*) The enquiry has not yet been held. This is due to the fact that Governor of the Committee Late Mr. M. M. Hafiz suddenly expired and no meeting of the Committee could be held. The Director of Education is appointing another committee to hold the enquiry and report the necessary details to them. As soon as this report is available necessary action will be taken.

OPENING OF B. Sc. CLASSES IN DEGREE COLLEGE IN BANNU DISTRICT

***1974. Nawabazada Rahim Dil Khan** : Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that there is only one Degree College in District Bannu which is situated at the District Headquarters ;

(*b*) whether it is a fact that inspite of repeated demands from the people of the said district and the Principal of the College for opening of B. Sc. Classes in the said college for the last so many years, the demand has not been accepted ;

(*c*) whether it is a fact that Degree Colleges-having B. Sc. Classes have been provided even at some Tehsil Headquarters in other areas ;

(*d*) if answer to (*b*) and (*c*) above be in the affirmative, reasons for discrimination and whether Government intend to provide necessary funds for the opening of B. Sc. Classes in the said college ; if so, when ?

Minister for Education (Malik Khuda Bakhsh) : (*a*) Yes.

(*b*) Yes.

(*c*) None in Peshawar Region.

(*d*) There is no discrimination. The case of Bannu College will be considered alongwith others when funds become available.

OPENING OF A COLLEGE AT KALLAR IN KAHUTA TEHSIL

***1999 Khan Muhammad Yusuf** : Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that in view of great demand by the inhabitants of Kahuta Tehsil, there was a proposal under the consideration of Government to open a College at Kallar ;

(*b*) if answer to (a) above be in the affirmative, whether the said proposal has been finalised, if not, reasons therefor ?

وزیر تعلیم (ملک خدا بخش) (الف) جی نہیں ۔

(ب) سوال ھی پیدا نہیں ھوتا ۔

OPENING OF COMPREHENSIVE SCHOOL IN QUETTA REGION

*2016. **Mr. Nazir Ahmad :** Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that a Comprehensive School which is the first of its kind in the Quetta Region will start functioning from 1st May 1966 ;

(*b*) whether it is a fact that the school would impart "quality" education to the poor students coming from the lower income group and middle class families ;

(*c*) if answer to (a) and (b) above be in the affirmative, whether such schools are to be opened in other parts of the Province also ?

Minister for Education (Malik Khuda Bakhsh) : (*a*) One comprehensive school for boys will start soon functioning in Quetta Region.

(*b*) Yes.

(*c*) Yes.

UPGRADING OF PRIMARY AND MIDDLE SCHOOLS IN LAHORE DISTRICT

*2045. **Mian Muhammad Shafi :** Will the Minister of Education be pleased to state the number of Primary and Middle Schools upgraded in the Lahore District and the Lahore Corporation area during 1963-64, 1964-65 and 1965-66 alongwith the number of Primary Schools to be upgraded in each of the said areas during 1966-67 ?

Minister for Education (Malik Khuda Bakhsh) : The required information is given in the statement which has been placed on the Table of the House.

STATEMENT

(*i*) No. of Primary School Upgraded in Lahore District and Lahore Corporation area during 1963-64, 1964-65 and 1965-66.

	1963-64	1964 65	1965-66
Lahore District	4	6	Nil
Lahore Corporation Area	1	Nil	Nil

(*ii*) Primary Schools to be upgraded in Lahore District and Lahore Corporation area during 1966-67.

In all, 130 Primary Schools are proposed to be upgraded to the Middle standard in the entire Province from 1-4-67, during 1966-67. The District-wise allocation is yet to be done.

(*iii*) No. of Middle Schools upgraded to High Standard in Lahore District and Lahore Corporation area during :—

	1963-64	1964-65	
Lahore	1	Nil	However full fledged Govt High School Wan Radah Ram was opened during 1964-65
Lahore Corporation area	Nil	Nil	

(*iv*) No. of Middle Schools to be upgraded to High standard in Lahore District and Lahore Corporation area during :—

	1965-66	1966-67
Lahore District	Nil	Depends on the budget provision
Lahore Corporation area	Nil	to be made for the next year.

CONSTRUCTION OF A NEW BUILDING FOR GOVERNMENT COLLEGE LAHORE

*2117. **Mian Muhammad Shafi** : Will the Minister of Education be pleased to state whether there is any scheme under the consideration of Government to construct a new building for Government College, Lahore, if so, the site thereof and whether any provision of funds is likely to be made by Government in the next years Budget for the purpose ?

Minister for Education (Malik Khuda Bakhsh) : No. Does not arise.

EXTENSION OF THE BUILDING OF GOVERNMENT COLLEGE, LAHORE

*2118 **Mian Muhammad Shafi** : Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) the expenditure incurred on the extension of the building of Government College, Lahore, during the 2nd Five-Year Plan period ;

(*b*) the total amount earmarked for the extension of the said College building during the 3rd Five Year Plan Period alongwith the amount so far spent therefor ?

Minister for Education (Malik Khuda Bakhsh) : (*a*) Rs. 17,34,000/-.

(*b*) A sum of Rs. 2,02,911/- has been earmarked. The amount actually incurred will be known by the close of the current financial year.

INCREASING THE NUMBER OF PRIMARY, MIDDLE AND HIGH SCHOOLS IN SANGHAR DISTRICT

*2169. **Rais Atta Muhammad Khan Mari Baloch** : Will the Minister of Education be pleased to state : –

(*a*) the number of Primary, Middle and High Schools maintained by Government in Sanghar District during 1964-65 and 1965-66 alongwith the number of students on roll in the each category of schools during each of the said years ;

(*b*) whether Government intend to increase the number of Primary, Middle and High Schools in the said District during 1966-67 ; if so, the category-wise number thereof and if not, the reasons therefor ?

Minister for Education (Malik Khuda Bakhsh) : (*a*) The required information is given in a statement, a copy of which has been placed on the Table of the House.*

(*b*) Government have already approved schemes for opening of new Schools of various categories in the III Five Year Plan and the demand of District Sanghar will be kept in view according to priority. The programme for the year 1966-67 has not yet been finalized and therefore it is difficult to indicate the exact number of institutions to be opened in Sanghar district during 1966-67.

*NUMBER AND ENROLMENT IN THE PRIMARY, MIDDLE AND HIGH SCHOOLS OF DISTRICT SANGHAR DURING 1964-65 & 1965-66

1964-65.

Category	*No. of Schools*	*Enrolment*
Primary Schools.	638	30,934
Middle Schools.	15	714
High Schools.	5	771
	1965-66	
Primary Schools	638	32,585
Middle Schools	15	786
High Schools	5	865

PROVISION OF CLASS ROOMS FOR THE STUDENTS OF THE SCHOOLS IN SANGHAR DISTRICT

*2175. **Rais Atta Muhammad Khan Mari Baloch** ; Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that in many Primary Schools in Sanghar District students sit under the trees due to lack of accommodation ;

(*b*) whether there is any scheme under consideration of Government to provide more class rooms for the students of the said schools ; if so, the time by which the said scheme is likely to be implemented ?

Minister for Education (Malik Khuda Bakhsh) : (*a*) No.

(*b*) No.

ENFORCEMENT OF COMPULSORY EDUCATION SCHEME IN THARPARKAR DISTRICT

*2195. **Mir Mir Muhammad Khan Talpur** : Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the scheme of compulsory education is in force in Tharparkar district ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, the taluka-wise number of schools in the said district, where compulsory education is being given alongwith, (*i*) the number of students on roll in the said schools (*ii*) the number of teachers therein ; and (*iii*) the expenditure incurred on the running of the said schools during 1963-64 and 1964-65 and during the current financial year ?

Minister for Education (Malik Khuda Bakhsh) : (*a*) Yes.

(*b*) The required information is given in the statement a copy of which is placed on the Table of the House.

STATEMENT

Serial No.	Name of Taluka	No. of Schools	Enrolment	No. of Teachers	Expenditure		
					1963—64	1964—65	1965—66
1	2	3	4	5	6		
1	Digri.	126	4705	226	3,20,001	3,13,566	3,19,446
2	Umerkot.	120	5534	215	2,58,189	2,99,526	3,44,958
3	Nagar Parkar.	118	3167	135	1,90,607	1,99,766	2,05,492
4	Mirpur Khas.	108	6173	274	1,61,131	3,54,978	3,90,726
5	Samaro.	109	3166	126	2,22,981	2,23,312	2,44,795
6	Jamesabad.	87	3227	109	1,65,948	2,13,408	2,24,400

SALARY GIVEN TO INSERVICE TRAINEES IN THE FORMER SIND AREA

*2222. **Sardar Muhammad Ishaq Khan** : Will the Minister of Education be pleased to state whether it is a fact that Inservice Trainees of all the categories such as J. V. S. V., C. T., etc., in the former Sind Area receive their full salary during their training period, while similar trainees of Quetta Region are given stipends at different rates during their training period ; if so, the reasons for the discrimination?

Minister for Education (Malik Khuda Bakhsh) : Yes. In the Hyderabad Region, payment of salaries to trainees, who are already in Government service, is governed by the rules of the former Sind Government. In the Quetta Region the payment of salaries and scholarships is governed by the rules of former Baluchistan Government. Efforts are being made to bring these rules in uniformity.

INDUSTRIAL EDUCATION IN QUETTA MUNICIPAL AND CANTONMENT AREAS

*2223. **Sardar Muhammad Ishaq Khan** : Will the Minister of Education please refer to the answer to part (*c*) of my starred question No. 322 given on the floor of the House on 5th July 1965 and state whether selection of schools for the introduction of industrial arts courses therein has since been finalized ; if so, the names of schools so selected ; if not, reasons therefor ?

Minister for Education (Malik Khuda Bakhsh) : No. The selection of schools has not been made as no funds are available for the purpose during the current financial year.

ALLOCATION OF SEATS FOR STUDENTS OF QUETTA DIVISION IN THE PROFESSIONAL COLLEGES OF THE PROVINCE

*2227. **Sardar Muhammad Ishaq Khan** : Will the Minister of Education be pleased to state : —

(*a*) whether it is a fact that the allocation of seats for students of Quetta Division in the Professional Colleges of the Province is the same as it was 5 years ago, if so, the reasons therefor ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the negative, the increase in the number of seats allocated for students belonging to Quetta Division ?

Minister for Education (Malik Khuda Bakhsh) : (*a*) No.

(*b*) The information has been incorporated in a statement, copy of which is placed on the Table of the House.

Sr. No.	Category	Seats allocated for students of Quetta & Kalat Divisions		Increase
		1960	1965	
1	Medical Colleges.	21 (Quetta—11 Kalat—10)	45 (Quetta—25 Kalat—20)	24 (14 for Quetta Division)
2	Engineering Colleges.	8 (Combined for Quetta and Kalat)	27 (Quetta—15 Kalat—12)	19 (Combined) Separate figures of increase of one Division cannot be worked out.
3	Engineering Schools.	5 (Combined for Quetta and Kalat)	4 (Combined for Quetta and Kalat)	No increase —do—
4	Agriculture.	15 (Combined for Quetta and Kalat)	23 (Combined for Quetta and Kalat)	8 (Combined) —do—
5	Animal Husbandry.	8 (Combined for Quetta and Kalat)	23 (Combined for Quetta and Kalat)	5 (Combined) —do—
6	Teachers Training Colleges.	30 (Combined for Quetta and Kalat)	56 (Combined for Quetta and Kalat)	26 (Combined) —do—

POSTING OF SCIENCE TEACHERS IN GOVERNMENT HIGH SCHOOL, JOKALIAN, DISTRICT GUJRAT

*2244. **Nawabzada Asghar Ali Khan** : Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that there is no Science Teacher in the Government High School, Jokalian, District Gujrat at present ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative ; (*i*) the number of posts of Science Teachers sanctioned for the said school ; (*ii*) the date since which the said posts have been lying unfilled ; (*iii*) the number of representations received by the Inspector of Schools and the Deputy Director of Education concerned in this behalf from the parents of the Science Students in the said school ; and (*iv*) reasons for not posting any Science Teacher in the said school ;

(*c*) if answer to (*a*) above be in the negative, the present number of Science Teachers in the said School ?

Minister for Education (Malik Khuda Bakhsh) : (*a*) No.

(*b*) (*i*), (*ii*), (*iii*) & (*iv*)—Does not arise.

(*c*) One.

ADMISSION IN J. V. CLASS IN GOVERNMENT NORMAL SCHOOLS IN PROVINCE

*2245. **Nawabzada Asghar Ali Khan** : Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) the total number of students given admission in J. V. Class in Government Normal Schools in the Province on purely merit-basis in 1965 ;

(*b*) the district-wise number of students admitted in the said class of the said Schools by nomination during the said year alongwith the procedure laid down in this behalf ;

(*c*) whether it is a fact that for the purpose of admission in the said class by nomination any district-wise quota has been fixed ; if not, reasons therefor ?

وزیر تعلیم (ملک خدا بخش)—مجھے افسوس سے یہ عرض کرنا پڑتا ھے ۔ کہ معزز رکن کے پیش نظر مقصد کو پورا کرنے کے لئے جو

معلومات مطلوب ہیں ۔ اُن کے فراہم کرنے میں کہیں زیادہ وقت اور محنت درکار ہے ۔

TEACHING OF HOLY QURAN IN PRIMARY SCHOOLS

*2255. **Nawabzada Asghar Ali Khan** : Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) the number of primary schools in the Province where theology teachers have been appointed ;

(*b*) whether Government intend to make the teaching of the Holy Quran compulsory in Primary Schools ;

(*c*) whether Government intend to introduce Arabic as compulsory subject just as English has been made compulsory for high classes ; if not, reasons therefor ?

Minister for Education (Malik Khuda Bakhsh) : (*a*) No separate teachers are provided for the teaching of Islamiat in Primary Schools as this work is done by the J. V. teachers. In Hyderabad and Quetta Regions however, there are some posts of teachers for the teaching of Holy Quran.

(*b*) It is already compulsory.

(*c*) No, as addition of another language as a compulsory subject is thought to be a burden on students and will affect the teaching of other subjects.

CONSTRUCTION OF GOVERNMENT COLLEGE FOR BOYS IN MIANWALI

*2270. **Khan Gul Hameed Khan** : Will the Minister of Education be pleased to state : -

(*a*) whether it is a fact that a part of the building for the proposed college for boys in Civil Lines area of Mianwali has been constructed ;

(*b*) whether it is a fact that the walls of the building mentioned in (*a*) above have cracked down ; and the building is lying vacant ;

(*c*) whether the remaining portion of the building would be completed ; if so, when ;

(*d*) whether the new college would start functioning during the current year ?

Minister for Education (Malik Khuda Bakhsh) : (*a*) Yes.

(*b*) No. The said building is lying vacant.

(*c*) The remaining portion of the building will be completed when funds become available.

(*d*) The College will be shifted to the new building next year on its completion subject to the availability of funds for the purpose.

OPENING OF COMPREHENSIVE SCHOOLS

*2348. **Chaudhri Saifullah Khan Tarar** : Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Government formulated a scheme for the opening of comprehensive schools in various cities of the Province during the current year ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether the said school have since been opened ; if so, locations thereof ;

(*c*) the number of students on rolls in Government High Schools and each Recognised High Schools in Gujranwala City ;

(*d*) whether Government intend to open more Comprehensive Schools during next year ; if so, the names of the places selected for the purpose ?

وزیر تعلیم (ملک خدا بخش)۔(الف) جی ہاں ۔

(ب) جی نہیں ۔ تاہم جگہوں کا تعین کر لیا گیا ہے اور یہ سکول لاہور ۔ راولپنڈی ۔ مردان ۔ سکھر ۔ کوئٹہ ۔ میر پور خاص ملتان اور منٹگمری میں کھولے جائیں گے ۔

(ج) کوالف ایک نقشہ میں دئے گئے ہیں جو کہ ایوان میں پیش خدمت ہے ۔

(د) تیسرے منصوبے میں مزید comprehensive سکول کھولنے کی تجویز ہے، لیکن جگہوں کا تعین ابھی نہیں کیا گیا۔

STATEMENT SHOWING EMROLMENT OF GOVERNMENT AND NON-GOVERNMENT RECOGNIZED HIGH SCHOOLS IN GUJRANWALA CITY

Boys Schools.

1.	P. B. Model High School.	...	344
2.	A. D. Model High School.	...	1,100
3.	M. A. Islamia High School.	...	1,890
4.	J. M. Islamia High School.	...	298
5.	Iqbal High School.	...	591
6.	A. M. Islamia High School.	...	546
7.	Public High School.	...	200
8.	S. E. Islamia High School.	...	450
9.	Govt. High School for Boys.	...	1,805
	Total :—	...	7,218

Girls Schools.

1.	Govt. Girls High School.	...	1,500
2.	Madrasa Saqafetal Banat.	...	98
3.	Jan Bibi Islamia Girls High School.	...	270
4.	Tahzibul Binat Girls High School.	...	182
5.	F. D. Girls High School.	...	713
	Total :—	...	2,763

COMMERCIAL INSTITUTES

*2352. **Chaudhri Saifullah Khan Tarar** : Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether Government have opened Commerical Institute in the Province ; if so, locations thereof ;

(*b*) in case Commerical Institute has not so far been opened at Gujranwala ; reasons therefor, and the time by which the same is likely to be opened there ?

Minister for Education (Malik Khuda Bakhsh) : (*a*) Information is given in the Statement, a copy of which has been placed on the Table of the House.*

(*b*) Gujranwala being located near Lahore (where a big institution already exists) opening of a Commerial Institute was not considered necessary during the 2nd Plan Period.

It is proposed to establish 25 more Commerical Institutions in West Pakistan during 3rd Five Year Plan period, and the claim of Gujranwala will receive due consideration.

*Government have opened the Commerical Institutes at the following places.

1. Karachi.
2. Hyderabad.
3. Mirpurkhas.
4. Sukkur.
5. Quetta.
6. Dadu.
7. Lahore.
8. Sialkot.
9. Multan
10. Lyallpur.
11. Jhelum.
12. Gujrat.

13. Leiah.

14. Rawalpindi.

15. Peshawar.

16. Abbottabad.

17. D. I. Khan.

18. Sargodha.

19. Mardan.

20. Kohat.

21. Montgomery.

22. Bahawalpur.

SCHEME OF COMPULSORY PRIMARY EDUCATION

*2365. **Mir Muhammad Khan Talpur:** Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that scheme of Compulsory Primary Education is in force in Tharparkar District ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether it is a fact that the students who remain absent from schools are fined ; if so, the total amount recovered as fine from students during the year 1965-66 in the said District ?

Minister for Education (Malik Khuda Bakhsh): (*a*) Yes.

(*b*) Yes.

PRIMARY SCHOOL OPENED IN DEH 24 HIRAT, TALUKA SAMARO, DISTRICT THARPARKAR.

*2366. **Mir Muhammad Khan Talpur:** Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Primary School in Deh 24 Hirath, Taluka Samaro, District Tharparkar, was opened in 1964 ;

(*b*) whether it is a fact that furniture and other necessary equipment was provided very late in the said school ; if so, reasons therefor ?

Minister for Education (Malik Khuda Bakhsh) : (*a*) Yes.

(*b*) Yes. The furniture was to be supplied by the Local Union Council which failed to do so and hence alternative arrangement was made by the Director of Education.

TEACHING OF ISLAMIAT IN MISSION AND CONVENT SCHOOLS THROUGHOUT THE PROVINCE

*2385. **Mian Muhammad Akhtar :** Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Government have decided to take over the Mission and Convent schools throughout the Province ;

(*b*) whether it is a fact that Government have also decided to lay greater stress on the teaching of Islamiat in the said schools ;

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, (*i*) when the said decision would be implemented ; and

(*ii*) whether Government will make arrangements for the teachings of Islamiat in the said schools ; if not, the reasons therefor ?

Minister for Education (Malik Khuda Bakhsh) : (*a*) Yes.

(*b*) Yes.

(*c*) (*i*) The Question of taking over the Missionary Schools does not arise.

(*ii*) Arrangements have already been made for the teaching of Islamiat in the recognised Mission and Convent schools which receive special grants for this purpose.

TEACHING OF ISLAMIAT IN SCHOOLS

*2386. **Mian Muhammad Akhtar :** Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Government have decided that candidates who are unable to read and understand the Holy Quran will not be admitted in the C. T., S. V. or J. V. Classes in future ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, (*i*) the action Government intend to take in respect of existing teachers who are unable to read and understand the Holy Quran ;

(*c*) whether it is a fact that certain schools are getting grant in aid from Government are not teaching Islamiat to the students on their rolls ; if so, the action Government intend to take against them ?

Minister for Education (Malik Khuda Bakhsh) : (*a*) Government have decided that from next year no person shall be admitted to any teacher training course, if apart from other admission requirements, he/she does not possess the necessary competence in reading the Holy Quran (Nazira) accurately.

(*b*) The scheme for the training of inservice teachers has been prepared and will be implemented during the next financial year.

(*c*) No.

MOTION RE: SETTING UP OF A COMMITTEE TO PREPARE DRAFT RULES OF PROCEDRUE

Mr. Speaker : Khan Ajoon Khan Jadoon has given notice of a motion about the setting up of a Committee to prepare Draft Rules of Procedure for the Provincial Assembly of West Pakistan.

Yes, Mr. Jadoon.

خان ملنگ خان—جناب والا ۔ خان اجون خان جدون ابھی آ جائیں گے آپ ذرا انتظار کر لیں ۔

Mr. Speaker : I think that is not the proper procedure. The member should have been present in the House because he had given notice of this motion. Yesterday, four motions of Mr. Hamza lapsed on this account.

خان ملنگ خان—وہ لیجے ڈاکٹر کے پاس دوائی لینے کے لئے گئے ہوئے ہیں ابھی آ جائیں گے ۔

Mr. Speaker. In that case I should have waited for Mr. Hamza also. The motion lapses.

POINT OF PERSONAL EXPLANATION

RE : RESIGNATION OF MR. AHMED MIAN SOOMRO AS SENIOR DEPUTY SPEAKER.

Mr. Ahmed Mian Soomro On a point of personal explanation, Sir.

Mr. Speaker : Yes, Mr. Soomro.

Mr. Ahmed Mian Soomro : I think I owe an explanation to this House to let them know as to why I tendered my resignation from the office of the Senior Deputy Speaker. I and my previous colleague, Khan Umar Jan Khan, were elected together. Mr Umar Jan Khan was elected as the Senior Deputy Speaker and myself as the other Deputy Speaker in last June. According to the convention of the new Constitution, the post of Senior Deputy Speaker has gone to my colleagues from the former Frontier Province whereas the post of other Deputy Speaker has gone to the members representing the former area of Sind. On account of the unseating of Mr. Umar Jan Khan, under Article 108 of the Constitution, I became the Senior Deputy Speaker by virtue of his being unseated and the office having fallen vacant. Yesterday, the Leader of my Party conveyed to me the wishes of my colleagues from the former N.W.F.P. desiring that the office of the Senior Deputy Speaker should be given to them.

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak : Not from our side

Mr. Ahmed Mian Soomro : Therefore, Sir, in deference to the wishes of my colleagues from that area and in deference to the wishes of the Muslim League Assembly Party, of which I am a member, I offered to resign from that post. That was the only reason for my having submitted my resignation from the office of the Senior Deputy Speaker.

ORDINANCES

THE SIND FAMINE RELIEF FUND (WEST PAKISTAN REPEAL) ORDINANCE, 1966, (*resumption of discussion*)

Mr. Speaker : The House will now resume discussion on the motion that the Assembly do approve of the Sind Famine Relief Fund (West Pakistan Repeal) Ordinance, 1966.

Yes, Mr. Farooqi.

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی - ۸)—جناب والا - The Sind Famine Relief Fund (West Pakistan Repeal) Ordinance 1966 کے متعلق کل میں گفتگو کر رہا تھا اور وزیر پارلیمانی امور کے اعتراض کا جواب دے رہا تھا جب کہ ہماری نشست برخاست ہوئی - وزیر پارلیمانی امور نے حزب اختلاف پر یہ اعتراض کیا تھا کہ یہ چند افراد اس ایوان میں یہ

طے کر کے آتے ہیں۔ کہ یہاں ہر ہنگامی قانون کی مخالفت کی جائے۔ در اصل مجھے یہ بھی بتانا ہے یہ اعتراض بالکل الٹا ہے۔ اس سلسلے میں میں میر انشا کے ایک شعر میں کچھ تصرف کر کے عرض کروں گا کہ۔

یہ ہے عجب تماشا وہی ذبح بھی کرے وہی لے ثواب الٹا۔

اس وقت صورت واقعہ یہ ہے کہ یہ ایوان جس میں یہ اتنی چھوٹی سی آپوزیشن ہے۔ شائد اس ملک کی تاریخ میں یا میرے علم کی حد تک دنیا کے بہت سے ملکوں کی تاریخ میں کسی ایوان میں اتنی چھوٹی آپوزیشن کا ہونا ایک عجوبہ ہے۔ اور پھر اتنی بڑی اکثریت کا اس ایوان میں چھوٹی سی اقلیت پر یہ الزام لگانا کہ یہ مخالفت پر تل کر آتی ہے یہ انکی فراخ دلی اور عالی ظرفی کا عجیب مظاہرہ ہے۔ امر واقعہ یہ ہے کہ ہم نے بسا اوقات اور بیشتر اوقات اس بات کی کوشش کی ہے کہ حزب اقتدار کی خواہشات اور انکے موقف کی تائید کریں۔ ابھی کل ہی کی بات ہے کہ Notaries Ordinance کے سلسلہ میں میں نے اعتراض کیا تھا لیکن وزیر قانون کی وضاحت کے بعد میں نے اپنا اعتراض واپس لے لیا۔ شاید یہ بات وزیر قانون کو یاد نہیں رہی۔ حالانکہ یہ بہت تھوڑے عرصہ کی بات ہے۔ اس کے برخلاف اس ایوان میں کل ہی یہ بات پیش ہو چکی ہے کہ ایک بہت ہی وزنی اعتراض سیلیکٹ کمیٹی کی تشکیل پر سیلیکٹ کمیٹی میں کیا گیا تھا لیکن شراب قوت میں مدہوش اور اقتدار کے نشے میں بدمست بعض ضدی وزرا نے اس اعتراض کو قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ سیلیکٹ کمیٹی کی meetings ہوتی رہیں۔ لوگ دور دور سے چل کر آتے رہے ہزاروں روپیہ سرکاری خزانہ کا بے مصرف کام میں صرف ہوا۔ اور نتیجتاً جب وزرا نے یہ محسوس کیا کہ جس قلعہ پر وہ کھڑے ہیں وہ ریت پر بنا ہوا ہے ایوان میں آ کر وہ

مجبور ہوئے کہ اسے تسلیم کریں ۔ چنانچہ وہ سیلیکٹ کمیٹی کالعدم قرار دی گئی اور اس طرح تمام اخراجات بے کار ثابت ہوئے ۔ میں نے یہ دو مثالیں جو آپ کے سامنے پیش کی ہیں وہ بہت ہی تازہ ہیں حالانکہ ایوان کی کارروائی کا شروع سے لے کر اگر میں تفصیل سے جائزہ لوں تو کئی مثالیں پیش کر سکتا ہوں کہ حزب اختلاف نے بارہا حزب اقتدار کی خواہشات اور ان کے موقف کی تائید میں پیش قدمی کی ہے ۔ لیکن حزب اقتدار نے اتنی بڑی اکثریت ہونے کے باوجود کبھی عالی ظرفی فراخ دلی اور خندہ پیشانی کا ثبوت نہیں دیا ۔ ان حالات میں ان سے کیا توقع کی جا سکتی ہے ۔

Mr. Speaker : Now, something about the Ordinance.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ اصل میں ہنگامی قانون پر اختلاف کی دو نوعیتیں ہوتی ہیں ۔ ایک نوعیت تو اصول قانون ہے اور طریق قانون سازی سے متعلق ہے اور دوسری نوعیت وہ قانون بذات خود کی ہے ۔ جہاں تک پہلے اعتراض یا اختلاف کا تعلق ہے مجھے اس بات کے کہنے میں نہ صرف یہ کہ کوئی تکلف نہیں ہے بلکہ میں اس بات کے کہنے میں فخر محسوس کرتا ہوں کہ ہمارا اختلاف مستقل ہے اور پائیدار ہے اور کبھی ختم نہ ہونے والا ہے تاآنکہ آپ اس اصول کو بدل نہ دیں اور اس اصول میں تبدیلی پیدا نہ کریں ۔ میں اصولی حیثیت سے یہ سمجھتا ہوں کہ قانون سازی کا اختیار صرف اس ایوان کو حاصل ہے جس کو ملک کے کروڑوں افراد نے منتخب کیا ہے آپ اصولی حیثیت سے سمجھتے ہیں کہ نہیں صرف ایک فرد واحد کو ملک کے لئے قانون سازی کا اختیار ہے اور وہ دستور کے تحت اختیارات کا جائز اور ناجائز استعمال کر کے ملک پر ایسے قوانین مسلط کر سکتا ہے جس کو نہ کوئی سمجھے اور نہ کسی کے ذہن میں آئے ۔ ہمارا اور آپ کا یہ اصولی

اختلاف ہے اور ہمارے لئے ہنگامی قوانین کی مخالفت کرنا ناگوار ہو گیا ہے۔ دوسرا اختلاف دوسری نوعیت کا ہے۔ یعنی قانون بذات خود ہے میں آپ کو یہ بتانا چاہتا ہوں اور اس وقت وزیر قانون اور وزیر پارلیمانی امور سے مخاطب ہیں اور وہ حکومت کے نمائندے بھی ہیں کہ خود اس حکومت نے ایسے ہنگامی قوانین بنائے ہیں جن کی موجودگی میں ہنگامی قوانین میں کوئی ترمیم پیش نہیں کی جا سکتی۔ اس ایوان میں آپ جو بھی قانون پیش کرتے ہیں اس ایوان کا فرض ہے کہ وہ اسے پورے کا پورا تسلیم کر لے یا پورے کا پورا رد کر دے۔ آپ اس بات سے اتفاق کریں گے کہ دنیا کی کوئی قانونی دستاویز ایسی نہیں ہو سکتی جس میں کسی شخص کو Comma اور Fullstop سے لے کر اس کے ایک ایک لفظ سے اتفاق ہو۔ ظاہر ہے کہ انسانوں کے ذہن مختلف ہوتے ہیں۔ ان کے سوچنے اور سمجھنے کے طریقے مختلف ہوتے ہیں۔ ہمیں ایک قانون کی بعض چیزوں سے اختلاف ہو سکتا ہے اور بعض چیزوں سے اتفاق ہو سکتا ہے اور ہر شخص کو اختلاف اور اتفاق ہو سکتا ہے۔ کسی قانونی دستاویز پر تمام افراد کل کے کل متفق نہیں ہو سکتے اور [illegible] تک اتفاق نہیں ہو سکتا۔ آپ جب اس ایوان میں ایک ہنگامی قانون پیش کرتے ہیں تو اگر اس میں ہمیں ایک Comma سے بھی اختلاف ہے یا اس کے اگر ایک حرف سے بھی اختلاف ہے تو اس سے اختلاف کرتے ہوئے اس میں ترمیم کرنے کا ہمیں حق نہیں ہے۔ ترمیم کرنے کے لئے ہمارے ہاتھ بندھے ہوئے ہیں ہماری زبانیں بند کر دی گئی ہیں۔ اور ہمارے اختیارات محدود ہیں آپ اسی قانون کو لیجئے۔ یہ قانون دو سیکشن پر مشتمل ہے۔ پہلی ترمیم یہ ہے۔

"The Sind Famine Relief Fund Act 1987 (hereinafter referred to as the said Act) is hereby repealed."

وزیر قانون نے املاکی وضاحت یہ فرما دی ہے کہ سنہ ۱۹۸۷ء کا یہ قانون

ہے اب ملک میں اس قانون کی وقعت صرف ایک کتابی قانون سے زیادہ نہیں ہے یہ غیر ضروری ہے اور اسکی ضرورت باقی نہیں رہی۔ اور اس کو ختم کیا جاتا ہے۔ مجھے آپ کی بات سے پورا اتفاق ہے کہ یہ کتابی قانون ہے۔ قحط سالی کا دور اب ختم ہو چکا ہے اب موجودہ زمانے میں کوئی علاقہ قحط سالی سے دوچار نہیں ہوتا اس لئے اس قانون کو قطعی ختم کیا جانا چاہئے۔ لیکن مجھے اس ترمیمی قانون کے دوسرے جزو اور دوسرے سیکشن سے اختلاف ہے۔ مگر جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا ہے چونکہ ہم کوئی ترمیم نہیں کر سکتے ہیں لہذا ہم پورے ہنگامی قانون کی مخالفت کرنے پر مجبور ہیں دوسری شق اس کی یہ ہے :-

"The Sind Famine Relief Fund established under the said Act is discontinued with immediate effect and the balance of the said Fund shall be credited to the Provincial Consolidated Fund."

یہ Original ایکٹ جس کو repeal کیا ہے اس کے سیکشن ۳ میں درج ہے۔

"The Provincial Government will establish in and for the Province a Fund called Sind Famine Relief Fund, referred to, ..."

اس کا مطلب یہ ہوا کہ ۱۹۳۷ء میں جب یہ فنڈ قائم کیا گیا تھا اس وقت سے لیکر آج تک اس فنڈ کے اندر جو بھی رقوم داخل کی گئیں اس کا مدعا یہ تھا کہ ان کو صوبے کی ضروریات پر خرچ کیا جائے یعنی وہ صوبہ جو ون یونٹ سے پہلے سندھ کے اضلاع پر مشتمل تھا۔ یہ فنڈ اسی علاقہ کے لوگوں سے حاصل کیا گیا اسی علاقے کے مفاد پر خرچ کرنے کے لئے مخصوص کیا گیا اور اس کی تمام رقوم صرف اس لئے تھیں کہ اسی علاقہ کے لوگوں کو اس سے فائدہ پہونچے جب آپ نے اس فنڈ کو ختم کیا اور اس ایکٹ کو ختم کیا تو انصاف اور اصول کا تقاضا یہ تھا کہ وہ رقوم جو اس فنڈ میں بچی ہوئی ہوں وہ ایک علیحدہ فنڈ

میں مختص کر دیجائیں ۔ تاکہ وہ پھر انہی اضلاع کی ضروریات پر خرچ کیا جائے جس علاقہ کے لوگوں کیلئے اس وقت اسے فراہم کیا گیا تھا اور اس کو ان ھی لوگوں کے سپرد کر دیا جائے ۔ ملک کے consolidated فنڈ میں یعنی صوبے کے جنرل pool میں داخل کرنے کا لازمی تقاضا یہ ھے کہ یہ فنڈ ملک کے کسی حصہ میں بھی خرچ کیا جا سکتا ھے مجھے اسبات سے بہر حال انکار نہیں ھے کہ ملک کا خزانہ ملک کے کسی حصہ پر بھی خرچ کیا جا سکتا ھے لیکن اصولاً کوئی رقم جو کسی خاص مقصد کے لئے کسی خاص علاقہ کے لوگوں کے لئے مخصوص کیجائے یا کسی مخصوص مقصد کے لئے جمع کیجائے تو اس اصول کا تقاضا یہ ھے کہ وہ رقم ان ھی لوگوں کیلئے خرچ کیجائے اور اس کو جنرل فنڈ میں شامل نہ کیا جائے ۔ کسی فنڈ کے لئے جن لوگوں کو ٹیکس کیا جائے تو اس کو ان ھی پر صرف بھی کیا جانا چاھئے میں سمجھتا ھوں کہ آپ کے اس ھنگامی قانون میں نقص ھے ۔ یہ رقوم سندھ کے سابق لوگوں سے حاصل کیگئی تھیں اور آپنے اس وقت حاصل کی تھیں جب یہ ملک تقسیم نہیں ھوا تھا جب یہ ملک برطانیہ کے احاطۂ اقتدار میں تھا اس وقت آپ نے یہ رقوم وھاں کے لوگوں سے حاصل کی تھیں اور وھاں کے لوگوں نے طوعاً و کرھاً خوشی سے یا نا خوشی سے اپنے صوبے کے لوگوں کے مفادات پر خرچ کے لئے اور ان کو فائدہ پہونچانے کے لئے بطور ٹیکس ادا کی تھیں اور وہ صرف اس وجہ سے رقوم دے رھے تھے کہ یہ رقوم صرف ان کے صوبے پر خرچ کیجائینگی اور خرچ کیجارھی ھیں ۔ اگر آپ ان رقوم کو صوبے کے جنرل pool میں ڈال دیجئے گا تو آپ ان کو ان کے حق سے محروم کر دینگے ۔ اور یہ انکی حق تلفی ھوگی ۔ میں سمجھتا ھوں کہ وزیر قانون میری معروضات پر غور فرمائیں گے اور اس قانون کے نقص کو دور فرمانے کی سعی فرمائیں گے ۔

سردار حاجی عطا محمد لنڈ (خیر پور - ۲)۔جناب والا - یہ جو آرڈیننس ہے یہ سندھ سے متعلق ہے - میں سمجھتا ہوں کہ سندھ کے لئے مجھے ہی منتخب کیا گیا ہے کہ میں ان کی نمائندگی کروں - میرے دوست سندھ کے منسٹر ہیں اور باقی دوسرے سندھی ممبران سے بھی میں درخواست کرتا ہوں کہ جو کچھ میں تجاویز پیش کروں ان پر وہ ٹھنڈے دل سے غور کر کے اپنی رائے دیں - اور ساتھ ہی ساتھ میں لیڈر آف دی ہاؤس سے بھی درخواست کرونگا کہ وہ ان کو آزادی سے رائے دینے کی اجازت دیں اگر سندھی ممبران کو یہ ڈر ہوا کہ اگر انہوں نے آزادی سے رائے دی تو ان کو پارٹی سے نکال دیا جائیگا تو یہ مناسب نہ ہو گا - مجھے امید ہے کہ لیڈر آف دی ہاؤس قومی مفاد کو شخصی مفاد پر قربان نہیں ہونے دیں گے اور اپنی پارٹی کے لوگوں کو اس پر آزادی سے رائے دینے کی اجازت دیں گے -

عرض یہ ہے کہ میں اردو نہیں بول سکتا اس لئے میں سندھی میں تقریر کروں گا -

(سندھی) جناب سپیکر--میں اس آرڈیننس کی مخالفت کرنے پر مجبور ہوں کیونکہ اس کا تعلق سندھ سے ہے - اور میں سندھ کے لئے شاید قربانی دینے کے لئے تیار ہوں - میری رائے سے دو سندھی وزراء اور سندھ کے ممبران بھی اتفاق کر لیں گے بشرطیکہ لیڈر آف دی ہاؤس ان کو یقین دلائیں کہ انہیں پارٹی سے خارج نہیں کیا جائے گا - اگر یہ یقین دھانی نہیں ہوگی تو پھر وہ اپنی وزارت اور ممبری کو قوم یا ملک کے لئے قربان نہیں کریں گے - بہر حال سندھ میں اس قانون انسداد قحط ۱۹۳۷ء کے تحت ۱۲ لاکھ روپے منظور کئے گئے - اور یہ برطانوی حکومت کا دور تھا جو غیر حکومت تھی - افسوس ہے کہ اپنی ہی حکومت نے اور جناب میمن صاحب نے جو کہ سندھی وزیر ہیں یہ آرڈیننس پیش کیا ہے -

جناب سپیکر۔عرض یہ ہے کہ تین سال ہوئے ضلع تھرپارکر کو قحط زدہ علاقہ قرار دیا گیا ہے اور اس قسم کے حالات ہر سال ہو سکتے ہیں کیونکہ سندھ کے اکثر حصہ کا دارومدار بارش پر ہے ۔ چونکہ اضلاع ٹھٹھہ ، تھرپارکر ، سانگھڑ ، خیر پور اور سکھر کا اکثر حصہ اس قسم کا ریگستانی ہے ۔ اس کے علاوہ جیکب آباد اور دادو کے اضلاع کا بھی ایک بہت بڑا حصہ بارش پر دارومدار رکھتا ہے ۔ ان باتوں کو مد نظر رکھتے ہوئے ۱۹۳۷ میں ضروری سمجھتے ہوئے قانون تیار کیا گیا تھا ۔ اس قانون کو دفعہ ۴ کے تحت یہ رقم آبادکاروں کو بطور قرضہ دی جاتی تھی اور بقیہ رقم بنکوں میں جمع کرائی جاتی تھی ۔ دفعہ ۵ کے تحت اسی رقم میں سے قحط زدہ ، خشک سالی سے متاثرہ لوگوں اور آفات سماوی یا کسی دیگر قسم کے مصیبت زدہ لوگوں کو امداد کے طور پر دیا جاتا تھا ۔ اس کے علاوہ اگر یہ رقم بارہ لاکھ روپے سے زیادہ ہوتی تو نالوں کی کھدائی وغیرہ پر خرچ کی جاتی تھی جس سے اناج کی پیداوار میں اضافہ ہوتا ۔ اس کے علاوہ اسی فنڈ کے تحت حاصل کردہ رقم کو Land Improvement Loan Act ۱۸۸۶ کے تحت آبادکاروں میں قرضہ کے طور پر تقسیم کیا جاتا تھا ۔

جناب سپیکر ۔ دفعہ ۷ کے تحت ہر سال کے اختتام پر جائزہ لیا جاتا تھا ۔ اگر خیال کیا جاتا کہ یہ رقم بارہ لاکھ روپے سے کم ہے تو صوبائی حکومت اس کو اپنے خزانہ میں سے پورا کرتی اور مرکز کی طرف سے بھی گرانٹ کی صورت میں دی جاتی تھی ۔ یہ بڑے تعجب کی بات ہے کہ اس قانون کو آرڈیننس کے ذریعے منسوخ کیا جا رہا ہے ۔ چاہئے تو کہ اس آرڈیننس کو بل کی صورت میں پیش کیا جائے ۔ مجھے اس بات کا افسوس ہے کہ ایک قانونی ادارے کے باوجود آرڈیننس کی صورت میں ایک قانون کی مٹی پلید کی جا رہی ہے ۔

جناب سپیکر۔۔۔عرض یہ کہ ہزاروں لوگوں اور ہزاروں حروں نے دلیری سے ہندوستانی فوج کو شکست دے کر پیچھے ہٹا دیا اور قربانیاں دیں ۔ میں عرض کروں گا کہ اس آرڈیننس کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ جناب گورنر صاحب کو اگر وزیر صاحب نے اس آرڈیننس کے جاری کرنے کا مشورہ نہ دیا ہوتا تو یہ آرڈیننس ہرگز جاری نہ ہوتا ۔ میری گذارش ہے کہ بہتر ہے کہ اس آرڈیننس کو پاس نہ کیا جائے ۔ ان اصولوں پر میں اس کی مخالفت کرتا ہوں ۔

جناب سپیکر ۔ باقی اس آرڈیننس کے مجھے صرف ایک لفظ پر اعتراض ہے کہ خانقاہ کے لفظ کا اضافہ کیا جائے ۔ یہ ضروری نہیں ہے کیونکہ حکومت نے پہلے ہی خانقاہوں کو اوقاف کے حوالے کر دیا ہے ۔ جن سے کافی آمدنی ہو رہی ہے اور اسی آمدنی سے خانقاہوں کی تعمیر اور مرمت ہو سکتی ہے ۔ نہ صرف مرمت لیکن بیک وقت وہاں پر مدرسے بھی جاری کئے جا سکتے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ امید ہے کہ بجٹ پیش ہونے کے بعد فنڈز ۱۱ء۱۲ سے اوقاف کی آمدنی کا بھی اندازہ لگ سکے گا اور اس پر میں مزید کچھ کہہ سکوں گا ۔

رانا پھول محمد خان۔۔۔پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ ابھی ابھی مولانا صاحب نے وزیر قانون کو جواب دیتے ہوئے یہ فرمایا تھا کہ انگریزی ہم سمجھ نہیں سکتے جواب اردو میں دیں تو ان کی یہ زبان ہماری سمجھ میں نہیں آ سکتی ۔ ویسے ہم سننے کے لئے تیار ہیں اور مولانا صاحب کیطرح ہم تنگ دلی کا ثبوت نہیں دیتے ۔ ہماری سندھی زبان پنجابی اردو سے بھی زیادہ درجہ رکھتی ہے ۔ انہیں احساس کرنا چاہئے کہ ہم یہاں سننے کے لئے آئے ہیں اور وہ ہمارے نہایت ہی معزز رکن ہیں پتہ نہیں کہ وہ کیا کہہ رہے ہیں اور کیا

کہیں گے ۔ ہم چاہتے ہیں کہ ان کی تقریر سے مستفید ہو سکیں ۔ اگر وہ اردو میں تقریر فرما دیں تو میں ممنون ہونگا اور جناب کی خدمت میں درخواست کرتا ہوں کہ وہ تھوڑی سی تکلیف ہمارے لئے برداشت کر لیں ۔ جس طرح ہم چھوٹے صوبوں کے لئے ۶۰ فیصدی حقوق کی بجائے ۴۰ فیصدی حقوق پر ہی اکتفا کر رہے ہیں تو ان کو بھی فراخدلی کا ثبوت دینا چاہئے ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ۔۔۔میں رانا صاحب کو یہ جواب دیتا ہوں کہ وہ ہماری ہر بات کو صم بکم عمی فھم لا یرجعون کی طرح تعبیر کر لیتے ہیں ۔ میں کہتا ہوں کہ آپ کیا کریں گے ۔ آپ کیا سنیں گے اور اس کے علاوہ میں اردو میں تقریر کر ہی نہیں سکتا تو آپ کیا فائدہ اٹھائیں گے ۔

مسٹر سپیکر۔۔۔حاجی صاحب گذشتہ سیشن میں آپ نے اردو میں اور سرمائی سیشن میں بھی آپ نے اردو میں تقریریں فرمائی تھیں ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ۔۔ میں سپیکر صاحب کی اس فرمائش کو واپس نہیں کر سکتا لیکن افسوس یہ ہے کہ تقریر اردو میں میں صحیح تو کر نہیں سکتا کیونکہ اردو میری مادری بولی نہیں ہے ۔

مسٹر سپیکر۔۔۔اس کا مطلب یہ ہو گا کہ حاجی صاحب جب بھی آپ تقریر کریں گے ہاؤس اس سے مستفید نہیں ہو سکے گا ۔

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی محمد وربال میمن)۔۔انہوں نے تو صرف مجھے ہی بتانا ہے وہ تو صرف میرے لئے ہی تقریر کرنا چاہتے ہیں ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ---عرض یہ کہ عوام کی نمائندگی تو میں صحیح طور پر نہیں کر رہا ۔

مسٹر سپیکر---حاجی صاحب جہاں یہ ضروری ہے کہ آپ اپنے علاقے کی تکالیف کو حکومت کے سامنے پیش کریں وہاں یہ بھی ضروری ہے کہ آپکے علاقے کی تکالیف کا دوسرے ممبران کو پتہ چلے ۔

مسٹر حمزہ---پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ ان کو حق حاصل ہے کہ وہ اپنی علاقائی زبان میں تقریر کریں ۔ انہوں نے عرض کر دیا ہے کہ ان کی بات کا اثر جو بہت بڑی اکثریت ہے ان پر ہونے کا نہیں لہذا انہوں نے سوچا کہ میں اسی زبان میں تقریر کروں جس میں وہ باآسانی کہہ سکتے ہوں ۔ آپ نے عملی طور پر دیکھا ہوگا کہ حاجی صاحب جب بھی اردو میں تقریر کرتے ہیں تو ان کے فقرے ٹوٹے پھوٹے ہوتے ہیں اور وہ اپنے خیالات کو الفاظ کا صحیح معنوں میں لبادہ نہیں پہنا سکتے یہ ان کی انتہائی مجبوری ہے ۔ آپ کو ان کی مجبوری کا خیال رکھنا چاہئے ۔ ہم نے اس ایوان میں یہ بھی دیکھا ہے کہ ہمارے معزز بھائیوں نے انگریزی میں تقریریں کی ہیں اور ہمارے دوسرے معزز بھائیوں نے ان پر کبھی شدید لکتہ چینی نہیں کی جس طرح کہ وہ ہمارے معزز محترم حاجی صاحب پر کرتے ہیں ۔

مسٹر سپیکر---حمزہ صاحب ایک طرف حاجی صاحب کی مجبوری ہے اور دوسری طرف ہاؤس کی ۔

مسٹر حمزہ---جناب سپیکر ۔ ہاؤس کے بارہ میں آپ کو پتہ چل چکا ہے کہ ان میں اکثریت ایسے لوگوں کی ہے جو بات کو ان سنی کر دیتے ہیں اور جن پر کسی بات کا اثر تک نہیں ہوتا ۔ (شور)

Mr. Speaker : The member may please take his seat.

رانا پھول محمد خان۔پوائنٹ آف آرڈر ۔ میرے نہایت ہی معزز دوست مسٹر حمزہ نے ہم پر جو ناروا حملہ کیا ہے وہ یہ کہ ہم ان کی بات کو سنتے ہی نہیں ۔ ان کو دراصل حاجی صاحب کی محبت کی بد ہضمی ہو گئی ہے ۔ میں ان کو یقین دلاتا ہوں کہ حاجی صاحب کی عزت ان کے الفاظ کی قدروقیمت ہمارے نزدیک بہت زیادہ ہے یعنی ان الفاظ کی جو قوم کے مفاد کے لئے ہوں وہ ہمیں حمزہ صاحب سے زیادہ عزیز ہیں ۔ حمزہ صاحب صرف یہ سمجھتے ہیں کہ جو ہمیں گالیاں دیں تو اچھی بات ہے ۔ اس چیز کو ہم سمجھتے ہیں اگر وہ ہمیں گالیاں دیں لیکن ان میں قوم کا مفاد ہو تو میں انہیں یقین دلاتا ہوں کہ حاجی صاحب کے ہر لفظ پر ہم قربانی دینے کے لئے تیار ہیں ۔ اپنی خواہشات کو ان کی خواہشات پر قربان کرنے کے لئے تیار ہیں ۔ لیکن حمزہ صاحب کا یہ کہنا کہ یہ سنتے نہیں یہ گونگے بہرے ہیں یہ درست نہیں ہے دراصل ان کو حاجی صاحب کی محبت کی بد ہضمی ہو گئی ہے مگر یہ حقیقت ہے کہ ہم ان سے زیادہ ان سے محبت کرتے ہیں ۔

Mr. Speaker : This is not a point of order. The member may please take his seat.

مسٹر حمزہ۔۔۔Point of Personal Explanation جناب سپیکر ۔ کل بھی آپ نے دیکھا ہمارے ایوان میں بہت سے معزز ممبران جو کہ حزب اقتدار سے تعلق رکھتے ہیں انہوں نے ہمارے مروجہ رولز اینڈ ریگولیشنز قوانین و ضوابط سے ناراضگی بلکہ ان کے ناکارہ ہونے کا اظہار کیا اور آج حزب اقتدار کی طرف سے ایک معزز ممبر نے ان کی ترمیم کے لئے ایک سب سیلیکٹ مقرر کرنے کی تحریک کی

اور اس ایوان سے بعد ازاں غیر حاضر ہو گئے ۔ یہ جو کچھ ہو رہا ہے وہ لوگوں کے دل میں ہے اور کبھی کبھار ان کی زبان پر آ جاتا ہے ۔ اس حکومت کا دبدبہ ہے کہ یہ بیچارے بالکل بے بس ہیں اور لاچار ہیں ۔

Mr. Speaker : This is not a point of personal explanation.

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو)۔۔کیا فاضل ممبر اسی تحریک التوا کی وجہ سے ایوان سے باہر گئے تھے ؟

مسٹر حمزہ۔۔ہرگز نہیں ۔

Mr. Speaker : The member may please address the chair. No cross talk.

حاجی سردار عطا محمد لنڈ۔۔جناب سپیکر ۔ میں آپ کی فرمائش اور ہاؤس کے معزز ممبران کی فرمائش کو قبول کر لیتا ہوں لیکن میری عرض یہ ہے کہ میں نے اس سے پہلے چند گذارشات پیش کرنی تھیں اور اب میں بخوشی سینکڑوں ہزاروں میلوں کی زبان کو چھوڑ دیتا ہوں ۔ جیسے ٹوٹے پھوٹے الفاظ میرے ہیں ان کے مطابق میں اپنی بات کر لیتا ہوں لیکن مجھے امید ہے کہ ہاؤس مجھے ضمانت دے گا کہ اگر ہزاروں میل کی وہ انگریزی زبان بولیں تو میں سندھی بولوں گا ۔

مسٹر سپیکر۔۔وہ کوشش کریں گے ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ۔۔کوشش میں بھی کرتا ہوں ۔

مسٹر سپیکر۔۔آپ بھی کوشش کریں ۔

جاجی سردار خطہ محمد لنڈ قانون کی دفعہ بارہ چاہتے ہیں
نے سندھی میں اس کے متعلق کہہ دیا ہے۔ اردو میں بھی کہہ دیتا
ہوں۔ اس میں یہ ہے کہ جتنی رقم ہے وہ ضرورت مندوں کو دینے
کے بعد بینک میں جمع ہوگی اور دفعہ ۵ جو ہے اس کے تحت وہ رقم
خشکہ سالی میں دیکر بصیبت زدگان کو بانٹی جائے گی اور اگر وہ رقم
۲ لاکھ سے کم ہوگی تو صوبائی حکومت اس کو امداد دیکر ۱۲ لاکھ
روپیہ کی رقم پورا کرے گی اور اس میں ہماری مرکزی حکومت بھی
امداد دیتی رہی ہے۔ اس کے بعد دفعہ ۷ ہے اس کے تحت اس رقم
کو بانٹنے کے بعد اس چیز کا جائزہ لیا جائیگا کہ اس کے بعد جتنی
رقم زیادہ ہوگی وہ پھر دوسرے ترقیاتی کاموں پر خرچ ہوگی جیسے
نہر وغیرہ یا آبادی کی بہتری کے لئے اناج کا زیادہ پیدا کرنا اس پر
خرچ ہوگی۔ تو اب ضرورت اس بات کی ہے کہ یہ سوچا جائے کہ
اس آرڈیننس کو لانے کی وجوہ کیا ہیں جبکہ وہ علاقہ جس کے
لئے یہ رکھا گیا تھا اور وہ ریگستان ہی ریگستان ہے جیسے تھرپارکر
کا علاقہ ہے۔ تھرپارکر ہے اور خیرپور ہے۔ میری سمجھ کے مطابق یہ
علاقے ریگستان میں ہی شامل ہیں۔ باقی جیکب آباد اور دادو
ہیں ان میں اکثر پانی کی سہولت نہیں ہے جس سے لوگ فائدہ اٹھا
سکیں اور اناج اگا سکیں۔ اب یہ دور کی بات نہیں ہے۔ کوئی تین
سال ہوئے تھرپارکر کو قحط زدہ علاقہ قرار دیا گیا تھا۔ اور یہ تھرپارکر
کے لوگ یا سانگھڑ کے لوگ وہ ہیں جنہوں نے ہندوستان کے وحشیانہ
حملہ کو پسپا کیا اور اتنے آگے بڑھے کہ سو کوس دور جا کر ان
کو شکست دی اور بہت بڑا علاقہ انہوں نے اپنے قبضہ میں لیا۔ اس کے
معنی یہ ہیں کہ اس کے عوض [illegible] (قطع کلامی)
اسی لئے میں نے عرض کیا تھا کہ میں سندھی زبان میں جلد بات کر
سکتا ہوں اس لئے مجھے سندھی میں بات کرنے کی اجازت ہونی چاہئے۔

موجودہ حکومت کے دور کا سب سے بڑا سانحہ یہ ہے کہ جہاں ہمارے ڈی سی ایک غلط چیز کو جانتے ہوئے حکومت کی ہدایات پر عمل کرتے ہیں تو پھر اس کے بعد ان کو کھلی چھٹی مل جاتی ہے کہ اپنے علاقہ میں جس فرد کے خلاف اگر کوئی غلط کارروائی کرنا چاہیں تو چاہے وہ کتنی کیوں نہ غلط ہو با آسانی کر سکتے ہیں ۔ چونکہ ہماری حکومت اس کے اختیارات کو ایک بار ناجائز استعمال کراتی ہے پھر اسے کھلی چھٹی دے دیتی ہے کہ جب چاہے کسی غلط اختیارات کو اپنے علاقے کے کسی فرد کے خلاف ناجائز طور پر استعمال کرے ۔ جناب سپیکر ۔ آپ یقین کریں ۔ جہاں تک اضلاع کا تعلق ہے مجھے معلوم ہے کہ اخبارات کے پاس اب صرف ایک کام رہ گیا ہے کہ وہ ڈی سی صاحبان اور دوسرے افسران کی تعریفیں کریں اور ان کے فوٹو شائع کریں ۔ آپ اگر برا نہ مانیں تو میں یہ کہوں گا کہ یہ ان کی X X X X X X X X X X *

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ جناب والا ۔ یہ لفظ unparliamentary ہے ۔

Mr. Speaker: These remarks are expunged from the proceedings of the Assembly.

مسٹر حمزہ ۔ حقیقت یہ ہے کہ وہ لوگ اپنے فرائض تو کیا اپنا کاروبار بھی جائز طریقے سے نہیں کر سکتے ۔ پریس کی ذمہ داری تو

*Expunged as ordered by the Speaker.

یہ ہے کہ ملکی حالات پر بے لاگ تبصرہ کرے اور مختلف علاقوں کے واقعات جو بھی اور جس طرح بھی رونما ہوں وہ بغیر کسی جھجک کے شائع کر دے۔ حکومت کی پالیسی پر بے خوف تنقید کرے اور اسے آئندہ چلنے کے لئے راستہ دکھائے۔ لیکن ہماری حکومت نے ایسے افراد کو چن چن کر اپنی ضمیر کشی پر مجبور کیا ہے یا بہت سے ایسے افراد ہیں اور وہ حکومت کی اس پالیسی کی بنا پر خاموش ہو گئے ہیں۔ آج حالت یہ ہے کہ میں آپ کو چند دن پہلے کا واقعہ سناتا ہوں کہ مجھے ایک مرکزی الیکشن کے سلسلہ میں ایک پریس میں اشتہار چھپوانے کی ضرورت محسوس ہوئی۔ اس اشتہار میں صرف یہی چھپوانا مقصود تھا شخص فلاں فلاں نشست کے لئے بطور امیدوار الیکشن میں حصہ لے رہا ہے اور ووٹروں سے درخواست تھی کہ آپ اس کے حق میں ووٹ ڈالیں اس سے زیادہ کوئی اور چیز نہ تھی۔ پریس والوں کی زبون حالی، پژمردگی، بزدلی یا غلامی کا آپ اندازہ لگائیے کہ جب ایک پریس والے کے پاس یہ اشتہار چھاپنے کے لئے بھیجا تو اس نے اپنی مجبوری کا اظہار کر دیا۔ اور اشتہار چھاپنے سے انکار کر دیا۔

جناب سپیکر۔ یہ حقیقت ہے اور یہی اشتہار پھر ہم نے کسی اور پریس میں چھپوایا۔ آپ اس سے اندازہ لگائیں کہ اس قسم کے قوانین نے اس ملک میں کسی قسم کے حالات پیدا کر دئیے ہیں۔ پریس کو آزاد ملک میں اتنی بڑی اہمیت حاصل ہوتی ہے کہ وہ تمام آبادی کے لئے ایک روشنی کا مینار ہوتا ہے اور دوسروں کو راستہ دکھاتا ہے۔ مظلوموں کی حمایت کرتا ہے لیکن جہاں پریس بذات خود مظلوم ہو کر رہ جائے اور اس میں جو بالکل گھٹیا قسم کے عناصر ہوں وہ اپنا کام نکالنے کے لئے حکومت کی خوشامد کرنے میں فخر محسوس کرتے ہوں تو اس سے زیادہ

کسی آزاد مملکت کی اور کیا بے عزتی اور بد قسمتی ہو سکتی ہے۔

پریس کے ساتھ ہماری حکومت کا ایسا سلوک ہو اور آج حالات یہ ہیں کہ اب سابقہ ڈسٹرکٹ کونسل اور ڈویژنل کونسل کے الیکشن میں ہماری حکومت نے ڈی سی صاحبان سے اس قسم کے کام لئے ہیں کہ جن کے بارے میں اگر آپ اضلاع میں جائیں تو آپ کو معلوم ہو کہ کیا حالات تھے۔ میرے خیال میں آپ بھی گوجرانوالہ تشریف لے گئے ہوں گے وہاں میونسپل کمیٹی کے الیکشن میں جو کارہائے نمایاں کئے گئے . . . . .

Mr. Speaker : I suppose the member is not relevant. He should please discuss specific provisions of the Ordinance now.

مسٹر حمزہ : جناب سپیکر میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس قسم کے قوانین نے اس قسم کے حالات پیدا کر دئیے ہیں ۔ کہ ایک ضلع کے افسر دوسرے ضلع میں دندناتے ہوئے جاتے ہیں اور دھاندلیاں کرتے ہیں اور اس کی خبر کسی اخبار میں بھی نہیں چھپتی ۔ ہم ایک ہی صوبے میں رہتے ہیں ۔ اور ایک ضلع میں بیٹھے ہوئے دوسرے ضلع کے حالات سے بالکل بے بہرہ اور بے علم ہوتے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ اس کے برعکس اس حکومت نے لوگوں کے ذہنوں کو غلام بنانے کے لئے اپنے پورے وسائل سے کام لیتے ہوئے آزاد پریس کے اخبارات اور صحافیوں کو غلط طور پر استعمال کرنے کے لئے پورا زور صرف کر دیا ہے ۔ ایک طرف تو آزاد پریس کو ختم کیا اور دوسری طرف کرائے کے لوگوں کی طرف سے اور ان لوگوں کی طرف سے جن کی پشت پناہی ہمارے ملک کے سرمایہ دار کرتے ہیں کارخانہ دار کرتے ہیں اور حکومت کے اشاروں پر کرتے ہیں بنی ہوئی اور گھڑی ہوئی خبریں دیجاتی ہیں اور ہمارے وزراء کے بیانات جو کبھی بھی انہوں نے نہیں دئے ان کی تصویروں کے اخبارات میں چھاپے جاتے ہیں ۔ چنانچہ میں آپ کی خدمت میں مودبانہ عرض کرونگا اور مجھے ذاتی طور پر یہ علم ہے

کہ ۲۲ اپریل کو یوم اقبال کے موقع پر ہمارے ایک وزیر صاحب یونیورسٹی ہال میں تشریف لے گئے تو یقین کیجئے کہ انہیں وہاں ایک منٹ کی تقریر کرنے کی بھی اجازت نہیں دیگئی لیکن اس کے باوجود ان کی تقریر کا پورا متن اخبارات میں سمیت ان کے فوٹو کے چھپ گیا۔

Mr. Speaker : The member may please conclude his speech now.

مسٹر حمزہ۔۔جناب والا ۔ میں اپنی تقریر نوائے وقت کے آج کے اداریہ کا ایک حصہ پڑھکر اور آپ کے سامنے پیش کر کے ختم کر دونگا۔

وزیر قانون۔۔حمزہ صاحب وہ ہم نے پڑھ لیا ہے۔

مسٹر حمزہ۔۔آپ نے پڑھ تو لیا ہو گا لیکن ذہن میں نہیں بیٹھا ہوگا ۔ ضمیر تک اس کی رسائی ہونا تو ناممکن ہے ۔ ذہن میں بھی نہیں بیٹھا ہوگا ۔

خان منور خان۔۔اگر ضمیر تک رسائی ہو جائے تو تنخواہ کیسے ملے ۔

مسٹر حمزہ ۔

''خیالات و احساسات کی قوت اس قدر ناقابل تسخیر ہے کہ جہاں اقتدار کے تحفظ کے لئے انسان اپنا سب کچھ نچھاور کرنے پر آمادہ ہو جاتا ہے وہاں اس کی پذیرائی اور سر بلندی کا پرچم محض مینار بنانے سے سرنگوں نہیں کیا جا سکتا''۔

وزیر قانون۔۔یہ ''کوہستان'' کا ہے حمزہ صاحب !

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان)۔۔ان کے لئے ''کوہستان'' اور ''نوائے وقت'' میں کوئی فرق نہیں ہے۔

Mr. Speaker : Mr. Khattak.

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak (Kohat - II) : I have not the vehemence of Mr. Hamza at my command but I would most respectfully draw the attention of the Minister to a li tle story that would be illustrative of what I intend to say. Once upon a time this lard of ours was governed by an illustrious Surgeon whose name was Dr Khan Sahib. I happened to be very closely associated with him and he was extremely kind to me. He always used to discuss legislative matters with me and I always used to impress on him that the Frontier Crimes Regulations Act was an evil Act and I hoped when he would get into power he would abolish that and bring us back under the common law. He used to tell me that on the first opportunity when he would become Chief Minister he would abolish that law. Fate and fortune had it and he did become the Chief Minister and I was still his permanent companion and always used to bring to his notice the fact that he should implement his promise. So one day in his usual style, as he used to address a man of 80 or a boy of 15 with one terminology ' Nabalgha,' he turned round to me and said, " Nabalgh, you do'nt understand that this law is just like a knife, when it is in the hands of a Surgeon it cures but when in the hands of a gangster it kills."

Sir, I also remember that he was very very reluctant to amend the law I also happened to be, as I tell you another incident of the old N.W.F.P. when Khan Abdul Qayum Khan was the Chief Minister and the late Nawab Liaquat Ali Khan visited us. A very harmless man was the editor of a paper. There was a very very harmless news published in that paper saying that Khan Liaquat Ali Khan has come and there was a probability of some changes in the ministry. The publisher of that newspaper was imprisoned and for three months he could not be rescused from the solitary cells. I fully understand and appreciate the point of view of the Government. No country can run and no country can prosper where certain curbs on publications and printings do not exist. Sir, we may not have the good fortune to have such an illustrious cabinet that is sitting on the treasury benches today or such a competent Governor ruling this country and such a wonderful President at the head and at the helm of affairs. It is likely that with the change of time or with change of circumstances, there may be a change in Government and these laws when in the hands, as Dr. Khan Sahib Marhoom said, of incompetents or people without conscience, can be really very disturbing. All that I would humbly suggest to the Minister is that let us not over-burden the already over-burdened Deputy Commissioner or the District Magistrate to the extent that they cannot function in any one sphere of Government with competence or efficiency with which he would work if he was not over-burdened. My humble submission to the Minister is this that once the Government have considered the case of an individual and adjudged him as a blackleg and they do not want to give him permission to start a printing press or publication and the District Magistrate is so directed to refuse, then let him appeal against this order to the District Judge or let there be an appeal to the High Court. It does not take away anything from this act but on the contrary all the world and those who read it would consider it as a piece of legislation which is not giving full powers in the hands of the executive in

an arbitrary manner. The present ordinance costs reflection on it and deflects it from the purpose for which it is meant in the sense that the people begin to think that probably this has been deliberately done to use it as a measure of pressure on the freedom of expression. It is you who appoint the District Judges ; you appoint the judges of the High Court ; they are a part and parcel of the same Government of which you are a Member and of which we are citizens, so why no change this ordinance to the extent that the appeal from the order of the District Magistrate should lie to some Judicial authority. I am sure, Sir, when some of the most important affairs of the State are judged by the District Officers on the judicial side, why do'nt you give the appellate side of this also to the judicial officers. With the e remarks, I conclude. Thanks.

Mr. Speaker : Mr. Mahmood Azam Farooqi.

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی - ۸)—جناب والا - قانون یا قوانین ان اصولوں کا نام ہے جو انسانوں اور انسانوں کے درمیان - حاکم اور محکوم کے درمیان - راعی اور رعایا کے درمیان تنازعات کو اصول انصاف کے تقاضوں کے مطابق طے کرنے کے لئے مرتب کئے جاتے ہیں - انسانی زندگی تعبیر ہے حرکت سے اور یہی وجہ ہے کہ قانون کا ذخیرہ پہاڑوں کی طرح جامد ساکت اور اٹل نہیں ہوتا بلکہ یہ ایک دریا ہے جس میں تازہ پانی روزانہ آ کر نئی لہریں پیدا کرتا ہے اور پرانے خس و خاشاک کو صاف کرتا رہتا ہے - یہی وجہ ہے کہ دنیا میں قوانین ہمیشہ ترقی کے منازل طے کرتے رہتے ہیں - مختلف زمانوں میں مختلف ممالک میں مختلف حالات میں جس رفتار سے تہذیب و تمدن ترقی کرتا ہے اسی رفتار سے قوانین اس کے ساتھ قدم بہ قدم چلتے ہیں - آج سے صدیوں پہلے جب کہ دنیا تہذیب کی روشنی سے منور نہ تھی تو قانونی اختیارات ایک فرد واحد کے ہاتھ میں مرتکز ہوا کرتے تھے کیونکہ اس وقت تخیل یہی تھا اس وقت عمرانی زندگی کا تصور یہی تھا کہ ایک شخص کے ہاتھ میں اختیارات دے دو اور یہ سمجھا جاتا تھا کہ ایک قبیلے کے یا اس علاقے کے لوگوں کے مفادات اس کے ہاتھ میں محفوظ رہیں گے - پھر دنیا نے آزادی کی روشنی پائی - اس زمین پر تہذیب و تمدن کا

سورج چمکا اور لوگوں نے محسوس کیا کہ در اصل فرمانروائی ایک فرد کی نہیں ہے عوام کی ہے۔ کسی ملک کے مالک ایک فرد یا چند افراد۔ ایک خاندان یا چند خاندان نہیں ہیں بلکہ سارے ملک کے لوگوں کو یہ اختیار ہے کہ وہ ملک پر حکومت کریں۔ ملک ان کا ہے حکومت ان کی ہے اور اس لئے قوانین میں بھی اسی لحاظ سے رد و بدل ہونا شروع ہوا پھر قوانین اس طرح سے مرتب کئے جانے لگے اور ان میں تبدیلیوں نے اس طرح راہ پائی کہ زیادہ سے زیادہ اختیارات۔ زیادہ سے زیادہ آزادی ملک کے عوام کو دیجائے۔ آپ نے ان اختیارات اور ان آزادیوں کو ہم سے چھین کر ایک فرد واحد کو دیدی ہے جناب والا۔ ہمارا دستور جو اپنی ہزاروں برائیوں کے باوجود اپنے اندر یہ بات رکھتا ہے کہ اس ملک میں ہر شخص کو اپنی روزی کمانے کی آزادی ہو گی۔ تو اس دستور کے لحاظ سے بھی اور زمانے کے بدلتے ہوئے حالات کے لحاظ سے بھی اور لوگوں کے انفرادی حقوق کے لحاظ سے میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس قانون کے متعلق جو آج ہمارے سامنے زیر غور ہے اگر میں یہ کہوں کہ یہ پریس اور اشاعت کے لئے ایک Safety Act ہے تو شاید میرا یہ جملہ بے محل نہ ہوگا۔ جناب والا۔ سن ۱۹۶۳ کا وہ ہنگامی قانون جس کی ترمیم آج اس لئے قانون سے کی جا رہی ہے اس قانون نے ہی ملک کے اخباروں کو اور اخبارات کے چھاپنے والوں کو اور ان کی آواز کو اس طرح دبا دیا تھا اور ان کے گلے کو اس طرح گھونٹ دیا تھا کہ اس کے بعد یہ مزید دو آتشہ ترمیمی آرڈیننس نہ آتا تو بہتر تھا۔ اس کو کالا قانون کہنا ہی کافی تھا اور میں آپ کی وساطت سے اس ایوان کو بتانا چاہتا ہوں کہ پریس کی آزادی کے متعلق میرے پیش رو اور میرے محترم رفقا حمزہ صاحب اور اختر صاحب جو کچھ فرما چکے ہیں میں اس کا اعادہ کرکے آپکا وقت ضائع نہیں کروں گا۔ صرف ایک چیز کا

اضافہ اس میں کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارے ملک میں پریس کی اور اخبارات کی آزادی کا یہ عالم ہے کہ سن ۶۴ کے وسط میں جب کہ ملک کی عدالت عالیہ نے جماعت اسلامی پر پابندیوں کے خلاف مقدمہ داخل کیا جا رہا تھا تو اس وقت مقدمہ کی دستاویز اور writ petitions کی درخواست جو تقریباً ۲۰۰ صفحات پر مشتمل تھی سپریم کورٹ کے قواعد کے مطابق اس کو مطبوعہ شکل میں اس کو چھاپ کر عدالت میں پیش کیا جانا تھا تو وہ چند باہمت اور بے لوث افراد تھے جنہوں نے سر پر کفن باندھ کر حکومت کے مقابلہ میں آنے کی جرأت کی تھی ۔ جب اس دستاویز کو کراچی جیسے بڑے شہر میں جہاں کہ سینکڑوں پریس ہزاروں چھاپے خانے موجود ہیں لے جایا گیا تو کوئی چھاپنے پر تیار نہ تھا تو جب اس دستاویز کو چھاپنے کے لئے اور ایسی دستاویز جو کہ کوئی غیر قانونی دستاویز نہ تھی بلکہ عدالت عالیہ میں پیش کی جانے والی درخواست تھی اور اس میں کوئی ایسا مواد بھی نہ تھا جو ملک کے دفاع کے خلاف ہو یا ملک کی سالمیت کے خلاف ہو بلکہ ایک ایسی دستاویز جو حکومت کی قائم کردہ عدالت میں پیش کی جانے والی تھی اور عدالت کے زیر سماعت آنے والی تھی اس دستاویز کو چھاپنے کے لئے کراچی کا کوئی پریس یا یا چھاپہ خانہ تیار نہ ہو سکا ۔ ایک پریس جس نے اس کو مشکل سے قبول کیا رات کے دو بجے اس نے بتایا کہ ہمیں حکم ہے اور ہم اس دستاویز کو چھاپنے سے معذور ہیں ۔ چنانچہ وہ دستاویز ہاتھوں سے سائیکلو سٹائل کر کے عدالت میں پیش کی گئی (آوازیں شیم ۔ شیم) ۔ میں آپ کو ایک مثال بتا رہا ہوں ابھی دور نہ جائیے ۔ تاشقند کے اعلان کے خلاف حزب اختلاف نے کانفرنس کی اور جو انہوں نے بیان دیا تو ان کے بیانات کو کسی اخبار نے چھاپنے کی جرأت نہ کی ۔ یہ ہے ہماری آزادی کا حال اور یہ ہے وہ آزادی جو آپ کے چھاپہ خانوں کو ملی ہوئی ہے ۔

Mr Hamza: Point of order. There is no quorum in the House.

Mr. Speaker: Let there be a coum. (*coum was taken*). The House is not in quorum let the bells be rung. (*bells were rung*). The House is in quorum. Yes, Mr. Farooqi.

مسٹر محمود اعظم فاروقی—جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس ملک میں جو قوانین نافذ کئے گئے تھے خود وہی پریس کی آواز کو بند کرنے کے لئے اور چھاپہ خانے کی آزادی کو سلب کرنے لئے اتنے کافی تھے کہ اس لئے ترمیمی قانون سے پہلے قوانین کو دو آتشہ کرنے کی ضرورت شاید نہ تھی ۔ میں اس قانون کی ایک ایک دفعہ پڑھ کر آپ کے توسط سے محترم وزراً صاحبان اور ساتھیوں کو بتانا چاہتا ہوں کہ اس میں کیا زہر شامل ہے ۔ اس کا پہلا سیکشن اس طرح ہے ۔

"(1—A) Every declaration made and subscribed under subsection (1), shall be authenticated under the signature and official seal of the District Magistrate, before whom the said declaration is made.

(1—B) The District Magistrate shall not authenticate a declaration filed under sub-section (1) unless he is satisfied that—

(a) the title of the printing-press proposed to be kept or operated is not the same as the title of any printing press already being operated at any place in the Province.

میں سمجھتا ہوں کہ اس دفعہ کا مقصد سوائے اس کے کچھ نہیں ہے کہ جن چھاپہ خانوں کو آپ اجازت سے محروم کرنا چاہیں کر سکتے ہیں اور اس میں زیادہ سے زیادہ وقت لگا سکتے ہیں ۔ پہلی چیز یہ ہے کہ ایک سی ایس پی افسر کو یہ پورا اختیار ہے کہ اس دفعہ کے تحت وہ جس شخص کو چاہے اسے اس کے ذریعۂ معاش سے محروم کر دے ۔ حالانکہ ہمارے دستور نے اس ملک کے تمام شہریوں کو یہ ضمانت دی ہوئی ہے کہ جو لوگ جو ذریعہ معاش بھی چاہیں انہیں اس کو اختیار کرنے کی آزادی ہوگی حکومت کا کوئی ادارہ اس میں روکاوٹ پیدا نہیں کرے گا میں سمجھتا ہوں journalism کے بارہ میں شاید کوئی

وجہ جواز ہو سکتی تھی لیکن چھاپہ خانہ کھولنے والے ایک مزدور کے لئے کوئی جواز نہیں ۔ یہ کوئی سیاست نہیں ہے ۔ یہ اخبار نویسی نہیں ہے یہ ایک مزدوری کا کام ہے ۔ معاش حاصل کرنے کے لئے ایک جاہل شخص بھی پرنٹنگ پریس لگا سکتا ہے ۔ بالکل اسی طرح جیسے کوئی کتابوں کی دوکان کھول سکتا ہے ۔ میں آپ سے پوچھتا ہوں کیا آپ نے کتابوں کی دوکان کھولنے والے پر یہ پابندی لگا رکھی ہے کہ وہ اس کے لئے declaration لے ؟ کیا آپ کے یہ سارے قانون کافی نہ تھے کہ وہ لوگ جو چھاپہ خانوں میں اپنی چیز طبع کراتے ہیں وہ کوئی ایسی چیز شائع نہ کرائیں جو آپ کی مرضی کے خلاف ہو ۔ میں یہ نہیں کہتا کہ ملک کی سالمیت یا دفاع کے خلاف ہوں کیونکہ اس ملک کے ہر شہری کو احساس ہے کہ اس کی زندگی اور مستقبل اس کے بچوں کی زندگی اور مستقبل ملک کے دفاع اور سالمیت پر منحصر ہے اسی درخت کی جڑوں کی مضبوطی سے ہم سب کی زندگی وابستہ ہے یہ ممکن نہیں کہ کوئی شخص اسی درخت کی جڑوں کو کاٹ رہا ہو جس پر خود اس کا اپنا آشیانہ ہو اس لئے میں سمجھتا ہوں یہ تمام قوانین اس لئے نہیں کہ آپ کو ملک کا دفاع اور سالمیت بہت عزیز ہے بلکہ آپ کو صرف اپنا دفاع اور سالمیت عزیز ہے آپ اخبار چھپنے نہیں دینا چاہتے پریس معرض وجود میں آنے نہیں دینا چاہتے اور اس سے آپ کا مقصد صرف یہ ہے کہ کوئی ایسا کام نہ ہو جس سے آپ کے دفاع اور آپ کی سالمیت پر زد پڑتی ہو ۔

میں یہ عرض کر رہا تھا کیا یہ بات آپ کے لئے کافی نہ تھی کہ وہ لوگ جو تصنیف و تالیف کا کام کرتے ہیں جو اخبارات میں مضمون لکھتے ہیں جو اخبارات کی ادارت کرتے ہیں ۔ آپ ان کے اوپر پابندی لگانے کو کافی سمجھتے کہ وہ کوئی ایسی چیز نہ لکھیں جس سے اپنے دفاع اور سالمیت کو خطرہ ہو آپ ان کے ذہنوں پر قفل ڈال دیں ۔ ان

کی زبانوں پر مہریں لگا دیں ۔ کہ وہ یہ نہ کہہ سکیں یہ نہ لکھ سکیں ۔ یہ نہ سوچ سکیں اس کام کے لئے وہ سب کچھ جو پہلے سے قانون میں موجود تھا کافی تھا ۔ اس کے لئے آپ کو یہ نہ ضرورت تھی کہ ایک معمولی مزدور کو جو چھاپہ خانہ لگا کر گزارہ کرنا چاہتا ہے ۔ آپ اس کی گذر اوقات کو دشوار بناتے اور ہر شہر کے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کو یہ حق دیتے ۔ کہ وہ اپنے اختیارات کو اس سلسلے میں استعمال کرے ۔ مغربی پاکستان کے سینکڑوں اضلاع ہیں ۔ اور ہر ضلع میں ایک ڈسٹرکٹ میجسٹریٹ موجود ہے ۔ آپ کی اپنی کارکردگی کا جو معیار ہے وہ آپ کو معلوم ہی ہے ۔ آپ سے میری مراد حکومت کے وزرا اور ان کے متعلقہ محکموں کی کارکردگی ہے ۔ ان سے یہ توقع رکھنا کہ وہ اتنی جلدی ایسی تمام معلومات ہر ضلع سے دوسرے ضلعوں میں مہیا کر دیں گے جس سے یہ معلوم ہو کہ اس نام کا پریس پورے مغربی پاکستان میں موجود نہیں ہے ۔ میں سمجھتا ہوں عبث ہے ۔ آپ کی کارکردگی کی جو مثالیں ہمارے سامنے اس ایوان میں ایک نہیں درجنوں بار آ چکی ہیں ۔ اپنے محکموں کی نااہلی اور سست کارکردگی کا آپ خود بھی اعتراف کر چکے ہیں ۔ اس کے بعد اب یہ توقع رکھنا کہ اگر ٹوبہ ٹیک سنگھ میں کوئی چھاپہ خانہ ہو تو اس کی اطلاع بر وقت کراچی کے ڈسٹرکٹ میجسٹریٹ کو دے دی جائے گی میں سمجھتا ہوں عبث ہے ۔ اس لئے میرے نزدیک یہ دفعہ بالکل غیر ضروری ہے ۔ پورے مغربی پاکستان میں شاید ایک دو ایسے چھاپے خانے ہوں گے جن کی شاخیں شہر شہر یا قریہ قریہ ہوں ۔ اور ایک نام کے دوسری جگہ استعمال سے کسی گڑ بڑ کا امکان ہو ؟ ورنہ ۹۹ فیصد کی حیثیت یہ ہے کہ جس شہر میں وہ واقع ہیں اسی کی حدود تک ان کا کام محدود ہے ۔ اس لئے اگر ایک نام کا پریس کراچی میں ہے اور اسی نام کا ٹوبہ ٹیک سنگھ میں کھل جائے تو اس سے ان کے کام میں کوئی گڑ بڑ نہیں ہو گی نہ اب تک ہوئی ہے ۔

اس ملک میں چھاپہ خانہ کی تاریخ نئی تاریخ نہیں ہے ۔ سالہا سال سے پریس اسی طرح چلتے اور لگتے رہے ہیں اس پابندی کے بغیر بھی اس ملک میں یہ کاروبار چلتا رہا ہے ۔ نہ آسمان ٹوٹا نہ زمین پھٹ پڑی آج کیا ضرورت آ پڑی کہ ایک دفعہ کے اضافہ سے یہ پابندی عائد کی جائے کہ کراچی میں کسی چھاپہ خانہ کو اجازت اس وقت تک نہ دی جائے جب تک ڈسٹرکٹ میجسٹریٹ مطمئن نہ ہو کہ پورے مغربی پاکستان میں اس نام کا کوئی چھاپہ خانہ موجود نہیں ہے میں سمجھتا ہوں یہ محض تاخیری بہانے ہیں ڈسٹرکٹ میجسٹریٹ کے ہاتھ میں آپ نے نیور دے دیا ہے کہ وہ اپنے ان اختیارات کے ذریعہ معاملہ کو التوا میں ڈال سکے ۔ اس میں سے دیر کر سکے تاکہ آپ کے اپنے مقاصد حاصل ہوں ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد اس کی دوسری شق یہ ہے ۔

"(1 – B) The District Magistrate shall not authenticate a declaration filed under sub-section (1) unless he is satisfied that—

(b) the printer was not convicted of an offence involving moral turpitude within five years before the date of his making and subscribing the declaration."

میں آپ سے یہ پوچھتا ہوں کہ جب کسی دوسرے ذریعہ معاش پر یہ پابندی نہیں ہے ۔ کہ ایک شخص کسی جرم میں سزا یافتہ نہ ہو تو اس چھاپہ خانہ کے کاروبار پر یہ پابندی کیوں ہے اگر یہ بات ہے کہ چھاپہ خانہ کے مالک کی چیز ہاتھوں ہاتھ پہنچتی ہے اور سینکڑوں لاکھوں افراد اسے پڑھتے ہیں اگر وہ اخلاق مجرم ہو گا تو چھاپہ خانہ کے ذریعہ اس کی چیز کی اشاعت کے امکانات زیادہ ہیں میں آپ سے پوچھتا ہوں کیا کتاب فروش کے فرائض اتنے ہی اہم نہیں ہیں جتنے چھاپہ خانہ کے مالک کے ایک کتاب فروش بھی اپنی کتابوں سے ملک کے ہزاروں اور لاکھوں افراد کو متاثر کرتا ہے ۔ مگر آج اس کے اوپر یہ پابندی نہیں ہے میں کہتا ہوں اگر کسی شخص کی اخلاق حالت خراب ہے تو وہ جو

بھی کام کرے گا اس کے ذریعہ دوسروں کو متاثر کرے گا خواہ وہ لانڈری ہی کیوں نہ کھولے ۔ اگر وہ اخلاقی مجرم رہ چکا ہے اور اس کی اخلاقی حالت خراب ہے گو وہ لازماً دوسرے افراد کے کردار کو متاثر کرے گا میں آپ سے پوچھتا ہوں جب دوسرے کسی پیشہ پر یہ پابندی نہیں ہے کہ وہ پانچ سال پہلے تک کسی جرم کا مرتکب نہ ہوا ہو تو چھاپہ خانہ پر یہ پابندی کیوں ہو اگر آپ اخبار کی ادارت پر یہ پابندی لگاتے تو سمجھ میں آ سکتی تھی اگر آپ اسمبلی کی رکنیت کے لئے یہ پابندی رکھتے تو سمجھ میں آ سکتی تھی اگر آپ سی ایس پی کے لئے دفتر کے کلرک کے لئے یا دفتر کے چپڑاسی کے لئے یہ پابندی رکھتے تو کوئی بات تھی ۔ مگر ایک مزدوری کرنے والے پر یہ پابندی کہ وہ کسی جرم کا مرتکب نہ ہوا ہو اور عدالت نے اسے دو تین چار سال کی سزا نہ دی ہو ہماری سمجھ سے بالا ہے ۔ اس کے سزا بھگتنے کے بعد بھی آپ کو کیا حق ہے کہ مزید اس کو سزا دے دیں ۔ کیا وہ کوئی ذریعہ معاش اختیار نہیں کر سکتا ؟ چھاپہ خانے بھی ایک ایسا ہی ذریعہ معاش ہیں جیسے دوسرے ذرائع معاش ہوتے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ایک شخص کے اوپر جو کبھی حالات کی مجبوری کی وجہ سے یا کسی اور وجہ سے جرم کا مرتکب ہوا ہو یہ پابندی عائد کرنا اس کے اس حق کو سلب کرنا ہے جو دستور اس کو ذریعہ معاش کے سلسلہ میں دیتا ہے ۔

جناب والا ۔ میں آپ سے پھر عرض کروں گا کہ اصل میں یہ بات آپ سے سہواً نہیں ہوئی ہے ۔ ایسا نہیں ہے کہ دوسرے ذریعہ معاش میں یہ بات آپ سے سہواً رہ گئی ہو ۔ یا غلطی سے آپ نے یہاں پابندی لگا دی ہو ایسا نہیں ہے ۔ آپ نے تمام ذرائع معاش کے لئے اپنے طور پر یہ محسوس کیا ۔ اور آپ کا دل اس سے مطمئن ہے ۔ آپ کے سابقہ

حکمرانوں کا دل بھی اس پر مطمئن تھا ۔ ایک شخص اگر کسی اخلاقی جرم کا مجرم ہے اور وہ سزا بھگتنے کے بعد کوئی دوسرا ذریعہ معاش اختیار کرتا ہے ۔ صرف اس بنیاد پر کہ اس کا ماضی خراب ہے اس کا مستقبل مستقل طور پر داغ دار کیا جائے اس کے لئے کوئی وجہ جواز نہیں ہے ۔ یہ آپ بھی جانتے ہیں اور اس لئے کسی دوسرے پیشے کے اوپر یا دوسرے ذریعہ معاش پر آپ نے پابندی عائد نہیں کی ۔ آپ نے صرف چھاپہ خانوں کے مالکوں کو اس پابندی کے لئے منتخب کیا کیونکہ آپ اس پیشے پر اور اس سے معاش حاصل کرنے والے ان لوگوں کے اوپر اپنی گرفت رکھنا چاہتے ہیں ۔ آپ چاہتے ہیں کہ ان کے ہاتھ بندھے ہوئے ہوں ۔ آپ چاہتے ہیں کہ ان کی زبانیں گنگ ہوں ۔ آپ چاہتے ہیں کہ ان کے ہاتھ اس طرح حرکت کریں جس طرح آپ چاہتے ہوں ۔ آپ چاہتے ہیں کہ ان کے دماغ اس طرح سوچیں جس طرح آپ چاہتے ہیں کہ وہ سوچیں اس پابندی کی صرف یہی وجہ ہے ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد اس سے خاص اور اہم سیکشن ۷ (بی) ہے ۔ اس میں فرمایا گیا ہے ۔

"(1—C) The District Magistrate shall refuse to authenticate the declaration of a printer about whom the Government is satisfied, on the basis of information in its possession and after giving such printer an opportunity of being heard, that he is likely to act in a manner prejudicial to the defence or external affairs or security of Pakistan, or to use the press in respect of which the declaration is made for the purposes of incitement to the commission of any cognizable offence involving violence or for defamation"

سب سے پہلی بات میں یہ عرض کروں گا کہ یہ قانونی دفعات جو آپ نے اس ترمیمی آرڈیننس میں رکھی ہیں یہی دفعات آپ کے پہلے آرڈیننس میں پہلے سے موجود تھیں ۔ میں آپ کو وہ دفعات پڑھ کر سناؤں گا ۔ یہ پریس اینڈ پبلیکیشن آرڈیننس ۱۹۶۳ کا ہے جس کی دفعہ ۲۴ ہے ۔

"24. (1) Whenever it appears to the Government that any printing press....."

There is restriction on the printing press here also.

"....issued for the purposes of printing or publishing any book or paper containing any words, signs or visible representations which—

(a) incite to or encourage, the commission of any offence of murder or any cognisable offence involving violence, or..."

Then there is sub-clause (h) which says—

"(h) tend directly or indirectly to condemn the creation of Pakistan or to advocate the curtailment or abolition of the sovereignty of Pakistan in respect of all or any of the territories lying within its borders, whether by amalgamation with neighbouring States or otherwise, or

(i) tend directly or indirectly to bring into hatred or contempt the Government established by law in Pakistan or the administration of justice in Pakistan or any class or section of the citizen of Pakistan or to excite disaffection towards the said Government, or

(m) tend directly or indirectly to seduce any officer, soldier, sailor or airman in the Armed Forces of Pakistan or any police officer from his allegiance or his duty, or to undermine the morale or prejudice the discipline of the forces of its members, or..."

اس طرح کی اور بھی بہت سی دفعات ہیں میں جن کو پڑھ کر آپ کا وقت ضائع نہیں کروں گا ۔ میمن صاحب ان سے اچھی طرح واقف ہیں ۔

جناب والا ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ آپ نے نئی دفعات رکھی ہیں اس میں آپ یہ فرمانا چاہتے ہیں کہ کوئی پرنٹنگ پریس جس کے بارے میں ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے پاس اپنے اطمینان کے لئے یہ مواد موجود ہو کہ اگر اس پریس کو چھاپہ خانہ لگانے کی اجازت دی گئی کہ وہ آئندہ کوئی ایسا کام کرے گا آج نہیں بلکہ آئندہ کوئی ایسا کام کرے گا جس سے حکومت پر ملک کی سالمیت پر اور ملک کے دفاع پر اثر پڑتا ہو تو آپ اس شخص کو پریس لگانے سے محروم کر دیں گے ۔ میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ جب آپ کے قانون میں یہ دفعہ موجود ہے کہ اگر وہ ایسا پریس لگائے یا پریس لگانے کے بعد اگر کوئی ایسا کام کرے تو ملک کی سالمیت یا ملک کے دفاع کے خلاف ہو تو اس صورت میں آپ اس کے خلاف کارروائی کر سکتے ہیں تو پھر یہ حق آپ کو کہاں سے پہنچتا ہے کہ آپ انسانوں کے آئندہ اعمال کے متعلق بھی آج فیصلہ کر لیں کہ وہ آئندہ

یہ کرنے والا ہے ۔ (قطع کلامی) ۔ تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ آپ کو یہ حق کہاں سے پہنچتا ہے کہ آپ کسی شخص کے بارے میں یہ فیصلہ کریں کہ وہ آئندہ کیا کرنے والا ہے ۔ پھر یہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کا جو عمل ہے یہ کلیتاً executive action ہے ۔ یہ judicial action نہیں ہے ۔ اگر آپ اس کو یہ اختیار دیتے کہ اس شخص کو judicial remedy کا حق ہوتا یعنی اگر ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اپنی جگہ اس بات پر مطمئن ہے کہ اس شخص کا ماضی کا کردار ایسا ہے کہ آئندہ اگر اس کو چھاپہ خانہ لگانے کی اجازت دی گئی تو وزرا صاحبان کی سالمیت پر اثر انداز ہوگا ۔ اگر اس شخص کو حق حاصل ہوتا کہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے اس حکم کے خلاف کسی عدالت میں جا کر صفائی پیش کر سکے تو میں سمجھتا کہ آپ کی یہ provision اور یہ ترمیم جو اس قانون میں رکھی گئی ہے اصول حق و انصاف کے مطابق ہے ۔ لیکن یہ سارا executive action ہے ۔ ایک ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ جس کے بارے میں حمزہ صاحب بھی فرما چکے ہیں اور میں بھی سمجھتا ہوں کہ آج کل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کا رول وہی ہے جیسے حمزہ صاحب نے فرمایا ہے ۔ کہ یہ لوگ جس طرح حکومت کے سیاسی مقاصد کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں جس سے انہوں نے اپنے کردار کو داغ دار بنایا ہے ۔ آپ اسی ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کو اس بات کا پورا اختیار دیتے ہیں کہ وہ کسی شخص کے مستقبل کے بارے میں ان اطلاعات کی بنیاد پر فیصلہ کرے جو اس کے پاس ہیں ۔

چودھری محمد نواز—پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ بعض وزرا صاحبان سوئے ہوئے ہیں اگر اجازت ہو تو وہ چلے جائیں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی—یہ تو مستقل سوئے ہوئے ہیں ۔ آج کیا یہ تو ہمیشہ سوئے ہی رہتے ہیں ۔

Mr. Speaker : I do not think that they are sleeping and this is no point of order.

وزیر بنیادی جمہوریت—فاضل ممبر صاحب کی تقریر ختم ہونے کے بعد میں آ گئے تھا۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی—جناب والا ۔ میں عرض کر رہا ہوں کہ وہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ جو اپنے اعمال سے اپنے کردار کو داغ دار کر چکا ہے اس کو یہ executive اختیار دینا اور کافی اختیار دینا کہ وہ فیصلہ اس مواد کی بنیاد پر کرے جو اس کے پاس موجود ہے ۔ اور اس کا صرف executive action ہو۔ اور جو شخص اس فیصلہ سے متاثر ہو رہا ہے اس کو کسی عدالت میں جانے کو کسی judicial remedy کی اس کے پاس گنجائش نہ ہو ۔ یہ سراسر ناانصافی ہے یہ اصول حق و انصاف کے خلاف ہے۔ لوگوں کے ان دستوری حقوق کے خلاف ہے اس دستور نے جو ضمانت دی ہے لوگوں کو کہ ان کو ذریعہ معاش حاصل کرنے کی آزادی ہے ۔ یہ اس دستوری ضمانت کے خلاف ہے ۔ یہ حق و انصاف کے خلاف ہے ۔ پھر اس میں اور لطیفہ یہ ہے کہ سیکشن ۱ (ای) میں میمن صاحب نے فرمایا ہے ۔

"(A—E). A printer whose declaration is not authenticated by the District Magistrate under sub section (1—B), may make a representation to Government against the order of the District Magistrate, and the Government may, on consideration thereof and after giving such printer an opportunity of being heard, modify, confirm or rescind the order of the District Magistrate."

۱ (بی) میں ابھی آپ کو سناؤں گا ۔ ۱ (بی) میں ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کو یہ اختیار ہے کہ وہ ان لوگوں کو declaration سے محروم کر دے کہ جنہوں نے اپنے پریس کا ایسا نام رکھا ہے جو ملک میں پہلے سے موجود ہے ۔ اور یہ کہ وہ لوگ جو کہ declaration دینے کے پچھلے پانچ سال کے عرصہ میں کسی اخلاق جرم کے مرتکب ہو گئے ہوں تو ان کو ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ declaration دینے سے انکار کر دے ۔ ۱ (سی) میں وہ

لوگ ہیں جن کے متعلق ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کو یہ اختیار ہے کہ وہ لوگ جن کے بارے میں اس کا خیال ہو کہ وہ ملک کی سالمیت کے خلاف کوئی اقدام کریں گے ان کو بھی declaration دینے سے انکار کر دے ۔ تو آپ نے حکومت کے پاس اپیل کرنے کا حق اور اپنی صفائی پیش کرنے کا حق ان لوگوں کو تو دیا ہے جو اخلاق جرم کے مجرم ہیں ۔ یعنی وہ لوگ کہ جنہوں نے پریس لگانے کے لئے درخواست دی ہو ۔ اور جو پچھلے چھ سال میں ڈاکہ زنی کے مرتکب ہو کر جیل کاٹ کر آئے ہوں ۔ ان کو تو آپ یہ حق دیتے ہیں ۔ کہ اگر وہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے فیصلے سے مطمئن نہ ہوں ۔ تو وہ حکومت کے پاس اپیل کر سکتے ہیں ۔ لیکن وہ لوگ جو کہ نہ ڈاکہ زنی کے مرتکب ہو کر مجرم گردانے گئے ہوں ۔ اور نہ ہی کسی دیگر اخلاق جرم کے مرتکب ہوئے ہوں ۔ اور نہ ہی آج تک کسی اخلاق جرم میں انہیں کوئی سزا ہوئی ہو ۔ لیکن جن کے بارے میں صرف ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ مطمئن ہو ۔ اور جن کے پاس ایسا مواد آسمان سے نازل ہوا ہو ۔ کہ جس کی بناء پر وہ یہ سمجھے ۔ کہ وہ آگے چل کر حکومت کے خلاف کوئی کارروائی کرینگے ۔ تو آپ ایسے لوگوں کو نہ تو اپیل کا اختیار دیتے ہیں ۔ اور نہ ہی نظرثانی کے لئے ہی وہ حکومت کے پاس جا سکتے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ آپ نے خود جتنے قوانین بنائے ہیں ۔ یہ قانون ان کی نفی کرتا ہے ۔ آپ کے جتنے بھی قوانین میری نظر سے گذرے ہیں ۔ ان میں اگر آپ نے کسی کو judicial remedy نہیں دی ۔ تو ایک شخص کو کم از کم یہ اختیار ضرور دیا ہے ۔ کہ اگر وہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے حکم سے غیر مطمئن ہے ۔ تو وہ دادرسی کے لئے کمشنر کے پاس چلا جائے اور اگر وہ کمشنر کے فیصلے سے مطمئن نہیں ہے ۔ تو وہ Home Secretary کے پاس چلا جائے ۔ حالانکہ وہ بھی ڈسٹرکٹ میجسٹریٹ کے بھائی ہی ہوتے ہیں ۔ لیکن خیر

اس شخص کو یہ حق ضرور دیا گیا ہے۔ کہ وہ کسی higher authorities کے آگے اپنی grievances لے جا سکے۔ اور ان کے سامنے اپنی شکایات کو پیش کر سکے۔ میں آپ کی خدمت میں بہت سے ایسے قوانین کی مثالیں پیش کر سکتا ہوں۔ کہ جن میں آپ نے اس ملک کے اس حصے کے شہریوں کو judicial اختیارات سے محروم تو کیا ہے۔ لیکن اس کے باوجود آپ نے انہیں executive authorities کے پاس پہنچنے کا حق دے رکھا ہے۔ کہ اگر ایک شخص ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے کسی فیصلے سے مطمئن نہیں ہے۔ تو وہ حکومت وقت کے اعلیٰ افسران اور گورنر تک اپنی شکایات لے جا سکتا ہے۔ بالخصوص آپ کے پرانے آرڈیننسوں میں ان تمام لوگوں کو اپیل کرنے کا حق ہے۔ جو کہ اس کی mischief سے اور اس کی زد سے متاثر ہوتے ہوں۔ لیکن اس ترمیمی آرڈیننس میں میرے خیال میں آپ کے وہ سیاسی مخالفین جو سیاسی حیثیت سے آپ سے اختلاف رکھتے ہوں۔ اور جن کے بارے میں آپ کا یہ خیال ہو۔ کہ اگر ان کے ہاتھ میں پریس آ جائے گا۔ تو پھر وہ آپ کے خلاف مواد شائع کریں گے۔ ان کے بارے میں صرف ڈسٹرکٹ میجسٹریٹ یعنی ایک سی۔ ایس۔ پی۔ افسر کا فیصلہ ہی اس بات کے لئے کافی ہے۔ کہ ملک کے ایک معزز شہری کو ایک آزاد ذریعہ معاش حاصل کرنے سے محروم کرے۔ اور پھر اس کے خلاف نہ کوئی داد ہے۔ اور نہ فریاد اور نہ وہ کسی عدالت میں بھی اس کے خلاف اپنی شکایات پیش کر سکتے ہیں اور نہ کوئی دوسرا اعلیٰ سرکاری افسر اس کی سماعت کر سکتا ہے۔ اور نہ حکومت کا کوئی فرد اس کی دار رسی کر سکتا ہے۔ عدل و انصاف کا تقاضا ہے۔ کہ آپ اپنے اس قانون کا پھر مطالعہ کریں۔ یہاں میں ایک بار پھر یاد دلاتا ہوں۔ اور جیسا کہ میں نے پہلے بھی عرض کیا تھا۔ کہ آپ حزب اقتدار اور حزب اختلاف کے تصور کو ترک کر کے عوام کے مفاد اور ان لوگوں کے مفاد کو مد نظر رکھ کر قوانین وضع کیا کریں۔ کہ جن عوام اور جن لوگوں

کے خون پسینے کی کمائی سے بلکہ جن کے خون کے قطروں سے آپ کی حکومت کو غذا مل رہی ہے آپ ان لوگوں کا خیال کیجئے ۔ کہ آخر ان کا مفاد کس چیز میں ہے ۔ کہ جن کو آپ ذریعہ معاش سے محروم کئے رہے ہیں ۔ یاد رکھئے ۔ کہ آپ ان ہی کے خون کے قطروں سے پل رہے ہیں ۔ اور میری اور آپ سب کی زندگیاں ان سے وابستہ ہیں ۔ لہذا ضرورت اس امر کی ہے ۔ کہ آپ اصول انصاف کے لحاظ سے عدل و انصاف کے لحاظ سے ، اسلام کے کے تقاضوں کے لحاظ سے اور دنیا کو منہ دکھانے کی شرم کے لحاظ سے اپنے اس قانون پر نظر ثانی کریں ۔ کیا انصاف کا تقاضا یہی ہے ۔ کہ آپ ایک قانون بنا کر اور انتظامیہ کے ایک افسر کو یہ حق دیدیں ۔ کہ وہ عوام کو اپنا ذریعہ معاش حاصل کرنے سے محروم کرے ۔ اور اس کے خلاف اسے اپیل کا کوئی حق ہی نہ دیں ۔

جناب والا ۔ اس کے سیکشن ۳ میں ہے ۔ کہ

3 "In this Sub-section "or sub-section (3) of 57" shall be omitted."

مجھے جو کتاب اس اسمبلی سیکرٹریٹ کی لائبریری سے ملی ہے ۔ وہ میمن صاحب کے ارشاد کے مطابق شاید پرانا ایڈیشن ہے ۔ اور اس میں وہ ترمیم ہی نہیں ہے ۔ اس لئے میں اسے ٹھیک طور سے نہیں سمجھ سکا ہوں ۔ اس میں ترمیمی آرٹیکل یہ ہے ۔

4. "In Section 71 of the Principal Ordinance, the word, brackets and figures "or sub-section (4) of section 22 or" shall be omitted."

جناب والا ۔ اس کے سیکشن نمبر ۲۴ کا سب سیکشن نمبر ۴ یہ کہتا ہے ۔

"If any person contravenes any provisions of this section then, without prejudice to any other proceeding which may be taken against him, the Government may declare to be forfeited to it every copy of any book or paper printed or published in such contravention, or any press used in the printing of such book or paper."

اس کا مطلب یہ ہوا ۔ کہ اگر کوئی شخص دفعہ نمبر ۲۲ کی کسی کلاز کی خلاف ورزی کرتا ہے ۔ تو حکومت کو یہ اختیار ہے ۔ کہ وہ پریس کی تمام publication کی کاپیاں ضبط کر لے ۔ پھر سیکشن نمبر ۷۱ میں یہ تحفظ دیا گیا تھا ۔

71. "Notwithstanding anything contained in this Ordinance, no such order as is referred to in sub-section (5) of section 22 or sub section (1) of section 48 shall be made against any person except after giving such person an opportunity of being heard by the officer or authority making the order."

یعنی سیکشن نمبر ۷۱ میں آپ نے ان لوگوں کو یہ حق دیا تھا ۔ جو کہ سیکشن نمبر ۲۱ کی خلاف ورزی کے مرتکب ہوئے ہوں ۔ کہ ان کے خلاف کوئی حکم نافذ نہیں کیا جائے گا ۔ اور انہیں کوئی سزا نہیں دی جائے گی ۔ جب تک کہ اس کی داد رسی نہ کی جائے ۔ اور ان کی فریاد سننے کا پورا موقع نہ دیا جائے ۔ اور ان کے خلاف پوری پوری تحقیقات نہ کی جائیں ۔ اس میں سیکشن نمبر ۷۱ میں سے سیکشن نمبر ۲۲ (۴) نکال دی گئی ہے ۔ جسکا مطلب یہ ہوا ۔ کہ اب اس کا وہ تحفظ ختم ہو گیا ۔ اور اب وہ بھی ان دوسرے مظلوموں کی صف میں کھڑا ہے ۔ جن کو داد رسی کا کوئی موقع میسر نہیں ہے ۔ اور جن کے خلاف اگر حکومت کوئی کارروائی کرے ۔ تو وہ اسے خدا کا عذاب سمجھ کر اس کے سامنے اپنا سر جھکا دیں ۔ اور کسی حاکم کے پاس ان کو جانے کا اختیار نہیں ہے ۔ ان معروضات کے ساتھ میں اس ہنگامی قانون کی شدید مخالفت کرتا ہوں ۔ اور میں اپنے وزیر قانون سے یہ توقع کرتا ہوں کہ good sense will prevail اور وہ اس آرڈیننس کو واپس لے لیں گے ۔

Mr. Munawar Khan (Bannu-I): Mr. Speaker, much has been said by my learned colleague about the ordinance which further amends the Press and Publications Ordinance of 1963 and 1964 but I have a few points to submit for consideration of the House. It is of course very pitiable, Sir, that we find daily the Public rights being encroached upon by the Government through ordinances and even then they are further

deprived of their legal rights to seek their remedy in a Court of Law. The entire power is thus stored in the hands of the executive. Now Sir, we have had very bitter experiences of the so called District Magistrates during the last few years. They are absolutely under the thumb of the superior executives rather I would not be wrong, if I call them election agents, because they go by the dictates of their Masters who feed them and therefore, they don't exercise their own conscience and perform the duties which are entrusted to them by the law of the land. My respectful submission is that the District Magistrate has been given no discretion whatsoever under the ordinance. In this amended ordinance he has to act on the information conveyed to him by the Government.

Now, in this connection I might respectfully invite your attention to (1- C) which reads :

> " The District Magistrate shall refuse to authenticate the declaration of a printer about whom the Government is satisfied on the basis of information in its possession..... ....."

Now, Sir, orders are given to the District Magistrate to refuse authentication of the declaration by the Provincial Government (as the Section reads) and then the same Provincial Government is made the Appellate Authority ! Is it not simply ridiculous. I do not know, Sir, who drafted the amended Ordinance but still the Law Minister would insist that it went through so many channels to be reconsidered, corrected, objected to and rectified. I cannot see any sense in it. The same Government orders the District Magistrate on the basis of information in his possession and again the same Government is made the appellate authority. How can that very Government be considered to be the proper authority at all to be appealed to and correctly consider the grievance, if any, of a person whose declaration has been rejected. Now, what is this anomaly. Every day we find amendments. Why ? Because nobody cares and nobody would ever think of doing a thing correctly.

Mr. Hamza : Point of order. There is no quorum.

Mr. Speaker : The House is not in quorum. Let the bells be rung (*bells were rung*). The House is in quorum.

چودھری محمد ادریس—پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب عالی ۔ ھاؤس میں کئی بار کورم ٹوٹتا ھے وزرا صاحبان کو تو اپنی ذمہ داریوں کی بنا پر اکثر غیر حاضر رھنا پڑتا ھے لیکن جو چھوٹے وزیر صاحبان یعنی پارلیمنٹری سیکرٹری صاحبان ھیں آپ ان کو حکم دیں کہ وہ کورم کو ٹوٹنے نہ دیں ۔ یہ ان کی ذمہ داری ھونی چاھئے ۔ ممکن ھے آپ انہیں

حکم نہ دے سکیں لیکن میں request کرتا ہوں کہ آپ انہیں ہدایات دیں کہ وہ کورم کا خیال رکھیں ۔

مسٹر سپیکر ــــ میں سمجھتا ہوں کہ یہ پارلیمنٹری سیکرٹری صاحبان ہی کی ذمہ داری نہیں بلکہ یہ ایوان کے ہر رکن کی ذمہ داری ہے کہ وہ اسے محسوس کریں ۔ وہ عوام کے سامنے ذمہ دار ہیں ۔ اس سے ان کے ہر فعل اور conduct کو دیکھا جائے گا ۔

Everybody should feel his responsibility and see that quorum is maintained in the House. That is the responsibility of the majority party and that is the responsibility of the minority party also.

Yes please.

Mr. Munawar Khan : Now, Sir, I was submitting about the dictates of the Provincial Government to the District Magistrates and then the same Provincial Government is intended to be made the appellate authority to hear the grievance of a person whose declaration has been rejected. Now, it is simply a farce, Sir. It is simply against the principles of justice. It is simply against the principles of common law. At least the appellate authority should have been some judicial officer. Why are the Government Benches afraid of giving powers to the judiciary? They are always trying to deprive the judiciary of the powers which should ordinarily be exercised by it. The simple idea underlying is that the Treasury Benches would always like to deprive one of his fundamental rights.

Now, in this connection I will be submitting, Sir, that the District Magistrate particularly of Bannu (I would refer to the D. M. Bannu because I come from that very part) hauled up one person because he bid in a particular auction. That man said that he did so because it was an open auction. He was charged under the Goonda Act without any papers. Mr. Speaker, Sir, I assure you that there were no papers whatsoever, no complaint against that person. He simply bid in a public auction which was not liked by the District Magistrate and for that very reason he was sent to the jail and he remained and rotted there for months and months, and he remained there till all his relations went and fell on their knee before the District Magistrate and then that poor man was let off. This is not a single instance. These instances can be multiplied. If you refer to the record of the Bannu District Jail you will find that there was no complaint, there was no paper pending against a person and he was arrested. Even a Hafiz of Quran was arrested under the Goonda Act. Why? Because he had constructed some house without the permission of the Department concerned. He said that he built it thirty years back Although he was paying the rent of the land he was ordered to quit. He said, what

should I do with the 'malba.' And then he was arrested under the Goonda Act. A Hafiz of Quran was arrested under the Goonda Act. The record is there. I will stand any penalty if this is disproved.

My respectful submission is that when the District Magistrates are given so wide powers and they cannot be challenged in any Court of Law, where should they be challenged, and by whom can the matter be considered? The law says by the same authority who directed them to withhold sanction to the declaration of a particular press. Now, this is a strange law, Sir. One cannot appreciate as to what is the meaning behind it except one (which I think might be right or wrong) that is that the Treasury Benches intend to strangulate the press so completely as to paralyse it altogether Why? Just-to keep back the activities which they perform in their capacity as Ministers, from the public. Though under the Constitution they are powerless Ministers but when they go to the Districts, Sir, they create havoc through these District Magistrates. These District Magistrates were begging for votes, at their instance.

Running from door to door, would bring in voters, put them on an oath of the Holy Quran before him for the sake of these Ministers. How can these District Magistrates be relied upon when they carry the authority to withhold sanction? My respectful submission is that the clause relating to the fact that the appeal should lie to the provincial government or the Governor must be deleted by the Law Minister, and I entreat him, that the appeal should lie to some court with judicial powers. The executive should not have all of it.

I will be quoting, when we start with the Budget discussion, the activities of some representatives, rather employees of the Government as I would call them Sir, as to what they had been doing with the help of these District Magistrates. So my respectful submission is that the District Magistrates have not been left with that discretion which they were having before this regime came into power.

Now I respectfully refer to the press, which is an estate, and a very precious estate, a State. The press is the source through which the public are illuminated with the working of the Government, the officials, the public and everybody. Why these strangulations from time to time? After 1963 they found that there was some lacuna, that Press men had got some corner to take asylum in, and they brought an amendment in 1964. Again there was something left out and they have come with the present amendment Sir. The Government is out to strangulate the press and thereby throw out of employment a large number of employees simply because they intend to do their duty to the State and to the Nation. What is the principle underlying it Sir? Because the Pressmen would not go by the wishes of the Govt. and cover their farce, they should be thrown out of their jobs or they should be thrown in jail and suffer imprisonment. So wherefrom should these people earn their livelihood? Should they become baseless democrats, who we find have been shoved into the Union Councils, and then through them Chairmen were

elected? These Chairmen are all illiterate. You will be surprised Sir that with the help of these District Magistrates, in my district the entire lot with the exception of two, in the district council are all illiterate

Mr. Speaker : I am afraid the member is not relevant.

Mr. Munawar Khan : I am submitting about the misuse of powers by the District Magistrates if they are given those wide powers. My respectful submission is that I absolutely disagree and oppose every word and sentence of this ordinance. If the press would not be having a voice Sir, how would we be able to educate the public? Atleast the present regime would not like the neighbour to know what is happening in the other House? How should the public know? Why should the public be kept in the dark? Why do they not come out with clean hands? Why do they not come and face the public openly and honestly? How long will they try to deceive, to keep back facts or bandage their eyes and thereby run the Government in the way in which they like? For how long would they betray the public? The public is well aware; the spirit is there that is being crushed through this illegal legislation--one man's law, Sir, the ordinance.

Now Sir, I respectfully submit that as much has been said on this amendment, I would respectfully suggest to the Law Minister that he should not bring in such ordinances which might boomerang some day on them, as there is every probability that benches may change.

چوڈھری محمد ادریس (جھنگ - ۱)--جناب سپیکر - majority party کی benches پر بیٹھکر میں اس آرڈیننس کی مخالفت کرنے کی پوزیشن میں نہیں ہوں لیکن میں اس کی حمایت کرتے ہوئے اس آرڈیننس کے (۱) سی کے متعلق اپنے محترم وزیر قانون کی خدمت میں یہ عرض کرنے پرمجبور ہوں اور ایسا عرض کرتے ہوئے مجھے ان کی قابلیت کا پورا اعتراف ہے اور اعتراف ہی نہیں بلکہ مجھے ان کی قابلیت پر ہمیشہ فخر رہا ہے لیکن پھر بھی میں یہ عرض کرنے پر مجبور ہوں کہ وہ (۱) سی کی constitutionality and vires کو reconsider کر لیں اور اگر انہوں نے اس پوائنٹ کو consider نہ کیا اور بعد میں ultra vires ہوا تو اس کو بعد میں consider کرنا پڑیگا - بہتر یہی ہے کہ اس کو reconsider کرنے کے بعد اگر وہ اس نتیجہ پر پہونچیں کہ(۱)سی constitution اور natural principal of justice and fair play کے خلاف ہے تو اس کو وہ ultra vires قرار دے دیں اور وزیر قانون صاحب خود اس کو omit کر دیں -

جناب اس کے متعلق مجھے دو پوائنٹ پیش کرنا ہیں ۔ اول یہ کہ یہ مسلمہ principal of law based on natural justice and fair play ہے کہ کسی بھی آدمی کو کسی ناکردہ گناہ کی سزا نہیں دی جا سکتی ۔ اس (۱) سی کے مطابق اگر کسی شخص کو یا printer کو پریس لگانے کی اجازت نہ دی گئی تو لازمی طور پر ہم کسی شخص کے ساتھ ناکردہ گناہ کی بنا پر ایسا کریں گے ۔ کیونکہ اس میں یہ کہا گیا ہے ۔ دوسرے یہ کہ for the offence or the action likely to be committed ہمارے constitution میں ہر شخص کو آزاد profession کی ضمانت دی گئی ہے ہمیں چاہئے کہ ہم اس کے اس حق کی اور اس ضمانت کی respect کریں ۔ ہم کسی شخص کو کسی گناہ کسی قصور اور جرم کی بنا ہی پر سزا دے سکتے ہیں لیکن جب کسی شخص نے گناہ کیا ہی نہیں اور اس سے کوئی قصور سر زد ہوا ہی نہیں تو ہم اس کو کسی ناکردہ گناہ کی بنا پر یا یہ کہہ کر کہ تم گناہ کرنے والے ہو یا تم سے کوئی قصور ہونے والا ہے اس لئے تم کو یہ پیشہ اختیار کرنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ہر آدمی کے بنیادی حقوق کی خلاف ورزی ہو گی ہم کسی شخص کو کسی ناکردہ گناہ کی بنا پر یا کسی ایسے عمل کی بنا پر جو اس سے future میں ہونے والا ہے سزا نہیں دے سکتے ۔ ہمارے superior courts کی اس پر بیشمار Rulings موجود ہیں جو وزیر قانون صاحب کی knowledge میں آئی ہوں گی اور ان کے علم میں ہوں گی دوبارہ غور کرنے کے بعد اگر وہ اس نتیجہ پر پہونچیں کہ واقعی (۱) سی ultra vires ہے تو وہ اس کو خندہ پیشانی سے amend کر دیں یا delete کر دیں ۔

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad V. Memon): Sir, as I said earlier in support... .....

(اس مرحلہ پر حاجی سردار عطا محمد لنڈ کچھ کہنے کے لئے کھڑے ہوئے) ۔

مسٹر سپیکر۔۔۔حاجی صاحب بحث کا طریقہ یہ ہے کہ جب فاضل وزیر متعلقہ کو call up کر لیا جائے اس کے بعد دوسرا ممبر debate میں حصہ نہیں لے سکتا ۔ آپ اپنی نشست پر سے پہلے نہیں اٹھے ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ۔۔۔جناب والا ۔ اگر آپ وزیر صاحب کو موقع دیں گے تو یہ کسی کو کچھ بات نہیں کہنے دیں گے ۔ وہ تو فوراً اٹھ کھڑے ہوتے ہیں ۔

مسٹر سپیکر۔۔۔حاجی صاحب اس کا طریقہ یہ ہے کہ آپ تقریر کرنے کے لئے اپنی نشست پر سے اٹھیں تاکہ معلوم ہو کہ آپ تقریر کرنا چاہتے ہیں ۔

مسٹر حمزہ۔۔۔پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ آپ کو علم ہے کہ حاجی صاحب عمر میں بڑے ہیں ۔ وہ تیزی کے ساتھ کھڑے نہیں ہو سکتے ۔ ادریس صاحب نے وزیر صاحب کو گرما دیا تھا ۔ وہ تو پہلے ہی کھڑے ہوئے تھے بہر حال اگر حاجی صاحب سے ایک لمحہ کی تاخیر ہوئی ہے میرا خیال ہے کہ اس کو نظر انداز کر دیا جائے ۔

مسٹر سپیکر۔۔۔حاجی صاحب اگر کھڑے نہیں ہو سکتے تو مجھے لکھ کر بھیج دیا کریں ۔

Minister of Law : In the earlier part of my speech while I made a statement to this House to approve this Ordinance I had submitted that like the power of the District Magistrate under this Ordinance to refuse to authenticate the declaration when one is filed on behalf of a newspaper to be started afresh, the District Magistrate although has the power under this Ordinance to have a similar declaration filed by the keeper of the press but he has no power to refuse to authenticate it as he has in the case of a newspaper. It is in this context that I submitted that this Ordinance has been issued to give that power to the District Magistrate.

Malik Muhammad Akhtar in his speech made a reference to the moratorium and subsequent decision of the President whereunder a code of honour or a code of ethics has actually been formulated and action

against the Press under this Ordinance is ordained not to be taken. My submission is that the member has really not understood the real import of the proposed amendment Even that press code does not stop the Government under the present Ordinance as the District Magistrate has the power to refuse to authenticate This press code or ethics comes in the picture or into operation only when a declaration is authenticated and if after that certain provisions of this Ordinance are contravened, action is to be taken under this Ordinance Now, under the code this is restricted only to those who are signatories to that press code. For the information of the House I may say that all newspaper editors having signed them are still subject to this Ordinance and not imumne from it. It will be in the case of a press where somebody wants to establish a new printing press and applies for a declaration to be authenticated that the District Magistrate will have no power but if after the declaration is authenticated and the contravention of this Ordinance is established his case, if he is a member of this code, will still be dealt with by the code of honour and not under this Ordinance if he happens to be one of the signatories to that. I assure this House the implication of that code and the directive of the President which is binding on the Provincial Government will be implemented faithfully, scrupulously, honestly and with all seriousness both in letter and in spirit.

Haji Sardar Atta Muhammad : Point of order ۔ جناب کورم نہیں ہے ۔

Mr. Speaker : The House is not in quorum. Let the bells be rung. (*bells were rung*). The House is now in quorum.

ایسا آرڈیننس جاری کیا جائے - جس سے کہ میرے اس طرف بیٹھنے والے فاضل دوست متفق ہو جائیں - میرا خیال ہے کہ زیر بحث آرڈیننس ہی ایک ایسا آرڈیننس ہو سکتا تھا بشرطیکہ حزب اختلاف متفق ہونے کی خواہش دل میں رکھتی - لیکن جس طرح کہ میرے فاضل دوست کوئی نہ کوئی چیز نکال ہی لیتے ہیں جس پر کہ وہ تقریر کر سکیں اور اگر قانون میں کوئی سقم معلوم نہ ہو تو پھر وہ کوئی مفروضہ پیدا کر لیتے ہیں اور پھر اسی مفروضے کی بناء پر اپنے دلائل دے کر اچھی خاصی لمبی چوڑی تقاریر بھی فرما لیتے ہیں -

حاجی سردار عطا محمد لنڈ - پوائنٹ آف آرڈر - عرض یہ ہے کہ وزیر صاحب ہم پر یہ الزام لگا رہے ہیں کہ ہم نہیں جانتے ہیں - لیکن ان کو معلوم ہونا چاہئے کہ جو کچھ کہتے ہیں وہ اچھی طرح سمجھ کر کہتے ہیں -

وزیر بنیادی جمہوریت - یہ الزام تو نہیں ہے - میں نے تو یہ بات آپ کے پیش کردہ دلائل کے جواب میں عرض کی ہے - میں تمام فاضل مقررین کے بیان کردہ points کا جواب عرض کروں گا - لیکن سب سے پہلے میں اپنے فاضل دوست جناب حمزہ کی اس بات یا ان کے اس اعتراض کا جواب دینا چاہتا ہوں جس میں انہوں نے اس بات کو تو تسلیم کیا ہے کہ وہ مسلمان اکابرین ہمارے ہیں جو فوت ہو چکے ہیں - اور جن کے مقبرے ہیں - ان کا تو انہوں نے احساس فرمایا ہے - اور انہیں تسلیم کیا ہے - لیکن انہوں نے ساتھ ہی ساتھ یہ بھی فرمایا ہے کہ ان مقبروں پر بہت سے لوگ جا کر یہ دعائیں مانگتے ہیں کہ انہیں اس حکومت سے نجات ملے -

لیکن ابھی تک وہ دعائیں قبول نہیں ہوئیں ۔ میں اپنے فاضل دوست کی خدمت میں آپ کی وساطت سے یہ عرض کروں گا ۔ کہ چونکہ عوام کی اکثریت وہاں جا کر اس حکومت کے حق میں دعائیں مانگتی ہے اور چونکہ وہ نیک بزرگ اس حکومت کو صحیح سمجھتے ہیں ۔ اس لئے ان لوگوں کی دعائیں قبول نہیں ہوتیں۔ جو میرے فاضل دوست سے متفق ہیں ۔اور چونکہ وہ دعائیں خلوص پر مبنی نہیں ہوتیں ۔ اور چونکہ وہ صحیح کام کے لئے نہیں ہوتیں ۔ اور عوام کے مفاد میں نہیں ہوتیں ۔ اس لئے بھی وہ دعائیں قبول نہیں ہوتیں ۔ آپ نے یہ تسلیم کیا ہے کہ آپ کی دعائیں ان بزرگوں نے قبول نہیں فرمائی ہیں ۔ تو ظاہر ہے کہ ان بزرگوں نے وہ دعائیں قبول فرمائی ہیں ۔ جو کہ لوگوں نے اس حکومت کے برسراقتدار رہنے کے لئے کی ہیں ۔ اور ان بزرگوں کا ان لوگوں اور دوستوں کی دعائیں جو ہمارے ساتھ ہیں ۔ قبول کرنا اس بات کا ثبوت ہے کہ آپ کی طرف سے کی گئیں دعائیں خلوص پر مبنی نہیں ہوتیں ۔

میرے فاضل دوست ملک محمد اختر صاحب نے حسب معمول وہی تقریر فرمائی ہے کہ جس کے مکمل ہونے کے بعد حکومت کی طرف سے جواب دینے کی ضرورت کم ہی رہا کرتی ہے ۔ کیوں کہ وہ انتہائی مہربانی فرما کر اپنی تقریر میں اعتراضات بھی فرماتے جاتے ہیں ۔ اور ساتھ ہی ساتھ اپنی طرف سے جوابات بھی عنایت فرماتے جاتے ہیں ۔ چنانچہ ان کی آج کی تقریر کی بھی یہی کیفیت تھی ۔ خود ہی انہوں نے یہ فرمایا کہ اگر ان کو یہ یقین ہو جائے کہ یہاں shrines کا مطلب صرف مسلمانوں کی

shrines ہے ۔ تو پھر ان کا کوئی اعتراض باقی نہیں رہ جاتا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ وہ وکیل ہیں ۔ اور اگر وہ interpretation کے قانون کو ذرا بھی خیال میں لائیں ۔ تو ان کے سامنے تین چیزیں آئیں گی جن کے بعد ان کے دل میں اس بارے میں کوئی شک و شبہ باقی نہیں رہنا چاہئے کہ یہ قانون کن shrines کے متعلق ہے ۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ موجودہ آرڈیننس پہلے آرڈیننس کے عنوان کو بھی بدلتا ہے ۔ اور پہلے آرڈیننس کا عنوان ہے ''West Pakistan Historical Mosques'' اور اب اس آرڈیننس کا عنوان میں لفظ ''Mosques'' سے آگے چل کر ''Shrines'' بھی آتا ہے ۔ جہاں تک ''Mosques'' کا تعلق ہے میں سمجھتا ہوں کہ اس میں کسی قسم کے شک و شبہ کی گنجائش نہیں ہے کہ ''Mosques'' کا مطلب ہماری مسجدیں ہیں ۔ یعنی جنہیں ہم اردو میں مسجدیں کہتے ہیں ۔ اور اس لئے یہاں لفظ ''مسلم،، کی ضرورت نہیں ہے ۔ مسجد کے ساتھ ''اور،، کا لفظ لگایا گیا ہے ۔ یہ تو ہوئی ایک بات ۔ اور دوسری بات یہ ہے کہ جس cess سے ان shrines کو فائدہ پہنچتا ہے ۔ اس cess کے متعلق واضح طور پر کہا گیا ہے کہ وہ مسلمانوں پر عائد ہوگا ۔ اور تیسری بات یہ ہے کہ ان ساری چیزوں کے ہونے کے باوجود ایک اور چیز بھی Historical Mosques کی تعریف میں شامل کر دی گئی ہے ۔ کہ وہ ایسی مساجد ایسی پرانی اور تاریخی shrines ہوں گی ۔ جن shrines کو گورنمنٹ notify کرے ۔ ان ساری چیزوں کے منشاء ، ایکٹ کے منشاء، حکومت کے منشاء اور الفاظ کے منشاء کو مد نظر رکھتے ہوئے کہیں دور سے بھی ان خدشات کا اظہار کرنا مناسب نہیں کہ یہاں shrines ہے

مراد ایسی shrines ہیں ۔ جو مسلمانوں کی shrines نہ ہوں گی ۔ اس لئے میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر یہ اعتراض برائے اعتراض تھا ۔ تو اب اس بارے میں کسی اعتراض کے لئے شک و شبہ باقی نہیں رہ جاتا ۔

علاوہ ازیں اگر ہم فقہ اور تفسیر کے قانون کو دیکھیں اور جس طرح کہ قانون کی تفسیر کی جاتی ہے اگر ہم اس کو مد نظر رکھیں ۔ تو پھر یہاں کوئی سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کہ یہاں ان shrines سے کوئی دوسری shrines مراد ہو سکتی ہو ۔ ملک اختر صاحب نے سرسکندر حیات خاں کی تقریر کے بارے میں جو کچھ فرمایا ہے میرے خیال میں وہاں پر معاملہ اس کے بالکل برعکس تھا ۔ وہاں مسجد کی مرمت کرنی تھی ۔ اور وہاں اس سلسلے میں ایک cess لگانے کے بارے میں اعتراض تھا ۔ اور وہاں انہوں نے یہ کہا تھا کہ مسجد کی مرمت کے لئے جو رقم اکٹھی کی جائے اس کے لئے صرف مسلمانوں پر ہی cess عائد کیا جائے ۔ لیکن یہاں تو مسلمانوں پر cess عائد ہے جو کہ مسجدوں اور shrines پر خرچ ہونا ہے ۔ یہ معاملہ اس معاملے کے بالکل برعکس ہے ۔ لیکن اس اصول کو دیکھتے ہوئے کہ جو cess مسلمانوں پر عائد ہوا ہے وہ مسلمانوں ہی کی shrines اور مساجد پر ہی خرچ ہوگا ۔ میرا خیال ہے کہ اس کے بعد حزب اختلاف کو اس پر کوئی اعتراض نہ ہوگا ۔

ان معروضات کے ساتھ میں معزز ایوان سے استدعا کروں گا کہ وہ اس آرڈیننس کو منظور کرلے ۔

Mr. Speaker : I will now put the question. The question is :

That the Assembly do approve of the West Pakistan Historical Mosques Fund Cess (Amendment) Ordinance 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on 10th February, 1966.

The motion was carried.

THE PAKISTAN MEMORIAL CESS (WEST PAKISTAN AMENDMENT) ORDINANCE, 1966.

Mr. Speaker : Next motion please.

Minister for Basic Democracies (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : Sir, I beg to move :

That the Assembly do approve of the Pakistan Memorial Cess (West Pakistan Amendment) Ordinance 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on 10th February, 1966.

Mr. Speaker : Motion moved is :

That the Assembly do approve of the Pakistan Memorial Cess (West Pakistan Amendment) Ordinance 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on 10th February, 1966.

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ اس آرڈنینس کے ذریعے سے سابقہ ایکٹ میں دو تین ترامیم کی گئی ہیں ۔ ایک تو ایکٹ کے نام میں چھوٹی سی ترمیم کی گئی ہے پہلے اس کا نام Pakistan Memorial Cess'' تھا ۔ اگر غور کیا جائے ۔ تو معنوی لحاظ سے یہ نام نامناسب تھا ۔ اس لئے ہم نے اسکا نام پاکستان میموریل کی بجائے Pakistan Day Memorial'' یعنی یادگار یوم پاکستان،، کر دیا ۔

اس کے علاوہ یہ cess پہلے ۲۰ اپریل ۶۴ء سے ایک سال کے لئے لاگو کیا گیا تھا ۔ اب اسے ایک سال سے کچھ زیادہ کے لئے توسیع دے دی گئی ہے ۔ اور اب اس کی میعاد ۳۰ جون ۶۶ء کر دی گئی ہے ۔ علاوہ ازیں یہ جو cess اکٹھا ہو رہا تھا ۔ اور یادگار پاکستان تعمیر ہو رہی تھی ۔ اس کے لئے ایک Executive Committee بنی ہوئی تھی لیکن اب اسے قانونی حیثیت دے دی گئی ہے اور باقاعدہ ایک یادگار کمیٹی قائم کر دی گئی ہے ۔ پہلے یہ فنڈ علیحدہ constitute نہیں کیا گیا تھا ۔ لیکن اب علیحدہ فنڈ constitute کر دیا گیا ہے ۔ اور اس فنڈ کے بارے میں حسابات کی جانچ پڑتال کے لئے بھی زیادہ اچھی دفعات اس میں شامل کر دی گئی ہیں ۔ چونکہ یہ cess ایک نہایت ہی مفید کام کے لئے لاگو کیا گیا ہے ۔ اس لئے مجھے امید ہے ۔ کہ ان فاضل دوستوں کو جو اس طرف بیٹھے ہوئے ہیں اس پر کوئی اعتراض نہ ہوگا ۔ اور وہ اسے اتفاق رائے سے منظور کر لیں گے ۔

POINT OF ORDER

RE : THE PAKISTAN MEMORIAL CESS (WEST PAKISTAN AMENDMENT) ORDINANCE 1966 BEING ULTRA VIRES OF THE POWERS OF THE GOVERNOR.

Malik Muhammad Akhtar (Lahore-II) : Point of Order, Sir. Pakistan Memorial Cess (Amendment) Ordinance seeks to amend Pakistan Memorial Cess (West Pakistan) Ordinance 1964, rather Act 1964. Sir, it has been provided in Section 4 of the amending Ordinance which I would reproduce before this August House :

> " In section 4 of the said Act, for the words 'for a period of one year from the coming into force of this Act; the words, comma and figures 'up to the thirtieth day of June, 1966 shall be substituted, and shall be deemed always to have been substituted."

Sir, this cess which was originally imposed in 1964 was to be imposed as provided under Section 3 of the principal Ordinance which I would place before the House.

> " The cess described in section 2 shall be levied and collected, so far as may be and subject to the rules made under this Act in the same manner as the entertainment duty payable under the West Pakistan Entertainments Duty Act, 1958.
>
> 4. Period for which cess may be levied—The cess described in section 2 shall be levied for a period of one year from the coming into force of the Act, but Government may, by notification in the official Gazette, extend the said period for a further period not exceeding one year."

In this way this Act which was enforced on 20th April 1964 was due to expire in April 1966. But by this amending Ordinance its date has already been extended till 30th June, 1966. In this way the worthy Governor has exercised such powers which he could not have exercised because this imposition of cess amounts to a Money Bill and is inconsistent with Article 90 of the Constitution. Sir, I would reproduce Article 90 of the Constitution which reads :

> " No tax shall be levied for the purposes of Provincial Government except by or under the authority of an Act of the Provincial Government."

Now, Sir, I would have to explain what is meant by an Act of Provincial Legislature. Once an Ordinance is issued by the Governor under Article 79 it is placed under the same Section before the House for approval or disapproval and if it is approved then it becomes an Act of Legislature My humble submission is that if an Ordinance is made by the Governor it will not become an Act of Legislature automatically. I would refer to Article 79 (3) which reads :

> " If, before the expiration of the prescribed period the Assembly of the Province, by resolution approves of the Ordinance, the Ordinance shall be deemed to have become an Act of the Provincial Legislature, but if, before the expiration of that period, the Assembly of the Province, by resolution, disapproves of the Ordinance, it shall cease to have effect, and shall be deemed to have been repealed, upon the passing of the Resolution."

So, Sir, as I have stated, if the Ordinance is approved it shall be deemed to have become an Act of the Provincial Legislature.

Mr. Hamza : Can I raise a point of order when he is on a point of order ?

Mr. Speaker : No.

Mr. Hamza : I can't help it Sir. The House is not in quorum. How can we proceed without quorum ?

Mr. Speaker : Let there be a count. (*count was taken*). The House is not in quorum. Let the bells be rung. (*bells were rung*). The House is in quorum. Yes please.

Malik Muhammad Akhtar : My humble submission is that an Ordinance promulgated by the Governor becomes an Act of Legislature only when it is approved by the House. As such no cess, no tax could have been levied or can be levied by the Ordinance of the Governor.

Now, Sir, I would come to the other method and procedure which is laid down for the imposition of taxes and that is that a Bill has to be moved, passed and assent to the same has to be given by the Governor and then it becomes an Act of Legislature. The Bill is to be moved and all that procedure under Chapter IX of the Rules of Procedure is to be adopted.

To refresh the memory of the Members I would refer to Article 78 of the Constitution :

> " When the Governor of a Province has assented to, or is deemed to have assented to, a Bill passed by the Assembly of the Province, it shall become law and shall be called an Act of the Provincial Legislature of the Province."

Now, Sir, I would explain my submission. When a Bill is passed by this House and it has been assented to by the Governor, it becomes an Act of the Legislature and then the tax is imposed. In this case the Governor made an Ordinance. The Ordinance was enforced. It did not come before the House. It was acted upon and it was not an Act of Legislature for the period it has been acted upon and so it was ultra vires.

Sir, it may be argued on the other side and shelter may be taken behind Article 70. Before that situation arises I would like to explain that even Article 70 of the Constitution reads as under :

> " There shall be a Provincial Legislature of each Province, which shall consist of the Governor of the Province and one House, to be known as the Assembly of the Province."

So Sir, legislature means the Governor as well as this House. When a money bill is passed, the Governor gives his assent to it, and that is the act of legislature. In case it is ruled that it is a valid way of legislation for the imposition of taxes, then the ordinance is enforced at once and it is not an act of the legislature, because legislature means this august House plus the Governor, and the Governor alone cannot be the provincial legislature.

Now, Sir, another question may arise and that question is when there is a specific procedure, specific law, specific section, a special Article, it would certainly over-ride the general provisions. For that I would refer to the other provisions of the Constitution, and I consider that is very clear. That provision has been referred to so many times and I need not repeat it but certainly I would have to draw the attention of this House to the West Pakistan General Clauses Act, 1956, in which 'Act', 'Rule' and 'Ordinance' are defined and that will again support my contention that there is a difference between an ordinance and an Act. It is Sir sub-section (45) of section 2, which reads as under :

> " Pakistan Law" shall mean any Act, Ordinance, Regulation, Rule, Order, or Bye-law which before the establishment of the Federation of Pakistan had the force of law in British India or any part thereof, or thereafter has the force of law in Pakistan or any part thereof, other than a Federated State, but does not include any Act of Parliament or any Order in Council, Rule or other instrument made under an Act of Parliament."

So Sir, an Act is different from an Ordinance, and my humble submission is that I would come to that famous proverb that taxation can be done only by the representatives of the public and not by the Head of the State. In my contention, I may humbly submit that the Governor's ordinance is not an Act of the legislature. Governor by himself is not a Provincial Legislature, and by an ordinance this legislation for the levy of fees and tax could not have been done.

Khan Muhammad Yusaf (Rawalpindi - II) : Sir, my learned friend has raised the question and he is banking upon Article 90 of the Constitution. If his contention is correct, assuming for the sake of argument your honour will find that—

> "No tax shall be levied for the purposes of Provincial Government except by or under the authority of an Act of the Provincial Legislature."

Herein, the word given is "No tax". My learned friend perhaps has not cared to distinguish between a tax and a cess. There is a lot of difference between the two, Sir. Cess envisages certainly a matter which has a voluntary characteristic, and the tax is levied by the State to get certain income from the income of the people at large. Now herein the word is tax. So if it is considered from that point of view, it could not be said that the cess and tax are synonymous words. It is hard to believe. It cannot be believed that those two words have not got their own characteristics. So this Article, in my opinion, is not applicable.

Besides, Sir, your honour will find that my learned friend says that under sub-Article (3) of Article 79, it becomes an Act when it is approved by the Legislature, otherwise it is not an Act. Herein your honour will find that under Article 79 (1), it says—

> " If, at a time when the Assembly of a Province stands dissolved or is not in session, the Governor of the Province is satisfied that circumstances exist which render immediate legislation necessary, he may, subject to this Article, make and promulgate such Ordinances as the circumstances appear to him to require, and any such Ordinance shall subject to this Article, have the same force of law as an Act of the Provincial Legislature.

Here we find a discretion in this sub-Article (1) that it does not become an Act but it has just same force of law as an Act, and his contention is that it becomes an Act only when it stands approved by the legislature. My humble submission will be, Sir, that I will take you to Article 78 :

> " When the Governor of a Province has assented to, or....."

where you will find that the bill becomes an Act when the assent is given by the Governor. Now my learned friend says that this Ordinance

has not become an Act. Therefore, according to him that tax could not be imposed. Now this ordinance is before the legislature Sir. It becomes an Act according to him as soon as it is approved by this legislature and what does this mean. It takes us back to a period from which the starting point of the levy of this cess will begin. My humble submission is that even if supposing his contentions are quite correct, then even has this legislature or by promulgation of an ordinance under Article 78, the Governor, as such, the power to make any retrospective effect to any measure or not ? If it is agreed that restrospective effect can be given even by an ordinance, Sir, my humble submission is that as soon as it becomes an Act, approved by the legislature, the retrospective effect given to the period of time shall stand quite valid and, therefore,it cannot on that ground be said because it has not become an Act, therefore, it will be out of order, and whatever action so far has been taken carries no weight in law. Sir, that cannot be said, and on that ground my humble submission is that the contention of my learned friend stands ruled out. I am sorry I have not got the General Clauses Act wherein the definitions are given. I think it tells us what the tax means, and it would have made the matter further clear. Even the Law Lexicon says that there is a distinction between tax and cess.

For these reasons I will submit that this Article has absolutely no application regarding the measure which is not at the anvil of the Legislature.

Minister for Basic Democracies (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : Sir, I appreciate the labour my friend has put in for raising the point of order but I would simply mention that had he put in a bit more of labour, he would not have raised this point of order. The plain reading of the provisions of the Constitution brings us to the conclusion quite reverse to the conclusion on which my friend has arrived. Sir, article 90 says :

> " No tax shall be levied for the purposes of a Provincial Government except by or under the authority of an act of the Provincial Legislature. "

This just says that it cannot be imposed by the Governor by an executive order or by a directive but it has to be done by and under the authority of an act of the Provincial Legislature. Now that is an

act of the Provincial Legislature is clearly given in provisions 78 and 79. Sir, the act of a Provincial Legislature before it becomes an act, can become an act by two processes. A bill may be brought in the Assembly and passed and assented to by the Governor and then it becomes an act of the Legislature as Legislature has been rightly defined as consisting of the Provincial Assembly and the Provincial Governor. A bill becomes an act after being assented to by the Governor, similarly the Governor may issue an ordinance and that ordinance may be approved by the Provincial Assembly and then that ordinance becomes an act of the Provincial Legislature. Now Sir, the question arises as to what is the position of an ordinance issued by the Governor till such time as it actually becomes an act of the Provincial Legislature. This has been clearly laid down by the provisions of the constitution. I would refer to article 79 Sub-article (1) which says :

> "If, at a time when the Assembly of a Province stands dissolved or is not in session, the Governor of the Province is satisfied that circumstances exist which render immediate legislation necessary, he may subject to this Article, make and promulgate such Ordinances as the circumstances appear to him to require, and any such Ordinance shall, subject to this Article, have the same force of law as an Act of the Provincial Legislature."

The ordinance issued by the Governor shall have the same force of law as an act of the Provincial Legislature but it shall not actually become an act of the Legislature till it is approved by the Provincial Assembly. It will have the same force till it is approved by the Provincial Assembly and when it becomes an act of the Legislature. If it is not approved by the Provincial Assembly, Sir, then it will not remain a law of the Province; then it will not become an act of the Provincial Legislature but till the time Provincial Assembly has approved it, it shall have the same force as an act of the Provincial Legislature shall have. So Sir, this again I will mention, because the intention of the Constitution is that an act or an ordinance or any piece of legislation where a tax has to be levied, should pass through both these processes. It should either come from the Governor and be approved by the Provincial Assembly or it should go from the Assembly to the Governor and should be approved by him. Neither the Provincial Assembly alone nor the Governor alone is authorised to impose any tax for a period beyond the time mentioned in Article 79 till the time the Provincial Assembly approves the ordinance and till that time the ordinance shall have

the same force of law as an act of the Provincial Legislature. So, Sir, the things are quite clear and the Governor was well within his rights to issue this ordinance and it shall have force of law till it is approved by the Provincial Assembly and it is according to the provisions of the Constitution that this ordinance has been issued. It is not ultra vires. It was well within the powers of the Governor to issue this ordinance. All these points and article 90 also supports my contention. So far as the difference between tax and cess is concerned, I will not deal with it. The tax has not been imposed by the Governor by an executive order or by any notification or by a simple not to the Provincial Assembly but he has done according to the Constitution and this piece of Legislation is valid and this point of order does not hold good and hence should be ruled out of order.

Mr. Speaker : Now, the objection raised by Malik Muhammad Akhtar is that the Pakistan Memorial Cess (West Pakistan Amendment) Ordinance 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on 10th February 1966, is ultra vires, inasmuch as the Governor of West Pakistan had no authority to promulgate this ordinance because, this ordinance purports to levy a cess which, in his opinion, amounts to a tax and no tax can be levied except by an act of the Legislature.

A similar point was raised in the previous Assembly by Mr. Muhammad Hanif Siddiqi. Governor of West Pakistan had promulgated the Finance (Amendment) Ordinance 1963, and a tax was levied by means of that ordinance and the point was raised that the Governor had no authority to levy a tax and the tax could only be levied by an act of the Legislature, and there I had held that the levying of the tax being a matter within the legislative competence of the Provincial Legislature, was also within the legislative competence of the Governor and the Governor could issue an ordinance in respect of the levying of a tax. I, therefore, had held that under the Constitution the Governor had powers to promulgate an ordinance even in respect of levying of a tax and the action of the Governor in respect of the issuing of the West Pakistan Finance (Amendment) Ordinance 1963, was not ultra vires of the Constitution.

In this case, the difference between Cess & Tax should also be taken into consideration. As already held, the Governor had the authority to levy even a tax through an ordinance. The point of order raised by Malik Muhammad Akhtar is ruled out of order.

This authority is from the debate of the 3rd December, 1963.

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak : Point of order, Sir. Sir, when you had known all this, why our so much time has been wasted by all this ? This could have been easily ruled when this point of order was raised on this amending ordinance. Thus you could have saved lot of time.

Mr. Speaker : But it was my duty to hear Mr. Akhtar. Who knows he would have made a very sound and good point.

ORDINANCES

THE PAKISTAN MEMORIAL CESS (WEST PAKISTAN AMENDMENT) ORDINANCE, 1966 (*contd.*)

Mr. Speaker : Yes, Malik Akhtar.

ملک محمد اختر (لاہور - ۲) ۔ جناب سپیکر Pakistan Memorial Cess کے متعلق گذارش ہے کہ جو ایکٹ ۲۹ آف ۱۹۶۴ء تھا اس میں ترمیم کی گئی ہے اور ترمیم کے ذریعے یہ ''پاکستان ڈے،، کا اضافہ کیا گیا ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ کورم نہیں ہے ۔

Mr. Speaker : The House is not in quorum. Let the bells be rung. (*bells were rung*) The House is now in quorum. Yes, Malik Sahib.

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ اب میں اصل آرڈیننس کی دفعہ ۲ کی طرف آتا ہوں ۔

2. (1) A cess shall be levied and collected, as hereinafter provided, upon tickets issued for admission to cinema houses and race courses.

(2) Such cess shall be levied—

(*a*) in the case of ticket for admission to cinema houses @ 5 paisa per ticket ;

(*b*) in the case of ticket for admission to race-course @ 50 paisa per ticket,

جناب والا ۔ پاکستان لاالہ الا اللہ کی اساس پر بنایا گیا تھا ۔ آج جب ہم پرانے حاکموں کی بنائی ہوئی یادگاروں کو دیکھتے ہیں تو مورخ سے توقع رکھتے ہیں کہ وہ ان کی پوری تاریخ قلمبند کریں آج پورا ریکارڈ موجود ہے کہ اہرام مصر کیسے بنے اشوک کی لاٹ کیسے بنی ۔ اور جو بھی دیگر تاریخی چیزیں ہیں ان کا پس منظر کیا تھا ۔ جب آنے والا مورخ لکھنے کے لئے بیٹھے گا تو وہ دیکھے گا کہ پاکستان بنانے کے لئے مسلمانوں نے مذہب کے نام پر اسلام کے نام پر گردنیں کٹوائیں ۔ ان کی آبروئیں لوٹی گئیں ان کے مال ومتاع لوٹے گئے ان کے گھر جلائے گئے ۔ وہ ترک وطن یعنی ہجرت پر مجبور ہوئے اس وقت کا مورخ یہ بھی لکھے گا کہ مغربی پاکستان کی حکومت نے اس نیک مقصد اور نیک کام کے لئے روپیہ حاصل کرنے کے جو ذرائع اختیار کئے وہ کس قدر شرمناک تھے ۔

جناب سپیکر ۔ جس وقت میں یادگار پاکستان کو دیکھتا ہوں مجھے وہ منزل یاد آ جاتی ہے وہ سفر یاد آ جاتا ہے جس کا آغاز محمد بن قاسم نے کیا تھا پاکستان کا قیام قدرت کا ایک معجزہ ہے ۔

جناب سپیکر ۔ مجھے سب سے پہلے اس طریق کار سے اختلاف ہے جس طریقے سے آپ نے اس یادگار کی تعمیر کا فیصلہ کیا ہے ۔ مجھے وہ ایام یاد آ رہے ہیں آج سے ۲۶ سال پہلے جب ہمیں موقع ملا اور ہم آل انڈیا مسلم لیگ کا شاید تینتیسواں یا چونتیسواں اجلاس تھا اس میں شامل ہوئے وہ اجلاس جو قائد اعظم کی صدارت میں ہوا اور جس میں شیر بنگال مولوی فضل الحق نے پاکستان کا ریزولیوشن پیش کیا اس طرف پہلا قدم یہ فیصلہ تھا ہمارا مقصد

جو ہے وہ آزادی ہے انگریز سے نجات حاصل کرنا ہے ۔ اس وقت مجھے وہ سالار آغا ضیغم یاد آ رہا ہے جو ہمارے ورکروں کے سالار تھے ۔ لیکن اگر آج اس ہاؤس میں ان کے متعلق چند الفاظ کہوں تو یہ تضیع اوقات نہیں ہوگا وہ ان تھک ورکر تھے ان کی چھاتی ۶۰ انچ کے قریب تھی بنگالی پنجابی اور سندھی سب وہاں پر اکٹھے تھے ۔

ایک آواز ۔ پٹھان کیوں نہیں ۔

ملک محمد اختر ۔ اور پٹھان بھی تھے مجلس استقبالیہ کے صدر نواب سر محمد شاہنواز ممدوٹ تھے اور اس وقت کے وزیر اعظم سر سکندر حیات خان نے ایک داؤ بھی کھیلا ان دنوں خاکساروں پر تشدد کیا گیا تھا ۔ انہوں نے قائد اعظم کو فون کیا کہ آپ اس اجلاس میں شرکت کے لئے تشریف نہ لائیں یہاں کیونکہ بدامنی کا اندیشہ ہے مگر اس مرد آہن اور بڑے لیڈر کا جواب یہ تھا "No" قائد اعظم فرنٹیر میل پر تشریف لائے اور سیدھے ہسپتال چلے گئے جہاں کہ خاکسار اس وقت بھی تڑپ رہے تھے ۔ زخمی خاکسار موجود تھے ۔ جو شہید ہو چکے تھے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Khan Muhammed Yusuf Khan : Mr. Speaker, this is not so. I was a witness there. This did not happen. Sir Sikandar himself did not enter the hall.

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ میرے خیال میں تاریخ کے بارے میں جھگڑا سپیکر کی بجائے کسی مورخ کے سامنے ہونا چاہئیے اور اسمبلی کی بجائے کسی اور جگہ ہونا چاہئیے ۔

ملک محمد اختر ۔ کسی "مورخ" کے سامنے ۔

جناب والا ۔ اتنی قدر نیک کام کرنے کے لئے اس طریق سے روپیہ حاصل کرنا میں یہ سمجھتا ہوں سراسر ناجائز ناواجب اور خلاف شرع ہے ۔

جناب سپیکر ۔ اگر یہ خلاف شرع ہے تو نیک کام پر جوئے سے روپیہ حاصل کرکے کیوں لگا رہے ہیں ۔ آپ کے نزدیک جوا کھیلنا شرع کے مطابق ہے تو ٹھیک ہے ۔ (قطع کلامیاں)

وزیر بنیادی جمہوریت : آپ کا خیال ہے کہ مسجدوں میں جانے والے لوگوں پر اور نماز پڑھنے والوں پر ٹیکس لگانا چاہئے تھا ۔

ملک محمد اختر ۔ ان کی نیک کمائی سے آپ کو یہ یادگار بنانی چاہئے تھی ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ اس لئے یہ یادگار بنا رہے ہیں کہ جو ان چیزوں پر جا کر اپنا وقت ضائع کرتے ہیں ان پر ٹیکس لگا کر ہم دوسرے نیک کام کر رہے ہیں ۔

ملک محمد اختر ۔ آپ ان غلط لوگوں کو اس کام سے باز کیوں نہیں کرتے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ ہم ان لوگوں سے روپیہ لے رہے ہیں اور اچھی جگہ خرچ کر رہے ہیں ۔

Mr. Speaker : No cross talk please.

ملک محمد اختر ۔ آپ اقبال پارک میں یادگار تعمیر کر رہے ہیں ۔ وہیں پر پاکستان ریزولیوشن پاس کیا گیا ۔ اس ریزولیوشن کی

یادگار بنانے کے لئے ہم cess اکٹھا کر رہے ہیں ۔ مجھے صرف اس بات پر اعتراض ہے کہ یہ جو فنڈز مہیا کرنے کا طریقہ ہے یہ واجب نہیں ہے یہ غیر موزوں ہے ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد ایک کمیٹی کی تشکیل تجویز کی گئی جو ان دفعات میں موجود ہے جو amending ordinance میں ہیں ۔ کمیٹی کی تشکیل جو کی گئی ہے اس میں کمشنر کو چیئرمین بنایا گیا ہے اور آفیشیل اور نان آفیشیل ممبر رکھے گئے ہیں ۔ جن کا کام یہ ہوگا کہ وہ یادگار کے لئے جو فنڈز ،قرضہ جات یا دیگر ذرائع سے روپیہ فراہم کریں گے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس میں اگر آپ کتنے پرانے مسلم لیگرز شامل کر لیتے تو زیادہ موزوں اور زیادہ بہتر ہوتا ۔ دراصل یہ تجویز لاہور کارپوریشن نے ۱۹۵۷ء کے ریزولیوشن میں پیش کی تھی اور اس میں کمشنر لاہور ڈویژن نے گورنمنٹ کے حکم کے مطابق کمیٹی بنائی تھی لیکن وہ کمیٹی فنڈز مہیا کرنے میں ناکام رہی ۔ اس لئے اس cess کی ضرورت محسوس ہوئی ۔ جناب والا ۔ میں یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتا کہ اس کمیٹی نے ۳ لاکھ روپیہ بھی اکٹھا کر دیا تھا اس طرح سے آپ اگر غیر سرکاری ممبران جن کا اثر و رسوخ بھی ہو اس کمیٹی میں شامل کریں تو اس سے آپ کے فنڈز اور زیادہ مہیا ہو سکیں گے ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد میں نے اور تجویز پیش کرنی ہے اور وہ تجویز نہایت ہی اہم ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ وہ ریزولیوشن جو ۱۹۴۰ء میں پاس کیا گیا ہے وہ آزادی کے لئے تھا ۔ دراصل ۹ اپریل ۱۹۴۶ء میں اس پہلی قرار داد میں ترمیم کی گئی اور ترمیم کرتے وقت آپ کے

نمائندے ۔ آپ کے مرکزی اور صوبائی اسمبلیوں کے تمام ممبر جو مسلم لیگ میں تھے اس میں شامل ہوئے ۔ اس ترمیم میں یہ قرار دیا گیا کہ مسلم لیگ کا جو ultimate aim ہے وہ پاکستان ہے ۔ اس سے پہلے جو پاکستان کا خاکہ اور نظریہ علامہ اقبال کے تصور میں تھا وہ تصور انہوں نے بیان کیا جب ۱۹۴۰ء میں ریزولیوشن پاس ہوا تو یہ تصور اس وقت موجود تھا ۔ لیکن جہاں آپ نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ ۱۹۴۰ء کا ریزولیوشن وہاں پر لکھا جائے وہاں ۱۹۴۶ء کی ترمیم کو بھی آپ دیکھیں تاکہ حتمی طور پر ان بیانات کا جواب آسکے جو شیخ مجیب‌الرحمن صاحب نے مشرقی پاکستان کو خود مختار بنانے اور مرکز سے دور کرنے کے لئے دئیے ہیں ۔ اور یہ بھی واضح ہو جائے بلکہ آئندہ کبھی تاریخ میں اس ریزولیوشن کی آڑ میں کوئی بھی شخص ایسی کوشش نہ کر سکے ۔ جس سے پاکستان کے کسی حصہ کو علیحدہ ہونے اور پاکستان کی سالمیت کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ پیدا ہو سکے یہ امر نہایت ہی ضروری ہے ۔ میں اس ایوان کی خدمت میں گزارش کروں گا کہ آج جو کہ آپ کی متعلقہ اتھارٹی ہے اس کو حکم دے دیا جائے کہ ۱۹۴۶ء میں ترمیم ہماری صوبائی اور مرکزی اسمبلی کے ممبران نے کی تھی اس کے مطابق ۱۹۴۰ء کے ریزولیوشن کو لکھنے کے بعد ۱۹۴۶ء کا ریزولیوشن بھی لکھ دیا جائے ۔ باقی گذارش یہ بھی کرنی ہے کہ اس کام کی تعمیر میں کافی تاخیر ہو رہی ہے ۔ اس چیز کا اندیشہ ہے کہ یوم پاکستان ۱۹۶۷ء کے موقع پر بھی مینار کی تعمیر مکمل نہیں ہو سکے گی اس لئے آپ ایسے اقدامات کریں جس سے تعمیر جلد از جلد مکمل ہو سکے ۔

مسٹر سپیکر ۔ مسٹر حمزہ ۔

مسٹر حمزہ (لائل پور - ٦) - جناب سپیکر - یادگار یوم پاکستان کا ہنگامی قانون بظاہر تو بڑے نیک مقصد کے لئے جاری کیا گیا ہے - سب سے پہلا اعتراض یہ ہے کہ ہم یوم پاکستان کی یادگار ایک ہنگامی قانون کے ذریعہ قائم کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں - اور اس سے بڑھ کر یہ کہ اس ملک میں یوم پاکستان کی یادگار اینٹ ، مٹی اور سیمنٹ سے اس وقت تعمیر کی جا رہی ہے جب کہ اس قوم کی آزادیاں ہماری حکومت سلب کر چکی ہے - جب کہ اکثر اضلاع میں دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ ہے - جب کہ قوم کی آزادی کے پروانے اور ان میں بہت سے لیڈران کرام آج جیلوں میں بند ہیں اور سب سے بڑھ کر یہ کہ اس ایوان کا حزب اختلاف کا جو قائد ہے ایک بدنام زمانہ قانون - ایک گھنونے سیاہ قانون جس کا نام ہماری حکومت نے ڈیفنس آف پاکستان رولز رکھا ہے کے تحت گرفتار کیا گیا ہے -

وزیر بنیادی جمہوریت - جناب والا - اس کا موجودہ آرڈیننس سے کیا تعلق ہے ؟

مسٹر سپیکر - میرا خیال ہے وہ شاید یہ کہنا چاہتے ہوں کہ اس بنا پر یادگار پاکستان نہ بنائی جائے -

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - ان کا منشاء محض ایک سستی شہرت حاصل کرنا ہے - یادگار پاکستان سے اور پاکستان کے مقاصد کے ساتھ ان کا دور کا بھی تعلق نہیں - یہ تو ان مقاصد کو اپنے پاؤں تلے دباتے اور کچلتے ہیں -

جناب سپیکر ۔ وہ حکومت جو کہ اپنی آمریت کے نشہ میں اندھی اور بہری ہو کر لاقانونیت کی لاٹھی کو گھماتی ہو اس کو یہ فخر نصیب ہوا ہے کہ وہ اس قسم کا بڑا مینار یادگار یوم پاکستان کے طور پر کھڑا کر رہی ہے ۔ مجھ سے پہلے ملک اختر صاحب نے یہ فرمایا ہے کہ یادگار یوم پاکستان پر ''پاکستان ڈے ریزولیوشن،، کا متن کندہ کر دیا جائے یا لکھ دیا جائے ۔ پچھلی اسمبلی میں آپ کو یاد ہوگا کہ اس اسمبلی کے ایک معزز رکن امیر حبیب اللہ خان سعدی صاحب نے تجویز پیش کی تھی اور اس تجویز کو آج میں بھی دھراتا ہوں وہ یہ ہے کہ اس پر پاکستان ڈے ریزولیوشن لکھنے یا کندہ کرنے کی بجائے یہ لکھیں کہ یہاں ملت اسلامیہ کا عظم مدفون ہے جو قائد اعظم کی قیادت میں ۲۳ مارچ ۱۹۴۰ء کو بنا تھا ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ جناب والا ۔ کورم نہیں ہے ۔

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak : If you would kindly order the Ministers to be present in the House, the members will not pursue them in their offices, and we shall always have quorum. If the Ministers are absent, then they are chased by members to their rooms, therefore, there is no quorum.

Mr. Speaker : I think most of them are present, and so far as I know, the rest of them are out of station. That is however, not the only ground why the members should be absent from the House. The members should feel their responsibility, as I had already advised them, but it is up to the House and up to every member to be present in the House. I can only make a request to them again and again, to the Ministers, to the Parliamentary Secretaries, to the majority party and to the Opposition, that all of them should feel this responsibility and be present in the House.

There is no quorum, let the bells be rung, (*bells were rung*). The House is in quorum. Yes, Mr. Hamza.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میرے نزدیک یادگار یوم پاکستان تعمیر کرنے کی بجائے حکومت کو سب سے پہلے تو یہ چاہئے تھا کہ وہ مقاصد وہ نظریات کہ جن کی تکمیل کے لئے پاکستان معرض وجود میں آیا تھا ۔ ان کو حاصل کرنے کی کوشش کرتی ۔ آپ کو اس چیز کا علم ہے ۔ کہ اس ملک کی آبادی کا بیشتر حصہ آج بھی غربت اور افلاس کا شکار ہے ۔ انصاف ڈھونڈھے سے بھی نہیں ملتا ۔ رشوت ستانی عام ہے ۔ اور اس پر طرہ یہ کہ تقسیم سے قبل تو اخلاق کچھ بہتر تھا لیکن آج روبہ انحطاط ہے ۔ ساری آبادی پر اس قسم کا ایک نظام مسلط کر دیا گیا ہے کہ جس کے ذریعے سے ساری قوم کے اذہان کو مفلوج کیا جا رہا ہے ۔

Mr. Speaker : The member may please reserve these points for General Discussion on the Budget.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ اگر یہ یادگار یوم پاکستان کسی اہمیت کی حامل ہے تو میرے خیال میں یہ ایک موزوں ترین موقع ہے کہ ہم اپنی حکومت کو یاد دلائیں کہ محض حیلہ سازی اور بہانہ سازی سے اور اس قسم کے اینٹ اور پتھر کی یادگار سے پاکستان کے قیام کے مقاصد پورے نہیں ہو سکتے ۔

جناب سپیکر ۔ یہ کیا عجب ہے کہ ایک نظریاتی مملکت کے قیام کا واعدہ کر کے اس قسم کی حکومت ہم پر ٹھونس کر لوگوں سے ۔ ۔ ۔

Hon'ble Minister (خان حبیب اللہ خان) ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ میں جناب کی

وساطت سے حمزہ صاحب کو یاد دلاتا ہوں ۔ کہ اس حکومت کی یادگار کی تعمیر زیر بحث نہیں ہے ۔ یہ تو یوم پاکستان کی یادگار بنائی جا رہی ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ آپ کو قطعاً یہ حق نہیں ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

وزیر مال ۔ آپ کو یہ چاہیئے ۔ کہ آپ یہ فرمائیں ۔ کہ آپ کو اس آرڈیننس کی کس بات پر اعتراض ہے ۔ اب یہ کہنا کہ یہ حکومت اچھی ہے ۔ یا اچھی نہیں ہے ۔ اس کے متعلق تو سپیکر صاحب نے فرما دیا ہے ۔ کہ بجٹ کی عام بحث کے دوران میں آپ کو ان باتوں کے لئے کافی موقع ملے گا ۔ اس وقت آپ بیشک یہ باتیں کہیں ۔ ہم آپ کی باتیں سنیں گے ۔ ہم تو عادی ہو گئے ہیں ۔

''گالیاں اتنی پڑیں ہم پر کہ آساں ہو گئیں''

وہ تو آپ کہتے رہتے ہیں ۔ اور ہم سنتے رہتے ہیں ۔ فی الحال آپ یہ فرمائیے کہ آپ کو اس آرڈیننس سے کیا اختلاف ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر حمزہ ۔ وہ تو آپ یونیورسٹی ہال میں بھی سن آئے تھے ۔ آپ تو عوام کے سامنے جا ہی نہیں سکتے ۔

Chaudhri Muhammad Nawaz : This is a personal attack.

مسٹر حمزہ ۔ چونکہ چودھری محمد نواز صاحب کو اس بات سے بڑا دکھ پہنچا ہے ۔ اس لئے میں اس بات کو چھوڑتا ہوں ۔

Mr. Speaker : The member may please be relevant to the Ordinance.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ایک نظریاتی مملکت اور ایک ایسی مملکت کہ جس کے بارے میں یہ کہا جاتا تھا ۔ کہ یہاں انصاف کا دور دورہ ہوگا ۔ اسلامی نظام حکومت ہوگی اسلامی مساوات ہوگی ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : This is not relevant.

مسٹر حمزہ ۔ مجھے اپنا فقرہ تو مکمل کر لینے دیجئے ۔ پھر آپ سمجھ جائیں گے کہ میں relevant ہوں یا نہیں ۔ اور اس کی یادگار قائم کی جاتی ہے ۔ تو جن روپوؤں یا جن وسائل یا جس آمدنی سے وہ یادگار تعمیر کی جاتی ہے ۔ وہ آمدنی گھوڑ دوڑ یا سینما سے حاصل ہوتی ہے ۔ جناب سپیکر ۔ کل ہی یہاں میاں محمد یاسین خاں وٹو نے فرمایا تھا ۔ کہ Press and Publications Ordinance کے متعلق کونسل آف اسلامک آئیڈیالوجی نے اس چیز کا اظہار کیا ہے ۔ کہ یہ قانون عین اسلام کے مطابق ہے ۔ اور یہ کہ اسی لئے اس قدر گھناؤنا قانون انہوں نے ہم پر ٹھونسا ہے ۔ میں آپ کی وساطت سے آج اس حکومت سے دریافت کرتا ہوں کہ کیا کونسل آف اسلامک آئیڈیالوجی نے یہ فتوٰی صادر نہیں فرمایا تھا کہ گھوڑ دوڑ میں جو بازی لگائی جاتی ہے وہ جؤا ہے ۔

وزیر مال ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ اب بازی لگانے کا اس آرڈیننس سے کیا تعلق ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ خان صاحب ۔ وہ شاید یہ کہنا چاہتے ہیں کہ جو روپیہ حکومت حاصل کرنا چاہتی ہے ۔ ۔ ۔

وزیر مال - غضب بھی تو یہی ہے - کہ وہ کہنا تو شاید کچھ اور ہی چاہتے ہیں - لیکن وہ کہتے کچھ اور ہیں ان کا ارادہ تو کچھ اور ہوتا ہے - لیکن کہتے وہ اور ہی کچھ ہیں -

مسٹر حمزہ - انہوں نے یہ فتویٰ صادر کیا تھا - کہ یہ اسلام کے خلاف ہے - یہ حرام ہے - اب میں ان سے پوچھتا ہوں - کہ آپ جو یادگار یوم پاکستان قائم کر رہے ہیں - تو کیا آپ کا یہ فرض نہیں ہے - کہ اگر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ آپ ایک اچھا اور نیک کام کر رہے ہیں تو آپ کو چاہئے تھا - کہ آپ اس یادگار کو قائم کرنے کے لئے آمدنی کے اچھے ذرائع استعمال کرتے -

وزیر بنیادی جمہوریت - یہ تو جوئے وغیرہ کے بارے میں نہیں ہے - یہ تو ٹکٹوں کے بارے میں ہے -

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - ابھی مجھ سے پہلے جناب ملک محمد اختر صاحب نے یہ فرمایا تھا - کہ لاہور کارپوریشن نے یہ یادگار تعمیر کرنے کے لئے کچھ رقم اکھٹی کی تھی - یہ درست ہے - کہ وہ رقم ناکافی تھی - لیکن میں اس ناراض ہونے والی حکومت سے یہ پوچھتا ہوں - خفا ہونے والی حکومت اور جب ہم ان پر کوئی جائز تنقید کرتے ہیں - تو اسے گالیاں تصور کرنے والی حکومت سے پوچھتا ہوں کہ جب آپ بڑے بڑے صنعت کاروں سے پریس ٹرسٹ قائم کرنے کے لئے روپیہ حاصل کر سکتے ہیں - وہ پریس ٹرسٹ جن سے کہ آپ لوگوں کے اذہان کو بند غلامی میں جکڑنا چاہتے ہیں - تو اگر اس یادگار کی تعمیر ایک نیک مقصد

کی تحت کی جا رہی تھی ۔ تو اس کے لئے روپیہ آپ نے ان ہی بڑے بڑے صنعت کاروں، جاگیرداروں اور اجارہ داروں سے حاصل کیوں نہیں کیا ۔ جناب سپیکر ۔ ان کا یہ متضاد فعل اور متضاد کردار اس حقیقت کو ثابت کرتا ہے کہ ان کو نہ ہمارے پاکستان سے تعلق ہے نہ پاکستان کے عوام کی بہبود سے تعلق ہے اور نہ اس یادگار سے تعلق ہے جس کے قائم کرنے کا دعویٰ کرتے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ ان کا دعویٰ تو یہ کہ پاکستان ڈے میموریل جن مقاصد کے حصول کے لئے قائم کیا گیا ہے ان کو پورا کر رہے ہیں ۔

Mr. Speaker : Mr. Hamza is not relevant. He may please take up the next-point.

مسٹر حمزہ ۔ پاکستان ڈے میموریل ایکٹ جب اس ایوان میں پیش کیا گیا اس وقت وزیر خزانہ نے فرمایا تھا ۔

> ''یہ مینار اس سیر آزما طویل جدوجہد کی یادگار ہے جو مسلمانان ہند نے ایک ایسی ریاست قائم کرنے کے لئے کی تھی جہاں مسلمان اسلامی اصولوں کے مطابق زندگی ڈھال سکیں ۔''

میں یہ عرض کر رہا تھا کہ جس مقصد کے لئے پاکستان بنایا گیا اگر وہ مقصد پورا نہیں ہوتا تو پھر ایسی یادگار قائم کرنے کی تک کیا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ اس کے متعلق جب پہلا ایکٹ پاس ہوا ۔ آپ اس وقت اس اسمبلی کے ممبر تھے آپ نے تقریریں کی ہوں گی اور اظہار خیال بھی کیا ہوگا اب اس ترمیمی آرڈیننس میں صرف دو شقیں ہیں ۔ ایک

تو پاکستان ڈے میموریل کے متعلق ہے اور دوسری پاکستان ڈے میموریل کمیٹی بنانے کے متعلق ہے اب یہی دو issues ہیں آپ ان کے متعلق فرمائیں اور اگر اس کے علاوہ کچھ فرمائیں گے تو وہ relevant نہیں ہوگا۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ جہاں ان کا کردار یہ ہے کہ بقول ان کے یہ ایک نیک کام ہے لیکن اس کے لئے انہوں نے غلط ناجائز اور حرام ذرائع آمدن استعمال کئے ہیں ۔

Mr. Speaker: The member has already made this point.

مسٹر حمزہ ۔ اس میں یہ ترمیم کی گئی ہے کہ جو سرمایہ حاصل کیا جائے گا اس کے لئے ایک کمیٹی form کی جائے گی ۔ ان کا فرض تھا کہ اس نکتہ چینی اور اختلاف رائے کی روشنی میں اس میں بنیادی تبدیلی کرتے ۔ اور جس ذریعہ سے یہ آمدنی حاصل کرتے ہیں اس کے استعمال کے لئے کوئی صحیح جواز پیدا کرتے ۔

مگر اب آپ کے اعتراضات کے پیش نظر میں اس پوائنٹ کو چھوڑتا ہوں ۔

جناب سپیکر ۔ اس ترمیمی ہنگامی قانون میں ہماری حکومت عالیہ کی طرف سے یہ فیصلہ صادر ہوا ہے کہ وہ Pakistan Day Memorial Committee بنائے ۔ ہم سمجھتے ہیں کہ یہ کمیٹی پاکستان کے نظریہ کے مطابق نہیں بنائی گئی بلکہ آمریت کے نظریہ کے مطابق بنائی گئی ہے ۔ وہ نظریہ کیا ہے ۔ گورنمنٹ لاہور کمیٹی مقرر کرے گی ۔ جس میں لاہور ڈویژن کے کمشنر صدر ہوں گے اور اس کے بعد گورنمنٹ

کو یہ اختیار ہوگا کہ دو افراد کو اس کمیٹی کے لئے نامزد کرے ۔

جناب سپیکر ۔ میرا یہ تلخ تجربہ ہے اور میرا خیال ہے کہ آپ میرے ہمنوا ہوں گے کہ جہاں کہیں کسی کمیٹی کی تشکیل کی جاتی ہے تو اس قسم کے بڑے حاکموں کو اس کا حکمران مقرر کر دیا جاتا ہے ۔

آج ہمارے ملک کا یہ ماحول ہے کہ عام شہری خاص کر وہ لوگ جن کو ہماری حکومت ایسے اداروں پر کام کرنے کے لئے چنتی ہے ۔ ان سے آپ قطعاً توقع نہیں کر سکتے کہ وہ کسی ایسی بات پر اپنی رائے کے اظہار کی جرأت کریں گے جو کسی بڑے افسر کی منشا کے خلاف ہو یا اس کی رائے کے خلاف ہو ۔

جناب سپیکر ۔ آپ جانتے ہیں کہ لاہور اتنا بڑا شہر ہے ۔

بیگم زاهده خلیق الزمان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ دیکھئے جناب یہ ہم لوگوں کی توہین ہے جو وہ اس طرح کہتے ہیں ۔ ہم لوگ برابر مخالفت بھی کرتے ہیں اور حمایت بھی ہم اپنی طرف سے بالکل صحیح رائے دیتے ہیں ۔ (قطع کلامیاں)

مسٹر سپیکر ۔ حمزہ صاحب آپ کا مقصد بیگم صاحبہ کی توہین تو نہیں تھا ۔

مسٹر حمزہ ۔ جی نہیں ۔

بیگم زاهده خلیق الزمان ۔ وہ تو ہر ممبر کی توہین کر رہے ہیں ۔

Mr. Speaker. This is not a point of order. Begum Sahiba may please take her seat.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ لاہور کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یہ پاکستان کا دل ہے ۔ لاہور وہ شہر ہے کہ جہاں پاکستان ڈے کی تجویز پاس ہوئی ۔ اب تو لاہور کی حیثیت میں اور بھی اضافہ ہوگیا ہے ۔ جب کہ یہاں ہندوستان کے حملہ کا دندان شکن جواب دیا گیا تھا ۔ کیا اس شہر میں آفیشل چیئرمین کے علاوہ کوئی اور انسان موجود نہیں تھا جس کو اس قسم کی کمیٹی کا چیئرمین مقرر کیا جا سکتا ۔

جناب سپیکر ۔ اہل لاہور اور ہر پاکستانی اس چیز کو توہین سمجھتا ہے اگر آپ یہ چاہتے تھے کہ official point of view پیش کیا جائے تو پھر یہاں کوئی public man مقرر کرتے اور کمشنر اس کے ماتحت کام کرتا ۔ یہاں تو ہر جگہ حکومت کا جو ذہن ہے اس سے ملک میں ایک قسم کا زہر پیدا ہو رہا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ کوئی صورت نظر نہیں آتی کہ وہ زہر زائل ہو جائے بلکہ یہاں تو یہ لوگوں کو حکام کے سامنے غلام بنانے کی پالیسی پر تلے ہوئے ہیں ۔ یہ جو لاہور میں یوم پاکستان کی یادگار قائم کر رہے ہیں ان کی ذہنیت اس یادگار کی روح کے منافی ہے پاکستان ریزولیشن کی یہ منشا نہیں تھی کہ ہر جگہ افسران ۔ بیوروکریٹ اور بیوروکریسی کے بدنام عناصر کو عوام پر ٹھونس دیں ۔ ان وجوہات کی بنا پر میں اس ہنگامی قانون کی مخالفت کرتا ہوں ۔

رائے منصب علی خان کھرل (شیخوپورہ - ۳) - جناب والا - ملک اختر صاحب نے اس ایوان میں جو فتوے جاری کئے ہیں مجھے ان کی صحت سے انکار ہے -

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - منصب صاحب ایک ایسی جگہ سے تعلق رکھتے ہیں جسے ننکانہ صاحب کہتے ہیں - اتفاق کی بات ہے کہ آج ان کو پورے بارہ بجے تقریر کرنے کا موقع ملا ہے -

وزیر بنیادی جمہوریت - جناب والا - آپ کی اجازت سے میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اتفاق کی بات ہے کہ حمزہ صاحب کا تعلق ٹوبہ ٹیک سنگھ سے ہے اور یہ بھی اتفاق کی بات ہے کہ انہوں نے تقریر پورے بارہ بجے ختم کی ہے -

رائے منصب علی خان کھرل - جناب والا - یہ بات ٹھیک ہے کہ مجھے عین بارہ بجے تقریر کرنے کا وقت ملا ہے لیکن میں حمزہ صاحب کی طرح سکھوں والی باتیں نہیں کروں گا - جناب مجھے ان فتووں کی صحت سے انکار ہے اور وہ اس لئے نہیں ہے کہ ملک محمد اختر صاحب کی صحت کمزور ہے اور ان کا سینہ ۳۹ انچ چوڑا نہیں ہے بلکہ اس لئے کہ انہوں نے باتیں ایسی کی ہیں جن کی تردید کی جانا ضروری ہے -

(اس مرحلہ پر خان محمد یوسف (صدر نشین) کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

جہاں تک یوم پاکستان کی یادگار قائم کرنے کا تعلق ہے اس سے کسی پاکستانی کو اختلاف نہیں ہو سکتا اور نہ اس بات سے انکار ہو

سکتا ہے کہ یہ ایک نہایت اچھا کام ہے اور اس کا تعمیر کرنا بہت ضروری ہے یہ شرف اس حکومت کو حاصل ہوا ہے کہ اس نے یہ کام اپنے ہاتھ میں لیا ہے اور اس کی تعمیر کے لئے کوشاں ہے ۔ جہاں تک اس بحث کا تعلق ہے کہ اس کی تعمیر کے لئے جو روپیہ اکٹھا کیا جا رہا ہے وہ غلط طریقہ سے اکٹھا کیا جا رہا ہے اور یا وہ خلاف شرع طریقہ ہے اور اس لحاظ سے بھی وہ قابل اعتراض ہے تو میں اس بحث میں نہیں پڑنا چاہتا جہاں تک اس ٹیکس کا تعلق ہے سینماؤں اور گھوڑ دوڑ پر پہلے ہی اس قسم کے ٹیکس عائد کئے جا چکے ہیں اور ان میں یہ اور اضافہ ہوا ہے ۔ اگر اسلامک ایڈوائزری کونسل نے کہا ہے کہ یہ ذریعہ آمدنی ناجائز ہے تو اس کے لئے جو حکومت فیصلہ کرے گی اور جب اس پر غور کرے گی تو یہ بھی چیز زیر بحث آ سکتی ہے فی الحال ان کا یہ کہنا کہ اس قسم کے تمام taxes ناجائز ہیں اور ان کا وصول کرنا ناجائز ہے اور یہ حکومت جو کام کر رہی ہے وہ خلاف شرع ہے یا خلاف اسلام ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ملک محمد اختر صاحب اس پوزیشن میں نہیں ہیں کہ وہ اس قسم کے فتوے جاری کر سکیں ۔ اس لئے میں ان کی تمام باتوں کی تردید کرتا ہوں ۔ جہاں تک حمزہ صاحب کا تعلق ہے ان کی خدمت میں ایک شعر عرض کرنا چاہتا ہوں

پاپوش میں لگائی کرن آفتاب کی
جو بات کی خدا کی قسم لاجواب کی

وہ تو جو بھی بات کرتے ہیں وہ اپنی تعصب کی عینک لگا کر کرتے ہیں اور ان کو ساون کے اندھے کی طرح ہرا ہرا سوجھتا ہے ۔ انہوں نے

یوم پاکستان کی یادگار کے سلسلے میں جو نتائج اخذ کئے ھیں ان کا اصل موضوع سے کوئی تعلق نہ تھا حکومت پر الزامات لگانا حکومت کو کوسنا اور غلط قسم کے الزامات لگانا اور ان پر اصرار کرنا اور حقائق سے انکار کرنا ان کا شیوہ ھے ۔

Malik Muhammad Akhtar : On a point of privilege. Sir, it is not proper for a Member to make such remarks against his fellow Member.

Mr. Chairman (Khan Muhammad Yusuf) : Well the member is not in his seat.

Malik Muhammad Akhtar : I am just reminding you of your functions.

Mr. Chairman : I cannot take notice of it because the member is not in his seat.

رائے منصب علی خان کھرل ۔ اس بات سے اس بات کا کوئی تعلق نہیں تھا ۔ حمزہ صاحب نے اس آڑ میں بہت سی باتیں کہی ھیں جو اس وقت انہیں نہ کہنا چاھئے تھیں یا اس کے لئے یہ موضوع نہ تھا ۔ ان کے متعلق جو کچھ میں نے عرض کیا ھے اور جو کچھ بیان کیا ھے وہ صحیح ھے ۔ ملک محمد اختر صاحب ان کی حمایت کے لئے کھڑے ھوئے ان کو چاھئے تھا کہ وہ کسی اور موقع پر اس بات کی تردید کر لیتے ۔ میں حمزہ صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا ۔ ۔ ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب مجھے بار بار مخاطب کیا جا رھا ھے تو میں ان کی خدمت میں عرض کرتا ھوں

گردش دوراں ھی کیا کم تھی مٹانے کے لئے
تو بھی آ نکلا دھکتے ھوئے رخسار کے ساتھ

رانا پھول محمد خان ۔ ملک صاحب مجبور ہوکر اس میں حصہ لے رہے ہیں ۔

رائے منصب علی خان کھرل ۔ جناب حمزہ صاحب کی خدمت میں رانا پھول محمد خان صاحب سے معذرت کے ساتھ ایک شعر عرض کرنا چاہتا ہوں ۔

شب سیاہ کے جادو بھی چلتے رہتے ہیں
طلوع صبح کے سامان بھی ہوتے رہتے ہیں

وہ شب سیاہ کی تاریکیوں میں بھٹکنے والے مسافر ہیں اور ہم طلوع صبح درخشاں کو خوش آمدید کہتے ہیں ۔

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak (Kohat-II) : Sir, we welcome this measure of the Government and the steps they have taken to perpetuate something with which our very lives are connected. I think that the vehemence of opposition comes only against one aspect of the matter i.e. that if it is something on all-West Pakistan basis, why must Government elect the Commissioner of a Division to be the Chairman of this Memorial Committee. There are Ministers present in this House. Let one of them or any public man be the Chairman of this Committee and we shall have no objection. It does not seem proper to subject the entire Province to the Chairmanship of the Commissioner of a local Division. I would like to draw the attention especially of the Minister concerned to this point and he should rectify the error to that extent. Otherwise, no one would disagree with this noble work which is meant to perpetuate eternally the birth of Pakistan itself.

چودھری محمد سرور خان (سیالکوٹ ۔۳) ۔ جناب سپیکر۔ میں نے محسوس کیا ہے کہ مسٹر حمزہ نے یادگار پاکستان کو صرف ایک اینٹ اور گارے کی عمارت کہہ کر اس عزم اور ہمت کی تقدیس کو مجروح کیا ہے جس کے تحت قائد اعظم کی قیادت میں اسلامیان ہند نے پاکستان حاصل کیا تھا ۔ بلکہ یادگار پاکستان کی اہمیت کو کم کرنے کی ناکام کوشش کی ہے ۔

جناب والا ۔ اینٹ اور پتھر کی یادگار کسی ملک کی تاریخ کو ظاہر کرنے میں کوئی معمولی کردار ادا نہیں کرتی ۔ جناب میں آج بھی یہ محسوس کرتا ہوں اور ہمیشہ محسوس کرتا رہا ہوں کہ قطب صاحب کی لاٹ اس دیوتاؤں کی سر زمین پر مسلمانوں کے اتحاد اور برتری کو ظاہر کرتی ہے اور اس لاٹ کی وجہ سے دیوتاؤں کی سرزمین پر مسلمانوں کا حسن کردار ظاہر ہوتا ہے ۔ اور کیا فتح پور سیکری ہمیں یہ احساس نہیں دلاتی کہ راجستھان کے سینے پر مسلمانوں کو برتری حاصل تھی ۔ اور کیا تاج محل کی حسین ترین عمارت یہ ثابت نہیں کرتی کہ کس آدمی نے اس عمارت کی وجہ سے حسن و عشق کے امتزاج کو ظاہر کرکے اپنی محبت کی تکمیل کی اور اسی طرح آج ہم یہ محسوس کرتے ہیں کہ لاہور کی بادشاہی مسجد بھی عالمگیر کی مذہب دوستی کا ایک بین ثبوت ہے ۔ جناب والا۔ یہ اینٹ اور پتھر کی یادگاریں تاریخ کا ایک زریں باب ہوتی ہیں اور آئندہ نسلوں کے لئے ایک منہ بولتی اور جیتی جاگتی تصویر ہوتی ہیں ۔ قوموں کی یادگاریں ہمیشہ اس لئے تعمیر کی جاتی ہیں کہ آئندہ نسلیں ان کے سیاسی معاشی اور جرأت مندانہ حالات سے باخبر رہیں ۔

جناب والا ۔ مجھے انتہائی افسوس ہے کہ حمزہ صاحب نے یوم پاکستان کی یادگار کی مخالفت کی ہے میں سمجھتا ہوں کہ ان کو اس معاملے میں مخالفت نہ کرنا چاہئے تھی ۔

مسٹر حمزہ ۔ میرے خیال میں یہ ڈسٹرکٹ کونسل سیالکوٹ کے الیکشن بھول گئے ہیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت - جناب یہ معذور ہیں ان کو معاف کر دیا جائے -

چودھری محمد سرور خان - جناب مجھے اجازت دی جائے کہ میں عرض کروں کہ جب مسٹر حمزہ یادگار پاکستان اور ڈسٹرکٹ کونسل کے الیکشن کو ایک ہی سطح پر رکھتے ہیں - تو پھر میرا ان کی بحث کا جواب دینا بے فائدہ ہوگا - اور میری حیرانگی کی حد نہیں ہے - وہ ایوان کے ایک ذمہ دار رکن ہیں - میں محسوس کرتا ہوں کہ ان کی تقریر کے بعد اب میری بات کرنے کی ضرورت باقی نہیں رہ جاتی -

مسٹر حمزہ - ڈی سی صاحب سیالکوٹ کی موجودگی میں انہیں بولنے کی جرأت نہیں -

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی - ۸) - جناب سپیکر - جو ہنگامی قانون ہمارے پیش نظر ہے میں درخواست کرتا ہوں کہ اس سے متعلق صبر سے میری بات سنی جائے اور میں رانا صاحب سے بھی درخواست کرتا ہوں کہ وہ صبر سے میری بات سنیں -

رانا پھول محمد خان - پوائنٹ آف آرڈر - جناب سپیکر - آپ کو اختیارات حاصل ہیں آپ مجھے بولنے کی اجازت دے سکتے ہیں -

Mr. Chairman : That is not a point of order.

مسٹر محمود اعظم فاروقی - یہ ہنگامی قانون جس سے ۶۴ عیسوی کے قانون میں ترمیم پیش ہو رہی ہے وہ دراصل ۶۴ کے قانون کو نئی زندگی بخشی رہا ہے جو ۱۵ اپریل ۱۹۶۶ء کو اپنی موت آپ مر چکا

تھا۔ اپریل ۱۹۶۳ء میں حکومت کو یہ خیال آیا کہ پاکستان کی قرار داد کی یاد کو تازہ رکھنے کے لئے ایک مینار بنایا جائے اور اس کی تعمیر کے اخراجات کے لئے سینما جانے والی پبلک سے اور ان لوگوں سے جو ریس کے ذریعے جوا کھیلتے ہیں ان کی جیبوں سے یہ رقم حاصل کی جائے۔ چنانچہ یہ دو مدیں ہیں جو اس فنڈ کی آمدنی کا ذریعہ تھیں۔ مجھے اس ترمیمی ہنگامی قانون پر تین شدید اعتراضات ہیں۔ پہلی بات میں یہ عرض کروں گا کہ جن حضرات نے اس پہلے قانون کو مرتب کیا تھا اور اس دوسرے قانون کو ہمارے سامنے پیش کیا تو میں ان سے یہ گذارش کرنی چاہتا ہوں کہ دنیا میں قومیں اینٹ اور پتھر کی یادگاروں سے زندہ نہیں رہا کرتیں۔ قومیں اپنے کردار سے اپنے عمل سے اس مقصد اور اصول کی بنیاد پر زندہ رہتی ہیں جس سے انہوں نے اپنے آپ کو کھڑا کیا ہو۔ قومیں کیا ہیں۔ کیا آپ کو یاد نہیں کہ مسلمانوں کی تاریخ میں غزوۂ بدر ــ غزوۂ احد اور فتح مکہ سے زیادہ اہم اس تاریخ کو بدلنے والے اور مسلمانوں کی تاریخ کو ایک نئے رخ پر ڈالنے والے اور کوئی دوسرے واقعات نہ تھے۔ یہ واقعات ہماری تاریخ کے عظیم الشان واقعات ہیں مگر آج مکہ میں یا دنیا کے کسی ملک میں ان واقعات کی یاد کو تازہ کرنے کے لئے اینٹ اور پتھر کا کوئی مینار قائم نہیں۔ آج مکہ یا عرب کے گوشہ میں کسی ایسی عظیم الشان یادگاروں کے لئے کوئی مینار قائم نہیں ہے۔ بہ ایں ہمہ دنیا کی کسی تاریخ یا دنیا کی کسی آبادی پر آپ اگر نظر ڈالیں تو آپ کو کوئی فرد نہیں ملے گا جو ان واقعات کی عظمت سے اور ان واقعات کے واقع ہونے سے انکار کر سکے۔ آپ کے سامنے واقعہ کربلا ہے جس کے لئے کہا جاتا ہے کہ "اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد" وہ کربلا جہاں رسول کریم صلی اللہ

جناب سپیکر ۔ وہ حکومت جو کہ اپنی آمریت کے نشہ میں اندھی اور بہری ہو کر لاقانونیت کی لاٹھی کو گھماتی ہو اس کو یہ فخر نصیب ہوا ہے کہ وہ اس قسم کا بڑا مینار یادگار یوم پاکستان کے طور پر کھڑا کر رہی ہے ۔ مجھ سے پہلے ملک اختر صاحب نے یہ فرمایا ہے کہ یادگار یوم پاکستان پر ''پاکستان ڈے ریزولیوشن،، کا متن کندہ کر دیا جائے یا لکھ دیا جائے ۔ پچھلی اسمبلی میں آپ کو یاد ہوگا کہ اس اسمبلی کے ایک معزز رکن امیر حبیب اللہ خان سعدی صاحب نے تجویز پیش کی تھی اور اس تجویز کو آج میں بھی دھراتا ہوں وہ یہ ہے کہ اس پر پاکستان ڈے ریزولیوشن لکھنے یا کندہ کرنے کی بجائے یہ لکھیں کہ یہاں ملت اسلامیہ کا عظم مدفون ہے جو قائد اعظم کی قیادت میں ۲۳ مارچ ۱۹۴۰ء کو بنا تھا ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ جناب والا۔ کورم نہیں ہے ۔

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak : If you would kindly order the Ministers to be present in the House, the members will not pursue them in their offices, and we shall always have quorum. If the Ministers are absent, then they are chased by members to their rooms, therefore, there is no quorum.

Mr. Speaker : I think most of them are present, and so far as I know, the rest of them are out of station. That is however, not the only ground why the members should be absent from the House. The members should feel their responsibility, as I had already advised them, but it is up to the House and up to every member to be present in the House. I can only make a request to them again and again, to the Ministers, to the Parliamentary Secretaries, to the majority party and to the Opposition, that all of them should feel this responsibility and be present in the House.

There is no quorum, let the bells be rung, (*bells were rung*). The House is in quorum. Yes, Mr, Hamza,

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میرے نزدیک یادگار یوم پاکستان تعمیر کرنے کی بجائے حکومت کو سب سے پہلے تو یہ چاہئے تھا کہ وہ مقاصد ، وہ نظریات کہ جن کی تکمیل کے لئے پاکستان معرض وجود میں آیا تھا ۔ ان کو حاصل کرنے کی کوشش کرتی ۔ آپ کو اس چیز کا علم ہے ۔ کہ اس ملک کی آبادی کا بیشتر حصہ آج بھی غربت اور افلاس کا شکار ہے ۔ انصاف ڈھونڈھے سے بھی نہیں ملتا ۔ رشوت ستانی عام ہے ۔ اور اس پر طرہ یہ کہ تقسیم سے قبل تو اخلاق کچھ بہتر تھا لیکن آج روبہ انحطاط ہے ۔ ساری آبادی پر اس قسم کا ایک نظام مسلط کر دیا گیا ہے کہ جس کے ذریعے سے ساری قوم کے اذہان کو مفلوج کیا جا رہا ہے ۔

Mr. Speaker : The member may please reserve these points for General Discussion on the Budget.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ اگر یہ یادگار یوم پاکستان کسی اہمیت کی حامل ہے تو میرے خیال میں یہ ایک موزوں ترین موقع ہے کہ ہم اپنی حکومت کو یاد دلائیں کہ محض حیلہ سازی اور بہانہ سازی سے اور اس قسم کے اینٹ اور پتھر کی یادگار سے پاکستان کے قیام کے مقاصد پورے نہیں ہو سکتے ۔

جناب سپیکر ۔ یہ کیا عجب ہے کہ ایک نظریاتی مملکت کے قیام کا وعدہ کرکے اس قسم کی حکومت ہم پر ٹھونس کر لوگوں سے ۔ ۔ ۔

وزیر مال (خان حبیب اللہ خاں) ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ میں جناب کی

وساطت سے حمزہ صاحب کو یاد دلاتا ہوں ۔ کہ اس حکومت کی یادگار کی تعمیر زیر بحث نہیں ہے ۔ یہ تو یوم پاکستان کی یادگار بنائی جا رہی ہے ۔

منسٹر حمزہ ۔ آپ کو قطعاً یہ حق نہیں ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

وزیر مال ۔ آپ کو یہ چاہیئے ۔ کہ آپ یہ فرمائیں۔ کہ آپ کو اس آرڈیننس کی کس بات پر اعتراض ہے ۔ اب یہ کہنا کہ یہ حکومت اچھی ہے ۔ یا اچھی نہیں ہے ۔ اس کے متعلق تو سپیکر صاحب نے فرما دیا ہے ۔ کہ بجٹ کی عام بحث کے دوران میں آپ کو ان باتوں کے لئے کافی موقع ملے گا ۔ اس وقت آپ بیشک یہ باتیں کہیں ۔ ہم آپ کی باتیں سنیں گے ۔ ہم تو عادی ہو گئے ہیں ۔

''گالیاں اتنی پڑیں ہم پر کہ آسان ہو گئیں،،

وہ تو آپ کہتے رہتے ہیں ۔ اور ہم سنتے رہتے ہیں ۔ فی الحال آپ یہ فرمائیے کہ آپ کو اس آرڈیننس سے کیا اختلاف ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر حمزہ ۔ وہ تو آپ یونیورسٹی ہال میں بھی سن آئے تھے ۔ آپ تو عوام کے سامنے جا ہی نہیں سکتے ۔

Chaudhri Muhammad Nawaz : This is a personal attack.

مسٹر حمزہ ۔ چونکہ چودھری محمد نواز صاحب کو اس بات سے بڑا دکھ پہنچا ہے ۔ اس لئے میں اس بات کو چھوڑتا ہوں ۔

Mr. Speaker : The member may please be relevant to the Ordinance.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ایک نظریاتی مملکت اور ایک ایسی مملکت کہ جس کے بارے میں یہ کہا جاتا تھا ۔ کہ یہاں انصاف کا دور دورہ ہوگا ۔ اسلامی نظام حکومت ہوگی اسلامی مساوات ہوگی ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : This is not relevant.

مسٹر حمزہ ۔ مجھے اپنا فقرہ تو مکمل کر لینے دیجئے ۔ پھر آپ سمجھ جائیں گے کہ میں relevant ہوں یا نہیں ۔ اور اس کی یادگار قائم کی جاتی ہے ۔ تو جن روپوؤں یا جن وسائل یا جس آمدنی سے وہ یادگار تعمیر کی جاتی ہے ۔ وہ آمدنی گھوڑ دوڑ یا سینما سے حاصل ہوتی ہے ۔ جناب سپیکر ۔ کل ہی یہاں میاں محمد یاسین خان وٹو نے فرمایا تھا ۔ کہ Press and Publications Ordinance کے متعلق کونسل آف اسلامک آئیڈیالوجی نے اس چیز کا اظہار کیا ہے ۔ کہ یہ قانون عین اسلام کے مطابق ہے ۔ اور یہ کہ اسی لئے اس قدر گھناؤنا قانون انہوں نے ہم پر ٹھونسا ہے ۔ میں آپ کی وساطت سے آج اس حکومت سے دریافت کرتا ہوں کہ کیا کونسل آف اسلامک آئیڈیالوجی نے یہ فتوٰی صادر نہیں فرمایا تھا کہ گھوڑ دوڑ میں جو بازی لگائی جاتی ہے وہ جؤا ہے ۔

وزیر مال ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ اب بازی لگانے کا اس آرڈیننس سے کیا تعلق ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ خان صاحب ۔ وہ شاید یہ کہنا چاہتے ہیں کہ جو روپیہ حکومت حاصل کرنا چاہتی ہے ۔ ۔ ۔

وزیر مال - غضب بھی تو یہی ہے کہ وہ کہنا تو شاید کچھ اور ہی چاہتے ہیں - لیکن وہ کہتے کچھ اور ہیں ان کا ارادہ تو کچھ اور ہوتا ہے - لیکن کہتے وہ اور ہی کچھ ہیں -

مسٹر حمزہ - انہوں نے یہ فتویٰ صادر کیا تھا - کہ یہ اسلام کے خلاف ہے - یہ حرام ہے - اب میں ان سے پوچھتا ہوں - کہ آپ جو یادگار یوم پاکستان قائم کر رہے ہیں - تو کیا آپ کا یہ فرض نہیں ہے - کہ اگر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ آپ ایک اچھا اور نیک کام کر رہے ہیں تو آپ کو چاہئے تھا - کہ آپ اس یادگار کو قائم کرنے کے لئے آمدنی کے اچھے ذرائع استعمال کرتے -

وزیر بنیادی جمہوریت - یہ تو جوئے وغیرہ کے بارے میں نہیں ہے : یہ تو ٹکٹوں کے بارے میں ہے -

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - ابھی مجھ سے پہلے جناب ملک محمد اختر صاحب نے یہ فرمایا تھا - کہ لاہور کارپوریشن نے یہ یادگار تعمیر کرنے کے لئے کچھ رقم اکھٹی کی تھی - یہ درست ہے - کہ وہ رقم ناکافی تھی - لیکن میں اس ناراض ہونے والی حکومت سے یہ پوچھتا ہوں - خفا ہونے والی حکومت اور جب ہم ان پر کوئی جائز تنقید کرتے ہیں - تو اسے گالیاں تصور کرنے والی حکومت سے پوچھتا ہوں کہ جب آپ بڑے بڑے صنعت کاروں سے پریس ٹرسٹ قائم کرنے کے لئے روپیہ حاصل کر سکتے ہیں - وہ پریس ٹرسٹ جس سے کہ آپ لوگوں کے اذہان کو بند غلامی میں جکڑنا چاہتے ہیں - تو اگر اس یادگار کی تعمیر ایک نیک مقصد

کے تحت کی جا رہی تھی - تو اس کے لئے روپیہ آپ نے ان ہی بڑے بڑے صنعت کاروں، جاگیرداروں اور اجارہ داروں سے حاصل کیوں نہیں کیا - جناب سپیکر - ان کا یہ متضاد فعل اور متضاد کردار اس حقیقت کو ثابت کرتا ہے کہ ان کو نہ ہمارے پاکستان سے تعلق ہے نہ پاکستان کے عوام کی بہبود سے تعلق ہے اور نہ اس یادگار سے تعلق ہے جس کے قائم کرنے کا دعویٰ کرتے ہیں -

جناب سپیکر - ان کا دعویٰ تو یہ کہ پاکستان ڈے میموریل جن مقاصد کے حصول کے لئے قائم کیا گیا ہے ان کو پورا کر رہے ہیں -

Mr. Speaker : Mr. Hamza is not relevant. He may please take up the next-point.

مسٹر حمزہ - پاکستان ڈے میموریل ایکٹ جب اس ایوان میں پیش کیا گیا اس وقت وزیر خزانہ نے فرمایا تھا -

> ''یہ مینار اس صبر آزما طویل جدوجہد کی یادگار ہے جو مسلمانان ہند نے ایک ایسی ریاست قائم کرنے کے لئے کی تھی جہاں مسلمان اسلامی اصولوں کے مطابق زندگی ڈھال سکیں -''

میں یہ عرض کر رہا تھا کہ جس مقصد کے لئے پاکستان بنایا گیا اگر وہ مقصد پورا نہیں ہوتا تو پھر ایسی یادگار قائم کرنے کی تک کیا ہے -

مسٹر سپیکر - اس کے متعلق جب پہلا ایکٹ پاس ہوا - آپ اس وقت اس اسمبلی کے ممبر تھے آپ نے تقریریں کی ہوں گی اور اظہار خیال بھی کیا ہوگا اب اس ترمیمی آرڈیننس میں صرف دو شقیں ہیں - ایک

تو پاکستان ڈے میموریل کے متعلق ہے اور دوسری پاکستان ڈے میموریل کمیٹی بنانے کے متعلق ہے اب یہی دو issues ہیں آپ ان کے متعلق فرمائیں اور اگر اس کے علاوہ کچھ فرمائیں گے تو وہ relevant نہیں ہوگا ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ جہاں ان کا کردار یہ ہے کہ بقول ان کے یہ ایک نیک کام ہے لیکن اس کے لئے انہوں نے غلط ناجائز اور حرام ذرائع آمدن استعمال کئے ہیں ۔

Mr. Speaker: The member has already made this point.

مسٹر حمزہ ۔ اس میں یہ ترمیم کی گئی ہے کہ جو سرمایہ حاصل کیا جائے گا اس کے لئے ایک کمیٹی form کی جائے گی ۔ ان کا فرض تھا کہ اس نکتہ چینی اور اختلاف رائے کی روشنی میں اس میں بنیادی تبدیلی کرتے ۔ اور جس ذریعہ سے یہ آمدنی حاصل کرتے ہیں اس کے استعمال کے لئے کوئی صحیح جواز پیدا کرتے ۔

مگر اب آپ کے اعتراضات کے پیش نظر میں اس پوائنٹ کو چھوڑتا ہوں ۔

جناب سپیکر ۔ اس ترمیمی ہنگامی قانون میں ہماری حکومت عالیہ کی طرف سے یہ فیصلہ صادر ہوا ہے کہ وہ Pakistan Day Memorial Committee بنائے ۔ ہم سمجھتے ہیں کہ یہ کمیٹی پاکستان کے نظریہ کے مطابق نہیں بنائی گئی بلکہ آمریت کے نظریہ کے مطابق بنائی گئی ہے ۔ وہ نظریہ کیا ہے ۔ گورنمنٹ ایک کمیٹی مقرر کرے گی ۔ جس میں لاہور ڈویژن کے کمشنر صدر ہوں گے اور اس کے بعد گورنمنٹ

کو یہ اختیار ہوگا کہ دو افراد کو اس کمیٹی کے لئے نامزد کرے ۔

جناب سپیکر ۔ میرا یہ تلخ تجربہ ہے اور میرا خیال ہے کہ آپ میرے ہمنوا ہوں گے کہ جہاں کہیں کسی کمیٹی کی تشکیل کی جاتی ہے تو اس قسم کے بڑے حاکموں کو اس کا حکمران مقرر کر دیا جاتا ہے ۔

آج ہمارے ملک کا یہ ماحول ہے کہ عام شہری خاص کر وہ لوگ جن کو ہماری حکومت ایسے اداروں پر کام کرنے کے لئے چنتی ہے ۔ ان سے آپ قطعاً توقع نہیں کر سکتے کہ وہ کسی ایسی بات پر اپنی رائے کے اظہار کی جرأت کریں گے جو کسی بڑے افسر کی منشا کے خلاف ہو یا اس کی رائے کے خلاف ہو ۔

جناب سپیکر ۔ آپ جانتے ہیں کہ لاہور اتنا بڑا شہر ہے ۔

بیگم زاهده خلیق الزمان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ دیکھئے جناب یہ ہم لوگوں کی توہین ہے جو وہ اس طرح کہتے ہیں ۔ ہم لوگ برابر مخالفت بھی کرتے ہیں اور حمایت بھی ہم اپنی طرف سے بالکل صحیح رائے دیتے ہیں ۔ (قطع کلامیاں)

مسٹر سپیکر ۔ حمزہ صاحب آپ کا مقصد بیگم صاحبہ کی توہین تو نہیں تھا ۔

مسٹر حمزہ ۔ جی نہیں ۔

بیگم زاهده خلیق الزمان ۔ وہ تو ہر ممبر کی توہین کر رہے ہیں ۔

اسلامی سے تعلق رکھتے ہیں ۔ میں نے کہا آپ کی خواہش کے مطابق اس ملک میں بھی شہری قوانین ہیں ۔ اور قانون وراثت بھی ہے ۔ آپ قانون وراثت کی اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے احکام کی مخالفت جماعت اسلامی میں رہ کر کرتے ہیں ۔ کیا یہ خدا کا بنایا ہوا قانون نہیں اور خدا کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم تک نہیں پہنچایا ۔ میں نے کہا میں ایسی شہادت نہیں دے سکتا ۔ یہ صرف ظاہر داری میں سستی شہرت کیلئے کام کرتے ہیں ۔ اس لئے بات یہ ہے کہ جب اصل مقصد ہی یہ ہے ۔ یادگار پاکستان کے دل سے مخالف ہیں ۔ میری درخواست یہ ہے کہ انہیں اپنے نقطہ نظر کو تبدیل کر دینا چاہئے ۔ زندہ قوموں کے نشان ہمیشہ باقی رہتے ہیں ۔ اس لئے میں درخواست کروں گا کہ یادگار قیام پاکستان کیلئے مولانا صاحب اپنی آمدنی میں کچھ نہ کچھ ضرور دیں ۔

مسٹر عبدالقیوم (پارلیمنٹری سیکرٹری) ۔ جناب والا ۔ ہم تو اس معزز ایوان کے اس طرف کے اراکین ہیں ۔ مجھے یہ توقع تھی کہ حزب اختلاف کم از کم ایسے قانون کے سلسلے میں جو بلند مقاصد کے لئے ۔ اہم اور عظیم امور کے لئے بنایا جائے گا حکومت کے ساتھ ضرور اتفاق کریں گے اور ایسے قوانین کو اتفاق رائے سے پاس کریں گے ۔ مجھے افسوس ہوا ہے کہ حزب اختلاف نے پاکستان ڈے میموریل کے ایک بہت بلند اور عمدہ مقصد والے قانون کی مخالفت کی ہے ۔ اس قانون کا مقصد ایک اچھی یادگار قائم کرنا تھا ۔ یادگاریں قوم اور ملک کی تاریخ میں ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہیں ۔ بر صغیر ہندوپاک میں تاج محل اور شاہی مسجد اور لال قلعہ ابھی تک ہمارے سامنے ہیں۔ جب ہم ان یادگاروں

کو دیکھتے ہیں یا جب ان کے متعلق پڑھتے ہیں تو اپنے اسلاف کی تاریخ یاد آتی ہے ۔ وہ جذبہ جس جذبہ کے تحت ۔ جس spirit کے تحت یادگاریں قائم کی گئیں ہمارے سامنے آتا ہے اور اپنے قومی کام کرنے میں اس سے ہماری کافی حوصلہ افزائی ہوتی ہے ۔ حزب اختلاف کے چند ممبران نے اعتراض کیا ہے کہ یادگار کی تعمیر کے لئے جو روپیہ فراہم کیا جا رہا ہے اسکے لئے غلط ذرائع استعمال کئے جارہے ہیں ۔ اول تو میں سمجھتا ہوں کہ وہ غلط ذرائع نہیں ہیں ۔ اور جیسا کہ فاروقی صاحب نے فرمایا ہے کہ ریس کورس سے روپیہ اکٹھا کیا جاتا ہے وہ غیر شرعی نہیں ہے ۔ فرض کیجئے اگر کسی کے خیال میں غیر شرعی بھی ہے تو کم از کم ریس کورس اور سینما کی حوصلہ افزائی نہیں ہے جیسا کہ شرع کی رو سے ہمارے بھائی مدعی ہیں ۔ یہ کوشش کی جائے کہ سینما دیکھنے والے کم ہوں ۔ ریس کورس میں تعداد کم ہو ۔ اگر وہ مقصد پورا نہیں ہوتا تو یہ مقصد کسی حد تک ضرور پورا ہورہا ہے ان کو خوشی ہونی چاہئے ۔ اس کے علاوہ حزب اختلاف نے کوئی ٹھوس تجاویز پیش نہیں کی ہیں ۔ اگر ریس کورس پر یا سینما پر سیس یا ٹیکس عائد کرنے سے روپیہ فراہم نہ کیا جائے تو اور کس ذریعہ سے اس یادگار کی تعمیر کر سکتے ہیں ۔ پبلک اپیل کوئی خاص کامیابی کا ذریعہ نہیں ہوتا ۔ حالیہ جنگ میں لوگوں نے ایک اشارہ پر جس فراخ دلی سے روپیہ دیا ہے وہ ایک خاص موقع تھا ۔ اگر حزب اختلاف کے ممبران اور فاروقی صاحب کسی اور طریقہ سے روپیہ اکٹھا کر کے لا سکتے ہیں تو میرے خیال میں اس ہاؤس کو کوئی اعتراض نہیں ہے اس رقم کو بصد شکریہ قبول کیا جائے گا ۔

آخر میں میں یہ کہوں گا کہ یہ ٹھیک ہے کہ تقریریں کی جائیں ان کو ہم بڑے شوق سے سنتے ہیں - حزب اختلاف کے اراکین بڑے شوق سے تقریریں کرتے ہیں میں ان سے اپیل کروں گا کہ اس معزز ایوان کا وقت ایسے امور پر صرف کیا جائے جس سے کوئی اچھے اور ٹھوس نتائج حاصل ہو سکیں - یہ ہنگامی قانون جس طرح پہلے پاس کیا گیا ہے اسی طرح اب بھی پاس کر دیا جائے یہ بہت سادہ اور غیر مبہم ہے میں سمجھتا ہوں کہ وہ خود بھی اپنی تقریروں میں اس ہاؤس کو تاثر دے چکے ہیں اور اس کا دعویٰ بھی کرچکے ہیں کہ وہ قوم کے روپے کی نگہبانی کرتے ہیں - میں سمجھتا ہوں کہ ایسے سادہ اور معمولی قانون پر طویل اور غیر ضروری بحث کرکے اس ایوان کا وقت ضائع نہ کیا جائے اور اس کو معمولی سی بحث کے بعد پاس کر دینا چاہئے تھا - تاکہ ہم اور ضروری کام کرسکیں -

جناب والا - آخر میں میں پھر حزب اختلاف سے اپیل کروں گا کہ تقریریں ہم نے کافی سن لی ہیں یہ ایک ایسا عظیم اور بلند مقصد ہے جو تاریخ میں شامل ہوگا اس وقت بھی اور آئندہ نسلیں بھی اسکو دیکھیں گی- اس لئے کم از کم یہ قانون اتفاق رائے سے پاس کیا جائے -

حاجی سردار عطا محمد لنڈ (خیرپور - ۲) - جناب سپیکر صاحب اس ہنگامی قانون پر کافی بحث ہوچکی ہے اور میرے دوست جن کو حزب اختلاف سمجھا جاتا ہے اس کے متعلق انہوں نے اچھی وضاحت کی ہے - میں ان سے بہت خوش ہوں اور مطمئن ہوں- انہوں نے اسلامی رو سے جو نقطہ پیش کیا ہے اس سے ہمارا دل خوش ہوتا ہے - اور یہاں ہو آتی ہے کہ

پاکستان میں کچھ نہ کچھ اسلامی فرد بھی ہیں ۔ ورنہ اکثریت کو دیکھ کر بڑی مایوسی ہوتی ہے۔ اور ان دوستوں کا میں شکریہ ادا کرتا ہوں جو کہ حزب اختلاف والوں کی تقریروں پر اعتراض کرتے ہیں ۔ تنقید کرتے ہیں میں ان کو مشورہ دوں گا کہ ان کے صحیح خیالات کا ذرا مطالعہ کریں اور غیر کی آنکھ چھوڑ کر اور اپنا بھائی سمجھ کر ان کا مطالعہ کریں تو میں سمجھتا ہوں کہ وہ بھی ان کے مشورہ کو خوش آمدید کریں گے ۔ یہ غلط سمجھتے ہیں کہ ان لوگوں نے ایسے ہی یادگار کی مخالفت کی ہے ۔ ان لوگوں نے تو اس ٹیکس کی مخالفت کی ہے ۔ اور یہ بالکل صحیح ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Sardar Muhammad Ashraf Khan : Mr. Speaker, Sir, I give notice of closure after Haji Sahib has finished.

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ معاف کیجئے ۔ اب میں اپنی تقریر اردو میں کرنے کی بجائے سندھی زبان میں کرونگا ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ حاجی صاحب آپ اردو اچھی بول سکتے ہیں ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ میں نے پہلے ہی عرض کیا ہے ۔ کہ یہاں پر بہت سے دانشور لوگ بیٹھے ہیں۔ جو کہ اردو زبان سے بخوبی واقف ہیں ۔ اور بہت ہی پڑھے لکھے ہیں ۔ لیکن اسکے باوجود وہ انگریزی بولتے ہیں ۔ اور پھر میں تو اردو زبان جانتا بھی نہیں ہوں ۔ اس لئے میں سندھی میں تقریر کرنا چاہتا ہوں ۔

مسٹر چیئرمین - حاجی صاحب آپ اس بحث میں حصہ لیں - آپ اپنی تقریر جاری رکھیں -

حاجی سردار عطا محمد لنڈ (سندھی) :- جناب سپیکر - پاکستان ڈے میموریل فنڈ جو ۱۹۶۴ء میں قائم ہوا تھا اسکے بارے میں یہ آرڈیننس اسلئے جاری کیا گیا ہے کہ اسکی میعاد ۳۰-۶-۱۹۶۶ تک بڑھائی جائے - یہ آرڈیننس چونکہ ایک مقصد کیلئے جاری کیا گیا ہے اسلئے ہر پاکستانی کو اسکا خیر مقدم کرنا چاہئے -

اس آرڈیننس کو جاری کرکے حکومت نے قابل تعریف کام سرانجام دیا ہے کیونکہ یہ آرڈیننس قرارداد پاکستان منظور ہونے کے دن کی یاد کو برقرار رکھنے کے سلسلے میں ہے - یہ وہ جگہ ہے جہاں قائداعظم مرحوم نے مسلمانوں کے اجتماع سے خطاب کیا اور مسلمانوں کے لئے ایک علیحدہ مملکت قائم کرنے کے سلسلے میں ایک قرارداد منظور کی تھی - خداوند تعالیٰ نے اپنی کمال عنایت سے ۱۹۴۷ء میں یہ مملکت ہمیں عطا فرمائی -

مسلمانوں نے اس مملکت کے لئے اپنی اراضیات، محلات، بزرگوں کے مزارات کی پروا نہ کی اور اپنی ماؤں، بہنوں اور بیٹیوں کی عصمتیں لٹوا دیں اور اپنی اولاد اور بھائیوں کی قربانیاں تک دیں تاکہ وہ اس میں اسلامی قوانین رائج کریں اور اسلامی تہذیب و تمدن کے مطابق اپنی زندگی گزاریں - اسلئے لازم ہے کہ یہ یادگار قائم کی جائے لیکن مقام افسوس ہے کہ ایسی مقدس یادگار کی تعمیر میں ایسا روپیہ صرف کیا جا رہا ہے جو ایسے وسائل سے حاصل ہوتا ہے - جو ازروئے شریعت نہ صرف ناجائز ہیں بلکہ اگر انہیں حرام بھی کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا -

حاجی سردار عطا محمد لنڈ (اودو) ۔ یہ بہت نیک کام ہے ۔ اور میں حکومت کو مبارکباد دیتا ہوں ۔ کہ وہ اس طرف بھی کبھی کبھی رجوع کرتے ہیں ۔ لیکن مجھے جو اعتراض ہے ۔ وہ صرف اسکے لئے حاصل کی جانے والی آمدنی پر ہے۔ جس سے یہ ایک پاک مینار بنایا جا رہا ہے۔ اس مینار کی حیثیت میری دانست میں دوسری پاک عمارات کی سی ہے ۔ ان سے اس کی حیثیت کم نہیں ہے ۔ حکومت اس پاک مینار کی تعمیر ایسی آمدنی سے کر رہی ہے ۔ جو کہ ہمارے لئے شرعاً ناجائز ہے ۔ اور وہ ناجائز ہی نہیں ہے۔ بلکہ جو شرع میں حرام سمجھی جاتی ہے۔ اگر یہ غیر پارلیمانی الفاظ نہ ہوں ۔ تو میں عرض کرونگا ۔ کہ اس کو بس یونہی تصور کرنا چاہئے کہ جس طرح ایک ناپاک کپڑے کو پیشاب سے دھویا جائے اور پھر یہ توقع کی جائے کہ وہ کپڑا پاک ہو گیا ہے ۔ یہ بالکل اسی کے مترادف ہے ۔ امید ہے کہ آپ اسکے متعلق میری بات ضرور سنیں گے (وقفہ) ۔

چودھری محمد نواز ۔ چونکہ وہ ذرا بوڑھے ہیں ۔ اس لئے دم لے رہے ہیں

حاجی سردارعطا محمد لنڈ ۔ میں آپکی دانست میں بوڑھا ہونگا ۔ لیکن میں ایمانی قوت کے بل پر آپ سے جوان ہوں ۔

میاں محمد شفیع ۔ چونکہ وہ حکومت کو مبارک باد دینے کے لئے کھڑے ہوئے تھے ۔ اس لئے وہ کام تو پورا ہو چکا ۔ اب انکے پاس تقریر جاری رکھنے کے لئے الفاظ نہیں ہیں ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ - اگر آپ چاہتے ہیں کہ میں ٹیکس کو حلال قرار دوں تو میں ایسا نہیں کر سکتا -

مسٹر چیئرمین - آپ اپنی تقریر جاری رکھیں -

حاجی سردار عطا محمد لنڈ (سندھی) - اس کی مثال ایسی ہے گویا کہ کوئی شخص ناپاک کپڑوں کو پیشاب سے دھو کر پاک کرنے کی کوشش کرے - ایک مزید گذارش یہ ہے کہ امن و امان کا کوئی قائم کرنے کے ساتھ ساتھ اس ملک میں اسلامی آئین بھی رائج کیا جائے تاکہ ہر فرد خواہ وہ مشرقی پاکستان سے تعلق رکھتا ہو یا مغربی پاکستان سے نیز ہر وہ مسلمان فرد جو پہاڑی، ریگستانی، سمندری یا میدانی علاقوں کا باشندہ ہو اور اس یادگار کو نہ دیکھ سکتا ہو - یہ محسوس کرے کہ پاکستان جسے ہم نے بڑی قربانیوں کے بعد حاصل کیا ہے کے سلسلے میں جو وعدہ کیا گیا تھا - وہ ہو چکا ہے -

خان اجون خان جدون - سردار صاحب جو تقریر کر رہے ہیں اسکا ترجمہ کون کریگا -

مسٹر چیئرمین - آپ جانتے ہیں - کہ اس مسئلے پر کافی بحث ہو چکی ہے - چونکہ سندھی لکھنے والے موجود ہیں - اس لئے ان کی تقریر ریکارڈ ہو رہی ہے آپ اپنی تقریر جاری رکھیں -

خان اجون خان جدون - میری گذارش ہے کہ انکی تقریر کا ترجمہ کرنے کا بندوبست کیا جائے - آپ جوڈیجو صاحب سے کہیں یا کسی اور صاحب سے کہیں کہ انکی تقریر کا ترجمہ کر دیں -

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ میں جدون صاحب کی خدمت میں عرض کرونگا ۔ کہ اگر وہ دھیان سے کان لگا کرسنیں ۔ تو میں سندھی کچھ اس طرح کی بولتا ہوں ۔ کہ وہ اسے سمجھ سکیں گے ۔

مسٹر چیئرمین ۔ حاجی صاحب ۔ آپ کو صرف تین منٹ اور دیے جائینگے ۔

بیگم زاهده خلیق الزمان ۔ حد تو یہ ہے کہ حمزہ صاحب بھی انکی تقریر نہیں سمجھ رہے ہیں ۔

"زبان یار من ترکی و من ترکی نمی دانم"

(قہقہہ اور قطع کلامیاں)

رائے منصب علی خان کھرل ۔ بیگم صاحبہ نے جو کچھ فرمایا ہے ۔ کیا مولانا صاحب سمجھ گئے ہیں (قطع کلامیاں) جو شعر پڑھا گیا ہے ۔ ذرا وہ دھرا دیں ۔

Chaudhri Anwar Aziz : Sir, I would like to request the House to give a patient hearing to the gentleman who is on his legs. I don't think it is conducive to the dignity of the House not to hear a person while he is speaking.

مسٹر چیئرمین ۔ حاجی صاحب آپ اپنی تقریر جاری رکھیں ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ ہم پر تو وقت کی پابندی لگا دی جاتی ہے ۔ آپ ان ممبروں کو بھی کہیں ۔ کہ وہ میرے ساتھ گفتگو نہ کریں ۔ (قطع کلامیاں)

ادھر تمام ہندوستان کے لوگ جمع تھے ۔ میں اردو بولنے کی کوشش تو کر رہا ہوں لیکن دقت محسوس کر رہا ہوں ۔ جہاں یہ کینار قائم کیا جارہا ہے ۔ یہاں پاکستان کا ریزولیوشن پاس کیا گیا تھا ۔

مسٹر چیئرمین ۔ آپ یہ بتائیے ۔ کہ آپ اپنی تقریر جاری رکھنا چاہتے ہیں ۔ یا نہیں ۔ آپ جس زبان میں بھی چاہیں ۔ آپ تقریر کر سکتے ہیں ۔ اور نہیں تو ملی جلی زبان ہی بول دیں ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ (سندھی) ۔ ایک دوسری گذارش ہے کہ ایسے مہاجرین کی جنہوں نے حصول پاکستان کیلئے قربانیاں دیں بیشتر تعداد ابھی تک بے خانماں ہے ، ان کے پاس نہ تو رہنے کیلئے گھر ہیں نہ پہننے کیلئے کپڑا اور نہ کھانے کیلئے روٹی ۔ کیا یہ بہتر نہ ہوتا کہ اس یادگار پر اب تک جتنی رقم خرچ ہو چکی ہے اسی قدر رقم سرکاری خزانے سے نکلوا کر انہیں دی جاتی ۔

جناب ۔ اب میں اردو میں عرض کروں گا کہ ہم پورے ہاؤس والا ، اس کو جائز سمجھتے ہیں ۔ اس کو حلال سمجھتے ہیں لیکن یہ اچھا ہوگا کہ ہم تمام پاکستانی جس طریقہ سے دوسرے فنڈز دیتے ہیں یہ فنڈز بھی دینے کو تیار ہیں اور یہاں جتنا پیسہ جمع ہوا ہے اس سے معزز وزراء کی تنخواہیں ۔ پارلیمنٹری سیکرٹری صاحبان کی تنخواہیں اور ممبر صاحبان کے الاؤنس دئے جائیں ۔ جو لوگ اسے حلال سمجھتے ہیں وہ اسے کھائیں یعنی گھوڑوں کی ریس اور سینما کی کمائی ۔

خان اجون خان جدون - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - هم نہیں سمجھ سکے کہ معزز ممبر نے کیا فرمایا ہے کیا وہ چاہتے ہیں کہ cess کے پیسے سے تنخواہیں دی جائیں یا تنخواہوں سے ٹیکس وصول کیا جائے -

حاجی سردار عطا محمد لنڈ (سندھی) - آئندہ مذکور یادگار پر حبوب اور سینما ٹیکس سے حاصل ہونے والی رقم خرچ کرنے کے بجائے اراکین اسمبلی کے الاؤنسوں وزراء اور پارلیمانی سیکرٹریوں کی تنخواہوں سے رقم وضع کر کے خرچ کی جائے کیوں کہ ہم حبوب اور سینما ٹیکس کی آمدنی حلال نہیں سمجھتے مجھے یہ افسوس ہے کہ رائے منصب علی خان کھرل نے اس ٹیکس کو حلال قرار دیا ہے حالانکہ یہ ٹیکس حرام ہے۔ اس بنا پر میں اس آرڈیننس کی مخالفت کرتا ہوں -

جناب اب میں اس پوائنٹ پر آتا ہوں کہ ہم اس cess کو جائز اور حلال نہیں سمجھتے اور نہیں چاہتے کہ ایسی تعمیرات پر لگائیں - ایسی تعمیرات ضرور بنائیں - اس سے انکار نہیں - بلکہ مجھے اتفاق ہے اگر اسکے لئے ہماری جائیداد کی بھی ضرورت ہو تو ہم وہ بھی دینے کو تیار ہیں - اس ٹیکس کو تو ہم جائز اور حرام سمجھتے ہیں اس لئے اس سے نہیں بنانا چاہئے۔

Minister of Basic Democracies : Sir I move:

That the question be now put.

Mr. Chairman : The question is—

That the question be now put.

Chaudhri Anwar Aziz (Sialkot - IV) : I am on a point of order, Sir. Before the Minister of Basic Democracies moved for the closure motion, I stood in my seat to request him to give me some time. I think I should be heard, and if at all it is to be wound up, then I will request him that it would be a great honour if he will allow me to wind it up.

Mr. Chairman: Mr. Anwar Aziz, it is for the House to determine whether the question may be put. If the House does not like, may not be put.

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو)۔ جناب سپیکر۔ وقت کم ہے ایک بج رہا ہے اور میں نے اس کو wind up کرنا ہے میں چاہتا ہوں کہ دو دو منٹ ملنگ خان صاحب اور انور عزیز صاحب کو دے دئیے جائیں۔

Chaudhri Anwar Aziz: Mr. Speaker, Sir, the point that has been discussed by Mr, Farooqi, is very interesting. He is against the very foundation of any kind of monument. I will like to tell him why nations arise monuments.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ پوائنٹ آف پرولیج ۔ جناب والا ۔ مسٹر انور عزیز صاحب غالباً میری بات نہیں سمجھے ۔ میں یہ نہیں کہتا کہ کوئی monument نہیں بنانا چاہئے بلکہ میرا مطلب یہ ہے کہ صرف monument بنانا ہی قوموں کی تاریخ کو زندہ رکھنے کے لئے کافی نہیں ۔

Monument should be backed by the Nation's character.

Mr. Chairman : This is not a point of privilege but it is a point of personal explanation.

Chaudhri Anwar Aziz : Sir, human-beings have always felt that death has got a very sweeping hand over them and in order to survive, there are very many different methods that they have devised. They leave behind children, they leave behind houses, they leave behind traditions and they leave behind friends, but the best way that the human beings have been able to evolve is to put their stamp on time by their deeds. When some human-beings do some deeds, the nation or the society in which they are born, pays a tribute to their deed, so that that deed lives for a long time and encourages the people to follow suit. That is actually the philosophy behind erecting a monument, and this monument, that is being envisaged by this particular ordinance, I think, is the noblest monument that we in Pakistan can think of.

The second point that has been discussed again and again concerns the sources from which the money is coming, which has been partly analysed by Haji Sahib himself that supposing it was not given to this monument, it is a part of the Budget any way. We do realise taxes from racing, we do realise taxes from cinemas and those taxes are part of the Budget, and as Mr. Farooqi also logically put it that anything connected with that is 'haraam' by itself, therefore, he has been receiving 'haraam' pay for the last so many months. Somehow or the other, the opposition think that all the members on the Government benches are shy to discuss this issue. At least I am not. There are certain things in society, which have to be taken for what they are.

(*At this stage Mr. Speaker occupied the Chair*).

The human nature, Mr. Speaker, is not all good. It has got its bad elements. There are people who do things which are not good but the society takes cognizance of that. For example, there is prostitution. There has been great effort to suppress prostitution. Let us ask the question have we been able to suppress it ? Instead, whenever the effort has been made through out the world to suppress prostitution, the result has been that prostitution has gone under ground and has spread without being noticed. Therefore, it has been thought as a good public policy that we should have it out in the open so that we are able to control it. Same is the case with betting. It goes on every day among the very poor and ordinary people. They have the 'Rehra race', they have the 'dog race' and they have 'horse race.' Supposing some people were horse-racing and were betting on it and you put a curb on it, then certainly they will go underground. You cannot suppress it. Therefore, you have to bring these things out in the open so that you are able to control them properly. For this purpose we have a taxation on that and the tax is so heavy that a person is rather reluctant to go and bet his income on horses. So, if the taxation is heavy, he would naturally confine himself to some other and better pursuits for his money. Therefore, when the Opposition says that this money should not be spent over the monuments that we are going to take for the Pakistan Memorial Day, they are not at all logical and they are accusing the Government Benches of using certain kind of tainted money which the society is bound to realise any way. It is in the interest of the society to realise it more and more heavily so that people are obliged to give up this profession in due course.

خان ملنگ خان (ہزارہ - ۵)- جناب سپیکر- میں پاکستان میموریل کے بنانے کے لئے موجودہ تجویز شدہ cess کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں اور میں سمجھتا ہوں جیسا کہ محترم قاروقی صاحب نے فرمایا ہے کہ یہ ٹیکس حرام ہے تو کوئی بھی شخص حرام کو حلال نہیں کہہ سکتا اور نہ حلال کو حرام کہا جا سکتا ہے - یہ درست ہے کہ جو چیز شرط کے ذریعہ حاصل کی جائے وہ حرام ہے لیکن اس حرام کو بند کرنے کے لئے کیا یہ بہتر طریقہ نہیں ہے کہ اس کو اور بڑھا دیا جائے تاکہ لوگ اس حرام سے بچ جائیں - میری یہ تجویز ہوگی کہ پاکستان میموریل کے لئے جو ٹیکس لگا ہے وہ کم ہے اس کو اور بڑھایا جائے اور سینماؤں پر یہ ٹیکس لگایا جائے تاکہ لوگ اس برائی سے بچ سکیں - اور جو لوگ تماشہ دیکھیں گے اور جو شرط لگائیں گے وہ وہی لوگ ہوں گے جن کے پاس دولت ہوگی تو دولت والوں کے لئے ہمارے مذہب میں یہ ہے کہ جو لوگ دولت سے ناجائز فائدہ اٹھائیں گے ان کو آخرت میں اس کا عذاب ملے گا - اور غریب لوگ جن کے پاس پیسہ نہیں ہوگا وہ نہ جائیں گے تو لامحالہ اس چیز سے بچ جائیں گے تو میں سمجھتا ہوں کہ اس طرح ہم خرما وہم ثواب کے مصداق ہوگا -

دیوان سید غلام عباس بخاری (ملتان - ۷)- جناب والا - چند چیزیں قومی سطح پر ایسی ہوتی ہیں کہ جن کے متعلق کبھی یہ سوچا ہی نہیں جا سکتا کہ ان پر کوئی اختلاف رائے ہو سکتا ہے یا تقاریر ہو سکتی ہیں جیسا کہ قائد اعظم کی ذات پاکستان یا ایسی بعض چیزیں یا مقدس چیزوں کی یادگار - ہماری تو آنکھیں یہ دیکھنا چاہتی نہیں کہ ایسی یادگار آج

سے کئی سال پہلے بن جاتی تو ہمیں روحانی اور ذہنی طور پر بے انتہا خوشی محسوس ہوتی ۔ ہماری موجودہ حکومت نے قدم اٹھایا ہے اور اس کام کو تیز تر کر دیا ہے تاکہ یہ یادگار پایۂ تکمیل کو پہنچ جائے ۔

جناب والا ۔ ایک دلیل آپوزیشن کی طرف سے یہ دی گئی ہے کہ یادگاریں اسلامی نقطہ نگاہ سے مناسب نہیں ہیں مجھے اس سے اختلاف ہے ۔ یہ درست ہے کہ کہیں ہمیں مینار نظر نہیں آئیں گے یا خاص نوعیت کی یادگاریں نظر نہیں آئیں گی ۔ مگر وہ بڑی جنگیں اور اہم واقعات جو اسلام میں ہوئے ہیں ان کی یادیں بصورت مساجد اسلامی ممالک میں ہمیں ہر جگہ نظر آتی ہیں ۔ اور عرفات کے مقام سے جب حاجی واپس ہوتے ہیں تو منا کے مقام پر ایک مینار قائم ہے جہاں حاجی کنکریاں مارتے ہیں ۔ اور یہ یادگار حضرت ابراہیم کے وقت سے چلی آ رہی ہے ۔ اور یہ مینار اسی وقت کی ایک یادگار ہے ۔ اُحد کے مقام پر میں نے اپنی آنکھوں سے ایک مسجد دیکھی ہے جو مسجد اُحد کے نام سے مشہور ہے اور اب بھی قائم ہے ۔ یہ درست ہے کہ حرم پاک جناب سرکار دوعالم کے وقت سے نہیں بلکہ حضرت ابراہیم کے وقت سے ہے یہ عمل اور یادگار ایک پیغمبر کی قائم شدہ یادگار ہے اور ایک پیغمبر کا عمل خلاف شریعت نہیں ہو سکتا تو یہ کہنا کہ اسلام اینٹ اور گارے کی یادگاروں میں believe نہیں کرتا مجھے اس سے اختلاف ہے ۔ دوسری چیز جس پر ہمارے آپوزیشن کے دوستوں نے زور دیا ہے کہ یہ فنڈ ناجائز ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ پیسہ بذات خود نہ حرام ہے اور نہ حلال ۔ اس کا استعمال حرام و حلال ہو جاتا ہے ۔ اگر کسی شخص کی جیب میں پیسہ ہے تو جب تک اس سے جوا نہ کھیل لیا جائے

اور پیسہ نہ کما لیا جائے وہ کمائی حرام نہیں ہو سکتی اگر کسی کی جیب میں پیسہ ہے اور اس پیسے سے اس نے جوا نہیں کھیلا ہے تو وہ پیسہ حرام نہیں قرار دیا جا سکتا ۔ تو ہم نے یہ cess جو لگایا ہے یہ ان پر لگایا ہے جو گھوڑ دوڑ میں جائیں گے جوا کھیلیں گے یا ریس دیکھیں گے یا مالکوں کی حیثیت سے آئیں گے اس لحاظ سے میں سمجھتا ہوں کہ جب تک پیسے کا استعمال نہ ہو جائے اور اس سے حرام کمائی نہ آ جائے اس وقت تک وہ کمائی حرام نہیں ہو سکتی ۔

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یسین خان وٹو) ۔ جناب والا ۔ قوموں کی تعمیر عظمت کردار سے ہوتی ہے ۔ حصول پاکستان کے لئے ہم نے ایک مقام پر اکٹھا ہو کر اپنے مقصد کا تعین کیا ۔ ہم مسلسل اور مکمل عزم کے ساتھ کوشش کرتے رہے اور تمام مشکلات کے باوجود پاکستانی قوم نے پاکستان حاصل کر لیا ۔ قوموں کی تعمیر یقیناً عظمت کردار سے ہوتی ہے اور پاکستان کے حصول کی جد و جہد ہمارے عظمت کردار کی مظہر ہے اور اسی عظمت کردار کی علامت کے طور پر اگر کچھ نشان قائم کر دئے جائیں تو میں سمجھتا ہوں کہ نہ صرف ہمارے لئے باعث فخر ہوگا بلکہ شاید عظمت کردار کے لئے وہ نشان اچھی یادیں دلاتے رہیں گے وہ نشان ہمیں اس فخر کا احساس دلاتے رہیں گے کہ ہم نے مسلسل جدوجہد کر کے اور پورے عزم اور پوری کوشش اور یقین محکم کے ساتھ وہ کام کر دکھایا جس کام کے لئے ہمارے سامنے لاکھوں دقتیں تھیں ۔ ہم نے پاکستان حاصل کیا ہے اور جس مقام پر عزم کیا تھا اگر وہاں ہمارے کردار کی عظمت کا نشان یادگار کے طور پر موجود

ہو جس سے ہماری قوم نہ صرف آج بلکہ ہماری آنے والی نسلیں کئی جولانیاں اور کئے ولولے حاصل کرتی رہیں تو یہ کام بے پناہ مفید کام ہے اور اسلام میں بھی ایسی مثالیں ملتی ہیں جہاں ان نشانیوں کو ان symbols کو برا نہیں سمجھا گیا بلکہ ان کو محفوظ کیا گیا اور ان کے لئے کوشش کی گئی۔ جب فاروقی صاحب نے وضاحت فرمائی ہے تو اس میں پھر چند حضرات نے اس طریق پر احساس ظاہر کیا ہے مجھے اس بات کی خوشی ہے کہ وہ اس یادگار کی تعمیر کی افادیت سے متفق ہیں پھر دوسرا مسئلہ جناب والا فنڈ کے بارے میں رہ جاتا ہے جو اس رقم کے بارے میں ہے جو cess سے حاصل کی جائے گی جو دو مقامات کے ٹکٹوں پر cess لگائے جائیں گے۔ ایک ہے سنیما جانے والے لوگوں کی ٹکٹ پر اور دوسرا ہے گھوڑ دوڑ دیکھنے والوں کے ٹکٹ پر۔ اسی لئے جب یہ وضاحت کی گئی پہلے شاید غلطیوں کی بنا پر یہ سمجھا جاتا ہے۔ کہ ریس کورس کے ٹکٹ پر جو ٹیکس ہے وہ اس جگہ پر ٹیکس ہے، cess ہے۔ جو بیٹنگ اس ریس کورس میں کرتے ہیں۔ جب یہ بات وضاحت سے بیان کی گئی تو دوستوں نے اعتراض فرمایا کہ ہر وہ پیسہ جو وہاں سے آئے چونکہ کچھ لوگ جو ریس کورس میں بیٹنگ کے لئے جائیں گے کچھ لوگ بیٹنگ کریں گے اگرچہ ہمیں پتہ نہیں کہ کتنے لوگ بیٹنگ کریں گے اور کون کون کرے گا لیکن چونکہ کچھ لوگ وہاں جا کر بیٹنگ کریں گے۔ اس لئے ٹکٹ پر بھی جو ٹیکس ہے ناجائز ہے۔ میں یہ عرض کروں گا کہ اگر اس دلیل کو ہر جگہ پر لاگو کیا جائے کہ چونکہ کچھ لوگ ان لوگوں میں سے جن پر یہ ٹیکس لگایا

گیا ہے ایک خاص فعل کے مرتکب ہوں گے اس لئے تمام لوگوں پر وہ ٹیکس ناجائز ہے ۔ تو شاید اگر آپ دلیل کو ذرا تھوڑا سا دور لے جائیں تو land revenue زمینداروں پر لگتا ہے لیکن اگر زمینداروں میں سے کچھ لوگ شراب پیئیں اور ان سے جو پیسے ہم land revenue کے طور پر لیتے ہیں تو یہ land revenue بھی ان کے خیال کے مطابق ناجائز ہو جائیگا کیونکہ وہ لوگ کہ جنہوں نے land revenue دینا ہے شراب پیتے ہیں ۔ پھر جناب والا ۔ اسی طرح پراپرٹی ٹیکس ہے اور اگر پراپرٹی ٹیکس کی ادائیگی کرنے والے کچھ لوگ شراب پر اپنا روپیہ خرچ کرتے ہیں تو اس لئے ان پر یہ ٹیکس لگانا ناجائز ہے تو اس نقطہ نظر سے وہ ٹیکس بھی ناجائز ہو جائے گا اور اگر ہم دلیل کو اس انتہا تک لے جائیں جس طرح کہ میرے فاضل دوست لے گئے ہیں تو عین ممکن ہے کہ حکومت ایک پیسہ بھی جائز آمدنی کے طور پر حاصل نہ کر سکے گی پھر جناب والا ۔ نیک انسان کسی وقت نیکی کرتا ہے تو جب انسان نیکی کی نیت کر لیتا ہے تو خداوند تعالیٰ اس کو رعایت دے دیتا ہے چونکہ اس نے نیکی کی نیت کی ہوتی ہے اس لئے اسے رعایت اللہ تعالیٰ دیتا ہے ۔ لیکن جب کوئی شخص برائی کرتا ہے گناہ کرتا ہے تو اسے اس وقت سزا دی جاتی ہے یعنی جب وہ عین گناہ کا مرتکب ہو چکتا ہے ۔ یہی چیز اگر ہم یہاں لیں کہ نیکی کی نیت سے ایک ٹیکس لگایا جانے پر بھی یہ قدغن ہے یہ اعتراض ہے اور اس غرض سے کہ ایک شخص گناہ کا مرتکب نہیں ہوا اس شخص کی انکم سے پہلے وقت میں ٹیکس لیا جا رہا ہے یعنی اس کے گناہ کو نیت سے بھی پہلے پکڑ لیا جائے اور نیکی کے ہو چکنے کے باوجود بھی نیت کا فائدہ نہ

دیا جائے تو میرے خیال میں یہ باتیں ذرا نامناسب ہوں گی ۔ بذات خود سینما دیکھنا (مولانا مودودی صاحب کا ارشاد بھی ہے) برائیوں میں شامل نہیں ہے ۔ ہاں تصویر بری اچھی ہو سکتی ہے اور اگر تلوار کسی حق بات کے لئے اٹھتی ہے تو اس سے مفید کوئی چیز نہیں لیکن اگر ظلم کے لئے اٹھتی ہے تو اس سے زیادہ نقصان دہ چیز کوئی نہیں ۔ اگر سینما کو صحیح طور پر استعمال کیا جائے تو مفید ہو سکتا ہے اور اگر اس کا غلط استعمال کیا جائے تو نقصان دہ ہو سکتا ہے ۔ ہم نے اس میں اچھے یا برے سینما کے بارے میں نہیں کہا ہم نے صرف سینما پر تشریف لے جانے والے حضرات پر یہ ٹیکس عائد کیا ہے ۔ ہم نے یہ نہیں کیا کہ صرف ان لوگوں پر ٹیکس ہوگا کہ جو جا کر گھوڑ دوڑ پر بیٹنگ کرتے ہیں جوا کھیلتے ہیں بلکہ ان پر بھی ہے جو جاکر اسے دیکھتے ہیں ۔ میں خود کئی دفعہ گھوڑوں کی ریس دیکھنے کے لئے گیا ہوں لیکن آج تک کسی وقت betting نہیں کی اور بہت سے حضرات ہیں جو جاکر betting کرتے ہیں ۔ میرا کہنے کا مقصد یہ ہے کہ ٹیکس کا ذریعہ جو ہے وہ اپنی جگہ ہے اور اگر اس کا analysis کیا جائے تو قطعاً ناجائز نہیں ۔ اور میں یہ عرض کروں گا کہ میرے فاضل دوستوں نے ایک ایسے اچھے کام پر ایک ایسے اچھے مقصد پر جب کہ مقصد بحثیت خود خراب نظر نہیں آتا یہ اعتراض فرما دیا ہے کہ یہ روپیہ ناجائز ہے میں سمجھتا ہوں اگر ہم اس پر نظر ثانی کریں تو یقیناً اس نتیجہ پر پہنچیں گے کہ ان کے جو اعتراضات تھے انؔ میں جذبات کا کچھ دخل ضرور تھا اور کچھ اس بات کا بھی دخل تھا کہ ادھر کچھ ہم لوگ انہیں نظر آ رہے تھے

ہو سکتا ہے کہ ان کے سوچنے میں کوئی فرق ہو لیکن میں سمجھتا ہوں کہ میرے دوست اس وضاحت کے بعد اس بات پر مطمئن ہو جائیں گے کہ یہ رقم ناجائز نہیں بلکہ جائز ہے اور جائز طریقہ سے اور جائز کام پر خرچ ہوگی ۔ ہاں جناب والا ۔ جہاں کوئی اچھی بات کریں گے تو ہم ان لوگوں میں سے نہیں ہیں کہ ہم اچھی بات کی قدر نہ کریں ہم ہر تعمیری بات کی قدر کرتے ہیں اور استفادہ کرنے کو تیار ہیں ۔ میرے فاضل دوست نے ایک نہایت ہی قیمتی مشورہ دیا جو یہ ہے کہ ۱۹۴۰ء کی قرار داد پاکستان کے بعد جو اہم واقعات رونما ہوئے انہیں بھی مینار پاکستان پر کسی جگہ کندہ کریں ۔ میرے لئے اس وقت اس کے لئے بالکل واضح الفاظ میں یہ کہنا کہ بالکل کر دیا جائےگا ممکن نہیں اس لئے کہ تعمیر کا کام کافی آگے بڑھ چکا ہے پلیننگ ہو چکی ہے لیکن اس کے باوجود میں آپ کی وساطت سے انہیں یقین دلاتا ہوں کہ یہ مفید مشورہ ہے اور اس سلسلے میں حکومت کی طرف سے میں یقین دلاتا ہوں کہ ہم پوری ہمدردی اور خلوص سے اس پر غور کریں گے اور اگر ہمارے سامنے کوئی دقت نہ آئی تو ہمیں اس تجویز کے قبول کرنے میں کوئی اعتراض نہ ہوگا ۔ دوسری بات یہ فرمائی گئی ہے کمشنر صاحب اس کمیٹی کے صدر کیوں نہیں ۔ جناب والا ۔ دنیا میں کام تقسیم کار سے ہوتے ہیں ۔ کسی شخص نے ممبر کی حیثیت سے کسی نے ڈی سی کی حیثیت سے کسی نے کمشنر کی حیثیت سے کام کرنا ہے ۔ اگر ہم سمجھتے ہیں کہ ہمارے افسر ایسے لوگ ہیں کہ ان سے کوئی کام نہیں لینا چاہئے تو پھر ان کے رکھنے کا کیا مقصد ہوتا ہے ۔ ان کو رکھنے

کا کیا کام۔ انہیں تو اس لئے رکھتے ہیں کہ وہ کام کریں ۔ مقامی طور پر جو افسر ہوتے ہیں وہ عموماً کام کو تیزی کے ساتھ کر سکتے ہیں ۔ اور پھر میرے ایک دوست نے فرمایا تھا کہ وزیر جو ہیں وہ عوامی نمائندے ہیں ۔ یقیناً میں ان کے اس جذبے کی قدر کرتا ہوں ۔ ہم ضرور عوام کے نمائندے ہیں ۔ یہ چیز اس طرف سے بھی تسلیم کی گئی ہے ۔ اگر وہ قانون کو دیکھیں تو اس میں ہم نے جناب والا ۔ واضح کر دیا ہے کہ

Subject to the general control and superintendence of the Government.

یعنی ہم کنٹرول کو محض ایسا کنٹرول نہیں سمجھتے ۔ خود میں نے ذاتی طور پر کمیٹی کی میٹنگیں کی ہیں اور کئی دفعہ میں نے جاکر جگہ دیکھی ہے ۔ گورنر صاحب بھی وہاں تشریف لے گئے تھے ۔ انہوں نے مینار پاکستان کا کام خود جاکر دیکھا ۔ اس میں ان کی حکومت پورے طور پر دلچسپی لے رہی ہے اور ہم نے یہ کام کسی سستی شہرت کے لئے نہیں کیا ۔ میں یقین دلاتا ہوں کہ ہم پاکستان میں ایمان رکھتے ہیں اور ہم وہ لوگ ہیں جن کی پاکستان کی جد و جہد میں معمولی حیثیت ہے مگر پاکستان کی جد و جہد میں شامل ضرور تھے ۔ ہمیں پاکستان عزیز ہے اور ہمیں وہ عزم عزیز ہے جس کے تحت ہم نے پاکستان حاصل کیا تھا ۔ ہم نیک جذبے اور خلوص کے ساتھ کام کرنا چاہتے ہیں ۔ کسی اور حکومت نے یہ کام نہیں کیا تو جو حکومت اس کام کو کرے اسے اس چیز کا credit دینا چاہئے نیت پر حملے مناسب نہیں ہوتے اور میں یقین دلاتا ہوں کہ ہماری نیت اس معاملے میں صاف ہے یہ قوم کی

عزت کا سوال ہے۔ پھر جناب والا۔ ایک دوسری چیز اور فرمائی گئی ہے کہ کام میں تاخیر کیوں ہے۔ ہم اپنی پوری کوشش کر رہے ہیں کہ کام جلد از جلد ختم ہو مگر کچھ عملی دقتیں ہیں۔ جس میں کچھ نقشے کی تبدیلیاں ہیں مثلاً قرار داد پاکستان کے متعلق آخری طور پر فیصلہ ہو۔ اس سے دیر ہو سکتی ہے یا اور کئی چیزیں ہیں۔ سنگ مرمر کے ملنے میں مشکلات تھیں ورنہ جہاں تک اس کے ڈھانچے کا تعلق ہے عمارت مکمل ہے۔ اب سنگ مرمر کا کام ہو رہا ہے۔ اس کے ساتھ پارک بھی بہت بڑا ہے۔ یہ پارک اسی سال مکمل ہو جائے گا۔ مرمر کا کام اگلے سال تک مکمل ہو جائے گا انشاء اللہ۔ کچھ عملی دقتیں ہیں ورنہ ہماری طرف سے ہر ممکن کوشش کی جا رہی ہے کہ اسے جلد از جلد مکمل کیا جائے یہ ٹیکس ایک نہایت مفید کام کے لئے لگایا گیا ہے۔ یہ آرڈیننس ایک نہایت مفید کام کے لئے جاری کیا گیا ہے۔ میں آپ کی وساطت سے تمام ایوان سے استدعا کرتا ہوں کہ ہم اسے اتفاق رائے سے پاس کریں۔ شکریہ۔ (تالیاں)

Mr. Speaker: The question is :

That the Assembly do approve of the Pakistan Memorial Cess (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on 10th February, 1966.

The motion was carried.

THE CONCILIATION COURTS (WEST PAKISTAN AMENDMENT) ORDINANCE, 1966

Mr. Speaker : Next Motion.

Minister of B.D. & Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : Sir, I beg to move:

That the Assembly do approve of the Conciliation Courts (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on 4th April, 1966.

Mr. Speaker: Motion moved is :

That the Assembly do approve of the Conciliation Courts (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on 4th April, 1966.

Malik Muhammad Akhtar: Opposed.

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ جناب والا۔ اس ordinace کے تحت اس بات کی اجازت دی گئی ہے کہ مقدمات جو مصالحتی عدالتوں میں فیصلہ ہوں ان کی اپیل کے بارے میں Controlling Authority جس کے سامنے بھی وہ اپیل ہو وہاں وکیل کو پیش ہونے کی اجازت ہو جس طرح ایوان کے معزز اراکین جانتے ہیں کہ اس بات کے لئے ایک عرصہ سے عوام کی طرف سے مطالبہ کیا جا رہا تھا کہ چونکہ فریقین کو قانون کی واقفیت نہیں ہوتی اور جب عدالتوں میں وہ اپیل کرتے ہیں تو ان کی طرف سے وکیل پیش نہیں ہو سکتا ان کے سامنے عملی دقتیں ایسی ہوتی ہیں ۔ جس سے وہ اپنے مقدمات کو صحیح طور پر عدالتوں میں پیش نہیں کر سکتے ۔ ایوان کے فاضل ممبران جانتے ہیں کہ مصالحتی عدالتوں کے فیصلوں کے خلاف فوجداری کے سلسلہ میں Controlling Authority کے پاس اپیل ہوتی ہے ۔ اور دیوانی کے سلسلہ میں ڈسٹرکٹ جج کے پاس اپیلیں ہوتی ہیں ۔ اور وہاں قانون کی تمام دفعات کو غور سے دیکھا جاتا ہے ۔ اس لئے اس بات کا شدت سے مطالبہ کیا جا رہا تھا کہ اپیل کے کیس میں وکیلوں کو وہاں پیش ہونے کی اجازت دی جائے چنانچہ اس کے مطابق حکومت نے فیصلہ کیا ہے اس ordinance کی ترمیم سے کہ اب اپیل کی stage پر وکیل پیش ہو سکیں گے ۔ پھر جناب والا ۔ ایک اور بات ہوئی کہ سرکاری ملازمین کو . . . . . .

مسٹر حمزہ - اپیل کی stage پر یا revision کی stage پر ؟

وزیر بنیادی جمہوریت - اپیل اور revision دونوں سٹیجوں پر یعنی وھی سٹیج جس سٹیج پر آپ کنٹرولنگ اتھارٹی کے پاس جاتے ھیں یا ڈسٹرکٹ جج کے پاس جاتے ھیں - وہ تین طرح کی سٹیج ھو سکتی ھے - اپیل کی بھی ھو سکتی ھے۔ revision کی بھی ھو سکتی ھے۔ review کی بھی ھو سکتی ھے - لیکن اس میں صرف اب یہ چیز کر دی گئی ھے کہ مصالحتی عدالتوں کے بارے میں صرف Conciliation Court میں یعنی مصالحتی عدالت جو یونین کونسل یا یونین کمیٹی یا ٹاؤن کمیٹی کے level پر ھوتی ھے وھاں وکیل پیش نہیں ھو سکے گا - اس کے سوا جہاں بھی ضرورت پیش آئے وکیل پیش ھو سکے گا - اسے اپیل اور revision دونوں سٹیجوں پر پیش کیا جا سکے گا - ایک تو جو اب یہ بات ھے - دوسرے یہ ھے کہ مصالحتی عدالتوں کے ordinance کے تحت پہلے سرکاری ملازمین کو دیوانی کے مقدمات میں مستثنیٰ کیا گیا تھا کہ ان کے مقدمات عام عدالت میں ھوں فوجداری کے بارے میں بھی اس کے پیچھے مناسب وجوھات ھیں کہ ھو سکتا ھے - غلط طریقہ پر کسی شخص کے خلاف . . . . . .

ایک ممبر - اس میں اپیل کی تو گنجائش ھی نہیں - آپ کہہ رھے ھیں کہ اپیل سٹیج پر وکیل پیش کیا جا سکتا ھے مگر اپیل کا تو کوئی provision ھی نہیں ھے -

وزیر بنیادی جمہوریت - میں عرض کرتا ھوں کہ اپیل سے میری مراد revision تھی -

ایک ممبر - کیا اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا -

Mr. Speaker : The member may please take his seat.

The Minister has explained the position.

وزیر بنیادی جمہوریت - میں نے پوزیشن explain کر دی ہے کہ اس سٹیج پر جب مصالحتی عدالتیں اپنا کام کر چکیں اس کے بعد جو آپ revision میں جائیں گے تو اس وقت کیس ہوتا ہے - میں جناب اپنے بیان کی س حد تک ترمیم کرتا ہوں کہ مجھے revision کہنا چاہئیے تھا - میں نے پیل کا لفظ استعمال کیا ہے تو دوسرے جناب والا - یہ ہے کہ سرکاری ملازمین فوجداری مقدمات میں جب انہوں نے سرکاری فرائض کی ادائیگی میں کوئی کام سرانجام دیا ہو وہ مصالحتی عدالت میں ان کے مقدمات نہ رہیں اور تیسرا یہ ہے کہ چند ایسی چیزیں جو قانون شہادت کے تحت مستثنیٰ قرار دی گئی ہیں عدالت میں پیش ہونے سے ان کے بارے میں یہ اجازت ہو گئی کہ متعلقہ انچارج جو محکموں کے ہوئے ان چیزوں کے بارے ہیں وہ مفاد عامہ کے تحت اس بات سے انکار کر سکیں گے کہ فلاں کیس پیش نہیں کئے جا سکتے عام عدالتوں میں بھی یہ دفعات موجود ہیں اور چونکہ ضابطہ دیوانی اور ضابطہ فوجداری اور قانون شہادت سارا پہلے یہاں اس کا اطلاق نہیں ہوتا تھا -

اب پہلے ان قانون شہادت کی دفعات ۱۲۳، ۱۲۴ اور ۱۲۵ کا اطلاق کر دیا گیا ہے - اس سے عام لوگوں کو فائدہ پہنچے گا اور مصالحتی عدالتوں کا قانون پہلے سے زیادہ کامیاب ہوگا اس لئے ordinance عوام کے مفاد میں ہے اس لئے اسے پاس کر دینا چاہئیے -

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ قبل اس کے کہ ملک صاحب تقریر شروع کریں میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ کل رات جب ہمیں ایجنڈا ملا تو ہمیں معلوم ہوا کہ اس میں تبدیلی ہو چکی ہے اور آج یہ ordinance زیر بحث آ رہا ہے ۔ اس سے ہمیں بہت دقت ہوئی کیونکہ ہم نے اس پر بحث کے لئے کتابوں کا انتظام نہیں کیا ہوا تھا ۔ اور رات کے وقت کتابیں نکلوائی نہیں جا سکتی تھیں ۔ اس طرح حکومت ہمارے ساتھ آنکھ مچولی کھیلتی ہے آپ گورنمنٹ کو ہدایت فرما دیں کہ جو ایجنڈا تیار کیا جا چکا ہو وہ اس میں فوری طور پر ایسی تبدیلی نہ کریں اس طرح ہمیں تیاری کے لئے کم دقت ہوگی ۔

مسٹر سپیکر ۔ آج وزیر قانون صاحب یہاں نہیں ہیں ۔ جب وہ یہاں ہوں اس وقت آپ یہ بات پیش کریں ۔ آپ کا اعتراض کسی حد تک جائز ہے میں انہیں ہدایت کرونگا کہ وہ ایجنڈا میں فوری طور پر کم از کم تبدیلی کیا کریں ۔

ملک محمد اختر (لاہور ۔ ۲) ۔ جناب سپیکر ۔ مصالحتی عدالتہائے (مغربی پاکستان ترمیم) آرڈیننس ۱۹۶۶ء کے ذریعہ مصالحتی آرڈیننس ۱۹۶۱ میں کچھ ترمیم کرنے کا مقصد بیان کیا گیا ہے ۔ میں متعلقہ وزیر صاحب کا حقیقتاً مشکور ہوں کہ نہ صرف انہوں نے سابقہ آرڈیننس جو تھا اس پر

تمام اعتراضات کا مکمل طور پر جواب دیا ہے بلکہ اس ترمیمی آرڈیننس کو پیش کرتے وقت بھی ملحوظ خاطر رکھا اور اس کے نکات کو تفصیل سے بیان کیا ہے کاش دوسرے وزیر صاحبان بھی ان کی تقلید کریں اور بالخصوص وزیر قانون صاحب جن کے پاس یہ کام سب سے زیادہ ہے اور اگر اسی طرح ہاؤس کو بر وقت بتا دیا کریں کہ آرڈیننس کی کیا تفاصیل ہیں۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ کافی حد تک بہتر بحث ہو سکتی ہے۔ جناب والا ۔ یہاں سب سے پہلے مجھے مصالحت کے اصولوں کو ذرا بیان کرنا ہوگا ۔ دراصل جب انگریز حکمران یہاں آئے اس سے قبل ہمارے جتنے بھی مقدمات دیوانی یا فوجداری نوعیت کے تھے . . . . . ,

---

ANNOUNCEMENT

PROCEDURE REGARDING ELECTION OF THE SENIOR AND THE DEPUTY SPEAKERS

Mr. Speaker : The member may please resume his seat. There would be one announcement regarding the election of the Senior Deputy Speaker and the other Deputy Speaker, which is going to be held tomorrow. We are issuing directions for those elections, and those directions would be read now by the Secretary

Secretary : In pursuance of sub-rule (4) of Rule 8 of the National Assembly of Pakistan Rules of Procedure as adopted for regulating the procedure of the Provincial Assembly of West Pakistan read with Rule 9 of the said rules, the Speaker of the Provincial Assembly of West Pakistan has been pleased to issue the following directions for holding the election of the Senior and the other Deputy Speaker :—

(1) After the Secretary has read to the Assembly the names of Members who have been duly nominated for election as Senior Deputy Speaker and the other Deputy Speaker and not withdrawn their candidature together with those of their proposers, the poll will be held.

(2) The poll for election of the Senior Deputy Speaker will be held first. The poll will begin at 9-35 a.m. and close at 11-30 a.m.

(3) The Secretary will show the empty ballot box to the Members, if so desired by any of them, and seal the ballot box.

(4) The poll will be by secret ballot by means of ballot papers containing the names of the candidates in alphabetical order.

(5) Ballot papers will be issued from a book of ballot papers with counterfoils, each counter-foil being serially numbered and each ballot paper bearing signature stamp of the Secretary. When a ballot paper is issued to a Member his name will be entered on the counter-foil, his signatures obtained thereon and the ballot paper will be authenticated by the initials of the Issuing Officer.

(6) Having received the ballot paper, the Member will proceed to the place reserved for making of ballot papers, will put across mark with a pencil provided for the purpose and not with any other marking aid, in the space provided for the purpose against the name of the candidate for whom he wants to vote, fold the ballot paper and deposit it in the ballot box placed on the table of the Secretary without in any way showing to anyone how he has voted.

(7) If a ballot paper is spoiled by a Member voting, he may return it to the Secretary who will issue a second ballot paper cancelling the first ballot paper and marking the cancellation on its counter-foil.

(8) A ballot paper will be invalid if ;

(*a*) there is upon it any name, word or mark other than a cross mark against the name of a candidate by which the person voting may be identified ; or

(*b*) it does not contain a cross mark; or

(c) cross marks are placed against the names of more candidates than one ; or

(*d*) there is uncertainty in any other way about the intention of the voter as to the candidate in whose favour the vote has been cast.

(9) After the poll has closed the ballot box will be emptied by the Secretary and the Speaker will examine the ballot papers, reject any which are invalid and count the votes given to each of the candidates on the valid ballot papers.

(10) The Speaker will declare to be elected, the candidate who has obtained the larger number of votes. If both the candidates obtain an equal number of votes, the determination of the election will be by drawing of lots.

(11) If a voter is illiterate or is unable to read either Urdu or English and the Speaker is so satisfied, he will direct the Secretary to mark the ballot paper in accordance with the wishes of the voter.

(12) Poll for the election of the other Deputy Speaker will be held from 12 noon to 2-00 p.m. and same procedure will be followed for election of the other Deputy Speaker as for the election of the Senior Deputy Speaker.

Mr Speaker: The House is adjourned for tomorrow to meet at 8-30 a.m.

The Assembly then adjourned till 8-30 a.m. on Thursday, the 26th May, 1966.

APPENDIX I

(Ref : Starred Question No. 470)

STATEMENT OF CASES OF GOVERNMENT SERVANTS OF OLD SIND PROVINCE & KHAIRPUR STATE PENDING WITH THE WEST PAKISTAN PUBLIC SERVICE COMMISSION.

Sr. No.	Date on which the case was received by the West Pakistan Public Service Commission.	Subject	Reasons for delay.
1.	2.	3.	4.
1.	23- 2- 1965	Departmental Enquiry against Mr. Noor-ud-Din Baloach, Assistant Engineer, Irrigation.	Though the case was referred to the Commission on 23-2-1965 but it was not complete. Complete papers were received by the Commission in August 1965 and they have examined the case. Final decision is expected shortly.
2.	23- 9- 1965	Promotion of M/S Khuda Bakhsh Kazi, Muhammad Yousaf, Muhammad Taufiq Siddiqi and Muhammad Anwar, Excise Inspectors of Group 'B' to the post of Excise & Taxation Officer.	Proposal was received on 23-9-65 and as it was not in accordance with the rules, the department has been advised to send a revised proposal.

3.	3- 11- 1965 19- 11- 1965	Promotion of officiating sub-Divisional Officers of Southern/Western Region of B & R Department from non-gazetted to gazetted status.	Complete case was received by the Commission on 19-11-1965 and it is being examined by them. This cannot be deemed to be delayed case.
4.	13- 5- 1965	Grant of extension to the stop gap appointments of 33 lecturers in various subjects in WPES Class II (Collegiate Branch) Men's Section.	There were fifty cases of SES officials who were promoted by the Director of Education, Hyderabad, on ad-hoc basis for a period of six months. The Com-
5.	5- 4- 1965	Promotion to WPES (II) (Admn. Branch) Men's Section, Hyderabad Education Region.	mission have already conveyed their advice regarding extension to the ad-hoc appointments in almost all cases. Final
6.	5- 4- 1965	Promotion to WPES Class II (Admn. Branch) Women's Section, Hyderabad Region.	decision is pending for want of complete character rolls and seniority lists of the officials. The Director is in hot pursuit of completion of the cases for submission to the Commission.
وزیر سماجی بہبود— کوئی بتلائے کہ ہم بتلائیں کیا ؟ سوشل ویلفیئر کی ورکشاپ کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ وہاں سماجی بہبود کے کارکن اکٹھے ہوتے ہیں ۔ مختلف معاملات پر تبادلہ خیالات کرتے ہیں ۔ مختلف تجاویز کے بارے میں ان کے نتائج پر پہنچتے ہیں ۔ اپنی تجاویز محکمہ کو بھیجتے ہیں ۔ سماجی بہبود کے اداروں کو تجاویز بھیجتے ہیں ۔ جناب والا۔ مجھے افسوس سے عرض کرنا پڑ رہا ہے کہ وہ مصرعہ میرے فاضل دوست خود ہی یاد فرما لیں ۔

چودھری محمد ادریس—جناب والا۔ یہ سوال غالباً ایک سال پرانا ہے اس کا جواب بھی ایک سال پرانا ہو گا اس میں لکھا ہے "When received it will be duly considered" کیا میں "duly" کی میعاد پوچھ سکتا ہوں کہ کتنی ہوگی ؟

وزیر سماجی بہبود— duly کی میعاد کے متعلق کوشش کروں گا کہ duly ہی ہو ۔ unduly نہ ہو ۔ لیکن اس کے ساتھ ہی ساتھ ایک بات میں عرض کردوں کہ سماجی بہبود کے افسر جو کام کرتے ہیں وہ voluntary کام ہوتے ہیں۔ اس میں حکومت کی طرف سے کوئی چیزٹھونسنا ذرا مشکل ہوتا ہے ۔ اس کے بارے میں ہم سارے پہلوؤں پر غور کر رہے ہیں اور سکیم بھی تیار کر رہے ہیں ۔ جب سکیم آئے گی ہم کوشش کریں گے کہ جلد از جلد اس بارے میں فیصلہ کیا جائے اس میں وقت ضائع نہ ہو ۔

چودھری محمد ادریس—جناب جلد از جلد کی میعاد کا اندازہ آپ بتا دیں گے ؟

وزیر سماجی بہبود— حالات کے مطابق جتنے وقت کی صحیح طور پر ضرورت ہو گی ہم اتنا ہی وقت صرف کریں گے ۔

خان محمد یوسف—جناب والا ۔ وزیر موصوف کو یہ خیال رکھنا چاہئے اور ان سے ہم استدعا کرتے ہیں کہ وہ سکیم محکمہ پر ٹھونسا کریں ۔ ان سے سکیم لیا نہ کریں ۔

مسٹر سپیکر—یہ ضمنی سوال نہیں ہے۔

SETTING UP OF ORGANIZATION BY DIVISIONAL COUNCIL, LAHORE FOR SOCIO-ECONOMIC BETTERMENT OF WOMEN FOLK IN LAHORE DIVISION

***166. Kazi Muhammad Azam Abbasi :** Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that the Divisional Council, Lahore sought monetary assistance from each of the District Council of Lahore, Sialkot, Gujranwala and Sheikhupura to run the organizations aiming at the socio-economic betterment of the women folk in Lahore Division ;

(*b*) whether it is a fact that Sheikhupura District Council has contributed a sum of Rs. 25,000 for the said purpose ;

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, the contribution made by each of the other three District Councils for the purpose ;

(*d*) whether it is a fact that other Divisional Councils of the Province have also decided to collect contributions from their respective District Councils for the purpose ;

(*e*) if answer to (*d*) above be in the affirmative, the names of such Divisional Councils and the contribution made by each District Council to each of the said Divisional Councils ;

(*f*) the names of Divisional Councils who have taken no initiative in this behalf and reasons therefor ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : (*a*) Yes.

(*b*) Yes. The District Council, Sheikhupura contributed Rs. 35,000/- for the purpose during 1964-65.

(*c*) The contribution made by the remaining District Councils are :—

Gujranwala	...	Rs. 35,000/-
Sialkot	...	Rs. 35,000/-
Lahore	...	Rs. 10,000/-

(*d*), (*e*), (*f*) No such action has so far been taken by rest of the Divisional Councils of the Province. Reasons not known.

سید عنایت علی شاہ—کیا حکومت مغربی پاکستان کے پاس خواتین کی سماجی بہبود کے لئے کوئی ٹھوس پروگرام ہے ؟ اگر ہے تو پشاور ڈویژن میں اسکی کیا پوزیشن ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ—جناب والا - اس سلسلے میں بنیادی طور میں ایک بات عرض کر دوں کہ سماجی بہبود کے سلسلہ میں دو طریقوں پر کام ہوتا ہے - ایک volunteer agencies ہوتی ہیں - لوگ از خود اکٹھے ہو کر کسی خاص غرض کیلئے volunteer agencies بنا لیتے ہیں - جب وہ ہمارے محکمہ کے پاس آتی ہیں تو وہ

سوسائٹی کے طور پر ان کو رجسٹر کروا لیتے ہیں ۔ اسکے بعد ہم سوشل ویلفیئر کونسل سے ان ایجنسیز کو گرانٹ دیتے ہیں ۔ ایک سکیم بنانے کا طریقہ یہ ہے ۔ اور دوسرے یہ کہ جہاں لوگ از خود آگے نہیں آتے وہاں حکومت اپنے وسائل کے مطابق کام کرتی ہے ۔ اس چیز کی ابتدا پاکستان میں ہوئی ہے اور اقوام متحدہ کے لوگوں نے اکثر بتایا ہے کہ Urban Community Development Centre کے سلسلے میں پاکستان دنیا کے بہت سے ممالک سے بلکہ ان کا کہنا یہ ہے کہ ایشیا میں سب ممالک سے آگے ہے ۔ تو دوسری صورت میں حکومت اپنے افسر مقرر کرتی ہے جو اس ایریا میں سماجی بہبود کے کاموں کے لئے انجمنیں قائم کرتے ہیں ۔ پھر ان کو اس طریقے پر رجسٹر کرایا جاتا ہے ۔ اور پھر ان کو محکمہ کی طرف سے سوشل ویلفیئر کونسل کی طرف سے گرانٹ دی جاتی ہے ۔ اس سلسلے میں اگر میرے فاضل دوست علیحدہ نوٹس دے دیں کہ کون کون سی ایجنسیاں ہیں جن کو ہم گرانٹ دے رہے ہیں تو میں ان ایجنسیوں کے نام بتا سکتا ہوں ۔ اور وہاں جو کام کیا جاتا ہے وہ بھی بتا سکتا ہوں ۔

قاضی محمد اعظم عباسی—جناب والا۔ میں نے سوال میں وجوہات پوچھی تھیں ۔ کہ اگر لاہور ڈویژنل کونسل نے contributions لی ہیں تو کیوں ؟ وزیر صاحب نے اس کے متعلق کوئی جواب نہیں دیا ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ولوکل گورنمنٹ—جناب والا۔ میں اسکے متعلق عرض کرتا ہوں ۔ یہ ضمنی سوال مناسب تھا ۔ ڈویژنل کونسل لاہور کو حکومت کی طرف سے اس بارے میں ہدایات نہیں دی گئیں

تھیں ۔ اس بارے میں ڈویژنل کونسل نے از خود قدم اٹھایا ہے ۔ اور بھی باقی ڈویژنل کونسلیں اس سلسلے میں اقدام کرنا چاہیں تو ان کو کسی قسم کی روکاوٹ نہیں ہے ۔ بلکہ یہ ان کا فرض ہے ۔ ایسی چیزیں ان کے فرائض میں شامل کی جا سکتی ہیں ۔ ڈویژنل ڈسٹرکٹ کونسلوں ' تحصیل کونسلوں ، ٹاؤن کمیٹیوں ، یونین کونسلوں میں سماجی بہبود کی کمیٹیاں قائم کر دی گئیں ہیں اور لوکل باڈیز کو ہدایات بھی کر دی گئیں ہیں کہ جہاں جہاں کمیٹیاں بنتی جائیں جہاں بن رہی ہیں یا بن چکی ہیں وہاں وہ کوشش کریں کہ عام بجٹ سے سماجی بہبود کے کاموں کیلئے کچھ رقم مخصوص کی جائے ۔ ہم نے ان کو چٹھی بھی لکھی ہے ۔ اسکے علاوہ اگر وہ خود ایسا کرنا چاہیں تو ان کو کوئی روکاوٹ نہیں ہے ۔ ہم نے ان کو ہدایات نہیں دی تھیں کہ یہ چیز کی جائے اس لئے اس کیلئے ہمارے پاس کوئی وجہ نہیں ہے کہ انہوں نے کیوں ایسا کیا ہے ۔

ملک معراج خالد—کیا لاہور ڈویژن کا یہ منصوبہ امریکی مشیروں کی زیر ہدایت عمل میں لایا گیا ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ—میں اس وقت عرض نہیں کر سکتا ۔ اس کیلئے علیحدہ نوٹس دے دیں ۔

چودھری محمد ادریس—جناب والا ۔ میں اپنا ضمنی سوال پوچھنے سے پیشتر جناب وزیر سماجی بہبود کو مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ ان کے محکمہ کو اپنی کارکردگی کی وجہ سے پاکستان کو یو ۔ این ۔ او کا سرٹیفکیٹ مل گیا ہے ۔

جناب والا ۔ میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ اگر دوسری ڈویژن کونسلوں کی طرف سے اس قسم کی تجویز آئے تو آپ کا محکمہ لازماً duly consider

کرے گا ؟ اور کیا duly کی میعاد ایک سال تو نہیں ہو جائے گی ؟

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ۔ جناب والا ۔ میں ان کو یقین دلاتا ہوں کہ ڈویژنل کونسلوں کو خود ایسا کرنے کا اختیار ہے ۔ duly consider کرنے کی نوبت نہیں آئے گی لیکن اگر آئی تو ہم کوشش کریں گے کہ جلد از جلد ہو جائے ۔

قاضی محمد اعظم عباسی۔ کیا وزیر صاحب یہ بتائیں گے کہ اگر ڈویژنل کونسل لاہور نے اچھا کام کیا ہے تو پھر آپ نے اور ڈویژنل کونسلوں کو ہدایات کیوں نہیں بھجوائیں کہ وہ بھی اس طرح contribution لے لیں ؟

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ۔ جناب والا ۔ میں نے جیسا کہ عرض کیا ہے کہ ہم نے ایک چٹھی بھیج دی ہے کہ وہ سماجی بہبود کے کاموں کی حوصلہ افزائی کریں ۔ لیکن یہ کام ڈویژنل کونسلوں کا اپنا ہے ۔ مناسب یہ ہوگا کہ اس سلسلہ میں وہ ممبران جو ڈویژنل کونسلوں کے ممبر بھی ہیں اور اس ایوان کے منتخب نمائندے بھی ہیں وہ پہلے سے زیادہ دلچسپی لیں بغیر حکومت کی ہدایات کے اور دلچسپی کے ۔

رائے منصب علی خان کھرل۔ لاہور ڈسٹرکٹ میں جو رقم اکٹھی ہوئی ہے ۔ اس سے ابتک کیا کام ہوا ہے ؟ کیا اس سے کوئی سکیم وغیرہ تیار ہوئی ہے یا اس پر کوئی عمل کیا گیا ہے ؟ اس سلسلے میں خواتین کی سماجی بہبود کیلئے لاہور میں جو رقم اکٹھی کی گئی ہے اور دیگر اضلاع نے اس سلسلے میں جو رقوم بھیجی ہیں ۔ ان سے کیا سکیمیں بنائی گئی ہیں ؟ اور ان پر عمل کیا ہوا ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ—جناب والا ۔ اس سوال میں ہم سے یہ پوچھا گیا تھا کہ آیا اضلاع نے ہمیں رقوم بھیجی ہیں یا نہیں ۔ یہ ہم سے نہیں پوچھا گیا تھا کہ سکیموں کی کیا کیفیت ہے ۔ چونکہ یہ ایسا معاملہ ہے کہ مجھے ڈسٹرکٹ کونسل سے اور دیگر متعلقہ حضرات سے دریافت کرنا ہوگا کہ اب یہ سکیمیں کس stage پر ہیں۔ اس لئے اگر فاضل ممبر نیا سوال دیدیں تو جواب عرض کر دونگا ۔

———

NUMBER OF HOMES FOR SHELTERLESS BABIES IN THE PROVINCE

*384. **Kazi Muhammad Azam Abbasi**: Will the Minister of Social Welfare be pleased to state:—

(*a*) the number of Homes for shelterless babies in the Province along with the number of those amongst them situated in Hyderabad ;

(*b*) the amount allocated for the said Homes during 1963-64 and 1964-65 and the amount to be allocated in 1965-66 ;

(*c*) the expenditure incurred on the said Homes in the Province during 1963-64 and 1964-65 ;

(*d*) the amount allocated for the said Homes in Hyderabad during the years 1963-64 and 1964-65 along with the amount to be allocated for the said Homes in the said city in 1965-66 ;

(*e*) the expenditure incurred on the said Homes in Hyderabad during 1963-64 and 1964-65 ?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum): (*a*) The Government is running no home for shelterless babies at present. Two private agencies in Karachi allow their orphanages to take in shelterless babies. There is no home in Hyderabad.

(*b*), (*c*), (*d*) and (*e*) Question does not arise.

چودھری محمد ادریس—کیا government basis پر اس قسم کے Homes کی ضرورت محسوس کی گئی ہے ؟ اگر ایسا ہے تو کیا ایسا ایک Home جلد از جلد بنا دیا جائے گا ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری (مسٹر عبدالقیوم)۔ابھی تک تو اسکے متعلق کوئی خاص ضرورت محسوس نہیں کی گئی ۔ اگر کبھی ضرورت محسوس ہوئی تو آپ کی تجویز پر غور کیا جائیگا ۔

چودھری محمد ادریس۔جو پرائیویٹ ادارے چل رہے ہیں ۔ وہ کس ضرورت کے ماتحت چل رہے ہیں ؟ کیا وہ بلا ضرورت چل رہے ہیں ؟

وزیر سماجی بہبود (میاں محمد یاسین خان وٹو)۔ضرورت کے ماتحت ہی چل رہے ہوں گے ۔ اور جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے کہ سماجی بہبود کے سلسلے میں ہماری کوشش یہ ہوتی ہے کہ پرائیویٹ ادارے اور پرائیویٹ ایجنسیاں خود ہی اس میدان میں آگے آئیں اور ہم انکی امداد کریں اور جو لوگ خود آگے نہ آنا چاہیں انہیں آگے لانے کے لئے اقدامات کئے جائیں ۔ اور پھر انکی حوصلہ افزائی کریں ۔ کیونکہ فی الحال حکومت کے لئے سارا بوجھ برداشت کرنا مشکل ہے ۔

چودھری محمد ادریس۔ اگر اس قسم کے ادارے از خود ہی میدان میں آگے آئیں تو کیا آپ انہیں خاطر خواہ امداد دینے کا انتظام کریں گے ۔

وزیر سماجی بہبود۔یقیناً ۔ پہلے سے بھی امداد دے رہے ہیں ۔ جہاں ایسی صورت ہوگی ہم انکی پوری امداد کرنے کے لئے تیار ہیں ۔

PROVIDING MORE DISPENSARIES IN THE LATIFABAD COLONY, HYDERABAD

***475. Kazi Muhammad Azam Abbasi :** Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state:—

(*a*) the number of Municipal Dispensaries funtioning at present in Latifabad Colony, Hyderabad ;

(*b*) whether it is a fact that the dispensaries functioning at present in the Latifabad Colony, are not sufficient to meet the demand of the inhabitants of the said colony ;

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, whether there is any scheme for providing more dispensaries in the said colony ; if so, period by which the same are likely to be provided and the number thereof ;

(*d*) whether it is a fact that the Municipal Dispensaries funtioning at present in the said colony are not fully equipped with modern equipments, if so, reasons therefor ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : (*a*) One.

(*b*) No. Besides one Municipal dispensary, there are six other dispensaries in Latifabad Township which are managed by Government and other Social Organisations ;

(*c*) One more dispensary has been sanctioned by the Municipal Committee which will shortly be opened in Unit No. 4, Latifabad.

(*d*) No. The dispensaries are functioning properly and have been provided with adequate and necessary instruments and equipment. The scheme relating to their further improvement and development is under consideration.

قاضی محمد اعظم عباسی—کیا وزیر صاحب نام بتائینگے کہ کہاں کہاں اور کون کون اسے چلا رہے ہیں ؟

وزیربنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ—ان دوسری ڈسپنسریوں کے نام نہیں پوچھے گئے تھے - اس لئے ان کے نام یہاں درج نہیں ہیں -

مسٹر سپیکر—لیکن آپ کے جواب میں تو یہ تھا - کہ

The disdensaries are functioning properly.

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ—جناب والا - میں عرض کروں گا کہ سوال میں پوچھا گیا ہے -

(*a*) The number of Municipal Dispensaries functioning at present in Latifabad Colony, Hyderabad.

اسکے لئے ہمارا جواب ہے "one" - پھر انہوں نے دریافت کیا ہے -

(b) whether.....the dispensaries functioning at present in the Latifabad Colony, are not sufficient to meet the demand of the inhabitants of the said colony.

اسکے متعلق میں یہ عرض کرونگا کہ میں میونسپل کمیٹیوں کی حد تک ہی جواب دے سکتا ہوں ۔

مسٹر سپیکر۔آپ حصہ (ب) کا جواب ملاحظہ فرمائیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ۔یہ جواب تو میں نے volunteer کیا ہے ۔ اس حد تک کہ ہماری میونسپل کمیٹی کی ڈسپنسری کے علاوہ چھ دوسری ڈسپنسریاں بھی ہیں۔ جو کچھ انہوں نے پوچھا تھا میں نے اسکے جواب کے علاوہ یہ اطلاع volunteer کی تھی اور اگر میں نے کوئی جواب volunteer کیا ہے تو مجھے اسکی یہ سزا تو نہیں ملنی چاہیئے تھی ۔

Mr. Speaker : The Minister should have volunteered fully.

Minister for Basic Democracies & Local Government : I have volunteered, but about names we should not be that particular.

سید عنایت علی شاہ۔کیا وزیر صاحب یہ بتا سکیں گے کہ یہ موجودہ ڈسپنسریاں کتنے لوگوں کی ضروریات پوری کر سکتی ہیں ؟ اور لیاقت آباد کے کل باشندگان کی تعداد کیا ہے ؟

مسٹر سپیکر۔یہ ضمنی سوال نہیں ہے ۔

قاضی محمد اعظم عباسی۔جناب سپیکر۔انہوں نے یہ ارشاد فرمایا ہے۔ چھ ڈسپنسریاں ہیں ۔ وہ کم از کم یہ تو بتا دیں کہ انہیں کون چلا رہا ہے ۔ کیونکہ انہوں نے کہا ہے کہ مختلف ایجنسیاں چلا رہی ہیں ۔ یہ تو بتا دیں کہ ان میں گورنمنٹ کی کتنی ہیں اور پرائیویٹ اگر ہیں تو وہ کتنی ہیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ۔جناب والا ۔ ایک تو میونسپل کمیٹی چلا رہی ہے ۔ اور باقی کے متعلق یہ ہے کہ

There are six other dispensaries in Latifabad Township which are managed by Government and other Social welfare agencies.

ایک بات ظاہر ہے کہ کئی ایجنسیاں چلا رہی ہونگی۔ ایک گورنمنٹ کی ہے اور ایک میونسپل کمیٹی کی ہے ۔ میونسپل کمیٹی کی حد تک تو جواب عرض کر دیا ہے ۔ اسکے علاوہ باقی تو میں نے اطلاعاً عرض کیا ہے ۔

چودھری محمد ادریس—جناب وزیر صاحب نے فرمایا ہے کہ باقی جواب انہوں نے اطلاعاً ارشاد فرمایا ہے ۔ تو میں بھی اطلاع حاصل کرنے کی غرض سے یہ پوچھتا ہوں کہ انہوں نے یہ تو بتایا ہے کہ گورنمنٹ اور دوسری سوشل ویلفیئر ایجنسیاں چھ ڈسپنسریاں چلا رہی ہیں ۔ تو میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ ان میں گورنمنٹ کی کتنی ہیں اور دوسری سوشل ویلفیئر ایجنسیوں کی ڈسپنسریاں کتنی ہیں ؟

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ—میرا خیال ہے کہ اگر اس سلسلے میں ایک سوال وہ جناب وزیر صحت سے کر دیں تو بہتر ہوگا ۔ اور ایک سوال مجھ سے سوشل ویلفیئر کے متعلق پوچھ لیں میں اگلی باری پر اسکا جواب عرض کر دونگا ۔

DONATIONS BY MUNICIPAL CORPORATIONS AND MUNICIPAL COMMITTEES FOR THE DEPENDANTS OF THE JOURNALISIS WHO DIED IN THE RECENT CRASH NEAR CAIRO.

*476. **Kazi Muhammad Azam Abbasi** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that some Municipal Corporations and Municipal Committees have donated to the fund raised for the dependants of the journalists who died in the recent crash near Cairo ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, (*i*) the names of such Municipal Corporations and Municipal Committees and (*ii*) the amount donated by each of them ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : (*a*) Yes.

(*b*) Municipal Committee, Peshawar ... Rs. 2,000/-
Jhelum ... Rs. 2,000/-
Sargodha ... Rs. 5,000/-
Lyallpur ... Rs. 5,000/-
Chiniot ... Rs. 500/-
Gujranwala ... Rs. 2,000/-
Multan ... Rs. 5,000/-
Bahawalpur ... Rs. 500/-
Khanpur ... Rs. 500/-
Rahimyar Khan ... Rs. 2,000/-
Bahawalnagar ... Rs. 500/-
Haroonabad ... Rs. 500/-
Sukkur ... Rs. 2,000/-
Larkana ... Rs. 500/-
Hyderabad ... Rs. 2,000/-
Lahore Municipal Corporation ... Rs. 10,000/-

MEMORANDUM SUBMITTED BY MEMBERS OF THE BASIC DEMOCRACIES BELONGING TO LYARI AREA, KARACHI REGARDING VARIOUS DEMANDS OF RESIDENTS OF LYARI.

***1014. Mr. Hamza :** Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that a memorandum was submitted to him by some Members of the Basic Democracies belonging to Lyari Area, Karachi during the current Budget Sessions of the Assembly, containing various demands of the residents of the said area ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether it is a fact that various authorities mentioned in the said memorandum had promised every help to redress the grievances of the residents of the said area from time to time ;

(*c*) if answer to (*b*) above be in the affirmative, whether the said promises have been fulfilled ; if not, reasons therefor ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : (*a*) Yes.

(*b*) The Minister has no personal knowledge whether any promises have been made by various authorities mentioned in the Memorandum. He himself is, however, already taking necessary measures to redress the grievances of the residents of Lyari area.

(*c*) In view of (*b*) above, does not arise. Steps are being taken to redress the grievances.

"There are other questions in which the Memter had asked for details and we have given details in the next two or three questions".

مسٹر حمزہ۔ کیا میں جناب وزیر بلدیات اور سماجی بہبود سے مودبانہ یہ پوچھ سکتا ہوں کہ وہ یا ان کے پیشرو جب کسی جگہ تشریف لے جاتے ہیں ۔ اور ان کی خدمت میں memorandum پیش کیا جاتا ہے۔ اور وہ وہاں پر جو وعدے کرتے ہیں ۔ آیا وہ انہیں یاد رکھتے ہیں یا ان کا کوئی ریکارڈ بھی اپنے پاس رکھتے ہیں ؟

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ۔ اکثر اوقات وہ متعلقہ محکموں کو بھیج دیا جاتا ہے ۔ مگر اس سلسلے میں میرے فاضل دوست نے یہ تفصیل بیان فرمائی ہے کہ شعیب صاحب وہاں گئے تھے ۔ اور انہوں نے ہمدردانہ غور کا وعدہ کیا تھا ۔ اور مجھ سے پہلے جو وزیر صاحب تھے۔ یعنی دو وزراء صاحبان کے متعلق اس درخواست میں.....اس memorandum میں یہ درج تھا کہ شعیب صاحب اور پاشا صاحب وہاں تشریف لے گئے تھے ۔ اور انہوں نے وہاں یہ ارشاد فرمایا تھا ۔ اس کے بعد شعیب صاحب اور پاشا صاحب کی ایک میٹنگ ہوئی تھی ۔ جس میں کچھ اقدام کئے گئے تھے ۔ اب plan lay out کرنے کا پروگرام phase out کیا گیا ہے ۔ اور اس میں کئی جگہوں پر unauthorised قبضہ ہے ۔ اور اس ساری چیز کو properly plan کرنا ہے ۔ اور اس سلسلے میں اقدامات کئے جا رہے ہیں ۔ اب

مختلف علاقوں کے متعلق تفصیلات آگے کسی سوالات میں پوچھی گئی ہیں۔ وہ میں عرض کر دوں گا ۔

مسٹر حمزہ—جناب وزیر سماجی بہبود یہ فرماتے ہیں کہ وہ جو وعدے کرتے ہیں یا جو memorandum ان کی خدمت عالیہ میں پیش کئے جاتے ہیں ۔ وہ متعلقہ محکموں کے پاس بھیج دیئے جاتے ہیں ۔ تو میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ جو جواب ہم نے ابھی سنا ہے اور جو انہوں نے اپنی میٹھی زبان سے پڑھکر سنایا ہے ۔ کیا یہ ان کے محکمے کی طرف سے دیا گیا تھا ؟

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ—اتنی مٹھاس کے بعد بھی میرے فاضل دوست اتنی ترش باتیں کہہ رہے ہیں ۔

مسٹر حمزہ—تو میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ کیا یہ جواب آپ کو محکمے کی طرف سے موصول نہیں ہوا ۔ اگر ہوا ہے تو اس جواب میں اس کا ذکر کیوں نہیں ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ—میرے فاضل دوست کس چیز کے بارے میں فرما رہے ہیں ۔ میں ان کا سوال نہیں سمجھ سکا ؟

مسٹر سپیکر—حقیقت یہ ہے کہ میں بھی نہیں سمجھ سکا ہوں ۔

مسٹر حمزہ—جناب وزیر صاحب نے یہ جو فرمایا ہے کہ جو memorandum ان کی خدمت عالیہ میں پیش کئے جاتے ہیں یا وہ جو وعدے کرتے ہیں ۔ وہ ان کے متعلق اپنے متعلقہ محکموں کو آگاہ کر دیتے ہیں ۔ تو میں ان سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ اضلاع کے متعلق ان سے یہ جو سوال کیا گیا ہے۔ اور جس کا جواب ان کے محکمے کی طرف سے آیا ہے ۔

تو اس کا اس جواب میں ذکر کیوں نہیں کیا گیا ہے ۔ اور وہ اس سے لاعلمی کا اظہار کیوں کرتے ہیں ؟

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ—جناب والا ۔ میں نے اس جواب میں صرف یہ کہا ہے کہ مجھے ذاتی طور پر اس بات کا علم نہیں ہے ۔ ویسے جو memorandum مجھے آخر میں دیا گیا اس کے متعلق میں عرض کرونگا کہ اس کا پہلا فقرہ یہ ہے ۔ کہ ''لیاری کے لوگوں کے مسائل گذشتہ دو سو سال سے موجود ہیں'' ۔ تو جب کوئی مسائل دو سو سال سے موجود ہوں اور یہ خود ان کی تحریر میں موجود ہے ۔ یہ ان کی پہلی چند سطروں میں ہی موجود ہے ۔ تو جو چیزیں دو سو سال سے موجود ہوں ظاہر ہے کہ ان کو straighten out کرنے کے لئے بھی کچھ وقت درکار ہوگا ۔ ویسے تو اس کے لئے باقاعدہ اقدامات کئے جا رہے ہیں ۔

مسٹر حمزہ۔ میں نے یہ سوال میاں محمد یاسین خان وٹو سے نہیں کیا تھا ۔ بلکہ وزیر بنیادی جمہوریت اور لوکل گورنمنٹ سے کیا تھا ۔ اس لئے مجھے آپ کی ذاتی معلومات سے کوئی واسطہ نہیں ہے ۔

Mr. Speaker : This is not a question.

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ۔ جناب والا ۔ آپ کی اجازت سے عرض کرونگا کہ یہ بات یوں نہیں ہے ۔ فاضل ممبر کو اس سوال سے کوئی غلط فہمی پیدا ہوئی ہے ۔ انہوں نے سوال میں واضح طور پر یہ فرمایا ہے کہ ۔

> "Whether it is a fact that a memorandum was submitted to him by some Members of the Basic Democracies belonging to Lyari area, Karachi during the current Budget Session of the Assembly."

اس میں میں یہ سمجھتا ہوں کہ چونکہ وہ حضرات ملے تھے اور یہ واقعہ بھی درست تھا میں نے خیال کیا کہ اس سے آگے والی بات وہ ذاتی طور پر مجھ سے پوچھ رہے ہیں اور اگر ان کو اس سے کوئی غلط فہمی ہوئی ہے اور اس غلط فہمی سے ان کو تکلیف پہنچی ہے تو میں معافی چاہتا ہوں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی—محترم وزیر صاحب نے فرمایا ہے کہ لیاری کے مسائل دو سو سال سے چلے آرہے ہیں اور حل نہیں ہوئے ۔ اب گورنمنٹ کے پیش نظر کچھ سکیمیں ہیں جن پر کام ہو رہا ہے ۔ میں پوچھتا ہوں کہ کیا اس سکیم کو پورا کرنے کے لئے اور دو سو سال لگیں گے یا کم ؟

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ—میرے فاضل دوست نے اپنے فرض کی ادائیگی کر دی ہے لیکن ان کو اس بات کا یقین ہوگا کہ اتنا عرصہ نہیں لگے گا کیونکہ ہم اقدامات کر رہے ہیں ۔ اور جہاں unlawful encroachment ہوتی ہے وہاں کچھ دقتیں ہوتی ہیں ۔ ہمارے سامنے ایسی بہت سی عملی دقتیں بھی ہیں ۔ ہم کوشش کریں گے کہ انہیں جلد از جلد remove کیا جائے ۔ جوں جوں وہ دور ہوتی جائیں گی ہم اقدامات کرتے جائیں گے ۔

TRANSFER OF OWNERSHIP OF LAND HELD BY UNION COUNCIL, CHANDOWAL TO THE CHARGE OF UNION COUNCIL, MANAK IN NAROWAL TEHSIL.

***1145. Mr. Hamza :** Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Union Council, Chandowal in Narowal Tehsil, District Sialkot, owns land in its constituent village Saggal ;

(*b*) whether it is also a fact that the said land was donated by the people of village Saggal for the implementation of certain specific schemes of the said Union Council;

(*c*) whether it is a fact that village Saggal is proposed to be transferred to Manak Union Council in the new delimitation scheme ;

(*d*) if answer to (*a*) to (*c*) above be in the affirmative, whether the ownership of the said land will also be transferred to Manak Union Council?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo): (*a*) Yes.

(*b*) Yes.

(*c*) No. Under the final delimitation the village Saggal continues to be a part of Union Council Chandowal.

(*d*) Does not arise.

سید عنایت علی شاہ—کیا میں وزیر متعلقہ سے پوچھ سکتا ہوں کہ وہ کونسی خاص سکیمیں ہیں جن کے تحت چنڈو وال کی زمین دی گئی ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت(میاں محمد یاسین خان وٹو)— اصل سوال میں صرف یہ پوچھا گیا تھا ۔

Whether it is a fact that Union Council Chandowal in Narowal Tehsil, District Sialkot, owns land in its constituent village Saggal.

سوال کا منشا یہ تھا کہ یونین کونسل کی جو زمین ہے اگر اسے دوسری کونسل میں شامل کیا تھا تو زمین کا کیا معاملہ ہوگا ۔ اس کے لئے ہمارا جواب یہ ہوگا کہ زمین اور گاؤں اس یونین کونسل میں رہے گا یہ کوئی خطرہ کی بات نہیں ۔ آپ اس سوال کو ملاحظہ فرمائیں اگر آپ یہ پوچھنا چاہتے ہیں کہ یہ زمین جب دوسری یونین کونسل میں گئی تو ملکیت اراضی کی کیا صورت ہوگی تو ہم نے یہ بتا دیا ہے کہ اس میں کوئی legal implication نہیں ہے ۔

چودھری محمد ادریس—ہمیں وزیر بلدیات سے جو توقعات رہی ہیں وہ پوری اترتی رہی ہیں ۔ انہوں نے ضمنی سوالات کے جوابات کے سلسلہ میں کبھی مایوس نہیں کیا آج وہ ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : So far this is not a supplementary question.

Ch. Anwar Aziz : He is himself a supplementary.

میاں محمد شفیع—جب ایک گاؤں کسی یونین کونسل میں چلا جاتا ہے اور اس کی زمین دوسری یونین کونسل میں چلی جاتی ہے جب کہ ان دونوں کے الگ الگ مسائل ہیں ۔ کیا اس گاؤں کے مسائل اور اس کی زمین کے مسائل دوسری یونین کونسل settle کرے گی ؟ اگر گاؤں کی development کے مسائل بھی دوسری یونین کونسل settle کرے گی ؟ میں پوچھتا ہوں کہ کیا اس سے تضاد پیدا نہیں ہوگا ؟

وزیر بنیادی جمہوریت—ہم نے الیکٹرول یونٹ کو یونین کونسل میں group کیا ہے اور مکمل کا مکمل الیکشن یونٹ یونین کونسل میں گیا ہے ۔ اس یونٹ کو توڑا نہیں گیا ۔ اس لئے اس یونین کونسل کے جتنے مسائل ہوں گے انہیں وہی یونین کونسل سر انجام دے گی ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا مجھے وزیر بلدیات بتائیں گے کہ یہ جو تمام حلقہ بندی ہوئی ہے اس میں آپ کا عملی دخل تھا ؟

Mr. Speaker : That is a separate question.

METALLING OF A PORTION OF GOJRA-JHANG ROAD FALLING IN THE JURISDICTION OF LYALLPUR DISTRICT.

***1161. Mr. Hamza** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that a portion of nearly ten miles of Gojra-Jhang road falling in the jurisdiction of Lyallpur District is unmetalled ;

(*b*) whether it is a fact that District Council, Lyallpur had earmarked funds for the metalling of said portion of the road during 1964-65 ;

(*c*) if answer to (*b*) above be in the affirmative, the amount actually (*i*) allocated for and (*ii*) spent on the metalling of the said road during 1964-65 ;

(*d*) in case the amount allocated for the purpose was not spent (*i*) reasons therefor, (*ii*) whether the District Council has any scheme for metalling the said portion of the road during the current financial year ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : (*a*) Yes.

(*b*) The amount of Rs. 7 lac was earmarked for metalling the said road but the scheme was dropped.

(*c*) The answer is in negative.

(*d*) (*i*) The scheme was dropped on an understanding given by the Communication & Works Department to take over this road. It was finally decided that this road should be constructed by the District Council, Lyallpur. By this time, however, no funds were available. (*ii*) The road has been included in the District Council's 5-Year Road Programme and will be constructed as and when the funds are available.

مسٹر حمزہ—جناب والا ۔ وزیر صاحب نے فرمایا ہے کہ اس سے پہلے محکمہ مواصلات و تعمیرات نے اس سڑک کو اپنی تحویل میں لینے پر رضا مندی کا اظہار کیا تھا لیکن اب منحرف ہو گیا ہے اور کیا آپ نے ان سے کوئی خط و کتابت کی ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت—بات یہ ہے کہ پہلے یہ فیصلہ ہوا تھا کہ لائل پور کی یہ سڑک کلاس دوم ہے اور اسے محکمہ لے لے گا لیکن بعد میں حکومت نے ایک پالیسی کے طور پر اس بات کا فیصلہ کر دیا کہ ڈسٹرکٹ کونسل کی جتنی سڑکیں ہوں گی وہ محکمہ سی اینڈ ڈبلیو نہیں لے گا ۔ اس لئے اس سڑک کو drop کرنا پڑا لیکن اب دوبارہ اسے ۵ سالہ منصوبہ میں لے لیا گیا ہے ۔

مسٹر حمزہ—جناب وزیر بلدیات نے فرمایا ہے کہ پہلے ۷ لاکھ کی رقم اس کو پختہ بنانے کے لئے مخصوص کی گئی تھی لیکن بعد میں اس کو ختم کیا گیا محض اس بناء پر کہ محکمہ مواصلات و تعمیرات نے اپنی تحویل میں لینے پر رضا مندی کا اظہار کیا تھا اس سے علاقہ کے عوام کو بلا وجہ اور غیر ضروری نقصان پہنچا ہے اس کا ذمہ دار کون ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت—یہ رقم علاقہ کے لوگوں کے دوسری مفاد پر خرچ کر دی گئی ۔ اگر ایک جگہ رقم خرچ نہیں ہوئی تھی تو دوسری جگہ وہ رقم خرچ ہو گئی ۔ میں فاضل ممبر کی خدمت میں عرض کروں گا کہ اب اس سڑک کو دوبارہ ۵ سالہ منصوبہ میں شامل کر لیا گیا ہے اور مجھے امید ہے کہ انشاء اللہ اس عرصہ میں کام مکمل ہو جائے گا ۔

چودھری محمد ادریس—یہ جھنگ گوجرہ روڈ ۲۰ میل لمبی ہے ۔ دس میل کا ٹکڑہ پختہ ہے اور ۱۰ میل کا ٹکڑہ کچا ہے ۔ جب تک وہ پختہ نہیں ہو جاتی کیا وہ رقم جو دس میل کے ٹکڑہ پر خرچ کی ہے ضائع نہیں ہو جائے گی ۔ جھنگ کا حصہ پختہ ہے ۔ لائل پور کا کچا ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت—یہ درست بات ہے کہ اگر دس میل کا ٹکڑہ بھی پختہ ہو جائے تو ان دونوں ٹکڑوں کی افادیت بہت زیادہ ہو جائے گی لیکن اس وقت یہ کہنا کہ دس میل کے ٹکڑہ پر جو رقم خرچ ہوئی ہے وہ ضائع ہوئی ہے مجھے اس سے اتفاق کرنا مشکل نظر آتا ہے ۔ کیونکہ وہاں کے رہنے والے اس سے استفادہ حاصل کرتے ہیں ۔ اب اس ۵ سالہ منصوبہ میں اسے مکمل کرنے کی کوشش کی جائے گی ۔

چودھری محمد ادریس—یہ سڑک جھنگ اور گوجرہ کو ملاتی ہے جھنگ میں جو حصہ ہے اس پر زیادہ گاؤں نہیں ہیں وہ تمام بنجر علاقہ ہے اور اب اسے develop کیا جا رہا ہے ۔ اگر آپ لائل پور کے حصہ کو کسی وجہ سے پختہ کرکے مہربانی نہیں فرما سکتے تو اس حصہ کو پختہ کرکے جھنگ والوں پر مہربانی فرماویں کیونکہ اس سے جھنگ کو بھی فائدہ پہنچتا ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت—لائل پور تو بہت عزیز ہے اور آپ عزیز تر ہیں انشاء اللہ لائل پور پر جو رقم خرچ کی جائے گی اس میں لائل پور کا مفاد ہوگا اور جھنگ کا مفاد بھی مد نظر ہوگا ۔

مسٹر حمزہ—وزیر صاحب کا شاید خیال ہو کہ اس خفگی کی وجہ سے نزلہ ان پر کیوں پڑتا ہے -

وزیر بنیادی جمہوریت—ہمیں آپ سے خفگی نہیں اور نہ ہی نزلہ کی کوئی بات ہے - خفگی تو آپ کو ہم سے رہی ہے -

---

ALLOCATION OF FUNDS BY THE DISTRICT COUNCIL, LYALLPUR FOR METALLING OF ROADS DURING THE YEAR 1965-66

*1162. **Mr. Hamza :** Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state:—

(*a*) the total amount allocated by the District Council, Lyallpur for the metalling of roads during the year 1965-66 ;

(*b*) the amount allocated for metalling of roads falling in the jurisdiction of Tehsil Toba Tek Singh ;

(*c*) the amount already spent on each of the roads mentioned in (*b*) above alongwith the time by which the remaining portion of the work in hand on the said road is likely to be completed ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : (*a*) District Lyallpur has allocated Rs. 15.52 lac for metalling of roads in the district during the year 1965-66. In addition to this allocation, an amount of Rs. 26 lac has been earmarked out of Rural Works Programme for construction of roads in the district during 1965-66.

(*b*) An amount of Rs. 8.96 lac has been earmarked from the Rural Works Programme for the following road schemes in Tehsil Toba Tek Singh, during 1965-66:—

		Rs.
(*i*) Gojra—Mochiwala road	...	1,79,000/-
(*ii*) Gohsia College to Shorkot	...	7.17 lac.

(*c*) An amount of Rs. 2,31,642 has been spent on the Gojra—Mochiwala road (Rs. 92,526 in 1964-65 and Rs. 1,39,116 in 1965-66). This scheme will be completed by June 1966. Road scheme from Gohsia College to Shorkot has recently been prepared and awaiting administrative approval. The scheme is expected to be completed during 1966-67 depending upon the availability of funds.

چودھری محمد ادریس—گوجرہ موچی والا روڈ پر کس حد تک کام ہو چکا ہے اور کب تک یہ مکمل ہو جائیگی -

وزیر بنیادی جمہوریت—جناب والا ۔ یہ میں نے عرض کیا ہے

An amount of Rs. 2,31,642 has been spent on the Gojra-Mochiwala Road. This scheme will be completed by June 1966.

UTILIZATION ON TRUCKS, JEEPS AND OTHER VEHICLES OWNED BY THE DISTRICT COUNCIL, LYALLPUR.

*1165. **Mr. Hamza :** Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state:—

(*a*) the number of trucks, jeeps and other vehicles owned by the District Council, Lyallpur ;

(*b*) the names of the Officers at whose disposal the said vehicles have been placed and the nature of duty performed to them ;

(*c*) the amount paid by the said District Council to the Sub-Divisional Officers as Travelling Allowance during the preceeding year inspite of the provision of jeeps to them ;

(*d*) the number and extent of tours performed during May, June and July, 1965 by the Officers of the said District Council and those of other Departments on the said jeeps as shown in their Log Books ;

(*e*) whether there is any transport Pool for the said vehicles ; if so, (*i*) the Officer who controls the said Pool ; (*ii*) the places where the said vehicles are garraged ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo): (*a*) Truck 1.

Water Tank 1.

Jeeps 5.

(*b*) List attached as Annexure "A"*

(*c*) Rs. 1,184.50.

(*d*) List attached as Annexure "B"*

(*e*) Yes. First, Chief Officer, District Council, Lyallpur, and second, District Council (premises), Lyallpur.

ANNEXURE 'A'

Name	Designation	Nature of duty performed
1. Raja Muhammad Ayub Khan.	Chairman, Tehsil Council, Toba Tek Singh.	Supervising the work of Rural Works Programme.

Name	Designation	Nature of duty performed
2. Mirza Aslam Hayat	Chief Officer	Inspection of District Council Institutions.
3. Ch. Bashir Ahmad	XEN Works Division No. 1.	
4. Sh. Muhammad Jameel.	XEN Works Division No. 2.	
5. Khan Ghulam Nabi.	S.D.O. Samundri	Works Division No. 1.
6. Khan Muhammad Abdul Rashid.	S.D.O. Jaranwala	
7. Ch. Muhammad Jameel.	S.D.O. Toba Tek Singh.	
8. Ch. Muhammad Irshad	S.D.O. Lyallpur	Works Division No. 2.
9. Anwar Hussain	S.D.O. Samundri	
10. Abdul Hamid	S.D.O. Toba Tek Singh.	
11. Ch. Sardar Ali	S.D.O. Jaranwala	
12. Khan Abdul Majid Khan.	Superintendent Cattle Fair.	Inspection of Cattle Fairs being held by the Distt. Council.
13. Muhammad Aslam	Chairman Tehsil Council Jaranwala.	Supervision of works executed by various Union Councils under Rural Works Programme.
14. Inayat Ullah Khan	Chairman Tehsil Council Samundri.	
15. Ch. Abdul Majid	Chairman, Tehsil Council, Lyallpur.	

ANNEXURE 'B'

Sr. No.	Name of Touring Officers	No. of days on Tour	Mileage Covered
			Miles
1	Chief Officer, District Council, Lyallpur ...	6	311
2	Executive Engineer, Works Division No. 1, District Council, Lyallpur.	52	1691
3	Executive Engineer, Works Division No. II, District Council, Lyallpur.	51	3779

Sr. No.	Name of Touring Officers	No. of days on Tour	Mileage Covered
4	S.D.Os. Works Division No. 1, District Council, Lyallpur.	43	1577
5	S.D.Os. Works Division No. II, District Council, Lyallpur.	46	3297
6	Superintendent Cattle Fairs, District Council, Lyallpur.	6	375
7	Chairman, Tehsil Councils.	187	8612
8	Assistant Commissioner and Deputy Director Rural Works Programme.	5	402
9	Naib-Tehsildar, Rural Works Programme ...	30	1648
10	Development Officers and Supervisors Basic Democracies.	8	523

چودھری محمد ادریس—پوائنٹ آف آرڈر - جناب وزیر بلدیات جو جواب پڑھ رہے ھیں وہ اس کے مطابق نہیں ھے جو لسٹ میں چھپا ھے -

Mr. Speaker: This is revised answer.

وزیر بنیادی جمہوریت—ھم جناب والا یہ کوشش کرتے رہے ھیں کہ آخر تک revise کرکے سوالات کے جوابات دیں تاکہ آپ کو up-to-date information ملے -

مسٹر حمزہ—جناب سپیکر - حصہ (ب) میں جو کچھ کہا گیا ھے اسے حقیقت نہیں کہنا چاھئے یا وہ حقیقت پر مبنی نہیں ھے کیونکہ مجھے ذاتی طور پر معلوم ھے کہ یہ Jeeps تحصیل لائلپور اور لائلپور کے بعض دوسرے مجسٹریٹ صاحبان استعمال کرتے رہے ھیں - تو کیا وجہ ھے کہ ان کے نام اس فہرست میں موجود نہیں ھیں ؟

وزیر بنیادی جمہوریت—جناب والا ۔ جن افسروں کے بارے میں سوال پوچھا گیا ہے وہ ہم نے عرض کیا ہے اگر ان کے علم میں ہے اور کسی جگہ پر غلط استعمال ہوا ہے تو اس کے بارے میں یہ ہم کو بتائیں یا جس شخص نے غلط استعمال کیا ہے اس کے متعلق ہم کو اطلاع دیں ہم مناسب کارروائی کریں گے ۔

مسٹر حمزہ—جناب سپیکر ۔ ایک سوال اس ایوان میں تقریباً ۶ ماہ کے بعد آتا ہے ۔ کیا میرے اس سوال کرنے کے بعد یہ ضروری نہیں ہے کہ صورت حال کا جائزہ لیا جائے کہ یہ Jeeps کیوں غلط استعمال کی گئی ہیں؟ اگر اس سوال کے باوجود علم نہ ہو سکا ہو تو میں اس سلسلے میں اور کیا کہہ سکتا ہوں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت—جناب والا ۔ اگر فاضل دوست اپنے سوال کو ملاحظہ فرمائیں تو پھر یہ سوال کرنے کی ضرورت پیش نہ آئے ۔

The names of the officers at whose disposal the said vehicles have been placed and the nature of duty performed by them.

ہم نے یہ بتایا ہے کہ یہ نام ہیں ان حضرات کے جن کے disposal پر Jeeps ہیں ۔ اگر آپ ایسے لوگوں کے بارے میں جن کے disposal پر یہ Jeeps نہیں ہیں اور وہ غلط استعمال کر رہے ہیں ہمیں اطلاع دیں تو ہم انکوائری کریں گے ۔ بہر حال جو سوال آپ نے پوچھا تھا ہماری طرف سے اس کا disposal ہو گیا ۔

مسٹر حمزہ—جو اطلاع آپ کو بہم پہونچائی گئی ہے وہ غلط ہے اور جو کچھ میں نے عرض کیا ہے اور ذاتی طور پر مجھے جو علم ہے وہ یہی ہے کہ تحصیل لائل پور اور لائل پور کے بعض دوسرے مجسٹریٹ صاحبان ان Jeeps کو استعمال کرتے رہے ہیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت۔ تحصیل دار اور چیرمین تحصیل کونسل کی حیثیت سے استعمال کر سکتے ہیں اس کو ہم نے mention کیا ہے ۔ (سی) میں آپ ملاحظہ فرمائیں گے کہ تحصیلدار اور چیئرمین تحصیل کونسل وغیرہ Rural Works کے کاموں کے لئے ان Jeeps کو استعمال کرتے رہتے ہیں اس کے علاوہ بنیادی جمہوریت کے دوسرے ممبروں کو بھی اجازت ہے کہ وہ استعمال کریں ۔ مجسٹریٹوں میں سے ایسے حضرات ہیں جو Rural Works پروگرام سے متعلق ہیں ۔ وہ بھی استعمال کرتے ہیں ۔ ان کے علاوہ اگر کسی نے unauthorised طریقہ پر Jeeps کو استعمال کیا ہے تو ان کے نام آپ بتا دیں ہم انکوائری کریں گے ۔

مسٹر حمزہ—جناب سپیکر۔ جناب وزیر صاحب نے (سی) میں بتایا ہے کہ ایس ۔ ڈی ۔ او کو ایک ہزار ایک سو ۸۴ روپے اور پچاس پیسے بطور travelling سفر الاؤنس دئے گئے کیا میں یہ دریافت کر سکتا ہوں کہ جب اتنی تعداد میں Jeeps موجود تھیں تو ان افسروں کو travelling الاؤنس دینے کی ضرورت کیوں محسوس ہوئی ؟

وزیر بنیادی جمہوریت—کیا آپ کی مراد ایس ۔ ڈی ۔ ایم سے ہے؟

مسٹر حمزہ—جناب سپیکر۔ میرے فاضل دوست اور معزز وزیر کو یہ پتہ ہونا چاہئے کہ یہ سوال ڈسٹرکٹ کونسل سے متعلق ہے اور ڈسٹرکٹ کونسل کے جو ایس۔ ڈی ۔ او ہوتے ہیں وہ ڈسٹرکٹ کونسل کی تعمیرات پر متعین کئے جاتے ہیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت—جناب اس سلسلے میں میں یہ عرض کرتا ہوں کہ Jeeps پانچ ہیں اور افسر زیادہ ہیں ۔ ان افسروں کے سپرد پوری ڈسٹرکٹ کونسل کے کام ہیں ۔ جس وقت کوئی افسر جیپ لے کر گیا ہو اور کسی دوسرے افسر کو بھی کسی کام سے جانا پڑ جائے تو وہ انتظار

نہیں کر سکتا اور اس دوران میں جب وہ سفر کرتا ہے تو ہمیں اس کو travelling الاؤنس دینا پڑتا ہے ۔

PROVISION OF PEDIGREE BULL TO VETERINARY HOSPITAL, JALALPUR PIRWALA

*1196. **Diwan Syed Ghulam Abbas Bokhari :** Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Jalalpur Pirwala is a sub-tehsil headquarter and is an important town in Multan District having a population of more than ten thousand people;

(*b*) whether it is a fact that Dirtrict Council is running a Veterinary hospital in the said town;

(*c*) whether it is a fact that no bull has been provided in the said hospital for insemination purposes with the result that the residents of the said town and its suburban areas have to take their cows and buffalows to Lodhran or Shujabad for the said purposes;

(*d*) if answer to (*a*) to (*c*) above be in the affirmative, whether Government intend to provide a pedigree bull in the said veterinary Hospital ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : (*a*) Yes.

(*b*) Yes.

(*c*) Yes.

(*d*) At present there are two let loose pedigreed bulls in Chak Anayatpur and Chak No. 86/M in that ilaqa for covering purposes. Jalalpur Pirwala is a Town Committee and the Assistant Director, Animal Husbandry, Multan has also requested this Committee to provide funds for the purchase of a pedigree bull for Jalalpur Pirwala Town Area.

چودھری محمد ادریس—جناب یہ نہایت ہی قابل افسوس بات ہے کہ ملتان کمیٹی میں کوئی سانڈ موجود نہیں ہے اور سنا ہے کہ منٹگمری سے ملتان سانڈ نہیں بھیجے جائیں گے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت—اگر فاضل ممبر صاحب ٹاؤن کمیٹی کو کہیں تو ہم منٹگمری سے وہاں سانڈ بھیج دیں گے ۔

DELAY IN PAYMENT OF ARREARS TO RETIRED HEADMASTER OF GOVERNMENT MIDDLE SCHOOL DURDAHAR WAHAN, TEHSIL MAILSI

*1197. **Diwan Syed Ghulam Abbas Bokhari** : Will the Minister of Basic Damocracies and Local Government be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that one Munshi Allah Diwaya Haidri, who retired as Headmaster of Government Middle School, Durdahar Wahan, Tehsil Mailsi, District Multan on 1st November 1964 had been working as Headmaster, Primary School, Jalalpur Pirwala from 1st August 1961 to 30 April 1962 ;

(*b*) whether it is a fact that the said teacher crossed the efficiency bar during the said period but he has not so far been paid a sum of Rs. 316.93 which became due to him on account of his crossing the efficiency bar by the Town Committee, Jalalpur Pirwala ;

(*c*) whether it is a fact that the said teacher has made several represensions to the authorities of Education Department, Multan and the Town Committee, Jalalpur Pirwala in respect of his said arrears of pay, but to no avail ;

(*d*) if answer to (*a*) to (*c*) above be in the affirmative, whether Government intend to take immediate steps to make payment of the said amount to the said retired teacher ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : (*a*) Yes. It is a fact that M. Allah Dewaya Haidri who retired on 1st November 1964 had been working as headmaster Primary School, Town Committee, Jalalpur Pirwala, from 1st August 1961 to 30th June 1962 and not from 1st August 1961 to 30th April, 1962.

(*b*) The teacher concerned crossed his efficiency bar with effect from 19th October 1958 when the services of the teacher were transferred to the Government with effect from 1st July 1962. This is right that when the Town Committee, Jalalpur Pirwala took over this school from the District Council, Multan, he was drawing Rs. 100.00 per mensem and was paid at this scale from, 1st August 1961 to 30th June 1962. As the teacher crossed his efficiency bar with effect from 19th October 1958, his arrears were due to him at the rate of Rs. 19 (pay) *plus* 3 (Dearness Allowance) from 1st August 1961 to 18th October 1961 and Rs. 28 *plus* 5 from 19th October 1961 to 30th June 1962 from the Town Committee, Jalalpur Pirwala.

(*c*) It is a fact that the teacher made several representations and these were forwarded to the Town Committee, Jalalpur Pirwala for necessary action.

(*d*) The Deputy Commissioner, Multan, is being asked to press the Town Committee to expedite payment.

سید عنایت علی شاہ—جناب جیسا کہ (ج) میں فرمایا گیا ہے اس استاد نے اپنے بقایا جات کے لئے ٹاؤن کمیٹی کو عرضداشتیں بھیجیں تو کیا

آپ بتا سکیں گے کہ آیا کن کن تاریخوں پر اس استاد نے یہ عرضداشتیں کیں اور ان پر کیوں کارروائی نہیں کی گئی ؟

وزیر بنیادی جمہوریت—تاریخوں کے متعلق بتانا کہ کن کن تاریخوں میں یہ چیز آئی ہے مشکل ہے لیکن جب میرے نوٹس میں یہ چیز آئی تو میں نے instruct کر دیا ہے اور مجھے امید ہے کہ اس استاد کو اس کے بقایا جات مل گئے ہوں گے - باقی مجھے یہ اب تک اطلاع نہیں ملی ہے کہ اس استاد کی تنخواہ اور بقایا جات مل گئے ہیں لیکن جناب میں نے اپنے محکمہ کو ہدایت کر دی ہے کہ اس سوال کے بعد ڈپٹی کمشنر اور ٹاؤن کمیٹی کے چیئرمین سے رابطہ پیدا کرکے یہ پتہ کریں کہ آیا اس استاد کو تنخواہ ملی یا نہیں -

نوابزادہ غلام قاسم خان خاکوانی—جناب والا - اگر میں یہ سوال کروں کہ اس کو payment کب ہو جائے گی تو جواب میں کہا جائے گا کہ جلد سے جلد ہو جائے گی تو کیا اس کی زندگی میں اس کو واجبات مل جائیں گے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت- میرے خیال میں یہ اسے مل چکے ہوں گے - مجھے محکمہ کی طرف سے یہ confirmed اطلاع تو نہیں ملی ہے کہ اسے بقایا جات مل گئے یا نہیں لیکن مجھے بتایا گیا ہے——جناب والا بعض چیزیں ایسی ہوتی ہیں کہ میں انہیں اس وقت تک ہاؤس میں نہیں کہنا چاہتا ہوں جب تک کہ مجھے ان کے بارے میں خود تسلی نہ ہو جائے اور ذاتی طور پر مجھے اطمینان نہ ہو جائے بہر حال میں نے ہدایت کر دی ہے کہ ڈی - سی - اور متعلقہ چیئرمین سے رابطہ قائم کرکے معلوم کیا جائے کہ اس کو بقایا جات مل گئے یا نہیں - رات کو بھی ٹیلیفون پر

رابطہ قائم کرنے کی کوشش کی مگر چونکہ ساڑھے نو بج چکے تھے کوئی آدمی ملا نہیں جو بتاتا ۔ میں اب اس کے متعلق مزید معلومات حاصل کروں گا کہ آیا ان کو تنخواہ مل گئی اور اگر نہیں ملی تو جلد سے جلد مل جائے ۔

چودھری محمد ادریس—جناب والا۔ وزیر بنیادی جمہوریت کو معلوم ہے کہ اگر کوئی ٹاؤن کمیٹی یا اگر کوئی بلدیہ اپنے اختیارات کا غلط استعمال کرتا ہے تو کنٹرولنگ اتھارٹی اپنے اختیارات کا استعمال کرکے اور رقم کی ادائیگی کروا سکتی ہے ۔ اب اگر کسی مظلوم حضرات کو تنخواہ نہیں ملی تو کیا آپ کنٹرولنگ اتھارٹی کو directive دیں گے کہ وہ اپنے اختیارات استعمال کرتے ہوئے ان کو تنخواہ دے دیں ؟

وزیر بنیادی جمہوریت—جناب والا ۔ سوال کے جواب کے آخری حصہ میں بیان کر دیا گیا ہے کہ ڈپٹی کمشنر ملتان کو ہدایت کر دی گئی ہے کہ وہ ٹاؤن کمیٹی کو پریس کریں تاکہ تنخواہ کی ادائیگی ہو سکے ۔

خان اجون خان جدون—جناب والا۔ کافی عرصہ ہو گیا ہے کہ اس ماسٹر کو تنخواہ نہیں ملی حالانکہ اس نے درخواستیں بھی کافی دی ہیں ۔ کیا آپ ایوان کو آج کل یا ایک ہفتہ تک یہ اطلاع دیں گے کہ اس شخص کو اس کی رقم کی ادائیگی ہو چکی ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت—میں اس کے متعلق پتہ کرکے یقیناً سوالات کی اگلی باری پر ایوان کو اطلاع دے دوں گا ۔

MAINTENANCE OF ROAD FROM JALALPUR PIRWALA TO KHANBELA

*1235. **Diwan Syed Ghulam Abbas Bokhari**: Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that a road from Jalalpur Pirwala to Khan Bela leads to District Muzaffargarh after crossing River Chenab ;

(*b*) whether it is also a fact that the said road is an old public highway and the only means of communication for the thousands of inhabitants of the area through which it passes ;

(*c*) whether it is also a fact that the said road is under the control of District Council Multan and is in a condition of disrepair ;

(*d*) whether it is also a fact that Buses ply on the said road ;

(*e*) whether it is also a fact that the District Council, Multan had accorded sanction for the employment of 6 Beldars and one Mate for the maintenance of the said road but this labour has not yet been put to the said work ;

(*f*) if answer to (*a*) to (*e*) above be in the affirmative, reasons for which the said road is not being maintained properly ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : (*a*) Yes.

(*b*) Yes.

(*c*) Portion of the road from Jalalpur Pirwala to Khan Bela is in Multan District Council's jurisdiction which makes its best efforts to keep this Kacha road in good condition.

(*d*) Yes.

(*e*) 6 Beldars and 1 Mate for the maintenance of this road have been appointed who work on it.

(*f*) This road is looked after properly as a Kacha road is generally maintained.

چودھری محمد ادریس—جناب وزیر بلدیات کے اپنے ضلع کی سڑک عارف والا کے متعلق تو اخبارات میں آتا ہے لیکن میں پوچھتا ہوں کہ کیا یہ سڑک اسی طرح maintain کی جا رہی ہے جس طرح کہ منٹگمری عارف والا روڈ maintain کی جا رہی ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت—یہ چیز جناب والا ۔ محکمہ مواصلات

سے تعلق رکھتی ہے ۔ ڈسٹرکٹ کونسل کا بڑی سڑکوں سے اور ٹاؤن کمیٹی کا چھوٹی سڑکوں سے تعلق ہوتا ہے ۔ جن کا زیادہ تعلق دیہات کے لوگوں سے ہوتا ہے ان کے متعلق ۔ ان کے لئے ہم اپنی بساط کے مطابق کوشش کرتے رہتے ہیں ۔ مزید معلومات آپ وزیر متعلقہ سے دریافت کر لیں ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ—کیا وزیر صاحب یہ بتائیں گے کہ یہ سڑک کتنے میل لمبی ہے ؟

مسٹر سپیکر—آپ اس کے متعلق علیحدہ نوٹس دیدیں ۔

MAINTENANCE OF "ZAIL GHAR" BY DISTRICT COUNCIL MULTAN

*1237. **Diwan Syed Ghulam Abbas Bokhari**: Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that there is a Rest House at Shujabad, District Multan known as "Zail Ghar" which is owned by the District Council Multan ;

(*b*) whether it is a fact that previously Zaildars, Lambardars and respectable land owners coming from outside to participate in tehsil meetings and Civil Officers on tour used to stay there ;

(*c*) whether it is a fact that the District Board, Multan had appointed a whole time Chaukidar to look after the said Rest House and to provide facilities to the persons staying there ;

(*d*) whether it is a fact that at present a certain family is occupying the said Rest House for residential purposes and the building needs repairs due to continued lack of maintenance ;

(*e*) whether it is a fact that proper lodging arrangements are available for Officers on tour and for members of the Union Councils, and Chairmen who come to participate in the tehsils meetings ;

(*f*) if answers to (*a*) to (*e*) above be in the affirmative, (*i*) reasons for occupation of the said Rest House by the family, and (*ii*) non-maintenance of the Rest House for its original purpose ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : (*a*) Yes.

(*b*) Yes.

(*c*) Yes.

(*d*) Yes.

(*e*) No.

(*f*) (*i*) After Independence during 1947, the Civil Authorities started a Refugee Camp in the said building. After the Camp was over, Mst. Bismillah Begum and others did not shift and occupied the Buildings unlawfully. They did not vacate it inspite of best efforts by the Multan District Council and through the Civil Authorities. At last during the year 1958 the Multan District Council had to lodge a Civil Suit at Multan which is still pending.

A preliminary issue was decided by the Civil Judge, Multan against Mst. Bismillah Begum and others who have filed a revision petition with the High Court of West Pakistan at Lahore. By order of the High Court, proceedings in Civil Court at Multan have been stayed till the decision of the revision petition.

(*ii*) In view of the reply at F (*i*) above it is not possible to maintain the Rest House for its original purposes.

چودھری محمد ادریس—اس سوال کے جواب سے معلوم ہوتا ہے کہ ملتان میں ریفیوجی کیمپ قائم ہوا تھا ۔ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ بسم اللہ بیگم وغیرہ جو بھی ہیں کیا یہ ریفیوجی ہیں ؟

وزیر بنیادی جمہوریت—جی ہیں—

چودھری محمد ادریس—میں وزیر بلدیات سے دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ جو مقدمہ ملتان ڈسٹرکٹ کونسل نے دائر کیا ہے ۔ Its merits without being discussed کیا مجھے وزیر صاحب یہ بتائیں گے کہ اس دعویٰ کے جواب میں بسم اللہ بیگم نے کیا stand لیا ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت—جناب والا ۔ دعویٰ ان کا یہ ہے— ان کا کہنا ہے کہ وہ اس چیز کا حق without the merits being discussed رکھتے ہیں کہ وہ مکان میں رہیں اور ہم کہتے ہیں کہ وہ اس قسم کا حق نہیں رکھتے یہی جھگڑا ہے ۔

چودھری محمد ادریس—میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ کن وجوہات کی بنا پر وہ مکان میں رہنے کا حق رکھتے ہیں ؟

وزیر بنیادی جمہوریت—فاضل ممبر یہ پوچھنا چاہتے ہیں کہ وہ کن وجوہات کی بنا پر مکان میں رہنے کا حق رکھتے ہیں ۔ مجھے اس سلسلہ میں یہ گذارش کرنی ہے کہ اس مقدمہ کی نقل اور جواب دعویٰ کی نقل ہم ان کو مہیا کر دیں گے ۔

Mr. Speaker : No more supplementaries.

UPGRADING OF MIDDLE SCHOOL AT QUTABPUR TOWN TO HIGH SCHOOL

*1282. **Diwan Syed Ghulam Abbas Bokhari** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Qutabpur Town situated in Tehsil Lodhran District Multan has a population of about 6000 people ;

(*b*) whether it is also a fact that the total population of the villages in the vicinity of the said town is about 75000 people ;

(*c*) whether it is a fact that there is no High School in the said town ;

(*d*) whether it is a fact that the inhabitants of the areas mentioned in (*a*) and (*b*) above have been demanding for the last 8 years for the upgrading of the present Middle School in the said town to that of a High School ;

(*e*) whether it is a fact that total number of students on the rolls of the said school is 375 and the buliding of the said school consists of 13 rooms ;

(*f*) whether it is also a fact that a play-ground measuring 10 acres is attached to the said school ;

(*g*) whether it is a fact that the local Union Council and the local public have offered to bear the expenditure to be incurred on the extension of the said school building ;

(*h*) whether it is a fact that in 1957 the Assistant District Inspector of Schools, Lodhran submitted a proposal for the upgrading of the said Middle School to the Divisional Inspector of Schools, Multan Division through the District Inspector of Schools, Multan ; but no further action was taken in the matter ;

*1557. **Babu Muhammad Rafiq**: Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce be pleased to state :—

(*a*) the division-wise details of budgetary allocation made during the current fiscal year for the establishment of West Pakistan Quality Control Bureau along with the jurisdiction and functions of the said Bureau ;

(*b*) in case no branch of the said Bureau is proposed to be established in Quetta and Kalat Divisions, reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Khan Mukarram Khan): (*a*) Nil

For the present it has been decided to set up a Central Quality Control Bureau with jurisdiction extending over the whole of West Pakistan. The proposed functions of the Bureau are as follows :—

(1) To maintain up-to-date standard specifications for guidance of factories ;

(2) Physical testing of raw materials and finished products including chemical and physical examination;

(3) To persuade industrialists to adopt Pakistan Standards ;

(4) To guide manufacturers how to conform their products to specifications;

(5) To work in collaboration with the Pakistan Standards Institution under the Certification Marks Ordinance, 1961. The procedure will ensure issue of certificates testifying manufacture of Industrial Products meant for export according to the given specifications.

(6) Collection of fees at 1/2% of the total value of manufacturer per day.

(*b*) The present budgetory allocation does not permit establishment of more than one centre.

REMOVAL OF TANNERIES FROM DASKA—GUJRANWALA ROAD NEAR DASKA TOWN

*1565. **Dr. Sultan Ahmed Cheema:** Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that there are some tanneries on Daska—Gujranwala Road near Daska Town ;

(*b*) whether it is a fact that the tanneries mentioned in (*a*) above emit offensive smell ;

(*c*) whether it is also a fact that village Changa and a hospital are quite near to the said tanneries which are a nuisance for the people of the said village and the inmates of the hospital ;

(*d*) if answers to (*a*) to (*c*) above be in the affirmative, whether Government intend to take steps for the shifting of these tanneries from the said area, if so, when ?

Parliamentary Secretary (Khan Mukarram Khan) : (*a*) Yes.

(*b*) Yes.

(*c*) Yes.

(*d*) The Tanning units are unrecognised, small units which were established in 1959. The West Pakistan Industries (Control on Establishment and Enlargement) Act, 1963 was applied with effect from 16th November, 1963 only and there are no statutory powers, therefore, to remove these Units from their existing premises.

SETTING UP OF A SUGAR MILL IN SIALKOT DISTRICT

*1569. **Dr. Sultan Ahmed Cheema :** Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that M/s. Shah Nawaz Ltd. were granted permission to set up a Sugar Mill in Sialkot District ;

(*b*) whether it is a fact that land was acquired for the purpose at Pasrur in Sialkot District ;

(*c*) whether it is a fact that the said land is now being returned to the land-owners because M/s. Shah Nawaz Ltd., are reportedly not interested in the setting up of the proposed mill at Pasrur ;

(*d*) if answers to (*a*) to (*c*) above be in the affirmative, whether Government intend to grant necessary permission to set up the mill there to some other party ; if so, when ; if not, reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Khan Mukarram Khan): (*a*) Yes.

(*b*) No.

(*c*) Land acquisition proceedings were initiated but subsequently dropped in view of Government decision to shift the project to an alternative suitable site.

(*d*) Question does not arise in view of answers to (*b*) and (*c*) above.

چودھری محمد سرور خان - جناب والا - سوال یہ کیا گیا ہے ''کہ آیا یہ امر واقعہ ہے کہ متذکرہ جگہ مالک کو واپس کی جا رہی ہے،، اس کے جواب میں پارلیمنٹری سیکریٹری صاحب جواب دے رہے ہیں ''کہ زمین کے حصول کے لئے کارروائی شروع کی گئی تھی،، میں پوچھتا ہوں کہ کارروائی سے ان کی کیا مراد ہے ؟

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): Sir, before land is actually acquired proceedings are taken under the Land Acquisition Act. It is a long drawn out question whether land has been actually acquired. The reply to that is 'no' and it is explained in part (c) of the answer that proceedings for land acquisition were started but before they could be finalised and land acquired against compensation certain circumstances intervened and that land was returned to the land-owner and the proceedings were dropped.

چودھری محمد سرور خان - میں جناب وزیر صاحب کی خدمت میں عرض کر دوں کہ زمین حاصل کی جا چکی ہے اور زمینداروں نے قبضہ چھوڑ دیا ہے - اور انڈسٹری والوں کو اس کا قبضہ مل چکا ہے -

مسٹر سپیکر - میمن صاحب نے جواب دیا ہے کہ زمین حاصل نہیں ہوئی ہے -

Will the Minister please look into it ?

Minister of Law: This is a direct contradiction of what has been said in the reply. I would unhesitatingly say that I would not be justified to contradict the Member because he hails from that very area. It is quite possible that he may be in possession of the latest information.

Mr. Speaker: Will the Minister look into the matter ?

Minister of Law: I will definitely look into it and find out the correct position.

خان ملنگ خان - جناب والا - کیا میں یہ پوچھ سکتا ہوں کہ کارخانہ لگانے کے لئے کون سی جگہ پسند کی گئی ہے اور کس پارٹی کو دی جا رہی ہے -

وزیر قانون - جہاں تک متبادل مقام پر منتقل کرنے کا تعلق ہے وہ منڈی بہاؤالدین کو چنا گیا ہے ۔

Mr. Speaker : And the party is the same M/s Shah Nawaz Ltd. ?

Minister of Law : I think the party is the same.

سید عنایت علی شاہ - جناب والا - سوال کے جواب ''الف'' میں مجھے کہا گیا ہے کہ سیالکوٹ میں شوگر مل قائم کرنے کی اجازت دی گئی تھی ۔ جواب کے حصہ ''ج'' میں کہا گیا ہے کہ ''کسی مناسب اور متبادل مقام پر منتقل کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے'' کیا جناب پارلیمنٹری سیکریٹری صاحب بتا سکتے ہیں کہ منظوری کن وجوہات کی بنا پر دی گئی تھی اور اسے منتقل کر دینے کی کیا وجوہات ہیں ؟

وزیر قانون - جناب والا- جس وقت منظوری دی گئی تھی- اس وقت جنگ نہ تھی - یہ جو حالات پیدا ہوئے ہیں یہ جنگ کی وجہ سے ہوئے ہیں- میں مناسب نہیں سمجھتا کہ اس بات کے متعلق تفصیلی طور پر معزز ممبر کی خدمت میں کچھ عرض کر سکوں - وجوہات وہی ہیں جو اس وقت تھیں جس وقت اجازت دی گئی - لیکن جنگ کی وجہ سے میں اس معاملہ کے متعلق مناسب نہیں سمجھتا کہ پبلک یا ہاؤس کے سامنے کچھ کہوں ۔

چودھری محمد سرور خان - کیا وزیر صاحب یہ فرمائیں گے کہ جنگ کے بعد کیا حالات پیدا ہو گئے جس سے فیکٹری کو دوسری

جگہ لے جانے کی ضرورت محسوس ہوئی جب کہ لوگ وہاں آباد کئے جا رہے ہیں ۔

وزیر قانون ۔ میں نے پہلے ہی عرض کیا ہے کہ ممبر صاحب مجھے معاف فرمائیں کہ میں اس کے متعلق کچھ کہوں ۔ آدمی بس رہے ہیں اچھا ہے لیکن بعض گاؤں چھوڑ رہے ہیں ۔ یہاں انڈسٹری کے اس جگہ لگانے کے متعلق صرف یہ کہہ سکتا ہوں کہ آپ مجھ سے بہتر سمجھ سکتے ہیں ۔ تفصیلاً کہنا مناسب نہیں ہے ۔

سید عنایت علی شاہ ۔ جناب والا ۔ وزیر صاحب نے فرمایا ہے کہ فیکٹری لگانے کا آرڈر جو دیا گیا ہے اس پر غور نہیں کیا گیا ۔ کیا یہ بہت بری بات نہیں ہے ۔ نہ کرنے کی وجوہات کیا ہیں ؟ اور کس نے غور نہیں کیا تھا ۔

ESTABLISHMENT OF FACTORIES IN KOHAT DISTRICT

*1606. **Khanzada Taj Muhammad Khan Bangash :** Will the Parliamentary Secretary, Industry and Commerce be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that minerals such as salt, 'mazri' and lime-stone are found in abundance in Kohat District ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative whether there is any scheme under the consideration of Government for the exploitation of the said minerals and establishment of factories in the said district for the consumption of the said minerals ?

Parliamentary Secretary (Khan Mukarram Khan) : (*a*) Yes.

(*b*) The Salt deposits are being exploited by the West Pakistan Industrial Development Corporation and the limestone by the private sector.

خانزادہ تاج محمد خان بنگش - جناب والا - پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے فرمایا ہے کہ فیکٹری یا کارخانہ لگانے کے لئے بھی اس چیز کو دیکھنا پڑتا ہے کہ وہاں خام مال وغیرہ پیدا ہوتا ہے۔ نوشہرہ میں یہ خام مال تو پیدا نہیں ہوتا کیا نوشہرہ کی بجائے فیکٹری کوہاٹ میں نہیں لگا سکتے -

پارلیمنٹری سیکرٹری - جناب والا - میرے خیال میں اس کا اس سوال سے تعلق نہیں ہے -

سید عنایت علی شاہ - جناب والا - اس سوال سے تاج محمد صاحب کے سوال کا خواہ مخواہ تعلق پیدا ہوتا ہے - جناب وزیر صاحب نے فرمایا ہے کہ جس جگہ خام پیدا ہوتا ہے وہاں فیکٹری لگانے کی ضرورت ہے - کیا یہ اچھا طریقہ نہیں ہے کہ وہاں فیکٹری لگائی جائے جہاں خام مال ارزاں نرخوں پر مل سکے - پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب کہتے ہیں کہ اس کا اس سے تعلق نہیں -

پارلیمنٹری سیکرٹری - جناب والا - انہوں نے چونے کے متعلق پوچھا ہے - اس کے لئے الگ نوٹس دے دیں -

خان زادہ تاج محمد خان بنگش - جناب والا - نمک وغیرہ تو کوہاٹ میں پیدا ہوتا ہے - لیکن اسے برآمد نوشہرہ سے کیا جاتا ہے -

تو کیا اس طرح کرنے سے زیادہ خرچ نہیں آتا ۔ اگر ایسا ہے تو کیا یہ بہتر نہ ہو گا کہ اس کی مشینری وغیرہ کوہاٹ ہی میں لگا دی جائے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ میرا خیال ہے کہ یہ گورنمنٹ سے درخواست کریں ۔ یہ پس‌ماندہ علاقہ ضرور ہے ۔

UNIFICATION OF DIFFERENT LAWS

*1662. **Chaudhri Muhammad Idrees**: Will the Minister of Law be pleased to state the period by which different laws on each subject in force in the various integrating units of West Pakistan are likely to be unified?

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی مہ وریال میمن) ۔ قیام وحدت کے وقت مغربی پاکستان میں شامل ہونے والے مختلف یونٹوں میں مختلف موضوعات پر ۳۱۶ قوانین نافذالعمل تھے ۔ ان میں سے ۲۳۰ قوانین کو پہلے ہی یکجا کیا جا چکا ہے ۔ قیام وحدت سے قبل کے ۳۶ قوانین ابھی تک اسمبلی کے پاس یکجا ہونے کے لئے پڑے ہوئے ہیں ۔ صرف پچاس قوانین یکجا ہونے باقی ہیں ۔ ان پچاس قوانین میں صوبے میں فی‌الوقت نافذالعمل مختلف قوانین مزارعت بھی شامل ہیں ۔ صوبائی اسمبلی کے رواں اجلاس میں قانون مزارعت میں یکسانیت پیدا کرنے کے لئے ایک مسودۂ قانون پیش کئے جانے کی توقع ہے ۔

جبکہ حکومت بقیہ قوانین کو یکجا کرنے کے لئے بڑی متفکر ہے ۔ اور اس سلسلہ میں ہر ممکن کوشش کی جا رہی ہے ۔ تاہم یہ بتانا مشکل

ہے کہ یہ کام کس تاریخ تک مکمل کر لیا جائے گا ۔ یا کسی خاص قانون کو کب تک یکجا کر لیا جائے گا ۔

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ میرے سوال میں date کو specify کرنے کا کسی جگہ بھی ذکر نہیں ہے ۔ میں نے پوچھا تھا ۔ کہ اس میں کتنا عرصہ لگے گا ۔ اب میرا ضمنی سوال یہ ہے ۔ کہ ان دس سالوں میں آج تک دو سو قوانین یکجا ہو سکے ہیں ۔ تو کیا وزیر قانون صاحب یہ فرمائینگے ۔ کہ اگر یہی رفتار رہی ۔ تو باقی قوانین کو یکجا کرنے میں کتنا عرصہ لگے گا ۔

وزیر قانون ۔ جناب والا ۔ میں نے عرض کیا ہے ۔ جیسا کہ سوال تھا ۔ کہ

"Will the Minister of Law be pleased to state the period by which different laws on each subject enforced in the various integrating units of West Pakistan are likely to be unified."

unification کے لحاظ سے میں نے عرض کیا ہے ۔ کہ اسمبلی میں تیس تیس بل پیش کئے گئے ہیں ۔ اب میں یہ تو نہیں کہہ سکتا ہوں ۔ کہ وہ انہیں کب clear کریں گے ۔ اس لئے میں نے یہ عرض کیا ہے ۔ کہ یہ بتانا ذرا مشکل ہے ۔ کہ میں specific date اور period بتا سکوں ۔ لیکن جیسا کہ معزز ممبر نے ابھی فرمایا ہے ۔ کہ دس سال میں دو سو یا دو سو تیس acts کو unify کر لیا گیا ہے ۔ تو میرے خیال میں یہ بھی کوئی کم progress نہیں ہے ۔ انشاءاللہ ہم باقی قوانین بھی جلد از جلد unify کر لیں گے ۔

خان ملنگ خان - جناب والا - جناب میمن صاحب کی لیاقت اور کارکردگی کے تو سب ھی معترف ھیں - لیکن میں ضمنی سوال کے ذریعے انکے نوٹس میں ایک ضروری بات لانا چاھتا ھوں - اور وہ یہ ھے کہ جو بھی قانون آرڈیننس کے ذریعے یا بل کے ذریعے منظور ھو جاتا ھے - تو اسکا اطلاق سارے مغربی پاکستان پر ھو جاتا ھے کیونکہ اسکے title پر لکھا ھوتا ھے - کہ ــــ

"This will extend to the whole of West Pakistan except Tribal Areas."

لیکن ھمارا علاقہ اسکی تعریف میں آ کر وھاں اسکا اطلاق ھو جاتا ھے - لیکن بنیادی قانون کا اطلاق وھاں نہیں ھوتا - تو کیا وزیر صاحب اس معاملے کی دیکھ بھال کریں گے - کہ ترمیمی قانون کے ساتھ ساتھ بنیادی قانون بھی وھاں لاگو ھو -

وزیر قانون - جو کچھ معزز ممبر نے فرمایا ھے - میں سمجھتا ھوں - کہ شاید اس وقت میں اسکا جواب نہ دے سکوں - لیکن ان کا جو منشاء ھے - کہ یہ قوانین وھاں پر نافذ کئے جائیں - میں آج ھی جا کر انکی اس تجویز پر غور کروں گا - اور پھر انشاءاللہ اسکا جواب عرض کردونگا - ویسے اگر یہ بات رہ گئی ھے - تو میں یقیناً اس پر غور کرونگا -

سید عنایت علی شاہ - کیا وزیر قانون کو اس بات کا علم ھے کہ قیام مغربی پاکستان کو گیارہ سال گزر چکے ھیں - لیکن بہت سے مختلف محکمہ جات ھیں - کہ جہاں افسران کی seniority اور pay کی fixation کے

معاملات جوں کے توں پڑے ہوئے ہیں ۔ اور اس طرح انہیں نقصان کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے ۔ کیا وزیر صاحب اس مسئلے کی اہمیت کو محسوس کرتے ہوئے اس سلسلے میں جلد از جلد کوئی اقدام کریں گے ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ تو کوئی ضمنی سوال نہیں ہے ۔

مسٹر محمد یوسف خان ۔ میں وزیر صاحب سے پوچھنا چاہتا ہوں ۔ کہ انہوں نے جتنے قوانین بھی unify کرنے ہیں ۔ کیا آپ نے ان تمام قوانین کی فہرست مرتب کر لی ہے ۔ اور کیا اس سلسلے میں مسودۂ قانون بھی تیار ہو چکا ہے یا نہیں ۔

وزیر قانون ۔ جو قوانین ہم نے unify کر لئے ہیں ۔ انکی تو بات ختم ہوئی اور اسمبلی کے سامنے جو بل standing ہیں ۔ وہ جس وقت پاس ہو جائینگے تو ان میں جو repealing acts ہیں ۔ وہ خود بخود نکل جائیں گے ۔ اور اب رہی ان کی بات کہ جو pending ہیں ۔ تو انکے متعلق میں نے عرض کیا ہے کہ ہم اس سلسلے میں ابھی تک کوئی مسودۂ قانون نہیں بنا سکے ہیں ۔ کیونکہ قوانین مختلف محکموں سے تعلق رکھتے ہیں ۔ اور محکمہ قانون کی طرف سے ان محکموں کو لکھا گیا ہے ۔ کہ وہ اپنی تجاویز اور ڈرافٹ ہمیں بھیج دیں ۔ کیونکہ پھر ہم نے انہیں دیکھکر اور انہیں آخری شکل دیکر یہاں لانا ہے ۔ ہم ہر ہفتے دو ہفتے کے بعد ہر متعلقہ محکمے کو لکھتے رہتے ہیں ۔ یعنی جس قانون کا جس محکمے سے تعلق ہو ۔ ہم اس محکمے کو لکھتے رہتے ہیں کہ وہ جلد از جلد ہمیں اپنی تجاویز بھیج دیں تا کہ ہم انہیں unify کر سکیں ۔

مسٹر محمد یوسف خان ۔ کیا اب تک آپ نے کوئی ایسی فہرست مرتب کی ہے ۔ کہ جس سے یہ معلوم ہو سکے ۔ کہ آپ نے فلاں فلاں قوانین unify کرنے ہیں اور فلاں فلاں قوانین کو unify کرنے کی ضرورت نہیں ہے ۔

وزیر قانون ۔ وہ تو یقیناً ہے ۔ اور اسی فہرست کی بنیاد پر ہی تو ہم نے مختلف محکموں کو لکھا ہے ۔ کہ فلاں فلاں قوانین آپ کے محکمے سے تعلق رکھتے ہیں ۔ اور چونکہ ہم نے قوانین کو unify کرنا ہے ۔ اس لئے آپ اس سلسلے میں اپنی تجاویز بھیجیں ۔ اس سلسلے میں مثال کے طور پر میں آپ کی خدمت میں عرض کرونگا ۔ کہ تقریباً چار دن کی بات ہے ۔ کہ میں نے ملک خدا بخش صاحب سے عرض کیا تھا ۔ آپ کا اریگیشن ایکٹ ہے ۔ ۔ ۔ اور ہم نے انہیں unified law کا ڈرافٹ بھی تیار کر کے بھیجا تھا ۔ لیکن انہوں نے یہ کہا کہ ان کے خیال میں اگر پنجاب اریگیشن ایکٹ میں ضروری ترمیم کر دیں ۔ تو اس سے بھی مطلب حل ہو سکتا ہے ۔ تو میں نے اف سے یہی عرض کیا ۔ کہ اس طرح بھی ٹھیک ہے ۔ لیکن ساتھ ہی انہیں یہ بھی عرض کیا تھا ۔ کہ وہ اپنی تجاویز ہمیں جلد بھیج دیں ۔

رائے منصب علی خاں کھرل ۔ جناب والا ۔ ابھی ابھی اس ایوان میں وزیر قانون نے فرمایا ہے ۔ کہ وہ اسی اجلاس میں ایک مسودۂ قانون لا رہے ہیں جو کہ مزارعین اور tenancy کے متعلق ہے ۔ تو میں ان سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ سابقہ پنجاب کے موروثی مزارعین کے حقوق کے لئے بھی کوئی فیصلہ اس قانون کے ذریعے ہو جائیگا ۔

Mr. Speaker: This is not a supplementary arising out of this question.

رائے منصب علی خاں کھرل - جناب والا - ابھی ابھی انہوں نے فرمایا ھے - کہ وہ اس ایوان میں اسی اجلاس کے دوران میں ایک مسودۂ قانون پیش کر رھے ھیں -

Mr. Speaker: That was just an information, not about the particulars of any particular law.

رائے منصب علی خاں کھرل - جناب والا - میں یہ وضاحت چاھتا ھوں - کہ سابقہ پنجاب کے موروثی مزارعین کے متعلق بھی کوئی فیصلہ اس میں ھوگا -

مسٹر سپیکر - آپ اس کے متعلق علیحدہ سوال خان صاحب سے کرکے معلوم کر لیں -

چودھری محمد ادریس - وزیر قانون صاحب نے فرمایا ھے - کہ کہ بقایا قوانین اس لئے یکجا نہیں ھو رھے کہ باقی محکمے غالباً ان کے ساتھ تعاون نہیں کر رھے ھیں - کیونکہ انہوں نے یہ فرمایا ھے - کہ انہوں نے کئی مرتبہ ان کو لکھا ھے - لیکن ان کی طرف سے انہیں کوئی جواب ھی نہیں آرھا ھے - میں یہ دریافت کرنا چاھتا ھوں کہ کیا وزیر صاحب یہ یقین‌دھانی کرائیں گے - کہ وہ مختلف محکمے وقت پر انہیں جواب دے دیں گے -اور وہ قوانین جلد از جلد اس ایوان میں پیش کئے جائینگے -

وزیر قانون - میں نے محکموں کے عدم تعاون کے متعلق ھرگز

نہیں کہا ہے ۔ باقی یہ ہے ۔ کہ میں دعوے کے ساتھ کہہ سکتا ہوں ۔ کہ اس ایوان میں اس بات کا مجھ سے زیادہ منتظر کوئی نہ ہو گا ۔ کہ قوانین کو جلد از جلد unify کر دیا جائے ۔ میں تو چاہتا ہوں ۔ کہ اگر ہمارے پاس آج ہی تجاویز پہنچ جائیں ۔ تو ہم چوبیس گھنٹے میں ہی یہاں بل لے آئیں گے ۔ اور اگر اس اجلاس کے دوران مین ہمیں تجاویز نہ پہنچ سکیں ۔ تو پھر آپ اطمینان رکھیں (گو کہ حمزہ صاحب کو ذرا ناراضگی ہوتی ہے) ۔ قوانین کی unification کے لئے ہم آرڈیننس جاری کر دیں گے ۔ خواہ حمزہ صاحب کو یہ بات پسند آئے یا نہ آئے ۔

مسٹر محمد یوسف خان ۔ ابھی وزیر قانون صاحب نے اس ایوان کو یہ اطلاع دی تھی ۔ کہ جن قوانین کو انہوں نے یکجا کرنا ہے ۔ ان کی فہرست مرتب کر لی گئی ہے ۔ تو کیا وہ یہ فرما سکتے ہیں ۔ کہ ان قوانین کی تعداد کتنی ہے ۔

وزیر قانون ۔ میں نے جواب دیا ہے کہ ۔

"Fifty enactments remain to be unified."

ESTABLISHMENT OF SMALL INDUSTRIAL ESTATES IN THE PROVINCE

***1670. Mr. Muhammad Umar Qureshi:** Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce be pleased to state:—

(*a*) the names of places in the Province where Small Industrial Estates have been established ;

(*b*) whether any such Estates have been set up in Hyderabad Division ; if so, the locations thereof ;

(*c*) whether the West Pakistan Industrial Development Corporation has any scheme to establish few more small industries in Hyderabad, Sanghar, Mirpurkhas, Thatta and Dadu Districts; if so, the details of the said scheme and the time by which the same will be implemented ;

(*d*) in case, there is no such scheme with the said Corporation, reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Khan Mukarram Khan): (*a*) Peshawar, Sialkot, Gujranwala, Gujrat, Lahore, Bahawalpur, Sukkur, Larkana and Quetta.

(*b*) There is a proposal to set up an Estate in Hyderabad Division during 1966-67.

(*c*) The West Pakistan Small Industries Corporation do not establish any industries in the public sector.

(*d*) The West Pakistan Small Industries Corporation itself is not establishing any industry. It is in the private sector that people will take advantage of the facilities provided by the Corporation.

رائے منصب علی خان کھرل - کیا پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب یہ بتائینگے - کہ وہ کونسے حالات اور وجوہات ہیں کہ جن کی بناء پر کسی علاقے کو تو انڈسٹریل اسٹیٹ قرار دیا جاتا ہے - اور دوسرے علاقوں کو نظر انداز کر دیا جاتا ہے -

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی محمد وریال میمن) - میں نے پہلے بھی عرض کیا ہے - کہ اس کے لئے مختلف factors ہوتے ہیں - مثلاً کسی صنعت کی ضروریات ، مواصلات اور

Availability of raw material, availability of labour, availability of technicians who are supposed to work on them and various other factors are taken into consideration before a site is decided upon where an industry should be set up.

مسٹر محمد یوسف خان - آپ جب کہیں انڈسٹریل اسٹیٹ بنانے کا اندازہ لگاتے ھیں - تو کیا وھاں پر آپ متفرق صنعتیں لگاتے ھیں یا پھر ایک ھی صنعت لگاتے ھیں -

وزیر قانون - چونکہ یہ ایک انڈسٹریل اسٹیٹ ھوتی ھے - اس لئے وھاں پر صرف ایک ھی انڈسٹری نہیں ھوتی - جبکہ وھاں مختلف انڈسٹریز ھوتی ھیں اور جو کوئی بھی وھاں پر کوئی انڈسٹری قائم کرنا چاھے - قائم کر سکتا ھے -

اتالیق جعفر علی شاہ - کیا میں یہ پوچھ سکتا ھوں - کہ small industries estate کہیں قبائلی علاقے میں بھی قائم کی گئی ھے - یا نہیں -

وزیر قانون - اس کا جواب میں فوری طور پر تو عرض نہیں کر سکتا ھوں - لیکن جواب میں میں نے ان جگھوں کا نام عرض کیا ھے - یعنی پشاور ، سیالکوٹ ، گوجرانوالہ ، گجرات ، لاھور ، بہاولپور ، سکھر ، لاڑکانہ اور کوئٹہ - تو اگر ان میں کوئی قبائلی علاقہ ھو - تو آپ اسے خود سمجھ سکتے ھیں -

رائے منصب علی خان کھرل - جناب والا - وہ تمام سہولتیں اور آسانیاں جن کا ذکر وزیر قانون صاحب نے ابھی ابھی ھمارے

سامنے سوال کے جواب میں کیا ہے ۔ تو اگر میں انکی خدمت مین عرض کروں کہ اگر یہ تمام سہولتیں اور آسانیاں ضلع شیخوپورہ میں میسر ہوں ۔ لیکن اس کے باوجود وہاں پر انڈسٹریل اسٹیٹ قائم نہیں کی گئی ۔ تو اس کی کیا وجہ ہے ۔

وزیر قانون ۔ میں معزز ممبر کو یقین دلاتا ہوں ۔ کہ ضلع شیخوپورہ پر خاص توجہ دیکر ہم یہ examine کریں گے ۔ کہ کہاں پر feasible ہو گا ۔ کہ ہم انڈسٹریل اسٹیٹ قائم کریں ۔

INSTALLATION OF A STEEL MILL NEAR KOT ADU

*1711. **Sheikh Fazal Hussain** : Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that there was a scheme for the installation of a Steel Mill at a place near Kot Adu in District Muzaffargarh;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether the said Mill has been installed, if not, reasons thereof?

Parliamentary Secretary (Khan Mukarram Khan): (*a*) Yes.

(*b*) The idea of locating the mill at Kot Adu was given up because the course of Sui Gas Pipeline was changed, on expert advice, from Kot Adu to Guddu Barrage, Multan.

مسٹر حمزہ ۔ کوٹ ادو میں ایک سٹیل مل لگانے کا جب فیصلہ کیا گیا تھا ۔ تو کیا اس کے لئے ماہرین سے رائے حاصل نہیں کی تھی ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری - میرے خیال میں ایک منصوبہ کی تجویز کے بعد اگر ماہرین کوئی رائے قائم کریں یا کوئی نقص پیدا ہو جائے تو اس کو ٹھیک کیا جا سکتا ہے -

مسٹر سپیکر - وہ یہ دریافت فرماتے ہیں کہ آیا پہلے رائے لے لی گئی تھی ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - ضرور لے لی گئی ہو گی -

رانا پھول محمد خان - کیا وزیر متعلقہ ارشاد فرمائیں گے کہ آیا یہ case ماہرین کو بھیجا گیا تھا اور ان کی رائے طلب کی گئی تھی اب محکمہ کے پاس وہ case کب تک واپس آنے کی امید ہے -

پارلیمنٹری سیکرٹری - اس کے لئے علیحدہ نوٹس دیں - کوائف معلوم کرکے ہم بتا دیں گے -

وزیر قانون و اطلاعات (مسٹر غلام نبی محمد وریال میمن) - حقیقت یہ ہے کہ سٹیل مل لگانا ماہرین کی رائے کے بغیر نہیں ہو سکتا - لیکن ہم نے یہ دیکھنا ہے کہ جب اس کا فیصلہ کیا گیا تھا کہ کوٹ ادو کے پاس سٹیل مل لگائی جائے اس وقت وہاں سے سوئی گیس کی لائین گزرتی تھی - اس کو check up کرنا ہے اور پھر ہم کوئی انفارمیشن دے سکتے ہیں علاوہ ازیں National اور International importance کو بھی دیکھنا ہوتا ہے اگر آپ کو یہ انفارمیشن بہت ضروری چاہئے تو پھر ہم دے دیں گے -

I will take it up and find out what was done in this matter whether expert advice was taken or not and then give details to this House.

مسٹر حمزہ - جناب والا - کیا آپ وزیر صاحب کو یہ ہدایات دیں گے کہ اس کا جواب اگلی باری پر دے دیں -

وزیر قانون و اطلاعات - میں نے پہلے ہی عرض کر دیا ہے -

Mr. Speaker : The question may be replied on the next turn.

BAN ON ESTABLISHMENT OF INDUSTRIAL UNDERTAKINGS OR EXPANSION OF EXISTING INUSTRIAL UNITS WITHIN LAHORE AND KASUR TEHSILS

***1723. Chaudhri Idd Muhammad .** Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce be pleased to state whether it is a fact that a ban has been imposed on the establishment of any Industrial Undertaking or expansion of existing Industrial Units within Lahore and Kasur Tehsils and half a mile on either side of the main road from Montgomery to Peshawar; if so, reasons therefor?

Parliamentary Secretary (Khan Mukarram Khan) : Under the provision of the West Pakistan Industries (Control on Establishment and Enlargement) Ordinance, 1963, the Provincial Government is authorised to impose ban in certain areas for reasons of public interest. However, exemptions are granted in suitable cases.

رانا پھول محمد خان - کیا پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب از راہ کرم فرمائیں گے - کہ وہ کون سے مخصوص مقامات ہیں جہاں پر یہ پابندی لگائی گئی ہے - قصور اور لاہور میں کون سے مقامات ہیں -

وزیر قانون و اطلاعات (مسٹر غلام نبی محمد وریاں میمن) - میں عرض کرتا ہوں کہ حکومت کو یہ اختیار ہے کہ وہ ban کر دے -

اور یہ بھی اختیار ہے کہ exemption دے دے ۔ آپ ذرا سوچیں کہ بارڈر کے متعلق یہ تجویز کیا گیا ہے ۔ ہم مناسب نہیں سمجھتے کہ industrial undertaking کی ایسی information یہاں ہم publicly دیں ۔ جہاں کوئی ہمیں نقصان ہو سکتا ہے ۔ یہ بارڈر ہے اور اس وجہ سے ban impose کیا گیا ہے ۔ آپ براہ کرم ہاؤس میں insist نہ کریں کہ تفصیلات بتائی جائیں ۔ اگر آپ کو اس میں کچھ دلچسپی ہے ۔ تو آپ میرے پاس آئیں میں آپ کو complete information دے دوں گا ۔ اگر آپ کو اس سے اتفاق ہے تو ہم آپ کے شکر گذار ہوں گے ۔ لیکن اگر نہیں ہے اور آپ سپیکر صاحب کو مجبور کریں گے تو ہم بالآخر دے دیں گے ۔ لیکن ہماری consideration یہ ہے کہ ہم ایسی باتیں public interest میں نہیں بتا سکتے ۔ اگر آپ اس کے باوجود سمجھتے ہیں کہ اس میں کوئی ہرج نہیں تو پھر ہم بتانے پر مجبور ہوں گے ۔

COMMITTEE FOR THE DEVELOPMENT OF NEWSPAPER INDUSTRY

*1735. **Chaudhri Idd Muhammad** : Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that a Committee for the development of newspaper industry in the Province was appointed by the Government sometime ago ; if so, the number of meetings held by the said Committee and the recommendations made by it ;

(*b*) whether the said recommendations have been implemented, if not, reasons therefor ?

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : (*a*) No.

(*b*) Does not arise.

چودھری عید محمد - اخبارات میں ایک خبر آئی تھی کہ ایک کمیٹی بنائی گئی ہے کیا یہ غلط ہے ؟

وزیر قانون و اطلاعات (مسٹر غلام نبی محمد وریال میمن) - غلط خبر تو اکثر شائع ہوجاتی ہے - ایک خبر شائع ہوئی تھی کہ فلاں جگہ آگ لگ گئی ہے اور ایک مکان جل گیا ہے - اس کے نیچے لکھا ہوا تھا کہ اوپر کی دی ہوئی خبر صحیح نہیں - دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ جب اخبار چھپ رہا تھا تو پرنٹر نے ایڈیٹر سے کہا کہ کچھ خالی ہے اس نے ہدایت کی کہ وہاں لکھ دو کہ فلاں جگہ آگ لگ گئی ہے اور مکان جل گیا ہے - پرنٹر پھر آیا اور کہا کہ ابھی کچھ حصہ اور باقی ہے - ایڈیٹر نے کہا کہ اس خبر کے نیچے لکھ دو کہ اوپر کی خبر غلط ہے - اسے contradict کر دو - اس لئے میں یہ عرض کروں گا کہ یہ ضروری نہیں کہ اخبار کی ہر خبر صحیح ہو -

مسٹر حمزہ - کیا وہ مجبوری کی حالت میں ایسا نہیں کرتے جب وہ صحیح خبر چھاپ نہ سکیں تو وہ جعلی خبریں شائع کر کے گذارہ کریں گے -

وزیر قانون و اطلاعات - ان پر کوئی مجبوری نہیں اگر کوئی خواہ مخواہ ایسے کرے گا تو یہ اس کے دماغ کی خرابی ہے -

رائے منصب علی خان کھرل - جناب سپیکر - کسی اخبار میں خبر کا غلط چھپ جانا کوئی بڑی بات نہیں - یہاں تو تصویر بھی غلط چھپ جاتی ہے -

چودھری محمد نواز - مشرقی پاکستان میں جو اخباری کاغذ بنتا ہے - اس کی قیمت بڑھ گئی ہے کیا مغربی پاکستان میں کاغذ سازی کو جلد از جلد develop کیا جائے گا ؟

وزیر قانون و اطلاعات - آپ کو غالباً معلوم نہیں کہ گورنر صاحب نے پہلے ہی واضح کر دیا ہے کہ مغربی پاکستان کے متعلق سوچا جا رہا ہے کہ یہاں Paper Industry قائم کی جائے -

---

PROSCRIPTION OF URDU NOVELS AND OTHER PUBLICATIONS DURING 1964

*1736. **Chaudhri Idd Muhammad** : Will the Minister of Information be pleased to state the names of Urdu Novels and other publications proscribed during the year 1964 ?

Minister of Information (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : The list of books proscribed during 1964 is placed on the Table on the House. *

چودھری محمد ادریس - وہ کون سی کتابیں ہیں جو حکومت نے proscribe کی ہیں اور جو کتابیں proscribe کی ہیں کیا ان کے Authors کے خلاف criminal action نہیں لیا جا سکتا -

وزیر قانون - میں پوری انفارمیشن collect کر کے تفصیل وار جواب دے سکتا ہوں لیکن میں یہ عرض کروں گا کہ بعض ایسی کتابیں ہوتی ہیں جن پر مصنف کا نام نہیں ہوتا یا مصنف باہر کا ہوتا

*Please see Appendix I at the end.

ہے اور ہم اس کے خلاف aciion نہیں لے سکتے ۔ بعض اوقات Author نام fictitious ہوتا ہے یعنی فرضی ہوتا ہے اور اصل نام کا پتہ لگانا مشکل ہوتا ہے اس لئے ہم تفصیل نہیں دے سکتے ۔ اگر آپ چاہتے ہیں تو آپ نیا سوال دے دیں میں جواب سپلائی کر دوں گا ۔

SETTING UP OF RESEARCH LABORATORIES IN TEXTILE MILLS AND VEGETABLE GHEE MILLS

*1766. **Nawabzada Ghulam Qasim Khan Khakwani**: Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that the owners of the Textile Mills and the Vegetable Ghee Mills in the Province are required to set up Research Laboratories in their respective mills;

(*b*) whether it is a fact that most of the said Mills are being run without the said laboratories, if so, the steps Government intend to take in this behalf?

Parliamentary Secretary (Khan Mukarram Khan): (*a*) No.

(*b*) Yes, but almost a.l of them have testing laboratories.

رانا پھول محمد خان ۔ کیا وزیر متعلقہ ارشاد فرمائیں گے کہ آیا ان کی معلومات کے مطابق mills میں Research Laboratories نہیں ؟ اگر نہیں تو کہاں کہاں نہیں اور اس کی کیا وجوہات ہیں ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ یہ ضروری نہیں کہ ہر مل میں کوئی Research Laboratory ہو ۔ اس کے علاوہ اگر آپ کوئی اور انفارمیشن حاصل کرنا چاہتے ہیں تو نیا سوال پیش کریں ۔ میں جواب دے دوں گا ۔

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی محمد وریال میمن) - جناب ویسے میں عرض کروں گا کہ factories میں Research Laboratories قائم کی جا رہی ہیں -

---

SETTING UP OF A MACHINE TOOL FACTORY IN LANDHI, KARACHI

*1767. **Nawabzada Ghulam Qasim Khan Khakwani**: Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce be pleased to state:—

(*a*) whether it is fact that a Machine Tool Factory is being set up by West Pakistan Industrial Development Corporation in Landhi, Karachi;

(*b*) whether it is a fact that a Training Institute will also be attached to the said factory;

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, (*i*) the estimated cost of the said factory, (*ii*) the likely date by which the said factory will go into trial production, (*iii*) the kind of tools and other machinery to be manufactured by the said factory, (*iv*) the estimated number of skilled and un-skilled labourers separately to be employed in the said factory, (*v*) the estimated cost of the said Institute and the approximate date by which it will start functioning, (*vi*) the number of skilled workmen to be produced annually by the said Institute, and (*vii*) whether Government have any scheme to set up similar factories and Training Institutes in other parts of the Province; if so, the areas where the said factories and the said institutes will be established?

Parliamentary Secretary (Khan Mukarram Khan): Material for reply to the question is being collected from the quarter concerned and will be supplied on the next turn.

SETTING UP OF A STEEL MILLS IN THE PROVINCE

*1776. **Mr. Nazeer Ahmad**: Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce be pleased to state whether it is a fact that there has been a persistent public demand for setting up of Steel Mills in the Province; if so, the steps taken to meet the said demand and the time by which the first steel mill be set up?

پارلیمنٹری سیکریٹری (خان مکرم خان) ۔ جناب اسکا جواب نہیں آیا ہے اس کا جواب next turn پر دیا جائیگا ۔

Mr. Speaker: This question will be repeated on the next turn.

Parliamentary Secretary: Yes Sir.

SETTING UP OF A STEEL MILL IN KALA BAGH

*1782. **Mr. Nazeer Ahmad**: Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that iron ore deposits are available in abundance in Kala Bagh area;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether Government have explored the possibilities of setting up a steel mill in Kala Bagh; if so, the result thereof;

(*c*) whether there is any scheme for setting up of a Steel Mill in Kala Bagh; if so, the time by which the said Mill will be set up and the proposed production capacity of the said Mill?

Parliamentary Secretary (Khan Mukarram Khan): (*a*) Yes.

(*b*) Yes. A firm of foreign consultants has carried out feasibility study for setting up of an integrated Iron and Steel Works based on these ores.

(c) The scheme based on these findings for setting up a mill with a steel making capacity of 500,000 tons per annum, near Kala Bagh is under study of the West Pakistan Government. If found feasible, it would take about 5 years to complete and to go into production.

مسٹر نثار محمد خان - یہ مل کہاں لگائی جائیگی ؟

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی بھ وریال میمن) - کراچی کے لئے تو میں نے ذکر کیا ہے کہ وہاں کے لئے طے ہوا ہے اور اس کی جو وجوہات ہیں وہ بھی میں نے عرض کر دی ہیں - اس سلسلے میں financing authorities سے negotiations چل رہی ہیں جب finances دستیاب ہو جائیں گے تو ہم اس کام کو کرلیں گے لیکن وہ کون سی financing اتھارٹی ہے اس کے لئے میں پھر عرض کرونگا کہ میں بتانے سے قاصر ہوں

آنکھ جو کچھ دیکھتی ہے لب پہ آ سکتا نہیں

مسٹر حمزہ - میں جناب وزیر قانون و امور پارلیمانی سے یہ دریافت کرونگا کہ کیا ان کو اس چیز کا احساس نہیں کہ قومی اہمیت کے اتنے اہم مسئلہ کو اتنا لمبا عرصہ گذر جانے کے بعد بھی حل نہ کرنے کی وجہ سے لوگوں کے دلوں میں اب شکوک پیدا ہو رہے ہیں اور آپ نے اب تک ان شکوک کو رفع کرنے کے اب تک کوئی اقدامات نہیں کئے ؟

وزیر قانون - جناب ہم آپ کو یقین دلاتے ہیں کہ ہم سب اسکی importance محسوس کرتے ہیں لیکن یہ صرف آپ کے دماغ کا شک ہے

جس کا علاج حکیم لقمان کے پاس بھی نہ تھا ۔ ہماری نظر میں اس کی importance ہے اور ہم ہر ممکن اور ہر جگہ کوشش کر رہے ہیں کہ ایک سٹیل مل بن جائے ۔

مسٹر محمد اسلم خان خٹک ۔ جناب کیا یہ رولنگ مل ہے یا سٹیل مل ہے ؟

وزیر قانون ۔ یہ سٹیل مل ہے ۔

مسٹر محمد اسلم خان خٹک ۔ کیا کراچی اس کے لئے چنا گیا ہے ؟

وزیر قانون ۔ جی ہاں اس کو چنا گیا تھا اور negotiations چل رہی ہیں ۔ ہم نے عرض کیا ہے کہ کوشش ہو رہی ہے کہ سٹیل مل لگ جائے ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا وجہ ہے کہ ملک میں بہت سی غیر ضروری چیزوں کی درآمد ہو رہی ہے اور سٹیل مل جسکی ضرورت ملکی سالمیت کے لئے انتہائی ضروری ہے اس کے لئے آپ کو سرمایہ نہیں فراہم ہو رہا ہے ؟

وزیر قانون ۔ کوئی بھی ایسی چیز نہیں ہے جس کی ضرورت نہ ہو اور اسے unimportant کہا جاتا ہو ۔ ہر وہ چیز جو important ہے اس کی ضرورت ہے اور ہمیشہ ضرورت رہے گی اور ضروری ہے ۔ لیکن جہاں تک اس کا تعلق ہے یہ آسان بات نہیں ہے ۔ اس کے لئے سرمایہ

کی ضرورت ہے اور اس کے لئے میں عرض کر چکا ہوں کہ کوشش ہو رہی ہے اور اس میں انشاءاللہ ہم کامیاب ہو جائیں گے ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا لمبی کاریں اور شراب کی درآمد سٹیل مل کے مقابلے میں زیادہ ضروری ہے ؟

وزیر قانون ۔ ہاں غیر مسلموں کے لئے زیادہ ضروری ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ لمبی کاروں کے بارے میں بھی بتائیے ؟

مسٹر محمد اسلم خان خٹک ۔ وہ آپ کو پتہ ہے ۔

SMALL AND HEAVY INDUSTRIES IN THE WAR AFFECTED AREAS

*1820. **Mian Muhammad Shafi:** Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce be pleased to state:—

(*a*) the total number and estimated cost of small and heavy industries in the war-affected areas of Lahore and Sialkot districts damaged during the recent armed conflict between India and Pakistan;

(*b*) the steps Government intend to take to re-establish the industries mentioned in (*a*) above?

Parliamentary Secretary (Khan Mukarram Khan): (*a*) Information cannot be disclosed in public interest.

(*b*) Government are providing funds for the rehabilitation of cottage and small industries in the war affected areas. All units have resumed partial/full production.

چودھری محمد نواز ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب پارلیمنٹری

سیکریٹری صاحب کی بجائے اگر میمن صاحب ہی سوالات کے جواب دیں تو بہتر ہے کیونکہ خانصاحب جو کچھ پڑھتے ہیں ممبران کی سمجھ میں نہیں آتا ہے ۔ اس طرح وقت بھی بچ جائیگا ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ حال ہی میں گورنمنٹ نے retirement rules کا اعلان کیا ہے کیا وہ پارلیمانی سیکریٹری صاحبان پر بھی لاگو ہوں گے ۔

Mr. Speaker : The member may give fresh notice for that.

رانا پھول محمد خان ۔ جناب سپیکر ۔ جواب کے آخری الفاظ سمجھ میں نہیں آئے ۔

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی محمد وریال میمن) ۔ جناب والا ۔ جہاں تک میرا تعلق ہے مجھے اعتراف ہے کہ میں اردو صحیح نہیں بول سکتا میرا تلفظ ٹھیک نہیں ہے اس کے لئے میں معذرت کرتا رہتا ہوں ۔ خانصاحب چونکہ پٹھان ہیں ان کا تلفظ بھی ٹھیک نہیں ہے لہذا جیسی اردو یا انگریزی ہم جانتے ہیں ہم بولتے ہیں اگر آپ یہ insist کرتے ہیں کہ میں ہی جواب دوں تو انشاء اللہ میں جواب دوں گا ۔

چودھری محمد نواز ۔ اگر خانصاحب اپنے دانت ٹھیک کروا لیں تو سب کام ٹھیک ہو جائے (قہقہہ) ۔

Mr. Speaker : Order, order.

میاں محمد شفیع - جناب پارلیمنٹری سکریٹری صاحب نے فرمایا ہے کہ یہ انفارمیشن دینا مفاد عامہ کے خلاف ہے لیکن (ب) میں انہوں نے فرمایا ہے کہ لاہور اور سیالکوٹ کی سرحدات کے مقامات پر جو factories تباہ ہوئی ہیں ان کو وہ رقوم provide کریں گے تو میں عرض کرتا ہوں کہ وہ ان کو رقوم کبتک provide کریں گے تا کہ وہ کارخانے اور صنعتیں چل جائیں ۔

وزیر قانون - جناب - میں نے عرض کیا ہے کہ actually وہ partially یا full production میں واپس آ گئی ہیں اس کے معنی یہ ہیں کہ ان کو فنڈز provide کئے گئے ہیں جہاں تک انڈسٹریز ڈیپارٹمنٹ کا تعلق ہے اور rehabilitation کا تعلق ہے خصوصاً اس علاقہ میں جو سیالکوٹ اور سرحد پر واقع ہے آپ کو علم ہے کہ صرف انڈسٹریز ڈیپارٹمنٹ ہی نہیں بلکہ ریونیو ڈیپارٹمنٹ سے بھی ہر ممکن امداد دی جا رہی ہے اور انشاء اللہ دیجائے گی لیکن اگر کسی کو کسی وجہ سے امداد نہ ملے تو وہ براہ کرم ہمارے منسٹر صاحب ریونیو کو بتائیں جو Rehabilitation اور Settlement کے انچارج ہیں ۔ آپ اطمینان رکھیں ہم پہلی فرصت میں دیکھیں گے کہ آپ کی ضرورت پوری ہو جائے ۔

چودھری محمد سرور خان - کیا حکومت ان چھوٹی دستکاریوں کو جو لاہور کے بارڈر پر ہیں کسی دوسری جگہ منتقل کرنے کا ارادہ رکھتی ہے ۔

وزیر قانون - جناب - ہم نے عرض کیا ہے کہ یہ نہ پوچھیں - کیونکہ یہ انفارمیشن دشمن کے ہاتھ میں پہونچ جائیگی اور وہ سمجھ لے گا کہ جو انہوں نے ہمارے خلاف کارروائی کی تھی اس کے نتیجے میں یہ ہوا ہے اور ہم یہ کر رہے ہیں اور یہ نہیں کر رہے ہیں -

چودھری محمد نواز- کیا وزیر موصوف یہ فرمائیں گے کہ لاہور میں انڈسٹریز کا extension ہو رہا ہے یا نہیں ہو رہا ہے ؟

Mr. Speaker : This question is not allowed.

ESTABLISHMENT OF PAPER MILL IN HAZARA DISTRICT

*1836. **Khan Malang Khan :** Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce be pleased to state :—

(*a*) the number of factories proposed to be established in District Hazara during the Third Five-Year Plan along with the nature of the said factories ;

(*b*) whether any of the factories mentioned in (*a*) above is to be established at any place in Tehsil Mansehra and Added Area of Hazara District ; if so, whether the said factories will be established by the exi ting industrialists or other parties will also be allowed to establish any of them ;

(*c*) whether Government are aware of the fact that a large quantity of wood, which cannot be used as timber but can be used for paper making, goes waste in Hazara District due to the absence of a Paper Mill in the said area ; if so, whether there is any scheme for the establishment of Paper Mill there ?

Parliamentary Secretary (Khan Mukarram Khan) : (*a*) The number and nature of the factories to be established in a certain area is not a pre-determined factor in the Third Five-Year Plan. However, it will depend on the availability of entreprenuerial ability in the Hazara District and the choice of entreprenuers to locate factories in this District.

(*b*) In view of the position explained against (*a*) above, the question of establishing any industry in Tehsil Mansehra depends on the entreprenuerial ability. As regards permission, both the existing and the new parties are eligible to set up industrial units at suitable locations.

(*c*) Government are aware of this potentiality and would consider favourably any scheme for the manufacture of paper or board based on this material, when received.

خان ملنگ خان ۔ اگر حکومت کو درخواست دے دی جائے ۔ کاغذ کے کارخانے کے لئے تو کیا حکومت اس کے لگانے کی اجازت دے دیگی ؟

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی محمد وریال میمن) ۔ جہاں تک درخواست دینے کا تعلق ہے اس کی کوئی ممانعت نہیں ہے آپ بیشک درخواست دے دیں اور یہ لکھیں کہ ہمیں پیپر مل کی ضرورت ہے اور یہ ہم چاہتے ہیں کہ لگ جائے ۔ اگر کوئی ایسی پارٹی درخواست کے ساتھ آ سکتی ہے جس کے پاس سرمایہ ہے اور ہم سمجھتے ہیں کہ وہ sound party ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ کوئی وجہ نہیں کہ ہم اس کی درخواست پر غور نہ کریں ۔ بہر صورت اس وقت کہنا کہ ہاں یقیناً ان کو دے دی جائے گی اور اسی جگہ پر دے جائے گا جہاں کہ وہ چاہتے ہیں تو یہ ذرا مشکل ہے لیکن ہم ہر ممکن کوشش کریں گے کہ یہ سہولت انہیں دی جائے ۔

رانا پھول محمد خان ۔ کیا پارلیمانی سیکریٹری صاحب از راہ کرم فرمائیں گے کہ تیسرے پنج سالہ منصوبہ کی میعاد کس سال ختم ہو گی ۔

مسٹر محمد اسلم خان خٹک ۔ جناب والا ۔ وزیر صاحب کے سوال سے یہ بو آ رہی تھی ۔ کہ کسی انڈسٹری کا لگانا وہاں کی موزونیت پر مبنی ہو گا ۔ ہمیں اطمینان ہے کہ پسماندہ علاقوں کی طرف توجہ دی جائے گی ۔ پسماندہ علاقے ایسے ہیں جہاں کہ لوگوں میں کوئی اہلیت نہیں ۔ قابلیت نہیں ۔ سرمایہ نہیں ہے ۔ میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ پسماندہ علاقوں کے لئے حکومت کیا اقدامات کریگی مثلاً ہزارہ ہے ۔ کوہاٹ ہے ۔ ڈی آئی خان ہے ۔ لکی مروت ہے ۔ وغیرہ وغیرہ ۔ یہاں پر یہ جو آپ معیار مقرر فرمانا چاہتے ہیں تو میرا خیال ہے کہ اس معیار کے پیش نظر ۔ پسماندہ علاقوں میں ڈیویلپمنٹ کا کام مشکل ہو جائے گا ۔

وزیر قانون ۔ میں خٹک صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا کہ جہاں تک پسماندہ علاقے کا تعلق ہے اور جیسا کہ آپ نے فرمایا کہ وہاں سرمایہ کم ہے ۔ تعلیم کم ہے اگر میں صحیح سمجھا ہوں ۔ تو میں معزز ممبر کو صرف اتنا ہی کہنا مناسب سمجھتا ہوں کہ آپ کو یاد ہو گا کہ گورنر صاحب وقتاً فوقتاً اس بات کو سوچتے رہے ہیں کہ یہ جو بھی پسماندہ علاقے ہیں ۔ چاہے وہ مشرقی پاکستان میں ہوں ۔ چاہے مغربی پاکستان میں ۔ ان کی طرف زیادہ سے زیادہ توجہ دی جائے اور اس سلسلہ میں مناسب انتظام کیا جائے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ حکومت کا اولین

اور اخلاقی فرض ہے اور گورنر صاحب نے جو بھی فرمایا ان کی لفظ بہ لفظ صحیح معنوں میں تعمیل کی جائے گی ۔

WASTAGE OF WOOL IN DISTRICT HAZARA

*1837. **Khan Malang Khan** : Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that more sheep are bred in Hazara district than in other district of West Pakistan but no Woollen Mill exists in the said district for making use of the wool available in the said district ;

(*b*) whether it is a fact that wool mentioned in (*a*) above is locally used for weaving blankets, but the unconsumed wool goes waste ;

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, whether Government intend to establish a Woollen Mill at Battagram or Mansehra in Hazara district ?

Parliamentary Secretary (Khan Mukarram Khan) : It is not a fact. If any scheme is submitted to Government it will be considered on the basis of technical soundness and other related criteria.

(*b*) Yes, but the surplus wool is not wasted, as the wool industry in other places is capable of utilising the entire wool available in Hazara District. There is also great demand for raw wool in foreign countries.

(*c*) There is no scheme for establishing a woollen mill in the public sector in the Hazara District.

خان ملنگ خان ۔ کیا یہ درست نہیں ہے کہ ہم بیرونی ملکوں سے اونی کپڑا اور اون منگواتے ہیں تو کیا یہ ممکن نہ ہو گا کہ ہم اپنا اون کا کارخانہ لگا کر اس سے فارن ایکسچینج کمائیں ۔

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی محمد وریاں میمن) - جہاں تک اس چیز کا تعلق ہے میں نے عرض کیا ہے کہ 'آجو باجو' میں (یعنی ادھر ادھر) اور بھی ملیں ہیں جنہیں کام میں لایا جا سکتا ہے آپ اپنا خام مال انہیں دیدیں اور اگر خام مال سے آپ فارن ایکسچینج کمانا چاہتے ہیں تو اس کی مانگ بیرونی ممالک میں ہے آپ وہاں دے سکتے ہیں اور فارن ایکسچینج آپ کما سکتے ہیں -

---

COMPREHENSIVE SCHEME FOR DEVELOPMENT OF COTTAGE INDUSTRIES

*1846. **Sardar Muhammad Ishaq Khan**: Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Government Experts, working with the West Pakistan Small Industries Corporation, under the I. D. A. Credit Scheme, have been asked by the said Corporation to prepare a comprehensive scheme for the development of cottage industries in the Province especially in rural areas;

(*b*) If answer to (*a*) above be in the affirmative whether the said scheme has been prepared; if so, (*i*) the details of the said scheme, (*ii*) the date by which the said scheme is likely to be implemented?

Parliamentary Secretary (Khan Mukarram Khan): (*a*) No.

(*b*) Question does not arise.

INDUSTRIAL DEVELOPMENT IN THE PROVINCE

*1850. **Sardar Muhammad Ishaq Khan**: Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the Members of the World Bank

Mission during their visit to Lahore on February 26, 1966, called on the Secretary for Industries and discussed with him some problems relating to industrial development in the Province;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, (*i*) the problems discussed, and (*ii*) the decisions taken, if any, as a result of the said discussion?

Parliamentary Secretary (Khan Mukarram Khan): (*a*) Yes.

(*b*) The Industries Mission of the World Bank called on the Secretary of Industries, West Pakistan, on 25-2-66 and 26-2-66. As this Mission was on a tour of Pakistan relating to the review and assessment of industrial development since their last visit in 1964, the matters discussed with the Mission, therefore, revolved round this review and assessment. The discussions included the present industrial potential, fuller utilization of installed capacity, availabilities of imported raw materials, implementation of Industrial Investment Schedule and relative importance of the various sectors of the industrial programme. In addition to these discussions the Members were supplied with factual data and also apprised of the problems on each issue. As the object of their visit was only to review the progress of the industrial sector for the year 1965, the question of taking decisions did not arise.

رانا پھول محمد خان - کیا پارلیمانی سیکریٹری صاحب یہ فرمائیں گے کہ آپ کی بات چیت کے دوران کوئی منصوبہ ایسا بھی تھا جس پر گفتگو ہوئی ہو اور انہوں نے ناپسند کیا ہو اور ایسا کون سا منصوبہ تھا جس کو انہوں نے ناپسند کیا ہو ۔

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی محمد وریال میمن) - جواب میں سب کچھ لکھا ہوا ہے اور اس میں کسی بات کے سمجھنے کی گنجائش نہیں کہ کوئی ایسی سکیم ہے جو نامنظور ہوئی ہو - ہر چیز تفصیل وار

آپکے سامنے رکھی ہوئی ہے ۔ اور آخر میں جو دو لائینیں ہیں ان میں ہم نے کہہ دیا ہے ۔

As the object of their visit was only to review the progress of the industrial sector for the year 1965 the question of taking decisions did not arise.

Mr. Speaker : The Question Hour is over.

خان محمد یوسف خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب والا ۔ میری گذارش ہے کہ بسا اوقات یہ اعتراض کیا جاتا ہے کہ سوالات کے جوابات بر وقت نہیں آتے ۔ ہمیں ۱۵ منٹ اور ضرور دیدئیے جائیں تا کہ ہمارے سوالوں کے جوابات آ جائیں ۔ ویسے یہ ہمیں معلوم ہے کہ سوالات کے لئے ایک گھنٹہ مقرر ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ جو پوائنٹ آف آرڈر اٹھایا گیا ہے اگر اس پر توجہ دیجائے تو پھر یہ نکتہ اٹھایا جائے گا کہ پوائنٹ آف آرڈر جو اٹھایا گیا ہے اس کا وقت بھی منہا کیا جائے ۔

That time was consumed while raising points of order regarding questions.

خان اجون خان جدون ۔ جناب سوال نمبر ۲۳۹۹ کا جواب میری Table پر نہیں آیا ۔

Mr. Speaker : It will be included in the next turn.

ANSWERS TO STARRED QUESTIONS LAID ON THE TABLE

SETTING UP OF A SUGAR MILL IN SIALKOT DISTRICT

***1908. Chaudhri Muhammad Sarwar Khan:** Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that sanction was accorded for the setting up of a Sugar Mill in Sialkot district sometimes ago ;

(*b*) whether it is a fact that the said Sugar Mill is now proposed to be set up in some other district ;

(*c*) whether it is a fact that the inhabitants of the rural areas of Sialkot district are generally very poor and sanction for setting up a Sugar Mill there was accorded only to raise the economic condition of its inhabitants ;

(*d*) whether it is a fact that the economical problems of the inhabitants of the said district have increased since the recent Indo-Pakistan armed conflict ;

(*e*) if answers to (*a*) to (*a*) above be in the affirmative, whether Government intend to adhere to the original scheme for the setting up of the said Sugar Mill in the said district ; if not, reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Khan Mukarram Khan) : (*a*) Yes.

(*b*) Yes.

(*c*) The inhabitants of the rural areas of Gujrat Distt: where the location of the mill has now been shifted are as poor as the inhabitants of the rural areas of the Sialkot Distt. The sanction for setting up of a sugar mill in the Sialkot Distt: was not solely given for uplifting the economic conditions of the inhabitants of the area. There are other factors for the location of such a big project, such as availability of raw material, water, power, means of communications and other facilities.

(*d*) It cannot be denied that problems of the inhabitants of the Sialkot have increased owing to dislocation of people especially in the war affected areas. Government are, however, doing their best to rehabilitate the victims and bring life to normal.

(*e*) On reconsideration, in the light of the recent happenings Government have agreed to the shifting of the project to Mandi Bahauddin, Distt: Gujrat.

PROSCRIPTION OF "LIFE" OF AMERICA, VOLUME 38 : NO. 7, DATED APRIL 19, 1965

***1991. Chaudhri Idd Muhammad :** Will the Minister of Information please refer to answer to my starred question No. 686 given on the floor of the House on 8th July, 1965 and state whether the monthly magazine LIFE of America, Volume 38, No. 7, dated April 19, 1965, has since been proscribed ?

وزیر اطلاعات (مسٹر غلام نبی مھد وریال میمن) ۔ امریکی رسالہ ماھنامہ ,,لائف،، ، جلد ۳۸ ، شمارہ نمبر ۷ ، مورخہ ۱۹ اپریل ۱۹۶۵ء کی ضبطی کیلئے مرکزی حکومت سے سفارش کی گئی تھی ۔ لیکن مرکزی حکومت نے مواد کے کافی پرانا ھونے کی بنا پر اس رسالہ کو ضبط کرنا مناسب خیال نہیں کیا ۔

PRINTING OF URDU VERSIONS OF PROVINCIAL LAWS, RULES AND BYE-LAWS

***2017. Mr. Nazeer Ahmed :** Will the Minister of Law and Parliamentary Affairs be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that some of the Provincial Laws, Rules and Bye-laws have been printed in Urdu ; if so, names and number thereof :

(*b*) whether it is a fact that Government have decided to print Urdu versions of all Provincial Laws, Rules and Bye-laws; if so, the date by which the said decision is likely to be implemented ?

وزیر قانون و پارلیمانی امور (مسٹر غلام نبی محمد وریال میمن) -

(الف) صوبائی حکومت نے چند نجی ناشران کو تقریباً ۵۳ صوبائی قوانین کو اردو زبان میں شائع کرنے کی اجازت دی ہے - بشرطیکہ وہ ترجمہ کی ہر شائع کردہ کتاب کے سرورق پر ''غیر سرکاری ترجمہ جو حکومت مغربی پاکستان کی اجازت سے شائع کیا گیا'' - کے الفاظ شائع کریں یہ قوانین مندرجہ ذیل ہیں :—

۱ - پیور فوڈ آرڈیننس مغربی پاکستان ۱۹۶۰ء

۲ - ٹریڈ ایمپلائیز ایکٹ پنجاب ۱۹۴۰ء

۳ - کنسالیڈیشن آف ہولڈنگز آرڈیننس مغربی پاکستان ۱۹۶۰ء

۴ - ٹینینسی ایکٹ پنجاب ۱۸۸۷ء

۵ - لینڈ ریونیو ایکٹ پنجاب ۱۸۸۷ء

۶ - وقف پراپرٹی آرڈیننس مغربی پاکستان ۱۹۵۹ء

۷ - الائینیشن آف لینڈ ایکٹ پنجاب ۱۹۰۰ء

۸ - جنرل کلاززز ایکٹ مغربی پاکستان ۱۹۵۶ء

۹ - اربن رینٹ ریسٹرکشن آرڈیننس مغربی پاکستان ۱۹۵۹ء

۱۰ - پنجاب لاز ایکٹ ۱۸۷۲ء

۱۱ - میونسپل ایکٹ پنجاب ۱۹۱۱ء

۱۲ - ایکسائیز ایکٹ پنجاب ۱۹۱۴ء

۱۳ - فشریز ایکٹ پنجاب ۱۹۱۴ء

۱۴ - عادی مجرموں کی پابندی کا ایکٹ پنجاب ۱۹۱۸ء

۱۵ - بااخلاق قیدیوں کی مشروط رہائی کا ایکٹ پنجاب ۱۹۲۶ء

۱۶ - ولیج پٹرول ایکٹ پنجاب ۱۹۱۸ء

۱۷ - انسداد بدکاری ایکٹ پنجاب ۱۹۳۵ء

۱۸ - ولیج پنچائیت ایکٹ پنجاب ۱۹۳۹ء

۱۹ - غیر شائستہ اشتہار بازی کا ایکٹ پنجاب ۱۹۴۱ء

۲۰ - مسلم خانقاہوں میں موسیقی کا ایکٹ پنجاب ۱۹۴۲ء

۲۱ - پنجاب ہائی ویز ایکٹ ۱۹۴۸ء

۲۲ - پنجاب پبلک سیفٹی ایکٹ ۱۹۴۹ء

۲۳ - تحفظ حقوق مزارعان ایکٹ پنجاب ۱۹۵۰ء

۲۴ - کنٹرول آف غنڈہ ایکٹ پنجاب ۱۹۵۱ء

۲۵ - پنجاب چلڈرن ایکٹ ۱۹۵۳ء

۲۶ - افیون نوشی کی ممانعت کا ایکٹ پنجاب ۱۹۵۳ء

۲۷ - نوعمر مجرموں کا ایکٹ پنجاب ۱۹۵۳ء

۲۸ - جنگلی جانوروں اور پرندوں کے تحفظ کا ایکٹ پنجاب ۱۹۵۵ء

۲۹ - کنٹرول آف غنڈہ آرڈیننس مغربی پاکستان ۱۹۵۹ء

۳۰ - موٹر گاڑیوں کے ٹیکس کا ایکٹ مغربی پاکستان ۱۹۵۸ء

۳۱ - تحفظ جنگلی جانوروں آرڈیننس مغربی پاکستان ۱۹۵۹ء

۳۲ - ھائی ویز آرڈیننس مغربی پاکستان ۱۹۵۹ء

۳۳ - افیون نوشی کی ممانعت کا آرڈیننس مغربی پاکستان ۱۹۶۰ء

۳۴ - شہری غیر منقولہ جائیداد کا ایکٹ مغربی پاکستان ۱۹۵۹ء

۳۵ - لازمی ملازمت ھائے (نگہداشت) ایکٹ مغربی پاکستان ۱۹۵۸ء

۳۶ - ناپ اور تول کا ایکٹ پنجاب ۱۹۴۱ء

۳۷ - پنجاب حق شفع ایکٹ ۱۹۱۳ء

۳۸ - پنجاب بورسٹل ایکٹ ۱۹۲۶ء

۳۹ - کنٹرول اشیاء خوردنی ایکٹ مغربی پاکستان ۱۹۵۸ء

۴۰ ۔ سنیماؤں میں تمباکو نوشی کی ممانعت کا آرڈیننس مغربی پاکستان ۱۹۶۰ء

Now, Sir, I come to fundamental right No. 15 which is equality of citizens. All citizens are equal before law and are entitled to equal protection of law. Here, Sir, I would like to explain all these facts that the citizens; whether a person is a plaintiff or defendent, complainant or accused, the Government is bound to look into the privileges and rights of all these parties concerned and they are to be treated as equal before law and the same protection is to be granted to both the classes. But Sir, by introduction of this new sub-clause, discrimination has been made between the Government servants and the general public. Now it will be a bit time consuming job. I would have to take 3/4 minutes before I come here on this point. Sir, originally in the Conciliation Courts it was provided in Section III of the Parent Ordinance of 1961:

> "Notwithstanding anything contained in the Code of Criminal Procedure, 1898 (Act IX of 1898) of the Code of Civil Procedure (Act V of 1908), the following cases relating to matter falling under Section B, Sub-section Part I of the Schedule or under Section B of Part II thereof, shall be excluded from the Conciliation."

Now Sir I do not want to waste the time of this worthy House. I come to sub-clause (*c*) of Sub-section II, Section 3 of the original Act which reads:

> "Cases by or against Central or Provincial Government or a public Corporation or public servant acting in discharge of his duties."

Now Sir, if you look into Section B of Part II of this schedule concerned, Section B relates to civil cases. Similarly, Sir, Section B of Part II also relates to civil cases. In this way, Sir, they were rendered from the provisions of this Code as far as civil cases were concerned. But they were not immune from these provisions as far as criminal cases were concerned. Now Sir, had there been such discrimination of a minor nature of some of the provisions of Pakistan Penal Code, I may have considered not to raise this point of order. But Sir, unfortunately if you come to this amendment, it is cases relating to matters falling under Section A of Part I and Section A of Part II of the Schedule against any Government servant. Sir, I am not concerned as far as Section A of Part II is concerned as the reason for this is those are just voluntary proceedings and can only be conducted if both the parties agree. But Sir, you may look into Section A of Part I which is criminal cases. Now what a great privilege has been given to the Government Servant. To this privileged class I would explain that they are rendered immune if they commit an act which is an offence under Section 143 and 147 of Pakistan Penal Code. For the guidance of this House, I would submit that if an offence is committed by a Government Servant under Section 323 which is probably causing a simple harm and in that case, it is committed in capacity of being a member of unlawful assembly, he is immune Sir, he cannot be tried. Similarly, there is a very long list of these Sections. He is again immune under Section 426 and Section 447. Here I would have to explain Sir, to emphasise my point of order, the grave consequences which are bound to arise if Government Servants are rendered immune from appearing before Conciliation Courts. As regards violations of all these Sections.....

Mr. Speaker: Yes, please....

Malik Muhammad Akhtar: Sir, I am coming to that ; 427 is criminal cresspass. I do not mean to say that he is immune but he will be tried by other court under ordinary law. But Sir, all these offences which I am referring to are such which can be committed by him in performance of

his official duties ; 447 is criminal tresspass. Then Sir, he is again immune under the same Schedule Item No. II which are sections 334, 339, 342, 352 358, 426, 447, 504, 508, 509, 510 of the Pakistan Penal Code.

Mr. Speaker : What the member intends to say is that there is a discrimination between the two sets of citizens and that is against the fundamental rights.

Malik Muhammad Akhtar : Yes Sir, I will just take 2 minutes. I want to emphasise that the House may agree to throw out this ordinance if I satisfy them that they are granting such privileges and unncessary privileges to a set of people who should not, and under no circumstances if dealt with severely, could have claimed that. Sir, for example ; I do not discuss all these sections. I only discuss a few of those sections.

Mr. Speaker : Is the Member is making a case for the Members of the House that they should throw out the ordinance, then it would not be a point of order.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, it is *ultra vires*.

Mr. Speaker : If the member wants me to hold that it is ultra vires then he can raise a point of order.

Malik Muhammad Akhtar : You may throw it out Sir, if I satisfy you. I realise your command. However, I will be brief on this point. I understand that I should be brief as far as possible.

Ms. Speaker : Is this still a point of order ?

Malik Muhammad Akhtar : Yes Sir, it is still a point of order.

Sir, a wonderful amendment has been made and that is that if a Government Servant cheats somebody, if he commits forgery he is immune. The Conciliation Courts cannot try him. I find no reason why a Government Servant should be considered to be immune from the provisions of the Conciliation Courts Ordinance. Why should'nt he be summoned and made to appear before the Conciliation Courts ? Of course, if they had provided a few sections, which were quite essential to safeguard him in the performance of his duties, I would not have objected to that.

Then, there is a very big omission which I would bring to your kind notice. If you refer to the Chapter on Exemption in the Pakistan Penal Code you will find that in all those sections it has been provided that only those acts which are committed in good faith or by mistake only then some privileges are granted and exemptions are made. These are arbitrary powers on the part of the Government. I would reproduce the latter part of the clause :

> " . . . . except where a certificate is granted by Government or an officer authorised by Government in that behalf to the effect that the Government Servant had not acted in the discharge of his official duties.".

Sir, they say that he acted in the discharge of his duties and where his intention was malicious and where he had some personal reasons then they make him immune by issuing a certificate.

Sir, I don't want to prolong this discussion. I would await your Ruling on the point that this is a discrimination which they cannot make as provided in the Article of the Constitution which I have placed before the House.

Minister of B. D and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Watoo) : I must congratulate the Member coming up again to his reputation of raising points of order before actually making a speech.

Sir, for all laws and enactments there are basic principles of interpretation and it is something so important that it has been adjudicated upon by the highest tribunals of judicature in our country.

True, all citizens are equal below—I agree—and are entitled to equal protection of law. If only one would read the provisions it makes clear that if something differentiates between one individual citizen and another individual citizen that will be hit by the mischief of these provisions. But if we talk of a class out of the citizens who have been authorised to perform certain acts which other citizens are not required to perform and then to legislate about this particular class of citizens out of those general citizens for that particular matter there is nothing which is hit by the provisions of this Article.

Mr. Speaker: Does the Minister mean to say that the law varies with the function of the functionaries as citizens ?

Minister of B. D. : There are certain laws applicable to all citizens. Then there are Government Servants who have to perform certain duties in addition to their position as ordinary citizens. There are Lawyers who have to perform duties in their profession in addition to the duties of ordinary citizens. My submission is that if a particular law differentiates between one citizen and another citizen then that will be hit by the provisions of this Article.

Mr. Speaker : Does he think that they are a privileged class ?

Minister of B. D. : No Sir. They are a class out of the citizens who have to perform certain duties as Government Servants in addition to the duties of an ordinary citizen.

Mr. Speaker : Every citizen has to perform certain duties in addition to his duties as a citizen.

Minister of B. D. : Well Sir, if that particular law differentiates between that particular class of people and if an individual is discriminated against then that particular law may be hit by this provision.

Mr. Speaker : Does the Minister imply that we have to differentiate between two sets of people ?

Minister of B. D. : Yes Sir, because two classes can be differentiated.

Mr. Speaker : What is meant by the phrase "all citizens are equal before law."

Minister of B. D. : That would be the case only when we are talking of law applicable to everybody. A law which applies to the Government Servants will not apply to an ordinary citizen who is not a Government Servant because as Government Servant that person has to perform certain additional duties which an ordinary citizen does not perform. For example, if we say that a particular law will apply to the press people shall we then presume that that law must apply to the ordinary citizen.

Mr. Speaker: In that case that particular law does not apply to the other citizens. That applies to that particular set of people.

Minister of B. D. : This exemption is not given to individuals. That is given to a particular class of people, *i.e.* to the Government Servants alone.

Mr. Speaker : Under the same circumstances ?

Minister of B. D. : Not under the same circumstances. But it is only given when he is performing official duties and I would read the relevant provision of the law :

> "(2-A) Cases relating to matters falling under Section A of Part I and Section A of Part II of the Schedule, against any Government Servant, shall be excluded from conciliation except where a certificate is granted by Government or an officer authorised by Government in that behalf to the effect that the Government Servant had not acted in the discharge of his official duties."

Now, Sir, if he had not acted in the discharge of his official duties and he is charged then there are ordinary Courts to try that particular individual. And again under the general law there is sanction to be given for the trial of that particular individual and that is because the ultimate aim of the law is to look after the public good and public welfare. If this much of protection is not given to this class of citizens then the result would be that the public administration can be adversely affected and public good can be adversely affected.

Mr. Speaker: Then he is protecting a Government Servant even though he had not acted in the discharge of his official duties.

Minister of B. D. If the Government comes to the conclusion that the officer concerned has not acted in his official capacity during the discharge of his official duties then he is not exempted.

Mr. Speaker: The certificate is to be granted by the Government. That is the distinction.

Minister of B. D.: That distinction is there but only to the extent to which he is required to discharge his official duties.

Mr. Speaker: He cannot be prosecuted without a certificate of the Government even if he has not acted in the discharge of his official duties.

Minister of B. D: This distinction is about the class of people who are Government Servants. Only then they will not be tried by this Conciliation Court but by an ordinary Court. If they are not they will be tried by this Court. Somebody has to determine whether they have acted in the discharge of their official duties or not.

And when the Government has given that certificate that he has not done it in the discharge of official duties, he is at par with ordinary citizens. This reasonable protection he is given because it is only about the discharge of those official duties.

So, Sir, taking into consideration the spirit of the Constitution and the interpretation of this by all our higher authorities in the field of law,

this particular provision is not hit by the provisions of Article 15, because it does not differentiate and discriminate between one individual citizen and the other individual citizen. It gives certain protection to a class of people who have to discharge official duties, and the protection is given only to that extent, and nothing beyond that.

So I will submit that the point of order be ruled out of order.

Mr. Speaker : I want to know one thing the Member from Lahore and that is that he has raised the point of order that all citizens are equal before law and are entitled to equal protection of law, and on the basis of this fundamental right he means to say that this piece of legislation is *ultra vires* of the fundamental rights. But in view of Article 30 of the Constitution, the fundamental rights have been suspended during emergency.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, undoubtedly if the House is assured by the worthy Law Minister that the Government would again bring an ordinance to repeal the present amending ordinance when such occasion arises, I consider that can rectify the defect.

Mr. Speaker : What I want to say is that during the emergency the Fundamental Rights are not justiciable even in the law courts, and they have been suspended by means of Article 30 (9).

Malik Muhammad Akhtar: You have, as a matter of fact Sir, helped me out of a difficulty. If I am permitted, for the benefit of my worthy colleagues of the House, I would read out sub-Article (9). It says—

> "While a Proclamation of Emergency is in force, the President may, by Order, declare that the right to move a High Court for the enforcement of such of the fundamental rights conferred by Chapter I of Part II of this Constitution as may be specified in the Order, and all proceedings pending in Courts for the enforcement of the rights so specified, ..."

Mr. Speaker : The Member may please read sub Article (9); he is reading (10).

Malik Muhammad Akhtar : I am reading sub-Article (9) Sir.

Mr. Speaker : But the member is sub-Article (10), sub-Article (9) says—

> "Nothing contained in paragraphs 5, 6, 7, 8, 9 and 13 of the fundamental rights conferred by Chapter I of Part II of this Constitution shall, while a Proclamation of Emergency is in force, restrict the power of the State as defined in Article 5 of this Constitution to make any law or to take any executive action which it would, but for the provisions contained in the said paragraphs, be competent to make or to take, but any law so made shall, to the extent of incompetency, cease to have effect, and shall be deemed to have been repealed, at the time when the proclamation is revoked."

Malik Muhammad Akhtar : Sir, you have been very kind to explain. Is that, Sir, sub-Article (9) of Article 30 ?

Mr. Speaker : Yes.

Malik Muhammad Akhtar : That amendmeat is not with me.

Mr. Speaker : I think, the book he is reading from is not up-to-date. He may be supplied an up-to-date manual.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I may be allowed some time to go through it.

Mr. Speaker : Yes please.

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak : Does it mean that it would be automatically removed when the emergency is over?

Mr. Speaker : If it is inconsistent with any fundamental right.

Malik Muhammad Akhtar : I would have to refer to the definition of the word 'State', if I am allowed some time, as to how the State has actually been defined.

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak : Is it the President alone who is competent to do this?

Mr. Speaker : The President and the State.

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak : The provision is—

"While a Proclamation of Emergency is in force, the President may, by an Order, declare....."

Mr. Speaker : In sub-Article (9), the word 'State' is used.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, the word 'State', as far as I see, has not been defined anywhere. Now what would be the definition of the word 'State' I don't know. You could guide me on that point Sir.

Mr. Mahmood Azam Farooqi : There is no quorum in the House Sir.

Mr. Speaker : Let there be a count (*count was taken*).

The House is not in quorum, let the bells be rung (*bells were rung*). The House is now in quorum.

Malik Muhammad Akhtar : The definition of 'State' has been discovered. It is in Article 5 of the Constitution and it includes the Provincial Government as well. Now Sir, if it is provided in the Ordinance that it will cease to have effect as soon as the emergency is over in the country, I consider, it would have been a better way of enforcing it. If the Law Minister assures that this piece of legislation, this bad law.....

Mr. Speaker : There is no question of an assurance. There is a legal provision in Article 30 that if it is in contravention of the Fundamental Rights it will go away automatically after the recession of the emergency.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, let us hear the Law Minister for a few minutes.

Mr. Speaker : Does the member think that the assurance of the Constitution is not as important as the assurance of the Law Minister?

Malik Muhammad Akhtar : I am sure it was not in his mind when he was framing the Constitution.

Minister of Law : I did not frame the Constitution.

Mr. Speaker : I think, it is better that the Member shou'd not press the point of order.

Malik Muhammad Akhtar : Alright, Sir. I have never disobeyed you.

Mr. Speaker : The point of order is ruled out.

Minister of Law : May I, for the benefit of the Member, request him kindly to look into the Fourth Schedule where he will find that this Conciliation Courts Ordinance is a protected law.

Malik Muhammad Akhtar : Once again the Law Minister is opening another aspect of the question.

Mr. Speaker : The Member has made that point quite clear.

ORDINANCES

THE CONCILIATION COURTS (WEST PAKISTAN AMENDMENT) ORDINANCE, 1966. (*contd*)

Mr. Speaker : Malik Akhtar may please proceed with his speech now.

ملک محمد اختر (لاهور-۲) - جناب سپیکر - جہاں تک Conciliation Courts کا تعلق ہے - ان کے بنیادی اصول کا تعلق ہے - میں یہ سمجھتا ہوں کہ مجھے اس معاملہ میں اختلاف نہیں ہے - ہیرلڈ لاسکی کا مقولہ ہے کہ کسی قوم کا قانون اس کے اخلاق کا آئینہدار ہوتا ہے - پاکستان ایک اسلامی ملک ہے اور بہتر ہوتا اگر اس میں اسلامی قوانین ہی رائج کئے جاتے -

وزیر بنیادی جمہوریت - کئے جا رہے ہیں -

ملک محمد اختر - لیکن ہماری حکومت نے رواج کو اسلامی قوانین پر ترجیح دی ہے - اور یہ در اصل پنچائیت کا سسٹم ہے - جب صوبہ سرحد کو annex کیا گیا تو وہاں یہ موجود تھا - لیکن جناب سپیکر - وہ کافی مختلف تھا - وہاں پر بزرگ elders بیٹھ کر ایک فیصلہ کرتے تھے اور وہ فیصلہ تقریباً ہر حالت میں متفق ہوتا تھا - اور اگر اس میں کوئی اختلاف رائے ہوتا تو تمام قبیلے والے لوگ بیٹھ کر رائے شماری کرتے چاہے قبائل کی چھوٹی سی آبادی تھی لیکن وہ فیصلہ ناطق ہوتا - جناب سپیکر - جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے - کہ اس حکومت نے رواج کو اسلامی قوانین پر ترجیح دی ہے - لیکن اسلامی نقطۂ نظر سے میں یہ سمجھتا ہوں کہ اسلام میں شرعی قوانین کا جو نفاذ ہو - قاضی اور مفتی ہی اس بات کے مجاز ہیں کہ وہ مسلمانوں کے دیوانی اور فوجداری مقدمات کا فیصلہ کریں لیکن یہ اچھا یا برا طریقہ جو بھی رائج کیا گیا ہے - اس سے جو مقاصد تھے وہ انتظامیہ حاصل نہیں کر سکی - مثلاً مقاصد جو ہیں ان کی بنیاد یہ تھی کہ میجسٹریٹوں اور سول ججوں کی عدالتیں دیہاتوں میں نہیں کھولی جا سکتیں - مجسٹریٹ اور سول جج صاحبان لوگوں کے دروازوں پر جا کر کسی طریق پر انصاف نہیں پہنچا سکتے - اس طریق پر انصاف نہیں پہنچایا جا سکتا - تو طریقہ یہ ٹھہرا کہ رواج کے مطابق ہم Conciliation Courts بنائیں - اور منتخب شدہ نمائندے ان میں بیٹھ کر اور لوگوں کے نمائندے وہاں بیٹھ کر فیصلہ کریں - اس کی support میں یہ دلیل دی گئی کہ مقامی جو لوگ ہوتے ہیں،

انہیں زیادہ واقفیت ہوتی ہے بہ نسبت مجسٹریٹوں اور سول ججوں کے ۔ اس کا دوسرا تاریک یا برا پہلو جو تھا وہ بھی میں سمجھتا ہوں کہ جب تک اس کا سد باب نہ کیا جائے یہ قانون بجائے فائدہ پہنچانے کے نقصان پہنچا رہا ہے ۔ مثلاً آپ نے چھوٹے units بنا دیئے ۔ چھوٹے یونٹوں کے انتخابات کیوقت محض آپ نے indirect طریقہ انتخاب کو رائج رکھنے کے لئے چھوٹے units جو بنائے ۔ قتل و غارت ہوئی ۔ یعنی وہ آپ قتل کے اعداد و شمار نکالیں ان مہینوں کے جب آپ کے یونٹ کے الیکشن ہوئے تھے تو وہ کافی زیادہ ہیں ۔ آپکی عام routine کے اعداد و شمار ہیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ قتل و غارت کے مقدمات Conciliation Courts میں پیش نہیں ہوتے ۔

ملک محمد اختر ۔ ان بنیادی جمہوریتوں نے ہی قتل کروائے اور آپ بھی قاتل ہیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ بنیادی جمہوریت کا جناب والا اس سے کوئی تعلق نہیں ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ ملک صاحب ۔ میاں صاحب کے متعلق آپ یہ نہ فرمائیں ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ پہلی عمر میں بھی وہ قاتل تھے اور آج بھی قاتل ہیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ میرا مقتول کون ہے جناب ۔

Mr. Speaker : Please explain the context of the word "*Qatil*"

وزیر بنیادی جمہوریت - جناب والا - معلوم ہوتا ہے کہ میرے قاتل صرف ایک ہیں -

ملک محمد اختر -

ہم آہ بھی کرتے ہیں تو ہو جاتے ہیں بدنام
وہ قتل بھی کرتے ہیں تو چرچا نہیں ہوتا

وزیر بنیادی جمہوریت - میرے مقتول میرے فاضل دوست خود نہیں مگر معلوم یوں ہوتا ہے کہ مقتول ان کی عقل ہے -

ملک محمد اختر - جناب والا - تو اب معاملہ یہ ٹھہرا کہ ہماری Fact Finding Committee اور جو لاء کمشن ہیں انہوں نے اچھی رپورٹیں کی ہیں ان پر جب عمل کیا جا رہا ہے - تو یہ دھڑے بندیاں یہ پارٹی بازی یہ سیاست اور یہ کم و بیش نصف درجن قسم کے انتخابات - یہ یونٹوں کے الیکشن یہ ڈویژنل کونسلوں اور ڈسٹرکٹ کونسلوں کے - - - - - -

وزیر بنیادی جمہوریت - Conciliation Courts سے ان انتخابات کا کوئی بھی تعلق نہیں اور قتل کے مقدمات کا بھی کوئی تعلق نہیں ہے - میرے فاضل دوست اگر ان مقدمات کو لیں جو Conciliation Court کے اختیار میں ہیں تو زیادہ بہتر ہوگا -

Mr. Speaker : The member may please be relevant.

مشکل تو یہ ہے کہ انہیں قاتل اور مقتول میں کوئی فرق نظر نہیں آ رہا -

ملک محمد اختر - جناب والا - میں عرض کر رہا تھا کہ بنیادی جمہورتیوں میں اتنی دھڑے بندی ہوتی ہے کہ مصالحتی عدالتوں میں جو تنازعات پیش ہوتے ہیں کسی دفعہ کے تحت خواہ ۳۴۳ ، ۳۴۲ یا کوئی اور ہو تو اس صورت میں کہ آپ کی جو یونین کونسل اور کمیٹی ہے وہ دھڑے میں بٹ چکی ہے - فیصلہ جات انصاف پر مبنی نہیں ہوتے بلکہ اپنے سیاسی نقطہ' نظر کے تحت مصالحتی عدالتیں فیصلے کرتی ہیں - آپ یہ کیجئے کہ بنیادی جمہورتیوں کے ممبروں کے ساتھ کچھ غیر ممبروں کا اضافہ کر دیجئے - جناب والا - میں جناب وزیر متعلقہ سے دست بستہ عرض کرونگا کہ وہ اس قسم کی اپیلوں کا نظام بہتر کریں جس سے ان کے فیصلہ‌جات زیادہ حقیقت پسندانہ ہو سکیں - اب ایک اور چیز جس کا تجربہ مجھے بطور چیئرمین ہوا ہے وہ یہ ہے کہ بعض دفعات ہیں کہ جنکی اگر گنتی کی جائے تو درجنوں بن جائینگی ان میں فوجداری دفعات جو ہیں وہ کئی ہیں - دفعہ ۳۲۳ میں' ۳۴۲ میں یا ۴۵۷ میں وغیرہ وغیرہ جو بھی دفعات ہیں آپ سمن جاری کرتے ہیں اور سمن کی تعمیل کے لئے یونین کمیٹی اور کونسل غالباً چپڑاسی بھیجتی ہے سروس کراتی ہے یا نہیں مجھے پتہ نہیں اکثر لوگ سمنوں کے جواب میں appear ہی نہیں ہوتے - مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ یہ non-compliance of summons اکثر ہوتی ہے - اس کے لئے میں نے اپنی یونین کمیٹی میں ایک طریقہ رائج کیا ہے - وہ یہ کہ کسی صورت میں یک طرفہ فیصلہ نہیں کرتا - اس کو اخبار میں advertise کرتا ہے تو اس طرح سے پندرہ یا بیس روپیہ جو عدالت میں ان معمولی مقدمات

کے اخراجات ہوتے تھے ۔ وہ انہیں advertisemeot کی صورت میں دینا پڑتے ہیں ۔ تو اس طرح سے جب تک آپ (میں خود بھی سمجھتا ہوں کہ conciliation میں پولیس کو نہیں لانا چاہئیے) کچھ اس قسم کی provision کا اضافہ نہیں کرتے جس سے summoning ہو سکے یا default کی صورت میں کافی سخت اقدامات اختیار کئے جا سکیں تو میں حقیقتاً کہتا ہوں کہ آپ کا قانون بالکل نافذالعمل نہیں یہ بے بس ہے اور اس قانون کا کوئی فائدہ نہیں ۔

جناب سپیکر ۔ اب مجھے اس چھوٹے سے قانون کے متعلق دوبارہ کچھ عرض کرنا ہے ۔ سیکشن ۲ پر کافی بحث ہو چکی ہے ۔ اب جو ترمیم ہے دفعہ ۱۵ کی جس کے لئے اس ترمیمی آرڈیننس کے صفحہ نمبر ۲ پر ایک چھوٹی سی کلاز لگائی گئی ہے ۔ اگر وزیرقانون صاحب اس پر غور فرمائیں تو اس میں ایک drafting کی غلطی ہے جس سے نہ تو ربط رہتا ہے اور نہ اس کے معنی صاف ہوتے ہیں ۔

"Save as otherwise expressly provided by or under this ordinance, the provisions of Evidence Act, 1872 (I of 1872) other than those contained in Section 123, 124 and 125 of the Code of Criminal Procedure 1898 . . ."

مطلب یہ ہے کہ آپ دراصل کہ رہے ہیں Code of Criminal Procedure نہیں apply کریگا ۔ لیکن یہ آپ کی drafting جو ہے مجھے تو کم از کم پندرہ منٹ کے بعد سمجھ میں آئی تھی کہ اس provision کا کیا مطلب ہے اور آگے آپ نے لکھا ہے Code of Civil Procedure (قطع کلامی) ۔

وٹو صاحب آپ جج ضرور ہو جائینگے مگر یہ قانون سازی آپ کے بس کا روگ نہیں ۔ جیسے اچھی اردو بولنا میرے بس کا روگ نہیں ایسے قانون سازی آپ کے بس کا روگ نہیں۔ آپ شاعر ضرور ہیں، ادیب ضرور ہیں۔ تو جناب میں عرض کر رہا تھا کہ اگر میرے فاضل دوست وزیرقانون صاحب لائن نمبر ۴ کے آخر میں آئیں تو جو "کاما ہے" ۱۲۵ کے بعد اس کے بعد of the کا الفاظ ہیں یہ رابطہ پیدا نہیں کرتے اس کے لئے میں گذارش کرتا ہوں کہ کیا ہی اچھا ہوتا ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ ملک صاحب آپ کا خیال ہے یہ سیکشن جو ہیں یہ Evidence Act کے بھی ہو سکتے ہیں اور Code of Criminal Pocedure کے بھی ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب ۔ یہ بالکل معمولی سی بات ہے جناب ۔ مشکل یہ ہے کہ ان کی کوشش ہوتی ہے کہ آخری ہفتہ میں بیس آرڈیننس دے دیئے جائیں تاکہ یہ چھوٹی سی ننھی منی آپوزیشن اس کو نہ study کر سکے ۔ نہ بات کر سکے ۔ میں آپ سے سچ کہتا ہوں کہ ہمیں گذشتہ دو ماہ سے کم و بیش آٹھ دس گھنٹے روز کام کرنا ہوتا ہے ۔ یہ تین لائینوں کا آرڈیننس ہوتا ہے مگر اس آرڈیننس کے سلسلے میں ہمیں تمام Parent Acts اور آرڈیننسوں کو دیکھنا ہوتا ہے اس کے بعد اپنی معلومات میں اضافہ کرنا ہوتا ہے ۔ میں کوئی بات دھرانے کے لئے نہیں کہتا نہ مجھے اس کی ضرورت ہے مجھے آٹھ گھنٹے روزانہ تین سٹینوگرافرز کے ساتھ بیٹھ کر کام کرنا پڑتا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ میاں صاحب آپ اسی سٹیج پر یہ explain کر دیں کہ یہ سیکشن Criminal Procedure Code کے ہیں یا Evidence Act کے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو)۔ جناب والا۔ یہ Evidence Act کے ہیں ۔ میں یہ عرض کرونگا مگر پھر میرے فاضل دوست کو میری کچھ باتوں پر اعتراض ہو گا کہ اگر ان کی اس بات میں بھی وزن ہے کہ یہ of the نہ ہوتا تو بھی اس کا مطلب یہی نکل سکتا تھا ۔ لیکن میں یہ عرض کرونگا کہ یہ of the کے الفاظ کا Section ۱۲۵ کے بعد کامے کے بعد ہونا زیادہ مناسب ہے ۔ آگے جہاں of the ہو سکتا تھا تو وہاں and نے بات پوری کر دی ہے ۔ تو جناب میں ذرا اسے اس طرح پڑھونگا اور بات واضح ہو جائیگی ۔

"Save as otherwise expressly provided by or under the ordinance, the provisions of Evidence Act....."

یہ یوں پڑھا جا سکتا ہے Provisions of the Evidence Act of the Code of Criminal Procedure یہاں "or of the" ہو سکتا تھا یہاں اسکے بعد and کر دیا گیا ہے یعنی یہ جناب والا جو اس سے آگے ہے اس سے میرے فاضل دوست کو کچھ confusion اسلئے ہو گیا کہ انہیں یہ سیکشن کے نمبر پڑھنے پڑے ہیں ورنہ اگر اسکو اس طریقے سے پڑھا جائے تو بات بالکل clear ہو جاتی ہے ۔ کہ پہلے 'The Provisions of the Evidence Act' اسکے بعد "کاما،، پھر "of the Code of Criminal Procedure" پھر "کاما" یعنی ۔

"Provisions of Evidence Act of the Code of Criminal Procedure, ..."

مسٹر سپیکر - اس صورت میں میاں صاحب other سے پہلے کاما کی ضرورت تھی -

وزیر بنیادی جمہوریت - یہ اسی ایکٹ کو explain کرتی ہے جناب -

مسٹر سپیکر - ویسے اس صورت میں میرے خیال میں 'کاما' نہیں ہونا چاہئیے تھا - اگر نہ ہوتا تو correct interpretation میں ہوتی کہ یہ سیکشن جو ہیں وہ Evidence Act کے ہیں -

وزیر بنیادی جمہوریت - لیکن اب میرے خیال میں اس میں جناب کوئی زیادہ confusion کی گنجائش نہیں سوائے اس بات کے بلکہ یہ وجہ ہے کہ چونکہ یہ لائن اور یہ فقرہ لمبا ہے اور اسوجہ سے وہ میرے فاضل دوست کا پڑھتے پڑھتے پچھلا جو تسلسل ہے جسطرح وہ تقریر میں ٹوٹ جایا کرتا ہے - اس طرح یہاں بھی ٹوٹ جاتا ہے اسلئے یہاں بھی انہیں confusion ہو گئی -

مسٹر سپیکر - میاں صاحب میرے خیال میں کاما سے مراد یہ ہے - کہ Evidence Act آپ نے سارا exclude کر دیا - اسکے بعد other than those contained in sections 123, 124 and 125 of the Code of Criminal Procedure یہ تینوں وہاں کاما لگانے سے آپ کے تینوں سیکشن Code of Criminal Procedure کے ساتھ بھی پڑھے جا سکتے ہیں -

وزیر بنیادی جمہوریت - میں عرض کرتا ہوں کہ اس میں جو

"پہلا کاما،، ہے وہ Evidence Act کے بعد ہے ۔ آگے ایکٹ نمبر ۱ ۔ ۱۸۷۲ کے بعد کا "کاما،، صرف Evidence Act کی تشریح کرتا ہے ۔

Mr. Speaker : It is superfluous.

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ Evidence Act 1872 کا جو ہے ۔ اس میں پہلے Evidence Act کی wording آ گئی ہے ۔ اس "کامے،، کے بعد اس ایکٹ کا نمبر اور سال دیا گیا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ "کاما،، ہونے کا مطلب یہ ہے کہ Evidence Act وہاں ختم ہوا اور اگلا قانون شروع ہو گیا ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ یہ بات interpretation میں نہیں آ سکتی ۔ other than کا جو لفظ ہے اگر آپ Code of Criminal Procedure کو یہاں پہلے لاتے ہیں تو other than اسکے بعد آتا تو پھر confusion ہوتا ۔

مسٹر سپیکر ۔ میاں صاحب میں آپ سے اس لئے explain کرا رہا تھا کہ intention of legislation کیا ہے ۔

What is the intention of legislation ? Otherwise confusion is there according to my ruling.

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ اگر آپ کی یہ interpretation ہے تو ہو سکتا ہے یہ ہو ۔ جناب والا ۔ میرا ذاتی خیال یہ ہے کہ یہ کوئی خاص confusion نہیں ہے ۔ کیونکہ Evidence Act اور اسکا سال دینے

other than those contained in Sections کے دینے کے بعد کہا گیا ہے 123, 124 and 125 یہ چیز بالکل ظاہر کرتی ہے اگر other than کا مطلب Evidence Act سے ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ اگر یہ کیا جاتا the provisions of the Evidence Act of 1872, Act I of 1872 without a coma other than those contained in Section so and so...

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ تو یہ زیادہ مناسب ہوتا ۔ اب بھی جناب والا other than کا لفظ جب شروع ہوتا ہے تو اس کا تعلق Evidence Act سے ہے ۔ جتنی بھی انگریزی زبان کی آپ interpretation کر لیں other than جب آئے گا جب کوئی چیز اس سے پہلے آ رہی ہے اور continued sentences میں جتنے ''کامے،، آتے چلے جائیں گے تو جناب والا آپکو معلوم ہے کہ انگریزی زبان میں جب ایک قسم کی خاص کلاز شروع ہوتی ہے تو کئی دفعہ ''کامے،، آ کر تین تین چار چار باتیں اس میں آ جاتی ہیں ۔ اور اسطرح فقرہ جاری رہ کر آخری فقرہ پہلے فقرے سے ملحق ہو جاتا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ لیکن میرا خیال ہے کہ اس سے پہلے ''دو کامے،، نہیں آتے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ بات بالکل صاف ہے ۔ ہو سکتا ہے کہ انگریزی زبان کی کم علمی کے باعث میرا یہ خیال ہو لیکن

میرا یقین کے ساتھ خیال ہے کہ اس فقرے میں کسی قسم کا ابہام نہیں ہے ۔

Mr. Speaker: What is the opinion of the Law Minister?

Minister of Law: Sir, I have been listening to the able arguments of the Member, the Minister and the Chair. If, as has been suggested by the Chair, we only say, other than those contained in Sections 123, 124 and 125 of the Code of Criminal Procedure, then reading these two lines make no meaning.

Minister of Basic Democracies: After 125 there is a coma. Where do we throw this coma then?

Mr. Speaker: What was the necessity of putting two commas before the Evidence Act?

Minister of Law: That is a technical mark of drafting. On my part I would not claim that we are experts and say as to why actually a comma is necessary. Should that become necessary for me I may be in a position to explain in a short while this particular art and technique of putting in a comma or not putting in a comma.

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ کیا بہتر نہ ہو گا کہ جناب وزیر قانون صاحب جو اس ''کامے،، کی ضرورت کے بارے میں کوئی خاص روشنی نہیں ڈال سکتے اپنے محکمہ کے ان لوگوں سے جو اس بارے میں ماہر ہیں مشورہ کر کے اس ایوان میں اس خاص نکتہ پر روشنی ڈالیں تا کہ ہم سمجھ سکیں ۔ آخر آپ ایک ہنگامی قانون لے آئے ہیں اور آپ پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ جب اس میں کسی ابہام کا احساس نہیں ہوتا تو آپ اسکی وضاحت کریں ۔ یہ تو وزیر امور پارلیمانی بھی ہیں ۔۔۔

مسٹر سپیکر ۔ حمزہ صاحب آپ تشریف رکھیں ۔

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - میں ایک اور عرض کرتا ہوں کہ آج کے اخبار میں جسٹس اقبال صاحب نے کہا ہے - - - - - -

Mr. Speaker : Is the member on a point of order ?

Mr. Hamza : No Sir.

Mr. Speaker : Then he may please take his seat.

Minister of Law : Just now I have received a note from the Joint Secretary, Law, saying that a comma is always placed, after the year. This is a practice and it would be found even in the Constitution.

(I of 1872), I have already expressed my inability to explain this point. This is a technical expert's advice.

ملک محمد اختر - جناب مان کیوں نہیں لیتے کہ غلطی ہو گئی ہے -

وزیر قانون - جناب - ہم نہیں مانتے ہیں - اختر صاحب آپ تو یہاں بولنے کیلئے کھڑے ہو جاتے ہیں اور ہم آپکا احترام کرتے ہیں - آپ بلاوجہ ہمیں برا بھلا کہہ لیتے ہیں - پھر بھی ہم چپ رہتے ہیں - اس legislative field میں آپ نئے آئے ہیں - قانون اور کتاب جو آپ کے سامنے ہے وہ بھی آپ پڑھ کر نہیں آتے ہیں اور پھر جب State کا definition کا سوال آ جائے تو پھر آپ اپیل کرتے ہیں سپیکر سے کہ وہ آپکی معاونت کرے آپ مہربانی کر کے اچھی طرح سے پڑھ کر آئیں ابھی آپ اس منزل میں نئے ہیں - دیکھئے آگے ہوتا کیا ہے - (قہقہہ)

ملک محمد اختر - جناب سپیکر - میری difficulty یہ تھی کہ جب ان یونین کمیٹی اور کونسل کو - - - - - - - - - -

(اس مرحلہ پر وزیر قانون نے مسٹر سپیکر کو متعلقہ رولز کی کتاب دکھائی)

Mr. Speaker : Yes, Malik Akhtar.

ملک محمد اختر - جناب سپیکر - میں مودبانہ گذارش کر رہا تھا کہ اگر یہ ایسے قوانین مثلاً جیسا یہ Conciliation Courts جسکو act upon ایسے لوگوں نے کرنا ہے - پہلی stage پر جہاں وکلا حضرات بھی نہیں ہوں گے - وہاں بھی اگر delicate interpretation کا مسئلہ بنا دیا جائے جیسا کہ یہ confusion create کی گئی ہے - تو اسکے مطابق چلنا مشکل ہو جائے گا - آپ ان کو ہدایات جاری کر دیں کہ آئندہ اس طرح سے قانون سازی کریں - جس سے ان لوگوں کو قانون میں مشکلات پیش نہ آئیں - جنھوں نے لوگوں کی قسمت کا فیصلہ کرنا ہے - اگر ان پر یہ چیز واضح نہ ہو گی تو وہ کیسے فیصلہ کر سکیں گے اور وہاں پر وکلا بھی پیش نہیں ہو سکتے - تو یہ "سہیلی بوجھ پہیلی" والی بات نہ کیجئے (قطع کلامی) آپ واضح قانون سازی کریں - یہ Conciliation Courts کا مسئلہ ہے - ضد میں نہ آئیے - جناب والا - مجھے تو اس کلاز کی correct interpretation کرنے میں کم از کم ۱۵ منٹ لگے ہیں - پتہ نہیں یہ Evidence Act کے متعلق ہے یا کسی اور کے متعلق ہے - ممکن ہے میرا علم ناقص ہو - اگر جناب سپیکر - مجھے اجازت دیں تو میں اسکو re-draf کر کے پیش کر سکتا ہوں اور یہ بات بھی واضح ہو جائے -

Mr. Speaker : The Member has made this point.

Malik Muhammad Akhtar : I will obey your orders.

جناب والا سیکشن ۴ میں یہ کیا گیا ہے ۔ کہ وکلا کو پیش ہونے کی اجازت دے دی گئی ہے میں سمجھتا ہوں کہ یہ آپ نے بہتر کیا ہے ۔ کہ controlling authority یا appellate authority کے سامنے پیش ہو سکیں اسکے علاوہ صرف دو اعتراض ہیں ۔ ایک یہاں discrimination کی گئی ہے اگرچہ یہ قانون repeal ہو جائے گا لیکن ہنگامی حالات کے دوران آپ نے جو کچھ بھی کیا ہے ناواجب کیا ہے ۔ اس کے بعد میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

مسٹر حمزہ (لائلپور - ٦) ۔ جناب سپیکر ۔ بد قسمتی کہئیے ۔ یا خوش قسمتی ۔ میں بھی ایک چیئرمین ہوں ۔ لیکن ۔ ۔ ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب سپیکر ۔ چونکہ آج حاجی صاحب موجود نہیں ہیں اس لئے مجھے ہی بار بار آپکی توجہ دلانا پڑتی ہے کہ ہاؤس میں کورم نہیں ہے ۔

Mr. Speaker : Let there be a count. (*count was taken*). Let the bells be rung. (*bells were rung*). Now the House is in quorum.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا ۔ کہ اتفاق کی بات ہے ۔ کہ میں بھی ایک چیئرمین ہوں ۔ لیکن اسکے باوجود چیئرمین صاحبان کو اس قسم کے اختیارات دیئے جانے کے خلاف ہوں ۔ اور اسکی سب سے بڑی وجہ یہ ہے ۔ کہ حکومت جس قسم کی توقع ان چیئرمین صاحبان سے رکھتی ہے ۔ کیونکہ چیئرمین بننے کے لئے عام طور پر ایک ممبر کو جن جن مراحل سے گزرنا پڑتا ہے ۔ وہ اسقدر کٹھن

ھیں اور ان سے اسقدر بے اصولیاں کروائی جاتی ھیں ۔ کہ اس کے بعد ایک چیئرمین کی ایسی پوزیشن نہیں رہ جاتی کہ وہ کوئی بھی فیصلہ غیر جانبدارانہ طور پر کر سکے ۔ اور اسکے علاوہ میں چیئرمین کو اختیارات دینے کے اس لئے بھی خلاف ھوں کہ مجھے پاکستانی برادری اور انسانی برادری سے چیئرمین برادری کی نسبت زیادہ محبت ھے ۔

جناب سپیکر ۔ آپکو علم ھے ۔ کہ آج سے تقریباً پونے دو سال پہلے بنیادی جمہوریتوں کے انتخابات ھوئے تھے۔ ھماری حکومت نے یہ مناسب سمجھا کہ بنیادی جمہوریتوں کے انتخابات کے انعقاد کے تقریباً ڈیڑھ سال بعد تک چیئرمینوں کی حلقہ بندی کا سلسلہ لمبا کیا جائے ۔ اور اس تمام عرصہ میں وہ لوگ جو چیئرمین بنے ھیں ۔ انکی اکثریت ان وزیر صاحب کے آگے پیچھے بھاگتی رھی جو اس کام پر معمور تھے ۔ معلوم نہیں وہ لوگ کتنی مرتبہ کیمبلپور کا طواف کرتے رھے ھیں اور کتنی ھی بار سیکرٹریٹ میں حاضری دیتے رھے ھیں ۔ اس حکومت عالیہ نے انہیں جس کام پر معمور کرنا تھا ۔ اسے انہوں نے پوری طرح پامال کیا ھے ۔ اس لئے میں یہ سمجھتا ھوں کہ اسکے بعد ایک چیئرمین ایسا فرد بن گیا ھے ۔ جن کی اکثریت اپنے علاقے کے لوگوں کی نمائیندہ نہیں ھے ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ حمزہ صاحب آپ کی یہ دلیل موجودہ آرڈیننس کی کونسی شق کے متعلق ھے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ وہ شق یہ ھے ۔ کہ ھم اس آرڈیننس

کے ذریعے چیئرمین صاحبان کو پہلے سے بھی زیادہ اختیارات دے رہے ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ کونسے اختیارات ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ اس سے پہلے کوئی سرکاری افسر مصالحتی عدالتوں میں پیش نہیں ہو سکتا تھا ۔ لیکن سیکشن نمبر A (2) کی رو سے اب ایک افسر مصالحتی عدالت کے سامنے پیش ہو سکتا ہے ۔ صرف اسے حکومت سے اجازت لینی پڑیگی ۔ اس کا مطلب یہ ہوا ۔ چیئرمین کو پہلے سے بھی زیادہ اختیارات دیئے جا رہے ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ میرے خیال میں تو اب انکے اختیارات پہلے سے کم ہو گئے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ پہلے سرکاری افسر مصالحتی عدالت کے سامنے پیش نہیں ہو سکتا تھا ۔ لیکن اب پیش ہو سکیگا ۔ صرف اسے حکومت سے اجازت لینی پڑیگی ۔ میں آپکی خدمت میں مودبانہ عرض کرتا ہوں ۔ کہ ایک ادارے کے طور پر چیئرمین صاحبان کو جو اختیارات دیئے گئے ہیں ۔ اور ان سے بطور مصالحتی عدالتوں کے جو کام لیا جانا مقصود ہے ۔ میں تو اسکے ہی خلاف ہوں ۔ میں سمجھتا ہوں ۔ کہ یہ حکومت کے مفاد میں ہے اور یہ زیادہ بہتر ہے ۔ کہ وہ اس آرڈیننس کو سرے سے منسوخ ہی کر دے ۔

مسٹر سپیکر ۔ تو پھر آپ اس آرڈیننس کی منسوخی کے لئے ایک علیحدہ نوٹس دیدیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ ہم اس قانون میں ایک ترمیم لاتے ہیں ۔ تو ہم کو یہ حق ہے کہ ہم اس قانون پر بھی بحث کر سکیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ صرف اسی حد تک کہ جس حد تک کسی قانون میں کوئی ترمیم لائی گئی ہو ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں آج ان سے یہ تقاضا کرتا ہوں ۔ موجودہ صورت حال کے پیش نظر انہیں اس قانون کو منسوخ کر دینا چاہئے تھا ۔ میرا خیال ہے ۔ کہ ہمارا یہ حق ہے کہ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : The member would not be relevant on that point.

Minister of Basic Democracies : Sir, that has never been his strong point.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ ابھی وزیر قانون صاحب آپ کے سامنے اس آرڈیننس کی ایک دفعہ کی وضاحت فرما رہے تھے اور وضاحت فرماتے ہوئے انہوں نے یہ فرمایا ۔ کہ اس کی زبان سے متعلق جو شبہات ہیں وہ ان پر پوری طرح روشنی نہیں ڈال سکتے ۔ تو کیا اس آرڈیننس کے ہوتے ہوئے آپ چیئرمین صاحبان سے یہ توقع کر سکتے ہیں ۔

کہ وہ قانون کے تقاضوں کو پورا کر سکیں ۔ وہ چیئرمین صاحبان جن کی بہت بڑی اکثریت ان پڑھ لوگوں پر مشتمل ہے ۔

جناب سپیکر ۔ عام طور پر چیئرمین صاحبان بجائے اس کے کہ معاملات کا فیصلہ اپنی سمجھ بوجھ سے کریں۔ خاص طور پر ان میں جو ان پڑھ چیئرمین ہیں۔ ان کی جگہ انکے فرائض سیکرٹری صاحب انجام دیتے ہیں ۔ اور ان کے کئے ہوئے فیصلوں پر ان پڑھ چیئرمین اپنا انگوٹھا ثبت کر دیتے ہیں ۔ میں اس حکومت عالیہ سے یہ دریافت کروں گا۔ کہ انہوں نے چیئرمین صاحبان کو اختیارات دینے کا جو فیصلہ کیا ہے اور جب انہوں نے اس قسم کے آرڈیننس جاری کرنے کا فیصلہ کیا ہے ۔ کہ جس کے معنی یا جس کی زبان کے بارے میں ایک وزیر قانون بھی پوری طرح علم نہیں رکھتے ۔ تو پھر وہ ایک ان پڑھ چیئرمین سے یہ کیسے توقع کرتے ہیں ۔ کہ وہ اس قانون کے ذریعے قانون کے تقاضوں کو پورا کرتے ہوئے اسے نافذ کرے گا ۔

جناب سپیکر ۔ مجھ سے پہلے جناب ملک محمد اختر صاحب نے یہ فرمایا تھا ۔ کہ

"The Conciliation Courts Ordinance, 1961".

کی رو سے چیئرمین صاحبان کے پاس یہ اختیارات نہیں ہیں ۔ کہ وہ کسی فرد کو اپنی عدالت میں پیش ہونے پر مجبور کر سکیں ۔ تو جب ایک چیئرمین کے پاس اختیار ہی نہیں ہے ۔ تو پھر اس قسم کی ترمیم

لانے کا فائدہ ہی کیا ہے ۔ جب آپ کا قانون پہلے ہی اتنا ناقص ہے ۔ تو پھر اس کی ضرورت کیا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ میں آپ کے سامنے ایک متعلقہ دفعہ پڑھ کر سناتا ہوں ۔

"The Conciliation Court may issue summons to any person to appear and give evidence or to produce or cause the production of any document, provided....."

میں اسے چھوڑتا ہوں ۔ اور اس کا سب سیکشن نمبر ۲ پڑھتا ہوں ۔

Sub-section (2): "If any person to whom a Conciliation Court had issued summons to appear and give evidence or to produce or cause the production of any document before it wilfully disobeys the summon, the Conciliation Court may take cognizance of such disobedience and after such person has been given an opportunity to explain sentence him to a fine of not exceeding Rs. 25."

اب کسی جگہ بھی اس دفعہ کے متن میں چیئرمین کو اختیار نہیں دیا گیا ۔ کہ وہ شخص جو دیدہ دانستہ عدالت میں پیش نہ ہو ۔ اسے عدالت میں حاضری کے لئے مجبور کیا جائے ۔ بلکہ اس کے ساتھ ساتھ اس کے لئے عدالت نے جو ۲۵ روپیہ جرمانہ کی سزا مقرر کی ہے ۔ اس کے بارے میں بھی اس سیکشن میں کہا گیا ہے ۔

"After giving such person an opportunity to explain."

وہ تو عدالت میں پیش ہی نہیں ہوتا اور چیئرمین پر یہ پابندی ہے ۔ کہ اُسے عدالت کے روبرو پیش ہوکر جواب دینے کا موقع دیا جائے ۔

بہتر تھا ۔ کہ ہماری حکومت اس قسم کے قانون کو اس ایوان میں لانے کی بجائے اسے منسوخ کر دیتی ۔ اب یہ حکومت عالیہ ۔ میں اسے حکومت عالیہ کہنے پر مجبور ہوں۔ کیونکہ میں نے اس ایوان کے باہر بھی جانا ہے ۔

اس ترمیمی آرڈیننس کے سیکشن (۲) کی زبان ملاحظہ فرمائیں اور حکومت کے عمل کا جائزہ لیں ۔ کہ جو اختیارات آپ چیئرمین کو دے رہے ہیں اُن کی نہ کوئی قدر و قیمت ہے ۔ اور نہ ہی اس ترمیم کی ضرورت ہے ۔

"(2-A) Cases relating to matters falling under Section A of Part I and Section A of Part II of the Schedule, against any Government servant, shall be excluded from conciliation except where a certificate is granted by Government or an officer authorized by Government in that behalf to the effect that the Government servant had not acted in the discharge of his official duties."

آپ اس کا ثبوت عملی طور پر دے رہے ہیں ۔ یہاں معزز ممبران نے چھ چھ ماہ پہلے سوالات دئے ہوئے ہیں ۔ لیکن ۷۴ میں سے صرف دو کا جواب دیا گیا ہے ۔ پھر ہم کیا توقع کر سکتے ہیں ۔ کہ ایک chairman جس نے سرکاری اہلکار کے متعلق فیصلہ دینا ہے ۔ یعنی سرکاری ملازم کے متعلق یہ فیصلہ دے یا حکم صادر فرمائے ۔ کہ جس وقت یہ جرم سرزد ہوا اُس وقت وہ سرکاری فرائض انجام دے رہا تھا ۔ آخر اس قسم کے اختیارات اس قسم کی گورنمنٹ کے ہوتے ہوئے کسی chairman کو دینے کا کیا مطلب ہے ۔ یا کیا مقصد ہے ۔ اگر اُس کو اپنی تمام کارروائی کا ۔ اپنی قابلیت کا ۔ اہلیت کا اور دیانت کا اعتبار ہوتا یا اُس پر اعتماد ہوتا ۔ تو انہیں چاہئے تھا ۔ کہ اس کے لئے پابندی رکھ

دیتے ۔ کہ ایک ماہ کے اندر اُس کا فیصلہ کرے گا ۔ اگر ایک ماہ میں فیصلہ دینے کے لئے تیار نہیں ۔ تو اس حکومت کا یہ دعویٰ کہ یہ مصالحتی عدالتوں کا قانون محض اس لئے لا رہے ہیں کہ وہ ایک نعمت غیر مترقبہ ہے ۔ انہوں نے بطور نعمت دیا ہے ۔ کہ اس سے لوگوں کو عدالت میں جانا نہیں پڑے گا اور جو خرچ ہوتا ہے ۔ اُس سے لوگ بچ جائیں گے ۔ گھر میں بیٹھ کر گھر کے نزدیک آسانی سے محنت اور بغیر کسی خرچ کے انصاف ہو سکے گا ۔ میں اُن سے پوچھتا ہوں ۔ کہ اس قسم کا سیکشن incorporate کر کے اس مقصد کو ہی تو ختم نہیں کر رہے ۔ جس کے لئے آپ کا دعویٰ ہے کہ آپ نے یہ آرڈیننس جاری کیا ہے ۔ ویسے ملک میں جو ماحول ہے ۔ یقین کریں ۔ وہ چیئرمین جس کی خصوصیت میں سمجھتا ہوں ۔ عام طور پر یہ ہوتی ہے ۔ کہ افسران کی خوشامد کرے اور میں سمجھتا ہوں ۔ کہ چیئرمین مجبور ہے کیونکہ اسکی چیئرمین شپ حلقہ بندی میں تبدیلی کی مرہون منت ہے ۔ اس لئے وہ افسران اور وزراء کی خوشامد کرتے ہیں ۔ جو قانون کو پامال کر کے حلقہ بندی میں تبدیلی کرتے ہیں ۔ تو پھر اُس چیئرمین سے آپ کیا توقع کر سکتے ہیں ۔ کہ کسی افسر کو سزا دے خواہ وہ کتنا ہی بڑا مجرم کیوں نہ ہو ۔

جناب سپیکر ۔ آپ مجھ پر مہربانی فرمائیں گے ۔ اگر آپ مجھے موقع دیں ۔ کہ میں وٹو صاحب کی چھیڑ چھاڑ کا جواب دوں ۔ یہ آپ کا احسان ہو گا ۔

مسٹر سپیکر ۔ اس طرح آپ کی تقریر relevant نہیں ہو گی البتہ آپ کی نوک جھونک relevant ہو جائے گی ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ کل وزیر بنیادی جمہوریت نے یہ فرمایا تھا ۔ کہ اس قانون میں چیئرمین کے فیصلہ کی گنجائش رکھی ہے ۔ اور جب وہ یہ فرما رہے تھے ۔ تو جہاں تک میرا اندازہ ہے ۔ اُن کو revision اور appeal میں جو فرق ہے اس کا علم نہیں تھا ۔ میں نے اُن کی خدمت میں عرض کیا تھا کہ کیا آپ مجھے بتا سکتے ہیں ۔ کہ revision اور appeal میں کیا فرق ہے ۔

(اس مرحلہ پر ڈپٹی سپیکر ثانی مسٹر احمد میاں سمرو کرسئی صدارت پر متمکن ہوئے) ۔

اس کے باوجود وہ میری بات نہیں سمجھ سکے ۔ حالانکہ جب وہ وزیر بنائے گئے تھے تو محض اُن کی قابلیت کی بنا پر اُن کو وزیر بنایا گیا تھا ۔ شاید اب اُن کی قابلیت کی وجہ سے انہیں ہائی کورٹ کا جج بنایا جا رہا ہے ۔

چودھری محمد ادریس ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ میری اطلاع کے مطابق کسی ممبر کو ۱۵ منٹ سے زیادہ بولنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی ۔

Mr. Deputy Speaker: That Rule has been suspended.

مسٹر حمزہ ۔ اب جناب سپیکر ۔ ڈپٹی کمشنر کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ چیئرمین جو فیصلہ کرے ۔ اُس کی نگرانی کرے ۔ اگر کوئی محسوس کرے کہ اُس کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے ۔ یا کسی وجہ سے کوئی پسند کرتا ہے ۔ کہ ڈی ۔ سی کی عدالت کا دروازہ کھٹکھٹائے تو وہ کھٹکھٹا سکتا ہے ۔ لیکن جہاں تک مجھے علم ہے ۔ نگرانی محض اُن معاملات میں ہوتی ہے ۔ جہاں کوئی قانونی نقطہ زیر بحث ہو ۔ لیکن D. C. اُس میں دخل در معقولات نہ کرے قانون کے مطابق اُسے case کے حقائق میں مداخلت کرنے کا حق نہیں ۔ جب تک وہ یہ نہ سمجھے کہ gross miscarriage of justice یعنی بہت بڑی ناانصافی ہوئی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ آپ کو یہ بھی پتہ ہے کہ ڈپٹی کمشنر صاحب کون ہیں ہماری حکومت نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ یہ چیئرمین لیول پر مسلم لیگ کی تنظیم کریں گے ۔ یہ چیئرمین مسلم لیگ کی تنظیم کے کرتا دھرتا ہوں گے ۔ اب ڈپٹی کمشنر صاحب ضلع مسلم لیگ کے انچارج ہیں ۔ ایک چیئرمین کا فیصلہ جو مسلم لیگ کا کارکن ہو گا بلکہ اس علاقہ میں سب سے بڑا عہدیدار ہو گا کسی دوسرے عہدیدار کے پاس اپیل یا revision کے لئے جب جائے گا تو وہ اس کو غیر جانبدارانہ طور پر کیسے سن سکتا ہے ۔ وہ چیئرمین جو اس کا خود ساختہ ہے یقیناً اس سے اس کی محبت ہو گی اور اس محبت سے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب بہت

سے اراکین لابی میں بیٹھے ہوئے ہیں اور حمزہ صاحب کی بصیرت افروز تقریر سے محظوظ نہیں ہو رہے ہیں ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب کورم نہیں ہے ۔

Mr. Deputy Speaker: Let the bells be rung. (*bells were rung*). The House is in quorum.

Yes, Mr. Hamza.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ جیسا مجھ سے قبل ملک محمد اختر صاحب نے بھی اپنی تقریر میں ضمناً یہ فرمایا تھا کہ بنیادی جمہوریت کے الیکشن کے دوران بیسیوں قتل ہوئے ان دنوں لاء قانونیت کا دور دورہ تھا تو چیئرمین صاحب کا اس ماحول میں غیر جانبدار ہونا ایک معجزہ ہو گا ۔ ایک جانبدار چیئرمین کا فیصلہ اور اس کی نگرانی جانبدار ڈپٹی کمشنر صاحب کے پاس جائے تو فیصلہ کون کرے گا ۔ اس کے علاوہ آپ کو اس حقیقت کا بھی علم ہے کہ دنیا جہان کی ذمہ داریاں ڈپٹی کمشنر صاحب کے اوپر ڈال دی گئی ہیں اور انہیں آپ ضبط تحریر میں نہیں لائے ہیں ۔

Mr. Deputy Speaker: Does Mr. Hamza think that he is relevant ?

مسٹر حمزہ ۔ Yes, Sir. جناب سپیکر ۔ میں عرض کر رہا تھا کہ تمام ذمہ داریاں جو آپ نے ڈپٹی کمشنر صاحب کے سپرد کی ہیں اور جن کو وہ نبھاتے ہیں یا ادا کرتے ہیں وہ ضبط تحریر میں نہیں لائی گئی ہیں اور وہ

اس قدر ہیں جن کی کوئی انتہا نہیں ہے اور اس کے علاوہ جو وہ ذمہ داریاں ادا کرتے ہیں ۔ ان کا بھی آپ کو علم ہے تو کیا آپ یہ سمجھتے ہیں کہ اس قسم کے فیصلوں کی نگرانی جب ڈپٹی کمشنر صاحب کے سامنے کی جائیگی تو وہ کیا انصاف کے تقاضوں کو پورا کر سکیں گے ۔ اور وہ جلد فیصلے کے جو وعدے کئے گئے تھے کیا وہ ان کو ایفا کریں گے اور کیا فیصلے بغیر کسی لمبی چوڑی مدت کے ہو سکیں گے یہ بات بالکل غلط ہے ۔

اس کے علاوہ جناب سپیکر ۔ نہ میں لاء گریجویٹ ہوں اور نہ وکیل ہوں آپ کو یہ بھی علم ہے کہ اس کا جو parent آرڈیننس ہے اس کے تحت چیئرمین صاحب جن کی خصوصیات میں ابھی ضمناً ذکر کر چکا ہوں (کیونکہ پورے طور پر مجھے ذکر کرنے کا موقع یا اجازت نہیں دی گئی) ان کو کس قدر وسیع اختیارات حاصل ہیں ۔ بہتر تھا کہ نگرانی کی گنجائش محض ڈسٹرکٹ جج کے پاس رکھی جاتی ۔ کیونکہ ڈسٹرکٹ جج اس قسم کے عہدیدار ہیں اور اس قسم کے افسر ہیں جن کی غیر جانبداری ابھی تک مغربی پاکستان میں بری طرح مجروح نہیں ہوئی ۔ اگر ان کو آپ ایک طرف وسیع اختیارات دیتے ہیں تو دوسری طرف اگر وہ زیادتی کرتے ہیں تو اس زیادتی کے خلاف چارہ جوئی کا موقع نہیں دیتے تو اس طرح میں سمجھتا ہوں کہ اس قانون کے ذریعہ آپ قانون یا انصاف کا دور دورہ نہیں دیکھنا چاہتے بلکہ آپ چاہتے ہیں کہ لا قانونیت کا بول بالا ہو ۔ ہنگامی قانون کی دفعہ ۴ میں ہمارے قابل قدر وزیر صاحب نے یہ ترمیم کی ہے کہ اب کنٹرولنگ اتھارٹی کے سامنے نگرانی کی صورت میں اور ہر

اس افسر کے سامنے جو بطور کنٹرولنگ اتھارٹی کام کر رہا ہے وکیل پیش ہو سکے گا ۔ اس میں شک نہیں کہ یہ بہت بڑا احسان کیا ہے لیکن مجھے یاد ہے کہ پہلے پہل تو وزیر موصوف کچھ دن ہمارے ساتھ بیٹھے تھے اس کے بعد وہ ہم سے علیحدہ ہو گئے جس کی وجوہات ان کو معلوم ہوں گی اور علیحدہ ہوکر گورنمنٹ پارٹی میں شامل ہوگئے ۔ اس ایوان میں ان کے ایک رفیق کار جن کی آواز میرے خیال میں لوگوں کے کانوں میں گونجتی ہو گی اور جن کے بیانات اور بہت لمبے چوڑے بیانات اس ملک کے مقہور پریس میں بھی آتے رہے اور جو آج بدقسمتی سے اس ایوان میں موجود نہیں ہیں انہوں نے اس وکالت کے پیشے کے بارے میں انتہائی سنجیدگی سے فرمایا تھا جب کہ اس ایوان میں Criminal Law Amendment Act جسے جرگہ کا قانون کہا جاتا ہے یا اس سے متعلق جو قانون یہاں پیش ہوا تھا فرمایا تھا کہ میں نادم ہوں کہ اس ۳۵ سال کی زندگی جو میں نے بطور وکیل کے گذاری ہے مین آپ کو ان کے مقبول الفاظ بتاتا ہوں وہ کہتے ہیں کہ میں نے ۳۵ سال اس پیشہ میں جھک ماری ہے ۔ میں آپ سے شرمندہ ہوں ۔

Mr. Deputy Speaker : I do not think that this word is parliamentary.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ اگر آپ تقاریر کا ریکارڈ منگوائیں تو آپ کو ان کے یہ الفاظ ملیں گے ۔ ویسے اگر آپ کہتے ہیں تو میں یہ الفاظ واپس لے لیتا ہوں ۔

Khan Muhammad Yusuf : On a point of order. Mr. Hamza has just now made certain remarks quoting a Member to have said something. He might or might not have used these words. But as he is not present we should not say all these things.

Mr. Deputy Speaker : Since those words have already been withdrawn no point of order should be raised.

مسٹر حمزہ - خیر میں یہ کہہ رہا تھا کہ وہ کچھ عرصہ کے لئے وزیر قانون بھی رہے - جب وہ یہ فرما رہے تھے تو وہ اس بیزاری کا اظہار جو کہ قانون کے پیشے والوں سے تھی اور وہ بیزاری جس کا تعلق قانون کے پیشہ والوں سے ہے اس کا اظہار کر رہے تھے - میں حکومت عالیہ سے جناب محمد یاسین خان وٹو کی وساطت سے پوچھتا ہوں کہ آپ نے اب اس وکالت کے پیشے سے محبت کرنا کیوں شروع کر دی ہے -

Mr. Deputy Speaker : The Member may please address the Chair.

مسٹر حمزہ - میں آپکی وساطت سے پوچھتا ہوں کہ انہیں تو وکالت کے پیشے سے چڑ تھی اور اب انہوں نے اس پیشہ سے محبت کرنا شروع کر دی ہے -

Mr. Deputy Speaker : That is not relevant to the Ordinance.

مسٹر حمزہ - وہ وکیل ہیں -

Mr. Deputy Speaker : The Member may please discuss the ordinance and not what the Minister concerned personally feels about the Advocates.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - ایک قانون وہ لائے ہیں جو کہ ان کے محکمہ کے متعلق ہے - اس سے پہلے انہوں نے دیدہ دانستہ پیشۂ

وکالت سے نجات حاصل کی تھی وہ اس پیشے کو پسند نہیں کرتے تھے اور اس ترمیم کے ذریعے انہیں پیش ہونے کی اجازت دے رہے ہیں ۔ میں ان سے یہ سوال کر سکتا ہوں اور خاص طور پر اس وقت جبکہ آپ کی حکومت نے Bar Council Act پاس کر لیا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس قسم کے لالچ دیکر اس پیشہ کو بھی خراب کرنے کی کوشش کی ہے ۔ میں آپکی وساطت سے ان سے التجا کروں گا کہ برائے کرم اس ملک میں کوئی تو طبقہ ایسا رہنے دیجئیے جو دنیاوی قسم کے چھوٹے چھوٹے لالچوں سے بالا تر ہو ۔ جو اپنے ضمیر کی آواز آپ کے منہ پر کہہ سکے ۔ جو اس ملک میں اس امر کی جدوجہد کر سکے ۔ کہ انصاف کا بول بالا ہو اور ظلم و تشدد دنیا سے ناپید ہو جائے ۔

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak (Kohat-II) : Mr. Speaker, Sir, I think sometimes excellent legislation is defeated—defeated in the sense that it is misunderstood—because no due or correct explanation is given for the raison de'tre (for the reasons that led) to such legislation.

A lot has been said about Chairmen and the system of Basic Democracy. A lot can be said. But there is one thing which nobody, can deny, that as far as the municipal side of their activities is concerned it is as ancient as the ancient history of this land that they should be encouraged to settle the cases pertaining to and within their area. I have no intention of going into all the details that have been gone into by the Opposition and by some Independent Members. All I would beg the Minister is to explain as to why exemption is being sought to be given to a particular class of people. I mean the Civil servants. Why should they be given some extra territorial rights which do not belong to the common citizen. Why not allow the Court itself to decide upon it whether a certain act of an official comes within the purview of the discharge of his official duties or not. Otherwise, you see, in the rural areas where these Chairmen function the petty officials or small officials have already a great deal of rope

and it is not very easy to prosecute them in these Courts. Why then has it been considered necessary to bring in, by this Ordinance, an exemption in the interest of this very class?

If you give only this much explanation a lot of misunderstanding, would disappear. Because, as it is, official classes all over the Province, Divisions, Districts and even Tehsils are almost immune and it is almost impossible to touch them in any manner. If you give them this legal exemption and also give them extra protection I think you would all the more strengthen their hands.

This is the point which I would like to make.

چودھری محمد اویس (جھنگ ۲) ۔ جناب والا ۔ میں اس آرڈیننس میں صرف ایک ترمیم تجویز کرنا چاھتا تھا لیکن اس تجویز سے پہلے میں اپنے فرض میں کوتاھی کروں گا اگر حمزہ صاحب کے اعتراضات کا جواب نہ دے دوں ۔ وہ میرے نہایت ھی فاضل دوست ھیں ۔ میں اس ملک کی بار کے متعلق عرض کرتا ھوں کہ جس نے ھمیشہ اور اچھے برے وقت میں اپنے فرائض کو نہایت تندھی سے نبھایا اور بلا کسی لالچ کے اپنے فرائض سر انجام دئیے اور جو ھمیشہ حق و انصاف کے لئے لڑتی رھی ھے ۔ آئندہ بھی حق و انصاف کے لئے لڑتی رھے گی ۔ حکومت خواہ کوئی بھی ھو اس کی یہی خواھش ھوتی ھے کہ حق و انصاف کا بول بالا ھو ۔ حمزہ صاحب نے کچھ ایسے الفاظ استعمال کئے ھیں ۔ یعنی یہ کہہ کر کہ یہ آرڈیننس وکلاء کے لالچ کے لئے لایا گیا ھے انہوں نے میرے پیشے کی توھین کی ھے ۔ انہوں نے اس بار پر تنقید کی ھے جس کو آج تک کوئی خرید نہ سکا ۔ انہوں نے وکلاء کی توھین کی ھے جنہوں نے کسی لالچ کی پروا نہ کرتے ھوئے ھمیشہ حق بات کہنے کی جرات کی ھے اور کبھی ناحق بات کہنے کی جرات نہیں کی // حمزہ صاحب کا دوسرا پوائنٹ جو ان کی لاعلمی کی وجہ سے تھا وہ یہ ھے

کہ اس آرڈیننس کے ذریعے کنٹرولنگ اتھارٹی کو یہ اختیارات دیدئیے گئے ھیں کہ وہ revision کی سماعت کریں اور وہ تجویز کرنا چاھتے ھیں ۔ کہ یہ اختیارات ڈسٹرکٹ ججوں کو دیئے جائیں میں ان کے علم کے لئے کہنا چاھتا ھوں کہ اس آرڈیننس کے ذریعے دو قسم کے مقدمات کا فیصلہ ھوتا ھے ۔ یعنی سول اور کریمنل ۔ سول مقدمات کے لئے سول جج ھیں اور کریمنل کے لئے ڈپٹی کمشنران وغیرہ ۔ حمزہ صاحب نے جو کچھ فرمایا انہوں نے اپنی لا علمی کیوجہ سے ایسا فرمایا ۔ کاش وہ مسلم لیگ کی Constitution ھی پڑھ لیتے تو یہاں اعتراض کرنے کا انہیں موقع نہ ھوتا ۔ وہ یہ فرماتے ھیں کہ مسلم لیگ کی نئی آرگینائزیشن کے ذریعے ھی یونین کونسلوں کے چیئرمینوں کا انتخاب ھو گا ۔ یہ بالکل غلط ھے ۔ اس میں کوئی صداقت نہیں ۔ میرا خیال ھے کہ حمزہ صاحب اپنی تسلی مسلم لیگ کے آئین پڑھنے کے بعد ھی کر سکتے ھیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ مسلم لیگ کے دانت دکھانے کے اور ھیں اور کھانے کے اور ۔

Mr. Deputy Speaker: The Member may please take his seat.

چودھری محمد ادریس ۔ حمزہ صاحب کا ایک اور اعتراض ھے وہ اعتراض خٹک صاحب نے جو سیکشن ۲ ۔ اے کا حوالہ دیا ھے اس کے متعلق ھے ۔ کاش کہ وہ یہ اعتراض کرنے سے پیشتر ھسٹری کو پڑھ لیتے جس کی وجہ سے ھمارے لا ڈیپارٹمنٹ نے بہت مدت سے اس ڈیمانڈ کو مد نظر رکھتے ھوئے لیگل اتھارٹی میں کچھ discrepancies ھونے

کی وجہ سے یہ سیکشن ان الفاظ میں incorporate کیا ہے ۔

جناب والا ۔ ہوتا یوں تھا اس سے پیشتر بھی قانون فوجداری میں اس قسم کے provisions موجود ہیں ۔ لیکن ان کے الفاظ ایسے تھے جن کی وجہ سے کوئی اتھارٹی مخصوص نہیں کی گئی ہے کہ کس نے یہ فیصلہ کرنا ہے کہ کوئی کارروائی کسی شخص نے اپنی سرکاری حیثیت میں کی ہے یا نہیں جب بھی کوئی فوجداری کارروائی ہوتی پہلا نکتہ یہ پیدا ہوتا تھا کہ یہ کام اس نے اپنی سرکاری حیثیت میں نہیں کیا اور بعض اوقات اس کے لئے سپریم کورٹ تک جانے میں سالہا سال لگ جاتے بہت عرصہ سے مطالبہ تھا کہ فوری ابتدائی سٹیج پر یہ فیصلہ ہو جانا چاہئے اور اس کے لئے اتھارٹی مقرر ہونی چاہئے کہ آیا کسی سرکاری افسر کا کوئی کام اس کی آفیشل ڈیوٹی میں ہے یا نہیں ۔ اس ہسٹری کے مد نظر دیکھا جائے تو اس سیکشن کے الفاظ ایسے ہیں کہ اس کے تحت ایک اتھارٹی کو یہ اختیارات دے دئے گئے ہیں ۔ اب کسی لمبی کارروائی میں پڑنے سے پہلے اس سیکشن کے تحت یہ فیصلہ ہو جائیگا کہ آیا اس شخص پر مقدمہ چل سکتا ہے یا نہیں آخر کسی نے تو یہ فیصلہ کرنا ہے ۔ وہ ڈی سی ہو یا میجسٹریٹ ہو ۔۔۔۔۔

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak: With your permission, Sir, why not the court itself?

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ اس سے پیشتر اس قسم کے provisions تو موجود ہیں مگر ان کی وجہ سے confusion تھا اور معمولی سے نکتہ کے فیصلے کے لئے سالہا سال لگ جاتے تھے اور کیس سپریم

کورٹ تک چلے جاتے تھے ۔ اب یہ بات نہیں ہو گی فیصلہ غلط ہو یا صحیح ہو ابتدا ہی میں ہو جائیگا ۔ آخر یہ ضروری نہیں کہ جو فیصلہ ہو صحیح ہو ۔ ------

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak: With your permission, Sir, if there is no appeal from this?

Chaudhri Muhammad Idrees: There should be no appeal; there should be an end to litigation. It is the State Policy; it is the policy of the society that there should be an end to litigation. (laughter).

مسٹر حمزہ ۔ اور سکھا شاہی کسے کہتے ہیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ شاید ٹوبہ ٹیک سنگھ سے اس کا کچھ تعلق ہو ۔

Mr. Deputy Speaker: Order please, Order.

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ سیکشن ۳ کے متعلق اس سے پیشتر کافی بحث ہو چکی ہے میں ایک منٹ میں اس کے متعلق ایک چھوٹی سی عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ اگر ملک اختر صاحب یہاں موجود ہوتے تو زیادہ بہتر تھا ۔ انہوں نے ایک "کاما" پر اعتراض کیا ہے جس کا جواب وزیرقانون صاحب نے دے دیا ہے اس کے لئے پہلے سے جوڈیشیل فیصلہ موجود ہے اگر وہ چاہیں تو میں انہیں دے دوں گا ۔ معلوم ہوتا ہے کہ میرے فاضل دوست کی punctuation بڑی کمزور ہے وہ کوئی مناسب ڈکشنری دیکھ لیں یا اس پر سیکسویل کی کتاب ہے وہ دیکھ لیں آخر میں میں وزیر صاحب کی خدمت میں ایک عرض پیش کرنا

چاهتا هوں اور وہ ذاتی تجربہ کی بنا پر ہے ۔ غالباً میرے فاضل دوست اختر صاحب کو یہ ترمیم ضرور پیش کرنی چاهئیے تھی اگر وہ کرتے تو ایک تعمیری اقدام هو جاتا ۔ غالباً انہوں نے اس کا نوٹس هی نہیں لیا ۔

جناب والا ۔ اس آرڈیننس کے تحت جو اس وقت همارے سامنے ہے ڈسٹرکٹ جج کی عدالت میں جو revision file هو گی اس کے لئے تیس دن کی میعاد مقرر کر دی گئی ہے ۔ بہت سے حالات میں جناب عالی یہ هوتا ہے کہ فیصلہ یک طرفہ هو جاتا ہے دوسرے فریق کو یہ پتہ هی نہیں چلتا کہ اس کے خلاف یہ فیصلہ هو چکا ہے اسے دو چار چھ ماہ کے بعد اس کا پتہ اس وقت چلتا ہے جب اس فیصلہ پر عملدرآمد شروع هوتا ہے ۔ چونکہ میعاد صرف تیس دن مقرر کی گئی ہے اور سیکشن ۵ اور بارہ کا اطلاق نہیں کیا گیا ہے اس شخص کے لئے کوئی remedy باقی نہیں رهتی وہ کوئی داد رسی حاصل نہیں کر سکتا ۔ مجھے ایک ایسے کیس کا ذاتی طور پر علم ہے ۔ ایک بیوہ کے خلاف مہم میں یک طرفہ حکم جاری هو گیا ۔

(ایک آواز ۔ کس نے کیا تھا)

آپ کی پارٹی کے ایک چیئرمین نے / اسے دو صد روپے جرمانہ کر دیا گیا چھ ماہ کے بعد جب اس پر عملدرآمد هوا تو اسے پتہ چلا ڈی سی صاحب اس کی مدد کرنا چاهتے تھے ۔ وہ چاهتے تھے کہ اس کے ساتھ انصاف

ہو جائے لیکن قانون میں اس کی گنجائش موجود نہ تھی کہ اسکی داد رسی ہو سکتی لہذا میں اپنے محترم وزیر صاحب سے یہ التجا کرونگا کہ وہ اس پوائنٹ کو ضرور نوٹ کریں ۔ اور یہ خامی جلد از جلد دور کریں ۔ اور ایکٹ میعاد کے سیکشن ۵ اور ۱۲ کا ضرور اس پر اطلاق کر دیا جائے ۔

خان محمد یوسف خان (راولپنڈی ۔ ۲) ۔ جناب والا ۔ پیشتر اس کے کہ میں آرڈیننس زیر بحث کے متعلق کچھ عرض کروں میں اس امر کا اظہار کرنا چاہتا ہوں کہ میں اپنے فاضل دوست چودھری محمد ادریس کے ان خیالات سے پوری طرح اتفاق رکھتا ہوں جو انہوں نے وکلاء اور بار کے متعلق یہاں فرمائے ہیں وکلا کی کامیابی کا بین ثبوت یہ ہے کہ ایک وکیل کے ذہن میں پاکستان کا خیال آیا اور دوسرے نے اس کی تکمیل کی ۔ وکلاء نے ہمیشہ تمام قوم کے حقوق کی نگہداشت کی ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ میں آپ کی وساطت سے انہیں بتانا چاہتا ہوں کہ صدر صاحب وکلا کے خلاف بہت کچھ کہہ چکے ہیں ۔

خان محمد یوسف خان ۔ وکلاء کی تنقیص کسی نے آج تک نہیں کی موجودہ معاشرہ میں یہ ایک معزز پیشہ ہے اور ان کا ہونا ضروری ہے ۔

جناب والا ۔ میرے فاضل دوست خٹک صاحب نے ارشاد فرمایا ہے کہ بہت سے اچھے قانون ہیں جو اس وجہ سے جانبر اور کامیاب نہیں ہوتے کہ جب

وزیر انہیں پیش کرتے ہیں تو بر وقت بتایا نہیں جاتا کہ ان کا مقصد کیا ہے اور ایسا کیوں کیا گیا ہے ۔ میں ان کی خدمت میں عرض کروںگا ۔ کہ یہ طریق کار جس کے مطابق آج بھی یہاں بحث ہوئی ہے اس اصول کے خلاف ہے جو آئین میں دیا گیا ہے اس ترمیمی دفعہ میں شاید کوئی ایسی بات نہیں کہ سرکاری ملازمین کا trial نہیں ہو گا یا فوراً نہیں ہو گا ۔ مصالحتی عدالتوں کی بجائے عام عدالتوں میں ان کے خلاف کارروائی بدستور ہو سکتی ہے ۔ میری دلیل اس کے حق میں یہ ہے ۔ کہ اپنے ضابطہ فوجداری کی دفعہ ۱۹۷ کے مطابق کسی شخص کو کسی سرکاری ملازم کے خلاف حق استغاثہ حاصل نہیں جب تک اس کی اجازت متعلقہ افسروں سے نہ لے لی جائے ۔ جب تک اس کی موجودہ اتھارٹی سے اجازت حاصل نہ کریں ۔ وہ استغاثہ عدالت میں چل نہیں سکتا ۔ تو یہ قانون ان لوگوں کا دیا ہوا ہے جنہوں نے قانون کی تمام تھیوریاں پڑھی ہیں ۔ (میری مراد انگریز سے ہے) یہ اس زمانہ سے چلا آ رہا ہے ۔ اگر اس کو اس نقطہ نظر سے دیکھیں گے کہ کسی ایک خاص طبقے کے حقوق کو محفوظ کیا گیا ہے ۔ یا اس میں فرق پیدا کیا گیا ہے ۔ یہ طریقہ سوچنے کا اور دیکھنے کا درست نہیں ہے ۔ بلکہ میں یہ سمجھتا ہوں اور آپ خیال فرمائیں کہ بالعموم جتنے افسران یا سرکاری ملازمین جو ہیں وہ کسی ضلع میں ہوتے ہیں اور رہنے والے کسی قصبہ کے ہو سکتے ہیں ۔ فرض کیجئے ایک دور دراز قصبہ میں کسی ایسے فعل کے

لئے جو حقیقتاً ان کی سرکاری ڈیوٹی کے الدر سر زد ہوا ہو اب اگر Conciliation Court انہیں سنے تو وہ بچارے اپنی ڈیوٹی چھوڑ کر تاریخیں بھگتنے کے لئے ۲۰ میل یا ۲۵ میل دور دراز علاقے میں جائیں گے حالانکہ انہوں نے کچھ بھی نہیں کیا ۔ اپنے فرائض منصبی کی ادائیگی کے سلسلہ میں ان سے کوئی ایسی چیز یا ایسا جرم سرزد ہو جسے جرم سمجھا جاتا ہے یا کوئی دوسرا آدمی ان کے خلاف شکایت کرتا ہے اور وہ مارے مارے پھرتے ہیں اور ان کا اپنے فرائض منصبی کو ادا کرنے میں حرج ہوتا ہے ۔ یہ بہتر ہے کہ ضلع کی عدالت کے اندر ہی trial ہو بجائے اس کے کہ Conciliation Court میں trial ہو ۔ میری نگاہ میں اور بھی وجوہات ہیں جن کی بنا پر اس میں ترمیم لازم کر دی گئی ہے یہ کسی طرح سے بھی امتیازی تحفظ پیدا نہیں کیا گیا ۔ دوسرے میرے بھائی صاحب نے ''کامے،، والا مسئلہ پیش کیا ہے میں تو پہلے سے ساری بات کو سنتا رہا ہوں مجھے تو سمجھ نہیں آیا کہ اس میں تنازعہ کیا پیدا ہوا ہے ۔ تھیوری اور فلسفہ یہ ہے کہ ہر شخص کو قانون سمجھنا چاہئے everyone is presumed to know law ۔ قیاس یہ ہوتا ہے کہ ہر آدمی قانون کو جانتا ہے لیکن عملی صورت میں آپ سب جانتے ہیں کہ یہ حقیقت نہیں ہے بلکہ قانون کو قانون کے ماہرین ہی سمجھتے ہیں اور اس کی interpretation کے سوال کو وہ خوب سمجھتے ہیں کہ کیسے کرنی چاہئے ۔ اب آپ یہ خیال فرمائیں کہ صاف الفاظ میں لکھا ہوا ہے ۔

"Save as otherwise expressly provided by or under this Ordinance, the provisions of the Evidence Act, 1872 (I of 1872), other than those contained in sections 123, 124 and 125 of the Code of Criminal Procedure. . . ."

اگر یہ خیال پیدا ہوتا ہے کہ اس میں complications ہیں ۔ اسے اس طرح پڑھیں ۔

"Save as otherwise expressly provided by or under this Ordinance, the provisions of the Evidence Act, the provisions of the Code of Criminal Procedure. . . ."

کیا یہ interpretation کا طریقہ ہے ۔ محکمہ نے ٹھیک لکھا ہے کہ جب 'year' ہو تو وہاں ,,کامہ،، لگتا ہے ۔ ,,کامہ،، تو یقیناً ہے ۔

". . . . . other than those contained in Sections 123, 124, and 125"

چونکہ Evidence Act, 1872 کو refer کر رہے ہیں اس لئے انہوں نے ,,کاما،، دے دیا ہے ۔

"The provisions of the Code of Criminal Procedure."

اس سے ظاہر ہے کہ سیکشن ۱۲۳ ، ۱۲۴ اور ۱۲۵ Evidence Act سے تعلق رکھتے ہیں نہ کہ Criminal Procedure Code سے تعلق رکھتے ہیں ۔ اس لئے جہاں تک قانون میں کسی خلا کا تعلق ہے وہ definition میں موجود نہیں ہے ۔

جناب والا ۔ اس سلسلے میں ایک گذارش ضرور کروں گا ۔ وہ یہ ہے کہ جو مجھے نقص نظر آیا ہے ۔ اور میرے فاضل بھائی نے جیسا کہ مثالیں دی ہیں میں سمجھتا ہوں میں نے بہت cases کئے ہیں ۔ اس میں

نقص یہ ہے کہ یکطرفہ فیصلہ کرنے کا حق ہی نہیں ہے اور یہ فرما رہے ہیں کہ یکطرفہ فیصلہ کے سلسلہ میں اپیل کی گئی ہو یا revision کی گئی ہو ۔ revision میں یہ کہا گیا ہے اب کی جائے گی ۔ میں اسکے متعلق عرض کرتا ہوں کہ یکطرفہ فیصلے کرنے کا حق کہیں بھی نہیں ہے ۔ اگر کوئی صاحب یکطرفہ فیصلہ کردیں تو وہ کنٹرولنگ اتھارٹی خواہ ڈسٹرکٹ جج کے پاس ہو یا ڈپٹی کمشنر کے پاس وہ اس کو satisfy اس بنا پر کر سکتے ہیں کہ یکطرفہ فیصلہ کا کوئی حق نہیں ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ جہاں یکطرفہ کا حق نہیں ہے وہاں یہ حق دینا چاہئے اگر یہ Criminal Procedure میں نہ ہو ۔ فرض کیجئے ۴۸۸ کا کوئی کیس ہوتا ہے اور civil cases میں ایسی پوزیشن ہے کہ بار بار مدعا علیہ کو طلب کیا جاتا ہے اور وہ نہیں آتا پھر کیا کیا جائے ۔ میں یہ عرض کرتا ہوں کہ آپ یکطرفہ فیصلہ کا حق ان کو دیں تا کہ فیصلہ میں توقف بھی نہ ہو اسکے علاوہ کوئی نتیجہ خیز حل بھی ہو ۔ ورنہ تاریخیں دیتے چلو۔ اگر ایک آدمی عمداً غیر حاضر ہو جاتا ہے اس کے متعلق کیا کیا جا سکتا ہے ۔ اصلی ہنگامی قانون جو ہے اس میں یہ ترمیم کرنا میرے نقطہ نگاہ سے لازمی ہے ۔

جناب والا ۔ ان معروضات کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

رانا پھول محمد خان (لاہور ۔ ۷) ۔ جناب سپیکر ۔ اس ہنگامی قانون کے نقائص بیان کرتے وقت میرے نہایت ہی معزز دوست حمزہ صاحب نے ایک ایسے طبقہ پر شبہ کا اظہار کیا ہے ۔ جس کی وجہ سے میرے

لئے لازم ہے کہ اس طبقہ کے متعلق میں بھی انہیں کچھ بتاؤں چونکہ میں بھی اسی طبقہ سے تعلق رکھتا ہوں ۔ جناب والا ۔ بنیادی جمہوریت کے نظام نے اس ملک کی دیہی آبادی کو جس قدر ترقی دی ہے اس سے کوئی شخص انکار نہیں کر سکتا ۔ مصالحتی عدالتیں اس لئے قائم کی گئی ہیں کہ دور دراز بسنے والے غریب لوگوں کو حصول انصاف کے لئے زیادہ خرچ برداشت نہ کرنا پڑے (قطع کلامی) ۔

جناب والا ۔ میرے معزز دوست نے جو چیئرمینوں پر شبہ کا اظہار کیا ہے ۔ کہ وہ آزاد نہیں ہیں ۔ وہ منصف نہیں ہیں اور دیانت دار نہیں ہیں ۔ مجھے ان کی اس بات سے اتفاق نہیں ہے ۔

جناب والا ۔ جہاں تک ان مصالحتی عدالتوں کے مقدمات کی اپیلوں کا تعلق ہے اگر آپ اس کا جائزہ لیں یا ان کی تعداد دریافت کریں تو آپ کو بہت کم مقدمات ایسے ملیں گے جن میں اپیلوں کی ضرورت پڑتی ہے۔ ورنہ مصالحتی عدالتیں زیادہ سے زیادہ مقدمات میں فریقین میں صلح کرا دیتی ہیں ۔ جناب والا ۔ میری سمجھ میں نہیں آیا کہ میرے فاضل دوست نے کہا ہے ۔ کہ نہ وکلاء کی اجازت ہے ۔ نہ دلائل کی اجازت ہے اور اپیل کی اجازت ہے ۔ اگر اپیل کی اجازت دی جائے تو پھر وہ کہتے ہیں کہ ایسا طبقہ جو اس ملک کے قانون کا محافظ ہے (یعنی وکیلوں کا طبقہ) اس پر شبہ کرتے ہیں ۔ کہ ان کو لالچ دیتے ہیں ۔ ان کی دیانت پر شبہ کرتے

ھیں ۔ کہ ان کو لالچ دیتے ھیں۔ ان کی دیا نت پر شبہ کرتے ھیں۔ چیئرمینوں کی دیانت پر شبہ کرتے ھیں بلکہ یہ ھر چیز پر شبہ کرتے ھیں ۔ میں ان سے دریافت کرنا چاھتا ھوں کہ چیئرمینوں کو ان کی قوم نے منتخب کیا ھے ۔ اس قوم کی اکثریت نے منتخب کیا ھے ۔ ان کا یہ کہنا کہ چیئرمین اکثر قوم کی نمائندگی نہیں کرتے ۔ تو میں کہتا ھوں کہ اگر وہ نمائندگی نہ کرتے تو میرے فاضل دوست بھی صحیح معنوں میں اس ھاؤس کے ممبر منتخب ھو کر نہ آتے ۔

Mr. Deputy Speaker : The Member may please be relevant.

رانا پھول محمد خان ۔ نہ اس ملک کے عوام دیانت دار ھیں ۔ نہ اس ملک کے افسر دیانت دار ھیں تو اس لئے میں ان سے دریافت کرنا چاھتا ھوں کہ آیا وہ کون سا طبقہ ھے جس کی دیانت داری پر شبہ نہ ھو ۔ کیونکہ اگر افسران کو اختیارات دیئے جائیں تو وھاں بھی بددیانتی کا احتمال ھوتا ھے ۔ اگر عوام کو اختیارات دے دیئے جائیں تو انہیں وھاں بھی بددیانتی نظر آتی ھے ۔ اس لئے میرے خیال میں اگر تمام اختیارات اور اقتدار حمزہ صاحب کے سپرد کر دیئے جائیں تو وہ ایک X X X X X پیدا کریں گے ۔

Mr. Deputy Speaker : No personal remarks. These remarks should be expunged from the record.

---

*Expunged as ordered by the Deputy Speaker.

Minister for Law and Parliamentary Affairs (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : Sir, question may be put now. The ordinance has been under debate since day before yesterday and practically the whole day has been devoted to this.

Mr. Deputy Speaker : Let the House decide.

مسٹر حمزہ - آپ کو اس چیز کا علم ہے کہ ہمارے قائد کو بھی جیل بھیجا گیا ہے - لیکن ہمیں یہاں بولنے کی پھر بھی اجازت نہیں دی جاتی -

Mr. Deputy Speaker : The member may please resume his seat.

وزیر بنیادی جمہوریت - اتنا کچھ بولنے کے باوجود بھی آپ یہ فرما رہے ہیں - کہ آپ کو یہاں پر بولنے کی اجازت نہیں دیجاتی -

رانا پھول محمد خان - پوائنٹ آف آرڈر - جناب سپیکر - حمزہ صاحب نے ہم پر یہ جو الزام لگایا ہے - کہ ہم نے انکے لیڈر کو جیل بھیجا ہے - اسکے متعلق میری عرض یہ ہے - کہ میرا خیال تو یہ ہے - کہ انکے لیڈر کے جیل میں جانے سے تو انکی دلی خواہش پوری ہوئی ہے - کیونکہ اس طرح انہیں اچھی طرح بولنے کا موقع مل گیا ہے - (قطع کلامیاں)

Mr. Deputy Speaker : This is no point of order.

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی - ۸) - جناب سپیکر - یہ ترمیمی ہنگامی قانون تین دفعات پر مشتمل ہے اور میں اس قانون کے

متعلق اپنی گذارشات اسکی آخری دفعه سے شروع کرتا ہوں ۔ یہ آخری دفعہ وکلاء کو نظرثانی کے مرحلے پر کنٹرولنگ اتھارٹی کے سامنے پیش ہونے کی اجازت دیتی ہے ۔ مجھے افسوس ہے ۔ کہ اس دفعہ پر گفتگو کرتے ہوئے وکلاء کے سلسلے میں بعض بڑی ناخوشگوار باتیں سامنے آئیں ہیں اور مجھے یقین ہے ۔ کہ وکلاء کے بارے مین حمزہ صاحب نے جو باتیں فرمائی تھیں ۔ ان سے ان کا یہ مقصد نہیں تھا کہ اس بر صغیر میں سارے کے سارے وکلا ملک کی بدنامی اور دوسری بدعنوانیوں کا باعث بنے ہیں ۔ کیونکہ واقعہ یہ ہے ۔ کہ یہ ملک اپنے قیام کے لئے بھی وکلاء کی خدمات کا مرھون منت ہے ۔ اس میں شک نہیں ۔ کہ بہت سے وکلاء اپنے پیشے کو بدنام کرنے کا باعث بھی بنے ہیں ۔ لیکن اس وقت جو عدالتی نظام ہمارے ہاں رائج ہے ۔ اس میں عدالتوں کی امداد کیلئے بعض اوقات وکلاء کی موجودگی ضروری سمجھی جاتی ہے ۔ اور ان کی موجودگی مفید خدمات کا باعث بنتی ہیں ۔ اس لئے مجھے آپکی اس دفعہ سے پورا اتفاق ہے ۔ کہ اب آپ نے وکلاء کو کم از کم نظرثانی کے موقع پر تو گفتگو کا موقع دیا ہے ۔

تیسری شق پر گفتگو کے دوران کافی بحث ایک "comma" کے مسئلے پر ہوئی ہے ۔ واقع یہ ہے کہ مجھے اس "comma" کو سمجھنے میں کوئی دقت پیش ہی نہیں آئی ۔ اور جو کچھ آپ کہنا چاہتے ہیں ۔

میں نے اسکا مفہوم پہلی ھی نظر میں پا لیا ھے ۔ مگر یہ درست ھے ۔ کہ یہ مبہم ھے اور اس ابہام کا واضح ثبوت یہ ھے ۔ کہ خود جناب سپیکر جب یہاں تشریف رکھتے تھے ۔ تو ان کو بھی محسوس ھوا ۔ کہ یہ "comma" معنی کے سمجھنے میں غلط فہمی پیدا کر رھا ھے ۔ اور مزید قانون کو بھی یہی دقت محسوس ھوئی۔ کہ یہاں "comma" کیوں رکھا گیا ھے ۔ اور انکو اپنے عملے سے مدد لینے کی ضرورت پیش آئی ۔ اور تب انکی سمجھ میں آیا ۔ اور وہ ایوان کو بتا سکے ۔ کہ اس "comma" کی ضرورت کیوں پیش آئی تھی ۔ تو ایسے قوانین جنکا تعلق عدالتی نظام کے نچلے طبقے سے ھے ۔ یعنی چیئرمینوں سے ھے ۔ تو اگر اس میں اس طرح کا ابہام نہ ھو ۔ تو قوانین کو سمجھنے اور معاملات کا فیصلہ کرنے میں زیادہ آسانی ھو گی ۔ پھر اصل دفعہ کہ جس سے مجھے اختلاف ھے ۔ وہ آپکی دفعہ نمبر 2 (اے) ھے ۔ جس میں آپ نے مصالحتی عدالت کے نظام کی حدود سے سرکاری ملازمین کو ایک حد تک خارج کیا ھے۔ جہانتک اس دفعہ کی روح کا تعلق ھے ۔ یعنی اس عبارت کے پیچھے جو روح کار فرما ھے ۔ مجھے اس سے اختلاف نہیں ھے ۔ یہ امر واقعہ ھے ۔ کہ سرکاری ملازمین اپنی سرکاری ملازمت کی حیثیت میں جو فرائض انجام دیتے ھیں ۔ اگر انکو مصالحتی عدالتوں کے چیئرمینوں کی زد میں لایا جائے تو اس سے سرکاری کام کی صحیح طریقے سے بجاآوری میں خلل کا امکان ھے ۔ اور اس لئے ابتدائی عدالتوں کے بجائے ڈسٹرکٹ میجسٹریٹ کی عدالتیں یا دوسری ملکی

عدالتیں یعنی عام عدالتوں میں مقدمات کو جانا چاہئیے ۔ لیکن اس شق کی عبارت بھی اتنی مبہم ہے ۔ کہ اس سے میں سمجھتا ہوں ۔ کہ آپکو صحیح مقاصد حاصل کرنے میں دیر لگے گی ۔ مثلاً یہ کہ یہ دفعہ یہ نہیں بتاتی ۔ کہ فرض کر لیجئے ۔ اگر ایک سرکاری ملازم کسی جرم کا مرتکب ہوتا ہے ۔ اور اسکا معاملہ فیصلے کیلئے مصالحتی عدالت کے سامنے آنا چاہئیے ۔ تو اسکے لئے مطلوبہ سرٹیفیکیٹ حاصل کرنے کی ذمہداری کس پر عائد ہو گی ۔ آیا اس متعلقہ مصالحتی عدالت کا چیئرمین خود اس اتھارٹی کے پیچھے سرٹیفیکیٹ حاصل کرنے کے لئے بھاگے گا ۔ کہ آیا اسے try کیا جائے یا نہیں اور آیا یہ کام اس اہلکار نے سرکاری حیثیت میں کیا تھا ۔ یا غیر سرکاری حیثیت میں کیا تھا ۔ یعنی اس قانون سے اس بات کا پتہ نہیں چلتا ۔ فرض کیجئے ۔ کہ ایک سرکاری ملازم ایک جرم کا مرتکب ہوا اور مصالحتی عدالت کے قانون کے لحاظ سے اس سرکاری ملازم کا معاملہ فیصلے اور سزا کیلئے مصالحتی عدالت کے سامنے جانا چاہیئے اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے ۔ کہ یہ فرض کس کا ہے ۔ کہ وہ متعلقہ اتھارٹی سے مطلوبہ سرٹیفیکیٹ حاصل کرے ۔ کہ وہ جرم اس افسر نے اپنے سرکاری فرض کی انجام دھی میں کیا ہے ۔ اس لئے وہ معاملہ مصالحتی عدالت کی حدود اختیار سے باھر ہے ۔ ایک صورت تو یہ ہو سکتی ہے ۔ کہ مصالحتی عدالت کا چیئرمین یہ محسوس کرے ۔ کہ یہ جرم سر زد ہوا ہے ۔ تو وہ خود تلاش کرے ۔ کہ وہ اتھارٹی کون سی ہو گی ۔ جو

اسے یہ سرٹیفیکیٹ دیگی ۔ کہ اس نے یہ جرم کس حیثیت میں کیا تھا ۔ اگر آپ اسکا یہ منشاء لیتے ہیں ۔ تو میں سمجھتا ہوں ۔ کہ یہ اس قانون کی نفی ہے ۔ یعنی مصالحتی عدالت کے چیئرمین کو اس اتھارٹی کے پیچھے بھاگنا اور پھر سرٹیفیکیٹ حاصل کرنا یہ اسکے لئے بہت ہی دقت طلب صورت ہے ۔ یہ اس عدالت پر ایک ایسا فرض عائد کرنا ہے ۔ کہ جس کی بناء پر وہ انصاف نہیں کر سکے گی ۔

دوسری صورت جو صحیح ہے ۔ وہ یہ ہے ۔ کہ اگر کسی مصالحتی عدالت کے چیئرمین کو یہ معلوم ہو ۔ اور یہ محسوس ہو ۔ کہ کسی سرکاری افسر نے کوئی جرم کیا ہے ۔ تو وہ اسکو عدالت میں پیش کرے ۔ اور پھر یہ ذمہ داری اس افسر کی ہے کہ وہ مطلوبہ سرٹیفیکیٹ مہیا کر کے بتائے کہ یہ عدالت میرے بارے میں فیصلہ نہیں کر سکتی ۔ اس لئے کہ مجھ سے جو فلاں فعل یا فلاں جرم سرزد ہوا ہے ۔ وہ میرے سرکاری افسر ہونے کی حیثیت میں سرزد ہوا ہے ۔ ۔ ۔

Mr. Hamza : Sir, there is no quorum in the House.

Mr. Deputy Speaker : Let there be a count (*count was taken*). The House is not in quorum. Let the bells be rung (*bells were rung*). The House is in quorum. Yes, Mr. Farooqi.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس

قانون کی یہ دفعہ روح کے اعتبار سے صحیح ہے لیکن عبارت کے لحاظ سے سخت مبہم ہے ۔ اس میں آپ نے یہ فرمایا ہے ۔

"Cases relating to matters..... .... shall be excluded from conciliation except where a certificate is granted by Government or an officer authorised by Government in that behalf to the effect that the Government Servant has not acted in the discharge of his official duties.".

اس سے یہ پتہ نہیں چلتا کہ یہ ذمہداری کس کی ہے ۔ to obtain that certificate from the Government or the officer authorised by Government in that behalf.

آیا وہ مصالحتی عدالت کا چیئرمین اس فعل کے سرزد ہونے کے بعد معلوم کرے گا کہ کونسا افسر سرٹیفیکیٹ دے گا ۔ پھر وہ سرٹیفیکیٹ لائے اور افسر متعلقہ کو بلائے ۔ یا جب یہ فعل سرزد ہو جائے تو مصالحتی عدالت کا چیئرمین اس بات کا مجاز ہو کہ وہ افسر متعلقہ کو اپنی عدالت میں حاضری کا حکم دے ۔ اس کے خلاف کارروائی جاری کرے اور پھر یہ ذمہ داری اس افسر متعلقہ کی ہو کہ وہ صحیح افسر سے جو مقرر کیا گیا ہو یہ سرٹیفیکیٹ حاصل کر کے لے آئے ۔ کہ جناب میں نے یہ کام اپنی سرکاری ذمہ داری کی ادائیگی کے سلسلہ میں کیا تھا ۔ اس لئے میرا یہ جرم مصالحتی عدالت کے purview میں نہیں آتا ۔ مجھے پتہ نہیں کہ آپ کے ذہن میں یہ بات تھی یا نہیں ۔ بہر حال اس لحاظ سے یہ دفعہ ناقص ہے ۔ گفتگو کرتے ہوئے میرے بعض رفقا نے دفعہ ۱۹۷ کا حوالہ دیا ہے ۔

اور جو بات کہی گئی ہے وہ سن کر مجھے افسوس ہوا کہ یہ انگریزوں کی کے بنائے ہوئے قانون کے مطابق ہے ۔ واقعہ یہ ہے کہ اس ملک میں انگریز کی جو حکومت تھی وہ نمائندہ حکومت نہیں تھی وہ ایک نوکر شاہی کی حکومت تھی ۔ وہ اس طرح کے قوانین بناتے تھے کہ ان کے مقرر کردہ افسران کو زیادہ سے زیادہ تحفظات مل سکیں ۔ اور عدالتوں کو اور جمہوری اداروں کو ان افسران کے اوپر کم سے کم اختیارات حاصل ہوں کیونکہ وہ اُن کی حکومت کے ارکان تھے اور انہی کی بنیادوں پر ان کی حکومت قائم تھی ۔ اب ہمارے سامنے یہ حال پیش کرنا کہ یہ قانون ٹھیک ہے ۔ کیونکہ یہ اس قانون کے مطابق ہے جو انگریزوں نے یہاں رائج کیا تھا ۔ میں سمجھتا ہوں یہ ہمارے لئے باعث ننگ ہے ۔

خان محمد یوسف خان ۔ اس سے پہلے مغربی پاکستان میں ایسی ہی حکومت قائم تھی ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ اور اب اس کو پورا کیا گیا ہے ۔ ہمیں دیکھنا یہ ہے کہ سرکاری افسران کو جہاں تک تحفظ دیا جانا چاہیئے اُس سے زیادہ تحفظ ان کو نہ دیا جائے اور اس حد تک تحفظ دیئے جانے سے قطعاً اختلاف نہیں ۔ سرکاری افسر اپنے سرکاری فرائض کی ادائیگی میں کوئی لغزش کرتا ہے تو بے شک اعلیٰ عدالتوں کو اس کا نوٹس لینا چاہئے اور عدالتی نظام کے نچلا درجہ یعنی چیئرمین کے purview سے باہر ہونا چاہئے

تاکہ اہلکار آزادی سے اپنے فرائض کو سر انجام دے سکے ۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ وہ چیئرمین کے حدود سے بالکل آزاد ہو اور یہ کام آپ چیئرمین پر ڈال دیں کہ وہ اس کے پیچھے بھاگے اور مطلوبہ سرٹیفیکیٹ حاصل کرے ۔ میں سمجھتا ہوں ان وجوہ کی بنا پر شاید وزیر متعلقہ خود غور فرمائیں کہ اس دفعہ میں کوئی ترمیم کر لی جائے تا کہ سرکاری افسران کو وہ تحفظ بھی حاصل رہے گا ۔ جو وہ لینا چاہتے ہیں اور ان کو دینا بھی چاہئے اور اس کے ساتھ ہی مصالحتی عدالتوں کے چیئرمین کا وقار اور ان کی پوزیشن بھی برقرار رکھی جائے ۔ اب یہ بات آپ نہ بھولیں کہ مصالحتی عدالتیں اور یہ چیئرمین یہ سارے کا سارا ادارہ یہ خود آپ کی حکومت کے نزدیک اور آپکی حکومت کے سب سے بڑے سربراہ کے نزدیک ایک متبرک ادارہ ہے ۔ اور اس کے خلاف یا اس کے حدود اختیار کو کم کرنا غلط ہے ۔ اس لئے کہ یہ آپ کے ان چند قوانین میں شامل ہے جن کو دستوری تحفظ حاصل ہے ۔ ایسے دستور ی تحفظ یافتہ قوانین کے اندر کسی چیز کو مبہم رکھنا اور اختیار کو کم کرنا خود آپ کی حکومت کی منشا کے خلاف ہے ۔ تو میں درخواست کروں گا کہ اگر آپ ہماری بات اس وقت نہیں مان سکتے تو اسے کسی اور موقع پر کسی آرڈیننس کے ذریعہ سے یا بل کے ذریعہ سے اس lacuna کو دور کریں تاکہ یہ بات واضح ہو کہ یہ ذمہ داری کس کی ہے ۔

وزیر بلدیات (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ جناب والا ۔ اس

آرڈیننس پر کافی تقریریں ہو چکی ہیں ۔ اس سے پہلے ملک اختر صاحب نے کچھ ارشادات فرمائے تھے ۔ اس وقت وہ یہاں نہیں ہیں ۔ اگر لابی میں ہوں تو یہاں چلے آئیں مناسب ہو گا ۔ ورنہ مجھے ان کی عدم موجودگی میں عرض کرنا پڑے گا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ملک صاحب بہت محنت کرتے ہیں ۔ وہ دن میں آٹھ آٹھ اور گیارہ گیارہ گھنٹے کام کرتے ہیں اور پھر اس ایوان میں تشریف لا کر تقریر کرتے ہیں ۔ میں ان کو اس محنت پر مبارک باد پیش کرتا ہوں اور ساتھ ہی آپ کی وساطت سے اس ایوان کے ساتھ ہی ہمدردی کا اظہار کرتا ہوں کہ ان کی محنت کا جو نتیجہ ہوتا ہے اس کے لئے اس فاضل ایوان کو ان کی تقریریں سننا پڑتی ہیں ۔ اس میں ایک بات کا ضرور اظہار کروں گا کہ ان کی تقاریر میں خیر اور شر کا پہلو ہمیشہ ہوتا ہے اور چونکہ ان کا امتزاج نہایت حسین ہوتا ہے اس لئے جب وہ تقریر مکمل کر چکتے ہیں تو پھر ہماری طرف سے ان کی کسی تقریر کا جواب دینے کی ضرورت نہیں رہتی جو ارشادات انہوں نے فرمائے ہیں ۔ میں ان کا جواب بھی عرض کروں گا ۔

Mr. Munawar Khan: On a point of order. The Minister is absolutely irrelevant so far as the provisions of the Ordinance are concerned. He is passing personal remarks against a Member.

Mr. Deputy Speaker: The Minister should not discuss the Member. He should discuss the Ordinance.

وزیر بلدیات ۔ ظاہر ہے کہ کسی معزز ممبر کی تقریر کا جواب دیتے وقت ان کی تقریر کی زبان ۔ الفاظ اور فقرات کو استعمال تو کرنا پڑتا ہے ۔

جناب والا ۔ اس آرڈیننس کے تحت میں نے جس طرح پہلے بھی عرض کیا تھا مصالحتی عدالتوں کے اوپر کی گئی چارہ جوئی جسے ہم revision کہہ لیں یا application کا لفظ استعمال کر لیں جو میں نے سہواً اپیل کہا تھا جس کے متعلق میرے دوست حمزہ صاحب نے اعتراض کیا تھا ۔ میں نے وہ لفظ واپس بھی لے لیا تھا مگر ان کی ناراضگی دور نہیں ہوئی تو وہ application جو مصالحتی عدالتوں کے خلاف چارہ جوئی کے طور پر کنٹرولنگ اتھارٹی یا ڈسٹرکٹ جج کے پاس کی جائے وہاں ہم نے وکلا کو پیش ہونے کی اجازت دے دی ہے ۔ اب اس بات میں بہت سی باتیں نکل آئیں گی میں نے یہ بات اس لئے عرض کی ہے اور اس لئے اس میں یہ provision کی ہے ۔

Mr. Munawar Khan : On a point of order. Let the Minister specify the law and say whether on factual side too a revision can be allowed and if on factual side it cannot be allowed and it can be allowed on the legal side, how is it ?

Mr. Deputy Speaker : A point of order is raised when a Member wants my ruling on that point. Here the Member wants the Minister to explain it to him.

Mr. Munawar Khan : When I have concluded you might appreciate my point.

My point is that pleaders are not allowed to appear on either side in the Conciliation Courts. Now in cases of revision he can appear on legal points not on the factual side. Would you clear that point?

Mr. Deputy Speaker : What is the Member's point of order ?

Mr. Munawar Khan : Pleaders should have been permitted.

Mr. Deputy Speaker : It is no point of order.

وزیر بنیادی جمہوریت - جناب والا - اس میں ایک بات اہم ہے کہ وکلاء کو کنٹرولنگ اتھارٹی اور ڈسٹرکٹ جج کے سامنے پیش ہونے کی اجازت ہو گی- ابھی ابھی مسٹر منور خان صاحب نے فرمایا ہے اور بہت سے دوسرے ممبر حضرات نے فرمایا ہے مناسب یہ ہو گا کہ میں اصل دفعہ کے چند الفاظ پڑھ دوں - مصالحتی عدالتوں کے آرڈیننس کے سیکشن ۸ کی ضمنی دفعہ (۲) میں یہ ہے -

"If the decision of a Conciliation Court is by a majority of three to two, and the case falls under Part I of the Schedule, any Party may, within thirty days of the decision, apply, in the prescribed manner,—

(*a*) to the controlling authority, if the case relates to a matter falling under Section A of that Part, or

(*b*) to the District Judge, if a case relates to a matter falling under Section B thereof, and the controlling authority or District Judge, as the case may be,

and if satisfied that there has been a failure of justice, may set aside or modify the decision, or direct that the dispute be referred back to the Conciliation Court for reconsideration."

Mr. Munawar Khan : What about saving the people from incurring expenses and duplication ?

وزیر بنیادی جمہوریت - جناب والا - میں مناسب طریقہ سے اسکا جواب عرض کرونگا جیسا کہ جناب کے علم میں ہے اور اس ایوان کے ارکان کے علم میں ہے - مصالحتی عدالتوں کا مقصد یہ ہے کہ لوگوں کو مقامی طور پر ایسی عدالتیں اور forums مہیا کئے جائیں جہاں وہ اپنے چھوٹے چھوٹے جھگڑوں کا خود فیصلہ کرسکیں - اسبات پر میرے ایک فاضل دوست نے یہ اعتراض کیا ہے کہ یہ رواج ہے اور رواج اسلام کے خلاف ہے - میں آپ کی وساطت سے انکی اطلاع کیلئے یہ عرض کرونگا کہ رواج کوئی ہو بذات خود اسلام کے خلاف نہیں ہو سکتا - یہ کہنا کہ ہر رواج اسلام کے خلاف ہے یہ بات غلط ہے - رواج اسلام کے خلاف بھی ہو سکتے ہیں اور رواج اسلام کے مطابق بھی ہو سکتے ہیں - اگر آپ اسلام کی تاریخ پڑھیں اور اسلامی قانون کی تاریخ پڑھیں اور سنت کی تاریخ پڑھیں تو اسکی تاریخ یہ ہے کہ جو کچھ رسول اکرم نے ارشاد فرمایا اور جن کو درست فرمایا وہ رواج ہو گیا اور جسکو منع نہیں فرمایا تو وہ سنت اور اسلام کے مطابق چیزیں قرار دی گئیں تو یہ رواج کہ مقامی طور پر مقدمات کا فیصلہ ہو جائے اور اسکے لئے مقامی طور پر عدالتیں بنا دیجائیں یہ کہنا کہ یہ اسلام کے خلاف ہے میں سمجھتا ہوں کہ یہ بات نا درست ہے بلکہ یہ اسلام کے عین مطابق ہے کہ ہم اپنے جھگڑوں کو مصالحت کے طور پر سر انجام دیکر اور آپس میں لوگوں کے جھگڑوں کو ختم کر کے ایک دوسرے کے قریب لے آئیں اور یہ سب اسلئے کہ ان

جھگڑوں پر کچھ ناجائز خرچ نہ آئے ۔ وکلاء کے پیش نہ ہونیکی وجہ جو پہلے تھی وہ یہ تھی کہ لوگوں کے اخراجات زیادہ نہ ہوں ۔ میں یہ عرض کرونگا کہ ہم ہر وقت ہر قدم اور ہر موقع پر ثالثی کے بارے میں مقامی طور پر جائزہ لیتے رہتے ہیں اور عوام کی رائے کو مناسب خیال کرتے ہیں ۔ اور عملاً جو کچھ کارروائی ہوتی ہے اس میں غریبوں کے ساتھ اصلاح کی گنجائش کا ہر وقت خیال رکھتے ہیں ۔ تجربہ کے بعد یہ ثابت ہوا ہے کہ جہاں تک Conciliation Courts کا تعلق ہے یہ مناسب ہے کہ وہاں وکلاء نہ پیش ہوں لیکن جہاں اس سے اوپر کی سطح ہے جیسے کنٹرولنگ اتھارٹی کے سامنے یا ڈسٹرکٹ جج کے سامنے وہاں عملاً یہ چیز سامنے آتی ہے کہ فریقین اور عوام کو اس سلسلے میں تکالیف پیش آتی ہیں اور وہاں عدالتوں میں وکلاء کے مشورہ کی ضرورت پیش آ سکتی ہے چنانچہ اس چیز پر پورا غور و خوض کرنے کے بعد یہ فیصلہ کیا گیا کہ وہاں وکلاء کے پیش ہونے کی ضرورت ہے ۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے کہ جہاں تک اخراجات کا تعلق ہے تو ہم نے کوشش کی ہے کہ مقامی طور پر مصالحتی عدالتیں قائم کر دی جائیں اور قائم کر دی گئی ہیں اور وہ فیصلہ کر رہی ہیں اگر کوئی شخص اس فیصلے سے مطمئن نہیں ہے اور اس سے بھی آگے جانا چاہتا ہے جہاں قانون سے واقفیت کی ضرورت ہے وہاں وکلاء کو اجازت نہ دینے سے دقتیں پیش آ رہی ہیں یہ نسبت اس کے کہ مصالحتی عدالتوں میں اجازت دی جائے ۔ ایسی حالت

میں کسی دوست کا یہ فرمانا کہ حکومت نے یہاں اجازت دے کر خدانخواستہ وکلاء کے ضمیر کو خریدنے کی کوشش کی ہے اس سے بڑی زیادتی جناب والا نہیں ہو سکتی - وکلاء کو پہلے بھی عدالتوں میں پیش ہونے کی اجازت ہے - وہ ہائی کورٹ میں بھی پیش ہو سکتے ہیں - سپریم کورٹ میں بھی پیش ہو سکتے ہیں - مجسٹریٹوں کی عدالتوں میں بھی پیش ہو سکتے ہیں- ججوں کی عدالتوں میں بھی پیش ہو سکتے ہیں- کیا مصالحتی عدالتوں سے آگے وکلاء کو پیش ہونے کی اجازت سے خدانخواستہ حکومت وکلاء کے ضمیر کو خرید سکتی ہے اس سے صرف عوام کا فائدہ مطلوب ہے - وکلاء عوام کے فائدہ کے ایک بنیادی کام کو سرانجام دیتے ہیں اس لئے کہ معاشرے میں ہر مقام پر ان کی ضرورت ہے اور موجودہ حکومت تو وکلاء کے پیشے کو بہت عزت کی نگاہ سے دیکھتی ہے اور اس کی ایک بین دلیل یہ ہے کہ مغربی پاکستان کی حکومت میں گیارہ وزراء میں سے ٦ - وکیل ہیں چنانچہ حکومت کی نظر میں وکالت کے پیشہ کی بہت عزت ہے - ایک صاحب نے یہ اعتراض فرمایا کہ ایک وکیل صاحب نے تقریر فرماتے ہوئے فرمایا کہ وہ ٣٥ سال وکالت کی زندگی پر فخر نہیں کر سکے - تو جمہوریت کا زمانہ ہے ہر شخص اپنی رائے کا اظہار کر سکتا ہے -

مسٹر حمزہ - صدر ایوب کا اس بارے میں کیا ارشاد ہے وہ فرمائیے -

وزیر بنیادی جمہوریت - صدر ایوب نے ہمیشہ اس کی وضاحت کی ہے کہ وہ وکلاء کے پیشہ کو عزت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور یہ فیصلہ صدر ایوب کے مطابق ہی کیا گیا ہے کہ وکلاء کو ہر stage پر یا revision stage پر اور درخواست کی کارروائی میں پیش ہونے کی اجازت ہے ۔

مسٹر حمزہ - آپ یہ کہہ سکتے ہیں کہ آپ نے اپنے نقطۂ نظر میں تبدیلی پیدا کر لی ہے اور میں خوش ہوں کہ آپ نے ایسا کیا ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت - جناب والا - میں نے یہ عرض کیا ہے کہ جہاں تک اجازت دینے کا مقصد ہے ہم نے تجربہ کی بناء پر اجازت دی ہے کیونکہ موجودہ حکومت ہر فیصلہ کے بارے میں مصالحتی جائزہ لیتی رہی ہے اور جہاں بھی کسی improvement کی گنجائش ہوئی ہم improvement کرنے کے لئے تیار ہو گئے ہیں اور یہی عوام کی مرضی کے مطابق ہے ہم ہمیشہ اس بات کا خیال رکھتے ہیں کہ عوام کی مرضی اور منشاء کے مطابق کام چلے ۔

جناب والا - میرے فاضل دوست ٹوبہ ٹیک سنگھ سے ممبر ہوئے ہیں وہ پرسوں بارہ بجے سے سکھوں کی ایسی باتیں کر رہے ہیں - ہو سکتا ہے کہ اس کے بارے میں confusion کا باعث صرف وہی بات ہو ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : That is not relevant. The Minister may please avoid personal remarks to maintain the dignity of the House.

وزیر بنیادی جمہوریت - اگر جناب والا - یہ الفاظ unparliamentary ہیں تو میں واپس لینے کو تیار ہوں مگر یہ کوئی ایسی باتیں نہیں ہیں یہ تو ہوتی ہی رہتی ہیں -

مسٹر حمزہ - سکھوں کی ایسی باتیں میں نہیں کر رہا ہوں -

Mr. Deputy Speaker : Mr. Hamza may please resume his seat.

وزیر بنیادی جمہوریت - جناب والا - اب دوسری بات جس پر زیادہ اعتراض کیا گیا ہے وہ یہ ہے کہ سرکاری ملازمین کے بارے میں حکومت کی طرف سے کوئی مقرر کردہ افسر سرٹیفیکیٹ جاری کرے کہ اس نے اپنا کام یا سرکاری فرائض کی انجام دہی نہیں کی تو اس کے خلاف کارروائی کی جائے - اس کے بارے میں میں یہ عرض کروں گا کہ مجھے فاروقی صاحب کے ارشادات کا احترام ہے اور وہ اصولی طور سے اس بات سے متفق ہیں کہ افسران کو کچھ تحفظ دینا نہایت ضروری ہے - ایسے مقدمات میں سرکاری ملازمین کے خلاف غلط طور پر کارروائیاں ہو سکتی ہیں اور یہ عوام ہی کر سکتے ہیں - اگر کوئی آدمی غلط طور پر کسی افسر کے خلاف کارروائی کرے اور اگر یہ چیز عدالت پر چھوڑ دی جائے تو عدالت پورا لحاظ رکھ کر فیصلہ کرے گی کہ اس کے ساتھ زیادتی ہو

رہی ہے یا یہ بات غلط ہے اور وہ بات جھوٹی ہے اگر اس طریقہ سے اس کو harrass کرنے کی اجازت دی جائے تو شریف آدمی تو ایسا نہیں کرے گا لیکن معاشرے میں ہر قسم کے لوگ ہوتے ہیں اور کچھ ایسے لوگ بھی ہو سکتے ہیں کہ اس اختیار سے غلط فائدہ اٹھا کر ان لوگوں کو اور ان افسروں کو جو عوام کی خدمت کرتے ہیں اپنے فرائض سے ہٹا کر مقدمہ بازی میں الجھا دیں ۔ اس چیز کے لئے ہمیشہ دنیا میں ضرورت محسوس کی گئی ہے کہ سرکاری ملازمین کو تحفظ دیا جائے ۔ ہمارے موجودہ قانون میں بھی یہ تحفظ ہے ۔ ان کو یہ تحفظ سی ۔ پی ۔ آر ۔ سی کی دفعہ ۱۹۷ ۔ کے تحت دیا گیا ہے اور یہی دفعہ ہندوستان میں بھی ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب جن دفعات کا یہ ذکر کر رہے ہیں وہ good faith میں ہیں اور یہ arbitrary powers اختیار کر رہے ہیں ۔

Mr. Deputy Speaker : This is no point of order.

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ سقراط نے یہ فرمایا تھا کہ انسان کو جب بہت زیادہ علم ہو جاتا ہے تو اسے اس بات کا احساس ہو جاتا ہے کہ اسے کچھ علم نہیں کیونکہ دنیا میں جتنا جاننے کے لئے ہے ۔ میں اس سب کو جاننے کا دعویٰ نہیں کرتا لیکن میں فاضل دوست

کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ ایسی چیزیں جو عدالتوں میں پیش ہوتی ہیں ان کے بارے میں ہماری عدالتوں نے واضح طور پر ارشاد فرمایا ہے کہ مناسب classification کی اجازت ہو ۔ ایک ایک شخص کے بارے میں میں نہیں کہہ سکتا لیکن یہ کہہ سکتا ہوں کہ یہ ہماری عدالت کا فیصلہ ہے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : Would the Minister want a lot of time still ?

Minister of Basic Democracies : Sir I request that time be extended for five minutes.

Mr. Senior Deputy Speaker : It is Friday ; I don't think we can extend the time.

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب مجھے صرف پانچ منٹ دیجئے ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ افسروں کے بارے میں constitutional پوزیشن یہ ہے کہ ایک case میں زین نورانی vs. سیکریٹری نیشنل اسمبلی آف پاکستان میں ہائی کورٹ نے hold کیا تھا ۔

> "This obviously means that all actually situated similarly will be treated alike. In other words, the purpose of the Article is to rest the rights and obligations of all persons upon the same rule under similar circumstances. The Article cannot prohibit classification of citizens provided the classification is based on a difference which is pertinent and real."

Mr. Deputy Speaker : That Article in any case stands suspended at the time.

نہیں جناب ۔ وہ suspend نہ بھی ہو تو اس point پر اور بہت سے rulings بھی ہیں کہ اس چیز کیلئے اجازت ہے ۔ بلکہ ہماری عدالت پر بھی hold کیا ہے ۔ کہ اگر ایک جج temporary ہے اور ایک جج permanent ہے تو ان کے بارے میں بھی چیزیں علیحدہ علیحدہ ہو سکتی ہیں ۔ تو اس بارے میں قانون بالکل واضح ہے اور اب چونکہ وقت بہت کم ہے اس لئے زیادہ تفصیل سے شاید بات نہ کیجا سکے ۔

ملک محمد اختر ۔ مجھے جناب والا ۔ ان کی تقریر کے جواب دینے کی اجازت فرمائی جائے ۔

Mr. Deputy Speaker : No. That would not be possible.

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ اگر وہ ملاحظہ فرما لیں تو انہیں پتہ چل جائے گا ۔ اب جناب والا ۔ چونکہ وقت کم ہے تو میں نے اس چیز کو refer کر دیا ہے (شور و قطع کلامیاں) ۔

Mr. Deputy Speaker : Order please.

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ اگر آپ رولز ملاحظہ فرمائیں تو آپ ایک دفعہ ہی تقریر کر سکتے ہیں ۔ اگر یہ جاری بھی رہے جب بھی آپ کو دوبارہ تقریر کرنے کی اجازت نہیں ہو سکتی ۔ ایک اور چیز دفعہ ۱۹۷ کے بارے میں ہے ۔ وہ انڈین سپریم کورٹ کا ruling ہے ۔

Section 197 of the Criminal Procedure Code is ultra vires as the determination is based upon a rational classification.

مسٹر حمزہ - پوائنٹ آف آرڈر - کیا آپ نے ۱۲ - ۳۰ سے آگے وقت بڑھا دیا ہے ؟

مسٹر ڈپٹی سپیکر - میں نے پانچ منٹ بڑھا دیئے ہیں -

وزیر بنیادی جمہوریت - تو میں جناب والا یہ پڑھ رہا تھا -

Article 14 does not render Section 197 of the Criminal Procedure Code is ultra vires as the determination based upon a rational classification Public servants have to be protected from harrassment in the discharge of official duties while ordinary citizens do not require the safeguard.

ملک محمد اختر - پوائنٹ آف آرڈر - یہ theft 323 کے جو مقدمات ہیں کیا یہ official duty میں آتے ہیں ؟

You are confusing that. You are making the public servant criminal minded by giving them protection.

وزیر بنیادی جمہوریت - جناب والا - دقت یہ ہے کہ میرے فاضل دوست محنت تو فرما لیتے ہیں لیکن بات ان کو یاد نہیں رہتی - ہم نے تو اس چیز کو exempt کیا ہے -

Malik Muhammad Akhtar : Point of privilege. The Minister is making a wrong statement on the Floor of the House. I will move a privilege motion on Monday.

Mr. Deputy Speaker : Alright. The Member may please take his seat now.

وزیر بنیادی جمہوریت - جناب والا - میرے فاضل دوست جو interpretation کرتے ہیں وہ ٹھیک نہیں ہوتی اگر وہ یہ پڑھیں -

"Cases relating to matters falling under Section A of Part I and Section A of Part II of the Schedule, against any Government servant, shall be excluded from conciliation except where a certificate is granted by Government or an officer authorised by Government in that behalf to the effect that the Government servant had not acted in the discharge of his official duties."

(*Interruptions*)

Mr. Deputy Speaker: No interruptions, Mr. Akhtar.

وزیر بنیادی جمہوریت - اس چیز میں جو بات نہیں آتی وہ نہیں آتی چاہے میرے فاضل دوست غلط طور پر اس کو اس میں لانے کی کوشش بھی کرتے رہیں -

ملک محمد اختر - پوائنٹ آف آرڈر - جناب سپیکر - میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا cattle lifting بھی اس میں آتی ہے جس میں کہ officials کو immune کر رہے ہیں -

Mr. Deputy Speaker: That is not a point of order.

وزیر بنیادی جمہوریت - جو چیز official duty میں نہیں آتی وہ نہیں آتی -

Malik Muhammad Akhtar: Then a wrong statement is being made before the House.

جناب سپیکر ۔ مارنا ، پیٹنا ، چوری کرنا ، تالا توڑنا trespass کرنا وغیرہ ۔ اس کے متعلق وضاحت فرمائی جائے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ میں اپنے فاضل دوست کو کہوں گا کہ وہ کسی دوست کے پاس جا کر قانون کی دفعات کو پڑھیں اور پھر ان کو سمجھنے کی کوشش کریں ۔ جناب والا ۔ میں نے بہت کچھ کہنا تھا لیکن جو تجاویز میرے فاضل دوستوں نے فرمائی ھیں یعنی ایکسپرٹ کے فیصلہ کے بارہ میں ھم اس پر نہایت ھمدردی سے اور پوری توجہ سے غور کریں گے اور مناسب فیصلہ کرنے کی کوشش کریں گے جس سے اگر عوام کو تکلیف ھو رھی ھے تو اس کو کم کیا جائے ۔ جناب والا ۔ ویسے کہنے کی باتیں تو ھزاروں تھیں لیکن وقت کی تنگی آڑے آ رھی ھے ۔ چنانچہ میں استدعا کروں گا کہ اس آرڈیننس کو پاس کیا جائے ۔

Mr. Deputy Speaker: The question is—

That the Assembly do approve of the Conciliation Courts (West Pakistan (Amendment) Ordinance, 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on 4th April, 1966.

The motion was carried.

ANNOUNCEMENT

RE: ARRIVAL OF THE RUSSIAN PARLIAMENTARY DELEGATION.

Mr. Deputy Speaker: Before we adjourn I would make an announcement.

The Members are probably aware that a Russian Parliamentary Delegation is arriving in Lahore at 9-30 P.M. on the 28th May, 1966. The Delegation is to be received at the airport at 9-30 P. M. on 28th May, 1966. As many Members as can come to the airport to receive the delegation would be welcome. It is very important that a fairly large group of M.P.As. should be present at the airport to receive the Parliamentary Delegation. Necessary cards can be had from the Private Secretary to Mr. Speaker. The Delegation will be coming to watch the proceedings of the Assembly on Monday, the 30th May, 1966 and will be in the Chamber from 10.00 A.M. to 10-45 A.M. It is very important that the benches do not look empty. Therefore, it is important that there should be a fairly good attendance on the 30th May, 1966, from 10 A.M. to 11 A.M. I would, therefore, request the Members kindly to attend at the relevant time in as large a number as possible. On Sunday, the 29th May, the Leader of the House, Khan Habib Ullah Khan, is giving a dinner to the Delegation at his residence at 8-30 P.M. followed by a Cultural Show at the Arts Council. On 30th May, 1966, Mr. Speaker is giving a reception to the Delegation in Gulistan-e-Fatima at 6-00 P.M. Invitation Cards for these functions have been issued and it is hoped that the Members will be able to attend these functions in large numbers.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - عرض یہ ہے کہ بعض حضرات کو ایرپورٹ پر جانے کے لئے کارڈ موصول نہیں ہوئے - بعض لوگ غیر پسندیدہ بھی ہوتے ہیں تو میرا خیال ہے کہ جن کو کارڈ موصول نہیں ہوئے انہیں وہاں نہیں جانا چاہیئے - کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ کارڈوں کے نہ دینے کی وجہ کیا ہے ؟

Mr. Deputy Speaker: I have pointed out that the Members may please collect their cards from the Private Secretary to Mr. Speaker. There is definitely no distinction made. In fact, I have appealed to the House that they should very kindly come in as large a number as possible. I think all the Members of this House are having the same status and are Honourable Members of this House. There is no distinction as far as that aspect of the matter is concerned. I would once again appeal to all the Members of the House kindly to be present at the airport to receive the Delegation, to attend the dinner at the residence of the Leader of the House and the reception given by Mr. Speaker in Gulistan-e-Fatima. If any of the Members has not inadvertantly received his card he may please collect it from the Private Secretary to Mr. Speaker.

I hope I am clear that all the M.P.As. are cordially invited and are welcome.

The House is adjourned to meet again on Monday, the 30th May, 1966, at 8-30 a.m.

The Assembly then adjourned till 8-30 a.m. on Monday, the 30th May, 1966

APPENDIX I

(Ref: Starred Question No. 1736)

LIST SHOWING THE NAMES OF URDU NOVELS AND OTHER PUBLICATIONS PROSCRIBED DURING 1964.

S. No.	*Name of Novels and other Publications.*
1.	Urdu book entitled 'Asmar-i-Shirin'.
2.	English book entitled 'Guide to World History in Questions and Answers'.
3.	Urdu book entitled 'Kanz-ul-Matain'.
4.	Urdu book entitled 'Aima Ka Farman Munazzam Mutalliq Bid' aat-i-Muharram.
5.	Book entitled 'Bhonr Bhare Akas'.
6.	Book entitled 'Rahain Shabab Ki'.
7.	Book entitled 'Eclips of East Pakistan'.
8.	Book entitled 'Kamni Kanchan'.
9.	Book entitled 'Scientific Quran'.
10.	Bengali book entitled 'Adarsha Juwna Juban'.
11.	Bengali book entitled 'Pakistan Ghure Alam'.
12.	Bengali book entitled 'Napaithye Christine Keeler'.
13.	Book entitled 'Da Punjray Chaghar'.
14.	Urdu book entitled 'Sarhad National Awami Party Ka Aeen Aur Programme'.
15.	Urdu pamphlet entitled 'Dawat-i-Fikr-o-Amal'.

S. No.	*Name of Novels and other Publications*
16.	(1) Sindhi pamphlets entitled 'Sujagi Selselay Jo' (2) Sind Je Bachey, Bachey Jo Mutalbo One Unit Torhyo'
17.	Urdu pamphlet entitled 'Nazreen Khud Faisla Karain (Bible Kitab-i-Muqaddas Ya Fohsh Kitab).
18.	Urdu pamphlet entitled 'Maatem Ka Shar'ee Hukam'.
19.	Urdu pamphlet entitled 'Dawat-e-Fikr'.
20.	Urdu pamphlet entitled 'Rooh-i-Islam Ya Naimat-e-Ilham'.
21.	Urdu pamphlet entitled 'Aik Ghalti Ka Izala'.
22.	Urdu pamphlet entitled 'Pas Manzar-e-Karbala'.
23.	Urdu pamphlet entitled 'Duaa Ba'd Az Namaz Jinaza'.
24.	Urdu pamphlet entitled 'Ahrari Aitrazaat Ke Jawabaat'.
25.	Urdu pamphlet entitled 'Yad-e-Farooq'.
26.	Urdu monthly magazine 'Israr-e-Hikmat', Jantri Number, 1964.
27.	Bengali monthly magazine 'Naba Kallol'.
28.	Urdu weekly 'Khaksar' issue of 7th February: 'An English Letter' and a poster entitled 'Aasmani Sulah Ka Paigham.
29.	Monthly Journal 'Tajalli'.
30.	Journal 'Vital Speeches and Documents of the days' (Special Issue Kashmir).

APPENDIX II

(Ref: Starred Question No. 2028)

LIST OF M.N.As. and M.P.As. WHO WERE ISSUED INVITATION CARDS TO BE PRESENT AT THE AIRPORT ON THE ARRIVAL OF THE CHAIRMAN, PEOPLES' REPUBLIC OF CHINA.

S. No.	M.N.As
1.	Mian and Begum Salah-ud-Din, M.N.A.
2.	Sardar and Begum Abdul Hamid, M.N.A.
3.	Begum G.A. Khan, M.N.A.
4.	Major Zulfqar Ali Qazilbash M.N.A.
5.	Ch. Fazal Elahi, M.N.A.
6.	Mian Arif Iftikhar, M.N.A.
7.	Malik Noor Hayat Khan Noon, M.N. A.
8.	Alhaj Ch. Ahmad Khan Ghumman, M.N.A.
	M. P. As.
1.	Malik Mehraj Khalid, M.P.A.
2.	Ch. Idd Muhammad, M.P.A.
3.	Malik Muhammad Akhtar, M P.A.
4.	Mian Mehraj Din, M.P.A.
5.	Sahibzadi Mahmooda Begum, M.P.A.

LIST OF NON-OFFICIALS WHO WERE ISSUED INVITATION CARDS TO BE PRESENT AT THE AIRPORT ON THE ARRIVAL OF THE CHAIRMAN, PEOPLES' REPUBLIC OF CHINA.

S. No.	*Name and Address of Non-Officials*
1.	Hakim Ahmed Shuja, Ferozepur Road, Lahore.
2.	Nawabzada Wilayat Ali Khan, 22, Queens Road, Lahore.
3.	Mr. Mohsin Sheerani, Shahi Bottlers, Lahore.
4.	Begum Mohsin Sheerazi, Shahi Bottlers, Lahore.
5.	Mr. A. Rauf Khan, Manager, Lipton Tea Company.
6.	Begum A. Rauf Khan, Manager, Lipton Tea Company.
7.	Masih-ul-Mulk Hakim Bani Ahmad, Dawakhana Ajmal Khan Railway Road, Lahore.
8.	Mr. Murat Khan, Const: Architect, Montgomery Road, Lahore.
9.	Begum Murat Khan Const: Architect, Montgomery Road, Lahore.
10.	Nawab Allah Nawaz Khan, 9, Golf Road, Lahore.
11.	Syed Hadi Ali Shah, Main Gulberg, Lahore.
12.	Syed Wajid Ali Shah, F.C.C , Gulberg, Lahore.
13.	Kh. Riaz Ahmed B.P. Ltd., 151, Ferozepur Road, Lahore.
14.	Mian Zahoor Ahmad, Zahoor Sons, Lower Mall, Lahore.
15.	Begum Mian Zahoor Ahmad, Lower Mall, Lahore.
16.	Nawab Sir Mohd Shah, 3, Chamba House, Lahore.
17.	Mian Amir-ud-Din, 42-G Gulberg, Lahore.
18.	Sh. Muhammad Sarwar, Managing-Partner, Hotel Ambassador.

S. No.	Name and Address of Non-Officials

19. Nawab Moshad Ali Khan, 1, Zaffar Ali Road, Lahore.
20. Nawabzada Mumtaz Ali Khan, 22, Queens Road, Lahore.
21. Mr. Ashraf Liaqat Ali Khan, 25-A, Gulberg, Lahore.
22. Begum Ashraf Liaqat Ali Khan 25-E, Gulberg, Lahore.
23. Mian SUM, Siddique, Managing Director, Hotel International, Lahore.
24. Aubu Khan Ladies Tailor, The Mall, Lahore.
25. Syed Mogbis-ud-Din, S.K. 33, Davis Road, Lahore.
26. Syed Ahmad Saeed Kirmani, Mozang Road, Lahore.
27. Maj. Muhammad Afzal, Davis Road, Lahore.
28. Malik Ghulam Bani, Temple Road, Lahore.
29 Mian Muhammad Sharif, Zaildar Park, Ichhra, Lahore.
30. Begum Viqar-un-Nisa Noon, Chairman, Red Cross, Society Lahore.
31. Begum Mian Mehraj Din, President Lahore Lady as Club.
32. Begum Salma Tasadiq Husain, Social Worker, Lahore.
33. Begum Zeenat Fida Hassan, Chairman, APWA, Lahore.
34 Begum Qaisar Anwar Ali, General Secretary, APWA, Lahore.
35. Mr. Justice Sh Bashir Ahmad, President Rotary Club.
36. Kh. Abdul Rahim, Bar-at-Law, 4, Gulberg, Lahore.
37. Begum Kh. Abdul Rahim, 4, Gulberg, Lahore.
38. Ch. Nazir Ahmad, 92, Gulberg, Lahore.

S. No.	Name and Address of Non-Officials
39.	Begum Ch. Nazir Ahmed, 92, Gulberg, Lahore.
40.	Mr. Nasim Hussain Shah, Advocate, 4, Begum Road, Lahore.
41.	Allama Ala-ud-Din Siddiqui, 35, Main Road, Samanabad, Lahore.
42.	Hakim Aftab Ahmad, Qureshi, Qureshi Dawakhana, Beadon Road, Lahore.
43.	Mian Muhammad Ikram, Prop., Orient Hotel, Lahore.
44.	Dr. M. Afzal, 55, Railway Road, Lahore.
45.	Dr. M. Bashir, 27, Davis Road, Lahore.
46.	Lt. Col. D. H. Syed, 7, Muslam Town, Lahore.
47.	Begum Lt. Col. D. H. Syed, 7, Muslim Town, Lahore.
48.	Col. Mallick S.M.R. (Retd.) Ganga Ram Hospital, Lahore.
49.	Dr. Yar Muhammad Khan, 3, Begum Road, Lahore.
50.	Begum Dr. Yar Muhammad Khan, 3, Begum Road, Lahore.
51.	Syed Imtiaz Ali Taj, Abbot Road, Lahore.
52.	Begum Syed Imtiaz Ali Taj Abbot Road, Lahore.
53.	Sufi Ghulam Mustafa Tabbasum, Lahore.
54.	Mrs. Naeem Tahir, Pakistan Art Council, Lahore.
55.	Mr. M. A. Farooq, General Manager, Lahore Commercial Bank, Lahore.
56.	Dr. Wahid, 7,Court Street, Lahore.
57.	Begum Dr. Wahid 7, Court Street, Lahore.
58.	Ch. Bazar Muhammad, 4-A, Gulberg, II, Lahore.

S. No.	*Name and Address of Non-Officials*
59.	Mr. Rafiq Seghal, 12-C, Gulberg, Lahore.
60.	Mian Muhammad Sharif, Ittefaq Foundary, 90, Railway Road, Lahore.
61.	Mrs. Muhammad Ilyas & Sons, The Mall, Lahore.
62.	Syed Abid Ali Abid, Saddar Bazar, Lahore.
63.	Begum Syed Abid Ali Abid, Saddar Bazar, Lahore.
64.	Mr. Qateel Shifaee, Princess Hotel, Lahore.
65.	Begum Qateel Shifaee, Princess Hotel, Lahore.
66.	Mr. Ahmad Nadeem Qasmi, Nisbet Road, Lahore.
67.	Mr. Ijaz Ahmed Batalawi, 83-N, Model Town, Lahore.
68.	Mr. Ehsan Danish, Aiback Road, Lahore.
69.	Mr. Vinar A, Balavi, 21, Abbot Road, Lahore.
70.	Professor Qayyum Nazar, Government College, Lahore.
71.	Mr. Ashfaq Ahmad Khan, c/o Radio Pakistan, Lahore
72.	Begum Ashfaq Ahmed, c/o Radio Pakistan, Lahore.
73.	Dr. Abdul Salam Khurshid, 30, Muslim Town, Lahore.
74.	Begum Dr. Abdul Salam Khurshid, 10, Muslim Town, Lahore.
75.	Malik Nawab Khan, President Padient Club, Lahore.
76.	Mr. M.A. Barlas, Vice-President, Habib Bank, Ltd., Lahore.
77.	Miss. A.S. Qari, President. High Court Bar Association, Lahore.
78.	Mr. Rustam 3, Sindhwa, Vice President, Bar Association, Lahore.
وَاذْكُرُوْٓا اِذْ اَنْتُمْ قَلِيْلٌ مُّسْتَضْعَفُوْنَ فِي الْاَرْضِ تَخَافُوْنَ اَنْ يَّتَخَطَّفَكُمُ النَّاسُ فَاٰوٰىكُمْ وَاَيَّدَكُمْ بِنَصْرِهٖ وَرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَخُوْنُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ وَتَخُوْنُوْٓا اَمٰنٰتِكُمْ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تَتَّقُوا اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّكُمْ فُرْقَانًا وَّيُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝

(پ ۹ ۔ س ۸ ۔ ع ۱۷ و ۱۸ ۔ آیات ۲۶ تا ۲۹)

اور اس وقت کو یاد کرو جب تم زمین میں قلیل اور کمزور سمجھے جاتے تھے اور ڈرتے رہتے تھے کہ کہیں لوگ تمہیں اڑا نہ لے جائیں تو اس نے تم کو جگہ دی اور اپنی مدد سے تم کو تقویت بخشی اور بہترین چیزیں کھانے کو دیں۔ تاکہ اس کا شکر ادا کرو۔

اے مسلمانو! نہ تو اللہ اور رسول کی امانت میں خیانت کرو اور نہ اپنی امانتوں میں خیانت کرو۔ اور تم ان باتوں کو جانتے ہو۔ اور جان لو کہ تمہاری دولت اور اولاد بڑی آزمائش ہے۔ اور یہ کہ اللہ کے پاس نیکیوں کا بڑا اجر ہے۔ اے ایمان والو اگر تم اللہ سے ڈرو گے تو وہ تمہارے لئے حق و باطل میں فرق کرنے والی طاقت پیدا کر دے گا۔ اور تمہاری برائیاں تم سے مٹا دے گا۔ اور تمہیں بخش دے گا۔ اور اللہ بڑے فضل و کرم والا ہے۔

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Deputy Speaker: Now the Question Hour. Khan Ajoon Khan Jadoon.

ESTABLISHMENT OF A RURAL HEALTH CENTRE AT AMBAR KUNDA IN TEHSIL SWABI

*1244. **Khan Ajoon Khan Jadoon**: Will the Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the establishment of Rural Health Centre at Ambar Kunda in Tehsil Swabi of Mardan District during 1965-1966 has been sanctioned;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, the amount provided for the same and the date by which construction of the building for the same will be started ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan): (*a*) Yes.

(*b*) On account of the Emergency on the Indo-Pakistan Border, the budget has been revised and in the Emergency Budget, there is no allocation for any new Rural Health Programme during 1965-66. As such none of the schemes of the Rural Health Centres originally programmed for 1965-66, including that of Rural Health Centre, Ambar Kunda, has so far been sanctioned.

Mr. Deputy Speaker: The answer read by the Parliamentary Secretary is not the one printed in the List of Questions.

Parliamentary Secretary: Sir, this is a revised answer. The answer which is printed in the book is not correct. This is a revised one.

Chaudhri Muhammad Idrees: Point of Order Sir, if the correct answer was not printed in the book, why has the wrong answer been printed ?

Parliamentary Secretary: There are reasons for that Sir; this question pertains to an old list and is a very old question....

Mr. Deputy Speaker: This is no reason for the incorrect answer.

Parliamentary Secretary: The answer came to the Assembly Secretariat much before the start of the proceedings. There is a similar question printed in the book at No. 1794 and the revised answer is for the same question. A copy of the revised answer has been supplied to the Member.

Mr. Deputy Speaker: Why was this answer sent ?

Parliamentary Secretary: As I told you, Sir, this question belongs to the last Budget Session and is an old question and must have been replied to at that time.....

Mr. Deputy Speaker: Does the Parliamentary Secretary mean the situation has changed ?

Parliamentary Secretary: Yes Sir, obviously Sir.

خان اجون خان جدون - میں جناب والا - اس بات کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ پارلیمانی سیکریٹری صاحب نے غلط جواب کو دوہرا کر صحیح کیا ہے میں صرف حکومت کے نوٹس میں یہ لانا چاہتا ہوں کہ تقریباً ۳ سال سے ایوان کے اس فرش پر یہ وعدہ ہو رہا ہے کہ رورل ہیلتھ سینٹر اگلے سال بن جائیگا -

Mr. Deputy Speaker : This is no supplementary.

خان اجون خان جدون - کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ یہ سن ٦٦/٦٧ میں یقینی طور پر بن جائے گا ؟

Minister of Health (Mr. Muhammad Ali Khan) : This was in the programme for the Second Plan Period. But due to paucity of funds it could not be taken up. It is a carry over from the second Plan Period to the Third Plan Period. We give priority to the carried over schemes. If we have funds we shall take it up during the Third Plan Period.

ESTABLISHMENT OF RURAL SUB-CENTRES AT ZAROBI AND JALBAI IN TEHSIL SWABI, DISTRICT MARDAN

***1245. Khan Ajoon Khan Jadoon :** Will the Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the establishment of Rural Sub-Centres at Zarobi and Jalbai in Tehsil Swabi, District Mardan, has been sanctioned on the condition that the respective Union Councils should provide the land and the buildings for the said centres ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether the respective Union Councils have been moved to provide the said land for the buildings ; if not, reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (*a*) Zarobi and Jalbai were to be the locations of two of the three sub-health centres to the primary health centre at Ambar Kunda. The establishment of the Primary Health Centre Ambar Kunda has not so far been finalised. Under the circumstances there was no occasion to sanction the establishment of sub-health centres at Zarobi and Jalbai or to ask the Union Councils to provide land and building for the sub-health centres.

(*b*) The question does not arise.

سید عنایت علی شاہ — کیا میں جناب پارلیمانی سیکریٹری صاحب سے یہ پوچھ سکتا ہوں کہ آیا یہ حقیقت ہے کہ ملک بھر میں میڈیکل مراعات کی مانگ ہے — اگر باشندگان یا مقامی کونسل اپنی مدد آپ کے اصول کے تحت زمین بھی دے دیں اور عمارت تیار کرنے کے لئے بھی رضامند ہو جائیں تو کیا انہیں اس قسم کی سہولت مہیا کی جائے گی -

وزیر صحت (مسٹر محمد علی خان) — جناب والا - ہر ایک سینٹر کے لئے نقشہ مرتب کیا جاتا ہے - ایک ہیلتھ سینٹر ہوتا ہے اس کے ماتحت دو یا تین سب ہیلتھ سینٹرز ہوتے ہیں تو صرف زمین دینے

سے یا تھوڑی بہت آبادی کرنے سے کام نہیں چلتا جب تک اس کے لئے provision نہ کیا جائے ۔ میڈیکل سہولیات کے لئے اور متعلقہ سٹاف کے لئے recurring expenditure ہوتا ہے ۔ تو کہنے کا مطلب یہ ہے کہ ہر چیز کا انتظام availability of funds پر منحصر ہے ۔

خان اجون خان جدون — جناب والا ۔ میں نے پارلیمانی سیکریٹری صاحب کی زبانی جو سنا ہے وہ یہ ہے کہ چونکہ ابھی رورل ہیلتھ سینٹر نہیں بن رہا اس لئے یہ تعین نہیں کیا جا سکتا کہ اس قسم کے سینٹر زروبی اور جلوائی میں بن سکتے ہیں ۔ میں دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ کب تک ان کے بننے کی امید ہے ؟

Minister of Health : The question relates to the first question (asked by Khan Ajoon Khan Jadoon) regarding Rural Health Centres. This question relates to the Rural Health Centres. As these sub-centres will be attached to Rural Health Centres. they cannot be set up before the Rural Health Centres are set up.

سردار حاجی عطا محمد لنڈ — میں استدعا کرتا ہوں کہ ہمارے وزیر صاحب جو جواب انگریزی میں دیتے ہیں اگر اردو میں دیدیں تو زیادہ بہتر ہوگا

وزیر صحت — جناب والا ۔ اگر میں پشتو میں جواب دوں تو اس کو جدون صاحب تو سمجھ جائیں گے لیکن آپ نہیں سمجھیں گے ۔

خان اجون خان جدون — جناب والا ۔ یہ ٹھیک ہے کہ جب کہ ہیلتھ سینٹر نہیں بنایا گیا تو سب سینٹر نہیں بن سکتے لیکن جب آپ نے اتنی مہربانی کی ہے کہ اگلے سال سے پہلے فنڈز مہیا کئے جائیں گے تو کیا یہ بہتر نہ ہو گا کہ ابھی سے ان لوگوں کو سب سینٹر کے لئے زمین مہیا کر دی جائے ۔ تاکہ ساتھ کے ساتھ سب سینٹرز کا کام بھی شروع ہو جائے ۔

وزیر صحت — جب تک ہمارے ہاتھ میں پیسہ نہیں آتا تب تک ہم کسی کو جھوٹی امید دلانے کے لئے تیار نہیں ۔

ملک محمد اسلام خان — یہ سکیم جو رورل ہیلتھ سینٹرز کی ہے کیا یہ بند ہو گئی ہے اگر نہیں بند ہوئی تو کیا یہ درست نہیں ہے کہ بہت سے علاقے ایسے ہیں کہ جن میں ڈیڑھ یا دو لاکھ کی آبادی ہے لیکن وہاں پر نہ تو کوئی رورل ہیلتھ سینٹر ہے اور نہ کوئی سکیم تیار کی گئی ہے ۔

وزیر صحت — جہاں تک رورل ہیلتھ سینٹر کی سکیم کا تعلق ہے وہ مرتب ہو چکی ہے لیکن اب مشکل پیسے کی ہے جب رقم آ جائے گی تو ہم انشاءاللہ اس پر کام شروع کر دیں گے اور ۸۰ ہزار سے لیکر ایک لاکھ آدمیوں کے لئے ایک رورل ہیلتھ سینٹر بنائیں گے۔ اس کے نیچے ایک یونین کونسل اور ایک سب رورل ہیلتھ سینٹر ہونگے۔

رانا پھول محمد خان — کیا وزیر صحت یہ فرمائیں گے کہ انہوں نے دو دفعہ جو پیسے کے متعلق فرمایا ہے کہ پیسہ آئے گا تو کام کریں گے۔ میں پوچھتا ہوں کہ یہ پیسہ کہاں سے آئیگا ؟

وزیر صحت — یہ پراونشل بجٹ سے آئے گا اور وہ آپ لوگ پاس کریں گے اور ہمیں دیں گے۔

ABOLITION OF "FAMILY PLANNING" ORGANIZATION

*1260. **Khan Ajoon Khan Jadoon** : Will the Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that some staff have recently been recruited by the Provincial Government in each district of the Province for "Family Planning" work ; if so, the amount allocated therefor during the current financial year ;

(*b*) whether any proposal is under the consideration of Government to abolish the said Organization in view of the present emergency ; if so, from what date ; and if not, reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (*a*) The staff has been recruited by the District Family Planning Boards in 23 Districts only. The amount allocated for the pay, contingencies and allowances of this staff for the year 1965-66 is Rs. 75,63,560.

(*b*) There is no proposal to abolish the Family Planning Organization as the purpose for which the Organization was set up has not been affected by the emergency.

خان ملنگ خان - میں منسٹر صاحب سے پوچھوں گا کہ وہ مذہبی امور سے اچھی طرح واقف ہیں کہ جس روح نے اس دنیا میں آنا ہو تو اسے کوئی نہیں روک سکتا۔

وزیر صحت (مسٹر محمد علی خان) - جہاں تک اس چیز کا تعلق ہے میں کوئی فتوے نہیں دے سکتا اور نہ میں عالم دین ہوں۔

میجر محمد اسلم جان - کیا وزیر صاحب یہ فرمائیں گے کہ سال ۶۶/۶۵ کے لئے خاندانی منصوبہ بندی کے لئے کتنا روپیہ رکھا گیا ہے۔

وزیر صحت - مجھے اس کے لئے نئے نوٹس کی ضرورت ہے -

نوابزادہ غلام قاسم خان خاکوانی - جناب والا - میں آپکی وساطت سے وزیر صحت سے دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ فیملی پلیننگ میں جتنی تقرریاں ہو رہی ہیں کیا اس سلسلہ میں گورنمنٹ کی کوئی ایسی پالیسی ہے کہ گریڈ دوئم کی پوسٹوں پر ڈسٹرکٹ کے لوگوں کو ترجیح دیجائے -

وزیر صحت - جی ہاں -

سید عنایت علی شاہ - میں جناب وزیر صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ فیملی پلیننگ جو ہے اگر یہ اسلامی فعل نہیں تو اس پر اس قدر پیسہ خرچ کرنا کیا محض فضول خرچی نہیں - کیا یہ پیسہ کسی اور مفید مطلب کام پر خرچ نہیں ہو سکتا جس سے لوگوں کی ڈیویلپمنٹ بھی ہو اور قومی کردار بھی بلند ہو - کیا یہ چیز اچھی نہ ہوگی ؟

وزیر صحت - جہاں تک religious controversy کا سوال ہے وہ ملک میں ضرور موجود ہے لیکن بعض علما نے اس کے حق میں فتوے دیا ہے کہ یہ بری بات نہیں ہے لیکن اگر کوئی فیملی پلیننگ کرنا نہ چاہے تو ان کی اپنی مرضی ہے -

خان ملنگ خان - کیا وزیر صاحب یہ فرمائیں گے کہ فیملی پلیننگ کے تحت ایک گھر میں کم از کم کتنے بچے ہونے چاہئیں -

وزیر صحت - یہ تو آپ پر منحصر ہے - اگر آپ تین بچوں کو پال سکتے ہیں تو تین ہی ٹھیک ہیں اگر چار کو پال سکتے ہیں تو چار ٹھیک ہیں اس سے زیادہ نہیں ہونے چاہئیں -

نوابزادہ غلام قاسم خان خاکوانی - جناب وزیر صاحب نے فرمایا ہے کہ اس محکمہ میں تقرریوں کے لئے ڈسٹرکٹ کے لوگوں کو ترجیح دیجائے گی - میں پوچھتا ہوں کہ جہاں لوگ تعینات ہو رہے ہیں تو کیا ان میں کسی دوسرے ضلع کے لوگوں کو رکھ لیا ہے باوجود اس کے کہ ضلع والوں کی درخواستیں تھیں کیا آپ اس کے متعلق کوئی انکوائری فرمائیں گے ؟

وزیر صحت — فیملی پلاننگ میں دو قسم کی سروسز ہیں - ایک executive-*cum*-publicity officer جو کہ سینئر آفیسر ہوتے ہیں اور انہیں ہم All Pakistan Basis پر لیتے ہیں دوسرے سپروائزر ہوتے ہیں - عموماً قاعدہ یہی ہے کہ سپروائزر اسی ضلع کے ہوں کیونکہ وہ لوگوں کی عادات زبان وغیرہ سے بخوبی واقف ہونگے اور وہ عوام میں جا کر پراپیگنڈہ بھی کر سکیں گے -

نوابزادہ غلام قاسم خان خاکوانی — میں نے جناب یہ عرض کیا ہے کہ سپروائزر جو گریڈ دوئم کی پوسٹوں پر ہوتے ہیں کیا ان کے لئے کوئی پابندی ہو گی کہ باہر کے ضلع کے یا ڈویژن والوں کو نہ لیا جائے اور پہلے وہیں سے absorb کئے جائیں ؟

وزیر صحت - جناب کوئی خاص پابندیاں تو نہیں ہیں مگر کوشش یہی ہوتی ہے کہ لوگ اسی ضلع کے ہوں -

خواجہ جمال محمد ڈوریجہ — جناب والا - جو شخص ۲۰/۱۰ بچوں کو پال سکتا ہے کیا اس کو اتنے بچوں کی اجازت دی جائے گی -

مسٹر ڈپٹی سپیکر — یہ کوئی ضمنی سوال نہیں ہے -

خان محمد یوسف خان — کیا وزیر صاحب ارشاد فرمائیں گے کہ اگر ایک آدمی کے ہاں لڑکیاں ہی پیدا ہونی شروع ہو جاتی ہیں اور وہ کوشش کرتا ہے کہ لڑکا پیدا ہو تو اس طرح بچوں کی تعداد بڑھ جاتی ہے۔ کیا یہ بھی تجویز کیا ہے کہ لڑکا کس طرح سے پیدا ہو۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر — یہ کوئی ضمنی سوال نہیں -

خان محمد یوسف خان — کیا وزیر موصوف یہ فرمائیں گے کہ اس سلسلہ میں اسلامی مشاورتی کونسل سے کوئی مشورہ لیا گیا ہے؟

وزیر صحت — ہم اس پالیسی کو بروئے کار لاتے ہیں جو سنٹرل بورڈ سے ہمیں آئے -

ملک محمد اسلم خان — کیا وزیر صاحب فرمائیں گے کہ خاندانی منصوبہ بندی کی سکیم جو ہے یہ دیہاتوں میں اتنی مقبول نہیں ہے اور جہاں مقبول ہے وہاں کس قسم کے contraceptives ہیں جو زیادہ مقبول ہوں -

وزیر صحت —یہ سوال تو ٹیکنیکل قسم کا ہے یہ تو ڈاکٹر ہی بتا سکے گا کہ کون سے contraceptives زیادہ مقبول ہیں۔

خان دلنگ خان —کیا وزیر صاحب یہ فرمائیں گے جیسا کہ انہوں نے دوسرے سوال کے متعلق جواب میں فرمایا ہے کہ علمائے دین نے اس کے متعلق فتویٰ دیا ہے تو کیا وہ ان علما کے نام بتا سکیں گے کہ وہ کون سے علما تھے جنہوں نے اس کے متعلق فتویٰ دیا ہے ؟

وزیر صحت — Grand Mufti of Egypt کا فتویٰ ہے اور وہ حکومت پاکستان کے پاس ہے۔

رانا پھول محمد خان - کیا وزیر صحت یہ فرمائیں گے کہ خاندانی منصوبہ بندی سے پہلے سالانہ بچوں کی پیداوار کیا تھی اور اس کے بعد کتنی کمی واقع ہوئی ہے ؟

وزیر صحت — مجھے اس کے لئے نئے نوٹس کی ضرورت ہے۔

نوابزادہ غلام قاسم خان خاکوانی —کیا جناب وزیر صاحب یہ تو فرما سکتے ہیں کہ جو اعداد و شمار انہوں نے یہاں دئے ہیں کہ اتنے لوگ علاج کے لئے آئے تھے۔ کیا ان کے پاس کوئی آلہ ہے جس سے وہ چیک کر سکیں کہ آیا ان کا علاج ہو گیا ہے ؟

Mr. Deputy Speaker: This question relates to the recruitment of staff. The member may please be relevant in his supplementaries.

سید عنایت علی شاہ — چین کی آبادی پاکستان سے تقریباً آٹھ گنا ہے کیا انہیں معلوم ہے کہ چین نے اپنے ہاں خاندانی منصوبہ بندی کو رائج نہیں کیا پھر بھی وہ بام عروج کی طرف مائل پرواز ہے ؟

وزیر صحت — یہ بات بالکل غلط ہے پچھلے دنوں یہاں جو چینی طبی وفد آیا تھا وہ کہتے تھے کہ اب ہم بھی فیملی پلاننگ کرنے لگے ہیں۔

ADVANCE INCREMENTS TO DR. AZHAR ALI KHAN, W. P. H. S. (II), ASSISTANT DISTRICT HEALTH OFFICER, LYALLPUR

***1369. Mr. Hamza**: Will the Minister of Health be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that the Ministry of Finance in its letter No. 767—RII (I)/59, dated 5th June 1959 has informed the West Pakistan, Finance Department that the Central Government have decided that on the appointment of a displaced Government servant from India against any post in Pakistan his pay in the scale prescribed for the post be fixed by allowing him on increment for every 3 years service rendered by him in India in equivalent or higher grade and this decision has been adopted by the Provincial Government also;

(*b*) whether it is a fact that on the basis of the decision mentioned in (*a*) above, Director, Health Services, West Pakistan recommended,—*vide* his letter No. A-36/AMO/5194/DHSI., dated 9th July 1963, for the grant of three advance increments to Dr. Azhar Ali Khan, W. P. H. S. (II), Assistant District Health Officer, Lyallpur, as he, prior to his joining the Government of West Pakistan had rendered more than 9 years service in India in the capacity of P. M. S. (II) Officer;

(*c*) whether it is also a fact that the said Assistant District Health Officer has not been granted his annual increments since 1958 as his case regarding the fixation of pay and counting of service rendered in India has not been disposed of;

(*d*) if answer to (*b*) and (*c*) above be in the affirmative, reasons for not allowing three advance increments to the said officer alongwith the date by which the said case is likely to be decided ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan): (*a*) Yes.

(*b*) Yes.

(*c*) His case for the grant of annual increements was pending for decision regarding grant of advance increments to him, which has since been decided.

(*d*) He is not entitled to any advance increment on his appointment in Pakistan in view of the principles laid down in Government of Pakistan, Ministry of Finance letter No. 767-R II(i)/59 dated 5th June 1959.

ANNUAL GRANT FOR MALKANI CIVIL DISPENSARY OF RAHIMYAR KHAN DISTRICT

*1388. **Khawaja Jamal Muhammad Koraija:** Will the Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the annual grant for Malkani Civil Dispensary in Rahimyar Khan District is Rs. 3, 000 only ;

(*b*) whether it is a fact that the annual average of patients who come for treatment to the said dispensary is about 20,000;

(*c*) whether it is also a fact that three paisa are charged as District Council Tax from each patient who attends the said dispensary for treatment;

(*d*) whether it is a fact that keeping in view the number of patients visiting the said dispensary the amount provided for this dispensary is inadequate: if so, whether Government intend to increase the grant ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan): (*a*) Yes.

(*b*) No

(*c*) No

(*d*) Yes for the first part. Increase in the grant of Malkani Civil Dispensary, Rahimyar Khan is the responsibility of the District Council, Rahim Yar Khan.

خواجہ جمال محمد کوریجا - انہوں نے جواب دیا ہے کہ بیس ہزار کی تعداد غلط ہے کیا وہ بتا سکتے ہیں کہ صحیح تعداد کیا تھی؟

وزیر صحت (مسٹر محمد علی خان) — آٹھ ہزار۔ یہ ۱۹۶۱ء کی مردم شماری کے مطابق ہے۔

خواجہ جمال محمد کوریجا — کیا یہ گرانٹ آٹھ ہزار کیلئے کافی ہے ؟

وزیر صحت — یہ ڈسٹرکٹ کونسل کا کام ہے۔ گورنمنٹ کا کام نہیں ہے۔

خان اجون خان جدون — معزز ممبر نے پوچھا تھا۔ کیا ڈسٹرکٹ کونسل ہر مریض سے تین پیسے بطور ٹیکس وصول کرتی ہے۔ ان کا جواب ہے ''نہیں''، میرا ضمنی سوال یہ ہے۔ کیا انہوں نے ڈسٹرکٹ کونسل سے پوچھا ہے ؟

وزیر صحت — صرف ایک پیسہ لیتے ہیں وہ بھی پرچی کے لئے کیونکہ کئی لوگ پرچی گم کر دیتے ہیں اور ڈسپنسری کے سٹاف کے لئے مشکل ہوتی ہے کہ روزانہ چٹیں لکھے۔

خان اجون خان جدون — ٹیڈی پیسہ یا پرانا پیسہ ؟

وزیر صحت — پرانے پیسے کا زمانہ اب ختم ہو چکا ہے۔

خواجہ جمال محمد کوریجا — یہ بالکل غلط ہے اگر تین پیسے صحیح ہو تو پھر ؟

مسٹر ڈپٹی سپیکر — اگر جواب غلط ہے تو اس کا یہ طریقہ ہے کہ تحریک استحقاق دے دیں کہ انہیں غلط جواب مہیا کیا گیا ہے کیونکہ جب گورنمنٹ کوئی جواب دیتی ہے تو سمجھا جائے گا کہ وہ صحیح ہے۔ جب تک ثبوت نہ ہو کہ وہ غلط ہے۔

TRANSFER OF SOME WORK FROM ASSISTANT MEDICAL OFFICER, MALKANI TO KHAN BAILA CIVIL HOSPITAL

*1389. **Khawaja Jamal Muhammad Koraija**: Will the Minister of Health be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that uptil recently the Assistant Medical Officer, Malkani, used to issue medico-legal reports and other certificates to the residents of the nearby areas which work has not been transferred by the District Health Officer, Rahimyar Khan to Khan Baila Civil Hospital;

(*b*) whether it is a fact that the average distance between the Malkani Civil Dispensary area and Khan Baila Civil Hospital, is fifteen miles;

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, reasons for the change ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) :

(*a*) Yes.

(*b*) No.

(*c*) Civil Hospital, Khan Baila is manned by W.P.H.S. II Officer and the work of the Police Station, Shiddani, under whose jurisdiction Malkani comes, has been entrusted to the Civil Hospital, Khan Baila.

خواجہ جمال محمد کوریجا — اسے ملکانی سے خان بیلا منتقل کیا گیا ہے اس کی وجوہات کیا ہیں ؟ کیا اس سے عوام کو تکلیف نہیں - پہلے تین میل کا فاصلہ تھا اب پندرہ میل کا فاصلہ ہو گیا ہے -

Minister of Health (Mr. Muhammad Ali Khan) : Sir, it is irrelevant. As far as the Health Department is concerned, shifting of the Police Station is not our responsibility.

مسٹر ڈپٹی سپیکر — وہ پولیس سٹیشن کی منتقلی کے لئے نہیں کہہ رہے - کیا وہ اس پر غور کرنے کے لئے تیار ہیں ؟

خواجہ جمال محمد کوریجا — پہلے وہاں سے تین میل کا فاصلہ تھا اب اسے خان بیلا کے ساتھ لگا دیا گیا ہے جو ۱۵ میل کے فاصلہ پر ہے -

وزیر صحت — صرف سات میل کا فاصلہ ہے خان بیلا کا ڈاکٹر کلاس دو کا آفسر ہے -

مسٹر ڈپٹی سپیکر — آپ کا مطلب ہے کہ یہ ممکن نہیں -

خواجہ جمال محمد کوریجا — پہلے جب وہ ملکانی تھا تو کیا اس وقت وہاں کلاس دو کا سوال پیدا ہوتا تھا ؟

وزیر صحت — جوں جوں دن گزرتے جاتے ہیں دنیا ترقی کرتی جاتی ہے -

---

SALARIES OF THE STAFF WORKING IN VARIOUS CIVIL DISPENSARIES IN RAHIMYAR KHAN DISTRICT

***1390. Khawaja Jamal Muhammad Koraija** : Will the Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that salaries of the staff working in various civil dispensaries in Rahimyar Khan District are disbursed at Rahimyar Khan on various dates in a month and not on particular prescribed date; if so, reasons therefor;

(*b*) whether it is also a fact that the said members of the staff have to attend the Head quarters Office at least thrice in a month to receive their salaries but they are not paid any travelling allowance for the said journey; if so, reasons therefor ;

(c) whether Government have under consideration any alternative scheme for the disbursement of salaries to such staff ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (a) Salaries of the staff working in civil dispensaries are paid on the 5th of every month. The doctor-in-charge of a dispensary who is unable to collect the salary of his staff on the appointed date, disburses it to his staff on subsequent dates after collection.

(b) This is not correct that members of the staff of the Dispensaries have to attend the headquarters Office three times or more to get their salaries. The District Council pays Travelling Allowance to the incharge of a Dispensary as admissible under the Rules and also pays Money Order commission, in cases where the salary is remitted through postal money order.

(c) Government have on other scheme for the disbursement of salaries under consideration.

ڈاکٹر سلطان احمد چیمہ — جناب کیا ایسا نہیں ہو سکتا کہ عملہ کی تنخواہ بذریعہ منی آرڈر بھیج دی جائے ؟

وزیر صحت (مسٹر محمد علی خان) — ایسی ڈسپنسریاں بھی ہیں جہاں پوسٹ آفس نہیں ہیں جہاں سے پوسٹ آفس خاصے دور ہیں یا جہاں ان کے پاس اتنا پیسہ نہیں ہوتا ۔

راٹا پھول محمد خان — کیا محترم وزیر صاحب فرمائیں گے کہ اگر وہ اپنی تنخواہ کے لئے تین چکر لگائیں پھر بھی انہیں ہر بار ڈسٹرکٹ کونسل کی طرف سے سفر خرچ ملتا ہے اگر ملتا ہے تو کیا یہ کسی کے پرائیوٹ پیسے سے ملتا ہے یا قوم کے پیسے سے ؟

وزیر صحت — سب کو نہیں ملتا صرف ایک انچارج ڈاکٹر تنخواہ لینے کے لئے جاتا ہے ۔

ڈاکٹر سلطان احمد چیمہ — جب ڈاکٹر اپنی تنخواہ لینے کے لئے جاتا ہے تو کیا وہ اس دن اپنا فرض مریضوں کو دیکھنے کا پورا کر سکتا ہے ؟ اگر ڈاکخانہ وہاں نہیں تو کسی طرح وہاں ڈاک تو جاتی ہوگی ؟

Mr. Deputy Speaker: That is no supplementary.

PAYMENT OF HIS SALARY TO DR. SALAHUDDIN, ASSISTANT MEDICAL OFFICER, MALKANI, DISTRICT RAHIMYAR KHAN

*1391. **Khawaja Jamal Muhammad Koraija** : Will the Minister of Health be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that Dr. Salahuddin, Assistant Medical Officer, Malkani, District Rahimyar Khan has not so far been paid his salary for the period from April 1965 to the 13th November, 1965;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, the reasons therefor and the time by which the said salary will be paid to him?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (*a*) No.

(*b*) Does not arise.

APPOINTMENT OF FAMILY PLANNING SUPERVISORS IN JHANG DISTRICT

*1484. **Mr. Hamza** : Will the Minister of Health be pleased to refer to the answer to my starred question No. 1160 given on the floor of the House on 8th December 1965 and state:—

(*a*) the qualifications of each candidate who applied for the post of Family Planning Supervisors in Jhang District;

(*b*) the special circumstances under which the seven F. A. pass candidates were appointed as Family Planning Supervisors in the said District and whether they are still in service ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (*a*). List Placed at the Table.*

(*b*) The candidates with higher qualifications were reluctant to work in the remote rural areas, without accommodation, transport facilities and future prospects.

Yes, they are in service.

مسٹر حمزہ— جناب والا ۔ اسمبلی کے سابقہ اجلاس میں وزیر صحت نے فرمایا تھا کہ وہ بذات خود اس معاملہ کی تحقیقات کریں گے ۔ آج جو فہرست آپ کے سامنے ہے اس میں ۲۳۱ امیدوار ہیں جنہوں نے فیملی پلاننگ سپروائزر کا کام کرنے کے لئے درخواستیں دی ہیں ۔ ان میں سے کم از کم ۲۰۰ ایسے امیدوار ہیں جن کی تعلیمی قابلیت بی ۔ اے ۔ بی ۔ ایس ۔ سی ۔ ایم ۔ اے اور ایم ۔ اے ایل ایل بی ہے ۔ جناب والا ۔ ان ۲۰۰ امیدواروں کے ہوتے ہوئے کیا وجہ ہے کہ ۷ ایف ۔ اے امیدواروں کو تعینات کیا گیا ہے ۔ آپ نے یہ فرمایا ہے کہ کم از کم تعلیمی قابلیت بی ۔ اے تھی ۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پچھلے چھ سات ماہ کے عرصہ میں جو تحقیقات کی گئی ہے آپ اس تحقیقات کی بنیاد پر کس نتیجہ پر پہنچے ہیں۔

Minister of Health (Mr. Muhammad Ali Khan) : The answer is—

"Candidates with higher qualifications were reluctant to serve in the rural areas where certain facilities did not exist."

مسٹر محمود اعظم فاروقی — جناب والا ۔ وزیر متعلقہ نے فرمایا ہے کہ جن کی اعلیٰ qualifications تھیں انہوں نے دیہاتوں میں جانے سے انکار کر دیا ہے ۔ کیا ان کا انکار تحریری صورت میں

*Please see Appendix at the end.

اپکے پاس موجود ہے یہ اس لئے ہے کہ جن لوگوں نے درخواستیں دی تھیں ظاہر ہے کہ وہ درخواست دینے کے بعد ہر جگہ جانے کو تیار رہے ہوں گے پھر کیا انہوں نے سلیکشن کے بعد جانے سے انکار کیا ہے -

وزیر صحت — جناب والا - انٹرویو تحریری نہیں لیا جاتا - انٹرویو میں زبانی گفتگو ہوتی ہے -

مسٹر حمزہ — وزیر صحت کو جو محکمہ کی طرف سے جواب دیا گیا ہے کیا وہ اس سے مطمئن ہیں -

مسٹر ڈپٹی سپیکر — یہ ضمنی سوال نہیں ہے -

مسٹر حمزہ — جناب والا - جب درخواستیں طلب کی گئیں تھیں اس وقت امیدواروں کو بتایا گیا تھا کہ ان کی تعیناتی ضلع جھنگ میں ہوگی ان کو یہ نہیں بتایا گیا تھا کہ ان کی تعیناتی لاہور میں ہوگی یا جھنگ میں ہوگی - ہر ایک کو یہ پتہ تھا کہ انہیں اس ضلع کے کسی بھی گاؤں میں کام کرنا ہوگا - جب ان کو پہلے سے علم تھا - تو انہوں نے کیا جان بوجھ کر درخواستیں نہیں دی تھیں - جناب والا - ان میں سے اکثر انٹرویو کے لئے بھی آئے تھے یہ آپ نے کس طرح نتیجہ اخذ کیا کہ بڑی اکثریت اتنی بڑی اکثریت ضلع میں ایسی جگہوں پر جانے کے لئے تیار نہیں تھی - جہاں رہائش اور آمدورفت کی سہولتیں نہیں تھیں -

وزیرصحت — جناب والا - ہر ایک کا یہ خیال ہوگا کہ میری جھنگ میں تعیناتی ہوگی - جب ان سے پوچھا گیا کہ آپ گاؤں جائیں گے تو انہوں نے انکار کیا ہوگا اس لئے ایف - اے پاس امیدواروں کو ترجیح دی گئی ہوگی -

مسٹر حمزہ — جناب والا - آپ کے نقطۂ نظر سے اس کا مطلب یہ ہے کہ ۱۴۲ امیدواروں میں سے جو زیادہ پڑھے لکھے تھے وہ احمق تھے اور وہاں کا ڈپٹی کمشنر عقل مند تھا - جس نے یہ جواب آپ کو ارسال کیا ہے -

Minister of Health: If the member insists, we could make further inquiries into this matter.

خان محمد یوسف خان — کیا وزیر صحت ارشاد فرمائیں گے کہ آپ کو تعداد معلوم ہے کہ کتنے اصحاب تھے جو better qualified تھے اور انہوں نے سروس کرنے سے انکار کیا -

Parliamentary Secretary: The position is that in the last Assembly Session Mr. Hamza put a similar question and we promised him that the department will go into the details of the reasons as to why these F.A. candidates were accepted instead of the Graduates. The Department is already proceeding with the inquiries. This answer, this detail or these reasons have been received from the Deputy Commissioner which we are forced to believe and, therefore, we have conveyed them to the House. As far as the department is concerned we are still holding inquiries as to the reasons for not accepting B.A. candidates. Since we get the replies from the Services & General Administration Department, because this is not our job to inquire into the conduct of a Deputy Commissioner and this is the responsibility of the S&GAD. the answer is still pending with that department. The moment we get answer from that department we will convey it to the House.

نوابزادہ غلامرقاسم خان خاکوانی—کیا وزیر موصوف فرمائیں گے کہ اگر انکوائری کے بعد آپ کی تسلی ہو جائے کہ ان لوگوں نے کام کرنے کا اقرار کیا تھا انہوں نے انکار نہیں کیا تھا ۔ تو کیا اب اس سٹیج پر وہ re-appoint ہو سکیں گے ؟

Minister of Health: Sir, we have addressed a letter to the Chief Secretary and his answer is awaited. Therefore, we cannot say anything off-hand just now.

مسٹر حمزہ— میں جناب وزیر صحت کا انتہائی ممنون ہوں کہ انہوں نے وعدہ فرمایا ہے کہ وہ مزید تحقیقات کے لئے تیار ہیں ۔ میں ان کی خدمت اقدس میں عرض کروں گا کہ آپکو یہ احساس ہے کہ یہ سیدھا سا معاملہ ہے اس پر جو تحقیقاتی وقت صرف ہوا ہے وہ زیادہ ہے ۔

وزیرصحت — اس وقت جواب یہ ہے جو آپکے سامنے عرض کر دیا ہے ۔ اگر آپ مزید چاہتے ہیں تو ہم مزید غور کرنے کے لئے تیار ہیں۔

چودھری محمد ادریس—جناب والا ۔ یہ سوال میرے حلقہ سے تعلق رکھتا ہے ۔ کیا وزیر موصوف کو معلوم ہے کہ فیملی پلاننگ کا محکمہ جھنگ میں عیاشی کا بہت بڑا اڈا بن چکا ہے ۔ کیا وہ اس ہاؤس میں یقین دلائیں گے کہ وہ اس کے خلاف انکوائری کریں گے اور اس ہاؤس کو نتائج سے مطلع فرمائیں گے ۔

Mr. Deputy Spcaker: That is not relevant.

مسٹر حمزہ—کیا وزیر موصوف از راہ کرم تحقیقات کی میعاد مقرر کریں گے کہ جو اقدام ان افسران کے خلاف کر رہے ہیں اس کے متعلق کب اس ایوان کو مطلع کریں گے ۔

وزیر صحت—جناب والا ۔ جب جواب آئے گا اس پر کہا جائے گا کہ کتنی مدت لگے گی یا کتنی مدت ہونی چاہئے ۔

مسٹر حمزہ —جناب والا ۔ میں ذمہ دار وزیر صاحب سے دریافت کرتا ہوں میں کلرک سے دریافت نہیں کرتا ۔ آپ سے دریافت کرتا ہوں کہ آپ کا احساس اس کے متعلق کیا ہے ۔ کیا تحقیقات کا سلسلہ لمبا تو نہیں ہوگا ۔

وزیر صحت —تحقیقات تو جاری ہے ۔ میں نے عرض کیا ہے کہ ہم تحقیقات کر رہے ہیں اور سلسلہ جاری ہے انشاء اللہ جو جواب آئے گا وہ آپ کے سامنے ہوگا ۔

نوابزادہ غلام قاسم خان خاکوانی — جناب منٹگمری میں فیملی پلاننگ سپروائزر کی ۰ ۵ آسامیوں کے لئے درخواستوں کی کل آخری تاریخ تھی میں جناب کی خدمت میں التماس کروں گا کہ آپ اس معاملہ پر بھی غور فرمائیں ۔

Mr. Deputy Speaker : That is not relevant.

مسٹر حمزہ—اگر میں وزیر موصوف کی خدمت میں ایک ایسے فیملی پلاننگ سپروائزر کا نام پیش کروں جو کہ وہاں ملازم بھی ہے اور تنخواہ بھی لیتا ہے لیکن اس کے برعکس وہ ایل ایل بی کی کلاس میں بطور طالب علم موجود ہوتا ہے کیا تحقیقات کر کے اس کے خلاف action لیں گے ۔

Minister of Health : Yes, Sir.

مسٹر حمزہ—اس کا نام فہرست میں موجود ہے ۔

Mr. Deputy Speaker : Is that relevant to this question ?

Mr. Hamza : Yes, Sir.

Mr. Deputy Speaker : The question is as to why the persons who were better qualified were not taken. Does the member feel that what he is saying now is relevant to the question ?

مسٹر حمزہ— جناب والا ۔ عرض یہ ہے کہ میں ان کوئی اطلاع نہیں مانگتا ہوں میں ان کی خدمت میں محض یہ عرض سے رہا ہوں کہ اگر میں ایک ایسے فیملی پلاننگ سپروائزر کا پتہ ان کو دن جو کہ جھنگ میں تنخواہ لیتا ہے لاہور لاء کالج میں بطور طالب علم موجود ہوتا ہے تو کیا وہ ان افسر ان کے خلاف (سپروائزر کے خلاف نہیں) جو اس کے ذمہ دار ہیں action لیں گے ۔

Mr. Deputy Speaker : I would draw the attention of the member to his question. In part (a) he has asked for the qualifications of each candidate who applied for the post and in (b) he has asked for the special circumstances under which 7 F. A. pass candidates were appointed. Now, how does this question which he is putting, become relevant.

FEE CHARGED FROM PATIENTS FOR X-RAY SKIAGRAM IN CIVIL HOSPITAL, DASKA

***1500, Dr. Sultan Ahmed Cheema:** Will the Minister of Health be pleased to state whether it is a fact that a fee of rupees ten is charged from the patients. for X-Ray Skiagram in the Civil Hospital, Daska: if so, reasons therefor?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan): Yes, Only private cases are charged for X-Ray at the rate of Rs. 10.

ڈاکٹر سلطان احمد چیمہ ۔ جناب والا ۔ جہاں تک مجھے علم ہے سول ہسپتال ڈسکہ میں غریب مریضوں سے out door میں یا جنرل وارڈ میں ایکسرے کے لئے ۱۰ روپیہ فیس چارج کی جاتی ہے کیا اس کے متعلق وزیر صحت تحقیقات کریں گے۔

وزیر صحت (مسٹر محمد علی خان) — جناب والا ۔ جو out door کے مریض ہیں ان سے کوئی فیس چارج نہیں کی جاتی جو ۲۵۰ روپیہ تنخواہ لیتے ہیں ان سے فیس نہیں لی جاتی، ۲۵۰ سے ۵۰۰ روپیہ تنخواہ لینے والوں سے آدھی فیس لی جاتی ہے اور ۵۰۰ روپیہ سے اوپر جو تنخواہ لیتے ہیں ان سے ۱۰ روپیہ فیس چارج کی جاتی ہے۔

ڈاکٹر سلطان احمد چیمہ — کیا اس معاملہ میں آپ تحقیقات کریں گے میں نے اپنے علم کی بناء پر عرض کیا ہے کہ وہاں فیس لی جاتی ہے rule تو ٹھیک ہیں کہ ایسے ہی ہونا چاہئے۔

وزیر صحت — ہم ہر تحقیقات کرنے کے لئے تیار ہیں ۔

HOSPITAL AT SHAKARDARA IN KOHAT DISTRICT

***1516. Khanzada Taj Muhammad Khan Bangash:** Will the Minister for Health be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that Government decided to establish a hospital at Shakardara in Kohat District;

(b) whether it is a fact that the construction of the building for the proposed hospital has also been completed;

(c) whether it is a fact that the hospital has not started functioning as yet;

(d) if the answer to (a) to (c) above be in the affirmative, the reasons therefor and the time by which the hospital will actually start functioning?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (a) A 12 bedded hospital is already functioning at Shakardara since long.

(b) There has been no proposal for the construction of a new building for the hospital.

(c) The hospital is functioning since long.

(d) Does not arise.

POSTING OF DOCTORS IN DISPENSARIES IN DISTRICT SIALKOT

*1566. **Dr. Sultan Ahmed Cheema** : Will the Minister of Health be pleased to state :—

(a) the total number of dispensaries in Sialkot District ;

(b) whether it is a fact that there are many dispensaries in District Sialkot which are at present without Doctors ;

(c) if answer to (b) above be in the affirmative, the number of such dispensaries and whether Government intend to post doctors in these dispensaries ; if so, when and if not, reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan): (a) 39 dispensaries.

(b) Yes.

(c) 24 dispensaries are without Doctors in Sialkot District, out of them five are Government dispensaries and 19 are of District Council. Doctors in Government Dispensaries will be posted as soon as they are available. Local Bodies are responsible to man their own dispensaries.

ڈاکٹر سلطان احمد چیمہ — کیا حکومت کی ذمہ داری نہیں ہے کہ وہ عوام کو medical aid مہیا کرے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری — جناب والا ۔ Basic Democracy بھی گورنمنٹ کا ایک محکمہ ہے ۔

میجر محمد اسلم جان — جناب والا ۔ انہوں نے فرمایا ہے کہ جب ڈاکٹر مہیا ہوں گے اس وقت انہیں وہاں تعینات کر دیا جائے گا کیا وزیر صحت فرمائیں گے کہ پاکستان میں جو ہر سال ۶۰۰ سے زائد ڈاکٹر پاس ہو کر نکلتے ہیں وہ کہاں جاتے ہیں ۔ پھر بھی آپ فرماتے ہیں ۔ کہ ڈاکٹروں کی کمی ہے ۔ جو ڈاکٹر مہیا ہیں انہیں آپ ڈسپنسریوں اور ہسپتالوں میں کیوں نہیں لگاتے ۔ کیا اس کی یہ وجہ نہیں ہے کہ ان ایم ۔ بی ۔ بی ۔ ایس ۔ اور qualified ڈاکٹروں کو آپ آرمی کی نرسوں سے بھی کم تنخواہ دیتے ہیں ۔

وزیر صحت (مسٹر محمد علی خان) — جناب والا ۔ جہاں تک Doctors کے تقرر کا تعلق ہے ۔ ہم نے پبلک سروس کمیشن کو کہا ہے ۔

انشاء اللہ عنقریب سلیکشن کر کے وہ ہمیں ڈاکٹر دیں گے اور ہم ان کو تعینات کر دیں گے ۔

میجر محمد اسلم جان — جناب والا ۔ میں نے appointment کے لئے نہیں تنخواہ کے متعلق عرض کیا ہے کہ ان qualified ڈاکٹروں کی تنخواہ جب تک آپ نہیں بڑھائیں گے اور دوسری facilities انہیں نہیں دیں گے اس وقت تک وہ سامنے نہیں آئیں گے کیا وزیر صحت اس بارے میں سوچیں گے ۔ کہ ایم ۔ بی ۔ بی ۔ ایس ۔ ڈاکٹروں کی تنخواہ بڑھائی جائے اور انہیں کلاس اول کا گریڈ دیا جائے تاکہ وہ غیر ممالک میں نہ جائیں اور یہیں رہ کر ملک اور قوم کی خدمت کر سکیں ۔

Minister of Health : Sir, this is a different question altogether. It is not included in this.

میجر محمد اسلم جان — جناب والا ۔ میں نے یہ اس لئے پوچھا تھا ۔ کہ انہوں نے فرمایا تھا کہ ڈاکٹر میسر نہیں ہیں تو میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ اگر ان کی تنخواہیں بڑھائی جائیں تو مزید ڈاکٹر میسر آ سکتے ہیں ۔

Mr. Deputy Speaker : The member is putting a different question. He should please give separate notice for that.

چوہدری محمد ادریس — جو جواب یہاں پر دیا گیا ہے اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ پانچ ڈسپنسریوں میں اس لئے ڈاکٹروں کی تقرری عمل میں نہیں آ سکی کہ ڈاکٹر میسر نہیں آ سکے تھے تو میں ان سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ آیا انہوں نے وہاں کے لئے درخواستیں طلب کی تھیں ۔

وزیر صحت — میں نے ابھی عرض کیا ہے کہ ہم نے پبلک سروس کمیشن کو کہا ہے اور جب وہ اس سلسلے میں selection کر لیں گے تو ہمیں بھیج دیں گے ۔

خان اجون خان جدون — پبلک سروس کمیشن کے ذریعے تو کافی عرصہ لگے گا کیا آپ ad hoc basis پر تقرری کرنے کے لئے تیار ہیں ۔

وزیر صحت — ہم ایسا کر تو سکتے ہیں لیکن procedure کو بھی follow کرنا ہوتا ہے ۔

میجر محمد اسلم جان — بہت سی ڈسپنسریاں اور ''دیہی طبی مراکز'' محکمہ صحت کے ماتحت ہیں اور کچھ محکمہ بنیادی جمہوریت

کے تحت ہیں کیا یہ بہتر نہ ہوگا کہ ان سب کو ایک محکمے یعنی محکمہ صحت ہی کے تحت کر دیا جائے تاکہ ہمیں یہ تو پاسانی معلوم ہو سکے کہ ہمیں کس سے سوال کرنا ہے اور ہماری مشکلات کس محکمہ نے دور کرنی ہیں ۔

وزیر صحت — ہم تو اس تجویز کو خوش آمدید کہتے ہیں اور ہم نے اس سلسلے میں یہ تجویز بھی کی تھی کہ یہ سب صوبائی تحویل میں لے لی جائیں لیکن بعض لوگ نہیں مانتے تو پھر ہم کیا کریں ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ — میں وزیر صاحب سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ میڈیکل کالجوں میں جو طلبا زیر تعلیم ہوتے ہیں اور جو بعد میں ڈاکٹر بن جاتے ہیں کیا وہ ڈیوٹی دینے کے پابند نہیں ہوتے ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر — یعنی آپ یہ پوچھنا چاہتے ہیں کہ آیا ان طلبا کے لئے ڈاکٹر ہونے کے بعد کچھ عرصہ ملازمت کرنا ضروری ہوتا ہے ۔

وزیر صحت — انہوں نے ڈیوٹی کے لئے پابندی کے متعلق پوچھا ہے تو عرض یہ ہے کہ وہ ڈیوٹی کے پابند ہوتے ہیں ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر — حاجی صاحب ۔ جو کچھ آپ فرما رہے ہیں وہ پابندی پہلے تھی لیکن اب نہیں ہے ۔

مسٹر حمزہ — جب آپ کو یہ علم ہے کہ ہمارے صوبہ کے بعض ہسپتالوں یا ڈسپنسریوں میں محض اس بناء پر ڈاکٹروں کو تعینات نہیں کیا جا سکتا کیونکہ ملک میں ان کی کمی ہے اور آپ کو یہ بھی علم ہے کہ بہت سے ڈاکٹر صاحبان دوسرے ممالک میں ملازمت کی غرض سے جاتے ہیں کیا حکومت نے اس امر پر غور کیا ہے کہ وہ ڈاکٹر جو ملازمت کی غرض سے باہر جاتے ہیں ان پر کوئی پابندی لگا دی جائے ۔

وزیر صحت — اسی سلسلے میں ایک اور سوال آگے آ رہا ہے جب اس کا جواب ایوان میں دونگا تو اگر اس وقت ضمنی سوال کی ضرورت محسوس ہوئی اور مجھ سے پوچھا گیا تو جواب دے دونگا ۔

مسٹر حمزہ — آپ کو یقین ہے کہ اس سوال کی باری آج اس ایوان میں آ جائے گی اگر ایسا ہے تو پھر میرے اس ضمنی سوال کے

جواب کو ملتوی کر دیں اور اگر ایسا نہیں ہے تو پھر اس کا جواب دیجئے ۔

وزیر صحت — اس کا انحصار تو پوچھے گئے ضمنی سوال پر ہوتا ہے ۔

مسٹر حمزہ — اگر میرا ضمنی سوال متعلقہ ہے تو پھر اس کا جواب ابھی دیں میں ادھار نہیں کرنا چاہتا ۔

Mr. Deputy Speaker : Actually this question does not arise out of this.

DEMOLITION OF COMPOUND WALL OF CIVIL HOSPITAL AND THE SILVER JUBILEE HOSPITAL AT DASKA

***1567. Dr. Sultan Ahmed Cheema :** Will the Minister of Health be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that the Civil Hospital and the Silver Jubilee Red Cross Maternity Hospital at Daska in Sialkot District were under the control of the District Council, Sialkot till 30th June 1964 ;

(b) whether it is a fact that there was a compound wall separating both the hospitals mentioned in (a) above with an inter-connecting passage ;

(c) whether it is a fact that the said compound wall has been demolished after 1st July 1964 when Government took over the said hospitals ;

(d) whether it is a fact that pardah observing ladies attending the maternity hospital find it inconvenient to enter the said hospital through common entrance as a result of the building of said compound wall ;

(e) if answer to (b) to (d) above be in the affirmative the reasons for demolishing the said compound wall and whether Government intend to provide the said wall again ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (a) Yes .

(b) Yes. But there was no inter-connecting passage.

(c) Yes.

(d) No Male and Female Sections of the Hospitals have got separate enterance.

(e) The question does not arise.

چوہدری محمد ادریس — پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب جواب کے حصہ (د) کو پڑھکر بتائیں کہ کیا سوال میں اور ان کے جواب میں کوئی مطابقت ہے ؟

Parliamentary Secretary : Sir, I have already explained that the word "Not" printed in the book is wrong and that is not my mistake; that is just a printing error.

ڈاکٹر سلطان احمد چیمہ — مجھے افسوس ہے کہ اس سوال کا جواب صحیح نہیں دیا گیا ہے کیونکہ میں جانتا ہوں کہ سول

ہسپتال میں دو بڑے بڑے گیٹ ہیں اور Maternity Hospital میں بھی دو بڑے بڑے گیٹ ہیں اور جو درمیانی دیوار تھی اور جس کو مسمار کیا گیا ہے اس میں تین راستے تھے جن کے ذریعے Maternity Hospital میں داخل ہوا جا سکتا تھا دو دروازے تو اب بھی موجود ہیں ایک آپریشن تھیٹر میں کھلتا ہے اور ایک ڈسپنسریوں کی طرف کھلتا ہے اور ہر راستہ فیملی وارڈ کی طرف سے Maternity Hospital کے compound میں جاتا ہے تو کیا وزیر صحت اس معاملہ کے متعلق تحقیقات کرائیں گے اور مزید یہ ہے کہ اس دیوار کی اینٹیں وغیرہ نیلام کر کے رقم خزانے میں جمع کرائی گئی ہے یا نہیں ۔

وزیر صحت (مسٹر محمد علی خان) — جہانتک دیوار کی مسماری کا تعلق ہے اس سے قبل آنکھ سے متعلق جتنے مریض آتے تھے چونکہ بیچ میں دیوار تھی اور دوسرا راستہ نہیں تھا اس لئے وہی زنانہ مریض سڑک پر لے جا کر دوسرے راستہ سے زنانہ وارڈ میں لیجاتے تھے اب چونکہ ہسپتال ایک ہو گیا ہے ایک زنانہ سیکشن ہو گیا ہے اور ایک مردانہ سیکشن ہو گیا ہے اس طرح اس دیوار کے ہٹانے سے تو زنانہ مریضوں کو سہولت ہو گئی ہے ۔

ڈاکٹر سلطان احمد چیمہ — میں نے عرض کیا ہے کہ راستہ تو پہلے بھی تھا انکی اور کتنا چوڑا راستہ درکار تھا کیونکہ پہلے ہی تقریباً دس فٹ چوڑا راستہ تھا ۔

وزیر صحت — جو معلومات ہمیں فراہم کی گئی ہیں اس میں یہ ہے کہ inter-connected کوئی دروازہ نہیں تھا اور اس میں کوئی راستہ نہیں تھا ۔

ڈاکٹر سلطان احمد چیمہ — کیا وزیر صحت اس معاملے میں تحقیقات کریں گے ۔

وزیر صحت — ضرور ۔

HOSPITALS AND DISPENSARIES IN KARACHI CITY

*1581. **Mian Saifullah Khan** : Will the Minister of Health be pleased to state :—

(a) the names of hospitals and dispensaries functioning in each of

the following areas of Karachi City :

Gabapat, Mauripur, Baldia Colony, Pathan Colony, Shershah Colony, Mewat Shah, Miran Naka, Bihar Colony, Agra Taj Colony, Kallri, Shah Beg Lane, Singhoo Lane, Chaklwaraesite ;

(*b*) the number of hospitals and dispensaries proposed to be opened during the Third Five-Year Plan period in each of the above mentioned areas ;

(*c*) the population on the basis of which Government provide a hospital or a dispensary ;

(*d*) whether it is a fact that the population of the above mentioned areas is about four lacs ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Asbraf Khan):

(*a*) The information is as below :—

Area of Karachi City	Name of Hospital/Dispensary functioning in the area.
(1) Gabapat	District Council Dispensary at Lal Bakher.
(2) Mauripur (3) Baldia Colony	K. M. C. Mobile Dispensary visits these areas twice a week.
(4) Pathan Colony	Nil.
(5) Shershah Colony	Nil.
(6) Mawat Shah	Nil.
(7) Miran Naka	K. M. C. Dispensary Sher Shah Road.
(8) Bihar Colony	K. M. C. Dispensary Bihar Colony.
(9) Agra Taj Colony	Nil.
(10) Kalri	Nil.
(11) Shah Beg Lane	Nil.
(12) Singhoo Lane	Nil.
(13) Chakiwara	(i) K. M. C. Dispenary New Lyari. (ii) K. M. C. Dispensary Old Unani.
(14) S. I. T. E.	Nil.

(*b*) No allocation has been made in the Government 3rd Five Year Plan for opening of additional hospitals and dispensaries in these areas. The provision of hospitals and dispensaries is the compulsory function or the local body concerned within their financial limitations under the Basic Democracies Order. The Karachi Municipal Corporation Authorities are reported to have prepared a plan for the construction of a General Hospital at Lyari.

(*c*) The nature and the quantum of population are taken into consideration for determination of the quality and extent of the services to be provided. The final decisions however, are not taken on basis of population alone.

(*d*) Yes

FINALISATION OF CASE OF ABDUL HAMID, OFFICE OF PUBLIC ANALYST, MULTAN

*1621. **Chaudhri Muhammad Idrees :** Will the Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Abdul Hamid, an employee of the office of Public Analyst, Multan is under suspension for the last 8 years ;

(*b*) if answer to (*a*)above be in the affirmative, (*i*) charges against him (*ii*) reasons for not finalising his case so far, (*iii*) officer responsible for not finalising his case and (*iv*) whether any maximum period which a Government servant can remain under suspension is fixed ;

(*c*) whether it is a fact that no suspension allowance has been paid to the said officer since March, 1965; if so, reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) :

(*a*) Yes, Mr. Abdul Hamid remained under suspension from the date of his arrest by the Police in November, 1957, and his services were terminated with effect from the 29th March, 1966.

(*b*)(*i*) There were 9 Criminal Charges against him under section 409/420 for misappropriation of Government money while he was serving in these officers M.S.C.H., Rawalpindi and Provincial Public Analyst, Rawalpindi. Also charged for forging Matriculation Certificate and securing employment under Government on wrong information.

(*ii*) Out of 9 cases relating to embezzlement of Government Funds, judgement had been delivered by the Special Judge, Anti-Corruption, Rawalpindi on 31st March 1962 in one case. The rest of the 8 cases are pending in the Court of Special Judge, Anti-Corruption Peshawar.

(*iii*) The cases are subjudice.

(*iv*) Ordinarily the suspension of an official should not be more than 6 months but when the cases are to be decided by the Court of Law, the suspension is to be decided after the judgement of the Court has been pronounced.

(*c*) Sir, in part(c)of the reply, as printed, we have said: "Yes. The payment is being arranged. The bill for payment has been submitted to the audit office for approval." The information that we received yesterday says that payment is being made as the bill has been approved.

چوہدری محمد ادریس— میں نے پوچھا تھا کہ مسٹر عبدالحمید کو subsistence allowance نہیں دیا گیا تو آپ نے کہا کہ ہاں — اب پارلیمنٹری سیکریٹری صاحب نے subsistence allowance تسلیم کر لیا ہے کہ ایک سال سے اسے نہیں دیا گیا ۔ اگر اسے نہیں دیا گیا تو اس کی کیا وجوہات ہیں ؟

وزیر صحت (مسٹر محمد علی خان) — Public Analyst کا دفتر راولپنڈی سے ملتان shift ہونے کی وجہ سے کچھ

وقت لگ گیا ہے ۔

چودھری محمد ادریس — یہ دفتر کب shift کیا گیا ؟

وزیر صحت — مارچ ۱۹۶۵ ء میں ۔

چودھری محمد ادریس — یہ شخص ۱۹۵۷ میں suspend ہوا اور ۲۹ مارچ ۱۹۶۶ کو اس کی services terminate کر دی گئیں ۔ جب اس case کا فیصلہ مارچ ۱۹۶۶ میں کیا گیا تو اسی وقت اس کی services کیوں نہیں terminate کر دی گئیں ۔

وزیر صحت — اس لئے کہ اس کے خلاف نو cases تھے ۔

چودھری محمد ادریس — جواب کے حصہ ب (۲) میں آپ نے فرمایا ہے کہ ۳۱ مارچ ۱۹۶۶ کو اس case کا فیصلہ کیا گیا تھا ۔ میں پوچھتا ہوں کہ اس case کا کیا فیصلہ کیا گیا ۔

Minister for Health: It is a specific question. I want fresh notice for it.

DISPENSARIES IN RURAL AREA OF RAWALPINDI DISTRICT

***1629. Khan Muhammad Yusaf Khan**: Will the Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) the number of dispensaries in rural area of Rawalpindi District along with the number of villages in the said District ;

(*b*) whether it is a fact that most of the said dispensaries are without qualified Doctors and are being run by dispensers ; if so, the number of such dispensaries and whether Government have made any arrangements to post qualified Doctors in the said dispensaries ;

(*c*) whether it is also a fact that most of the said dispensaries are without any Lady Health Visitors or female doctors ; if so, the steps Government intend to take for ensuring proper functioning of the said dispensaries ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) :

(*a*) The number of dispensaries in rural area of Rawalpindi District and number of villages in the said district are as follows :—

Names	
(i) Government Rural Dispensaries	6
(ii) Government Mobile Dispensary	..

	Names	
(iii)	Primary Rural Health Centres (with three Sub-Centres attached to each Primary Rural Health Centre).	3
(iv)	District Council Rural Dispensaries ..	16
(v)	Private Rural Dispensaries ..	6
	(Three are run on self-help basis and three are Red Cross Dispensaries).	
(vi)	Number of villages ..	1217

(b) Yes, the following number of dispensaries are without qualified doctors and are being run by dispensers :—

(i)	Government Rural Dispensaries ..	3
(ii)	Government Mobile Dispensary ..	1
(iii)	District Council Rural Dispensaries ..	9
(iv)	Red Cross Dispensaries ..	3

(v) Qualified Doctors will be posted as soon as they are available.

(c) Yes.

There is no provision for posting of Lady Health Visitors in Rural Dispensaries. Lady Health Visitors are posted at Primary Rural Health Centres in Rawalpindi District. There is a provision for posting of Lady Doctors at the Primary Rural Health Centres, and one of the Primary Health Centres has got a Lady Doctor. The two District Council Dispensaries are also manned by Lady Doctors.

There is no provision for posting of Lady Health Visitors in Rural Dispensaries. They are posted in Primary Rural Health Centres. In Rawalpindi District all the Primary Rural Health Centres have got Lady Health Visitors. Lady Doctors are also posted in Primary Rural Health Centres and one of the Centre has got a Lady Doctor. Two District Council Dispensaries are also manned by Lady Doctors.

According to new thinking in Rural Health Programme if approved, each Union Council will be having a Lady Health Visitor.

This information has been collected from the Director Health Services, Lahore.

Sir, before the Member puts any supplementary there is additional information that I would like to supply to the House.

"Moreover there are 26 MCH Centres in Rawalpindi district manned by Lady Health Visitors and each Union will be having a Lady Health Visitor."

خان محمد یوسف خان — آپ کے جواب سے معلوم ہوتا ہے کہ نصف سے زیادہ ڈسپنسریاں بغیر ڈاکٹروں کے ہیں گیا یہ پوزیشن تسلی بخش ہے ؟

وزیر صحت (سسٹر محمد علی خان) — جہاں تک گورنمنٹ ڈسپنسریوں کا تعلق ہے میں نے پہلے عرض کر

دیا ہے ۔ کہ We are trying our best. کہ وہاں ڈاکٹر لگ جائیں گے لیکن جو ڈسٹرکٹ کونسل کی ڈسپنسریاں ہیں ان کا تعلق ہمارے ساتھ نہیں ہے یہ تو ان کا اپنا کام ہے ۔ ہمارا نہیں ۔

خان محمد یوسف خان — کیا آپ محسوس کرتے ہیں کہ جن ڈسپنسریوں میں صرف dispenser کام کرتے ہیں کیا وہ لوگوں کی جان کے لئے خطرہ کا باعث نہیں ہوتے ۔

وزیر صحت — ہماری کوشش ہے کہ جب بھی ڈاکٹر مل جائیں گے لگا دیئے جائیں گے ۔

چوہدری محمد ادریس — کیا اس کوشش کا نتیجہ اسی سیشن کے دوران میں نکل آئے گا اور اس عرصہ میں آپ posting کرا دینگے ۔

وزیر صحت — یہ تو پبلک سروس کمیشن پر منحصر ہے وہ سلیکشن کر دیگی تو ہم کر دینگے ۔

میجر محمد اسلم جان — کیا وزیر صحت فرمائیں گے کہ ضلع راولپنڈی میں سنگ جانی ۔ بجنیال نو ۔ عثمان کھٹڑ ۔ ٹھٹھہ خلیل ۔ ٹیکسلا ۔ واہ ۔ حسن ابدال وغیرہ علاقے جن کی آبادی تقریباً ڈیڑھ لاکھ ہے وہاں یہوں کوئی ڈسپنسری Rural Health Centre یا ہسپتال ان لوگوں کے لئے نہیں ہے ؟ میں یہ بھی دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ ان علاقوں کے لئے کوئی ڈسپنسری یا ہیلتھ سینٹر یا Mobile Dispensary قائم کرنے کی حکومت کے پاس کوئی تجویز ہے تا کہ وہاں کے لوگوں کی صحت کا انتظام ہو سکے ۔

خانزادہ تاج محمد خان بنگش ۔ جناب پارلیمنٹری سیکریٹری صاحب نے فرمایا ہے کہ تینوں کے متعلق تحقیقات کا فیصلہ کیا گیا ہے کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ ڈرائیور کلینر اور کنڈکٹر کو کیا یہ حق حاصل ہے کہ وہ محکمہ سے overtime حاصل کریں ۔

وزیر قانون ۔ overtime کے سلسلے میں ایک سوال اور آ رہا ہے اس میں اس کا جواب دے دیا جائے گا ۔

DENIAL OF REST TO INSPECTORS, CHECKERS, CONDUCTORS AND DRIVERS OF GOVERNMENT TRANSPORT SERVICES AT LAHORE, HYDERABAD, MULTAN, RAWALPINDI, LYALLPUR AND PESHAWAR

*95. **Kazi Muhammad Azam Abbasi :** Will the Parliamentary Secretary, Transport be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the Inspectors, Checkers, Conductors and Drivers of Government Transport Services at Lahore, Hyderabad, Multan, Rawalpindi, Lyallpur and Peshawar are not allowed rest to which they are entitled under Labour Laws ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, reasons therefor ;

(*c*) if answer to (*a*) above be in the negative, the reports on Forms T.T. 23 of Lahore Omnibus Service for the months of March and April, 1965 be placed on the Table of the Assembly ;

(*d*) whether Government intend to pay the overtime to such of the employees as are not allowed any rest ?

Parliamentary Secretary (Khan Muhammad Iqbal Khan Jadoon) : (*a*) No. The Inspectors, Checkers, Conductors, and Drivers are allowed rest to which they are entitled under the Labour laws ;

(*b*) Does not arise.

(*c*) Only one copy of Form T.T. 23 of Lahore Omnibus Service for the months of March and April, 1965 is available with the Lahore Ommibus Service. The record is voluminous, containing about 1,500 pages, having 13 columns each, and the object which is expected to be achieved by taking out copies of the documents will not be commensurate with the labour involved. As such, these documents are not being placed at the Table of the House and could be made available to the Member for perusal as and when desired by him.

(*d*) Does not arise.

قاضی محمد اعظم عباسی - جناب لاهور کے لیے جو فارم available تھے ان کی بھی ہمیں کاپی نہیں دی گئی -

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی محمد وریال میمن) - جناب هم نے کہا ہے کہ ہمارے پاس صرف ایک کاپی ہے جو ۱۵ سو صفحات پر مشتمل ہے اس لیے هم اس کی کاپی نہیں کروا سکتے اگر معزز ممبر دیکھنا چاهیں تو هم دکھا سکتے هیں ہمارے پاس ایک هی کاپی ہے -

قاضی محمد اعظم عباسی - جناب راولپنڈی - پشاور حیدر آباد کی ۱۵ سو صفحات کی کاپی ہے - لاهور کی تو ۱۵ — سو صفحات کی نہیں ہے -

سید عنایت علی شاہ ۔ جناب الف میں ان سے پوچھا گیا تھا کہ کیا انسپکٹروں Checkers کنڈکٹروں اور ڈرائیوروں کو آرام نہیں دیا جاتا تو اس کے جواب میں ہے کہ وہ آرام کر سکتے ہیں تو کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ ان کو آرام دیا جاتا ہے اور اگر نہیں دیا جاتا تو کیا وہ overtime کے مستحق ہوتے ہیں ۔

وزیر قانون ۔ جناب ہم نے کہا ہے کہ ان کو آرام دیا جا رہا ہے ۔ ان کو آرام ملتا ہے ۔

DIRECT GOVERNMENT TRANSPORT SERVICE BETWEEN LAHORE AND SARGODHA

*99. **Kazi Muhammad Azam Abbasi** : Will the Parliamentary Secretary, Transport be pleased to state whether it is a fact that there is no direct Government Transport Service between Lahore and Sargodha ; if so, reasons thereof and whether Government intend to start such a service ?

Parliamentary Secretary (Khan Muhammad Iqbal Khan Jadoon) : Yes, there is no direct Government Transport Service between Lahore and Sargodha. There are, however, services from Lahore to Sargodha *via* Lyallpur. The reasons for not plying Road Transport Corporation buses on Lahore—Sargodha route are as under—

(*i*) a large number of private buses are already running on this route which almost meet the requirements of the travelling public.

(*ii*) Shortage of buses with the Government Transport Service.

قاضی محمد اعظم عباسی ۔ کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ جن routes پر پرائیویٹ بسیں چلتی ہیں ان پر گورنمنٹ کی بسیں نہیں چلتی ہیں ۔

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی مگھ وریال میمن) ۔ جناب یہ خاص

حالات پر منحصر ہے ۔ جہاں ضرورت ہوتی ہے وہاں گورنمنٹ کی بسیں چلتی ہیں اور جہاں ضرورت نہیں ہوتی وہاں نہیں چلائی جاتیں اور اس کی وجہ یہ ہے کہ جہاں پرائیویٹ بسیں پوری طرح چلتی ہیں اور پوری سروس دیتی ہیں وہاں ہم نہیں چاہتے کہ گورنمنٹ کی بسیں چلائی جائیں اس طرح کسی روٹ پر پرائیویٹ بسوں اور گورنمنٹ کی بسوں کا ایک دوسرے سے comparison نہیں کیا جا سکتا ۔

قاضی محمد اعظم عباسی ۔ کیا آپ کے خیال میں اس روٹ پر ضرورت نہیں ہے ؟

وزیر قانون ۔ یہ جواب دیا گیا ہے کہ نہیں چلتی ہیں ۔

سردار حاجی عطا محمد لنڈ ۔ میں جناب وزیر صاحب سے یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ جہاں نجی بسوں کے ساتھ گورنمنٹ کی بسیں نہیں چلائی جاتی ہیں تو کیا پرائیویٹ بسوں کے مالکوں کے ساتھ یہ رعایت کرنے کے خیال سے کیا جا رہا ہے ۔

وزیر قانون ۔ نہیں کوئی رعایت کے خیال سے ایسا نہیں کیا جا رہا ہے ۔

مسٹر محمد یوسف خان ۔ آپ کی پالیسی کیا ہے ۔ کیا آپ private owners کو monoply لائن دیتے ہیں یا monoply لائن کو discourage کرتے ہیں ۔

وزیر قانون ۔ نہیں یہ پالیسی نہیں ہے ۔

میاں محمد شفیع ۔ کیا لاہور اور سرگودھا کے درمیان کوئی پروگرام ایسا ہے کہ گورنمنٹ کسی پرائیویٹ بس کے لئے روٹ دے دے ۔

وزیر قانون ۔ نیا سوال کیا جائے تو ہم جواب دے دیں گے ۔

خانزادہ تاج محمد خان بنگش ۔ کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ روٹ پرمٹ دیتے وقت کن کن باتوں کا خیال رکھا جاتا ہے ۔

Mr. Speaker : The Member may give a fresh notice for that.

مسٹر حمزہ ۔ کیا میں وزیر اطلاعات سے دریافت کر سکتا ہوں کہ کسی روٹ پر کیا حکومت کے کسی پارلیمانی سیکرٹری کی ملکیتی بسیں بھی چل رہی ہیں ؟

Mr. Speaker : That is not a supplementary question.

وزیر قانون ۔ یہ دیکھ کر بتائیں گے ۔

POLICY REGARDING ISSUE OF ROUTE PERMITS FOR STATION WAGONS/CARS

*150. **Khan Ajoon Khan Jadoon** : Will the Parliamentary Secretary, Transport be pleased to state :—

(*a*) the number of Station Wagons/Cars with seating capacity for 6 to 10 passengers in respect of which route permits have been issued in all Regions of West Pakistan together with the models thereof ;

(*b*) whether it is a fact that the Road Transport Authority, Peshawar has decided not to issue route permits to Station Wagons/Cars of that models prior to 1959 ; if so, whether Government have issued any such directions to Road Transport Authorities ; if not, reasons for the said decision by Road Transport Authority, Peshawar ?

Parliamentary Secretary (Khan Muhammad Iqbal Khan Jadoon) :

(*a*) (i) 1,410

(*ii*) Model-wise breakup of vehicles is given below :—

Model	*No. of vehicles*
1966 ...	10
1965 ...	14
1964 ...	24
1963 ...	6
1962 ...	17
1961 ...	19
1960 ...	44
1959 ...	54
1958 ...	57
1957 ...	97
1956 ...	83
1955 ...	133
1954 ...	69
1953 ...	57
1952 ...	110
1951 ...	164
1950 ...	200
1949 ...	77
1948 ...	28
1947 ...	41
1946 ...	26
1945 ...	10
1944 ...	7
1943 ...	6
1942 ...	40
1941 ...	10
1940 ...	2

Model	*No. of vehicles*
1939	... 1
1938	... 2
1937	... ...
1936	... ...
1935	... 1
	1,410

(*b*) (*i*) Yes. The Regional Transport Authority, Peshawar has decided not to issue route permits to Station Wagons/Cars of models prior to 1959 for the reasons that old vehicles are the main cause of accidents, and are a source of inconvenience to passengers ; they should be replaced by new ones gradually.

(*ii*) The decision has been taken by the Regional Transport Authority, Peshawar *suo moto* and no directions have been issued in this respect by Government.

خان اجون خان جدون ۔ جناب والا ۔ انہوں نے جو فہرست دی ہے اس میں چودہ سو دس گڑیاں ہیں جو پشاور روٹ پر چلتی ہیں ان میں سے ۱۹۵۹ کے اوپر کی تعداد تقریباً دو سو کی ہے اور باقی سب ۱۹۵۹ء سے پہلے کی ہیں تو کیا وزیر صاحب کے علم میں ہے کہ اس سے کافی لوگوں کے روزگار پر اثر پڑے گا ۔ کیا حکومت ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کے نوٹس میں یہ چیز لائے گی کہ ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی ۱۹۵۹ء سے پہلے ماڈل کی جو گاڑیاں ہیں ان کے روٹ پرمٹ cancel نہ کرے اور اگر پولیس ان گاڑیوں کو پاس کردے تو آر ۔ ٹی ۔ اے اور جگہوں کی طرح ان کو روٹ پرمٹ دے دے ۔

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی چھ وریال میمن) ۔ عرض یہ ہے کہ آر ۔ ٹی ۔ اے ایک autonomous body ہے اور ایکٹ کے تحت اسکے

independent powers ہیں ۔ جہاں تک گورنمنٹ کی interference کا تعلق ہے تو جہاں تک مجھے معلوم ہے گورنمنٹ کو ایسی کوئی powers نہیں ہیں یا اختیار نہیں ہے کہ وہ آر ۔ ٹی ۔ اے کے functions میں مداخلت کرے یہ فیصلہ آر ۔ ٹی ۔ اے راستہ اور حالات کو مد نظر رکھ کر کرتی ہے کہ کس ماڈل کی گاڑی کو کس راستے پر چلایا جائے اور بہت حد تک اس کا ٹریفک پر بھی دارومدار ہوتا ہے ۔ جہاں تک آر ۔ ٹی ۔ اے کے فیصلے کا تعلق ہے کہ ۱۹۵۹ کے پہلے کے ماڈل کی گاڑیوں کو وہ پاس نہیں کرتی تو میں سمجھتا ہوں کہ اس میں گورنمنٹ کا کوئی interference مناسب نہیں ہوگا کیونکہ اگر کوئی حادثہ ہوگیا تو پھر ہم آر ۔ ٹی ۔ اے کو جواب دار نہیں ٹھہرا سکیں گے اور وہ ہم سے کہیں گے کہ آپ ہی نے تو ہمیں ہدایت دی تھی کہ ۱۹۵۹ کے پہلے کے ماڈل کی گاڑیوں کو پاس کر دو ۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ قانون ہمیں اس قسم کے interference کی اجازت نہیں دیتا لیکن معزز ممبر کو پتہ ہے کہ اس ایوان کے کئی ممبران آر ۔ ٹی ۔ اے کے ممبر بھی اور افسر بھی ہیں وہ ان سے مل کر آر ۔ ٹی ۔ اے کے فیصلے کو بدل سکتے ہیں ۔

خان منور خان ۔ کیا یہ درست ہے کہ اس ہاؤس میں یہ فیصلہ ہوا تھا کہ صرف M. P. A. s. آر ۔ ٹی ۔ اے کے ممبر بنائے جا سکیں گے ۔

وزیر قانون ۔ مجھے اس کا علم نہیں ہے ۔

مسٹر محمد اسلم خان خٹک ۔ جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے فرمایا ہے کہ یہ فیصلہ ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی نے کیا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ آپ کے جو ہیڈ کوارٹرز پشاور اور راولپنڈی میں ہیں ان کے زونل مینجر کے اختیار میں یہ بات ہے کہ وہ کسی روٹ کو cancel کر دیں یا کسی روٹ پر بسیں چلنے دیں اگر یہ واقعی درست ہے تو مجھے بے حد خوشی ہوئی ہے اور اطمینان ہے کیونکہ ہمیں یہ معلوم ہوا ہے کہ

جو زونل اتھاریٹیز ھیں ان کو ھر چیز کے لیے لاھور میں refer کرنا پڑتا ھے اور وہ اس لیے کہ ان کے اپنے اختیارات کچھ بھی نہیں ھیں ۔

خان اجون خان جدون ۔ autonomous body ھونے کا جہاں تک تعلق ھے وہ ٹھیک ھے لیکن اس حد تک تو گورنمنٹ انہیں ھدایت کر سکتی ھے ۔

Mr. Speaker : That is not a supplementary question.

میاں محمد شفیع ۔ جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے فرمایا ھے کہ ۱۹۵۹ء سے پہلے کی جو گاڑیاں ھیں ان کو آر ۔ ٹی ۔ اے اپنی پالیسی کے تحت condemn کرسکتی ھے لیکن اگر ۱۹۵۹ء سے پہلے کی گاڑیاں condemn کر دی جائیں گی تو لاھور میں اتنی گاڑیاں نہیں آ رھی ھیں لوگوں کی ڈیمانڈ کیسے پوری ھو سکے گی کیا ان کی ڈیمانڈ پوری کی جائے گی ۔

وزیر قانون ۔ صاحب ھم نے پہلے عرض کر دیا ھے کہ یہ آر ۔ ٹی ۔ اے کے سامنے بات ھے اور ان کے اختیارات میں یہ ھے ۔ آپ آر ۔ ٹی ۔ اے کو اپیل کریں انہیں کہیں اگر آپ فرماتے ھیں کہ وھاں غلطی ھے ۔ ٹریفک میں روکاوٹ ھے تو جہاں تک ھمارا تعلق ھے ھم کہہ سکتے ھیں کہ ٹریفک میں روکاوٹ کا سوال ھی نہیں ۔

سید عنایت علی شاہ ۔ جناب والا ۔ کیا وزیر صاحب یہ بتائیں گے کہ اومنی بس جو گورنمنٹ کی بس ھے اس کی ۴۰ سیٹوں کی منظوری دی گئی ھے اور جو پرائیویٹ بسیں ھوتی ھیں اور باوجود اس کے کہ وہ اسی ھارس پاور کی ھوتی ھیں ان کو ۵۰ کی منظوری دی گئی ھے تو میں پوچھتا ھوں کہ کیا یہ نا مناسب نہیں ھے ؟

وزیر قانون ۔ مجھے اس کے لیے fresh notice کی ضرورت ھے ۔

ISSUING THE ROUTE PERMITS WITHOUT THE PRIOR WRITTEN CONCURRENCE OF THE ROAD TRANSPORT AUTHORITIES

*284. **Khan Ajoon Khan Jadoon** : Will the Parliamentary Secretary Transport be pleased to state:—

(*a*) the number of temporary and permanent Inter Regional Route Permits issued by each Road Transport Authority in West Pakistan after July, 1964, giving the following particulars in respect of each permit :—

(1) name of the route ;

(2) name of party ;

(3) date on which permit issued ;

(4) date on which the permit was countersigned by countersigning R.T.A. and

(5) whether prior written concurrence of the countersigning R.T.A. was obtained for the said permit ;

(*b*) if answer (*a*) to above be in the negative, whether the officer issuing the permits has contravened any rules or orders ; if so, the action taken against the defaulting officials concerned and if no action was taken, reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Khan Muhammad Iqbal Khan Jadoon) : (*a*) A statement containing the requisite information is placed on the Table*

(*b*) Since permits were issued on the basis of reciprocity and subject to counter signatures by the other Regional Transport Authority, no action was called for.

خان اجون خان جدون ۔ جناب یہ statement جو دی گئی ہے اس کے صفحہ ۵ پر آر ۔ ٹی ۔ اے لاہور نے ۱۹۶۵ کے جون سے لیکر ۱۹۶۶ کی فروری تک بے شمار روٹ پرمٹ جاری کیے ہیں جن کو ابھی دوسری آر ۔ ٹی ۔ اے نے countersign نہیں کیا ۔ کیا روٹ پرمٹ کے تحت یہ ضروری نہیں ہے کہ پہلے اجازت حاصل کی جائے اور کیا countersign کرنے کی میعاد کوئی مقرر ہے ؟

*Please see Appendix I at the end.

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی محمد وریال میمن) - کوئی قانون یا رول ایسا نہیں ہے جس کے مطابق پہلے concurrence آر - ٹی - اے سے لینے کی ضرورت ہے - بات یہ ہے کہ آر - ٹی - اے جو کہ ایک ریجن کی ہے وہ پرمٹ جاری کردیتی ہے تو یہ شرط لگائی جاتی ہے کہ اس آر- ٹی- اے کی حدود اور قواعد سے باہر جا کر اگر کوئی سڑک یا حصہ آ جاتا ہے تو اس پر وہ بس نہ چل سکے گی جب تک اس دوسری آر- ٹی - اے سے counter signatures نہ لیا جائے اور اگر کوئی counter signatures لینے کے بغیر چلاتے ہیں تو وہ ایک جرم کا ارتکاب کرتے ہیں اور ان کے خلاف کارروائی ہو سکتی ہے - لیکن جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے یہ ضروری نہیں ہے کہ پہلے رضا مندی لی جائے - اس لیے ہم آر - ٹی - کے متعلق کہتے ہیں کہ وہ پرمٹ دے دیں تاکہ وہ کم از کم اس ٹکٹ پر چلا سکیں جہاں کہ ان کو اختیار ہے اور باقی دوسری آر ٹی سے وہ خود counter signatures لیتے ہیں اور اکثر یہ ہوتا ہے کہ reciprocal basis پر یہ کام ہوتا ہے ایک آر - ٹی - اے دوسری کو accommodate کرتی ہے اور دوسری پہلی کو- ویسے روز کے کام کے لحاظ سے تو کوئی دقت در پیش نہیں -

میاں محمد شفیع - عارضی روٹ پرمٹ جو آر - ٹی - اے جاری کرتے ہیں اس کے کیا وجوہات ہوتے ہیں - یہ کس بنا پر جاری کیے جاتے ہیں ؟

مسٹر سپیکر - وہ یہ معلوم کرنا چاہتے ہیں کہ عارضی روٹ پرمٹ کن basis پر دیتے ہیں -

وزیر قانون - صاحب جو آرڈیننس ہے اس میں temporary کا لفظ نہیں ہے اس میں لفظ سپیشل پرمٹ ہے - temporary route permit پر گاڑیاں چلانے کا مطلب یہ ہے کہ جب pressure پبلک کی طرف سے زیادہ ہوتا ہے تو اس عارضی مانگ کو پورا کرنے کے لیے یہ special permit جاری کیے

جاتے ہیں جن کو temporary permit کہا جاتا ہے ۔

مسٹر محمد یوسف خان ۔ کیا میں وزیر صاحب سے پوچھ سکتا ہوں کہ جہاں تک special route permit کا تعلق ہے وہ خاص حالات میں یعنی جب کہ ایمرجنسی کا وقت ہو جب کہ خاص کر کوئی تکلیف پیدا ہو تو جاری کرنے چاہئیں ۔ کیا یہ درست نہیں ہے کہ رولز کو abuse کر کے بے شمار temporary route permits جاری کیے جاتے ہیں ۔

وزیر قانون ۔ صاحب میں نے غلطی کی ۔ میں نے پہلے ضمنی سوال کا جواب دے دیا جو اس سے کوئی تعلق نہیں رکھتا کہ عارضی روٹ پرمٹ کن وجوہات کی بنا پر جاری کیے جاتے ہیں ۔ اس سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہے ۔ question جو ہے وہ یہ ہے کہ ایک آر ۔ ٹی ۔ اے جو پرمٹ حاصل کرتی ہے اگر وہ دوسری آر ۔ ٹی ۔ اے سے counter signature نہ لے تو کیوں روٹ پرمٹ جاری کیے جاتے ہیں ۔ temporary route permits کس consideration پر دی جاتی ہیں اس کا کوئی سوال نہیں اس لیے میں عرض کروں گا کہ آپ مجھے fresh notice دے دیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ کیا جناب وزیر اطلاعات صاحب مجھے یہ بتائیں گے کہ خصوصی پرمٹ جو جاری کیے جاتے ہیں آپ کو بحیثیت ایک وزیر کے تجربہ نہیں ہے کہ ان میں سے اکثر روٹ پرمٹ سیاسی رشوت کے طور پر دیئے جاتے ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ اس کے لیے انہوں نے فرمایا ہے کہ اس کے متعلق انہیں fresh notice چاہیے ۔ یہ سوال جو ہے وہ counter signatures کے متعلق ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں نے یہ ان کی خدمت میں اس لیے عرض

کیا ہے کہ ان کو یہ علم ہے کہ ۱۹۵۸ء سے پہلے بدنام سیاست دان ایسا کرتے رہے ہیں اور اس ملک کے بچے بچے کو یہ علم ہے کہ ہماری حکومت ان کو سیاسی اغراض کے لیے استعمال کر رہی ہے ۔ وزیر اطلاعات کو اس چیز کا اتنا تو علم اور knowledge ہونا چاہیئے ۔

وزیر قانون ۔ مجھے بہت باتوں کا علم ہے اگر مجھے اجازت ملے تو میں بتا دوں اور میں کچھ اس بارہ میں کہوں تو انہیں تلخی نظر آئے گی ۔

سید عنایت علی شاہ ۔ جناب عالی ۔ وزیرصاحب سے عارضی پرمٹ کی نسبت پوچھا گیا تو انہوں نے سپیشل پرمٹ کے متعلق جواب دیا ۔ عارضی پرمٹ بھی ہوتے ہیں ۔ اور وہ تقریباً ۳ ماہ یا چھ ماہ کے لیے ہوتے ہیں اور بعض دفعہ ان کو extend کر کے ایک سال تک بڑھا دیتے ہیں ۔ کیا ہم پوچھ سکتے ہیں کہ عارضی پرمٹ کیوں دیئے جاتے ہیں ؟

Mr. Speaker : The Member may give a fresh notice for that.

NATIONALISATION OF ROAD TRANSPORT SERVICE IN THE FORMER SINDH AREAS

*464. **Kazi Muhammad Azam Abbasi** : Will the Parliamentary Secretary, Transport be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that the policy in respect of issue of permits for stage carriers followed in the former Punjab area is also followed in the former Sind areas ;

(*b*) whether it is a fact that as a result of the nationalisation of road transport service in the former Sind areas a number of route permits held by private persons have been cancelled with the result that they have been deprived of their livelihood ;

(*c*) whether it is a fact that the said route permit holders have requested the Government for the restoration of their route permits to enable them ply private buses on a nationalized route ; if so, decision taken thereon ?

Parliamentary Secretary (Khan Muhammad Iqbal Khan Jadoon): (*a*) Yes. Tee policy is uniform throughout the Province. However, fresh permits to private persons or companies are issued by the Regional T. ansport Authorities after a survey of the existing bus services and the traffic requirements. No permits are granted for routes where the existing services are adequately catering for the traffic.

(*b*) Yes. However, a number of the affected permit-holders were compensated by the grant of permits on other routes.

(*c*) No authentic record is available with the Regional Transport Authority, Hyderabad as the matter relates to the defunct Provincial Transport Authority of the former Sind Province and is old. However, informal enquiries made from the operators show that such representations were made but they were not accepted.

قاضی محمد اعظم عباسی ۔ کیا وہ بتائیں گے کہ کن وجوہات کے باعث ان کی عرضداشت منظور نہیں ہوئی ؟

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی مگھ وریال میمن) ۔ جناب ہم نے جواب میں عرض کر دیا ہے کہ جہاں پہلے سرکاری یا غیر سرکاری بسیں چلتی ہوں وہاں کے لئے اگر درخواست دی جائے تو سروے کیا جاتا ہے کہ آیا وہاں نئی بسیں چلانے کی ضرورت ہے یا نہیں ۔ اگر ضرورت ہو تو اُن پر غور کیا جاتا ہے اگر نہ ہو تو نہیں کیا جاتا ۔

قاضی محمد اعظم عباسی ۔ جناب میرا ضمنی سوال کچھ اور تھا جواب انہوں نے کچھ اور دے دیا ہے میرا سوال یہ تھا کہ جن اشخاص کے روٹ پرمٹ چھینے گئے تھے اور گورنمنٹ نے وہاں اپنی بسیں چلا دی تھیں ۔ کیا انہیں دوبارہ روٹ پرمٹ دیئے جائیں گے ؟ انہوں نے فرمایا ہے کہ وہاں گنجائش نہیں تھی روٹ پرمٹ کی اور یہ کہ وہ دیکھتے ہیں کہ کس جگہ ضرورت ہے اور اس کی بنا پر روٹ پرمٹ دیتے ہیں ۔ میرا یہ ضمنی سوال اصل سوال کے جزو (ب) کے جواب کے سلسلہ میں تھا ۔

Minister of Law: I have correctly understood the supplementary question of the Member. As regards the Member's reference to repre-

sentations made and the decision taken when the Sind Government was very much in existence we have already said that records are not available. We do not know if representations were made and rejected and why they were rejected. From the operators we have come to know that representations were made. The part of the question as to why representations were rejected by the Sind Government we are sorry to say that we are not in a position to tell because the record is not available.

چودھری محمد ادریس ۔ انہوں نے فرمایا ہے کہ اس کے لئے سروے کیا جاتا ہے کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ سروے کا کیا طریقہ ہے ۔ کون سروے کرتا ہے ؟

وزیر قانون ۔ سیکرٹری ۔ آر ۔ ٹی ۔ اے یا اگر چیئرمین ضرورت سمجھے تو وہ کسی اور افسر کو اس بارہ میں مقرر کر سکتا ہے ۔

INTEREST ON THE ARREARS OF INSTALMENTS DUE FROM THE ALLOTTEES OF QUARTERS IN LATIFABAD COLONY, HYDERABAD

*477. **Kazi Muhammad Azam Abbasi** : Will the Minister of Communications and Works be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that the allottees of 'D' Type Quarters in Latifabad Colony, Hyderabad are required to pay interest on the arrears of instalments due from them ;

(*b*) whether it is also a fact that no such interest is charged from the allottees of quarters in Korangi Township, Karachi;

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, reasons for the differential treatment ?

Parliamentary Secretary (Khan Muhammad Iqbal Khan Jadoon) : (*a*) Yes. The allottees of 'D' Type Quarters are required to pay interest at 4% per annum on capital cost of the quarters if the cost is paid by instalments.

(*b*) No interest is being charged at the same rate of 4 per cent as in case of 'D' Type quarters in Latifabad Colony, Hyderabad, if the cost is paid in instalments.

(*c*) In view of the reply against (*b*) question does not arise.

قاضی محمد اعظم عباسی ۔ کیا وہ بتائیں گے کہ آیا سود

غیر اسلامی اور غیر شرعی ہے ؟

Mr. Speaker : That is not a supplementary. That is an expression of opinion.

PLYING A DIRECT G. T. BUS SERVICE FROM VILLAGE LAHORE TO NOWSHERA

*874 **Khan Ajoon Khan Jadoon :** Will the Parliamentary Secretary, Transport be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that the Government Transport Service, Peshawar is plying a bus daily from Todher towards Nowshera ;

(*b*) whether it is a fact that village Lahore is located at a distance of 5 miles from Nowshera on the main road ;

(*c*) whether it is a fact that village Lahore is a police station having a population of over 7,000 ;

(*d*) whether it is also a fact that the inhabitants of the village are experiencing hardship in the absence of any direct G. T. S. Bus Service to Nowshera side ;

(*e*) if answer to (*c*) to (*d*) above be in the affirmative, whether Government Transport Service intend to ply a direct G T. S. Bus Service from village Lahore to Nowshera ?

Parliamentary Secretary (Khan Muhammad Iqbal Khan Jadoon) : (*a*) Yes.

(*b*) No The actual distance is 24 miles.

(*c*) Yes.

(*d*) No. In addition to a number of buses being plied by private transporters on the alignment in question, G. T. S. is operating following services, which pass through the village Lahore and are considered adequate for the existing traffic requirements :—

Peshawar—Swabi	...	...	2 return trips.
Peshawar—Topi	...	...	2 return trips.
Rawalpindi-Topi	...	...	1 return trip.

(*e*) At present the need for such a service is not felt-

خان اجون خان جدون ۔ جناب میں نے پوچھا تھا ''کیا وھاں کے لوگ نوشہرہ کی جانب براہ راست بس روٹ نہ ھونے کی وجہ سے تکلیف محسوس نہیں کرتے'' جواب ملا ھے کہ ''نہیں' جناب والا ۔ یہ جواب غلط ھے وھاں کے لوگوں نے اس بارہ میں عرضداشتیں دی ھیں لوگ جن کو تکلیف ھے وہ تو عرضداشتیں دیتے ھیں اور یہ کہتے ھیں ''نہیں'' ۔

Whether it is a fact that the inhabitants of the village are experiencing hardship in the absence of any direct G T. S. Bus Service to Nowshera, etc.

Can you direct the G. T. S. to investigate this matter ?

وزیر قانون ۔ جہاں تک معزز ممبر کی تجویز کا تعلق ھے ھم محکمہ کو کہہ دیں گے ۔ لکھ دیں گے اگر وھاں صحیح شکایت ھے تو اس کی تلافی کی جائے ۔

MOTOR BODY BUILDERS WORKSHOP FUNCTIONING WITHOUT VALID LICENCES

*1089. **Mr. Hamza**: Will the Parliamentary Secretary, Transport be pleased to state :—

(*a*) the number of Motor Body Builders Workshops on the Government approved list functioning at present in the Province ;

(*b*) whether it is a fact that no Motor Body Builders Workshop can function without obtaining a proper licence from the Regional Transport Authority ;

(*c*) whether Government are aware of the fact that about 297 ill-equipped Motor Body Builders Workshops are functioning in the Province without valid licence ;

(*d*) if answers (*b*) and (*c*) above be in the affirmative, the action Government intend to take against the managements of the workshops referred to in (*c*) above ?

Parliamentary Secretary (Khan Muhammad Iqbal Khan Jadoon) :

(*a*) 162.

(*b*) Yes.

(*c*) No.

(*d*) Does not arise.

ISSUANCE OF LICENCES TO MOTOR BODY BUILDERS WORKSHOPS

*1690. **Mr. Hamza** : Will the Parliamentary Secretary, Transport be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that licences for the opening of Motor Body Builders Workshops were issued for five years at a time before independence and for 3 years at a time during the period from 1947 to 1964 ;

(*b*) whether it is a fact that the said licences are now being issued on yearly basis, with effect from January 1965 ;

(*c*) whether it is a fact that the procedure mentioned in (*b*) above causes much inconvenience to the owners of the said workshops ;

(*d*) if answers to (*a*) to (*c*) above be in the affirmative, reasons for the issue of licences on yearly basis ?

Parliamentary Secretary (Khan Muhammad Iqbal Khan Jadoon) : (*a*) No Body Builders licences were ever issued for a period of five years. From 1947 to 1951 they were issued for different durations not exceeding three years at a time. In 1951 it was decided to issue such licences for one year in the first instance and renew them subsequently for a period of three years. In 1963, however, the duration of Body Builders Licence was fixed as one year and they are being issued accordingly.

(*b*) As stated in (*a*) above licences are being issued on yearly basis with effect from September 1963.

(*c*) No complaint has been received in this respect.

(*d*) The duration of licences has been fixed as one year with a view to exercise a better check and control over the standard of efficiency in body building.

METALLING OF SADIQABAD TIKRE GOATH ROAD

*1274. **Mr. Hamza :** Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that a portion of Sadiqabad Tikre Goath Road has been metalled by the District Council Rahimyar Khan ;

(*b*) whether it is a fact that the remaining portion of the said road is under the control of Communications and Works Department and this portion is still unmetalled ;

(*c*) whether it is a fact that all tiers of the B. Ds. of the said area have strongly recommended the early metalling of the remaining portion of the road ;

(*d*) if answer to (*a*) to (*c*) above be in the affirmative, the time by which the said road is likely to be metalled ?

Parliamentary Secretary (Khan Muhammad Iqbal Khan Jadoon) : (*a*) The portion from mile 4/4 to 11/4 belongs to the District Council, Rahimyar Khan, which has not yet been metalled. A sum of Rs. 2.48 lakhs has been deposited by the District Council with the Chief Engineer, Bahawalpur against which the work of metalling has since been taken in hand.

(*b*) Yes.

(*c*) Yes.

(*d*) Due to paucity of funds this road has not found its place in our plan as yet. This may be considered in 1967-68.

مسٹر حمزہ ۔ کیا جناب پارلیمنٹری سیکرٹری از راہ کرم بیان فرمائیں گے یہ دو لاکھ ۴۸ ہزار کی رقم کس تاریخ کو جمع کرائی گئی تھی ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ اس کے لیے نیا نوٹس درکار ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا رقم جمع ہونے کے بعد آج تک پختہ سڑک کی تعمیر کر دی گئی ہے ؟

وزیر مواصلات (مسٹر محمد خان جونیجو) ۔ اس پر کام شروع ہے ۔ bitumen کی تکلیف ہے ۔ اس لیے ایک ماہ کی تاخیر ہو رہی ہے ۔ ایک ماہ

کے بعد اس کی رفتار پھر تیز کر دی جائے گی ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب اس سوال کا نوٹس تو تین ماہ پہلے دیا گیا تھا ۔ bitumen کی قلت ایک ماہ پہلے ہوئی تھی ۔

وزیر مواصلات ۔ اس سے پہلے کام تسلی بخش چل رہا تھا ۔

مسٹر حمزہ ۔ اس رقم سے سڑک بخوبی تعمیر ہو جانی چاہیے تھی ۔ سڑک ابھی تک بنی نہیں ۔ ان کی تسلی کیسے ہوگی ؟

وزیر مواصلات ۔ جیسے میں نے عرض کیا اب bitumen کی تکلیف ہے ۔ اس سے پہلے جب پیسہ ملا تھا ۔ ہمارے محکمہ نے پیسے کو تسلی بخش طریقہ سے خرچ کیا ۔

مسٹر محمد اکبر خان کانجو ۔ پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے فرمایا ہے کہ ۶۸ - ۱۹۶۷ء میں اس پر غور کیا جائے گا ۔ یہاں ۱۹۶۶-۶۷ء لکھا ہے ۔ ان میں سے کون سا صحیح ہے ۔ اور وہ کب اسے پختہ کریں گے ۔

وزیر مواصلات ۔ ہم وعدہ نہیں کر سکتے ۔ جب ہماری مالی حالت بہتر ہوگی ہم کر دیں گے ۔

مسٹر سپیکر ۔ وہ کتابت کی غلطی ہو گی ۔ میرے خیال میں یہ ۱۹۶۷-۶۸ء ہے ۔

JHANG-GOJRA ROAD

*1354. **Chaudhri Muhammad Idrees :** Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) th total length of Jhang-Gojra Road ;

(*b*) the mileage of road out of that mentioned in (*a*) above which has been metalled and the cost incurred thereon ;

(*c*) whether there is any scheme for the metalling of the remaining portion of the said road ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان محمد اقبال خان جدون) : (الف) جھنگ گوجرہ سڑک کی کل لمبائی ۲۳ میل ہے ۔

(ب) اس سڑک کے نو میل سات فرلانگ چار لاکھ ستر ہزار روپے کی لاگت سے پکے کئے جا چکے ہیں ۔ باقی کے قریباً تیرہ میل ڈسٹرکٹ کونسل کے چارج میں ہیں ۔ ان میں سے صرف پونے دو میل پکے ہیں اور باقی حصہ کچا ہے ۔

(ج) مندرجہ بالا (ب) کے مطابق اس کا تعلق ڈسٹرکٹ کونسل سے ہے ۔

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ اس محکمہ کے افسروں کو غلط بل تیار کرنے غلط statement تیار کرنے کی تو عادت تھی ۔ اب کیا ان کو یہ اختیار بھی مل گیا ہے کہ وہ سوالات کا جواب بھی غلط دیا کریں ۔ سوال کا جو جواب print ہوا ہے وہ یہ ہے ۔

(*c*) So far there is no scheme for metalling the unmetalled portion of this road.

جواب کچھ اور پڑھا گیا ہے ۔

وزیر مواصلات (مسٹر محمد خان جونیجو) ۔ ہم نے ایسا کوئی جواب اسمبلی کو نہیں دیا ۔

چودھری محمد ادریس - یہ نو میل کولسے سنہ میں پختہ کیا گیا تھا ؟

وزیر مواصلات - یہ ۱۹۵۸ء میں پختہ ہوا تھا -

مسٹر حمزہ - کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ اسے پراونشل گورنمنٹ نے پختہ کیا تھا یا ڈسٹرکٹ بورڈ نے -

پارلیمنٹری سیکرٹری - اس کے لیے آپ لیا نوٹس دے دیں -

مسٹر حمزہ - یہ گورنمنٹ نے کیا تھا - میں انہیں بتا سکتا ہوں - کیا وہ بتا سکتے ہیں کہ باقی حصہ کیوں ایسے چھوڑ دیا گیا -

پارلیمنٹری سیکرٹری - باقی حصہ ڈسٹرکٹ کونسل سے تعلق رکھتا ہے -

مسٹر حمزہ - ڈسٹرکٹ کونسل کو کب یہ حصہ دیا گیا کیونکہ ۱۸۶۵ء میں تو یہ پی - ڈبلیو - ڈی کا حصہ تھا -

پارلیمنٹری سیکرٹری - اس کے لیے لیا نوٹس دیں -

مسٹر حمزہ - کیا وزیر متعلقہ یہ بتا سکتے ہیں آپ کی حکومت کا یہ دعویٰ ہے کہ وہ سابقہ سیاست دانوں کی غلطیوں کو ختم کرے گی - کیا انہیں معلوم ہے کہ سڑک ان ایام میں پختہ ہوئی تھی جب کرنل عابد حسین وزیر تھے - ان دنوں یہ جنگ کی حدود تک پختہ ہو گئی تھی - وہ کام جو سابقہ وزیر نے ان دنوں اپنے ضلع کے لیے کر لیا اب بدبخت ضلع لائل پور کے لیے بھی ہو جانا چاہیے -

وزیر مواصلات - یہ ڈسٹرکٹ کونسل کی ذمہ داری ہے کہ وہ اسے پختہ کرے -

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ یہ دونوں حصے ڈسٹرکٹ کونسل کے تھے لیکن جب کوئی وزیر پہنچ جاتا تھا تو وہ اپنے علاقے کی سڑکیں پختہ کرا لیتا تھا یہ تو سابقہ حکومتوں کی بات تھی ۔ اب یہاں تو ایک انقلابی حکومت ہے اس سے یہ توقع کی جا سکتی تھی کہ یہ سابقہ حکومتوں کی غلطیوں کا ازالہ کرے گی اور ضلع لائل پور کی حدود میں جو سڑک ہے اسے پختہ کرے گی ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ کوئی ضمنی سوال نہیں ہے ۔

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ یہ ٹھیک ہے کہ اس سڑک کا وہ حصہ جو ابھی تک پختہ نہیں ہوا وہ ڈسٹرکٹ کونسل کا حصہ ہے لیکن ضرورت کے ماتحت کیا گورنمنٹ ڈسٹرکٹ کونسل کو ہدایات نہیں کر سکتی کہ وہ اس حصہ کو جلد از جلد بنا دے ۔ کیا وزیر متعلقہ ان کو ہدایت کرنے کی کوشش کریں گے ۔

وزیر مواصلات ۔ جناب والا ۔ Basic Democracy Department کو اس کے متعلق سوال کیا جائے وہی اس کا جواب دیں گے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ کیا آپ کے محکمہ نے ایک دفعہ ڈسٹرکٹ کونسل اور بنیادی جمہوریت کے محکمہ کو تحریر نہیں کیا تھا کہ سڑک کے اس حصے کو آپ پختہ کریں ۔

وزیر مواصلات ۔ اس سوال کا اس سے کوئی تعلق نہیں ہے ۔ ہمارے ریکارڈ میں اس کے متعلق کچھ نہیں ہے جو میں جواب دے سکوں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ میں آپ کی اطلاع کے لیے عرض کرتا ہوں کہ آپ کی طرف سے لکھا گیا تھا ۔ آپ اس بات سے منحرف ہو گئے ہیں

اگر آپ کو یاد آ گیا ہو تو کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ آپ منحرف کیوں ہو گئے ۔

REPAIRS TO JHANG-KUSHAB ROAD

*1356. **Chaudhri Muhammad Idrees** : Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that a major portion of Jhang-Kushab Road is badly in need of repairs ;

(*b*) whether it is a fact that there are no alternative means of transport in the said part of the Province except the said road ;

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, the time by which the said road is expected to be repaired ?

Parliamentary Secretary (Khan Muhammad Iqbal Khan Jadoon) : (*a*) There isno road being the name of Jhang-Khushab Road. However, Jhang is connected with Khushab by two routes as under :—

(*i*) Jhang to Khushab *via* 18-Hazari 107 miles (18-Hazari to Khushab forms a part of main Khushab-Muzaffargarh Road).

(*ii*) Jhang to Khushab *via* Sargodha 99 miles.

(*b*) There are two routes connecting Jhang with Khushab as shown in (*a*) above.

(*c*) Route Jhang to Khushab *via* Sargodha is already in fair condition.

Route Khushab to Jhang *via* 18 Hazari was seriously damaged by flood during last 5 years. Since then the River Jhelum is changing its course. Its behaviour is under observation. When river stablizes suitable proposal will be made.

چودھری محمد ادریس ۔ اگر جناب عادت پڑ جائے تو مشکل ہو جاتی ہے کہ چھوٹ جائے ۔ اس سوال کا جو جواب دیا گیا ہے محکمہ کی طرف سے کوشش نہیں کی گئی کہ سوال کو سمجھا جائے اور صحیح جواب دیا جائے ۔ اس سوال کا تعلق اس سڑک سے ہے جس کا جواب حصہ "ج" میں دینے کی کوشش کی گئی ہے ۔ پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب فرمائے

ھیں کہ سابقہ ۵ سالوں سے یہ سڑک سیلاب کی وجہ ھے ٹوٹ گئی ھے ۔ کیا ان کو معلوم ھے کہ سیلاب ۱۹۵۷ء اور ۱۹۵۹ء میں آیا تھا اور اسی وجہ سے سڑک ٹوٹی تھی ؟

Minister of Communications and Works (Mr. Muhammad Khan Junejo) : That is a fact

پارلیمنٹری سیکرٹری (مسٹر عبدالقیوم) ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا۔ کیا یہ harsh criticism نہیں ھے جو ممبر صاحب کر رھے ھیں ۔ یہی سوال اچھے الفاظ میں پوچھ سکتے تھے ۔

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ مجھے حق حاصل ھے کہ میں پوچھوں کہ میرے سوالوں کا صحیح جواب دیں ۔ میرے دونوں سوالوں میں دانستہ طور پر غلط جواب دینے کی کوشش کی گئی ھے ۔ مجھے حق حاصل ھے کہ میں ان کا نوٹس لوں کہ ان کے محکمہ کے افسران سوالوں کا جواب غلط دینے کی کوشش کرتے ھیں ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ مجھے سوال سے کوئی اعتراض نہیں ھے ۔ جس طریقے سے سوال کیا گیا ھے مجھے اس پر اعتراض ھے ۔

مسٹر سپیکر ۔ اس میں کوئی ایسی زبان استعمال نہیں کی گئی جو کہ سخت ھو ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ انہوں نے فرمایا ھے کہ تنقید سخت ھوئی ھے ۔ یہ آپ کی نازک طبع پر کیوں گران گذری ھے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ یہاں طبع نازک کا سوال نہیں ھے ۔ میرے خیال میں فاروق صاحب سے پوچھ لیں وہ میرے اعتراض سے متفق ھونگے کہ کہ یہ سوال بہتر الفاظ میں اور اچھے طریقے سے کیا جا سکتا تھا ۔

Minister of Communications : Sir I would like to reply to the first question that has been raised by the member. He has actually asked us whether it is a fact that a major portion of Jhang-Khushab road is badly in need of repairs. Presently we have two roads, which are connecting Jhang-Khushab : one is Jhang to Khushab *via* Sargodha, and the other is *via* 18-Hazari. That is why we had to mention that there are two links. One is in order but the other link is seriously damaged. We have not hidden anything. We have not tried to evade the reply to what the member has asked. On the contrary we have put forward that there are two roads, which connect Khushab and Jhang.

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ جو سڑک جھنگ خوشاب سے ۱۸ ہزاری کو جاتی ہے وہ ۱۹۵۸-۵۹ کے flood میں ٹوٹ گئی تھی اس کے بعد کوئی flood نہیں آیا ۔ اس سڑک کو آج تک مرمت کرنے کی کوشش نہیں کی گئی ۔ کیا اس کو مرمت کرنے کی کوشش کی جائے گی ؟

مسٹر سپیکر ۔ اس کا جواب غالباً انہوں نے یہ دیا ہے کہ دریا اپنا راستہ تبدیل کر رہا ہے ۔

چودھری محمد ادریس ۔ دریا کا رخ تبدیل کرنے کا کب تک مشاہدہ کرتے رہیں گے ۔

مسٹر سپیکر ۔ غالباً جب تک دریا اپنا رخ تبدیل کرتا رہے گا ۔

سید عنایت علی شاہ ۔ پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب سوالوں کے بارے میں ہمیں ہدایات بتائیں تاکہ ان کی نازک طبع پر کوئی بات گراں نہ گزرے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ میرے خیال میں معزز ممبر سمجھ گئے ہیں ۔ یا سمجھ گئے ہوں گے ۔

مسٹر سپیکر ۔ شاہ صاحب آپ نے قیوم صاحب کے متعلق پوچھا ہے ۔ یہ ضمنی سوال نہیں ہے ۔

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ اس سڑک کا جو حصہ ہے وہ دریائے جہلم کی زد میں نہیں آتا ۔ کیا اس کی مرمت کرنے کی جلد از جلد کوشش کی جائے گی اور وزیر صاحب یہ یقین دہانی کرائیں گے کہ وہ محکمہ کو ہدایات کر دیں کہ اس کی جلد از جلد مرمت کر دیں ۔

وزیر مواصلات ۔ ضرور صاحب ۔

مسٹر سپیکر ۔ اس کے متعلق آپ کے محکمہ کے پاس کیا معیار ہوگا کہ آئندہ دریا اپنا راستہ نہیں بدلے گا ۔

Minister of Communications & Works : It is very difficult to say that Sir.

چودھری محمد نواز ۔ جناب والا ۔ جوحصہ دریا کی زد سے باہر ہے اس کی مرمت بھی ابھی تک نہیں ہوئی ۔ کیا وزیر صاحب یقین دلائیں گے کہ اس کی مرمت جلد از جلد ہو جائے گی ۔

وزیر مواصلات ۔ آپ تسلی رکھیں جو دریا کی زد میں نہیں آتی اس کی مرمت کرائیں گے اس کے لیے ہم نے پہلے ہی احکامات جاری کردئیے ہیں ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری (سردار محمد اشرف خان) ۔ مجھے چودھری ادریس صاحب کے ان الفاظ پر اعتراض ہے کہ انہوں نے فرمایا تھا کہ وزیر اور پارلیمنٹری سیکرٹری دیدہ دانستہ غلط جواب دیتے ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ انہوں نے محکمہ کے متعلق کہا تھا ۔ پارلیمنٹری سیکرٹری اور وزیر صاحبان کے متعلق نہیں کہا تھا ۔

Parliamentary Secretary (Health) : Inside the House it is either the Minister or the Parliamentary Secretary, who is responsible for the department.

مسٹر سپیکر ۔ انھوں نے محکمہ والوں کو کہا ہے ۔

Parliamentary Secretary (Health) : May be, but inside the House it is the responsibility of the Minister or the Parliamentary Secretary to see that the department provides the right answer to the question, and I assure you Sir and the House that the Ministers or the Parliamentary Secretaries try their best to get the correct answer from the department and even the departments do not avoid or intentionally give wrong answers to the questions. If at all some wrong information by any means is given to the House, that does not mean that every time the member should accuse the Minister or the Parliamentary Secretary or the Department that they intentionally provided wrong answers to the House. That is wrong ; it is a great blame on the Minister and the Parliamentary Secretary.

Mr. Speaker : I don't agree with the learned Parliamentary Secretary. Does he want to contend that a particular member cannot contradict the answer given on the floor of the House ?

Parliamentary Secretary (Health) : He has full right to contradict the answer ; he has full right to give right information to the House, but at the fame time he has not got the right inside the House to say that the Minister or the Parliamentary Secretaries or the department intentionally give wrong information.

Mr. Speaker : He has not used those words.

پارلیمنٹری سیکرٹری (صحت) ۔ دیدہ و دانستہ طور پر انھوں نے کہا ہے کہ غلط جوابات دیئے جاتے ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ محکمہ کی طرف سے کہا ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب کو پتہ ہوگا کہ پارلیمنٹری سیکرٹریز اور وزرا صاحبان کی پوزیشن اس نظام میں کتنی نازک اور کمزور ہے ۔ اس کے پیش نظر میں سمجھتا ہوں ان کو اس کا ذمہ دار ٹھہرانا ٹھیک نہیں ۔ وہ بے بس اور مجبور ہیں ۔

Mr. Speaker : This is no point of order.

Parliamentary Secretary : I again repudiate the remarks of Mr. Hamza.

COMPENSATION TO THE LAND-OWNERS FOR ACQUIRING THE LAND FOR CONSTRUCTION OF ISLAM HEADWORKS ROAD CONNECTING HASILPUR.

*1368. **Mr Hamza** : Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) the date on which the construction of Islam Headworks road connecting Hasilpur in Bahawalpur District was started and completed ;

(*b*) whether it is a fact that some land was acquired for the construction of the road mentioned in (*a*) above ; if so, (*i*) the total amount so far paid to the land-owners as compensation, (*ii*) the amount of compensation which remains to be paid, (*iii*) the number of landowners to whom the amount is to be paid, and (*iv*) the time by which the compensation to the remaining land-owners will be paid along with the reasons for the delay in the payment of said compensation ?

Parliamentary Secretary (Khan Muhammad Iqbal Khan Jadoon) : (*a*) Road from Hasilpur to Pallah (Islam Headworks) was started during 1956-57 and completed in 1961.

(*b*) Yes. As reported by Land Acquisition and Control Officer, Bahawalpur, land measuring 123 acres is being acquired.

(*i*) so far no amount as compensation has been paid to the land-owners,

(*ii*) the exact amount cannot be intimated till the award is announced by the Land Acquisition and Control Officer which is under preparation,

(*iii*) before the announcement of the award it is not possible to intimate the number of land-owners to whom the compensation will be made,

(*iv*) as reported by the Land Acquisition and Control Officer, the preliminary notification under Section 4 of the Land Acquisition Act, 1894 has since been issued, while the notifications under Section 5 and 6 are under publication. The procedure is lengthy but efforts are being made to expedite. Necessary funds required for payment of compensation is being demanded for the next financial year.

مسٹر حمزہ ــ میں وزیر متعلقہ کی خدمت میں یہ عرض کرتا ہوں ۔ کہ اس ایوان میں سوال کا جو جواب دیا گیا ہے ۔ اس میں آپ خود ہی تسلیم کرتے ہیں کہ آج سے دس سال پہلے اس سڑک کی تعمیر شروع کی گئی تھی اور اس کے لئے ۱۲۳ ایکڑ زمین حاصل کی گئی تھی اور اب اس کے جواب میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ Land Acquisition and Control Officer نے ابتدائی نوٹس جاری کیا ہے ۔ تو کیا آپ یہ نہیں سمجھتے کہ اس معاملے میں کافی تاخیر ہو چکی ہے ۔

وزیر مواصلات و تعمیرات (مسٹر محمد خان جونیجو) ــ جناب والا ۔ ہمیں اس کا احساس ہے کہ اس معاملے میں تاخیر ہوئی ہے اور یہ کہ واقعی دس سال کا عرصہ بہت لمبا عرصہ ہے یہ سوال ابھی میرے نوٹس میں آیا تھا اور میں نے احکامات جاری کر دیئے ہیں کہ اس کا فیصلہ جلدی کر دیا جائے ۔ لیکن میرے محکمے کے علاوہ ایک اور محکمے پر بھی اس معاملے میں ذمہ داری عائد ہوتی ہے ۔ اور وہ محکمہ مال ہے اور وہی محکمہ قیمت کا تعین کرتا ہے بہرحال آپ تسلی رکھیں ۔ یہ معاملہ جلدی ہی طے ہو جائیگا کیونکہ میں اسے personal level پر کرا رہا ہوں ۔

مسٹر حمزہ ــ کیا وزیر متعلقہ کو علم ہے کہ ہمارے ملک میں عام آدمی کی اوسط عمر تیس سال ہے ۔ تو کیا وہ مجھے بتا سکتے ہیں کہ تیس سال کے عرصہ میں یہ معاملہ طے ہو جائیگا ۔

مسٹر سپیکر ــ بہتر ہوگا ۔ کہ آپ آج ہی اس سوال کا حوالہ دے کر ایک سوال خان صاحب سے بھی کریں تاکہ اگلی باری پر ان کی طرف سے بھی جواب آ جائے ۔ کیونکہ اس معاملہ میں جونیجو صاحب تو اپنے محکمے سے متعلق سب کام پورا کرلیں گے ۔ لیکن آپ دوسرے

محکمے سے بھی تو دریافت کریں ۔ تاکہ وہ بھی آپ کو جواب دے دے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ اس ایوان میں سوالات کرنے کی جو گنجائش رکھی گئی ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ پارلیمانی نظام حکومت نہیں ہے ۔ تاہم ایک ہی حکومت کے دو محکموں میں کم از کم اتنی co-ordination تو ضرور ہونی چاہئے ۔ مجھے بڑے سخت الفاظ سوجھے ہیں لیکن میں انہیں کہہ نہیں سکتا ۔ یہ آپ کی جیسی کچھ بھی حکومت ہے ۔ چاہے اچھی ہے یا بری ہے ویسے تو آپ اسے انقلابی حکومت کہتے ہیں لیکن دو محکموں میں کم از کم اتنی تو co-ordination ہونی چاہئے کہ اس قسم کے کام آسانی سے اور جلدی پایۂ تکمیل تک پہنچا کریں ۔ کیا آپ کو یہ احساس ہے ۔ کہ آپ کے درمیان co-ordination ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : He has already assured the Member that he will take up this matter on a personal level.

وزیر مواصلات و تعمیرات ۔ میں نے یہ یقین دلایا ہے کہ میں اسے personal level پر دیکھونگا ۔ مجھے احساس ہے کہ اس میں کافی دیر ہوئی ہے اور ان کو تکلیف بھی ہوئی ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ میں جونیجو صاحب کو بہت قریب سے جانتا ہوں ۔ وہ نہایت ہی شریف انسان ہیں ۔ کیا ہی بہتر ہوتا کہ وزیر صاحب یہ فرما دیتے کہ وہ اس معاملے میں بالکل ہی مجبور ہیں ۔

Minister for Communications and Works : I strongly object to his remarks, Sir.

Mr. Speaker : No criticism about that.

CONSTRUCTION OF PUCCA ROADS IN NAWABSHAH DISTRICT

***1394. Pir Qurban Ali :** Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) the total mileage of pucca roads in Nawabshah District ;

(*b*) the total mileage of pucca roads constructed in the said district after 1955 ;

(*c*) whether Government have any scheme to construct new pucca roads in the said District ; if so, the estimated cost of the said scheme ;

(*d*) whether there is any scheme with the Government for the metalling of road from Mithiani to Pad-Idan Railway Junction ; if so, the approximate date by which the said scheme will be implemented ;

(*e*) the total amount allocated for construction of Pucca Roads in Talukas, Naushahro and Kandiaro since, 1955, alongwith the total amount so far spent therefrom on the said purpose ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان محمد اقبال خان جدون) : (الف) ۱۷۱ میل -

(ب) ۲۹ میل -

(ج) ایک سکیم نواب شاہ - قاضی احمد روڈ ہے جس کی کل لمبائی ۱۸۰۷ میل ہے جس کو سالانہ ترقیاتی منصوبہ ۶۷-۱۹۶۶ میں شامل کرنیکی تجویز تھی - مگر مالی وسائل کی قلت کی بنا پر شامل نہ کی جا سکی -

(د) ایسی کوئی سکیم محکمہ کمیونیکیشن اور ورکس کے پاس نہیں ہے -

(ہ) کل الاٹمنٹ ۹۰۸۷ لاکھ ہے اور ۵۰۸۸ لاکھ کا خرچہ ہو چکا ہے -

Dr. Mrs. Ashraf Abbassi : Reference answer to part (*e*), will the Minister be pleased to explain as to what will happen to the other 4 lakh rupees which have not been spent so far.

پارلیمنٹری سیکرٹری - میں نے جو اخراجات کا ذکر کیا ہے - یہ مارچ ۱۹۶۶ تک ہے اور بقایا رقم تیس جون سے پہلے پہلے انشاءاللہ

خرچ ہو جائیگی ۔

Dr. Mrs. Ashraf Abbassi : You will spend a sum of rupees four lakhs in one month ?

وزیر مواصلات و تعمیرات (مسٹر محمد خان جونیجو) ۔ میں نے جو اعداد و شمار آپ کو دیئے ہیں ۔ وہ تیس جون تک کے ہیں ۔ اس کے بعد تو ہمیں تین مہینے اور بھی مل رہے ہیں ۔ یعنی اپریل مئی اور جون کے مہینے ۔ آپ تسلی رکھیں ۔ کہ کوئی بھی پیسہ lapse نہیں ہوگا ۔

Dr. Mrs. Ashraf Abbassi : Sir, are we not entitled to get the latest information ? He is supplying us old information.

Minister of Communications & Works : I assure the Member that there will be no lapse whatsoever on this road.

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ کیا وزیر صاحب ہمیں یہ بتائینگے کہ ۱۹۵۵ سے پہلے تو ۱۷۱ میل لمبی سڑک بنائی گئی تھی ۔ لیکن ۱۹۵۵ کے بعد سے ان گیارہ سالوں میں صرف ۲۹ میل سڑک ہی بنائی گئی ہے ۔ اگر حالت یہی ہے تو بقایا کس رفتار سے بنے گی ؟

مسٹر سپیکر ۔ حاجی صاحب ۔ آپ کیا معلوم کرنا چاہتے ہیں ۔ رفتار تو زیادہ ہے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جس رفتار سے آپ بجٹ میں روپیہ مہیا کریں گے ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ یہ اتنا لمبا راستہ ہے ۔ اور پھر ۱۷۱ میل لمبی سڑک تو ۱۹۵۵ سے پہلے بنائی گئی تھی ۔

مسٹر سپیکر ۔ غالباً آپ یہ وجہ معلوم کرنا چاہتے ہیں کہ کم سڑک کیوں بنائی گئی ہے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ میں نے عرض کیا ہے ۔ کہ جس رفتار سے

آپ بجٹ میں رقم مہیا کریں گے ۔ اسی رفتار سے سڑک مکمل ہو گی ۔

Pir Qurban Ali : Does it include the national highway ?

Minister of Communications & Works : I think so. The question is—

"the total mileage of pucca roads in Nawabshah District ;"

So, that includes the highway also.

SANCTION FOR CONSTRUCTION OF ROAD FROM NAUSHERA TO NIZAMPUR *via* MANKI SHARIF

*1420. **Syed Inayat Ali Shah :** Will the Minister of Communications and Works be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that the distance between Naushehra and Nizampur *via* Attock, is forty miles ;

(*b*) whether it is also a fact that the distance between Naushehra and Nizampur *via* Manki Sharif is only eighteen miles ;

(*c*) whether it is also a fact that sanction has been accorded for the construction of a road between the said two towns *via* Manki Sharif ;

(*d*) if answer to (*a*) to (*c*) above be in the affirmative, the time by which the construction of the said road is likely to be started ?

Parliamentary Secretary (Khan Muhammad Iqbal Khan Jadoon) : (*a*) No. The distance between Naushehra and Nizampur *via* Attock is thirty-seven miles.

(*b*) No. The distance between Naushehra and Nizampur *via* Manki Sharif is twenty-five miles.

(*c*) No.

(*d*) In view of the above replies this question does not arise.

سید عنایت علی شاہ ــ جس سڑک کا میں نے ذکر کیا ہے ۔ یعنی نوشہرہ نظام پور روڈ ۔ تو عرض یہ ہے کہ اس سڑک پر تقریباً سو دیہات آتے ہیں ۔ اور چونکہ یہ ایک پسماندہ علاقہ ہے ۔ اس لیے وہاں کے لوگ

فوج میں بھرتی ہوتے ہیں ۔ یہ ایک اہم اور ضروری سڑک ہے ۔ کیا اس پر ہمدردانہ غور ہوگا ۔

وزیر مواصلات و تعمیرات ۔ ضرور ہوگا ۔

REPAIR OF GUJRAT-ROWINDA SARGODHA ROAD

*1437. **Nawabzada Chaudhri Asghar Ali** : Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the road running from Gujrat to Sargodha *via* Rowinda has been lying in a state of utter disrepaired since 1952, with the result that plying of cars on the said road has become impossible and a bus on the said road takes three hours to cover the distance of 45 miles from Gujrat to Mandi Bahauddin ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, (*i*) reasons for not repairing the said road, (*ii*) the year wise number of Assembly questions relating to the repairs of the above-mentioned road received by Communications and Works Department since, 1952, (*iii*) the action so far taken in this behalf, and (*vi*) the approximate date by which the said road is expected to be repaired ?

Parliamentary Secretary (Khan Muhammad Khan Jadoon) : (*a*) It is a fact that the condition of Gujrat Sargodha road is not satisfactory since 1953 due to water-logging.

(*b*) (*i*) It is not a fact that the road was not repaired. Repairs to the road have been carried out annually from the maintenance grant which is limited. But due to water logging the road again deteriorate after the normal repairs—

(*ii*) (1) Assembly Question No. 144, dated the 15th May 1956.

(2) Assembly Question No. 1428, dated the 14th March 1958.

(3) Assembly Question No. 1 of June 1962.

(4) Assembly Question No. 54 of June 1963.

(5) Assembly Question No. 6259, dated the 7th March 1965.

(*iii*) As water-logging has become a constant and regular source of damage to this road efforts are being made in consultation with the Ministry of Communications Government of Pakistan to find the permanent re-

medy against water-logging. Also a proposal has been framed to recondition the road at an approximate cost of Rs. 150.00 lakhs. The scheme is included in our 3rd Plan Proposals Funds to the extent of Rs. 4 00 lakhs were received during the year 1965-66 to take in hand the work of reconditioning of this road. These funds were subsequently withdrawn on account of emergency. A provision of Rs. 6.00 lakhs has been made in the budget proposals for the year 1966-67 for reconditioning scheme.

(*ii*) Until and unless a permanent remedy is found for counter-selling water-logging effects no definite date for finally repairing this road satisfactorily can be given. However, it is expected that the road will be satisfactorily repaired within the 3rd Plan Period.

نواب زادہ چودھری اصغر علی ۔ کیا وزیر صاحب ارشاد فرمائیں گے کہ پچھلے سال repairs پر کتنا روپیہ خرچ ہوا تھا ؟

وزیر مواصلات (مسٹر محمد خان جونیجو) ۔ patch work پر چالیس ہزار اور bridges وغیرہ پر باون ہزار روپیہ خرچ ہوا ہے ۔

RE-CONSTRUCTION OF BRIDGE OVER NULLAH BUDHI ON GUJRAT-ROWINDA SARGODHA ROAD

*1438. **Nawabzada Chaudhri Asghar Ali** : Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that bridge over Nullah Budhi on Gujrat-Rowinda Sargodha Road between miles 30 and 31 was washed away by floods sometime ago ; if so, the date on which the said bridge was washed away ;

(*b*) whether it is a fact that the bridge mentioned in (*a*) above has not been reconstructed and only a temporary one has been constructed in place of the aforesaid bridge ; if so, (*i*) reasons therefor, (*ii*) the expenditure so far incurred on the construction and maintenance of the said temporary bridge, and (*iii*) the number of buses daily crossing over it ;

(*c*) the year wise number of Assembly Questions so far received by the Communications and Works Department in respect of the re-construction of the bridge mentioned in (*a*) above and the action taken in this behalf ;

(*d*) As already stated against (*b*) above, the number of buses plying between Latifabad and other areas is considered to be sufficient and no increase in the number of buses on the said route is, therefore, contemplated.

QUESTIONS OF PRIVILEGE

Detention of Khawaja Muhammad Safdar, Leader of the Opposition. (*Contd*)

Mr. Senior Deputy Speaker : Now, we will take up the privilege motions. Mr. Mahmood Azam Farooqi.

Mr. Mahmood Azam Farooqi (Karachi—VIII) : I ask for leave to raise a question involving breach of the privilege of the House in so far as Khawaja Muhammad Safdar, Leader of the Opposition in the House, is detained under the Defence of Pakistan Rules, a measure to prevent anybody from acting in the manner prejudicial to the external affairs, the security, the public safety or interest or the defence of Pakistan or any part thereof. This unwarranted and unlawful order of detention has not only deprived the Opposition Leader of this constitutional right to participate in the current Budget Session, but is likely to create grave doubts in public mind regarding the unblemished patriotism and love for the nation of Khawaja Muhammad Safdar and all the members of the Opposition both in and outside the House, notwithstanding the most prominent role played by the entire Opposition during the September war, acknowledged by the Government both in the National and Provincial Assemblies.

جناب والا ۔ خواجہ محمد صفدر صاحب ـــــ

بیگم زاهده خلیق الزمان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ مولانا چونکہ اپنی سیٹ پر نہیں ہیں اس لئے انہوں نے جو کچھ بیان فرمایا ہے وہ reject ہو جاتا ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ میں نے صاحب سپیکر کی اجازت سے اپنی سیٹ بدل دی ہے اور ان کی اجازت سے میں جہاں بیٹھا ہوں ۔

بیگم زاهده خلیق الزمان ۔ آپ اپنی سیٹ پر چلے جائیے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ بیگم صاحبہ مجھے افسوس ہے کہ آپ کا پوائنٹ آف آرڈر غلط ہو گیا ہے ۔

جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ جیسا کہ آپ کو میری تحریک استحقاق کے الفاظ سے معلوم ہو گا کہ یہ تحریک استحقاق اس امر کے متعلق ہے کہ خواجہ صفدر صاحب کی گرفتاری اور مجرد گرفتاری نہیں بلکہ ایک ایسے قانون کے تحت گرفتاری ہے ——

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): On a point of order. The Member had moved this motion yesterday and the Speaker then in the Chair had put him two specific questions to be answered for the purpose of determining the admissibility of this motion.

(1) The first one was: whether it is a fact that Khawaja Muhammad Safdar having been detained, his detention has been challenged before the High Court and whether the matter is subjudice or not? and

(2) Whether this motion has been brought before this House at the earliest possible opportunity, namely right from the 23rd of this month till the day this motion has been tabled.

While discussion on these two issues was going on the Speaker was pleased to rule that its consideration will be taken up on the following day, *i.e* today. I would, therefore, remind the Speaker and the Member that before he can be or is permitted to get into the merits of his motion (that he has brought before this House) the fundamental point is that he cannot be permitted to go into the merits or details of the motion unless it is first admitted. And as I raised a point of order yesterday the matter is subjudice and under consideration and, therefore, no debate whatsoev r is admissible under the Rules. I would, therefore, respectfully remind the Speaker that these two issues, which are legal issues, may be resolved first and the Member may be called upon to answer these questions and only after the motion is admitted would he be justified to press his motion on merits.

Mr. Munawar Khan: Point of order.....

Minister of Law: I have made a point of order. Let the Speaker first give his Ruling on it.

مسٹر سینیئر ڈپٹی سپیکر ۔ منور خان صاحب آپ بیٹھ جائیں ۔ فاروقی صاحب میں لا منسٹر سے متفق ہوں آپ پہلے مجھے اس بات سے مطمئن کیجیئے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب میں آپ کی اطلاع کے لئے رول نمبر ۱۷۵ پڑھتا ہوں ۔

"Mode of raising a question of privilege—(1) The Speaker shall, after the disposal of questions and before the Orders of the Day are entered upon, call the Member concerned who shall rise in his place and, while asking for leave to raise the question of privilege, make a short statement relevant thereto....."

اسکا مطلب یہ ہے کہ کسی شخص نے کوئی تحریک استحقاق پیش کی ہے تو ایجنڈے کی کارروائی شروع کرنے سے پہلے صاحب سپیکر پر فرض ہے کہ وہ اس ممبر کو موقع دیں کہ وہ اپنی سیٹ پر کھڑا ہو اور وہ اپنی تحریک استحقاق کو پڑھے اور اسکے متعلق ایک مختصر بیان دے ۔ رہا یہ سوال کہ وہ تحریک استحقاق جائز ہے ۔ یا ناجائز اس پر ہاؤس میں گفتگو ہو سکتی ہے یا نہیں ۔ وہ in order ہے یا out of order ہے اس کے بارے میں اگلا sentence یہ ہے ۔

"The Speaker may, if he is satisfied that the matter has suddenly arisen, and of which, he receives a written notice, allow a question of privilege to be raised at any time during the course of a sitting after the disposal of questions."

اسکا مطلب یہ ہے کہ میرا یہ حق یا تحریک استحقاق پیش کرنے والے کسی ممبر کا یہ حق کہ وہ تحریک استحقاق پیش کرے اور اس کے متعلق بیان دے قانون متعین کرتا ہے ۔ صاحب سپیکر کی خدمت میں ۔ میں نہایت ادب سے عرض کروں گا کہ ان کو یہ اختیار نہیں ہے کہ وہ بغیر میرا statement سنے ہوئے جو میرا بنیادی حق ہے اس کو out of order قرار دیدیں ۔ مجھے توقع ہے کہ صاحب سپیکر مجھے اجازت دیں گے اور اس کے بعد میری تحریک استحقاق کے جواب میں لا منسٹر صاحب جو کچھ فرمائیں گے اس کی بنا پر صاحب سپیکر اسے in order یا out of order قرار دے سکتے ہیں ۔

Minister of Revenue (Khan Habibullah Khan): Mr. Speaker, Sir, the Member who has moved this motion has referred to Rule 175 which reads :

"The Speaker shall, after the disposal of questions and before the Orders of the Day are entered upon, call the Member concerned who shall rise in his place and, while asking for leave to raise the question of privilege, make a short statement relevant thereto. ....."

Now, you will kindly note the two words—'short statement' not a long statement, not a sermon, not a lecture—relevant thereto. The Member has already made that statement on the previous occasion when he was moving this motion.

Mr. Mahmood Azam Farooqi : No, no.

Minister of Revenue : It was after that that the Law Minister got up to say that this privilege motion cannot be discussed in this House because it is subjudice. Khawaja Muhammad Safdar has filed a write petition and it is pending in the High Court. Being subjudice it cannot be discussed in this House. In this connection my colleague referred to Rule 49 (v). It reads :

"A motion shall not deal with a matter on which a resolution could not be moved."

Now, coming to the Chapter dealing with Resolutions I would invite your attention to Rule 78 (7) which says :

"It shall not relate to matters which are sub-judice or are quasi judicial."

So, it was on this ground that the Speaker who was at that time occupying the Chair called upon the Member over there to specifically reply to these two objections, specially the first objection whether Khawaja Muhammad Safdar has or has not filed a writ petition—whether it is sub-judice and it has not been decided upon. If it is found that a case is pending before the High Court and this is subjudice this House would not be competent to discuss the matter.

So, the member should first inform the House whether the case is or is not pending before the High Court. If it is pending before the High Court, the matter ends there. That clinches the matter and we cannot proceed further. But if it is not subjudice, he is welcome to proceed, if he is allowed, with his speech.

Mr. Senior Deputy Speaker : I quite agree with the Leader of the House, and the Law Minister. The member should please restrict himself in reply to the point raised by the Law Minister.

مسٹر محمود اعظم فاروقی جناب والا ۔ میں پوائنٹ کا جواب دے رہا ہوں ۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ قائد ایوان نے یہ فرمایا ہے کہ short

statement میں کل دے چکا تھا حالانکہ آپ کو یاد نہیں ۔ عمر کے تقاضے کی وجہ سے آپ کو نسیان ہو گیا ہے ۔ میں نے کل عرض کیا تھا کہ خواجہ محمد صفدر صاحب اس ایوان میں کوئی نئی شخصیت نہیں ہیں ۔ صرف یہی جملہ میں نے عرض کیا تھا اور اس کے بعد بات ختم ہو گئی تھی ۔ اگر صرف اس جملے کو جبکہ یہ جملہ مکمل بھی نہیں آپ short statement سمجھتے ہیں تو میں نہیں سمجھتا کہ آپ نظرثانی کرنے کے بعد اپنی رائے پر قائم رہ سکیں گے ۔ میں نے تو ابھی short statement دیا ہی نہیں ۔ مجھ پر آپ short یا long statement کا حکم لگا ہی نہیں سکتے ۔ اگر میں long statement دیتا تو آپ کہہ سکتے تھے کہ short ہونی چاہئے ۔ آپ کو long statement کا خطرہ نہیں ہونا چاہئے short statement کی تعریف سپیکر صاحب خود کر سکتے ہیں کہ آیا وہ پانچ منٹ کی یا دس منٹ کی یا ایک گھنٹہ کی ہو ۔ short statement کے کیا معنی ہیں یہ اس قانون میں متعین نہیں ہے ۔ short statement سے میں یہ سمجھتا ہوں کہ اپنی تحریک استحقاق کی وضاحت میں میں مختصر سا بیان جو دس یا پندرہ منٹ کا ہو دے سکتا ہوں آگے سپیکر صاحب کو اختیار ہے کہ وہ متعین کر دیں کہ یہ بیان دو منٹ کا ہو یا پانچ منٹ کا ۔ جہاں تک آپکے اعتراض کا تعلق ہے میں نے جو اپنے رول ۱۷۵ کا حوالہ دیا ہے یہ اپنی جگہ پر بالکل independent rule ہے ۔ یہ اپنی جگہ پر انفرادی حیثیت رکھتا ہے اس میں تحریک استحقاق پیش کرنے والے ممبر کو اس بات کا پورا حق دیا گیا ہے کہ وہ پہلے short statement دے اور سپیکر صاحب کا فرض ہے کہ وہ اس کی اجازت دیں ۔ اب سوال یہ ہے کہ وہ معاملہ subjudice ہے یا نہیں ۔ یعنی فوراً اٹھا ہے یا یہ کہ اٹھے ہوئے دیر ہو چکی ہے اس لئے اسے rule out کیا جا سکتا ہے یا نہیں یہ سارا سوال short statement کے بعد پیدا ہوتا کیونکہ short statement ہی وہ چیز ہے جس میں ممبر اس بات کی وضاحت کرے گا کہ

اس کی تحریک استحقاق کی وجہ جواز کیا ہے ۔ جب تک میں short statement نہ دوں آپ کو یہ جاننے کا کوئی ذریعہ ہی نہیں کہ آیا میری privilege motion جائز ہے یا نہیں ۔ آپ مجھے short statement میں pin down کرنے کا کوئی حق نہیں رکھتے ۔ میرا حق ہے کہ میں ایسا بیان دوں ۔ میری short statement کو آپ صبر و سکون کے ساتھ سنیں پھر یہ فیصلہ کریں کہ میں نے جو short statement پیش کیا ہے وہ قانون کے مطابق ہے یا نہیں ۔ میری رائے میں میں نے جو privilege motion کی ہے وہ قانون کے مطابق ہے ۔ آپ مجھے روک نہیں سکتے یا مجھے pin down نہیں کر سکتے میرا تو اس وقت موقف یہی ہے ۔

وزیر مال ۔ ہم نے یہ چیز نہیں اٹھائی آپ short statement بھی کر دیں تو ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے لیکن جس مقصد کے لئے بحث ملتوی ہو گئی تھی اس مقصد کے لئے وہ جواب دے دیں کہ آیا ہائی کورٹ میں کیس pending ہے یا نہیں ہے ۔

He can make a short statement relevant to the motion. We have no objection and I withdraw that objection.

صرف جس مقصد کے لئے یہ بحث ملتوی ہو گئی تھی یعنی آپ سے دریافت کیا گیا تھا کہ آپ یہ جواب دے دیں کہ آیا یہ ہائی کورٹ میں pending ہے یا نہیں ۔ اگر pending ہے تو معاملہ ہی ختم ہو جاتا ہے ۔ اگر case pending ہو اور اس کے باوجود بھی سپیکر صاحب آپ کو اجازت دیدیں تو وہ بیشک دے دیں ۔

خان محمد یوسف خان ۔ (راولپنڈی ۔ ۲) جناب والا ۔ میں بھی چاہتا ہوں کہ ایک وکیل کی حیثیت سے یہ عرض کروں کہ اس رول کا مدعا کیا ہے جو بیان کیا گیا ہے ۔ جہاں تک لا منسٹر صاحب کی interpretation

کا تعلق ہے مجھے اس سے اتفاق نہیں ہے یہ ضروری نہیں ہے ۔ جہاں تک موشن کے جواز یا اس کی validity کا تعلق ہے اس پر پہلے بحث کی جائے کیونکہ رول میں یہ دیا گیا ہے کہ short speech اس کے ساتھ ہو گی ۔ آپ جانتے ہیں کہ الفاظ short statement ہیں ۔ میرے فاضل دوست کا یہ کہنا کہ short statement کا مطلب یہ ہے کہ میں اس موشن کی وضاحت کردوں تو یہ ان کا عندیہ یا مطلب درست نہیں ۔ کیونکہ رول میں لکھا ہوا ہے کہ short statement relevant thereto relevancy کا مطلب وضاحت نہیں ہے ۔ relevancy کا مطلب یہ ہے کہ جہاں تک اس کا متعلقہ بیان ہے جو انہوں نے دینا ہے وہ دیں ۔ اگر وضاحت مقصود ہوتی تو ۔

Short statement relevant thereto. کی بجائے Short statement making an explanation or elacidating the point or elucida ing the motion itself... ہوتا

تو یہ الفاظ نہیں ہیں صرف relevancy ہے اور جناب سب وکلا جانتے ہیں کہ relevancy اور admission میں بہت بڑا فرق ہوتا ہے ۔ تو یہاں relevancy کہا گیا ہے اور اس کا یہی مطلب ہے کہ جو یہ نوٹس دیتے ہیں موشن کا تو ان کو یہ بتانا ہوتا ہے کہ ہم نے اس بنا پر یہ موشن پیش کی ہے اور اس بنا پر وہ پیش کر سکتے ہیں یہ short statement ہے ۔ آپ کس طرح short statement کو long statement میں تبدیل کر سکیں گے جیسا کہ ان کا خیال ہے کہ ایک گھنٹے کی بھی ہو سکتی ہے اور پانچ منٹ کے لئے بھی لیکن اتنا margin اس کے اندر نہیں ہے ۔

Short statement relevant thereto will mean the short statement, which accompanies the reasons for which the motion has been moved by the member.

آپ اس میں اضافہ نہیں کر سکتے ۔ تو میں یہ ضرور کہوں گا کہ short statement بیشک دیں لیکن اس بات کو مد نظر ضرور رکھیں کہ وہ

بالکل revelant ہو۔ وضاحت نہ ہو ۔ ان کو وضاحت کرنے کا از روئے قانون کوئی حق حاصل نہیں ہے ۔ اس کے بعد validity کا سوال یقیناً پیدا ہو گا کہ آیا اسے پیش بھی کر سکتے ہیں یا نہیں ۔ اس بات کا فیصلہ سپیکر صاحب نے کرنا ہے ۔

Major Malik Muhammad Ali : Mr Speaker, Sir, through you I would like to drew the attention of this House to another aspect. On the rule as to relevancy and short statement enough has been said. I would like to invite your attenti n to the spirit of the rule. I think that as to the short statement, there is little that I can add but I would like to say that a new *modus operanai* has been brought about. The member knowing that his proposition would be turned down by the House is adopting a method by which merely through procedure he wants to bring out the point and have it discussed. The point that a certain gentleman has been detained and whether it is admissible is being side-tracked. I would, therefore, draw your attention that the spirit of the rule is being thus violated.

مسٹر حمزہ (لائلپور - ۶) ۔ جناب سپیکر ۔ حزب اقتدار کے ایک معزز رکن نے تحریک استحقاق کی مخالفت کا ایک نرالا طریقہ اختیار کیا ہے ۔ ان کا فرمان یہ ہے کہ ضابطہ کے ذریعے یعنی اس کا سہارا لے کر بعض ایسے معاملات زیر بحث لائے جا رہے ہیں جن کے بارے میں ہمیں علم ہوتا ہے کہ ہم انہیں زیر بحث نہیں لا سکتے ۔ میں آپ کی وساطت سے ان کی خدمت میں مودبانہ عرض کروں گا کہ آپ کے پاس بہت بڑی طاقت ہے اور آپ بھاری اکثریت میں ہیں ۔ آپ کی اتنی بڑی اکثریت ان قوانین و ضوابط کو ان شکایات اور احتجاجات کے باوجود بھی تبدیل نہیں کر سکی ۔ اگر آپ ہم سے یہ حق بھی سلب کرنا چاہتے ہیں تو آپ بصد خوشی ایسا کیجئے لیکن اس کے ساتھ ہی ساتھ میں ان کی خدمت میں پھر عرض کرونگا کہ آپ کو قبل از وقت کیسے پتہ چل گیا کہ ہم قوانین و ضوابط کا سہارا لیکر ایسی باتیں کرنا چاہتے ہیں کہ جن کا ہمیں کہنے کا حق نہیں ہے ۔ جہاں تک روح کا تعلق ہے روح سے جو دشمنی اس

حکومت کو ہے اس سے پہلے کسی کو نہ تھی ۔ میں سمجھتا ہوں کہ مجھ سے زیادہ وہ جانتے ہیں یہاں تک کہ لوگوں کا جینا مشکل ہو گیا ہے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : Mr. Hamza may please try to be relevant.

مسٹر حمزہ ۔ میں عرض کر رہا تھا کہ روح کو ختم کرنے کے یہ تمام حربے ہیں کہ خواجہ محمد صفدر اور ان کے ساتھیوں کو جیل میں بھیجا گیا ہے اور سارے ملک کو جیل کی شکل دے دی گئی ہے ۔ روح تو آپ کچلتے ہیں ۔

Minister of Law : In view of the statement of the Lead r of the House I do not press my point of order any longer.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ میں اپنی تحریک استحقاق کے بارہ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس ایوان میں خواجہ محمد صفدر صاحب کی ذات کوئی اجنبی ذات نہیں ہے ۔ خواجہ صاحب کو ہم اس وقت سے جانتے ہیں جب اس ملک کے قیام کے لئے جنگ آزادی لڑی جا رہی تھی ۔ جب اس قوم کے ہزاروں نوجوان بلکہ ننگ اسلاف نوجوان حکومت برطانیہ کے زیر سایہ British Armed Forces میں شامل ہو کر صرف چند سکوں کی خاطر اپنے بھائیوں کے سینے گولیوں سے چھلنی کر رہے تھے ۔ اس وقت خواجہ صفدر اس صف میں تھے جو گولیاں کھانے والے تھے گولیاں برسانے والے نہ تھے ۔ پاکستان بننے کے بعد خواجہ صاحب صوبائی اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے ۔ ایک بار نہیں بلکہ وہ دو تین بار منتخب ہوتے رہے ۔

Minister of Revenue : Sir, I am sorry that I have been misunderstood I have submitted that after the member replies to the query whether the case is or is not pending in the High Court, discussion on the motion

may or may not be allowed. If it is found that the case is pending in the High Court then, as I have repeatedly said, this matter ends there. In case the matter is pending in the High Court and is subjudice we cannot proceed with the discussion of the case. These are the words which I used and the whole matter is clinched. But if it is found that the case is not pending in the High Court then there is another objection also. After replying to that objection also the member can make a short statement relevant to the motion. This adjournment motion was deferred for today because the Speaker, then occupying the Chair, had specifically asked him to reply to these two questions.

مسٹر حمزہ ۔ قائد ایوان ۔ Adjournment motion کے متعلق بات کر رہے ہیں یا privilege motion کے متعلق ؟

وزیر مال ۔ privilege motion کے متعلق . . . . کبھی کبھی میں آپ کو امیر حمزہ بھی تو کہہ دیتا ہوں تو کیا ہوا ۔ اس میں کیا ہوتا ہے ۔

Minister of Revenue : My submission is that the member should first reply to the queries which were put to him by the Speaker at that time because for that very purpose the motion was deferred for today. The two queries were whether the case was pending in the High Court or not and, secondly, why did not the member bring this motion at the earliest opportunity ? Khawaja Muhammad Safdar was arrested on the 23rd March, we met on the 23rd May and this motion was tabled in this House on the 30th May. According to the rules, the member should have tabled this motion at the earliest possible opportunity. Therefore, the member should explain these two queries and when they are disposed of it is up to you to allow the member to proceed or not. But first of all these two queires must be disposed of. That is my submission, Sir.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ میں نے پہلے بھی عرض کیا تھا ۔ پھر عرض کرتا ہوں سپیکر صاحب نے جو دو سوال کئے ہیں ۔ میمن صاحب کے اعتراض کے بعد جہاں تک میں نے قانون کا مطالعہ کیا ہے میں بڑے ادب سے عرض کرتا ہوں کہ قانون انہیں ایسا کرنے کا کوئی اختیار نہیں دیتا میں پہلے آپ کے technical سوال کا جواب دوں گا ۔ اپنا مختصر بیان اگر آپ اجازت دیں گے تو دوں گا اور اگر نہ دیں گے تو آپ کا احترام کرتے ہوئے وہ بیان نہیں

دوں گا ۔ مجھے آپ کے مرتبہ کا پورا احترام ہے مگر از روئے قانون آپ کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ آپ اس بیان کو ایک یا دو نکات تک محدود کریں ۔ قاعدہ کے مطابق مجھے حق پہنچتا ہے کہ آزادی سے جو چاہوں بیان دوں اس کے بعد آپ کی مرضی ہے آپ چاہیں تو مجھے تحریک پیش کرنے کی اجازت دیں چاہیں تو اجازت نہ دیں ۔

وزیر مال ۔ جناب والا ۔ میں اس ضمن میں یہ عرض کرونگا کہ سپیکر صاحب نے ان سے یہ سوال پوچھے تھے اس کے بعد یہ تحریک استحقاق ملتوی ہوگئی تھی کہ دوبارہ جب ملیں گے تو وہ ان دو سوالوں کا جواب دے دیں گے ۔ یہ آپ ریکارڈ سے ملاحظہ فرما سکتے ہیں ۔

And the Secretary will help. You can very easily refer to the record.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ اس کا فیصلہ نہیں ہوا تھا ۔

وزیر مال ۔ کیا یہ ملتوی رکھا گیا تھا یا نہیں ؟

خان ملنگ خان ۔ یہ تو آپس میں لگے ہوئے ہیں cross talk ہو رہی ہے ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ فاروقی صاحب یہاں ہم اصولوں سے بحث نہیں کر رہے تھے فیصلہ اس بات کا کرنا تھا کہ آیا آپ اس پر مختصر بیان دے سکتے ہیں یا نہیں اگر اس پر بیان دینے کی آپ کو اجازت دے دی جائے اور پھر وہ معاملہ عدالت میں ہو تو آپ اس کے merits میں نہیں جا سکتے ۔ بہتر یہ ہوگا کہ لا منسٹر صاحب نے جو پوائنٹ آف آرڈر اٹھایا تھا آپ اس کا جواب دے دیں ۔ اگر یہ معاملہ عدالت میں زیر سماعت ہے تو پھر بات ختم ہو جاتی ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ میری عرض یہ ہے

کہ اس رول کے مطابق یہ کہیں نہیں کہ میں ان کے points کا جواب دوں ۔ اس میں صرف یہ ہے کہ میں مختصر بیان دے دوں اس کے بعد آپ دیکھیں کہ یہ معاملہ عدالت میں زیر سماعت ہے یا نہیں ہے مختصر بیان دینا میرا بنیادی حق ہے ۔

Minister of Revenue : When the Privilege Motion is not permissible at all, how can it be discussed here? The defect is clear on the face of it because the case is pending before the High Court. We made a categorical statement and in view of that the motion cannot be discussed.

Mr. Mahmud Azam Farooqi . It will be decided whether it is out of order or not after the short statement.

Minister of Revenue . This objection has been raised, discussed and considered by the Speaker in the light of that and you had been asked to reply to these two queries.

Mr. Mahmud Azam Farooqi . I refuse to reply to those questions until I am allowed, as laid down by the rules, to give a short statement.

Minister of Revenue . Then you are defying the authority of the Speaker.

Mr. Mahmud Azam Farooqi . I am not.

Minister of Revenue . With regard to the interpretation of rules, the decision is to be given by the Speaker and not yourself.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ میں اپنے بیان میں رولز کی پابندی کر رہا ہوں ۔ اس وقت اس مسئلہ پر کسی اختیار کا سوال ہی نہیں ۔ یہ اختیار پہلے سے ممبر کو حاصل ہے ۔ ذرا پڑھئے ۔

He shall make a statement. He cannot be disallowed.

مسٹر سنیئر ڈپٹی سپیکر ۔ اصل بات یہ ہے کہ اگر معاملہ عدالت میں زیر سماعت ہے تو آپ اس کے merits میں نہیں جا سکتے پہلے جو انہوں نے پوائنٹ آف آرڈر پیش کیا ہے اس کا جواب دے دیجئے اس کے بعد آپ کو allow کیا جائے گا ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ میں ان کا جواب دینے کا بالکل پابند نہیں ہوں ۔

Minister of Law : Sir, the Member is not prepared to respect the directive of the Speaker and has become defiant which was at least not expected of a Member in the person of Mr. Mahmud Azam Farooqi whom I have always found to be up-to-date and very respectful. I am prepared to place the official documents in the hands of the Chair which will show that the matter is subjudice and the petition is pending.

Mr. Senior Deputy Speaker : Farooqi Sahib, in that case as the matter is subjudice, a copy of the Writ Petition has been produced, I rule that the motion cannot be considered and your motion is ruled out of order.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ میں آپ سے عرض کروں گا کہ ہمیں آپ کے مرتبے اور عہدے کا پورا احترام ہے ۔ یقیناً آپ کی تابعداری میں میری زبان بند ہے ۔ لیکن میں آپ کی رولنگ کے متعلق کچھ کہے بغیر نہیں رہ سکتا ۔ مجھے بہت دکھ ہوا ہے آج ہماری آزادیاں سلب ہیں ۔ اس ایوان سے باہر دفعہ ۱۴۴ کے ذریعے زبانیں بند ہیں ۔ ہمیں توقع تھی کہ اس ایوان کے اندر ہمیں بات کہنے کا موقع ملے گا لیکن مجھے افسوس ہے اور آپ کی رولنگ سے ہم نے محسوس کیا ہے کہ اس ایوان سے باہر بھی ہم مجبور و مقہور ہیں اور ایوان کے اندر بھی مجبور و مقہور ہیں ۔ اس لئے بطور احتجاج جب تک Legislative Business شروع نہیں ہوتا ہم واک آؤٹ کرتے ہیں ۔

(اس مرحلہ پر حزب اختلاف کے ممبران ایوان سے باہر چلے گئے)

INCORRECT REPLY TO STARRED QUESTION NO. 2115
(Contd.)

Mr. Senior Deputy Speaker : Now we would take up the Privilege Motion of Malik Muhammad Akhtar. Yes, Malik Sahib.

Malik Muhammad Akhtar (Lahore-II): Sir, I ask for leave to raise a question involving breach of privilege of Assembly regarding a specific matter of recent occurrence, namely, the incorrect informatoin placed

before the House by the Parliamentary Secretary for Industries in answer to my question No. 2115. In answer to para (*e*) of the question, it has been stated that Malik Ghulam Nabi *ex*-MLA, former Punjab, had land in the Gulberg Industrial Area, Lahore, comprising of plots No. 15-16, Block "N". It has been stated that the main reason of allowing him to instal a plant at Lahore instead of Gujranwala was that he had a land for factory at Lahore and could not obtain any land at Gujranwala for installation of factory. The answer is incorrect. Plots No. 15-16, Block 'N' of the Industrial Area, Gulberg III, Lahore, do not belong to Malik Ghulam Nabi and are instead owned by one Mr. M. H. Sheerazi of Shahi Bottlers, Lahore. The said plots, measuring 8 kanals, 15 marlas and 175 sq.ft. were originally sold by the Lahore Improvement Trust in 1954 to one Mr. Muhammad Safdar Khan of 8-Ferozepur Road Lahore. The said person subsequently transferred them to Mr. M. H. Sheerazi on 24-3-1959 and got a registered deed executed between the Lahore Improvement Trust and Mr. M. H. Sheerazi on his behalf on the said date, due to the reason that the Lahore Improvement Trust had not executed a registered deed in favour of Mr. Muhammad Safdar Khan till that time.

As a matter of fact, as stated in answer to my question No. 2116, placed on the table of the House, there were eight charges of mis-use of political influence against the said Malik Ghulam Nabi, including one for getting an import licence for toilet machinery and making black money out of it, they were enquired into under the Elective Bodies Disqualification Order. The said Malik Ghulam Nabi, a habitual offender in dealing of licences or permits, had pre-arranged to sell the import licence for preservation of fruit and machinery, referred in my Question No. 2115 to Mr. M. H. Sheerazi. He has actually procured a big sum from Mr. M. H Sheerazi in consideration of making him a partner as the said Malik Ghulam Nabi possessed the licence referred in the question. To complete the scandalous deal of making money out of his licence for machinery for fruit preservation and canning, he was patronised by the Industries Department of the West Pakistan Government by permitting him to instal the machinery in plots No. 15-16, Block "N", owned by Mr. M. H. Sheerazi of Shahi Bottlers, Lahore.

I pray the intervention of the Assembly to take necessary action against the concerned officers of the West Pakistan Industries Department who supplied incorrect information to the Parliamentary Secretary concerned, whereby the privilege of the Members of the Assembly has been breached.

جناب سپیکر ۔ میں بڑی مختصر اور short statemeet عرض کروں گا ۔ دراصل جب میں نے یہ سوال کیا بلکہ میں نے تین چار سوالات کئے تھے اس سے یہ مقصد مطلوب تھا کہ ایک ایسے scandalous deed کو expose کریں اس شخص کے خلاف یا ایسے افسران کے خلاف جو ان کے accomplice تھے ان کے خلاف مقدمہ درج کرائیں ۔ جناب والا ۔ جیسا کہ ظاہر ہے کہ

اس فرد نے مارشل لا سے قبل کافی licences اور sale permits لئے اور اس کے خلاف ایبڈو میں ۸ الزامات کی تفتیش ہوئی ۔ چونکہ اس کے ڈیپارٹمنٹ میں بہت زیادہ تعلقات تھے اس لئے اس شخص نے ایک نیا licences حاصل کیا اور میری اطلاع کے مطابق اس نے ایک بہت بڑی رقم جو غالباً کافی بڑی رقم ہے اس پرمٹ کے عوض شاہی باٹلرز سے حاصل کر کے ان کو حصہ دار بنایا اور حصہ دار بنانے کے بعد اس میں تمام انتظام کیا ۔ کیونکہ یہ افسران سے ملا ہوا تھا اسے پتہ تھا کہ اسے پرمٹ مل جائے گا۔ پھر اس نے کہا کہ گوجرانوالہ میں فیکٹری لگانی مطلوب ہے اس لئے پرمٹ گوجرانوالہ کے لئے دیا جائے یہ licence یا پرمٹ مکمل نہیں ہو سکتا تھا غالباً شاہی باٹلرز نے اس licence کو خریدنے سے انکار کیا ۔ اس کے بعد ایک نئی عرضی جیسا کہ میرے سوال میں آیا ہے دی گئی کہ لائسنس میں original installation گوجرانوالہ کے لئے تھی اس کو لاہور میں لگانے کی اجازت دی جائے ۔ اس کے بعد اس جرم کو چھپانے کے لئے اور اس تمام ایکشن پر پردہ ڈالنے کے لئے محکمہ انڈسٹریز کے متعلقہ افسران نے ایک غلط جواب ہمارے پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب کو دیا جو اس وقت ہاؤس کے سامنے آیا ہے ۔ اس میں سرکاری ریکارڈ ۔ لاہور کے رجسٹرار کے محکمہ کی رجسٹری اور امپروومنٹ ٹرسٹ کی فائلیں پیش کی جا سکتی ہیں جیسا کہ سوال کے پیرا (ای) میں کہا گیا ہے یہ غلط ہے ۔ دراصل بلیک مارکیٹ پر پردہ ڈالا گیا ہے ۔ جناب والا ۔ میں اس سے ایک قدم آگے جا کر کہوں گا کہ آج میرے وہ سوالات جو ٹرانسپورٹ سے متعلق تھے اس شخص کے خلاف ان سوالات میں میرا یہ لزام تھا کہ اس نے روٹ پرمٹ بھی لیکر بیچے ہیں ان کے متعلق آج مجھے جواب ملا ہے ۔

جناب والا ۔ میرے دو مطالبات ہیں ۔ ایک تو یہ ہے کہ آپ یا تو

یہ کریں کہ اس ہاؤس میں ایک پرولیج کمیٹی بنائی جائے جو ان سب چیزوں کی چھان بین کرے - جو جوابات ہیں ان کے پس پردہ جو جذبات کارفرما ہیں ان کے متعلق پتہ چل سکے - کیونکہ ہمارے پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نہایت شریف اور دیانتدار ہیں اور انہوں نے ہرگز دیدہ دانستہ میرے سوالوں کے جوابات کو غلط پیش نہیں کیا ہے -

جناب اس کے بعد دوسرا مطالبہ یہ ہے - scandalous deed جیسا کہ میں نے تحریری طور پر پیش کی ہے بجائے اس کے کہ وہ چونکہ پاکستان مسلم لیگ کی ورکنگ کمیٹی کے ممبر ہیں ان کو شیلٹر کیا جائے ان کے خلاف پولیس میں مقدمہ درج کرایا جائے -

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): I am sorry the Member has entirely mis-conceived the entire issue and it would have been better if he could have found a way to avoid this motion. A reading of the second part of the motion gives a very distinct feeling and impression that this motion has been brought here not with a view to vindicate the honour of the Members or as a matter of fact the honour of this august House but to vindicate his personal venom against my namesake—Ghulam Nabi Malik, *ex*-MPA. Malik Akhtar could settle his accounts with any of his opponents outside the Assembly but it is definitely an abuse of the concession and the power (given to the Member by the Constitution and the Rules) to avail of that right here on the floor of the Assembly and escape all the unhappy consequences that can follow. I wonder if Malik Akhtar will have the courage and the conviction to repeat what he has said in part 2 of his motion outside the Assembly and then face the consequences. This gives an impression that Malik Akhtar is out to put pressure on his opponent who has actually filed an election petition against him which is pending before the Election Tribunal. This is with regard to the motive which, I feel, has prompted the Member to move this motion.

Malik Muhammad Akhtar: I am very sorry on the Law Minister's remarks. (*interruptions*)

Minister of Law: I am very sorry, it is something very unhappy indeed. (*interruptions*) There are many things to follow. Have some patience Now, Sir, coming to the answer itself it is stated therein that the applicant originally applied for the setting up of the industrial unit at Lahore after granting of permission for the location of the same at Gujranwala. Malik Ghulam Nabi said that despite serious efforts made by him he failed to secure a proper plot of land at Gujranwala and as he had land in Gulberg Industrial Area Lahore he would like to set up the unit at Lahore.

So, what has been actually stated in the reply to the question of the Member is an assertion of facts made by the applicant, Malik Ghulam Nabi himself and it is on his assertion in his application made to the Industries Department that the Department gave this reply The Department or as a matter of fact.....

Haji Sardar Atta Muhammad Lund : Point of order.

کورم نہیں ہے -

Mr. Senior Deputy Speaker : Let there be a count. (*count was taken*).

The House is not in quorum let the bells be rung. (*bells were rung*)

The House is in quorum. Yes please.

Minister of Law : I was submitting that the reply to the question of the Member about the ownership or proprietory rights of Malik Ghulam Nabi is based on any assertion or enquiry made by the Department itself or any Officer thereof but it is a mere reproduction of a statement of fact of Malik Ghulam Nabi himself Whether that statement is true or false we do not know. The Member may be knowing or may not be knowing. But this is not relevant for the purpose of disposing of this motion. The Department or any Officer working under the Department has not made any incorrect reply or incorrect answer. The answer is based on the information given by Malik Ghulam Nabi himself and it is so stated in the reply. The reply says that Malik Ghulam Nabi claimed that he had a plot of land in the Gulberg Industrial Area aad the Department replied accordingly.

Therefore, I would request the Member to reconsider and see if he would not insists on pressing forward his motion because as I said the purpose which I think is in his mind has been served. He has succeeded in black-mailing his opponent by saying all these things.

At this stage I would request the Press that if anything is repeated which the Member has repeated here it would be tentamount to defamation or black-mail. Although the Rules give protection to the Member they give no protection whatsoever to the Press to repeat it outside. It would be doing so at its on risk.

I would, therefore, submit that in case the Member is not inclined or able to convince himself and withdraw this motion it may be ruled out of order.

ملک محمد اختر - جناب سپیکر - سب سے پہلے تو مجھے نہایت افسوس کے ساتھ وزیر قانون صاحب کے ان remarks کو relevant کرنا ہے -

Minister of Law : On a point of order. Sir, the Rules do not permit.....

Malik Muhammad Akhtar : I have to give a personal explanation Mr. Memon.

Minister of Law : Please sit down I am on a point of order. My submission is that Rules do not permit of any reply by the Member. The Member has made a short statement and I have replied to that. The Speaker will now kindly proceed to give his Ruling. If there is anything to be said on a point of personal explanation the Member can have patience. He can make a request and if he is permitted he can do so after the Speaker has given his Ruling but not at this stage.

Malik Muhammad Akhtar : Certainly at this stage when you have finished.

جناب میمن صاحب نے جو motives ہمارے ساتھ attribute کئے ہیں اگر میں دھراؤں ۔ کہ انہوں نے کواپرٹیو سوسائٹیوں کا یہ اندھا قانون اپنے سیاسی مخالفین کو slaughter کرنے کے لئے بنایا ہے ۔ تو میں حق بجانب ہوں گا ۔ مجھے انتہائی افسوس ہے ۔ کہ برسر اقتدار پارٹی اپنے اقتدار کی قوت میں اس قدر اندھی ہو چکی ہے ۔ کہ غلام نبی میمن صاحب اپنے گنہگاروں اور بد کرداروں کی حفاظت کے لئے کھڑے ہو جاتے ہیں ۔ (قطع کلامیاں)

جناب سپیکر ۔ اس میں جو جذبات کار فرما ہیں ان کے تحت اس ہاؤس میں غلط اطلاع دی گئی ہے ۔ میں اب بھی چیلنج کرتا ہوں کہ وہ زمین ملک صاحب موصوف own نہیں کرتے ۔ بلکہ وہ اس black-market deed کا حصہ ہے جو شاہی باٹلرز کے پلاٹ میں لائسنس بیچ کر لگایا جا رہا ہے ۔ اس لئے میں اصرار کروں گا اور press کروں گا کہ یہ پرولیج موشن لے لی جائے اس پر مناسب کارروائی کی جائے جو ہاؤس میں غلط اطلاع مہیا کرنے پر کی جا سکتی ہے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : As the answer to the question does not contain any incorrect statement, the motion is ruled out of order.

REMARKS OF THE 'PAKISTAN TIMES' LAHORE UNDER THE HEADING "M.P.A's RESPONSIBILITY". *(Contd)*

Mr. Senior Deputy Speaker : Next motion by Chaudhri Muhammad Nawaz.

Chaudhri Muhammad Nawaz : Sir I beg leave to raise a quetson of privilege in as much as the daily newspaper of Lahore "The Pakistan Times" in its publication, dated May 29, 1966, has expressed its remarks *inter alia* under the caption M.P.A's responsibility, *vide* page 6, column 1 and 2, "It has also been frequently noticed that the M.P As. do not do their home work properly and come to the Assembly badly prepared for the day's discussion. As a result, the Assembly proceedings are often exercises in mediocrity and irrelevance", and a little above the insinuation is that they discharge their responsibilities dishonestly.

The above quoted remarks are derogatory to the prestige of the elected representatives of the whole House and are far from being evidence of truth. The remarks assail all the Members of the House without any exception. The paper has deliberately, with *mala fide* intentions tried.....

ملک محمد اختر ۔ میرے پاس اس کا کٹنگ موجود ہے اس میں dishonest کا کوئی لفظ نہیں ۔

Chaudhri Muhammad Nawaz :.....to lower the prestige, honour and dignity of the House in the eyes of the public. It has also transgressed the limit of its right to express opinion and has assumed the role which is of the Speaker only *viz.*, to declare whether a Member is relevant or not. It has thus infringed the exclusive right vested in the Speaker and has committed the breach of the privilege of the Speaker also and of the whole House.

جناب والا ۔ اب میں اخبار میں سے وہ سطریں پڑھ کر سناتا ہوں اور جناب کی خدمت میں عرض کرتا ہوں ۔ وہ میرے خیال میں میرے فاضل دوست غور سے سنیں گے ۔ اگر وہ سمجھنے میں دقت محسوس کریں تو میں ان کی خدمت کے لئے حاضر ہوں ۔

"...those entrusted with the task of framing and approving legislation cannot themselves discharge their responsibilities honestly (The word is 'honestly') the outlook would tend to look somewhat gloomy. If the Members took a greater interest in the proceedings, they would be able to increase the powers of the House and make its voice felt more effectively in national affairs. It has also been frequently

noticed that the M.P.A's do not do their homework properly and come to the Assembly badly prepared for the day's discussion. As a result the Assembly proceedings are often exercises in mediocrity and irrelevance."

جناب والا ۔ اس میں شک نہیں کہ اخبارات میں تنقید کی جاتی ہے اور ایسی تنقید کسی قوم اور ملک کی سلامتی کی ضمانت ہوتی ہے ۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ اخبارات پر جو فرض عائد ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ وہ صرف اس حد تک کسی چیز کو نشانہ تنقید بنائیں جو ان کی حدود کے اندر ہو ۔

جناب والا ۔ اب میں اس اخبار کی وہ سطر پڑھتا ہوں اس میں تحریر ہے کہ

"all the Members come badly prepared"

اور اس میں کوئی exception نہیں ۔ میرے پاس دوسرے اخبارات بھی موجود ہیں جن کو میں آپ کے سامنے بطور ثبوت پیش کر سکتا ہوں کہ اس ایوان کے ممبران کے متعلق ان کے کیا ریمارک ہیں اور انہوں نے ان کے کام کو کیسے سراہا ہے ۔

جناب والا ۔ اس اخبار نے یہ الفاظ تحریر کر کے اس ایوان کے ارکان کو ٹھیس پہنچائی ہے ۔ جیسا کہ اس میں تحریر ہے کہ ممبران اپنے فرائض کو پوری دیانت داری سے سر انجام نہیں دیتے ۔ جس کا یہ مطلب ہے کہ وہ بددیانتی سے کام لے رہے ہیں ۔ اس کے ساتھ ساتھ میں یہ عرض کر دوں گا کہ معاملہ یہاں تک ہی نہیں رکھا بلکہ یہ اس سے بھی آگے گیا ہے ۔ اور یہ بہت زیادتی ہے ۔ کیونکہ اس سے آپ کے فرائض منصبی پر تنقید ہوتی ہے ۔ ممبران جو کچھ یہاں کہتے ہیں آیا وہ relevant ہے یا irrelevant یہ جناب والا کی شخصیت ہے جو point out کر سکتی ہے کہ یہ relevant ہے یا نہیں ہے ۔ اور وہ fully prepared ہو کر آتا ہے یا unprepared آتا ہے ۔

جہاں تک اس اخبار کی اپنی efficiency کا تعلق ہے میں عرض کرتا

ہوں کہ خوش قسمتی سے اس وقت آپ کرسی صدارت پر بیٹھے ہیں۔ جس روز آپ کا الیکشن ہوا اس روز کی کارروائی کے سلسلہ میں اس اخبار کی efficiency ملاحظہ ہو کہ آپ سینئر ڈپٹی سپیکر elect ہوئے لیکن یہاں پر ہمارے ایک فاضل ممبر سید عنایت علی شاہ ہیں ان کا فوٹو اخبار میں دے دیا گیا۔ یہی وہ اخبار ہے جس میں چھپا تھا۔ اس کے بعد ایک اور ثبوت پیش کرتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ اپنے فرائض میں یہ اخبار کتنا efficient ہے۔

جناب والا۔ ہم صحیح تنقید کو welcome کرتے ہیں لیکن کسی قسم کے رقیق حملے برداشت نہیں کر سکتے۔ ہم مانتے ہیں کہ ہم سے غلطی سرزد ہو سکتی ہے اور ہم ایسی غلطی کو بسر و چشم تسلیم کر لیتے ہیں۔ لیکن جہاں تک کورم کے ٹوٹنے کا تعلق ہے اس طرف سے اور اس طرف سے اس پر کافی بحث ہو چکی ہے اب اسے تنقید کا نشانہ نہیں بنانا چاہئے قائد ایوان ایک میٹنگ بلا رہے ہیں اس میں یہ مسئلہ زیر بحث آئے گا۔ اس کو زیادہ طول نہیں دینا چاہئے۔ یہاں ہاؤس میں تین دفعہ کورم ٹوٹا لیکن اس اخبار نے لکھ دیا ہے کہ چھ دفعہ کورم ٹوٹا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ اس اخبار نے ارادتاً ہماری prestige کو عوام کی نظروں سے گرانے کی کوشش کی ہے اور شاید یہ مصمم ارادہ کر لیا ہے کہ معزز ارکان کو عوام کی نظروں سے گرا دیا جائے۔

جناب والا۔ اس کے علاوہ میں نوائے وقت میں جو تنقیدی ریمارک دئے گئے ہیں جو اس نے ممبران کے متعلق لکھے ہیں وہ پڑھ کر جناب کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔

نوائے وقت

۲۶-۵-۶۶

''صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں اس بار جو سب سے زیادہ حیرت انگیز تبدیلی نظر آئی ہے'' ۔

اس میں کوئی exception نہیں رکھی گئی ہر ایک کے لئے یکساں تنقید کی گئی ہے خواہ وہ آپوزیشن کے متعلق ہو یا party in power کے متعلق ہو ۔

''وہ یہ ہے کہ مسٹر حمزہ کے تابڑ توڑ حملوں پر پارلیمانی ظرافت کی چاشنی غالب آگئی ہے نوک جھونک اور فقرہ طرازی میں انہوں نے کچھ ترقی کی ہے ۔ اس سے پہلے تو وہ محض ایک ٹھوس اور شدید جارح کی حیثیت رکھتے تھے خدا کا شکر ہے کہ شعر فہم اور ادب نواز خان حبیب اللہ خان کے لب و لہجہ میں بھی خاصا فرق آگیا ہے ۔ بالخصوص اس دفعہ ایوان میں انہوں نے جو روش اختیار کی ہے اس میں محبت اور پیار زیادہ ہے''

اس کے بعد جناب والا :

''اس سیشن میں اب تک ہزارہ کے مسٹر ملنگ خاں ۔ جھنگ کے مسٹر محمد ادریس ۔ سیالکوٹ کے چودھری محمد سرور تیزی اور تندی کے خاصے جوہر دکھا چکے ہیں ۔ پچھلے دو تین روز سرکاری پارٹی کی طرف سے سوالات کے جوابات دینے کا بار زیادہ تر وزیر پارلیمانی امور مسٹر غلام نبی میمن پر رہا ۔ سوالات کی اس بوچھاڑ ۔ ۔ ۔ ۔''

مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر ۔ آپ relevant بات کریں آپ نے تو صرف پاکستان ٹائمز کا ذکر کیا تھا ۔ آپ اب کسی اور اخبار کا حوالہ دے رہے ہیں ۔

چودھری محمد نواز ۔ جناب والا ۔ میں اس لئے relevant ہوں کہ میں اس ہاؤس اور ہاؤس کے معزز ممبران کے وقار سے متعلق کچھ اور اخبارات سے عرض کرنا چاہتا ہوں اور اخبارات تو لکھتے ہیں کہ ہم ممبران جو ہیں وہ کتنی تیاری کر کے یہاں آتے ہیں اور ان اخبارات نے کس قدر سراہا ہے ۔ لہذا میں ایک اور اخبار سے پڑھتا ہوں ۔

''اور ضمنی سوالات کی یلغار میں انہوں نے خاصے تحمل اور ضبط کا ثبوت دیا ۔ وہ جب ایوان میں کوئی بیان یا سوالات کا جواب دیتے ہیں تو وہ نہ صرف اعتماد کامل کے جذبہ سے سرشار ہوتے ہیں بلکہ یوں لگتا ہے کہ پرسکون ندی کی طرح نسیم سحر کے ساتھ بہے چلے جا رہے ہیں ۔ کچھ اسی قسم کی خوبی آپوزیشن کے رکن مولانا محمود اعظم فاروقی میں بھی ہے ۔ اس دفعہ اسمبلی کی معرکہ آرائی میں ایک اور معزز رکن نے اپنی محنت کی دھاک بٹھا دی ہے ۔ یہ لاہور سے آزاد رکن ملک محمد اختر ہیں ۔ موصوف نے آرڈیننسوں کے بارے میں بعض پوائنٹ آف آرڈر اٹھا کر ان کا دستور پاکستان سے تقابل کر کے جو حوالے دیئے ہیں ان کی بنا پر سپیکر کو بھی کہنا پڑا کہ حکومتی پارٹی کو آرڈیننسوں کی تیاری کے موقع پر زیادہ احتیاط اور توجہ سے کام لینا چاہئے ۔''

جناب والا ۔ یہ وہ الفاظ ہیں جو دوسرے اخبارات نے لکھے ہیں لہذا میں نے طوالت کی خاطر مختصر طور پر نوائے وقت کا حوالہ دیا ہے ۔ جس نے پوری دیانتداری سے اس ایوان کے معزز ارکان کے کام کو سراہا ہے اور یہ دیانتداری پر مبنی ہے ۔ میں جناب کے توسط سے اس معزز ایوان کے ارکان کے نوٹس میں یہ بات لاتا ہوں کہ اس اخبار کے خلاف مناسب کارروائی کی جانی چاہئے ۔ میں ان الفاظ کے ساتھ اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

سردار حاجی عطا محمد لنڈ ۔ جناب میرے معزز دوست نے جو تقریر کی ہے اور اخبار نے جو تنقید کی ہے اس کے لئے میں عرض کروں گا ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ حاجی صاحب آپ بیٹھ جائیں اب لاء منسٹر صاحب تقریر کریں گے ۔

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad V. Memon): Sir, it is very unfortunate that today the prestige and privilege of the members of this House has come to be judged on the touch stone of the criticism levelled editorially by a daily newspaper of the Province.....

سردار حاجی عطا محمد لنڈ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ میں منسٹر صاحب سے کہوں گا کہ یہ اردو میں تقریر کریں تا کہ ہماری سمجھ میں آئے ۔

وزیر قانون ۔ جناب حاجی صاحب کی خدمت میں عرض ہے کہ جیسا کہ آپ نے اس دن فرمایا کہ جو کچھ میرے دل میں ہے وہ میں سندھی میں ہی پیش کر سکتا ہوں ۔ تو اسی طرح ہماری بھی مجبوری ہے کہ ہم اردو میں نہیں پیش کر سکتے اس لئے آپ تحمل فرمائیں اور انگریزی میں سن لیں کل اس کا ترجمہ سندھی اور اردو میں آ جائے گا ۔

There could be no two opinions so far as this House is concerned and the Government is concerned about the fact that there is nothing more precious, nothing more dear to Government and to the members of this House as a whole as its prestige and its privileges. It shall undoubtedly be the duty of every member of this House, with full support of he Government, to see that all the privileges and concessions of this House and of the individual members are fully and effectively maintained and that no authority, howsoever powerful or strong, would be permitted to interfere, to undermine or

to detract any value from the privileges of the Members of this House. The Editor, I would say, in his over-zealousness has stepped beyond the limits of fair criticism. In the editorial the Editor has said, "the essence of democracy is the essence of responsibility". I would unhesitatingly say that the essence of democracy, which is indicated or manifested in one of the forms of freedom of speech, has definitely been transgressed and to that extent the Editor himself has not shown the responsibility which he expects every one else, particularly the members of this House, to show. It is in this context that I said that the Editor may be having very altruistic motives in his zeal to point out certain facts which have happening in this House, namely, the breakage of quorum on some occasions for three or six times a day, has definitely over-stepped when he went further to remark that the members do not come prepared and that they say something which is irrelevant. As the mover of this motion said, it is only for the Speaker, the authority presiding, to see what is relevant and what is not relevant and there the matter ends. Nobody else has got any authority to sit in judgement over the utterances, over the performances and the acts of omission and commission of the members of this House. To that extent it would have been better and greater responsibility would have been expected of this Editor who sat and wrote this editorial. I entirely agree with the mover of the motion that so far his grievance is concerned it is of fact that privilege of the members of this House has definitely been breached but I would make an appeal to him that action under the Press Laws has been suspended for a period of 12 months by the President. This Assembly, as it is, cannot do something penal except to admonish or serve a warning to the Editor or the representative of the Press sitting here if a motion of breach of privilege is carried. But I think he should be in a position to convince himself persuade himself to be magnanimous and take it in the spirit in which the Editor has said it. If my appeal is accepted by the members of this House, the least that would be expected of this paper, particularly the Editor who wrote this editorial, is to come out with an appropriate apology in the form of an editorial tomorrow explaining that he had no mind or intention of extending any such insult to the members of this House and that he withdraws what he had said in his earlier editorial. If the member thinks he can persuade himself after considering it in the spirit of forgive and forget ; he may forget it at least for 12 months as our President has desired to do in the case of the Press.

I would appeal to the Press that it should be more vigilant, more careful and have restraint so far as their utterances, particularly in the form of editorial, are concerned. They should not give any cause of complaint to the members of this House and like the previous occasions should have the credit of behaving creditably. I would appeal to the member to please consider if he can accept my appeal which has been offered in all sincerity.

خان محمد یوسف خان (راولپنڈی - ۲) - جناب سپیکر - میں گزارش کروں گا کہ وزیر قانون صاحب کی اس تمام وضاحت کے بعد اور جو کوشش انہوں نے اس مسئلہ کو نپٹانے کی فرمائی ہے اور انہوں نے محرک

سے اپیل بھی کی ہے کہ وہ چند حالات کے تحت اپنی تحریک کو واپس لے لیں ۔ تو میں عرض کروں گا کہ اخبارات کے جو ایڈیٹر صاحبان ہیں ہم سب جانتے ہیں کہ وہ اچھے خاصے تعلیم یافتہ افراد ہوتے ہیں ان کی معلومات بیشتر اس ایوان کے اور دیگر لوگوں سے بہت زیادہ ہوتی ہیں ۔ ان سے یہ توقع کہ وہ ایسی لغزش کریں گے جو اتنے مقدس ایوان جس کے ذمہ یہ فرائض ہیں کہ پانچ کروڑ افراد ملت کے جو اس صوبے میں بستے ہیں ان کے لیے وہ قانون سازی کریں ۔ ان پر اگر وہ تنقید کریں گے تو میں یقین رکھتا ہوں کہ وہ اپنی تمام علم و دانش کو اپنے ہمراہ رکھیں گے اور یہ نہیں ہو سکتا کہ وہ ایسی لغزش کا ارتکاب کریں جبکہ وہ جانتے ہیں کہ اس ایوان کے کیا حقوق ہیں اور انہیں قلم اٹھاتے ہوئے کیا کچھ سوچنا چاہئیے ۔ میں سمجھتا ہوں جناب والا کہ اگر کوئی معمولی خواندہ آدمی ایسی حرکت کرے تو میرے خیال میں ہمیں فیاضی سے کام لیتے ہوئے جیسا کہ انہوں نے ارشاد فرمایا ہے ان کو درگزر کرنا چاہئیے اور اپنے آپ کو زیادہ سخت گیر ثابت نہیں کرنا چاہئیے ۔ لیکن بہترین تعلیم رکھنے والے افراد جو اس امر سے بخوبی واقف ہیں آگاہ ہیں کہ یہ ایسا فعل ہے جس پر سرزنش ہو سکتی ہے ۔ جس فعل پر باز پرس ہو سکتی ہے جس فعل کو برا محسوس کیا جا سکتا ہے وہ اگر ایسی لغزش کرتے ہیں تو وہ میرے نزدیک ڈبل سزا کے مستحق ہیں ۔ جناب والا آپ جانتے ہیں کہ کوئی شخص ۔ یہ ایوان تو بہت مقدس ہے کسی ایک گروہ کے خلاف ۔ ایک جماعت کے خلاف اگر کوئی فقرہ بحیثیت جماعت کہا جائے تو قانون کا عام جو منشاء ہے دفعہ ۵۰۰ پی پی سی کے تحت اس کے خلاف مقدمہ ہو سکتا ہے ۔ اتنا ہی نہیں بلکہ اب جو موجودہ قانون ہے اس کی رو سے صرف استغاثہ کا حق صرف مستغیث کو ہے جس کی توہین کی جاتی ہے ۔ وہ پولیس میں جا کر اپنے مقدمے کو رجسٹر کرا کے سرکاری طور پر سرزنش کرا سکتا ہے اور توہین کرنے والے کی سرزنش ہو سکتی ہے

ہمارا رونا یہ نہیں کہ کسی ممبر پر کیوں تنقید کی گئی ہمارا رونا یہ ہے کہ M.P.A.S. بطور ایک جماعت بطور ایک گروہ کے ہیں۔ اس کے خلاف بغیر کسی استثنا کے ایسے ناروا الفاظ استعمال کئے گئے جو میں سمجھتا ہوں کہ اس سے زیادہ استعمال نہیں کئے جا سکتے تھے ۔ کورم کا پورا نہ ہونا اور اس کا بار بار ٹوٹنا ۔ اس کا بار بار ٹوٹ جانا کسی اخبار نویس کو حق نہیں دیتا کہ وہ اس سے یہ نتیجہ اخذ کرے کہ تمام کے تمام ممبران اپنے کام کی تیاری نہیں کرتے یا اپنے فرائض منصبی کو دیدہ و دانستہ سر انجام نہیں دیتے ۔ میں ان سے پوچھتا ہوں کہ جو افراد کورم کو پورا کرتے ہیں جو یہاں موجود رہتے ہیں وہ ان کی قلم کی زد میں کیسے آگئے اور اس سے بچ نہ سکے ۔ اصل میں بات یہ ہے کہ اخبارات کے ایڈیٹر جو کہ افراد ہوتے ہیں یا کسی اخبار کا ایڈیٹر جو کہ فرد ہوتا ہے ۔ اس کو معلوم ہوتا ہے کہ میں ایک فرد ہوں ۔ مجھے ایک فرد ہونے کی حیثیت سے لکھنا ہے اور اس حیثیت سے جو کچھ وہ لکھتا ہے اسے تمام ملک کے لوگ پڑھ رہے ہوتے ہیں ۔ اس وقت جب قلم ان کے ہاتھ میں ہوتا ہے تو ان کا قلم یوں چلتا ہے جیسے کہ وہ کوئی آمر ہوتا ہے اور جو کچھ وہ لکھ رہا ہے اس پر کوئی تنقید نہیں ہو سکتی ۔ پھر ہمارے صحافیوں کا ایک گروہ ہے جس پر تنقید کرنے سے خواہ وہ حکومت ہو یا سربراہ حکومت ہو یا ایک معمولی فرد ہو وہ ڈرتا ہے ۔ صحافیوں سے ڈرنے کیوجہ یہ ہوتی ہے کہ قلم ان کے ہاتھ میں ہوتا ہے ۔ جو چاہیں وہ لکھتے ہیں اور لکھتے چلے جاتے ہیں ۔ ہر روز ان کی تردید کرنا کسی کے بس کا روگ نہیں ۔ ان کے ہاتھ میں قلم ہوتا ہے اور وہ لکھتے ہیں ۔ کون ان کی تردید میں ہر روز مضامین دے گا ۔ صحافی دلیر ہوتا ہے لیکن اگر اس کی دلیری ملک اور ملت کے مفاد کی خاطر ہو اور جیسے کہ میرے فاضل بھائی نے کہا تھا کہ اگر اس سے ہماری رہنمائی مقصود ہے تو اس کی دلیل بڑی مستحسن ہے ۔ ہم قابل قدر صحافیوں کی خدمات سب

جاتے ہیں ۔ وہ قوموں کی رہنمائی کرتے ہیں ۔ وہ قوموں کی تعمیر کرتے ہیں ان کی عظمت کے وہ ضامن بھی ہوتے ہیں ان کی اعلیٰ نگارش جو ہے اس سے قوم کا ذہن معلوم ہوتا ہے اور یہ نتیجہ اخذ ہوتا ہے کہ آیا اس قوم کے افراد زندہ ہیں ۔ فعال ہیں ۔ ذہین ہیں اور ملک کے معاملات کو سمجھتے ہیں یا نہیں ۔ میرے خیال میں صحافیوں کا بہت بلند مقام ہے اس لئے جناب والا میں آپ سے عرض کرتا ہوں کہ اتنے بلند مقام کو رکھنے والا جیسا کہ وزیر قانون صاحب نے ارشاد فرمایا کہ وہ احساس ذمہ داری اور ایسی ذمہ داری جسکا جمہوریت تقاضا کرتی ہے اتنے عالی مقام فرد کو اس کا بہت بڑا احساس ہونا چاہئیے تھا ۔ تو میں نے یہ عرض کیا کہ یہ ایسا معاملہ نہیں کہ صرف اسی بنا پر اس کو چھوڑ دیا جائے کہ شائد کوئی لغزش ہو گئی ہے اگر فی الواقع وہ محسوس فرماتے تو ایڈیٹر صاحب جو آج کا ایڈیٹوریل تھا اس میں واضح طور پر آ گیا ہوتا کہ ہم سے یہ لغزش ہوئی ہے کیونکہ ہم سب جانتے ہیں جناب والا کہ یہ تحریک کل پیش ہوئی تھی آج پیش نہیں ہوئی تو میں سمجھتا ہوں کہ ابھی تک ایڈیٹر موصوف کے ذہن میں یہ خیال نہیں آیا کہ انہوں نے کوئی غلطی کی ہے اور اپنے آپ کو ملزم سمجھتے ہیں بہر حال میں اس معزز ایوان کے معزز اراکین کی خدمت میں آپ کی وساطت سے عرض کروں گا کہ یہ ایک ایسا معاملہ نہیں ہے جسے ہم نہایت ہی آسانی کے ساتھ ختم کر دیں یا اسے ہم خندہ پیشانی کے ساتھ برداشت کریں ۔ یہ ہماری ذاتیات پر مبنی نہیں بلکہ جب تک انشاءاللہ یہ پاکستان زندہ ہے یہ قانون ساز مجالس بھی زندہ رہیں گی یہ ایوان بھی زندہ رہے گا ۔ اگر ہم نہیں ہونگے تو ہمارے جانشین دوسرے ہونگے لیکن ملک کے اتنے بڑے صحافیوں کو یہ معلوم ہونا چاہئیے کہ یہ ایوان مقدس ہے ۔ یہ زندہ ہے اور یہ آزاد ہے ۔ ان کے فعل کو میں اس ایوان کی توہین سمجھتا ہوں ۔ پانچ کروڑ افراد جو صوبے کے اندر بستے ہیں ان کی توہین ہے اتنا ہی نہیں بلکہ میں یہ کہوں گا کہ

پاکستان کے لیجسلیچر کی یا اس قانون ساز ادارے کی توہین ہے ۔ جناب والا ۔ اس پر طرہ یہ ہے کہ صرف ہم ہی نہیں بلکہ اس معزز ایوان کا معزز ترین جو فرد ہوتا ہے وہ سپیکر ہوتا ہے اور خود فیصلہ صادر فرما کر جناب ایڈیٹر صاحب نے مسٹر سپیکر کے اختیارات کو سلب کرنے کی کوشش کی ہے اور اس طرح سپیکر کے حقوق میں بھی مداخلت فرمائی ہے جس کی اجازت نہیں دی جا سکتی تو جناب والا ان حالات کے ہوتے ہوئے میں اس مقدس ایوان سے عرض کروں گا کہ وہ اس کا حل جیسا کہ فاضل وزیر قانون صاحب نے ارشاد فرمایا اس کو مد نظر رکھتے ہوئے کوئی حل سوچیں اس تحریک کو واپس لینا یا نہ لینا محرک پر مبنی ہے لیکن میری التجا ہے کہ تحریک قبل از وقت واپس لینا درست نہیں ۔ اگر کل ایڈیٹر صاحب یہ کہیں تو ان کی زبان سے ہم اندازہ لگا لیں گے کہ ان کو احساس ہوا ہے ان سے غلطی ہوئی ہے تو اس کے بعد اس تحریک کے واپس لینے کا سوال پیدا ہو سکتا ہے ۔ ان معروضات کے ساتھ جناب میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

Minister of Law : We may have this motion again tomorrow if the Mover has no objection.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I want to say something.

Minister of Law : You can say tomorrow.

چوہدری محمد نواز ۔ اگر یہ تحریک استحقاق کل لے لی جائے تو مجھے کوئی اعتراض نہیں ۔

Malik Muhammad Akhtar : I cannot be deprived of my rights and I should not be dictated to by the Law Minister.

Minister of Law : It is a privilege motion and it is the mover who

has the right to make a short statement. You have no right to make a speech.

Malik Muhammad Akhtar : Other Members have made speeches. Why deny this privilege to me which has been given to other Members. I have the right to speak when so many Members have spoken.

Minister of Law : It is being postponed and I hope.....

Malik Muhammad Akhtar : I must express my views before a decision is taken by the Editor or anybody.

Minister of Law : A member cannot have any right. The mover of the motion has agreed that this may be adjourned till tomorrow. There is no other alternative.

Malik Muhammad Akhtar : You cannot deprive me of my rights like that.

Mr. Senior Deputy Speaker : If you want to make a speech you can make a speech tomorrow.

Minister of Law : I would request that other motions including the one of Haji Sardar Atta Muhammad may be taken up tomorrow because we have devoted nearly an hour and a half in adjournment and privilege motions.

چودھری محمد نواز ۔ اس کے متعلق آپ آرڈر دے دیں کہ یہ کل پیش ہوگی ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ عرض یہ ہے کہ اس اخبار پر رعب ڈالنے کے لئے کل کے لئے رکھ رہے ہیں ۔ اس کے اوپر رعب نہیں پڑے گا ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : Yes, it will be considered tomorrow and the remaining adjournment motions will also be taken up tomorrow.

ملک محمد اختر آپ اپنی کل کی تقریر جاری رکھیں ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ میں اپنی تحریک التوا پیش کرنا

چاهتا هوں ۔

مسٹر سنیئر ڈپٹی سپیکر ۔ وہ ملتوی کر دی گئی ہے وہ کل آئے گی ۔

Malik Muhammad Akhtar : I have not conceded to his request. If Rules permit I will discuss my motion today.

Minister of Law : Take the sense of the House.

Malik Muhammad Akhtar : In that case our privilege is breached. Supposing I want to put another adjournment motion tomorrow I can press only one adjournment motion at a time.

مسٹر سنیئر ڈپٹی سپیکر ۔ ملک صاحب آپ insist کرتے ہیں کہ اس کو لیا جائے ؟

ملک محمد اختر ۔ جی ہاں ۔ بالکل جناب میں insist کرتا ہوں ۔

وزیر مال ۔ میں اپیل کرتا ہوں کہ وہ از راہ عنایت اس بات سے agree کر جائیں اور کل اسی motion کو لائیں ہم آپ کو اجازت دیتے ہیں ابھی ساڑھے نو بجے مجھے یہ موشن کی کاپی ملی ہے اور میں وہاں سے information collect کر لاؤں گا ۔

Tomorrow I will be in a position to give a reply. I don't want to evade discussion on it.

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ جناب میری تحریک بہت نازک ہے اس لئے اس کی اجازت دے دیں یا لیڈر آف دی ہاؤس تسلی دے دیں کہ نواب شاہ میں بدامنی نہ ہوگی ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ حاجی صاحب کل وہ بھی آ جائے گی ۔

ORDINANCES

THE COOPERATIVE SOCITIES (AMENDMENT) ORDINANCE, 1966

(resumption of discussion)

Mr Senior Deputy Speaker : The House will now resume discussion on the motion that the Assembly do approve of the Cooperative Societies (Amendment) Ordinance, 1966. Yes, Malik Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : I think Mr. Hamza was on his legs.

Mr. Senior Deputy Speaker : Was it Mr. Hamza ?

مسٹر حمزہ ۔ ہاں جناب ۔

Minister of Law : Sir, before the Member proceeds I would like to remind him and other Members of this House that this Ordinance has been under discussion for two and a half hours since yesterday. This may be kept in view while permitting discussion on this Ordinance. I have no mind whatsoever to unnecessarily restrain any Member who would like to speak on this Ordinance though in my humble view it has been sufficiently debated but subject to that it is entirely up to the Speaker. I hope the Members will respond.

مسٹر حمزہ (لائل پور—۶) ۔ جناب سپیکر ۔ کل جب ایوان کی کارروائی ملتوی ہوئی اس وقت ملک محمد اختر صاحب تقریر نہیں کر رہے تھے بلکہ میں تقریر کر رہا تھا ۔ میں اور ان کے قد میں اتنا فرق ہے کہ کوئی غلط فہمی پیدا ہونے کا احتمال تو نہ تھا ۔

جناب سپیکر ۔ جناب وزیر قانون صاحب نے اس ہنگامی قانون پر تقریر کے بارہ میں اس طرح فرمایا ہے جیسے اس پر تقریر میں ہوتے ہوئے اڑھائی سال گزر چکے ہوں ۔ میرے خیال میں اب تک ان کی طرف سے پیش کئے جانے والے ہنگامی قانون کے متعلق جو اس اسمبلی کو مجبوراً پاس ہی کرنے پڑتے ہیں ۔ عدالت عالیہ کے جج کی رائے بھی ان کے سامنے آ چکی ہے اس لئے ان کے لیے یہ مناسب نہیں ہے کہ وہ اس قسم کے خطرناک ہنگامی قانون

جن کا تعلق سارے مغربی پاکستان سے ہے ۔ ان کو اس قدر تنگ وقت میں اتنی جلدی پاس کرانے کی کوشش کریں ۔ میں اس بارہ میں اپنی کل والی معروضات دوبارہ آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں ۔

جناب سپیکر ۔ جناب وزیر قانون نے کل اس ہنگامی قانون کو جاری کرنے کی وجوہات پر روشنی ڈالی تھی ۔ انہوں نے یہ فرمایا تھا کہ کروڑوں روپے کے قرضہ جات جو کہ کوآپریٹو بنکوں نے وصول کرنے ہیں کئی سال سے واجب الوصول چلے آرہے ہیں انہوں نے وہ تمام حربے اور ہتھیار جو ان کے پاس تھے اختیار کئے لیکن اپنے مقصد میں کامیاب نہیں ہوئے ۔ ساتھ ہی ساتھ انہوں نے یہ فرمایا تھا کہ ہماری حکمت یہ تہیہ کر چکی ہے کہ ہم ہر صورت میں جس طرح بھی ممکن ہوگا یہ قرضہ جات وصول کریں گے اور قرضہ جات کی وصولی میں کسی سے رو رعائت نہیں کریں گے ۔ لیکن جب وہ یہ بیان دے رہے تھے میں بڑی توجہ سے سن رہا تھا اور ان سے توقع کرتا تھا کہ جب وہ ۵۰ کروڑ کی بہت بڑی رقم کی وصولی کا ارادہ اور تہیہ کرنے کا ذکر اس ایوان میں کر رہے تھے وہ ہمیں یہ بھی بتاتے کہ اگر وہ تمام لوگ جنہوں نے قرضہ جات ادا نہیں کیے اور وہ مشینری اور افراد اور ذمہ دار اہلکاران جو کہ یہ قرضہ جات دیتے رہے ہیں یا جن کی رپورٹ پر یہ قرضہ جات دیے جاتے رہے ہیں ۔ جن کی سازشوں سے جن کی ملی بھگت سے یہ صورت پیدا ہوئی ہے ان کے پاس اس امر کی کیا ضمانت ہے کہ یہ ہاتھ جو کل گندے تھے آج پاک ہو گئے ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ میں ان سے یہ توقع کرتا تھا کہ آج سے تقریباً ایک سال پہلے بھی اس حکومت نے سندھ کوآپریٹو ایکٹ کو سارے مغربی پاکستان پر نافذ کرنے کا فیصلہ کیا تھا جو سابقہ پنجاب کوآپریٹو ایکٹ کے مقابلہ میں انتہائی سخت ہے ۔ کیا ہماری حکومت سندھ کوآپریٹو ایکٹ کو نافذ کر کے اپنے مقاصد حاصل کرنے میں کامیاب ہو گئی ہے ؟ ان کے مقاصد کی تکمیل ہوئی ہے اور قرضہ جات کی

وصولی اس سے تیز تر ہو گئی ہے ؟ لیکن ہماری حکومت بدقسمتی سے اس بارے میں بالکل خاموش ہے ۔ ہمیں یہ حق ہے اور میں سمجھتا ہوں اس معزز ایوان کو یہ حق ہے کہ یہ ایوان اس کے متعلق حکومت سے پوچھے اور یہ حکومت ہمیں بتائے کہ یہ وسیع اختیارات جو اس سے پہلے اس سلسلہ میں حاصل کیے ہیں ان کا استعمال انہوں نے کس طریقہ سے کیا ہے اور اس سے کیا نتائج برآمد ہوئے ۔

جناب سپیکر ۔ انتہا یہ ہے کہ وہ لوگ جن کی اکثریت کے بارے میں اس معزز ایوان کے ممبران کو یہ یقین ہے کہ ان قرضہ جات کی وصولی نہ ہونے میں کس کا ہاتھ ہے ۔ پھر کیا وجہ ہے کہ ہماری حکومت ان کو اتنے وسیع اختیارات دے رہی ہے . . . . .

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ ہاؤس میں کورم نہیں ہے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : The House is not in quorum let the bells be rung (*bells were rung*). The House is now in quorum.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ جس قسم کے اختیارات ان افسران کو دیئے جا رہے ہیں اور جس قسم کی ان کی شہرت ہے میں سمجھتا ہوں اس سے پہلے ایسی شہرت رکھنے والے افسران کو اتنے وسیع اختیارات کبھی نہیں دیئے گئے ۔ آپ اندازہ لگائیں کہ رجسٹرار کے نامزد کردہ افسر (جو کہ سب انسپکٹر کوآپریٹو سوسائٹی بھی ہو سکتا ہے) کو یہ حق حاصل ہے ۔ یہ اختیار حاصل ہے کہ ایسے افراد سے قرضہ جات وصول کرنے کا فیصلہ صادر فرما دے جن کا نام اس سے پہلے محکمہ امداد باہمی کے ریکارڈ میں نہیں ہے کیوں کہ محکمہ کو یہ حق بھی حاصل ہے کہ جب انہوں نے قرضہ وصول

کرنا ہو اور وہ افراد جنہوں نے بے نامی طور پر قرضہ‌جات وصول کیے ہیں ان کے بارے میں فیصلہ کر سکتے ہیں اور وہ شخص اگر یہ قرضہ ادا نہ کرے اس کے بعد اس پر عدالت میں مقدمہ چلایا جا سکتا ہے اور اس کو ۷ سال تک قید کی سزا دی جا سکتی ہے ۔ اس سے زیادہ وسیع اختیارات اور کیا ہو سکتے ہیں ۔ اور وہ عدالت جس کے روبرو یہ مقدمہ جائیگا اس کو اس امر کا کوئی اختیار نہیں ہے کہ وہ یہ فیصلہ کرے کہ آیا اس شخص کے خلاف جو فیصلہ کیا گیا ہے وہ انصاف کے تقاضوں کے مطابق ہے یا نہیں ۔ اس نے محض یہ فیصلہ کرنا ہے کہ اس کے خلاف سب انسپکٹر کوآپریٹو سوسائٹی یا اسسٹنٹ رجسٹرار کوآپریٹو سوسائٹی نے وصولی کے لیے فیصلہ صادر کیا ہے یا نہیں ۔ لہذا اس کے پیش نظر اس کو سزا دی جائے ۔ میں حکومت عالیہ کے اس فرمان کو پڑھ کر اور اس سے جو خطر ناک نتائج مرتب ہوں گے اس کے بارے میں سوچ کر اور اس کا اندازہ لگا کر حیران ہوتا ہوں کہ اب اس ہنگامی قانون کے تحت ہماری حکومت امداد باھمی کے بینکوں کے ڈائرکٹر صاحبان کو سرکاری اہل کار تصور کرنے کی گنجائش رکھ رہی ہے ۔ کہ اس کا مقصد یہ ہے کہ ڈائرکٹر صاحبان جس کے بارے میں محکمہ امداد باھمی کے ذمہ‌دار افسران یہ فیصلہ کریں کہ اس نے حساب کتاب میں ہیر پھیر کیا ہے اس کے خلاف غبن کا مقدمہ دائر ہو سکے ۔ میں ان سے پوچھتا ہوں کہ اگر یہ مقدمات عام عدالت میں جاتے ہوتے تو مجھے اور کسی دوسرے ممبر کو کوئی اعتراض نہیں ہو سکتا تھا لیکن جہاں آپ خود ہی الزام لگانے والے ہیں اور خود ہی منصف بھی ٹھہرے پھر آپ کا سابقہ ریکارڈ بھی ماشاالله اچھا ہو ورنہ وہاں خاموشی سے آپ کے اس حکم کی ۔ آپ کے اس فرمان کی تعمیل کیسے کر سکتے ہیں ۔ ورنہ حقیقت یہ ہے کہ آپ کا فرمان قانون کی طاقت رکھتا ہے ۔ ہم اس کو ماننے پر مجبور ہیں لیکن جناب سپیکر ۔ ہمیں اتنا حق ضرور

مل گیا ہے کہ چند منٹ کے لیے ہم اس کے خلاف احتجاج کی آواز بلند کر سکیں ۔ جناب والا ۔ میں پھر اس حکومت کو یاد دلاتا ہوں کہ ان چھوٹے اہلکاروں کو وسیع اختیارات دینا دو دھاری تلوار ہے ۔ یہ تلوار اس سے پہلے بھی عوام کے خلاف استعمال ہوتی رہی ہے اور آج بھی آپ کے پاس اس امر کی کوئی ضمانت نہیں ہے کہ یہ اختیارات جائز طور پر استعمال ہوں گے ۔ جب آپ نے ایک شخص کو اتنے وسیع اختیارات دئیے تو ظاہر ہے کہ اس کا فیصلہ ناطق ہوگا ۔ اس کے حکم کے خلاف اپیل نہیں ہو سکے گی ۔ ایک چھوٹا سا اہلکار جس کا سابقہ ریکارڈ عام طور پر اچھا نہیں ہوتا ۔ میں مثال کے طور پر عرض کرتا ہوں کہ ایک شخص جس کے نام پر محکمہ امداد باھمی ۵۰ ہزار روپیہ نکالتا ہے اور اس کو قانون کے مطابق اس کا علم ہے کہ جو فیصلہ رجسٹرار کا نامزد کردہ افسر کرے گا اس کے فیصلے کی حیثیت سپریم کورٹ کے فیصلے کی ہو گی تو وہ شخص ۱۰ ہزار روپیہ اس کو بطور رشوت دے دے گا اور وہ اہلکار ۱۰ ہزار وصول کرنے کے بعد فیصلہ محکمہ امداد باھمی کے خلاف دیدے گا ۔ اس طرح محکمہ امداد باھمی جن مقاصد کے حصول کے لیے ۔ جن مقاصد کو پورا کرنے کے لیے ہنگامی قانون کی یہ تلوار اس ایوان میں لایا ہے یہ کبھی کامیاب نہیں ہو سکے گی ۔

جناب سپیکر ۔ وزیر قانون صاحب نے کل یہ فرمایا تھا کہ ہم اس قانون کے الفاظ کو انکی روح کے مطابق پورے طور پر نافذ کریں گے ملک میں کوئی شخص خواہ وہ کتنا ہی بڑا کیوں نہ ہو ۔ کتنا ہی با رسوخ کیوں نہ ہو ۔ اس قانون کو بلا امتیاز اس کے خلاف استعمال کیا جائے گا ۔ لیکن ہمیں اگر اس حکومت کی طرف سے اس قسم کے بیانات ۵۸ء کے آخر میں دئیے جاتے ۔ تو یہ درست تسلیم کیے جا سکتے تھے ۔ لیکن آج ۶۶ء کا زمانہ ہے ۔ ہمیں یہ علم ہے کہ آپ نے ضمیر فروش سیاست دانوں کو اس ملک کے عوام کے خلاف استعمال کرنے کے لیے لائسنس دئیے ہیں ۔ ان کو امپورٹ

لائسنس دیئے ہیں ۔ کہ جن کو اس کاروبار سے کوئی تعلق ہی نہیں ہے تو پھر ہم آپ کی ان یقین دھانیوں پر کیسے اعتماد کر سکتے ہیں ۔ یہ ٹھیک ہے کہ آپ کے پاس طاقت اور اختیار ہے ۔ آپ کے ہاتھ میں ڈنڈا ہے جو بہت زیادہ چلتا ہے اور جہاں تک آپ کی ذہانت ، امانت اور دیانتداری کا تعلق ہے ۔ اس کا بھانڈا سارے پاکستان میں پھوٹ چکا ہے اور اب اس قسم سے بیانات دینے اور اس ایوان میں اس طرح کی یقین دھانیوں کی کوئی ضرورت نہیں ہے ۔

Mr. Abdul Qayum. I think that M Hamza is not relevant.

مسٹر حمزہ ۔ میرے خیال میں پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب کی طبع نازک بھی اس قسم کے بیانات کی ذمہ دار ہے ۔ جہاں تک میری معروضات کا تعلق ہے ۔ کل وزیر قانون صاحب نے بڑے زور و شور سے اس قسم کی یقین دھانی کرائی تھی ۔ اور میرا یہ حق ہے ۔ کہ میں ان کی تردید کروں کیونکہ ان کی عملی زندگی ان کی بھیانک کارروائیاں ، ان کی پالیسیاں اور ان کا کردار اس کے بالکل برعکس ہے ۔ میرا یہ حق ہے کہ میں اس کے متعلق کچھ عرض کروں ۔

مسٹر عبدالقیوم ۔ یہ طبع نازک کا سوال نہیں ہے ۔ آرڈیننس کا مقصد یہ نہیں ہے ۔ کہ جو بقایا قرضے ہیں ۔ ان کی وصولی کی جائے ۔ میرے خیال میں اگر حمزہ صاحب مرکزی نقطے پر کچھ روشنی ڈالیں تو بہتر ہوگا ۔ وہ انتظامیہ پر اس طرح نکتہ چینی کر رہے ہیں ۔ وہ مجھے معاف فرمائیں اگر میں یہ کہوں کہ جو آگ وہ لگا رہے ہیں ۔ اس کا موقع بجٹ پر عام بحث کے دوران میں انہیں میسر آئے گا ۔ اس وقت جو آرڈیننس زیر بحث ہے ۔ اسکا جو مرکزی نکتہ ہے اگر وہ اسی پر روشنی ڈالیں تو ایوان ان کا مشکور ہو گا ۔

مسٹر حمزہ ۔ میں جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب کا ممنون ہوں کہ وہ میری رہنمائی کر رہے ہیں لیکن میں ان کی خدمت میں عرض کروں گا ۔ کہ اس قانون کے نفاذ کے لئے آوپر سے فرشتے تو نازل نہیں ہونگے ۔ جناب سپیکر۔ میں نے حکومت کی اس خطرناک پالیسی کا بھی ذکر کیا ہے اور یہ محض اس لئے کیا ہے کہ مجھے ذاتی طور پر یہ علم ہے کہ وہ لوگ کہ جن کے ذمے قرضہ جات یا بقایاجات ہیں ۔ ان کو بھی حکومت کی کمزوریوں کا پورے طور پر علم ہے ۔ اگر ہماری حکومت وہ اختیارات جو پہلے ہی ان کے پاس موجود ہیں ۔ درست طریقے سے استعمال کرتی تو کوئی وجہ نہ تھی کہ اتنی بڑی رقم وصول نہ ہو سکتی ۔ جس علاقے سے میں تعلق رکھتا ہوں اور میرے خیال میں اب تو کسی ممبر کو یہ بتانے کی ضرورت نہیں ہے لیکن اگر کسی کو علم نہ ہو ۔ تو میرا علاقہ ضلع لائلپور ہے ۔ مجھے ذاتی طور پر یہ علم ہے ۔ کہ امداد باھمی کے محکمے کے ڈائریکٹروں کی اکثریت ایسی ہے کہ جن کے نام بقایاجات نکالے جا سکتے ہیں اور جو ان بقایاجات کے ذمہدار ہیں ۔ انہوں نے پہلے ہی س سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لیے سرکاری مسلم لیگ میں شمولیت اختیار کر لی ہے ۔ حقیقت یہ ہے کہ جیسا کہ متعدد بار اس ایوان میں دھرایا جا چکا ہے ۔ کہ 'Power corrupts and absolute power corrupts absolutely لیکن اس ہنگامی قانون میں وہ لوگ جو کہ پہلے سے پورے طور پر مکمل طور پر اوپر سے لیکر نیچے تک corrupt ہیں ۔ انکو اتنے وسیع اختیارات دیے جا رہے ہیں تو اس کے بعد آپ اندازہ لگائیے کہ اس ملک کی کیا حالت ہوگی ۔

جناب سپیکر ۔ میں نے اپنی تقریر کے آغاز ہی میں Roman Law کا ذکر کیا تھا ۔ اس میں یہ بھی جائز تھا ۔ کہ اگر ایک مقروض شخص کے کئی قرض خواہ ہوتے تھے تو وہ اسکے جسم کے ٹکڑے آپس میں بانٹ لیں

اور ہمارے ہاں پنجاب میں بعض لوگ جن کو XXXX* کہتے ہیں ان کا یہ طریق کار ہے کہ اگر ان کا کوئی مقروض فرض کی ادائیگی کے بغیر ہی مر جاتا ہے تو وہ اس کی قبر کھودتے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں ۔ کہ اب ہماری حکومت کو ۔ (قطع کلامیاں) ۔

خان مکرم خان ۔ یہ پٹھانوں کی توہین ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ انہیں کچھ نہ کہیں ۔ وہ ٹوبہ ٹیک سنگھ کے رہنے والے ہیں ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : These words are expunged from the proceedings of the Assembly.

مسٹر عبدالقیوم ۔ حمزہ صاحب نے جو کچھ فرمایا ہے ۔ کیا وہ اسے substantiate کر سکتے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ میں نے آپ کی نسبت عرض نہیں کیا ہے ۔ آپ تو کراچی میں رہتے ہیں اور نہ ہی میرے خیال میں آپ XXXX*ہیں نے لابی میں بیٹھے ہوئے ایک پٹھان سے پوچھا تھا ۔ کہ ہم تو انہیں پٹھان کہتے ہیں ۔ تو انہوں نے مجھے یہ بتایا XX* ہیں اور اسی لئے میں نے انتہائی محتاط طریقے سے یہ لفظ XX*استعمال کیا ہے یہ مجھے اس نے بتایا تھا کہ تم XX* کہنا ۔ (قطع کلامیاں)

خان مکرم خان (پارلیمنٹری سیکرٹری) ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ یہ باتیں ہر آدمی کو آ سکتی ہیں ۔ لیکن چاہئے ۔ کہ ایسی باتیں کرتے وقت قومی وقار کو بھی ملحوظ رکھا جائے ۔ آپ نے غلجی قوم اور

*Expunged as ordered by Mr. Senior Deputy Speaker.

پٹھان قوم جو ایک قوم ہے کی بے عزتی کی ہے ۔ کیا آپ یہ ثابت کر سکتے ہیں کہ کسی پٹھان نے کبھی ایسا کیا ہو کہ اپنے کسی قرضدار کی قبر کھودی ہو یا آپ تاریخ ہی سے کوئی مثال دے سکتے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ آپ نے ہم سب پٹھانوں کی بےعزتی کی ہے ۔ آپ یہ الفاظ واپس لے لیں تو اچھا ہوگا ۔ ورنہ اسکا نتیجہ اچھا نہ ہو گا ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں نے کسی شخص کے جذبات کو مجروح کرنے کی کوشش نہیں کی ۔ میں نے نہایت محتاط طریقہ سے کہا ہے کہ جو لوگ قرض دینے کا کاروبار کرتے ہیں میں نے ان کی قوم کا پتہ کیا ہے ۔ لیکن اگر مکرم خان صاحب یہاں بیٹھ کر یہ کہتے ہیں کہ اس کے نتائج اچھے نہیں ہونگے تو میں اس کی پروا نہیں کرتا جس طریقہ سے یہاں بات کہی گئی ہے یہ نہایت شرمناک طریقہ ہے ۔ میں نے ایوان کے معزز پٹھانوں کے بارے میں کوئی ایسی بات نہیں کہی ۔ میں نے احتیاط برتی ہے اور نہایت احتیاط سے بات کی ہے ۔ تاکہ میں کسی کے جذبات کو مجروح نہ کروں اور اگر کوئی غلطی ہوئی ہے تو میں وہ الفاظ واپس لے سکتا ہوں ۔ لیکن اگر کوئی ایوان میں کھڑا ہو کر یہ بات کہہ دے کہ نتائج اچھے نہ ہوں گے تو میں سمجھتا ہوں کہ اس سے زیادہ توہین آمیز بات اور کوئی نہیں ہو سکتی ۔

خان مکرم خان ۔ آپ کو معلوم ہونا چاہئیے کہ ہر ایک بات کے نتائج خطرناک ثابت ہو سکتے ہیں ۔ آپ قوم میں تفرقہ پیدا کرتے ہیں ۔ پٹھان سندھی پنجابی اور بلوچی کا سوال پیدا کرتے ہیں ۔ آپ ملک کے ٹکڑے کرنا چاہتے ہیں ۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ آپ پٹھانوں کی بے عزتی کریں ۔ اگر آپ پٹھانوں کی بےعزتی کرتے ہیں تو یہ بالکل خراب بات ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ میں آپ کی بات نہیں سمجھا ۔ کہ آپ کیا کہتے ہیں ۔

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان) ۔ صدر محترم ۔ یہ نہایت افسوس کی بات ہے کہ ایوان کے معزز رکن جن کا تعلق حزب اختلاف سے ہے انہوں نے قصداً ایسی بات کہی ہے جس سے نہ صرف پٹھانوں کے جذبات کو ٹھیس پہنچی ہے بلکہ یہاں جو پنجابی ، سندھی اور بلوچی بھائی ہیں ان کو اس بات کا ضرور احساس ہوا ہوگا کہ یہ الفاظ قابل گفتن نہیں تھے ۔ اب یہاں نہ کوئی پٹھان ہے ۔ نہ سندھی ہے اور نہ کوئی بلوچی ہے نہ پنجابی ہے ۔ ہم نے ون یونٹ اس لئے بنایا تھا تاکہ ہم تمام بھائی بھائی اور پاکستانی بن کر رہیں برعکس اس کے کہ ہم یہ کہیں کہ پٹھانوں کی یہ رسم ہے اور ان کا یہ رواج ہے کہ اگر قرض دار قرضہ ادا نہ کرے اس کے مرنے کے بعد مردہ کی قبر کھود لیتے ہیں ۔ مگر انہوں نے یہ ایک عام بات کہہ دی ہے اور یہ الزام تمام پٹھانوں کے خلاف ہے ۔ انہوں نے تمام پٹھانوں کی بے عزتی کی ہے ۔ اگر وہ صرف یہ کہتے کہ ساہوکار ، قرضہ دینے والا یا سود خور خواہ وہ پنجابی ہو یا پٹھان ہو یا سندھی یا بلوچ یا افغان یا ہندی ہو وہ ایسا کرتا ہے تو صحیح بات تھی لیکن یہ کہ قرض خواہ یا سود خور قبر کھود لیتے ہیں ۔ میں ذمہ داری کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ یہ قطعاً غلط ہے ۔ البتہ باپ کی قبر کسی نے بھی نہیں چھوڑی ۔ وہ یہ غلطی کبھی کبھی کر لیتے ہیں کہ شلوار اتار لیتے ہیں ۔ خبردار آپ نے پھر کبھی کہا اور میں آپ کو بتا دیتا ہوں کہ اگر آپ نے پھر پٹھانوں کا نام لیا تو اس سے آپ ایسی فضا پیدا کریں گے جس سے سراسر آپ کا اپنا نقصان ہے ۔

ہم تو یہاں سب کو بھائی بھائی سمجھتے ہیں ۔ ہم یہاں پاکستانی کی حیثیت سے مختلف علاقوں کے نمائندے بن کر آئے ہیں ۔ یہاں کوئی پٹھان ، پنجابی ، سندھی یا بلوچی کا سوال نہیں ۔ ایسی بات بالکل غلط بے بنیاد اور جھوٹی ہے اور یہ کہنا کہ پٹھانوں کی یہ رسم ہے کہ وہ قرضدار مردہ کی قبر کھود لیتے ہیں ۔ غلط ہے اگر میں ایسی کوئی بات یا غلط الزام ٹوبہ ٹیک سنگھ یا گوجرہ کے متعلق کہہ دوں کہ وہاں ایسے لوگ ہیں تو آپ بھی ایسے ہی محسوس کریں گے ۔

جناب والا ۔ میں اس بحث کو لمبی نہیں کرنا چاہتا مختصراً ایک موشن move کروں گا کہ رول نمبر (۵) ۱۵۹ کے تحت بر سر اجلاس بھرے ایوان میں یہ اپنے الفاظ واپس لیں اور معافی مانگیں ۔ اگر وہ ایسا نہیں کریں گے تو جناب والا ۔ میں رول نمبر (۵)۱۵۹ کے تحت تحریک پیش کرتا ہوں کہ آپ ان کو name کر دیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں نے پہلے بھی عرض کر دیا تھا کہ میں نے ایوان میں آنے سے قبل لابی میں سابقہ سرحد کے ایک ممبر سے یہ دریافت کیا تھا کہ ہمارے علاقوں میں جو لوگ سود کا کاروبار کرتے ہیں وہ کس قبیلہ سے تعلق رکھتے ہیں ۔

وزیر مال ۔ آپ یہ نہیں کہہ سکتے کہ مجھے کسی پنجابی یا پٹھان یا سندھی نے کہا ہے ۔ کسی کے برخلاف آپ یہاں کچھ نہیں کہہ سکتے کہ وہ ایسا کاروبار کرتے ہیں ۔ (شور) آپ اس ممبر کا نام لیں کہ کس ۔ آپ سے کہا ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ مجھے کیا ضرورت ہے کہ اس کا نام لوں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ یہ بات غلط ہے کہ دو

افراد جن میں قائد ایوان بھی شامل ھیں ایوان میں اٹھ کر گفتگو کریں ۔ ایک معزز ممبر جب قائد ایوان کی باتوں کا جواب دے رھے ھیں تو آپ اطمینان سے سنیں اگر وہ آپ کی تسلی نہ کرے تو پھر آپ جو کہنا چاھیں کہیں ۔ لیکن جب دو معزز ممبر کھڑے ھو کر گفتگو کریں گے تو یہ اس ھاؤس کے وقار کے منافی ھے ۔

وزیر مال ۔ میں بھی یہی کہتا ھوں کہ ھاؤس کے ادب اور وقار کا خیال رکھنا چاھئے ۔ جس وقت حمزہ صاحب نے ایسے الفاظ کہے تھے تو اس وقت آپ نے ان کو کیوں منع نہ کیا ان کے منہ پر کیوں ھاتھ نہ رکھ دیا ۔ اب آپ الٹا ان کو support کر رھے ھیں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ آپ میرے بزرگ ھیں میں آپ کی خدمت میں عرض کر رھا ھوں کہ یہ آپ کے وقار کے خلاف ھے کہ ایک شخص بات کر رھا ھے اور آپ غور سے نہ سنیں ۔

وزیر مال ۔ آپ کا مطلب ھے کہ تمام پٹھانوں کو گالیاں ملیں اور میں چپ رھوں ۔ پھر بھی آپ کہیں کہ وقار کے خلاف ھے اس کا یہ مطلب ھے ۔ کہ آپ کہتے جائیں اور ھم ھضم کرتے جائیں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ محترم قائد ایوان ۔ آپ نے ایک بات کہی وہ اس کا جواب دے رھے ھیں آپ ان کی بات تو سنیں ۔ کیا پتہ کہ وہ الفاظ واپس لے رھے ھوں اور آپ کی بات کو تسلیم کر رھے ھوں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں نے اپنی تقریر کے جس حصہ میں وہ الفاظ استعمال کیے ھیں جن پر قائد ایوان کو اعتراض ھے انھوں نے وہ توجہ سے سنے ھی نہیں اگر سنے ھیں تو خواہ مخواہ جھگڑا پیدا کرنے کی فضا

انہوں نے خود پیدا کی ہے ۔ میرے پاس اب بھی لکھا ہوا موجود ہے ۔

جناب سپیکر ۔ ہمارے ہاں بعض سرحدی غلجی پٹھان مردہ مقروض کی قبر کھودنا شروع کر دیتے ہیں ۔ مجھے بذات خود اس بات کا علم ہے جب میں کہتا ہوں کہ بعض سرحدی غلجی پٹھان تو پٹھان ممبران ایوان اس چیز کو نہ سمجھیں کہ میں نے ان کے متعلق کہا ہے یا ایوان کے باہر بھی وہ نہ سمجھیں کہ ان کے بارے میں کہا ہے ۔ یہ بات غلط ہے میں نے اس کی وضاحت کے لیے اس کے ساتھ شرطیں لگائی ہیں ۔ ''بعض سرحدی غلجی پٹھان'' ۔ یہ لوگ پاکستان کے رہنے والے نہیں ہیں یہ کابل کے رہنے والے ہیں وہ سودی کاروبار یہاں کرتے ہیں ۔ لاہور میں دیکھیں ۔ لائل پور میں دیکھیں ۔ ان کا محض یہ کاروبار ہے کہ سود پر روپیہ دیں اور سود پر روپیہ دینا مجھے معلوم ہے کہ یہ قطعاً حرام ہے ۔ اس کے علاوہ ان کا اور کوئی کاروبار نہیں ۔

جناب سپیکر ۔ میں سمجھتا ہوں کہ قائد ایوان نے جو الفاظ استعمال کئے ہیں وہ انتہائی توہین آمیز ہیں ۔ ہتک آمیز ہیں ۔ ''شلوار اتار لیا کرتے ہیں'' ۔ یہ کیا بچوں والی بات ہے ۔ میں اس کے خلاف انتہائی سخت احتجاج کرتا ہوں ۔ میں اپنی تقریر کا آخری فقرہ عرض کرکے ان کے اس توہین آمیز الفاظ کے خلاف احتجاج کر کے واک آؤٹ کر جاؤں گا ۔

وزیر مال ۔ جناب والا ۔ میں نے موشن move کیا ہے کہ ان کو name کیا جائے ۔ He should be named آپ نے خود سنا ہے کہ انہوں نے کیا الفاظ استعمال کئے ہیں اگر وہ ان کو واپس لینے کو تیار ہیں تو بہتر ورنہ میں پھر یہ موشن move کرتا ہوں کہ He should be named

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں نے کسی معزز ممبر کے بارے میں

یہ نہیں کہا ۔ کسی معزز شہری کے متعلق نہیں کہا میں نے ان لوگوں کے بارے میں کہا ہے جو ہمارے علاقہ میں سود کا کاروبار کرتے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں قائد ایوان خواہ مخواہ یہ قصہ کھڑا کرتے ہیں انہوں نے جو suppositions کی ہیں وہ بالکل بے بنیاد ہیں ۔

مسٹر عبدالقیوم ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ اس ہاؤس کا جو اعتراض ہے وہ یہ نہیں کہ پٹھانوں کے متعلق حمزہ صاحب کو اعتراض ہے وہ سود کا کاروبار کرتے ہیں ۔ اس کا اعتراض نہیں ۔ سود کا کاروبار پاکستان میں ہوتا ہے ۔ بینک کرتے ہیں ۔ جو اعتراض ہے وہ یہ ہے کہ کوئی پٹھان قرضہ وصول کرنے کے لیے مردے کو قبر سے نکالتے ہیں ۔ اور یہ رواج ہے ۔ اب خواہ وہ پٹھان ہے کابل کا ہے یا پاکستان کا ہے کہیں کا ہے ان کے اس الزام کے متعلق ہاؤس کو اعتراض ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ میں نے کوئی بات نہیں کہی کہ کوئی پٹھانوں میں یہ رواج ہے یا مقروض مردے کو قبر سے اکھاڑ لیتے ہیں ۔ میں نے قطعاً ایسا لفظ استعمال نہیں کیا ۔ آپ کارروائی سے وہ حصہ نکلوا کر دیکھ لیں ۔ کہ جو الفاظ میں نے استعمال کیے ہیں آیا ان سے کسی کے جذبات مجروح ہوتے ہیں ۔ میں نے تو نہایت محتاط طریقہ سے وہ الفاظ استعمال کئے ہیں اب میں وہ الفاظ واپس لیتا ہوں ۔ لیکن میں عرض کروں گا کہ جو کچھ اس بارے میں انہوں نے کہا ہے وہ انتہائی نامناسب اور خلاف قاعدہ ہے ۔ ہماری حکومت کی ترمیمات ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

خان اجون خان جدون ۔ جناب چونکہ انہوں نے یہ الفاظ واپس لے لیے ہیں اس لیے ان کو اسمبلی کی proceedings سے expunge فرمانے کا حکم صادر فرمایا جائے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker. Those remarks may be expunged from the proceedings of the Assembly.

مسٹر حمزہ ۔ ہماری حکومت جس قسم کی ترمیمات ہنگامی قوانین کے ذریعہ سے کر رہی ہے میں سمجھتا ہوں کہ ان کی وجہ سے اس کا کردار آج سے ڈھائی ہزار سال پہلے کی رومن تہذیب کے دور کا جو عروج تھا اور جو رواج اور قانون تھے اسی کے قریب پہونچ گیا ہے اور اس کا کردار اتنا بھیانک ہے کہ آج بیسویں صدی میں اس کو یہ شرف حاصل ہوا ہے کہ وہ اس قسم کے ترمیمی ہنگامی قوانین اس ایوان میں پیش کرے ۔

چودھری محمد ادریس (جھنگ ۔ ۱) ۔ جناب والا۔ آج کی تقریر کے دوران ہمارے فاضل دوست مسٹر حمزہ نے تین دفعہ تلوار کا ذکر کیا ہے اس لیے میں بھی اپنی تقریر تلوار سے ہی شروع کروں گا ۔ جناب والا ۔ جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ تلوار ایک بہت ہی خطرناک ہتھیار ہے اور یہ دانستہ اور غیر دانستہ کسی وقت بھی نقصان پہنچا سکتا ہے ۔ اس لیے یہ دستور ہے اور احتیاطاً کوشش کی جاتی ہے کہ ہر تلوار کے لیے نیام کا ہونا ضروری ہے اور تلوار اور نیام لازم و ملزوم ہیں ۔ جس نوعیت کی تلوار ہوتی ہے اسی نوعیت کی نیام بھی بنائی جاتی ہے ۔ بعض تلواریں نہایت ہی غیرمعمولی نوعیت کی بنائی جاتی ہیں اور ان کی نیامیں بھی غیر معمولی نوعیت کی بنتی ہیں ۔ اس ہاؤس میں اس ملک کے ایک موقر اخبار کی زبان میں ایک شمشیر برہنہ موجود ہوتی ہے جس کے لیے لازمی طور سے ایک نیام کی ضرورت ہے ۔ یہ شمشیر برہنہ چونکہ ایک غیرمعمولی نوعیت کی ہے اس کی نیام بھی ایک غیرمعمولی نوعیت کے طریقہ سے بنائی جائے گی اور جس کے لیے دو سال کا عرصہ درکار ہوگا اور یہ انڈسٹری لا کالج میں تیار ہو سکتی ہے ۔ یہ تمہید مجھے عرض کرنے کی ضرورت اس لیے پیش آئی کہ میرے فاضل دوست مسٹر حمزہ اکثر اس قسم کے اعتراضات کرتے ہیں جن کو حقیقت سے دور کا بھی واسطہ نہیں ہوتا ۔

اگر قانون کے متعلق ان کو ذرا سا بھی knowledge ہوتا ۔ اگر وہ قانون کے background سے واقف ہوتے تو ان کی شمشیر برہنہ دو طرفہ نہ چلتی بلکہ وہ سوچ سمجھ کر اپنے اعتراضات کرتے اس آرڈیننس کے متعلق جناب والا حمزہ صاحب کی طرف سے اور اختر صاحب کی طرف سے سب سے بڑا اعتراض یہ کیا جا رہا ہے کہ ہماری حکومت نے ان افسروں کو وسیع اختیارات دے دئیے ہیں میں ان کی خدمت میں یہ عرض کرتا ہوں کہ یہ اختیارات نئے نہیں ہیں ۔

کوآپریٹو سوسائیٹز ایکٹ ۱۹۱۲ء کے قانون میں اور اس کے تحت نافذ کردہ قوانین میں بھی اس قسم کے اختیارات موجود تھے اور ان اختیارات کا ہونا نہایت ضروری ہے اس لیے کہ جیسا کہ آپ کو معلوم ہے قانون اور انصاف کے لیے دو قسم کے ادارے کام کرتے ہیں ۔ ایک وہ ادارے جو عمومی ہوتے ہیں اور دوسرے وہ ادارے جو خصوصی ہوتے ہیں عمومی اختیارات کے اداروں کو خصوصی اختیارات کے اداروں میں دخل اندازی کرنے کا اختیار ہوتا ہے ۔ اس لیے خصوصی اختیارات کے ادارے خوشی اسلوبی سے اس مقصد کے لیے جس مقصد کے لیے انہیں کام کرنے کے لیے کہا جاتا ہے کام کرتے ہیں اس لیے یہ ضروری ہو جاتا ہے کہ عمومی اختیارات کے اداروں کے حقوق کو سلب کر دیا جائے کہ وہ خصوصی اختیارات کے اداروں کے کسی فیصلہ میں دخل اندازی نہ کریں ۔ اس قسم کا قانون آج پہلی دفعہ نہیں بنایا گیا بلکہ جناب والا ۔ میں اب آپ کو کچھ پیچھے کی طرف لیجانا چاہتا ہوں ۔ ۱۹۲۲ء کا جو انکم ٹیکس ایکٹ پاس ہوا تھا ۔ اس وقت موجودہ حکومت بر سر اقتدار نہ تھی ۔ ۱۹۲۲ء کے انکم ٹیکس ایکٹ کی رو سے انکم ٹیکس کے افسران کے فیصلے خواہ کسی طرح بھی غلط ہوں سول کورٹ میں انہیں چیلنج نہیں کیا جا سکتا تھا ۔ Sea Customs Act اور Land Customs Act موجودہ حکومت کے پاس کردہ نہیں ہیں ان کے فیصلہ خواہ کتنے ہی غلط کیوں نہ ہوں اور قانون کے

خلاف کیوں نہ ہوں ان کو عدالت دیوانی میں چیلنج نہیں کیا جا سکتا ۔ اس سے تھوڑا آگے چلئے تو یہ قانون جو میرے فاضل دوستوں کے قائدین کے زمانے میں بنا تھا اس میں کیا کیا گیا ۔ ۱۹۴۹ء میں جب Administration of Evacuee Property Ordinance پاس ہوا تھا اس کے فیصلے خواہ قانون کے کتنے ہی خلاف کیوں نہ ہوں ان کو عدالت دیوانی میں چیلنج نہیں کیا جا سکتا تھا ۔ عدالت دیوانی کو اس چیز سے محروم کر دیا گیا تھا کہ وہ ان کے فیصلہ کے خلاف سماعت کرسکتی ۔ اس کے آگے آئیے ۱۹۵۶ء میں جب موجودہ حکومت برسر اقتدار نہیں تھی تو پاکستان Rehabilition Act پاس ہوا تھا جس کی رو سے جملہ فیصلے عدالت دیوانی سے محفوظ کر لیے گئے تھے ۔ ۱۹۵۸ء میں سیٹلمنٹ ایکٹ پاس ہوا تھا جس کی رو سے سیٹلمنٹ کی عدالت کے کسی فیصلے کو عدالت دیوانی میں چیلنج نہیں کیا جا سکتا تھا ۔ یہ تمام قوانین موجودہ حکومت سے پہلے نافذ کئے گئے تھے ۔ ایک قانون کا حوالہ لیکر موجودہ حکومت کو کوسنا جائز نہیں ہے ۔ اگر دیکھا جائے تو یہ قانون نہایت ہی موزوں اور نہایت ہی ضروری ہے ۔ اگر ایسا نہ کیا جاتا تو کواپریٹو سوسائیٹیز کا جو مقصد ہے اور جس کے لیے یہ ادارہ قائم ہے وہ فوت ہو جاتا اور کواپریٹو سوسائیٹیز کے افسروں کو قانون کے مطابق فیصلے کرنے میں دشواری پیش آتی ۔ ہمارے فاضل دوستوں کا یہ اعتراض کہ ان افسروں کو وسیع اختیارات دے دیے گئے ہیں جائز نہیں ہے ۔ آپ جناب والا ملاحظہ فرمائیں گے کہ ان افسروں کے صرف وہ فیصلے عدالت دیوانی سے محفوظ رہیں گے جو فیصلے قانون کے مطابق ہوں گے :

"No Court or other authority whatsoever shall have jurisdiction to entertain, or to adjudicate upon, any matter which the Provincial Government, the Registrar or his nominee, any arbitrator or liquidator, a society, a financing bank, a Cooperative bank or any other person is empowered by or under this Act, ... "

ان افسروں کے ان ہی فیصلوں کو عدالت دیوانی میں نہیں لایا جائیگا

جو فیصلے یہ افسر قانون کے مطابق کریں گے اور جونہی کواپریٹو سوسائیٹیز اور کواپریٹو بینک کا کوئی افسر کوئی فیصلہ قانون کے خلاف کرے گا تو ملک اختر صاحب اگر یہاں ہوتے تو میں ان کی خدمت میں عرض کرتا کہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ میرے فاضل دوست ملک صاحب سٹینو کی مدد سے پڑھتے ہیں جیسا کہ انہوں نے فرمایا ہے کہ میں سٹینو کی مدد سے آٹھ آٹھ گھنٹے پڑھتا ہوں میں ان کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ وہ کتابوں کی مدد سے پڑھا کریں اور رولنگ کی مدد سے پڑھا کریں - ایسے cases میں جہاں ہماری کواپریٹو سوسائیٹیز کے افسر قانون کے خلاف فیصلے کریں گے عدالت دیوانی کو اختیار ہوگا کہ وہ ان فیصلوں کے jurisdiction اور without jurisdiction کو دیکھ سکیں - یہ AIR 1940 P.C 151 میں settle ہو چکا ہے کہ exclusive اختیارات کے ادارے جونہی اپنے اختیارات سے تجاوز کریں گے یا ایسی بات کریں گے جو قانون کے خلاف ہو تو ان فیصلوں کے خلاف لازمی طور سے عدالت دیوانی میں چارہ جوئی کی جا سکے گی - اس سلسلے میں میں اپنے ہائی کورٹ کے جسٹس کیکاؤس کی ایک رولنگ جو پی - ایل - ڈی ۱۹۶۰ء لاہور کے صفحہ ۱۱۰۶ پر ہے پیش کرتا ہوں وہ فرماتے ہیں -

".. ...even in cases where there is a provision as to the exclusion of Civil Court's jurisdiction, Courts are entitled to see whether the authority concerned acted in compliance with law."

The Courts have jurisdiction to see whether the orders of the Tribunal of exclusive jurisdiction are within jurisdiction or without jurisdiction.

تو جناب والا - ان افسروں کے صرف وہی فیصلے جو یہ قانون کے مطابق اور قانون کی حدود میں رہتے ہوئے کریں گے ان کو عدالت دیوانی میں چیلنج نہیں کیا جا سکے گا - ایسے تمام فیصلے جن کا ذکر میرے فاضل دوست بار بار کرتے رہے ہیں اور وہ فیصلے جو یہ افسر اپنے اختیارات سے

تجاوز کر کے کریں گے ان فیصلوں کو دیوانی عدالتوں میں چیلنج کیا جا سکے گا۔

Minister of Law : May I request that the questi.n may now be put.

Mr. Mahmood Azam Farooqi : I want to speak cn the ordinance. I have stood up before the Law Minister.

Minister of Law : That does not make any difference whether you stood up before me.

Mr. Mahmood Azam Farooqi : That does make a difference.

Minister of Law : Mr. Farooqi, it is my rsght to make this motion at any time, at any stage.

Mr. Mahmood Azam Farooqi : Even when the Member is on his legs ?

Minister of Law : I am within n y right to exercise my right It is for the Speaker to rule me out of order. The rule permits me to speak at any time. It is for the Speaker to deny me that right ; you connot deny me that right. I have moved that the question may now be put because this ordinance was now under discussion for as long as three hours. Enough debate has taken place and so much work is still to be done. I would remind him that when he had suggested that the rule about fifteen minutes be withdrawn, we have no hesitation in agreeing to it. Let us not abuse that.

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی - ۸) - جناب سپیکر - میرا یہ خیال ہے کہ اس میں شک نہیں کہ ایوان کے کسی معزز ممبر کو ہر وقت اختیار حاصل ہے کہ وہ closure motion کی تحریک کر سکتا ہے - لیکن جب کوئی ممبر تقریر کرنے کے لئے کھڑا ہو جائے تو اس کو موقع دیا جانا چاہئیے موشن کے closure سے پہلے اور یہ بات کہ اس قانون پر تین گھنٹوں سے بحث جاری ہے کوئی وجہ جواز نہیں ہے کہ بحث کو بند کر دیا جائے - قانون بنتے ہیں ملک کے پانچ کروڑ عوام کے لئے - ان کو بڑی اہمیت ہے ان کے دور رس نتائج ہیں - اس قانون پر تین گھنٹوں کی بحث کے کیا معنی ؟ میں تو یہ کہوں گا کہ اگر اس کی ایک ایک کلاز

پر تین تین دن بھی صرف کئے جائیں ۔ تین تین دن بھی صرف ہو جائیں تو کوئی وجہ نہیں کہ یہ کہہ دیا جائے کہ وقت نہیں ہے یا یہ کہ اس پر مزید وقت صرف نہ کیا جائے ۔ میں برٹش پارلیمنٹ کی بہت سی مثالیں دے سکتا ہوں جہاں ایک ایک کلاز پر تین تین دن صرف ہوئے ہیں ۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ تین گھنٹوں کا کوئی عذر نہیں ہے ۔ یہ ایک ہنگامی قانون ہے اور یہ اپنی ذات کے اندر بہت نقائص رکھتا ہے جن پر بحث از بس ضروری ہے اگر آپ مجھے موقع دیں گے تو میں اس ہنگامی قانون پر بحث کروں گا اور بحث کو تین گھنٹوں کے بعد بند کر دینا اور پھر جب کہ نقائص اتنے اہم ہوں میں سمجھتا ہوں کہ اس کی کوئی وجہ جواز نہیں ہے ۔

Minister of Revenue : May I read rule 157, Sir, which says—

> **"At any time after a motion has been made, any Member may move that "the question be now put" and unless it appears to the Speaker that the motion is an abuse of the Rules, the Speaker shall put the motion that "the question be now put".**

اس رول کا مطلب صرف یہ ہے کہ اگر کوئی موشن ہاؤس کے سامنے پیش ہو اور اس پر کافی بحث و تمحیص ہو چکی ہو اور سپیکر صاحب کو یہ تسلی ہو کہ جو کوئی legislative measure ہے آرڈیننس ہے یا بل یا ریزولیشن ہے اس پر کافی بحث ہو چکی ہے تو اس کو پھر بند ہی کرنا چاہئیے ۔ تو اس کا مطلب یہ تو نہیں ہے کہ ایک موشن پر ایک آرڈیننس پر ہم چار دن بحث کرتے رہے ہیں ۔ کئی دفعہ ان پر تقاریر اور بحث ہو چکی ہے اور ابھی اور بھی آرڈیننس ہمارے پاس باقی ہیں اور ہمیں یہ بھی معلوم ہے کہ کتنے دن ہمارے کام کرنے کے ہیں ۔ ۲۳ تاریخ سے لے کر آج تک شائید صرف تین یا چار آرڈیننس پاس ہوئے ہیں اور اس آرڈیننس پر تو تین چار دن سے بحث مباحثہ ہو رہا ہے ۔ بحث ہو چکی ہے ۔ کوئی بات ایسی نہیں

رہ گئی (اس مرحلہ پر حمزہ صاحب کچھ کہنے کے لئے کھڑے ہوئے) آپ نہیں اٹھ سکتے as long as I am on my legs.

No you cannot talk...

Mr. Hamza : On a point of order, Sir.

Minister of Revenue : No you cannot rise on a point of order? You are not going to take the floor from me when I am on a point of order already. There cannot be a second point of order.

مسٹر حمزہ ۔ جب میں نے کہا تو انہوں نے بھی کہنا شروع کر دیا ۔

Minister of Revenue : I am on a point of order and unless this point of order is disposed of there cannot be a second point of order, and I am not giving the floor to you. He cannot take it by force.

تو میری گزارش یہ ہے کہ کافی بحث مباحثہ ہو چکا ہے ۔ یہ میرا پوائنٹ آف آرڈر ہے اور انہوں نے جو موشن پیش کیا ہے یہ بالکل بجا ہے اور اب یہ This question may be put to the House. کیا جائے putquestion یہ ہاؤس نے فیصلہ کرنا ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ میں پہلے یہ عرض کروں گا کہ قائد ایوان نے فرمایا ہے کہ چار دن سے اس قانون پر بحث ہو رہی ہے ۔ میں پھر عرض کروں گا کہ شاید عمر کی وجہ ہے آپ کو نسیان ہو رہا ہے ۔ اس پر چار دن سے بحث نہیں ہو رہی بلکہ صرف چار گھنٹوں سے بحث ہو رہی ہے ۔ میں نے پہلے عرض کیا تھا کہ اس قانون پر خاطر خواہ بحث ہونی چاہئیے ۔ اس ایوان کا بنیادی فرض قانون سازی ہے اس ایوان کو اس لئے مقرر کیا گیا ہے اور اس لئے بنایا گیا کہ پانچ کروڑ آبادی کے لئے قانون بنائے ۔ یہاں پر لوگ سینکڑوں میل چل کر اپنا کاروبار

چھوڑ کر آتے ہیں ۔ وہ یہاں قانون سازی کے لئے آتے ہیں ۔ آپ یہ پابندی نہیں لگا سکتے کہ اس قانون پر چار گھنٹے یا چار دن بحث ہوگی میں آپ کو برٹش پارلیمنٹ کی مثالیں دے سکتا ہوں کہ ایک ایک بل کے اوپر ایک ایک کلاز کے اوپر چار چار دن بحثیں ہوئی ہیں ۔ یہ کوئی وجہ جواز نہیں ہے کہ اس قانون پر چار گھنٹے بحث ہو چکی ہے تو آئندہ بحث نہیں ہوسکتی آپ کا فرض ہے آپ کو تنخواہ اس بات کی ملتی ہے کہ قانون جو بھی بنایا جائے اس پر بحث سنیں اور اس کے مطابق قانون بنائیں ۔ میں جناب سپیکر ۔ آپ سے اپیل کرتا ہوں کہ آپ کو جو اختیارات خصوصی حاصل ہیں آپ ان کو استعمال کر کے وقت دیں ایوان کے ممبران کو کہ جو تنقید کرنا چاہتے ہیں وہ کریں جس چیز پر وہ بولنا چاہتے ہوں وہ بولیں اور میں سمجھتا ہوں کہ جو ہنگامی قانون یہ لوگ بنا کر لائے ہیں یہ کوئی آسمان کی وحی نہیں ہے کہ اسے اسی طرح سے قبول کر لیا جائے ۔ ہمارا حق ہے کہ ہم اپنی بات کہیں ۔

Minister of Law : I have already made a respectful submission that the question may now be put. As I very respectfully submitted under rule 157 it is the right of any member including myself to make a motion that the question may be put, and that can be made at any time.

Mr. Mahmood Azam Farooqi : You are no a Member of this House.

Minister of Law : My request to the Speaker is that my closure motion may be disposed of.

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum) : I support the motion of the Law Minister that the question may now be put.

مسٹر حمزہ (لائیلپور - ٦) ۔ جناب سپیکر ۔ جس رول کا حوالہ دیا گیا ہے اس میں یہ پابندی واضح ہے لیکن اس بارے میں فیصلہ ایوان نے نہیں بلکہ سپیکر صاحب نے کرنا ہے ۔ جو فیصلہ کرنا ہے اس سے پہلے آپ نے جائزہ لینا

ہے کہ حکومت کی طرف سے یہ closure motion کے پیش کرنے کی جو وجوہات پیش کی گئی ہیں وہ معقول ہیں یا نہیں ۔ جناب سپیکر ۔ اس کے بارے میں میں اس سے زیادہ کیا کہہ سکتا ہوں اور اس ایوان کے لیڈر جن کو قائد کہا جاتا ہے ان کی لاعلمی کی انتہا یہ ہے کہ وہ اس ہنگامی قانون کے بارے میں ارشاد فرماتے ہیں کہ چار دنوں سے اس پر بحث ہو رہی ہے میں سمجھتا ہوں کہ ان کی closure motion جو ہے اس کی ضرورت محض اس بنا پر محسوس کی تھی کہ چار دن سے اس قانون پر بحث ہو رہی ہے لیکن ہم تو اس چیز کو نہیں مانتے ۔

Minister of Law : Is it a point of order or a lecture ?

مسٹر حمزہ ۔ میں نے جناب سپیکر ۔ جو کچھ عرض کرنا ہے میرے خیال میں اس میں مداخلت کرنے کی زحمت انہیں گوارا نہیں کرنی چاہئے ۔

Mr Senior Deputy Speaker : Is the member on a point of order ?

مسٹر حمزہ ۔ Yes Sir میں عرض کر رہا تھا کہ ہنگامی قوانین کے بارے میں رولز اینڈ ریگولیشن کے تحت جو اختیار ہے وہ سپیکر صاحب کو حاصل ہے اور سپیکر صاحب کی جو حیثیت ہے وہ پارٹی بازی سے بالا تر ہوا کرتی ہے اب آپ نے یہ دیکھنا ہے کہ قانون کے تقاضے جو ہیں وہ پورے ہوئے ہیں یا نہیں اور آیا رولز اینڈ ریگولیشن پر عمل درآمد ہو رہا ہے یا کہ نہیں ۔ یا یہ قانون جس قسم کا ہے کیا اس پر بحث کرنے کے لئے ایک مغربی پاکستان کے صوبے کی اور وہ صوبہ جس کی آبادی تقریباً پانچ کروڑ پر مشتمل ہے نمائندگی محض تین یا چار گھنٹوں میں ہو سکتی ہے ؟ میں سمجھتا ہوں کہ اس ایوان کے تمام حلقوں کی طرف سے پورے طور پر خیالات کا اظہار نہیں کیا گیا ۔

Minister of Law : Is this a point of order or a lecture ? We are

not prepared to listen to this lecture. This is abuse of the Rules of Procedure I would again request that the Member may be named.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - انہوں نے ہماری زبانوں کو بند کرنے کے لیے ایسا کیا اور ہماری نمائندہ حیثیت کو چیلنج کیا ہے - میں سمجھتا ہوں کہ اگر ہمیں اس بات پر مجبور کیا گیا کہ ہم آرڈیننس پر انگوٹھا لگا کر چلے جائیں تو اس ذلت آمیز کام کے لئے ہم قطعاً تیار نہیں ہیں -

ملک محمد اختر - جناب سپیکر - رول ۱۵۷ کا حوالہ دیا گیا ہے -

Mr. Senior Deputy Speaker : The Member may please take his seat.

Malik Muhammad Akhtar : Mr. Speaker Sir.....

Mr. Senior Deputy Speaker : Is the Member on a point of order ?

Minister of Law : Sir my motion still remains undisposed of.

Minister of Revenue : Mr. Speaker Sir.....

Malik Muhammad Akhtar : Sir I am on my legs.

Mr. Mahmood Azam Farooqi : Sir, Malik Akhtar is on a point of order.

Minister of Revenue : He was on a point of lecture.

Malik Muhammad Akhtar : I was in possession of the House before him.

وزیر مال - عرض یہ ہے کہ جو موشن move ہوا ہے اس میں دو alternatives ہیں یا تو جناب یہ فیصلہ کریں کہ وہ پوائنٹ آف آرڈر درست ہے یا یہ کہ وہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے He was on a point of lecture, a sermon and not on a point of order انہوں نے وعظ دینا شروع کر دیا - ویسے میں پوائنٹ آف آرڈر پر ہوں لیکن چلو میں ان کی خاطر ان کو باری دیتا ہوں -

Malik Muhammad Akhtar : Rule 157 of the Rules of Procedure—

"(1) At any time after a motion has been made, any Member may move that "the question be now put" and unless it appears to the Speaker that the motion is an abuse of the Rules, the Speaker shall put the motion that "the question be now put".

(2) Where a motion made under sub-rule (1) is carried, the question shall be put without amendment or debate unless the Speaker allows a Member such right of reply as he may have under these Rules."

اس لئے جناب والا ۔ یہ اب آپ نے دیکھنا ہے کہ ہمارے لاء منسٹر صاحب اختیارات کا ناجائز استعمال کر رہے ہیں اختتام بحث کی تحریک پیش ہونے کے بعد یہ آپ نے دیکھنا ہے کہ ایک محترم ممبر جب ہاؤس میں تقریر کر رہے ہیں اس وقت یہ تحریک پیش ہو سکتی ہے یا نہیں ۔ میری یہ درخواست ہے کہ آج صبح میرے استحقاق کی خلاف ورزی کی گئی ہے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : This motion is not subject to debate. The Member may please take his seat.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ یہ آپ کا پہلا دن ہے آپ اس House میں preside کر رہے ہیں اور میں یہ نہیں کہنا چاہتا مگر آپ کچھ زیادہ اس طریقہ سے اس قسم کے ruling دینے کی کوشش کر رہے ہیں جو اس ایوان کی history میں جائیں گے اور وہ اچھے precedents نہ ہونگے میں یہ آپ کو یاد دلاتا ہوں کہ جب تک فاروقی صاحب اپنی تقریر ختم نہ کریں یہ اگر move بھی کرنا چاہیں تو نہیں کر سکتے ۔

مسٹر سنیئر ڈپٹی سپیکر ۔ آپ تشریف رکھیں ۔

Minister of Basic Democracies : Is the member relevant to the point ?

Mr. Senior Deputy Speaker : No, he is not.

ملک محمد اختر ۔ آپ اس معزز ایوان میں صدارت کر رہے ہیں ۔ وہ آپ سے اس قسم کے رولنگ حاصل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں جو اس ایوان کی ہسٹری میں جائینگے اور وہ اچھی روایت نہیں ہوگی میں آپ کو یقین دلانا چاہتا ہوں کہ وہ یہ تحریک اختتام بحث پیش نہیں کر سکتے ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ چونکہ اس پر بہت زیادہ بحث ہو چکی ہے اس لئے اس پر بحث ختم کی جاتی ہے ۔

I will now put the question.

Mr. Mahmood Azam Farooqi : We walk out as a protest.

(At this stage, Members of the Opposition Party walked out).

Mr. Senior Deputy Speaker : The question is—

That the question be put.

The motion was carried.

Minister of Labour & Co-operation (Mr. Mahmood A. Haroon): Sir, during the entire debate I have been wondering whether the Speakers have been speaking on the Ordinance before them or they have been taking all the three Cooperative Ordinances to be moved and moved together. I think they have dealt with all the Ordinances that are to be moved in future also and since they have dealt with them, I hope, when they are moved there will be no reason for them to further take the time of the House because I shall be replying to all the points that have been raised by them. Right at the beginning I have been hearing that this Ordinance and these amendments have been moved to hit the poor people. Well Sir, day in and day out, these members have been claiming that the co-operative movement is full or evils, it has passed into the hands of individuals and it must be taken away from them. When we bring forth any measures to take the co-operative movement out of the clutches of these people then they shout that people are going to suffer. It has already been proved by my colleague that 90% of the loans have been taken by individuals. Rupees 38 crores are with individuals and firms on commercial loan basis. On this it is said that the officials are responsible. I wish they had studied this question very thoroughly. As far as commercial loans and individual loans are concerned, the Co-operative Department or its officers have nothing to do with the sanctioning of these loans. Neither it comes up to them nor they recommend these loans to the banks or to the Societies for the grant of the same The Managing Committee, on their own initiative, scrutinize the paplications received by them and decide whether they should or should

not give loans I do not see how they involve the officers of the Co-operative Department, the Registrar, the Assistant Registrar in these cases. Out of 50 crores of rupees only 12 crores rupees have been given to the Societies. As far as the Societies are concerned, the scheme goes to the Registrar who examines the scheme and after having examined if he feels satisfied he then recommends it to the bank. But it does not mean that just because he has recommended it, the bank must grant it. The bank further scrutinizes it and if it feels safe then it is their duty to grant the loan or to reject it as they deem fit. Therefore, at no stage is the department completely responsible for the grant of these loans. Sir, what does this particular Ordinance envisage? This Ordinance envisages that the procedure as laid down in the Co operative Act should be followed. In the law, right from the beginning, there is a procedure laid down that at no stage is a debtor ignored. If they refer to Section 54, the last portion of it, they will see that it lays down—

> "It shall be referred to the Registrar for decision by himself or his nominee or if either of the parties so desires to arbitration of three arbitrators who will be the Registrar or his nominee and two persons of whom one shall be nominated by each of the parties concerned."

That means that even the debtor and creditor both have their nominees over there to decide this issue. Further it says that we debar the civil courts. Why we debar the civil courts' jurisdiction? It is only because delays in the recoveries may not be caused but in the same clause it has been laid down—

> "Provided that if the question at issue between a Society and a claimant or between different claimants is one involving complicated questions of law and fact, the Registrar may, if he thinks fit, suspend proceedings in the matter until the question has been tried by a regular suit instituted by one of the parties or by the Society."

That means that where we feel there is a question of complicated law or the facts are complicated, the jurisdiction of courts will be there. The Registrar will allow it to go to the court. Just to say summarily that it will be decided by us is wrong. But where a debtor says that he owes certain amount and is refusing to pay it or is trying to delay it, what is the harm if we try to expedite the recovery of that amount?

Sir, they say that all this has been done to be used for political pressures. I wish that the member who has made this point, and who has just left the House, had studied the actions that have been taken during the last 6 or 8 months. Every action that has been taken against the members of this party and that shows that we are not out to politically victimize any people.

This Government has always behaved honestly towards the people and if any person is trying to delay the payment of his dues, action will be

taken irrespective of party considerations, irrespective of his position and irrespective of any other consideration whatsoever. Sir, they say that the Registrar can do what he pleases, he will have the full powers and he may misbehave himself. If they refer to Section 64 of the Act they will find that the powers of revision are there and appeals can be made for revision to the Provincial Government.

Malik Muhammad Akhtar : You are the Supreme Court...

Minister for Labour : Sir, we are not the Supreme Court. I wish the Membr would sit down and study the powers of the Supreme Court. No particular law can take away the powers of the Supreme Court. No Provincial Law can take away the right of the Supreme Court or the right of the High Court given by the Constitution This is a bogie raised that the powers are being taken away ; in fact, we have no right which will be taking away the constitutional powers of the High Court of Supreme Court.

Sir, another point that was made out, was as to why the Government was keen about this money which does not belong to the Government but to the people. Sir, I wonder what reply I should make. Does it mean that the money of the people can be taken away by a few. It should be allowed to be looted by some people and the Government should idly sit by and watch. Is that the objection ? The Government's duty is to see that the poor and the weak are protected that's what we are trying to do. Sir, all along our objective is that this Co-operative movement should become more broad-based and it should get rid of the evils existing in the past years and that the very object of it which Sir Chhotu Ram and many others wanted to achieve, should be achieved.

Sir, by these ordinances—I am taking them together because they have taken them together——no extra powers whatsoever have been granted to the Government servant. The only thing is that the law is being made more stringent for the purposes of recovery. Extreme diseases require extreme remedies. Thirty-eight crores out of 50, are not with the agriculturists or the farmers and we shall have to recover this money and help those poor people who need it more badly. Now coming to the question of Government servants, Sir, I wish to announce from this floor of the House that the Government has already decided to set up a High Powered Committee to consider the acts and actions of the Government officials, the Co-operative Department officials who were involved in any shaby deals in anything which is suspicious, and also the other officers, and they will be dealt with according to law.

With these words I now request the House to approve this ordinance.

Mr. Senior Deputy Speaker : I will now put the question :

That the Assembly do approve of the Co-operative Societies (Amendmen t)

Ordinance 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on 4th April, 1966.

The motion was carried.

THE WEST PAKISTAN COTTON CONTROL (VALIDATION OF LEVY OF FEES) ORDINANCE, 1966.

Minister for Food and Agriculture (Makhdum Hamid-ud-Din)

Sir, I beg to move :

That the Assembly do approve of the West Pakistan Cotton Control (Validation of Levy of Fees) Ordinance 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on 27th April, 1966.

Mr. Senior Deptuy Speaker : Motion moved is :

That the Assembly do approve of the West Pakistan Cotton Control (Validation of Levy of Fees) Ordinance 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on 27th April, 1966.

Malik Muhammad Akhtar : Opposed, Sir.

> Every officer of a Society, including a Co-operative bank, shall be deemed to be a public servant within the meaning of Section 21 of the Pakistan Penal Code (Act XLV of 1860).''

جناب سپیکر ۔ مجھے ان privilege اور ان باتوں کا احساس ہے ۔ جن سے کسی کے پبلک سرونٹ بنائے جانے کے بعد کسی شخص پر مقدمات بعض دوسری دفعات کے تحت بھی چلائے جاتے ہیں ۔ لیکن وہ پریولیج جن سے انہیں immune کیا گیا ہے ان سے کواپریٹو سوسائٹیز کا ہر سرونٹ immune ہو جائے گا ۔ جناب سپیکر ۔ محترم وزیر متعلقہ مجھ سے اتفاق فرمائیں گے کہ اس set up میں بے انداز بے ضابطگیاں ہوتی ہیں ۔ (قطع کلامیاں)

Mr. Speaker : Malik Sahib, let Malik Fateh Sher be attentive.

ملک محمد اختر – جناب سپیکر ۔ مجھے اس فوج ظفر موج کے متعلق عرض کرنا ہے جو کواپریٹو کے محکمہ میں ملازمین کی ہے اور افسران کی ہے جنہیں immune کر دیا ہے ۔ یہ بے وقت کی راگنی ہے ۔ اس وقت جب یہ مطلوب تھا کہ ان پر غبن کے مقدمات چلائے جاتے اور ان کو سزائیں دی جاتیں انہیں عام قانون کی دفعات سے مامون و محفوظ کر دیا گیا ہے ۔ یہ ایسا structure ہے کہ اس میں ایک سب انسپکٹر کے تحت ۵۰ سوسائٹیاں ہوتی ہیں وہ ان کی نگرانی کرتا ہے ۔ ایک انسپکٹر کے ماتحت ۴ سب انسپکٹر ہوتے ہیں یعنی وہ ۲۰۰ سوسائٹیوں کی نگرانی کرتا ہے ۔ اس طرح سے آپ ڈسٹرکٹ میں اغلباً اسسٹنٹ رجسٹرار کم از کم ۱۰۰۰ سوسائٹیوں کی نگرانی کرتا ہے ۔ اس کے بعد ڈویژن میں ڈپٹی رجسٹرار ہے پھر رجسٹرار اور جائنٹ رجسٹرار ہیں جو سارے محکمہ کی نگرانی کرتے ہیں ۔

جناب والا ۔ مجھے اعتراض نہ ہوتا بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ اس میں بڑے عہدوں پر سنٹرل سپرئر سروس کے افسران ہوتے ہیں ۔ ان تمام لوگوں کے متعلق میں ابھی اس ہاؤس میں رپورٹ پیش کروں گا کہ ہر رپورٹ میں سٹاف کو condemn کیا گیا ہے اور ہر بار کئی crises پیدا ہوئیں ہیں ۔ یہ crises پہلی بار پیدا نہیں ہوئیں بلکہ اب جو متعدد بار crises پیدا ہوئی ہیں اس کا شرف صرف موجودہ حکومت کو حاصل ہے ۔ اب یہ بات انتہا کو اور climax کو پہنچ چکی ہے ۔ اب ایٹم بم کا زمانہ ہے اور ہر چیز میں انتہا آ گئی ہے ۔ اور irregularities بھی تو انتہا سے بھی آگے بڑھ گئی ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ میں تفصیل میں نہیں جاتا بلکہ میں اپنی تقریر کو جلدی ختم کرنا چاہتا ہوں ۔

میکلیگن رپورٹ ۱۹۱۴ء رائل کمیشن آف ایگریکلچر ۱۹۲۸ء مسٹر ایف ڈی ویز کی رپورٹ جو انہوں نے ۱۹۳۹ء میں لکھی تھی اور مسٹر آئی یو خان صاحب کی ۱۹۵۱ء سے ۱۹۵۵ء تک کی کمشن رپورٹ میں یعنی ان تمام رپورٹوں میں سٹاف کے متعلق constructive قسم کے ریمارک دئے گئے ھیں یعنی یہ کہ سٹاف میں اصلاح کی ضرورت ھے ۔

جناب سپیکر ۔ میں یہ گذارش کرتا ھوں کہ ان رپورٹوں میں بعض خدشات کا اظہار بھی کر دیا گیا تھا یہاں میں ان کا ذکر نہیں کروں گا بلکہ تفصیل سے تیسرے آرڈیننس پر عرض کروں گا ۔ ان reports کا relevant portion میرے پاس موجود ھے ۔ ان میں suggest کیا گیا ھے کہ یہ رجسٹرار کے پاس ایک چیف آڈیٹر ھے جس کا یہ function ھے کہ وہ تمام accounts کو آڈٹ کرے اور یہ چیف آڈیٹر دوسرے آڈیٹرز کی مدد سے جو محکمہ میں ھیں اور ایسے آڈیٹرز کی مدد سے جو وہ باھر سے حاصل کرتا ھے accounts کو آڈٹ کرتا ھے ۔ بلکہ ان کے متعلق بھی یہ recommend کیا گیا ھے کہ یہ بالکل ایسے آڈیٹرز ھونے چاھئیں جو مستقل ملازم نہ ھوں ۔ بلکہ باھر کی ایک ایجنسی ھو تاکہ وہ صحیح طور پر محاسبہ کر سکیں ۔ ایک بار یہ بھی ھوا کہ باھر سے آڈیٹرز مقرر کئے گئے اور یہ جو amalgamation تھی اسے ختم کیا گیا لیکن خدا جانے وہ کون سی مصلحتیں تھیں کہ اس محکمہ کے آڈیٹرز کو دوسرے سٹاف کے ساتھ پھر amalgamate کر دیا ۔

جناب سپیکر ۔ برائی کی اصل وجہ یہ ھے کہ محاسبہ نہ ھوا اور اس کے نہ ھونے کے ذمہ دار یہ افسران ھیں جن کو آپ مزید protect کر رھے ھیں ۔ مجھے ان افسران کے خلاف ایک اور شکایت ھے اور وہ یہ ھے کہ ۱۹۶۰-۸-۱۵ء کو اگر میں غلطی نہیں کر رھا تو ایسی ایک legislation

کی گئی تھی جس میں کچھ دفعات کا اضافہ کیا گیا تھا۔ سزائیں دینی مطلوب تھیں اور اس کے تحت ۲۰ فیصدی قرضہ جات کی recovery ۱۹۶۱-۶۲-۱۵ع تک ہونی تھی یعنی ۱۹۶۱-۶۲-۱۵ع تک جتنے بھی loans تھے ان کو secure کرنا مقصود تھا۔

اس کے بعد مجھے گذارش کرنا ہے کہ وہ تمام اعداد و شمار اور facts and figures وزیر متعلقہ اس ہاؤس میں پیش کریں کہ اس قانون کے نفاذ کے بعد ان افسران نے کیا نتائج برآمد کئے۔ آج جنہیں مطلق العنان اور ہٹلر کہا جاتا ہے جو لوگوں کی امانتیں ضائع کر دینے والے لوگ ہیں انہیں اس محاسبہ کا انچارج بنا دیا گیا ہے۔

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو)۔ کیا ہٹلر کوآپریٹو ڈیپارٹمنٹ کا افسر تھا ؟

ملک محمد اختر—جناب اس کا ضمیر تھا۔ یہاں تو غریبوں کے ساتھ کوآپریٹو کا لبادہ اوڑھ کر جو کچھ کیا گیا ہے وہ اس سے کہیں زیادہ ہے۔ ہٹلر ایک اونچا آدمی تھا۔ آپ نے بلا وجہ اس کا نام لے لیا ہے اور وہ criticism میں آ گیا ہے۔

وزیر بنیادی جمہوریت—آپ کی یاد داشت شاید کمزور ہے۔ آپ نے خود اس کا نام لیا تھا۔

Mr. Speaker : Mr. Akhtar, please be precise.

ملک محمد اختر—جناب۔ یہ چھوٹے ڈکٹیٹر خائن ہیں بد دیانت ہیں یہی اس بد دیانتی کے ذمہ دار ہیں۔

Mr. Mahmood Azam Farooqi : Sir there is no quorum in the House.

Mr. Speaker : The House is not in quorum, let the bells be rung. (*bells were rung*) The House is now in quorum. Yes, Malik Muhammad Akhtar.

ملک محمد اختر—جناب سپیکر ۔ اب میں ان تمام رپورٹوں میں سے جن کا ذکر میں نے اپنی تقریر کے آغاز میں کیا تھا آئی یو خان صاحب کی رپورٹ کا ایک پیرا پڑھ کر سناتا ہوں ۔

"Loans are advanced by central banks on the application....."

Mr. Speaker : No discussion about loans ; please be precise. You have sufficiently made out your point, and now you should be precise and brief.

ملک محمد اختر—جناب سپیکر ۔ پھر میں سیکشن ۳ کیطرف آتا ہوں سیکشن ۲ے کا کچھ حصہ میں نے پڑھ دیا ہے جو (۱) (۲) (۳) تھا اور جو اس سے پہلے بھی قانون میں موجود تھا اور جسکی شمولیت ے جولائی ۱۹۶۵ء کو کیگئی تھی۔ اس سیکشن کے بعد یہ جوسب سیکشن (۴) لایا گیا ہے کچھ مجھے اسمیں سے پڑھنا ہوگا ۔ اس سے پہلے کا حصہ کل میں ایوان میں پڑھ چکا ہوں ۔

"(4) The repeal of the Acts specified in sub-section (1), hereinafter referred to as the repealed Acts, shall not—

(a) revive anything not in force or existing at the time at which the repeal takes effect ; or

(b) affect the previous operation of the repealed Acts or anything duly done or suffered thereunder ; or ....."

جناب والا ۔ ے جولائی ۱۹۶۵ع کو اس قانون کے نفاذ کرتے وقت اس سیکشن کو اس سیکشن کے ساتھ رکھنا چاہئے تھا اور جو دفعات repeal کیگئی تھیں انکے effects کو continued رکھنا چاہئے تھا میرے بڑے بھائی لا منسٹر صاحب مجھ سے بہت خفا ہیں وہ آئیں اور مجھے اس omission کا جواب دیں کہ اسوقت یہ repealing سیکشن جو تھا اسمیں انہوں نےان provisions کو کیوں شامل نہیں کیا ۔ اور آج انکو شامل کرنے کیلئے اس سیکشن تین میں یہ کہا گیا ہے ۔

Now, kindly see Section 3 of the Ordinance which says :

"In Section 72 of the said Act, after sub-section (3), the following sub-sections shall be added and shall be deemed to have been so added with effect from 30th April, 1965 : —".

جناب والا۔ retrospective effect کے ساتھ ان provisions کو continue کرنا wilful negligence ہے ۔ ۳۰ اپریل ۱۹۶۵ء سے اس آرڈیننس کے نافذ کرنے پر مجھے قانونی اعتراض نہیں ہے لیکن اس خامی پر کہ جسکے باعث یہ provision اسوقت نہیں کیا گیا اعتراض ہے اور اسکی کیا وجہ جواز ہے۔

جناب سپیکر ۔ آگے دیکھئے (سی) میں یہ ہے ۔

"(c) affect any right, privilege, obligation or liability acquired, accrued or incurred under the repealed Acts..."

Now, kindly see sub-section (e) which reads—

"(e) affect any investigation, legal proceeding or remedy in respect of any such right, privilege, obligation, liability, penalty, forfeiture, or punishment as aforesaid, and any such investigation, legal proceeding or remedy may be instituted, continued or enforced. and any such penalty or forfeiture or punishment may be imposed as if this Act had not been passed."

اور کافی آگے (ای) میں زیادہ ضروری بات ہے ۔

جناب والا ۔ میں ڈرتے ڈرتے آپ سے مودبانہ گزارش کرتا ہوں کہ ہمارے اس لامنسٹر کو اس قانون کا کیا credit ملیگا جبکہ ایمر جنسی withdraw ہوگی تو رول نمبر ۴ سے inconsistent ہو کر یہ قانون خود بخود ختم ہو جائیگا ۔ آج تو ہمارے Fundamental Rights suspended ہیں ۔

رانا پھول محمد خان—پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ میں آپ کی وساطت سے اپنے محترم بھائی سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ "اسلام منسٹر صاحب" سے انکی کیا مراد ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو) - انہوں نے اس لا منسٹر صاحب کہا ہے -

ملک محمد اختر—جناب سپیکر - ہمارے ان قوانین پر یہ title ہونا چاہئے -

That they shall be in force till the emergency in the country.

میری سمجھ میں نہیں آتا کہ یہ کیا لیجسلیشن ہے اور یہ کیا لا ڈیپارٹمنٹ ہے اور لوگ یہ کیا کر رہے ہیں - یا انکی بے بسی ہے -

بیگم زاہدہ خلیق الزمان—یہ آپ کی سمجھ سے بالا تر ہے -

(قہقہہ)

ملک محمد اختر—جناب سپیکر - یہ provision بھی Fundamental Rights سے inconsistent ہے - ہماری بدنصیبی ہے اگر چار روز قبل ایمرجنسی کو ہٹا لیا گیا ہوتا تو اس آرڈیننسوں کا کیا حشر ہوتا - جناب سپیکر - اب میں سب سیکشن ۵ کیطرف آتا ہوں -

"Any person who immediately berore the coming into force of the Sind Co-operative....."

Sorry, Sir. This is regarding appointment and I have no objection to it.

آپ انہیں ہدایات جاری کریں اگر publicly نہیں تو انہیں بلا کر سمجھائیں کہ یہ جو قانون سازی ہے یا آرڈیننس سازی ہے اور اس فیکٹری کے جو منیجر ہیں وہ ان چیزوں کو check کریں - میں اپنے متعلق کچھ claim تو نہیں کر سکتا لیکن میرا صرف اتنا قصور ہے کہ میں پڑھتا ضرور ہوں-

وزیر بنیادی جمہوریت—میری دعا ہے کہ آپ انکو پوری طرح سمجھیں اور آپ اسکے قابل ہوجائیں -

ملک محمد اختر—میں انکو بغور دیکھتا ہوں ۔ میں ان میں نقص پاتا ہوں ۔ میں غلط انگریزی پاتا ہوں ۔ میں phrases کو غلط پاتا ہوں اور میں انکو constitution سے inconsistent پاتا ہوں اور پھر میرے ساتھ جو یہاں سلوک کیا جاتا ہے وہ سب کے سامنے ہے ۔

جناب والا ۔ میرا اس پرپوائنٹ آف آرڈر تھا چونکہ آپ اس پر رولنگ دے چکے ہیں ۔ اسمیں یہ لکھا ہوا ہے کہ یہ اسوقت تک نافذالعمل رہیگا جب تک کہ ہمارے rights suspended ہیں ۔ تو مجھے اس قانون سازی پر سخت تعجب ہے حیرت ہے اور افسوس ہے جو ہمارے سامنے لائی جا رہی ہے اور جسکا ہم آرٹیکل ۷۰ کے تحت full stop اور comma بھی نہیں بدل سکتے ۔

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak (Kohat II) : Mr. Speaker, Sir, I think it would not be fair if some of the acts of the Ministers, that are worthy commendation, should escape the notice of some of the Independent Members. I feel, Sir, that the Cooperative Movement is the only Movement which, I see, would ultimately save those countries which do not subscribe to the totalitarian ideologies. There is a story somewhere in Bannu Tahsil or D.I.K. that once there were some floods and an Inspector was going there. He was wondering how to cross the muddy water when a person standing there came to him and asked him whether he intended to go across. The Inspector replied in the affirmative and the man offered to carry across the Inspector on his back. As they were in the mid-way the man asked the Inspector as to who he was. He replied that he was an Inspector. The man again asked, "Inspector of what ?". He replied that he was Inspector of Co-operative Societies and the man threw him down in the mud. By narrating this story what I wanted to say is that the Officers of the beneficient departments of the Government have got no privileges. As a matter of fact they are not generally looked upon from amongst the class which is commonly attributed as the "Officers' Class". Therefore, I feel that the Cooperative Movement needs the support of all right-thinking people and this Movement cannot succeed if the officers of this department are not given protection which the officers of other depatments enjoy.

I really would like to congratulate the Minister for bringing into prominance some of the weaknesses of such departments which deserve the full support of this House so that when our transition comes, and that transition I feel must come from the capitalistic society to the society where we shall be partners in all these big industries, it must come through the Cooperative Department and it will not come if we don't give protection to the officers of that department. Sir, with these remarks I would like to support what the Minister has proposed.

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی - ۸) - جناب والا - یہ ہنگامی قانون جو ہمارے سامنے اس وقت توثیق کے لئے اس ایوان میں پیش ہے یہ اپنے خاندان کا ساتواں قانون ہے -

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو) — pedigree خوب یاد رکھی آپ نے -

مسٹر محمود اعظم فاروقی—آپ ذرا صبر سے سنیں آپ کی تعریف کر رہا ہوں - میں عرض کر رہا تھا کہ یہ اپنے خاندان کا ساتواں قانون ہے - پہلا قانون کوآپریٹو کریڈٹ سوسائیٹیز ایکٹ ۱۹۰۴ کا - دوسرا قانون کوآپریٹو سوسائیٹیز ایکٹ ۱۹۱۲ کا - تیسرا قانون بمبئی کوآپریٹو سوسائیٹیز ایکٹ ۱۹۲۵ کا اور چوتھا قانون کوآپریٹو سندھ سوسائیٹیز ایکٹ ۱۹۲۵ کا - اور اس کے بعد جب آپ نے اضافہ کرنا شروع کیا تو ۳۰ اپریل سن ۱۹۶۵ کو آپ نے آرڈیننس نمبر ۷ کے ذریعے سے اس قانون کو consolidate کرنے کی کوشش کی اور ملک کے سارے حصے پر اس کو لاگو کیا -

وزیر بنیادی جمہوریت—کیا فاضل ممبر سارے خاندان کی مخالفت کرنے پر اترے ہیں ؟

مسٹر محمود اعظم فاروقی—تو پھر ۱۲ اپریل کو ایک اور آرڈیننس اس حکومت نے نافذ کیا جو نمبر ۱۲ تھا اور اس میں ترمیم کی

گئی اور آخری بار یہ دوسرا ترمیمی ہنگامی قانون جو ہمارے سامنے زیر غور ہے یہ ۲۴ اپریل کو نافذ ہوا تھا ۔ میں نے یہ ساری تاریخیں اس معزز ایوان میں معزز اراکین کے سامنے اس لئے بیان کی ہیں تاکہ آپ اندازہ کر سکیں کہ کوآپریٹو سوسائیٹیز کی تحریک کے نظم و ضوابط کو قائم رکھنے کے لئے دور غلامی میں انگریزی حکومت نے جو قانون ۱۹۰۴ء، ۱۹۱۲ء اور ۱۹۲۵ء میں بنائے وہ تقریباً پندرہ بیس سال تک اس برصغیر میں چلتے رہے اور ان میں کسی ترمیم کی ضرورت پیش نہ آئی ۔ آپ نے ترامیم کا آغاز ۳۰ اپریل سن ۱۹۶۵ سے کیا اور اسی ایک سال کے عرصہ میں آپ نے تین دفعہ اس قانون میں ترمیم کرنے کی ضرورت محسوس کی مزید برآں ایک اور قانون اسی خاندان کا آگے آنیوالا ہے ۔ میں اس سے جو بات واضح کرنی چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ آپ کے نوکر شاہی کے عملے کی نااہلی ہے ۔

ملک محمد اختر—جناب سپیکر ۔ میری تجویز ہے کہ اس قانون سازی کو فیملی پلاننگ کے سپرد کر دیا جائے ۔ (قہقہہ)

مسٹر محمود اعظم فاروقی—میں ان تاریخ کے حوالوں سے جو بات عرض کرنی چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ قانون میں تیزی کیساتھ روزانہ تبدیلیاں بغیر عاقبت اندیشی کے اور بغیر مستقبل کے مراحل کو سوچے ہوئے کیوں ہو رہی ہے ان چیزوں کی وجہ آپ کے عملے کی نااہلی ہے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ عملہ وہی ہے آئی سی ایس افسران ہیں جو زیادہ تر سیکریٹری لگے ہوئے ہیں اور اسی قوم کے لوگ ہیں جو آج دفاتر کام میں کر رہے ہیں اور جو برصغیر کی تقسیم سے پہلے بھی دفاتر میں کام کر رہے تھے کیا وجہ ہے کہ جب انگریزوں کے تحت وہ کام کر رہے تھے تو ان کے اندر اتنی اہلیت تھی اور صلاحیت تھی کہ وہ ایک قانون

بناتے وقت اس کے آگے کے مراحل کو سوچتے تھے تاکہ وہ قانون کو صحیح طریقہ سے مرتب کر سکیں مگر وہی کام وہ آج نہیں کر سکتے ۔ اس کی وجہ سوائے اس کے اور کچھ نہیں ہے کہ ان افسران کو حکومت اپنے سیاسی مقاصد کے لئے استعمال کرتی ہے ۔ آپ نے خود ان کو نا اہل بنا دیا ہے ۔ ان کے کندھوں پر آپ کا تخت حکومت آراستہ ہے ۔ اگر یہ کندھے نیچے سے ہٹ جائیں تو آپ کو معلوم ہوگا کہ شہر میں غالب کی آبرو کیا ہے ۔ تو یہ افسران جن کو آپ سیاسی مقاصد کے لئے استعمال کر رہے ہیں وہ اتنے نا اہل ہو گئے ہیں کہ ایک قانون ۱۲ اپریل کو بناتے ہیں اور پھر ۲۴ اپریل کو یعنی ۱۲ دن بعد پتہ چلتا ہے کہ پہلے ترمیم جو کی گئی تھی وہ ناقص رہ گئی تھی اور ایک مزید ترمیم کی ضرورت ہے ۔ اس ترمیم سے آپ نے صرف دو شقوں کا اضافہ کیا ہے ۔ ایک تو سرکاری ملازمین کی صف میں آپ نے سوسائیٹیز اور کوآپریٹو بینک کے ملازمین کو لے جا کر کھڑا کیا ہے میں آپ کو یاد دلانا چاہتا ہوں کہ کل اسی ایوان میں کسی وزیر محترم نے یہ فرمایا تھا کہ آرڈیننس ۱۲ اپریل کا اس لئے نافذ کیا گیا بلکہ اسے اس لئے نافذ کرنا پڑا کہ سوسائیٹیوں کا تقریباً چالیس یا پچاس کروڑ روپیہ مختلف لوگوں کے ذمہ بقایا ہے ۔ میں پوچھتا ہوں کہ یہ پچاس کروڑ روپیہ کس طرح بقایا کی رقم میں شامل ہوا ۔ اس میں کن لوگوں کا ہاتھ تھا ۔ آپ کے افسران حکومت اور ان سوسائیٹیوں کے افسران اور ان بینکوں کے افسران نے اپنے ذاتی منفعت کی خاطر بغیر securities حاصل کئے بغیر ضمانتیں حاصل کئے اور بغیر شہادتیں حاصل کئے لوگوں کو قرضے دیئے اور دے رہے ہیں ۔ قوم کا ۵۰ کروڑ روپیہ چند افراد ۔ چند خاندانوں کے استعمال میں آرہا ہے ان پر خرچ ہو رہا ہے اور سوسائیٹیز اس روپیہ کو وصول نہیں کر سکتیں

مین آپ سے پوچھتا ہوں کہ اگر آپ کے انسران اتنے نااہل تھے کہ اتنے عرصہ تک وہ یہ رقومات دیتے رہے اور انہیں وصول کرنے کی ضرورت محسوس نہیں کی تو آپ کا ان کو مزید تحفظات دینا مزید immunity دینا کہ وہ سرکاری ملازمین کی صف میں کھڑے کر دیئے جائیں اس کی کیا وجہ ہے ؟ آپ کہیں گے کہ سرکاری ملازمین کی صف میں کھڑا کرنے سے کوئی مراعات حاصل نہیں ہوتیں لیکن میں پوچھوں گا کہ اگر مراعات حاصل نہیں ہوتیں تو پھر اس دفعہ کی ضرورت کیا تھی - اس دفعہ کا اس کے اندر آنا اس بات کی شہادت ہے - اس بات کا کھلا ثبوت ہے کہ آپ انہیں وہ مراعات جو انہیں پہلے حاصل نہ تھیں اب آپ ان کو وہ دینا چاہتے ہیں - سرکاری ملازمین اپنی تمام خرابیوں کے باوجود ایک ضابطے کے پابند ہوتے ہیں - Govt. Servants Conduct Rules اور دوسرے ضابطے جو ہوتے ہیں وہ ان کو نظم و ضبط میں رکھنے کے لئے ہوتے ہیں مگر قانون ان کو تحفظات بھی دیتا ہے اور وہ ان تحفظات کے حاصل کرنے میں حق بجانب بھی قرار دیئے جا سکتے ہیں - حکومت کسی خاص ملازمت کے لئے پبلک سروس کمشن کے ذریعے انٹرویو کرکے چھان بین کرکے ان لوگوں کو مقرر کرتی ہے اور ان کے نظم و ضبط کو قائم رکھنے کے لئے قوانین مرتب کرتی ہے پھر ان کو تحفظات حاصل ہوں تو بات سمجھ میں آتی ہے لیکن یہ دوسرے غیر سرکاری یا نیم سرکاری بلکہ بالکل نجی ادارے جو ہیں (سوسائیٹیوں اور کوآپریٹو بینکوں کے یہ سب ادارے تقریباً نجی ہوتے ہیں) ان کے ملازمین کے employers یا ڈائریکٹرز کسی خاص discrimination کے ساتھ ان کی خدمات حاصل نہیں کرتے بلکہ ان کی رشتہ داریوں کے دباؤ کی وجہ سے ان کی خدمات حاصل کی جاتی ہیں اور انہیں ان کو ان اداروں میں

مقرر کیا جاتا ہے ۔ ان کے اندر وہ احساس ذمہ داری نہیں ہوتا جو کہ سرکاری ملازمین کے اندر ہوتا ہے کیونکہ سرکاری ملازمین کے conduct کو نظم و ضبط میں رکھنے کے لئے قوانین ہوتے ہیں تو پھر ان کو ان کی صف میں لا کر کھڑا کرنے کے کیا معنی ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس کا مقصد یہ ہے جو آپ بھی سمجھ رہے ہونگے کہ صرف سرکاری ملازمین کے ذریعے سے ان سوسائیٹیوں سے آپ وہ استفادہ نہیں کر سکتے جو آپ خود حاصل کرنا چاہتے ہیں یا جو وہ اپنے احباب یا دوستوں کو دلوانا چاہتے ہیں اس لئے آپ نے ضرورت محسوس کی کہ ان سوسائیٹیوں میں کام کرنے والے وہ لوگ جو براہ راست اس سے متعلق ہیں ان کو تحفظ دیکر انہیں اپنے قابو میں کیا جائے تاکہ آپ پوری طرح ان سے استفادہ حاصل کر سکیں ۔ پھر آپ نے ۳۰ اپریل سن ۱۹۶۵ کو جو آرڈیننس نافذ کیا تھا اس کے متعلق ملک محمد اختر صاحب نے صحیح طور پر متوجہ کیا کہ آپ نے اس کے اندر saving clause معقول نہیں رکھا تھا ۔ آخر کیا وجہ تھی کہ اس وقت آپ ان تمام چیزوں کو save نہ کر سکے جس کے لئے آپ کو آج ضرورت پیش آئی اور آج پھر آپ کو ہنگامی قانون پیش کرکے اس ایوان کا وقت ضائع کرنا پڑا ۔ اس ایوان کی کارروائی میں شرکت کے لئے لوگ بڑی دور دور سے آتے ہیں ۔ حکومت کی کثیر رقم اس کے ایک ایک دن اور ایک ایک لمحے پر صرف ہوتی ہے۔ ۳۰ اپریل ۱۹۶۵ء کو جو آرڈیننس جاری کیا گیا تھا یہ اس وقت کے وزیر صاحب کی ذمہ داری تھی کہ وہ اس میں وہ ترمیم بھی شامل کر لیتے جو ۱۲ اپریل کے آرڈیننس کے ذریعہ کی گئی تھی اگر ایسا نہیں ہوا تو یہ آپ کی نااہلی ہے موجودہ وزیر صاحب تو اس وقت وزیر نہ تھے ۔ یہ اس وزیر کی نااہلی ہے جو ان دنوں اس محکمہ کا انچارج تھا جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا ہے

۱۲ اپریل ۱۹۶۶ع کو اس قانون میں ایک ترمیم نافذ ہوئی ہے پھر ۲۴ اپریل کو جب آپ نے ترمیم کی ضرورت محسوس کی ہے آپ کو یہ خیال کیوں نہ آیا کہ ۱۲ اپریل کی ترمیم بالکل ناکافی تھی - ۱۲ اپریل کی ترمیم سوائے اس کے کچھ نہ تھی کہ عوام کو یعنی قرضداروں کو قرضخواہوں کے خلاف عدالتی اداروں میں جانے سے روکا جائے - آپ نے ۱۲ اپریل کو عدالتوں کے دروازے ان لوگوں کے لئے بالکل بند کر دیئے جو حصول انصاف کے لئے وہاں جانا چاہتے تھے - ۲۴ اپریل کو پھر قانون نافذ کرنے کی ضرورت ہوئی - اور آپ آج ۱۲ اپریل کے آرڈیننس میں بھی ترمیم کرتے ہیں - میں آپ سے یہ توقع رکھتا ہوں کہ آپ ایک اور آرڈیننس یا بل لا کر ۱۲ اپریل کے نافذالعمل آرڈیننس کی اس دفعہ کو جس کے ذریعہ کوآپریٹو سوسائٹیوں کے ملازموں کو سرکاری ملازموں کا درجہ دیا گیا ہے قانون کی کتاب سے خارج کر دیں گے اگر آپ ایسا کریں گے تو عوام آپ کے مشکور ہوں گے -

خان محمد یوسف خان (راولپنڈی - ۲)—جناب سپیکر - مجھے ان تقریروں سے تحریک ہوئی ہے کہ میں بھی اپنی کچھ معروضات یہاں پیش کروں جہاں تک کوآپریٹو تحریک کا تعلق ہے مجھے ۲۵ سال سے اس تحریک سے وابستگی حاصل ہے - میں سمجھتا ہوں جیسا کہ ابھی ابھی میرے فاضل دوست خٹک صاحب نے ارشاد فرمایا ہے کہ جتنے محکمہ جات ہیں ان میں سے کوآپریٹو کے افسران کو افسر نہیں سمجھا جاتا - میں سمجھتا ہوں کہ یہ ان کی نیک نامی ہے کہ یہ افسر نہیں بلکہ ان کا mission یہ ہے کہ امور ملک کا مفاد اس میں ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ کام کریں -

مسٹر حمزہ—پوائنٹ آف آرڈر جناب ۔ ایوان میں کورم نہیں ۔

Mr. Speaker : Let there be a count (*count was taken*). The House is not in quorum, Let the bells be rung (*bells were rung*). The House is now in quorum. Yes, Khan Sahib.

خان محمد یوسف خان—جناب والا ۔ میں عرض کر رہا تھا کہ اس لحاظ سے یہ مستحسن امر ہے کہ اس محکمہ کے کارکنوں کو افسر نہیں سمجھا جاتا ۔ اگر پبلک کے اندر یہ جذبہ پیدا ہو جائے کہ یہ ہمارے خدمت گزار ہیں اور ان کا کام ایسا اچھا کام ہے جس کی بنا پر ہماری اقتصادی پوزیشن بہتر ہوگی اور عملی زندگی میں ہمیں مالی پریشانیوں سے نجات ہوگی اور ہمارے دکھ اور تکلیف میں کمی ہوگی تو وہ ان کا احترام کریں گے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ جن اصحاب کو ان لوگوں کے ساتھ کام کا واسطہ پڑا ہے وہ واقعتاً ان کا احترام کرتے ہیں اس نقطہ نظر سے نہیں کہ وہ افسر ہیں بلکہ اس کے لئے کہ ان کا کام مستحسن ہے ۔

لیکن ایک سوال پیدا ہوا ہے جس کی وجہ سے میں سمجھتا ہوں ۔ عوام‌الناس پر اس ایوان سے باہر اور ہمارے ممبر صاحبان پر ایوان کے اندر گہرا اثر ہوا ہے اور وہ یہ ہے کہ پچاس کروڑ روپے ان سوسائٹیوں کے باہر ہیں اور یہ کوئی بھیانک صورت حال ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ بات غلط ہے اس بات کو سمجھنے کی ضرورت ہے کہ دیہات میں اور شہروں میں مختلف ناموں کی کوآپریٹو سوسائٹیاں کام کرتی ہیں ۔ اور ان تمام کا کام روپے سے چلتا ہے ۔ روپے کا لین دین ان تمام سوسائٹیوں کے اندر موجود ہے۔ اسی طرح ان کوآپریٹو بنکوں کے اندر بھی روپے کا لین دین ہے ۔ اگر ان کی تعداد کا اندازہ کیا جائے تو ہزاروں کی تعداد میں یہ سوسائٹیاں اور سینکڑوں کی تعداد میں یہ بنک ہیں ۔ ان حالات میں اگر ۵۰ کروڑ روپیہ ان کا بصورت

قرضہ جات باھر ھے تو یہ کوئی خوفناک صورت حال نہیں ھے ۔ کسی ایک بنک کو آپ لے لیں ۔ حبیب بنک ھے ، یونائٹیڈ بنک ھے ، نیشنل بنک آف پاکستان ھے یا سٹیٹ بنک ھے ان کے اربوں روپے باھر ھیں ۔ اس سے یہ اندازہ لگا لینا کہ شاید ان اداروں کے کارکن یا عملہ نااھل تھا یا ان کے افسران یا ملازمین تمام کے تمام بد دیانت تھے اور یہ روپیہ ضائع ھوا ھے یہ قطعاً غلط ھے ۔

میرا مقصد اس سے یہ ھے کہ ان سوسائٹیوں کے افسروں کا کام یہ تھا کہ وہ اپنی تمام تر توجہ اپنی سوسائٹیوں کی طرف دیں ۔ ان غربا کو، ان افراد کو جو چھوٹے کاروباری لوگ ھیں یا چھوٹے زمیندار ھیں جو بڑے بڑے قرضے حاصل نہیں کر سکتے ۔ ان کی اقتصادی حالت کو بہتر بنائیں اور اپنا تمام تر روپیہ ان کے اندر خرچ کریں ۔ جب پاکستان بنا تو ھمارے ملک کے اندر کوئی بنک موجود نہ تھے ۔ اس وقت ضرورت محسوس کی گئی ان سوسائٹیوں کی تاکہ اقتصادی خلا کو پر کر دیا جائے ۔ اس وقت ابھی تک ھم میں سے اکثر نے کاروبار کو سمجھا بھی نہ تھا اس لئے انہوں نے غلطیاں بھی کیں ۔ اور انہیں نقصان بھی ھوا ۔ اب صورت حال ملک کی ایسی ھے کہ لازماً یہ سوچنا پڑتا ھے کہ روپے کی واپسی ھو ۔ اس نقطہ نظر سے اور ان باتوں کو مدنظر رکھتے ھوئے یہ تمام آرڈیننس لائے گئے ھیں ۔ ایک آرڈ یننس پاس ھو چکا ھے ۔ بقایا یہاں پیش ھونے والے ھیں ۔ ایک زیر بحث ھے ۔

جناب والا ۔ اگر محکمہ کوآپریٹو کے اندر ان افراد کو جو ذمہ دار ھیں ان کو پبلک سرونٹ قرار دیا گیا ھے تو اس کا مقصد یہ نہیں کہ ان کے کسی مرتبہ یا عہدہ میں اضافہ کیا گیا ھے ۔ بلکہ اس سے ان کو ذمہ داری

کا احساس دلانا مقصود ہے ۔ پہلے بھی ان کے فرض منصبی میں تھا کہ وہ سوسائٹیوں کا روپیہ پوری طرح سے خرچ کریں جیسے عام آدمی اپنی قابلیت یا استطاعت یا عقل یا فہم کے مطابق جائز امور پر اپنا روپیہ خرچ کرتا ہے اسی طرح ان سوسائٹیوں کے افسران سے بھی یہی توقع رکھی جاتی ہے اور اگر وہ ایسا نہ کریں تو ان کے خلاف کارروائی کی جا سکتی ہے ۔ موجودہ ترمیم ان کو اس بارہ میں زیادہ محتاط کرنے کے لئے لائی گئی ہے ۔ اگر اب وہ پبلک سرونٹ ہونے کی حیثیت سے کسی بری نیت سے یا بد نیتی سے کوئی کام کریں گے تو دفعہ ۹۰ م کے جرم کے مرتکب ہونگے ۔ ان کی عزت میں اضافہ کے لئے نہیں بلکہ عوام کو محفوظ کرنے کے لئے قانون کی یہ شق رکھی گئی ہے ۔ میرے فاضل دوست نے ابھی یہاں فرمایا ہے کہ اس قدر روپیہ چلا گیا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ روپے کو محفوظ کرنے کے لئے یہ تمام ترطریقہ کار اختیار کیا گیا ہے ۔ اور جو تحفظات ان کارکنوں کو بشمول محکمہ کے افسران کے دئے گئے ہیں وہ لازم تھا کہ ان کو دئے جاتے ۔ کیونکہ اگر کسی کام کو دیگر محکمہ جات کے افسران اپنے فرائض منصبی کے طور پر درست سرانجام دیتے ہیں تو ان کو قانون تحفظ دیتا ہے ۔ ان کو محفوظ رکھتا ہے کہ ان کے خلاف کارروائی نہ ہوسکے جب تک اس میں malafide یعنی بدنیتی ظاہر نہ ہو تو ان کو ایسا تحفظ کیوں نہ دیا جائے جو پہلے دوسرے محکمہ جات کے اندر موجود ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان حالات میں یہ جو ہنگامی قوانین ہیں اگر ان کو سامنے رکھیں گے اور موجودہ ایکٹ کو سامنے رکھیں گے تو یہی اس کا لازمی نتیجہ نکلے گا کہ ایسا ہونا چاہئے ۔ ایسے ہنگامی قوانین کا ان حالات میں لانا نہایت ضروری ہے اور اس مقصد کے لئے یہ ہنگامی

فوانین لائے گئے ھیں ۔ ان حالات میں میں اپنے تجربہ کی بنا پر کہتا ھوں کہ یہ ھنگامی قوانین ھمارے لئے مفید مطلب ھوں گے اور ان کی وجہ سے احتیاط سے کام ھوگا ۔ اور recovery میں آسانی ھو گی ۔ اس کے علاوہ ھمارے متعلقہ افسران نہایت سہولت سے اور زیادہ اطمینان سے اس تحریک کی کامیابی میں مستعد رھیں گے اور ممد رھینگے ۔

Minister of Cooperation (Mr. Mahmood A. Haroon): Sir, I am very sorry that the member, Malik Akhtar, is not present. He, in his speech on the first ordinance, and in his speech on this ordinance, dealt with all the three ordinances together, and since he is not present, I will not reply to his points because I know that on the third Ordinance, he will raise the same points all over again, and I hope to reply to them at that stage.

I am most thankful to the member, Mahmood Azam Farooqi Sahib, for pointing out that this is the seventh law in the family of co-operative laws. I would like to tell him that this may be the seventh and there might be thirty others because these are the laws of man and not the law of God. Only the law of God is constant and cannot be changed. The law of man will always be changed as circumstances change. As times change, as conditions change, these laws will have to be changed. In fact he should appreciate that the Government is now keeping a keen eye on the trend and the circumstances, and according to the changes, changes the laws to suit the interest of the people in the country.

This law, Sir, it has been said, has given protection to the office-bearers of the cooperative societies. On the one hand, it is said that the co-operative society is mis-managed, the money of the public is taken away by the few and utilized for their own personal benefits, and other things, and, on the other, when we try to bring them under the clutches of the law, they object to it. Sir, I would request that they consider what are the protections granted to the public servant and what are the clutches he falls under. Sir, if you look at it, right under abetting of an offence, a public servant is penalised under section 116 of the P.P.C.; for improperly taking gratification, he is penalised under section 161; for corruptly influencing, under sections 162 and 163 he is penalised; for obtaining valuable things without consideration, under 165; for framing of incorrect

records, under section 167; for unlawful trading, under section 168, for unlawful buying, under section 169; for framing incorrect records to save persons from punishment, under section 218; corruptly making report, under section 219; and finally the most important, comes criminal breach of trust, for which he is penalised under section 409. And further more, he is now liable to punishment under anti-corruption laws.

Now when we are trying to put a check on the activities of the people dealing with public funds and trying to stop them, we are blamed that we are giving them protection. Under this law, the Director will have very little protection but they will be more answerable. Punishment will be enhanced if they are found out to be corrupt. As I said yesterday—I regret that the objectors were not present—we are not just out here to victimize any one group or any one person. We wish to recover the money of the poor people from the people who have got it, and today we are prepared to go no matter to what limit to get that money and see that it is used and utilized for the poor man because we sincerely and strongly believe that this co-operative movement can be the only answer for the benefit, for the improvement of the conditions of our masses, and of our poor people.

With these words, Sir, I commend that this ordinance be approved.

Mr. Speaker : I will now put the question. The question is :

That the Assembly do approve of the Co-operative Societies (Second Amendment) Ordinance, 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on 27th April, 1966.

The motion was carried.

THE WEST PAKISTAN COTTON CONTROL ORDINANCE, 1966

Mr. Speaker : Next motion please.

Minister of Food and Agriculture (Makhdum Hamid-ud-Din) : Sir, I beg to move :

That the Assembly do approve of the West Pakistan Cotton Control Ordinance, 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on 11th May, 1966.

Mr. Speaker : Motion moved is :

That the Assembly do approve of the West Pakistan Cotton Control Ordinance, 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on 11th May, 1966.

Mr. Mahmood Azam Farooqi : Opposed, Sir.

Minister of Food and Agriculture (Makhdoom Hamid-ud-Din): Mr. Speaker, Sir, the Cotton Control Act has already enjoyed both the sanction and the confidence of a legislature and is existing and resting peacefully on the statute book. Sir, before the promulgation of this Ordinance the Cotton Control Act was operative in the former Punjab and Bahawalpur, and its broad-based purposes are to provide for the licencing of the cotton ginning and pressing factories, to regulate the supply of cotton to the factories, to prevent the mixing of different varieties of cotton, to plan the production of cotton on the regional basis and to ensure the supply of pure seed to the cultivators, and to provide for such other matters, which may be incidental thereto.

Sir, it was felt that the circumstances, which warranted the existence of this law, were found similar and identical in other parts of the province, and hence it was deemed necessary and essential that the provisions of this Act may also be extended to the other parts of the province, and that those parts of the province may also be brought within the sphere of the operation of this Act. Mr. Speaker, Sir, as you know, the mixing of cotton is a major mal-practice and to avoid this mixing and to maintain the purity of our cotton varieties, it was deemed necessary that this Act should be extended to all parts of the province.

It may also be pointed out that the cotton ginning factories in the former areas of Punjab and Bahawalpur are paying a fee of the order of four annas per maund and there was no reason why the cotton ginning factories functioning in other parts of the province should not be subjected to this fee. Sir, this matter was brought before the Council-of-Ministers and it was approved there that an Ordinance be issued for this purpose. Accordingly, this West Pakistan Cotton Control Ordinance, 1966, was promulgated and in some of its provisions not very drastic amendments have been introduced. Of course, very minor amendments have been made and these are the sections providing for punishment. In fact a little enhanced punishment has been provided in order to see that this Act becomes more effective and deterrent against all the mal-practices.

مسٹر حمزہ (لائل پور - ٦)—جناب سپیکر - یہ ہنگامی قانون ایسے

موقع پر یا اس سال کے دوران اس ایوان میں پیش کیا گیا ہے جب کہ ہماری حکومت نے سابقہ پنجاب میں اس قانون کے نفاذ سے عدم توجہی کرتے ہوئے مجرمانہ غفلت کا ثبوت دیا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ خصوصی طور سے اس سال ہماری حکومت نے وہ عملہ جو اس قانون کے نفاذ کے لئے خاص طور پر مقرر کیا گیا تھا ۔ تمام کا تمام محکمہ سے علیحدہ کر دیا گیا ہے ۔ مجھے ذاتی طور پر معلوم ہے کہ یہ قانون جس کو کہ اب سابقہ سندھ میں بھی نافذ کیا جائے گا ۔ اس کے تحت حکومت کو اختیارات تو حاصل ہیں لیکن اس کا نفاذ بالکل ہی نہیں کیا گیا ۔ اور ہماری حکومت بجائے اس کے کہ اس کو ایک مثالی طریقے سے صحیح معنوں میں نافذ کرتی اس میں اس نے قطعاً دلچسپی نہیں لی ۔ اس کی وجوہات اسی کو معلوم ہوں گی ۔ میں آگے چل کر بتاؤں گا کہ قومی مفاد کو نظر انداز کرتے ہوئے اس نے اسے اپنی بے توجہی کا شکار کیوں بنایا۔ اس وقت اپنے بیان کے ثبوت میں آپ کے سامنے ''کامرس اینڈ فنانس ویکلی ریویو'' کا حوالہ دے کر اس کا ایک اقتباس پڑھتا ہوں ۔ یہ ۱۹۶۵-۶۶ء کے کپاس سیزن کے بارے میں ہے اور یہ ''پاکستان ٹائمز'' کے چار اپریل کے شمارے میں گیارھویں صفحے پر شائع ہوا تھا اس میں یہ بتایا گیا ہے ۔

> "The most notable feature of the present season is that the NT, 289-F and 131-AC cottons are quoting at PAR with each other. This is quite unusual, as otherwise the Punjab varieties maintain a premium of Rs. 2.50 to Rs. 5.00 over the Sind NT cottons. Brokers explain that the Punjab 289-F and 134-AC cottons this year have been of poor quality than in Sind. Besides, Punjab ginning factories have been mal-practising by either large-scale mixings or indifferent ginnings. Thus the Punjab cottons have lost their popularity over the Sind NT cottons this year, and their prices are not able to obtain the usual premiums. It was, therefore, very necessary for the Punjab ginning factories to adopt honest methods of ginnings of their cottons."

جناب سپیکر ۔ یہ صورت حال محض اس وجہ سے پیدا ہوئی ۔

کیونکہ ہماری دور اندیش حکومت نے بغیر سوچے سمجھے کاٹن انسپکٹروں کو تو نوکری سے علیحدہ کر دیا ۔ اور وہ عملہ جن کے ذمہ ان کا کام سپرد کیا گیا۔اس کی بابت مجھے یقین ہے کہ اس کے ذمہ پہلے ہی اتنے فرائض ہیں کہ وہ ان کو صحیح معنوں میں سر انجام نہیں دے سکتا ۔ ان فرائض کے ہوتے ہوئے یہ مزید فرائض جو ان کو سونپے گئے ہیں وہ کسی لحاظ سے بھی ، وہ جتنی زیادہ سے زیادہ کوشش بھی کیوں نہ کریں وہ کبھی بھی انجام نہیں دے سکتے ۔ میں اس محکمے کی ایک میٹنگ کا ایک اقتباس آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں ۔

An extract from the proceedings of the meeting held in the office of the Director of Agriculture, Central Zone, Lahore, on the 10th November, 1962 in connection with the Merger Scheme of cotton control staff :—

> "In order to relieve the Extra Assistant Directors of Agriculture of this policing work, who are already over-burdened with the ever increasing load of extension work, the old system of controlling the Cotton Inspectors through the Chief Cotton Inspectors be restored."

آج سے تقریباً چار سال پہلے حکومت نے Extra Assistant Directors of Agriculture کو دیکھ بھال یا supervision کے اختیارات سونپے تھے لیکن اس کے بعد محکمہ زراعت نے یہ محسوس کیا کہ ان کے فرائض پہلے ہی اتنے زیادہ ہیں کہ وہ مزید کام کو قطعاً سر انجام نہیں دے سکتے ۔ اس لئے یہ کام چیف کاٹن انسپکٹر کو سونپا جائے اور اس صورت حال کے پیش نظر میں دوسرا اقتباس بھی آپ کے سامنے پڑھتا ہوں ۔ اس میں یہ فرماتے ہیں ۔

Extract from a letter dated the 3rd November, 1962 from the Director of Agriculture, Lyallpur, to the Chief Cotton Inspector, Lyallpur—

> "Cotton Control Staff should not be disbanded but should be merged with the other staff of the Agricultural Department."

جناب سپیکر ۔ آپ کے سامنے اس محکمہ کے افسران کی سوچی سمجھی رائے ہے اور اس حکومت کو علم ہے کہ اس میں عملہ کی دشواریوں کے باوجود جن کا ذکر اس اقتباس میں کیا گیا ہے جو میں ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں ۔ اس سے ظاہر ہے کہ کاٹن انسپکٹر کو حکومت نے چھٹی کیوں دے دی ہے ۔

اب جناب سپیکر ۔ محترم وزیر صاحب ہی یہ فرما سکتے ہیں کہ کاٹن انسپکٹروں کو نوکری سے کس لئے علیحدہ کیا گیا ۔ کیا ان کے بارے میں یہ شکایت تھی کہ وہ اپنے فرائض صحیح معنوں میں سر انجام نہیں دیتے تھے ؟ یا وہ رشوت خور تھے ؟ میں وزیر متعلقہ سے دریافت کرتا ہوں کہ کیا اس محکمہ کے مقابلہ میں یعنی کاٹن انسپکٹروں کے مقابلہ میں محکمہ مال کے پٹواری ، قانون گو اور گرداور اچھی شہرت کے مالک ہیں یا پولیس کے محکمہ میں اہل کار اچھی شہرت کے مالک ہیں جس وجہ سے ان کو نوکری سے علیحدہ نہیں کیا گیا ؟ اس سے پہلے کیا کبھی محکمہ پولیس یا محکمہ مال کے اہل کاروں کو جن میں افسران بھی شامل ہیں نوکری سے محض اس وجہ سے علیحدہ کیا گیا ؟ ان کو یہ اعلان بھی کرنا چاہئے کہ بحیثیت حکومت کے وہ اپنے فرائض سر انجام دینے میں ناکام ہوئی ہے ۔ یہ حکومت کا فرض ہے کہ وہ ان کے کام کو چیک کرے supervise کرے ۔ اگر وہ کہیں غلطی کرتے ہیں تو ان کو سزا دی جائے ۔

Minister of Food and Agriculture : This is for economy.

مسٹر حمزہ—آپ کہتے ہیں کہ بچت کے لئے ایسا کیا گیا ہے یہ سرٹیفیکیٹ آپ نے کہاں سے لے لیا ہے ۔ وہ روئی جو کہ پہلے سالوں میں

سندھ کی روئی سے اڑھائی سے پانچ روپیہ زیادہ مہنگی ملتی تھی اب برابر نرخوں پر کیوں فروخت ہو رہی ہے ؟ آپ نے یہ کیسی بے عقلوں والی بات کہی ہے ۔ کیا اس سے واقعی آپ نے صحیح معنوں میں بچت کی ہے ۔ اور اس میں قومی مفاد کا نقصان نظر نہیں آیا ؟ کیا آئندہ بھی آپ ایسی بحث کریں گے ؟ پھر ایوان میں یہ قانون پیش کرنے سے کیا فائدہ ہے ۔ جب عملہ ہی موجود نہیں ہوگا تو یہ فرائض آپ کس کو سونپ رہے ہیں ۔ اس قانون سے عوام کو کیا فائدہ ہوگا ۔ جو قانون آپ نافذ کر رہے ہیں اس کے نفاذ کے لئے عملہ کی ضرورت ہے ۔

جناب سپیکر ۔ جہاں تک Cotton Control Act 1949 اور The West Pakistan Cotton Control Ordinance, 1966 کا تعلق ہے اگر ان کا آپس میں مقابلہ اور موازنہ کیا جائے تو ہم اس نتیجہ پر پہنچنے پر مجبور ہوں گے کہ حکومت نے جس کے بارے میں میری یہ رائے ہے کہ ہماری یگانہ روزگار حکومت جو ہر معاملہ میں بجائے اس کے کہ حکومت کے کام کو بہتر طریقہ سے چلانے کی کوشش کرے ۔ ہیرا پھیری سے کام لیتی ہے یہ آرڈیننس جاری کرتے ہوئے ایسی ہی ہیرا پھیری سے کام لیا ہے ۔

سابقہ ایکٹ کی دفعہ ۲ کے آخر میں انسپکٹر کی جو تعریف کی گئی ہے وہ یہ ہے ۔

Inspector means, "An officer appointed under this Act to be an Inspector...."

اب موجودہ ہنگامی قانون جو ہمارے سامنے ہے میں انسپکٹر کی تعریف کا ذکر نہیں ہے ۔ جناب وزیر زراعت فرماتے ہیں کہ ہم نے وقتی طور پر ہنگامی حالات کی وجہ سے بچت کرنے کے لئے انسپکٹروں کو چھٹی دے دی

ہے یا انہیں نوکری سے نکال دیا ہے ۔ میں نہایت ادب سے ان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ آپ نے محض عارضی طور پر ان کو نوکری سے علیحدہ نہیں کیا بلکہ آئندہ بھی آپ کا یہی منشا ہے ۔ اور یہ ظاہر ہوتا ہے کہ آپ کاٹن انسپکٹروں کو مقرر کرنا نہیں چاہتے ۔ اس سے آگے آرڈیننس کے سیکشن ۵ (۱) میں جو اختیارات اس محکمہ کو سزا دلانے کے دئے گئے ہیں ان میں بھی اضافہ کیا گیا ہے ۔

جناب سپیکر—کون اس حقیقت سے انکار کر سکتا ہے کہ جس وقت یہ قانون بنایا گیا تھا اس وقت بین‌الاقوامی منڈی میں پاکستان کی روئی کی جو ساکھ تھی وہ بری طرح مجروح ہو چکی تھی ۔ مارشل لاء سے پہلے بدنام سیاست دانوں نے جو قانون بنایا تھا اس سے بہت سی دشواریاں پیدا ہو گئی تھیں لیکن پاکستان کی ساکھ بین‌الاقوامی مارکیٹ میں بڑھ گئی اس سے پہلے جو اختیارات انسپکٹروں کو دئے گئے تھے وہ کافی تھے ۔ اس قانون میں جو ترمیم کرنے کی ضرورت تھی وہ نہیں کی گئی ۔ حکومت چاہتی ہے کہ اس کی حدود کو بڑھایا جائے اور اس سے وہ زیادہ سے زیادہ اختیار حاصل کرنا چاہتی ہے ۔ اصل میں حکومت کا مقصد اپنے اختیارات کو سیاسی اغراض کے لئے استعمال کرنا ہوتا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ اس سے پہلے اس قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں پر کسی مرحلہ پر بھی قید و بند کی سزا نہیں دی جا سکتی تھی ۔ لیکن موجودہ ہنگامی قانون میں تقریباً ہر جگہ جہاں کہیں بھی خلاف ورزی کا ذکر ہے اس کے ساتھ قید و بند کا ذکر بھی کیا گیا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کا یہ رویہ قابل اعتراض ہے ۔

Cotton Control Act 1949 کے سیکشن ۵ (۱) میں یہ دیا گیا ہے ۔

The following Government Servants shall be ex-officio Inspectors in the areas mentioned against each :

1. Financial Commissioner, West Punjab.
2. Director of Agriculture. West Punjab.
3. Assistant to the Director of Agriculture. West Punjab.
4. Registrar, Co-operative Societies, West Punjab.
5. Director of Industries, West Punjab.
6. Commissioners/Deputy Commissioners.
7. Sub-Divisional Officers, Civil.
8. Magistrate, Incharge Police Stations.
9. Dy. Director Agriculture.
10. Chief Cotton Inspectors.
11. Extra Assistant Director Agriculture.

لیکن موجودہ ہنگامی قانون میں بلحاظ عہدہ انسپکٹروں کی تعداد بہت گھٹا دی گئی ہے اور یہ اختیارات جو کہ انسپکٹر صاحبان کو وقتاً فوقتاً فیکٹریوں کے معائنہ کرنے کے حاصل تھے وہ محض محکمہ زراعت کے افسران کو دئے گئے ہیں ۔ جن میں ڈائرکٹر ۔ ڈپٹی ڈائرکٹر ، ای ۔ اے ۔ ڈی ۔ اے شامل ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ میں آپ کی وساطت سے جناب وزیر زراعت سے پوچھتا ہوں کہ اگر آپ نے انسپکٹر صاحبان کو جیسا کہ آپ نے فرمایا ہے بچت کے نقطۂ نظر سے علیحدہ کیا ہے تو کیا آپ مجھے بتا سکتے ہیں کہ رجسٹرار کواپریٹو سوسائٹی، ڈائرکٹر انڈسٹریز، کمشنر، ڈپٹی کمشنر ، سب ڈویژنل آفیسر پر آپ نے عدم اعتماد کا اظہار کیوں کیا ہے ؟ مجھے یہ علم ہے کہ ان افسروں پر بہت ذمہ داریاں ہیں لیکن اس کے باوجود اگر ان کو یہ اختیارات دئے جاتے جیسا کہ پہلے دئے گئے تھے ان میں سے کسی افسر کو جب بھی موقع ملتا وہ ان فیکٹریوں کی

چھان بین کر سکتا تھا ۔ اس طریقہ سے فیکٹریوں کے قانون کے مطابق چلانے میں بہت مدد ملتی ۔ محکمہ زراعت اور محکمہ زراعت کے افسران کو یہ اختیارات دینے سے صاف ظاہر ہے کہ محکمہ نے انسپکٹروں کو بھی جن میں سے بیشتر محض گریجویٹ تھے اس عہدے سے اس لئے علیحدہ کیا ہے کہ یہ محکمہ اپنی اجارہ داری چاہتا ہے اور اس اجارہ داری سے ناجائز فائدہ اٹھانا چاہتا ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی—پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ کورم نہیں ہے ۔ حمزہ صاحب کی بصیرت افروز تقریر سے لوگوں کو استفادہ کرنا چاہئے ۔

Mr. Speaker : Let there be a count (*count was taken*). The House is not in quorum, let the bells be rung (*bells were rung*). The House is now in quorum. Yes, Mr. Hamza.

مسٹر حمزہ—بجائے اسکے کہ اس ہنگامی قانون میں واضح طور پر یہ بتایا جاتا کہ محکمہ زراعت کن افسروں سے کن اہلکاروں سے انسپکٹر کا کام لینا چاہتا ہے اس مطلب سے سیکشن ۶ کی گنجائش رکھ دی گئی ہے ۔ میں اسکو ٹھونسنا نہیں چاہتا اس سلسلے میں حکومت عالیہ فرماتی ہے ۔

> "Government may, by notification, appoint an officer to exercise and perform all or any of the powers and duties conferred or imposed on Government under this Ordinance."

میں حکومت سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ آخر قانون بناتے ہوئے اسمبلی کو اعتماد میں لینے کی کیوں ضرورت محسوس نہ ہوئی اگر حکومت ان افراد کو جن کے ذریعہ یہ قانون نافذ کرنا چاہتی ہے ہم سے چھپانا چاہتی ہے تو ہم کسطرح یہ اندازہ لگائیں گے کہ ہماری حکومت یہ قانون

سابق پنجاب بلکہ سابق سندھ میں بھی جہاں یہ قانون نافذ کیا جا رہا ہے کن افراد کے ذریعے نافذ کرے گی ۔ اور یہ انتہائی وسیع اختیارات ہیں ۔ میں ان اختیارات کو ڈکٹیٹرانہ بھی کہوں گا کیونکہ ان کے بارے میں ہمیں علم ہے کہ حکومت خود کیا کرے گی ۔ حکومت کو چاہئے تھا کہ وہ اس کے متعلق واضح پالیسی وضع کرتی اور واضح پالیسی بتاتی اور وہ افراد جن کے ذریعہ اس قانون کو نافذ کرنا چاہتی ہے ان کے بارے میں اس اسمبلی سے باقاعدہ اجازت حاصل کرتی اور وہ اسی طرح ممکن تھا کہ ان کا اس ہنگامی قانون میں باضابطہ ذکر ہوتا ۔

جناب سپیکر ۔ سابقہ قانون میں وہ لوگ جو فیکٹریوں کو محکمہ کی اجازت کے بغیر اور لائسنس حاصل کئے بغیر چلاتے تھے ان کو جرمانہ کی سزا دیجا سکتی تھی ۔ اسی طرح وہ افراد جو پہلے کارخانے چلاتے تھے اور اس کے بعد جو کارخانے کسی اور نام پر منتقل ہو گئے یا فروخت ہو گئے ان کے مالک اس امر پر مجبور اور پابند تھے کہ کاٹن کنٹرول ایکٹ سے متعلق جتنا بھی ریکارڈ تھا وہ اپنے کاروباری وارث کے حوالے کردیں اور اگر کوئی ایسا نہیں کرتا تھا تو اس کے لئے سزا کی گنجائش رکھی تھی لیکن میرے علم میں یہ بات کبھی نہیں آئی کہ سابقہ قانون کے ہوتے ہوئے کسی شخص نے کسی جگہ بھی بغیر لائسنس حاصل کئے کسی cotton ginning factory کو لگانے کی یا چلانے کی جرأت کی ہو ۔ آخر محکمہ کو غیر ضروری اختیارات دینے کی کیوں ضرورت محسوس ہوئی ۔ اس کے ساتھ ساتھ سابقہ قانون میں بنولے سے تیل نکالنے والے کارخانے سابقہ پنجاب میں اس قانون سے مستثنیٰ تھے ۔ محض وہ کارخانے جو کہ ginning فیکٹری کے اندر تیل نکالنے کا کام کرتے تھے

ان پر یہ قانون نافذ ہوتا تھا اس کی وجہ یہ تھی اور ہو سکتا تھا کہ کارخانوں کے مالکان باہر سے کسی دوسری اقسام کا بنولہ لاتے اور اسمیں وہ بنولہ جو کارخانوں میں کپاس سے حاصل کیا جاتا ملا دیتے اب اس ہنگامی قانون کے ذریعہ اگر ہماری حکومت غیر ضروری طور پر بنولے سے تیل نکالنے والی فیکٹریوں کو اس قانون کے اندر اپنے دائرہ اختیار میں لینا چاہتی ہے تو ہم اس نتیجہ پر پہنچنے پر مجبور ہیں کہ حکومت بلاوجہ کاروباری اداروں اور تجارت پیشہ لوگوں کو پریشان کرنا چاہتی ہے ۔ اختیارات کی ضرورت محض اس حد تک ہو جس سے حکومت روئی کی اقسام کو بہتر بنا سکے اس کے علاوہ جتنے بھی اختیارات حاصل کئے گئے ہیں وہ غیر ضروری ہیں ۔ اور غیر ضروری اختیارات حاصل کرنے کا دوسرا مطلب یہ ہے کہ ان کا استعمال درست نہیں ہوگا اور کسی بھلائی کی امید کرنا عبث ہے ۔ جناب سپیکر ۔ موجودہ ہنگامی قانون کے تحت ہر کارخانہ دار جو روئی کی گانٹھ پر باضابطہ نشان نہیں لگائے گا اس کو جرمانے کے ساتھ ساتھ قید و بند کی سزا بھی دیجا سکتی ہے ۔ میں آپ کے سامنے پڑھ کر سناتا ہوں ۔

Sub-section (1) of section 13 of the Ordinance :

"The occupier of every cotton pressing factory shall cause every bale pressed in the factory to be marked, in such manner as may be prescribed, before it is removed from the factory, with a serial number and with the mark prescribed for the factory."

and sub-section (3) of section 13 says:—

"If any bale is removed from the premises of any cotton pressing factory without having been marked, as required by sub-section (1) or sub-section (2), the occupier of the factory shall be punishable with imprisonment which may extend to one month, or with fine which may extend to fifty rupees, or with both, for every bale of cotton in respect of which such contravention has taken place."

جناب سپیکر ۔ میں ایک ایسے شہر میں رہتا ہوں جہاں چار یا پانچ کپاس کے بڑے کارخانے ہیں جو چالو حالت میں ہیں ۔ مجھے ذاتی طور پر علم ہے کہ سابقہ کاٹن کنٹرول ایکٹ کے تحت اس دفعہ کی خلاف ورزی کرنے والے لوگوں کے خلاف اقدامات کی گنجائش رکھی گئی تھی جو محض جرمانے تک محدود تھی ۔ کارخانہ دار اس بات پر مجبور تھا لیکن ان میں سے کسی نے اس بات کی جرأت نہ کی کہ وہ روئی کی گانٹھ کو بغیر نشان لگائے باہر لیجائے لیکن میں آپکی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ اگر سہواً ایک گانٹھ پر نشان نہیں لگ سکا اور اگر اس کے لئے پچاس روپے فی گانٹھ جرمانہ کی گنجائش رکھ دی گئی تھی تو اس میں کوئی حرج نہیں تھا لیکن حکومت نے اب جو دو ماہ کی سزا کی گنجائش رکھی ہے اس سے وہ کیا مقصد حاصل کرنا چاہتی ہے محض یہ کہ وہ افسران جنکو آپ اس قانون کے نفاذ کے اختیارات دیں گے وہ اپنی من مانی کر سکیں ۔ اس کے بارہ میں تو آپ نے دیکھ ہی لیا کہ اس کے کتنے تلخ نتائج ہیں ۔ اس چیز کا کتنا تلخ تجربہ ہے کہ آپ افسران کو جب کبھی غیر ضروری طور پر اختیارات دیتے ہیں تو اس کا مطلب محض ایک ہوتا ہے کہ رشوت کی شرح بڑھے ۔ اس کے علاوہ اس کا اور کوئی نتیجہ نہیں نکلتا ۔ آخر یہ غیر ضروری طور پر سزائیں دینے کی آپکو کیوں ضرورت محسوس ہوئی اور آپ نے یہ زحمت کیوں گوارا کی ۔ اسی طرح اگلی دفعات میں بھی اسی پالیسی پر عمل کیا گیا ہے ۔ در اصل ضرورت تو اس امر کی تھی کہ سابقہ پنجاب میں پچھلے ۱۶ سال میں کاٹن کنٹرول ایکٹ کے نفاذ سے جو تجربہ محکمہ زراعت کو حاصل ہوا تھا اس سے استفادہ کیا جاتا ۔ حکومت نے سزاؤں کی گنجائش رکھ کر انسپکٹروں کے اختیارات بہت بڑھا دیئے ہیں یا ان میجسٹریٹ صاحبان کو بھی غیر محدود

اختیارات دیدئیے ھیں کہ جب ان کے سامنے کسی شخص کا مقدمہ اس قانون کی خلاف ورزی کرنے کے جرم میں پیش ھو تو اس کو زیادہ سے زیادہ اور کم سے کم سزا دے سکتا ھے ۔ مجھے ذاتی طور پر یہ علم ھے یہ پتہ ھے کہ کارخانے دار اور خاص کر بڑے کارخانے دار بہت بارسوخ ھوتے ھیں اور اس ملک کی سیاسی زندگی کا یہ المیہ ھے کہ ھر شخص جو زیادہ دولتمند ھو جاتا ھے اس پر قانون کا کوئی اثر نہیں ھوتا ۔ ھوتا یہ رھا ھے اور میں بہت افسوس کیساتھ آپ کے سامنے یہ عرض کرتا ھوں کہ اب میجسٹریٹ صاحبان کے بارے میں یہ تاثر ھے کہ وہ رشوت سے بالا تر ھیں مگر اب وہ زمانہ بیت گیا ۔ اگر اس سے قبل حکومت نے پچاس روپیہ جرمانہ کی گنجائش رکھی تھی تو اب متعدد بار دیکھنے میں آیا ھے کہ وہ ۵۰ روپیے کی بجائے صرف ۵ کی سزا دیتے تھے ۔ اگر آپ اس قانون کو مزید سخت بنانا چاھتے ھیں تو قید و بند کی گنجائش رکھنے کی بجائے آپکو چاھئیے تھا کہ آپ کم سے کم سزاؤں کی گنجائش رکھتے ۔ آپ نے میجسٹریٹ صاحبان کو ایک روپیہ سے لیکر ۵۰۰ روپیہ تک جرمانہ اور اس سے بڑھ کر دو ماہ قید بامشقت دینے کے اختیارات دیئے ھیں جن کے بارے میں میں آپکے سامنے عرض کر چکا ھوں ۔ دوسری ضرورت اس امر کی تھی کہ اسی قانون کے تحت سپیشل میجسٹریٹوں کی گنجائش رکھی جاتی اس سے قبل جب بھی کسی فرد کا یا کسی فیکٹری کا چالان کیا گیا اور چالان سینکڑوں کی تعداد میں کئے گئے تو وہ کافی عرصہ تک عدالتوں میں پڑے رھے اور آخیر میں رشوت لیکر ملزمان کو چھوڑ دیا جاتا ۔

وزیر مال—کس نے پیسے لئے ھیں ۔

مسڑ حمزہ—X X X X X X*

*Expunged as orderd by the Speaker.

Minister of Revenue : It is an attack on courts, Sir.

مسٹر حمزہ—آپ عدالتوں سے سیاسی مقاصد حاصل کرتے ہیں ۔

Mr. Speaker : The Member should not make such wild statements.

وزیر مال—وہ کہتے ہیں کہ ملزمان رہا کئے جاتے ہیں ۔

Mr. Speaker : Mr. Hamza should not make allegations against the judiciary. That remark of the Member is expunged from the proceedings of the Assembly, and the member should refrain from making such remarks.

مسٹر حمزہ—جنکو آپ Judiciary & Executive کے اختیارات دیتے ہیں اور اپنے سیاسی اغراض کے لئے استعمال کرتے ہیں ۔ ان کو آپ نے دیانت دار کہاں چھوڑا ہے اور آپ نے ہمیں مجبور کیا ہے کہ ہم اس قسم کے کلمات اس ایوان میں کہیں ۔

وزیر مال—اب معافی کرو ۔ میں ہاتھ جوڑتا ہوں ۔

Mr. Speaker : Next point, please.

مسٹر حمزہ—جناب سپیکر ۔ اس قانون میں کپاس کو بونے کے لئے zone مقرر کرنے کی گنجائش بھی رکھی گئی ہے ۔ ہر ایک zone میں خاص قسم کی کپاس بونے پر اس علاقہ کے کاشتکار پابند اور مجبور ہیں ۔ اور جو اشخاص بغیر کسی لائسنس کے دوسرے علاقہ میں مختلف قسم کی کپاس لے جائیں گے ۔ ان کے لئے سزا کی بھی گنجائش رکھی گئی ہے ۔ ایسا ہونا لازمی تھا ۔ لیکن جیسا کہ میں عرض کر چکا ہوں کپاس کی بعض قسمیں ایسی ہیں جن میں ایک کی قیمت کا دوسری کی قیمت سے چار پانچ روپے کا فرق ہے ۔ عام طور پر کپاس اب ٹرکوں میں لے جائی جاتی ہے ۔ فرض کیجئے ایک ٹرک بغیر کسی لائسنس کے دوسرے zone میں کپاس لے جاتا

ہے اور کبھی کبھار پکڑا بھی جاتا ہے اگر آپ نے اسے بیس یا پچاس یا پانچ سو روپے جرمانہ کی سزا بھی دے دی تو یہ قطعاً ناکافی ہے ۔ ہونا یہ چاہیے کہ وہ شخص جو ایک قسم کی کپاس کو ایک zone سے دوسرے میں لے جاتا ہے اگر وہ ایسا کرتا ہوا پکڑا جائے تو اس کی کپاس محکمہ کی تحویل میں رہنی چاہیے اگر اس کا چالان کرکے اسے چھوڑ دیا جائے تو اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ دو تین سالوں کے بعد جب وہ چالان پیش ہوتا ہے تو وہ چند روپے وہاں ادا کرکے بچ جاتا ہے اکثر یہ دیکھا گیا ہے کہ کپاس ایک zone سے دوسرے zone میں کھلم کھلا جاتی ہے ۔ اور اس کے ساتھ ہی ساتھ ہماری حکومت نے جسے میں حکومت عالیہ کہنے پر مجبور ہوں zone تو مقرر کر دئے ہیں مگر ان میں مقررہ قسم کی کپاس کے بیج مہیا کرنے کے لئے مناسب انتظام نہیں کیا ۔ اس سے پہلے کاٹن انسپکٹروں کے ذمہ یہ کام تھا کہ وہ اپنے علاقہ کے لوگوں کو وہاں کی مقررہ قسم کپاس کے بنولے بطور بیج مہیا کریں مگر اب یہ کام محکمہ زراعت کے دوسرے افسروں کے ذمہ لگا دیا گیا ہے ۔ اب ہوتا یہ ہے کہ یہ بنولے وہاں پر کاشتکاروں کو میسر نہیں آتے ہیں اکثر جگہ ان میں ملاوٹ ہوتی ہے پھر اس کی قیمت عام بنولے سے زیادہ ہوتی ہے ۔

وزیر زراعت—اسی لئے تو یہ آرڈیننس لایا گیا ہے ۔

مسٹر حمزہ—جب سرکاری اہلکار ملاوٹ کریں تو اس کا علاج ہم کیا کریں آپ کے اہل کاروں کی نگرانی میں وہاں ginning ہوتی ہے اگر وہ اتنے نا اہل ہیں تو انہیں اتنے اختیارات دینے کی کیا ضرورت ہے ۔

وزیر زراعت—اسے اور موثر بنایا جا رہا ہے ۔

Mr. Speaker : No cross-talk, please.

مسٹر حمزہ—جناب سپیکر - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ایک تو کاشتکاروں کو اچھی قسم کا بنولہ بطور بیج مہیا نہیں ہوتا اگر مہیا کیا جاتا ہے تو اس میں ملاوٹ ہوتی ہے اور پھر یہ کام ایسے لوگوں کے سپرد ہے جن کے ذمہ اس علاقہ میں اتنے زیادہ کام ہیں جن کا کرنا ہی مشکل ہے - اس علاقہ میں ایک اور بھی دقت ہے اور وہ یہ ہے کہ ہماری حکومت کی طرف سے اگر ایک علاقہ میں کپاس کی ایک قسم کی کاشت کے احکام ہو گئے ہیں تو اب وہی کپاس وہاں کاشت ہوتی ہے - لیکن ان علاقوں میں زرعی زمین کی قسم دن بدن بدلتی رہتی ہے - خاص طور پر اس وجہ سے کہ پانی کی سطح مسلسل اونچی ہو رہی ہے یہ بات مجھ سے بہتر ملک خدا بخش صاحب جانتے ہونگے لیکن دیکھنے میں یہ آیا ہے کہ پانچ سال پہلے ایک علاقہ میں کپاس کی ایک قسم بڑی کامیاب تھی لیکن آج وہ وہاں بالکل ناکامیاب ہے - میرے علاقہ ٹوبہ ٹیک سنگھ کی تحصیل کونسل نے اس مضمون کی ایک قرار داد پاس کی ہے کہ وہاں کے لئے جو کپاس مقرر ہے وہ اب وہاں اچھے طریقہ سے نہیں اگتی - اس کی پیداوار بھی کم ہے - اس سے کاشتکاروں کو نقصان ہوتا ہے - لیکن ہماری حکومت ٹس سے مس نہیں ہوتی - اس لئے میں حکومت سے یہ استدعا کرونگا کہ جب آپ اتنے وسیع اختیارات حاصل کرتے ہیں تو اس کے بعد آپ کو احساس کرنا چاہئیے کہ جس مقصد کے لئے آپ یہ اختیارات لیتے ہیں انہیں اسی مقصد سے یعنی غریب آبادی کے مفادات کے لئے استعمال کریں -

جناب سپیکر - اب میں آپ کی توجہ اس ہنگامی قانون کی دفعہ ۲۶ اور ۲۷ کی طرف دلاتا ہوں - یہ دفعات کاٹن کنٹرول ایکٹ ۱۹۴۹ء میں بھی موجود تھیں لیکن یہ تقریباً بالکل مکمل طور پر عملاً مردہ رہیں اس کے بعد دفعہ ۲۸ میں یہ کہا گیا ہے -

"The Government may, by notification, order the fixation of the maximum and minimum prices which shall be paid for any variety of cotton or cotton seed in any market or Notified Area ....."

اسے آج تک کبھی استعمال کرنے کی ضرورت محسوس نہیں کی گئی مگر بد قسمتی سے اسی حکومت کا یہ فیصلہ ہے انکی یہ پالیسی ہے کہ وہ ایسے کاروباروں کو قومی ملکیت بنانے کے لئے تیار نہیں جن کو حکومت کی تحویل میں لینا قوم ملک اور عوام کے مفاد میں ہے - اس کی وجہ عام طور پر یہ ہے کہ حکومت کے اہلکار اتنے نا اہل اور غیر ذمہ دار ہیں کہ اگر کوئی کام ان کے ذمہ لگایا جائے تو اس میں نقصان ہو جاتا ہے حالانکہ پرائیویٹ افراد اسی کام کو آسانی سے نفع کے ساتھ چلا لیتے ہیں - میں اس چیز کو تسلیم کرتا ہوں لیکن ہم اس چیز پر مجبور ہیں کہ وہ sectors جن کا قومی ملکیت میں لینا اشد ضروری ہے حکومت ان کا کاروبار سنبھالے - لیکن حکومت ان کاموں کو کرنا نہیں چاہتی - اسے اس کی ضرورت کبھی محسوس نہیں ہوئی تو پھر اس قسم کی دفعات اس قانون میں رکھنے کی کیا ضرورت ہے - اس طرح اس سے آگے دفعہ ۲۷ میں یہ درج ہے -

"The Government may, by notification, regulate the grading and marketing of cotton."

میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر آپ نے اس قسم کے قوانین نافذ کرنے ہیں تو آپ کا یہ فرض تھا کہ آپ روئی کی marketing اور grading کو پورے طور پر کنٹرول کرتے - لیکن جہاں تک مجھے علم ہے ہمارے ملک میں آجتک روئی کی grading کے انتظامات جیسے کہ ہونے چاہئیے موجود نہیں ہیں -

اس کی اگلی دفعہ ہماری حکومت کا طرہ امتیاز ہے اور وہ دفعہ ۲۹ ہے ۔ اس میں حکومت عالیہ فرماتی ہے ۔ کاش میری بجائے کوئی پٹھان ہوتا تو وہ حکومت عالیہ فرماتی ہے ۔

"The Government may by notification exempt any factory or class of factories from all or any of the provisions of this ordinance or the rules framed thereunder."

جناب سپیکر۔ ہمیں تو یہ تلخ تجربہ ہے کہ اس ملک میں اگر حکومت نے خصوصی اختیارات جب کبھی لئے ہیں تو ہمیشہ انہیں ناجائز طور پر استعمال کیا ہے۔ اور یہ کپاس کا کاروبار بھی اسی قسم کا ہے ۔ اس کاروبار کو کرنے والے سہگل ہیں ۔ داؤد والے ہیں بلکہ جتنے بڑے بڑے صنعتکار اس ملک میں موجود ہیں ۔ وہ بالواسطہ طور پر یا بلا واسطہ طور پر اس کاروبار سے منسلک ہیں ۔ یا اس کاروبار کے پیدا کردہ ہیں ۔

جناب سپیکر۔ آپ کو اس حقیقت کا علم ہو گا کہ مغربی پاکستان میں سب سے بڑی صنعت ٹیکسٹائل کی صنعت ہے ۔ کپڑے کی صنعت ہے اور کپڑے کے صنعتکاروں نے روئی کے کاروبار کو اپنے چنگل میں لیا ہوا ہے ۔ یہ بڑے بڑے صنعتکار آج مرکزی اسمبلی میں بھی بیٹھے ہوئے ہیں اور حکومت میں بھی ہیں ۔ ان کی اتنی مانی جاتی ہے جس کی کوئی انتہا نہیں ۔ میں یہ بھی کہوں گا کہ وہ ہماری حکومت کی پالیسیوں پر بری طرح اثر انداز ہوتے ہیں ۔ اور اپنی من مانی کرتے ہیں ۔

جناب والا ۔ اگر اس حکومت کو جو ان بڑے صنعتکاروں ۔ اور ان کروڑ پتیوں کے اشاروں پر چلنے والی ہے یہ اختیارات دے دیں تو وہ جب بھی چاہے کسی علاقے کی کسی فیکٹری کو اس قانون کے نفاذ سے مستثنیٰ قرار دے دے ۔ میں سمجھتا ہوں اس سے زیادہ عوامی مفاد کے خلاف کوئی دفعہ کسی قانون میں نہیں رکھی جا سکتی ۔

جناب والا ۔ ان معروضات کے پیش نظر میں اس ہنگامی قانون کی مخالفت کرتا ہوں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی - ۸) - جناب عالی۔ اس اسمبلی کا اجلاس ۲۳ مئی کو منعقد ہوا ۔ پچھلے ۹ دنوں میں اس ایوان کی برسراقتدار پارٹی روزانہ ایک ایک دو دو ہنگامی قوانین پر مہر توثیق ثبت کرتی رہی ہے ۔

Mr. Speaker : Mr. Farooqi, are you in your seat ?

مسٹر محمود اعظم فاروقی—جناب والا ۔ میں نے سپیکر صاحب کی اجازت سے سیٹ بدلی ہے ۔

Mr. Speaker : I have not passed any order so for.

مسٹر محمود اعظم فاروقی—میں نے سیکرٹری اسمبلی سے اجازت لی ہے کہ آپ یہاں بیٹھیں ۔

Mr. Speaker : I have not passed any order for the change of your seat. Please go to your seat.

بیگم زاهده خلیق الزمان—جناب والا ۔ میں نے کل بھی یہ اعتراض کیا تھا۔ انہوں نے کل جتنی تقاریر کی ہیں وہ کارروائی سے کاٹ دی جائیں ۔

(قہقہہ) (اس مرحلہ پر فاروقی صاحب اپنی نشست پر چلے گئے)

مسٹر محمود اعظم فاروقی—جناب سپیکر ۔ میں عرض کر رہا تھا کہ ۲۳ مئی کو اس اسمبلی کا اجلاس منعقد ہوا ۔ ان پچھلے ۹ دنوں میں برسراقتدار پارٹی روزانہ ایک ایک دو دو کی رفتار سے ہنگامی قوانین پر مہر تصدیق ثبت کرتی رہی ۔ اب تک جتنی ہنگامی قوانین کے نام کی قانونی دستاویزات ہمارے سامنے آئی ہیں وہ یا تو کسی قانون میں ترمیم کیلئے

آئی ھیں یا کسی قانون میں اضافہ کیلئے آئی ھیں - لیکن یہ قانون جو ھمارے پیش نظر ھے یہ ۱۸ صفحوں پر مشتمل ایک مستقل قانون ھے جو پچھلے قوانین کو ختم کر کے اپنے لئے جگہ لے رھا ھے - اس لئے میں ضروری سمجھتا ھوں کہ اس ھنگامی قانون پر گفتگو کرنے سے پہلے اس طریقہ قانون سازی کی مخالفت کروں جو اس ایوان میں قانون کے پاس کرنے کے لئے اختیار کیا جا رھا ھے -

جناب سپیکر-صدیوں پہلے قبیلوں کا ایک قبائلی سردار اس بات کا مجاز ھوا کرتا تھا کہ جو کچھ بھی وہ اپنی زبان سے کہہ دے اس کو قانون مانا جائے - وہ اپنے قبیلہ کے بچے اور بوڑھوں، عورتوں اور مردوں کی جان و مال کا مالک ھوتا تھا اور ان کی عزت و آبرو کا ٹھیکیدار ھوتا تھا اور وہ ایک حکمران مطلق ھوتا تھا جو الفاظ اس کی زبان سے نکلتے وہ قانون تھے - جو کام وہ کرے وہ قانون کے مطابق سمجھا جاتا تھا - جس طرح اپنے لوگوں کو چاھے استعمال کرے - اور لوگ اسکے بتائے ھوئے حکم پر چلنے کے لئے مجبور تھے - پھر آج سے تقریباً ۱۳ سو سال پہلے اسلام نے دنیا کو ایک نیا تصور دیا اور وہ یہ تھا کہ اصل حکمران مطلق اللہ تعالیٰ ھے اور پوری نوع انسانی اسکی نیابت کرتی ھے - یہ تھا تصور حاکمیت الٰہی اور خلافت انسان کا - اس تصور کا مطلب یہ تھا کہ قانون وہ ھے جو کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے مقرر کر دیا ھے اور کسی ملک کا نظام چلانے کے لئے اس ملک کے سارے لوگوں کو اس بات کا اختیار ھے کہ وہ اس میں شریک ھوں - اس میں حصہ لے سکیں - اور ان کی رائے کا دخل ھو- پھر دنیا میں یہ بات تسلیم کر لی گئی کہ واقعی قانون سازی کا حق یا دوسرے الفاظ میں ملک کی حکومت کا حق - ان

اصولوں کو مقرر کرنے کا حق جو کہ عوام الناس پر نافذ کئے جائیں کسی ایک فرد کا نہیں بلکہ ساری قوم کا حق ہے ۔ ملک میں رہنے والے لوگوں کا حق ہے اور اس حق کو استعمال کرنے کا ذریعہ وہ نمائندے ہیں جن کو وہ منتخب کرتے ہیں ۔ میں آپ کے توسط سے اس ایوان میں دوسری طرف بیٹھنے والے ساتھیوں سے عرض کروں گا کہ یہ ہنگامی قوانین جو ہمارے سامنے پیش کئے جا رہے ہیں ان کو بنانے والے اور ان کو پاس کرنے والے تین جزو ہیں ۔ ان تین اجزأ میں سے کوئی بھی عوام کا نمائندہ نہیں ہے ۔ سب سے پہلے جس نے اس کا draft تیار کیا وہ نوکر شاہی ہے ۔ جو دراصل عوام کے خادم تھے ۔ لیکن ان کو اپنے سیاسی مقاصد کے لئے آپ نے عوام کا حاکم بنا دیا ہے ۔ کیونکہ ان کے کندھوں پر آپ کی طاقت ور حکومت کا تخت آراستہ ہے ۔ یہ حکمران عوام کے خادم تھے یہ عوام کے حاکم نہیں ہیں ۔ یہ عوام کے نمائندے نہیں ہیں ۔ یہ اپنی ذات کے علاوہ کسی دوسرے فرد کی بھی نمائندگی نہیں کرتے ۔ دراصل ان کو اس ملک کی قانون سازی کرنے کا کوئی حق نہیں ہے ۔ اس قانون سازی میں دوسرا جزو وزرا صاحبان ہیں جو میرے سامنے تشریف رکھتے ہیں ۔ اگر یہ حضرات اس غلط فہمی میں مبتلا ہیں کہ یہ عوام کے نمائندے ہیں تو میں ان سے عرض کرونگا کہ آپ یہ غلط فہمی جلد رفع کر دیں ۔ آپ کسی وقت عوام کے نمائندے تھے لیکن آج عوام کے نمائندے نہیں ہیں ۔ خود آپ کی حکومت کے بنائے ہوئے دستور نے یہ بات طے کر دی ہے کہ عوام کی نمائندگی اور وزارت دو متضاد چیزیں ہیں جو ایک فرد میں جمع نہیں کی جا سکتیں ۔ گویا وزارت کے شجر ممنوعہ کے جو بھی قریب آیا اس کا عوام کی نمائندگی کا حق سلب ہو گیا ۔ آپ وزرا بن کر عوام

کے نمائندے نہیں رہ سکتے ۔ آپ عوام کی نمائندگی کا حق کھو چکے ہیں ۔ آپ اس اعلیٰ مقام سے اتارے جا چکے ہیں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : Mr. Farooqi, from the Constitution, will you come to the Cotton Act ?

مسٹر محمود اعظم فاروقی—جناب والا ۔ میں اصل موضوع کیطرف آ رہا ہوں ۔ یہ بات بہت اہم ہے میں چاہتا ہوں کہ اس بات کو ایک دفعہ اچھی طرح واضح کر دوں ۔

بیگم زاہدہ خلیق الزمان—یہ قانون سے واقف نہیں ہیں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی—میں یہ عرض کر رہا تھا کہ آپ عوام کے نمائندے نہیں ہیں اور وہ نوکر شاہی جس کی امداد سے آپ قانون بناتے ہیں وہ بھی عوام کے نمائندے نہیں ہیں اور وہ جو ان قوانین کی تصدیق کرتا ہے وہ بھی ایک فرد واحد کا نمائندہ ہے قوم کا نمائندہ نہیں ہے ۔ تو اس طرح سے آپ جو بھی قانون سازی کریں گے وہ عوام کی نمائندہ قانون سازی نہ ہو گی ۔ کل اس ایوان میں وزیر قانون نے میرے ایک ساتھی کے ایک اعتراض کا جواب دیتے ہوئے اپنی اس ضرورت کا اظہار کیا تھا کہ وہ کیا ہنگامی حالات تھے کہ جن کی بنا پر انہیں ہنگامی قانون لانا پڑا ہے .....

Parliamentary Secretary (Health) (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : On a point of order, Sir. Mr. Speaker, Sir, I want to bring to the notice of the Member that the Provincial Legislature is constituted by the Governor and 155 elected Members. So by dint of the Constitution the Provincial Legislature is constituted of the Governor and the elected representatives of the people. As such the Governor is part and parcel of this Legislature.

مسٹر محمود اعظم فاروقی—میں یہ عرض کر رہا تھا ۔ کہ اس طریق قانون سازی سے جب آپ قانون بناتے ہیں تو وہ عوام کا نمائندہ قانون نہیں ہوتا ۔ کل ہی وزیر قانون نے میرے ایک دوست کے ایک اعتراض کا جواب دیتے ہوئے کہا تھا ۔ ۔ ۔ ۔

Parliamentary Secretary (Health) : He has not clarified that point.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ میں پابند نہیں ہوں کہ آپ کی ہر بات کا جواب دوں ۔

Mr. Speaker : Yes, it is not necessary.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ کل اس ایوان میں میرے ایک دوست کے اعتراض کا جواب دیتے ہوئے وزیر قانون نے یہ فرمایا تھا کہ بڑے ہی ہنگامی حالات تھے ۔ بڑے ہی مخصوص حالات تھے کہ جن میں ہمیں ہنگامی قانون نافذ کرنا پڑا ہے ۔ میں ان سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ قانون جو آج ہمارے سامنے پیش ہے وہ اٹھارہ مئی کو نافذ ہوا تھا جبکہ اسمبلی کا اجلاس تئیس مئی کو شروع ہو رہا تھا ۔ تو وہ کیا ہنگامی حالات تھے کہ آپ پانچ روز انتظار نہیں کر سکتے تھے ۔ اور ۱۹۴۹ء کے قانون کو supersede کر کے اس کے لئے آپ نے دوسرا قانون بنایا ہے ۔ جبکہ ۱۹۴۹ء سے اس قانون میں صرف ایک مرتبہ ۱۹۵۴ء میں ایک ترمیم کی گئی تھی اور یہ تقریباً اٹھارہ سال سے اس ملک میں خوش اسلوبی کے ساتھ چل رہا تھا ۔ تو جب نہ آسمان گر رہا تھا اور نہ زمین ہی پھٹ رہی تھی ۔ اگر آپ اس ہنگامی قانون کو مزید پانچ روز کے لئے روک دیتے ۔ اور اس ایوان میں اسے ایک بل کی شکل میں پیش کرتے تو کیا فرق پڑ جاتا ؟ اگر آپ اس

ایوان میں بل پیش کرتے تو کیا ان پانچ دنوں میں آسمان گر پڑتا ۔ یا ملکی حالات بہت ابتر ہو جاتے ۔ اس ایوان میں آپکی بہت بھاری اور واضح اکثریت ہے ۔ آپ یہاں بل لانے سے کیوں گھبراتے ہیں آپ یہاں جو کچھ بھی چاہیں جو قانون بھی آپ چاہیں ۔ جو بل بھی آپ چاہیں ۔ با آسانی پاس کرا سکتے ہیں ۔ اور ہنگامی قوانین بھی پاس کرا سکتے ہیں ۔ آپ دنیا سے شرم کیجئے ۔ خدا کا خوف کیجئے ۔ اور اس ایوان کو کم از کم وہ حقوق تو دیجئے جو اسے دستور نے دیئے ہیں ۔ ضابطۂ اخلاق نے دیئے ہیں ۔ اسلام نے دیئے ہیں ۔ اگر آپ ہماری بات نہیں مانتے تو مرکزی اسمبلی کے طریقے سے ہی سبق حاصل کیجئے ۔ اس وقت مرکزی اسمبلی کا جو اجلاس راولپنڈی میں ہو رہا ہے ۔ اس میں صرف دو آرڈیننس پیش کئے گئے ہیں ۔ صرف دو ہنگامی قوانین آپکی مرکزی اسمبلی کے سامنے آ رہے ہیں ۔ وہ مرکزی اسمبلی جو آپ سے بڑا ادارہ ہے ۔ اور جس کی ذمہ داریاں آپ سے وسیع تر ہیں ۔ اور جس کو ہنگامی حالات آپ سے بھی زیادہ متاثر کرتے ہیں اگر انہیں چھ ماہ کے عرصہ میں کوئی ایسے ہنگامی حالات پیش نہیں آئے کہ جن کی بناء پر وہ ہنگامی قوانین کا نفاذ کرتی ۔ اور وہ اپنی حکومت کو بغیر ہنگامی قوانین کا نفاذ کئے چھ مہینے تک چلا سکتی ہے تو پھر آپ کو کیسے حالات درپیش تھے کہ آپ نے پانچ مہینے کے عرصہ میں ۲۳ ہنگامی قوانین نافذ کئے ہیں ۔ اور اس کے بر عکس صرف دو بل ہی اس ایوان کے سامنے لا سکے ہیں ۔ تو اس لئے میں پھر یہ عرض کروں گا ۔ اور انتہائی دلسوزی کے ساتھ عرض کروں گا کہ دنیا کی شرم کیجئے ۔ کچھ اپنے عوام کی شرم کیجئے ۔ اور اس ایوان کو وہ حقوق عطا کیجئے

کہ جو حقوق ہمیں عوام نے دیئے ہیں - جو حقوق ہمیں آپ ہی کے دستور نے دیئے ہیں- کم از کم اس دستور کا تو احترام کیجئے جو آپ نے خود ہی بنایا ہے - اس وقت وزیر قانون ایوان میں موجود نہیں ہیں - شاید لابی میں تشریف رکھتے ہوں - یا اپنے کمرے میں بیٹھے ہوں گے - لیکن قائد ایوان یہاں پر موجود ہیں - جو شاید یہاں پر ان کی نمائندگی کر رہے ہیں - میں ان سے آپ کی وساطت سے درخواست کرتا ہوں کہ کم از کم ہمیں قانون سازی کے اس طریقہ سے تو مطمئن کر دیں - ہمیں آپ اپنی قانون سازی سمجھا تو دیں - ورنہ ہوگا یہی کہ آپ قانون لاتے رہیں گے - اور ہم ان پر اعتراض کرتے رہیں گے - اس لئے آئیے کہ ایک ہی دفعہ اس مسئلے کو حل کردیں - اس ایوان کا یہ حق ہے - اور ہمارا بھی آپ پر یہ حق ہے کہ ہم آپ سے کہیں کہ آپ اپنے قوانین سے ہمیں مطمئن کیجئے - آپ ہمیں بتائیں کہ وہ کیا ہنگامی صورت حالات تھی کہ آپ چھ مہینے کے اندر ۲۳ ہنگامی قوانین ، مستقل قوانین اور آٹھ آٹھ ، دس دس ، بیس بیس صفحات پر مشتمل ہنگامی قوانین یہاں نافذ کر رہے ہیں - آپ ہمارا اطمینان کرائیے - اس طرح ہمارا ، آپ کا اور سب سے بڑھ کر اس معزز ایوان کا جو قیمتی وقت ضائع ہوتا رہا ہے وہ نہ ہوگا - یہ بات ہم ہر مرتبہ آپ سے کہتے رہے ہیں - لیکن آپ ہمیں ایک بار بھی مطمئن نہیں کر سکے - میں آپ کو یہ یقین دلاتا ہوں کہ ہم دلائل سے مان سکتے ہیں - آپ بات سمجھا کر ہمیں منوا سکتے ہیں - لیکن اگر آپ چاہیں کہ ڈنڈے کے زور سے آپ کی بات مان لی جائے تو ہم ڈنڈے سے کوئی بات ماننے کے لئے تیار نہیں ہیں -

جناب والا ۔ طریق قانون سازی پر شدید اعتراض کرنے کے بعد جب میں اس ہنگامی قانون کو دیکھتا ہوں تو جس قانون کی جگہ پر یہ ہنگامی قانون آ رہا ہے ۔ اگر ہم اس کا مطالعہ کریں تو یہ بات بالکل واضح ہو جائیگی کہ موجودہ قانون ۱۹۴۹ء کے قانون کی لفظ بہ لفظ یعنی verbatim نقل ہے ۔ اور نقل میں جن دو خامیوں کی عموماً نشاندھی کی جاتی ہے وہ ایک پرانے مقولہ کے مطابق یہ ہیں کہ ''نقل کفر کفر نبا شد'' اور ''نقل را چہ عقل''۔ یعنی اسکا مطلب یہ ہوا کہ اگر ہم کسی بری بات کو من وعن دھرا دیں تو یہ کوئی برائی نہیں ہے ۔ اور بالکل نقل کے برابر ہے ۔ اور دوسرا یہ کہ نقل کرتے وقت عقل کو استعمال کرنے کی ضرورت ہی نہیں ۔ چنانچہ جو کچھ پہلے سے لکھا ہوا موجود تھا اسی کو لکھ دیا ۔ مجھے افسوس ہے کہ آپ کے محکمہ زراعت اور اس کے عملے نے ان دونوں ہی برائیوں کو ملحوظ رکھا ہے ۔ اور انہوں نے اس قانون کو سابقہ برائیوں سے پاک نہیں کیا بلکہ وہ برائیاں اس میں ہو بہو موجود ہیں ۔ پرانے قانون میں جن ترامیم اور اصلاحات کی ضرورت تھی اس قانون میں ان کو پورا کرنے کی ضرورت محسوس نہیں کی گئی ۔ کیونکہ جیسا کہ میں نے ابھی عرض کیا ہے ۔ نقل کے لئے عقل کی ضرورت ہی نہیں ہوتی ۔

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak : Point of order, Sir, I want to know whether the old proverb is :

''نقل را عقل باید'' or ''نقل را چہ عقل''

مسٹر محمود اعظم فاروقی—یہ ''نقل را چہ عقل'' ہے ۔

جناب والا ۔ میں بہت پہلے اس ایوان میں کہہ چکا ہوں کہ

آپوزیشن کی بنچ پر بیٹھنے کے باوجود بھی ہمارا یہ طریقہ ہر گز نہیں ہے کہ ہم آپ کی ہر بات کی مخالفت کریں ۔ خواہ وہ اچھی ہی کیوں نہ ہو ۔ بلکہ ہم آپ کی ہر اچھی بات کی تعریف کرنے کے لئے رطب اللسان ہیں ۔ اور ہم آپکی ہر اچھی بات کیلئے آپکو مبارکباد پیش کرتے ہیں ۔ چنانچہ میں اس اچھی بات کے لئے آپکو مبارکباد دیتا ہوں کہ آپ نے دوسرے ہنگامی قوانین کی طرح اس قانون میں عدالتوں کے اختیارات محدود نہیں کئے ۔ اس میں آپ نے کوئی ایسی دفعہ نہیں رکھی ہے کہ جسکی موجودگی کی وجہ سے لوگ اپنے حقوق کی وصولیابی کے لئے عدالت میں نہ جا سکیں ۔ آپ نے انکے لئے یہ دروازہ کھلا چھوڑا ہے ۔ کم از کم آپ نے انہیں یہ ایک حق تو اس قانون کے ذریعے دیا ہے ۔ اب یہ نیرنگئی زمانہ ہے کہ آپ عوام کو ان کا حق دیں ۔ اور میں اسکے لئے آپکو مبارکباد دوں ۔ لیکن اب یہ معلوم نہیں کہ آیا آپ نے یہ فعل عمداً کیا ہے ۔ اور اسے جان کر کیا ہے ۔ یا یہ حق بھی اسی نقل کا مرہون منت ہے ۔ مجھے اسکا علم نہیں ۔ ہو سکتا ہے کہ آپ نے غلطی سے یعنی نقل میں عقل استعمال نہ کرنے کی وجہ سے یہ حق عوام کو دے دیا ہو ۔ (قطع کلامی اور قہقہہ)

جناب والا ۔ اس ہنگامی قانون میں سب سے بڑی خرابی جو پرانے قانون میں بھی موجود تھی باقی رہ گئی ہے اور وہ یہ ہے ۔ کہ اس میں بہت سی اہم چیزوں کو مبہم چھوڑ دیا گیا ہے ۔ میں مثال کے طور پر دو شقوں کی طرف اشارہ کرونگا ۔ یہ ہے ہنگامی قانون کی دفعہ نمبر ۳ کی شق نمبر ۱ اور ۲ ۔ اس میں آپ نے فرمایا ہے ۔

3. (1) Government shall establish for the whole of West Pakistan a Cotton Control Board.

(2) Government may also constitute Advisory Committees for the Province or parts thereof.

اس کے بعد یہ ہے ۔ کہ

(3) The Board and each Advisory Committee shall be constituted in such manner and shall consist of such number of members as may be prescribed.

ایڈوائیزری کمیٹی اور کنٹرول بورڈ ۔ یہ اس سارے قانون اور کاٹن کنٹرول یعنی انضباط پنبہ کی جان ہے اور اسکی روح ہے ۔ ایڈوائزری کمیٹی اور کاٹن کنٹرول بورڈ کے پاس سارے اختیارات ہیں ۔ اس ملک میں پنبہ کے انضباط کیلئے اس کمیٹی اور اس بورڈ کی تشکیل کرنا ہے ۔ چاہئیے تو یہ تھا کہ اس قانون میں اس بات کو متعین کیا جاتا ۔ کہ وہ بورڈ اور کمیٹی کن اشخاص پر مشتمل ہو گی ۔ ہر قانون کے اندر مبہم باتیں بھی ہوتی ہیں ۔ لیکن وہ باتیں جو نہایت اہم ہوں ۔ جن پر ایک قانون کے نفاذ کا دار و مدار ہو ۔ ان میں ابہام رکھنا اس بات کی دلیل ہے کہ یا تو آپ نے غلطی سے ایسا کیا ہے جیسا کہ میں نے اس سے پہلے نقل کے بارے میں عرض کیا تھا ۔ اور چونکہ ۱۹۴۹ء کے قانون میں بھی ایسا نہیں تھا ۔ تو اب اس میں بھی یہ ابہام باقی رہ گیا ہے ۔ اور یا پھر آپ نے اپنے مقاصد کے پیش نظر اور اپنے سیاسی مفادات کیلئے اب کیا ہے تاکہ آپ اس دفعہ کی اس شق کو جس طرح چاہیں ۔ توڑ مروڑ سکیں ۔ اور جس طرح چاہیں ۔ استعمال کر سکیں ۔

اسی طرح سے اس کی شق ۴ میں یہ دیا گیا ہے ۔

"The Board and the Advisory Committees shall exercise such powers and perform such functions and their business shall be conducted in such manner and in accordance with such procedure as may be prescribed."

یعنی every thing is such ۔ آپ اس میں کوئی چیز ملے تو کریں ۔ آپ کہتے ہیں ۔ سب کچھ اس میں ہے ۔ یہ سب کچھ جھوٹ ہے ۔ لیکن

آپ کہتے ہیں ۔ کہ سب کچھ سچ ہے ۔ حالانکہ کچھ بھی سچ نہیں ۔ آپ کوئی بات قانون میں متعین تو کریں کہ کمیٹی کے یا بورڈ کے یہ اختیارات ہوں گے ۔ پھر سچ ہو گا ۔

جناب والا ۔ اس قانون میں نقل کرتے وقت سب سے بڑی غلطی جو کی گئی ہے وہ سزاؤں کے سلسلہ میں ہے ۔ آپ نے پورے قانون میں تقریباً ۱۲ ایسے offences دئے ہیں جن کی سزائیں مقرر کی ہیں ۔

وزیر زراعت نے اپنی ابتدائی تقریر میں یہ فرمایا تھا کہ سزا مقرر کرتے وقت ہم نے پچھلی سزاؤں میں اضافہ کر دیا ہے ۔ اور یہ اضافہ اس طرح کیا گیا ہے ۔ کہ پہلے جن جرائم کی سزا صرف جرمانہ تھی ۔ اب اس میں جرمانہ کے ساتھ قید کی سزا بھی بڑھا دی گئی ہے ۔

میں کوئی وکیل نہیں ہوں ۔ اور فوجداری کا تو یقیناً وکیل نہیں ہوں قائد ایوان تو criminal lawyer ہیں ۔ وہ وکیل رہ چکے ہیں ان کو زیادہ پتہ ہوگا ۔ اور ان کو اس بات کا ضرور علم ہو گا ۔

بیگم زاهده خلیق الزمان—کیا آپ کو علم نہیں ۔

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان)—ہر فرعونے را موسٰے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی—لیکن عورت پیغمبر تو نہیں ہو سکتی ۔ اسلئے بیگم صاحبہ صرف فرعون ہو سکتی ہیں موسیٰ نہیں ۔

وزیر مال—عورت صدر تو ہو سکتی ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی—میں قانون سے زیادہ واقف تو نہیں ۔ خصوصاً فوجداری قانون سے ۔ لیکن کہا جاتا ہے ۔ کہ ہر قانون common

sense پر مبنی ہوتا ہے اور جرائم کی سزائیں common sense یا عقل عام کے مطابق رکھی جاتی ہیں ۔ بعض جرائم ایسے ہوتے ہیں جو اخلاقی نوعیت کے ہوتے ہیں ۔ ان کی سزا قید کی صورت میں دی جاتی ہے یا پھانسی کی صورت میں دی جاتی ہے ۔ قید و بند کی سزائیں جسمانی سزائیں ہوتی ہیں ۔ اور بعض ایسے جرائم ہوتے ہیں جو procedure قسم کے ہوتے ہیں ۔ مثال کے طور پر اگر کوئی شخص کسی خاص شخص کی عزت اور آبرو یا کسی شہری کے حق کو نقصان پہنچاتا ہے تو اس جرم کی سزا جرمانہ کی صورت میں دی جاتی ہے ۔ یہی اصول پیش نظر رکھتے ہوئے ۱۹۵۰ کے کاٹن کنٹرول ایکٹ میں اس قسم کے جرم کی سزا قید و بند نہیں رکھی گئی تھی بلکہ جرمانہ تھی ۔ مقصد یہ تھا کہ یہ جرائم یا offences صرف procedure قسم کے تھے ۔ مثلاً کسی نے رجسٹر مکمل رکھا ہے یا نہیں یا کوئی رپورٹ رجسٹرار کو بھیجی ہے یا نہیں ۔ یا کسی بات کے متعلق کاٹن بورڈ کو اطلاع دی یا نہیں دی ۔ یہ سب procedure قسم کے جرائم تھے ۔ جن سے کسی دوسرے شہری کا کوئی حق یا ذات یا مال مجروح نہیں ہوتا ۔ اس لئے اس قسم کے جرم کے لئے کوئی قید و بند کی سزا مقرر نہیں کی گئی ۔ بلکہ جرمانہ کی سزا رکھی ہے ۔ اس کے دو فائدے ہیں ۔ ایک تو یہ کہ مجرم کو جرمانہ ادا کر کے اپنی غلطی کا احساس ہو گا ۔ اور دوسرے حکومت کے خزانہ میں روپیہ جمع ہو جائے گا ریونیو میں اضافہ ہو گا اب آپ نے اس اصول کو ختم کر دیا میں پوچھتا ہوں کہ آخر اس اصول کو کیوں ختم کیا گیا ہے ۔ آپ نے جرمانہ کے ساتھ قید و بند کی سزا بڑھا دی ہے اور اس میں بھی کوئی تناسب نہیں ۔ نہ ہی common sense کے اعتبار سے کوئی توازن ہے ۔ جب آپ جرمانہ اور قید و بند کی سزا

رکھیں - تو دونوں سزاؤں میں کوئی تو تناسب ہونا چاہئے - اگر کسی جرم کی تین ماہ کی قید کی سزا ہے - اس کے ساتھ ہی کسی کو جرمانہ کی سزا ہے - یا قید اور جرمانہ دونوں میں سے کوئی ایک سزا ہے - تو اس کو قید کی سزا بھی دی جا سکتی ہے یا جرمانہ کی بھی - اس لئے قید کی معیاد اور جرمانہ کی رقم میں کوئی تناسب ہونا چاہئے - اگر آپ یہ کہیں گے کہ ۵۰۰ روپیہ جرمانہ یا چھ سال کی سزا - تو یہ بات واضح معلوم ہوتی ہے - کہ اس میں کوئی تناسب نہیں - جب تک قید کی معیاد اور جرمانہ کی مقدار میں کوئی تناسب نہ ہو - اس وقت تک یہ سمجھا جائے گا کہ قانون بنانے والوں نے سوچا ہی نہیں - یا سوچ کر بعض مقاصد کے تحت ایسا کیا ہے - میں آپ کو چند قید کی سزائیں سناتا ہوں - ان میں آپ دیکھیں گے کہ آپ نے کس طرح تناسب قائم کیا ہے - اگر کوئی شخص اپنی فیکٹری بغیر لائسنس کے یا لائسنس کے منسوخ ہو جانے کے بعد یا لائسنس کے renewal کے بغیر چلاتا رہے - تو سیکشن ۷ کی کلاز (۱) ۵ میں جو سزا رکھی ہے - وہ یہ ہے کہ تین ماہ کی قید اور ۵۰۰ روپیہ جرمانہ - پھر اس دفعہ کی دوسری شق میں اگر وہ دوبارہ یہی جرم کرتا ہے - تو آپ نے قید کی سزا تین ماہ سے چھ ماہ کر دی ہے - لیکن جرمانہ کی سزا ۵۰۰ سے ۱۵۰۰ روپے کر دیا ہے - اگر آپ کا تناسب وہ تھا کہ تین ماہ کی قید ۵۰۰ روپیہ جرمانہ کے مساوی ہے - یعنی ایک شخص کو اگر آپ تین ماہ کی سزا دیں اور دوسرے کو ۵۰۰ روپیہ جرمانہ تو اس سے یہ سمجھا جائے گا کہ دونوں نے تقریباً ایک سزا پائی - پھر جب آپ دوسرے جرم کے ارتکاب کے موقع پر اس کی سزا تین ماہ سے چھ ماہ کر دیں تو جرمانہ ۵۰۰ سے ۱۰۰۰ روپیہ ہونا چاہئے - یہ ۱۵۰۰ روپیہ آپ نے کیسے رکھ دیا - اس لئے آپ کا تناسب اور بھی خراب ہو جاتا ہے -

جب آپ یہ کہتے ہیں کہ اگر کوئی bales کی marking نہ کرے یا marking صحیح نہ ہو تو اس کے لئے آپ کا سیکشن (B) ۱۳ ہے ۔ یعنی اگر کوئی کارخانہ‌دار bales کی صحیح marking نہیں کرتا ہے تو اس کو آپ سزا دیں گے ۔ ایک ماہ قید یا ۵۰ روپیہ جرمانہ ۔ ایک جگہ تو آپ تین ماہ کے بدلے میں ۵۰۰ روپیہ رکھتے ہیں اور دوسری جگہ ایک ماہ کے بدلے میں ۵۰ روپیہ ۔ یہ کونسا تناسب ہے ؟ اور کس بنیاد پر یہ تناسب رکھا گیا ہے ؟ اس میں کوئی معیار ہونا چاہیئے ۔ یہ کیسا طریقہ قانون سازی کا ہے قانون کی ایک ہی کتاب ہے اس میں ۱۰ offences کی سزا مقرر کرتے ہیں ۔ اور کہیں بھی ان سزاؤں میں تناسب موجود نہیں ۔ کوئی proportion نہیں ۔ پھر آپ سوچیں کہ آپ نے marking of bales کے لئے کیا کیا ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ یہ محکمہ زراعت ہے اور زراعت والے جمع تفریق کے ماہر نہیں ہوتے ۔ اس لئے یہ غلطی ہوئی ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب میں یہ عرض کر رہا تھا کہ . . . . .

بیگم زاہدہ خلیق الزمان ۔ جرائم کی تعداد تو آپ بہت اچھی طرح جانتے ہیں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جس شہر میں آپ رہتی ہیں وہاں جرائم ہی تو ہوں گے ۔

جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ قید کی میعاد اور جرمانہ کی رقم میں کوئی تناسب ہونا چاہیئے تھا ۔ پھر آپ یہ بھی سوچیں کہ

marking of bales کے لئے ۵۰ روپیہ جرمانہ رکھتے ہیں ۔ marking نہ کرنا کس کی ذمہ داری ہے یہ factories کے مالکان کی ذمہ داری ہے ۔ یعنی آپ نے ۵۰ روپے جرمانہ اُس شخص کے لئے رکھا ہے جو یقیناً لکھ پتی ہے ۔ ۵۰ روپیہ جرمانہ کی حقیقت اس کے نزدیک کیا ہے ۔ آپ جو سزا رکھتے ہیں اس کے لئے دیکھنا چاہئے کہ جرمانہ آپ کس سے وصول کر رہے ہیں ؟ دینے والا کون ہے ؟ offence کرنے والا کون ہے ؟ یہ قانون آپ فیکٹریز کے لئے بنا رہے ہیں اور کسی فیکٹری کا مالک کوئی سڑک کا مزدور تو نہیں ہوگا ۔ وہ یقیناً کم از کم دو لاکھ کی حیثیت والا آدمی تو ہوگا ۔ دو لاکھ کی حیثیت والے آدمی کے لئے اگر آپ چاہتے ہیں کہ جرم رکے تو اُس کی سزا deterent ہونی چاہیئے ۔ جرمانہ اتنا کرنا چاہئے جو اُس کو جرم کرنے سے روک سکے ۔ اور اگر جرمانہ اتنا ہو کہ وہ بآسانی جیب سے نکال کر دے دے تو اُسے محسوس بھی نہیں ہوگا کہ ۵۰ روپے اُس کی جیب سے چلے گئے ۔ ایسی سزا موثر نہیں ہوسکتی ۔ نہ کوئی نتیجہ خیز ہوسکتی ہے ۔ مجھے پھر کہنا پڑتا ہے کہ نقل را عقل باید ۔ جب آپ نے پرانے قانون میں سے سزاؤں کو منتقل کیا ہے ۔ اور نئے قانون میں لائے ہیں تو آپ نے یہ محسوس نہیں کیا کہ جس جرم کی سزا ۱۹۴۹ میں جو رکھی تھی وہی ۱۹۶۶ میں کیسے ہوسکتی ہے جب کہ روپے کی قیمت میں بہت بڑا فرق آچکا ہے ۔ ۱۹۴۹ میں اگر کسی جرم کی سزا ۵۰۰ روپے تھی تو ۱۹۶۶ میں بھی ۵۰۰ روپیہ رکھنا میں سمجھتا ہوں زیادتی ہے ۔ اور یہ موجودہ economic development میں روپیہ کی قیمت سے بے خبری کا نتیجہ ہے ۔

آپ کہیں گے کہ ہم نے قانون میں سزائے قید کو بھی رکھا ہے تو میں کہوں گا کہ سزائے قید یہاں موجود ہے ۔

"Three months' imprisonment or Rs. 5000 fine or both."

یعنی یہ بھی ہو سکتا ہے کہ آپ اس مجرم کو صرف جرمانہ کی سزا دیں - تو جس جرم کے ارتکاب پر سنہ ۱۹۴۹ میں پانچ سو روپے جرمانہ کی سزا تھی اسی جرم کے ارتکاب پر آپ سنہ ۱۹۶۶ میں بھی پانچ سو روپے جرمانے کی سزا رکھتے ہیں - (قطع کلامیاں)

وزیر صاحبان بیچ میں disturb کرتے ہیں تو گڑبڑ ہوجاتی ہے - تو میں عرض کر رہا تھا کہ قانون کے مطابق ''قید'' یا ''جرمانہ'' یا دونوں ہیں - کیونکہ یہ بھی تو امکان ہے کہ آپ اسکو دونوں سزائیں دیں یا صرف ایک - اگر سزائے جرمانہ دیتے ہیں تو آپ یہ دیکھیں گے کہ جس جرم کے ارتکاب پر سنہ ۱۹۴۹ میں پانچ سو روپے جرمانے کی سزا دیجاتی تھی ٹھیک اسی جرم کی اور ایسی ہی کارروائیوں کی سزا آج سنہ ۱۹۶۶ میں بھی پانچ سو روپے ہے تو گویا آپ نے سزا سنہ ۱۹۶۶ میں کم کر دی - جناب سنہ ۱۹۴۹ کے پانچ سو روپے آج کے ۵ ہزار کے برابر ہیں -

وزیر خوراک (مخدوم حمیدالدین) - نہیں -

مسٹر محمود اعظم فاروقی - میں جو کچھ کہہ رہا ہوں وہ پوری ذمہ داری سے کہہ رہا ہوں - چیزوں کی قیمتوں کو دیکھتے ہوئے آپ کے روپے کی marketing value اب یہی ہے -

وزیر خوراک - فاروقی صاحب آپ صحیح تقابل نہ فرماسکے -

مسٹر محمود اعظم فاروقی—میں کر سکتا ہوں - میں آپ کی خدمات میں چند تجاویز پیش کرتا ہوں -

وزیر خوراک—میں آپ کا مشکور ہوں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی—آخر میں جناب میں یہ عرض کروں گا کہ اس سارے قانون میں اگر کوئی خوبی ہے تو اس خوبی کو ختم کرنے کیلئے اس قانون کی دفعہ ۲۹ کافی ہے ۔ دفعہ ۲۹ میں آپ فرماتے ہیں ۔

"Government may, by Notification, exempt any factory or class of factories from all or any of the provisions of this Ordinance or the rules framed thereunder."

سنہ ۱۹۴۹ میں جب کاٹن کنٹرول ایکٹ بنا تھا تو اس قانون میں کوئی ایسی دفعہ موجود نہیں تھی جسکے تحت سارے اختیارات کو اپنے ہاتھ میں لے لیا گیا ہو ۔ یہ اس زمانے کی بات ہے جسے بدنام سیاستدانوں کا دور کہا جاتا ہے ۔ انہوں نے اپنے لوگوں کو فائدہ پہونچانے کیلئے اختیارات اپنے ہاتھ میں نہیں لیے تھے ۔ اور آپ یہ حق اپنے ہاتھ میں اسلئے لے رہے ہیں کہ جسکو چاہیں گے نقصان پہونچا سکیں ۔ اور جسکو چاہیں گے فائدہ ۔

بیگم زاہدہ خلیق الزمان—وہی بدنام سیاستدان جنکو آپ پھر لانے کی کوشش کر رہے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جنکو فیکٹریوں کے لائسنس ملتے ہیں اب وہ سیاستدان ہیں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی—میں ان اعتراضات اور ان گذارشات کے ساتھ اس قانون کی مخالفت کرتا ہوں کہ آپ اسے منسوخ کر دیں اور اسے بل کی صورت میں پیش کریں۔ پھر ہم اسے بہتر بنا کر منظور کریں گے۔

ملک محمد اختر—(لاهور - ۲) - جناب سپیکر - مغربی پاکستان کاٹن کنٹرول آرڈننس سنه ۱۹۶۶ کے ذریعه سے یه مطلوب هے که صوبه مغربی پاکستان میں کاٹن کنٹرول کے متعلق جو قوانین هیں ان میں یکسانیت پیدا کی جائے -

جناب سپیکر - سب سے پہلے میں اپنی حکومت کو مبارکباد دیتا هوں که انہیں کم و بیش ۱۱ - سال کے بعد اس چیز کا دھیان آیا که یه سب سے اچھا زرمبادله حاصل کرنے والا اور هماری انڈسٹری چلانے والا item هے - اس کے لئے قانون کو unify کریں - خیر دیر سے هوا یا کیسے هوا - هوا تو - اور اسی لئے دفعه ۳۱ - میں ان قوانین کا ذکر کیا گیا هے - جن کو repeal کیا گیا هے - جو پنجاب کاٹن کنٹرول ایکٹ بہاولپور کاٹن کنٹرول ایکٹ اور سندھ کنٹرول ایکٹ ۱۹۵۴ء کے هیں - دراصل کاٹن کا مسئله ایسا هے که اس کو mixture سے بچانے کے لئے ضروری تھا که کچھ اس قسم کی پابندیاں لگائی جائیں بجائے اس کے که جب ginning کے سٹیج میں کاٹن هو تو اسوقت همارے انسپکٹر اس کو check کریں یا پھر اس کو laboratory میں check کروایا جائے اور اس کا analysis کیا جائے لیکن یه که کاٹن کی کاشت پر کنٹرول کاٹن کی growth پر کنٹرول کاٹن کی نقل و حمل پر کنٹرول اور کاٹن سے متعلق دوسری کارروائیوں پر کنٹرول - میں اس میں believe نہیں کرتا میں free trade میں believe کرتا هوں - اس کے بعد میں ان دفعات کی طرف تفصیل سے آؤں گا جس کے ذریعه ان لمیٹڈ کمپنیوں کو بطور ممبر اور بطور ڈائرکٹر یا بطور share holder قابل تعزیر بنا دیا گیا هے اگر کوئی ان دفعات کا کسی طرح violation کرے -

جناب سپیکر ۔ free trade ہمارا حق ہے اور یہ بھی درست ہے کہ کاٹن کے اکسپورٹ میں ملاوٹ کرنے سے ہماری انٹرنیشنل ساکھ کو نقصان پہونچا تھا لیکن اس کا یہ مطلب یہ نہیں کہ اس انڈسٹری کو اس طرح سے monopolize کر دیا جائے اور nationalise کر دیا جائے کہ تمام کے تمام جو اس کے اجزائے ترکیبی ہیں وہ حکومت کے ہاتھ براہ راست آجائیں ۔

جناب سپیکر ۔ اب میں تین یا چار دفعات کا ذکر کروں گا جنکو اگر رہنے دیا جاتا تو یہ نقائص دور ہو سکتے تھے باقی ۲۵ دفعات جن میں سے ۱۵ یا ۲۰ دفعات ایسی ہیں جن کی میں تفصیلات میں نہیں جاؤں گا لیکن ان کا ذکر کردوں گا کہ انکے بغیر بھی یہ انڈسٹری چل سکتی تھی ۔

Mr. Hamza : There is no quorum.

Mr. Speaker : Let there be a count (*count was taken*). The House is not in quorum, let the bells be rung (*bells were rung*). The House is in quorum. Yes Malik Sahib.

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ دفعہ ۷ ۔ ہی سے ان کا کام اس حد تک چل سکتا تھا اور وہ یہ ہے ۔

> "No factory shall be worked without a licence and an identification number granted to the occupier thereof by such authority, in such form, subject to such conditions and on payment of such fees, payable for each year or otherwise, as may be prescribed."

اس دفعہ کی ضرورت تھی لیکن آگے یہ دفعہ ۷ (۳) جو ہے میں سمجھتا ہوں کہ حکومت نے اس کے لئے arbitrary powers حاصل کر لئے ہیں ۔ دفعہ ۷ (۳) کا مطلب ۔

"A licence granted under this section may be cancelled, or suspended, by the authority competent to grant it, for such period as it may deem fit, on the ground that the occupier of the factory in respect of which the licence was granted has been convicted of an offence under this Ordinance."

جناب والا ۔ offences کی تعداد جیسا کہ فاروقی صاحب نے فرمایا کہ اگر کسی نے لائسنس کا fee in time payment نہ کیا یا کسی سے کوئی omission ہو جاتی ہے تو ایسی صورت میں یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ اس کا لائسنس ختم کر دیا جائے۔ کیونکہ اس نے تو لاکھوں روپے کا investment کیا ہے وہ اس کا روپیہ کیسے ختم کر دیا جائیگا۔

میں بالکل اتفاق کروں گا ان دفعات کے ساتھ یعنی وہ دفعات جن کا ہونا ضروری ہے لیکن ایسی دفعات جن کا ہونا ضروری نہیں ان کو اس آرڈیننس میں شامل کیا جانا میں یہ سمجھتا ہوں کہ مغربی پاکستان کے عوام کے ساتھ اور ایسے طبقہ کے ساتھ جو اس کاروبار میں ہیں زیادتی ہے ۔

Mr. Speaker : It is 1-00 p.m. now and the House is adjourned to meet again tomorrow, the 2nd June, 1966, at 8-30 a.m.

The Assembly then adjourned till 8-30 a.m. on Thursday, the 2nd June, 1966.

APPENDIX I

(*Ref*: *Starred Question No.* 1562)

Consumption of alcoholic beverages including the foreign liquor consumed in various clubs in Hyderabad, Khairpur and Quetta-Kalat Divisions.

Name of club	YEARS								Remarks
	1950 G.-B.	1951 G.-B.	1952 G.-B.	1953 G.-B.	1954 G.-B.	1955 G.-B.	1956 G.-B.	1957 G.-B.	
One club in Hyderabad ...	508-0	507-0	541-4	527-0	680-2	538-4	522-4	535-2	
One club in Khairpur ...	76-4	73-2	75-2	97-4	72-4	159-2	60-4	101-0	
Quetta Club, Quetta ...	2188-0	2232-0	2124-0	2090-0	2164-0	2144-0	1895-0	1879-0	
Railway Institute, Quetta	397-0	422-0	326-0	364-0	427-0	289-0	112-0	91-0	
Sui Gas Club, Sui, Quetta	...	...	...	...	...	...	454-0	611-0	

Consumption of alcoholic beverages including the foreign liquor consumed in various clubs in Hyderabad, Khairpur and Quetta-Kalat Divisions.

Name of club	YEARS								Remarks
	1958	1959	1960	1961	1962	1963	1964	1965	
	G.-B.	G.-B.	G.-B.	G.-B.	G.-B.	G.-B.	G.-B.	G.-B.	
One club in Hyderabad ...	875-4	612-2	1007-0	1110-0	1020-4	1125-4	1542-4	1501-4	
One club in Khairpur ...	167-0	265-2	290-2	403-4	320-2	276-2	308-4	230-2	
Quetta Club, Quetta ...	1642-0	1518-0	1240-0	1337-0	1649-0	1542-0	1557-0	659-0	
Railway Institute, Quetta	92-0	78-0	83-0	88-0	82-0	91-0	91-0	43-0	
Sui Gas Club, Sui, Quetta	729-0	760-0	603-0	1005-0	730-0	581-0	637-0	572-0	

Consumption of alcoholic beverages including the foreign liquor consumed in various clubs in Karachi.

	Name of club	YEARS								Remarks
		1950	1951	1952	1953	1954	1955	1956	1957	
		G.-B.	G.-B.	G.-B.	G.-B.	G.-B.	G.-B.	G.-B.	G.-B.	
1.	Sind Club ...	...	...	3070-0	4022-0	1926-0	3854-0	5082-0	4442-0	Not functioned in 1950 and 1951.
2.	Hall Institute ...	...	...	2090-0	2334-0	1964-0	2464-0	3124-0	2758-0	Ditto
3.	Karachi Goane Association Club.	...	...	1908-0	2196-0	1702-0	2470-0	2174-0	2486-0	Ditto
4.	Golf Club ...	...	...	...	...	...	...	...	...	Not functioned.
5.	Karachi Gymkhana ...	...	...	1856-0	5002-0	3796-0	4642-0	4202-0	4420-0	Not functioned in 1950 and 1951.
6.	Karachi Club ...	...	...	2222-0	3670-0	2144-0	3806-0	2302-0	3788-0	Ditto
7.	Religh Club ...	...	...	570-0	650-0	210-0	754-0	582-0	7758-0	Ditto
8.	Karachi Boat Club ...	...	...	2690-0	3530-0	4846-0	4070-0	4004-0	4236-0	Ditto
9.	Karachi Yatch Club...	...	...	1646-0	1202-0	290-0	1556-0	1112-0	1964-0	Ditto
10.	Merchant Navy Club	...	...	3352-0	3332-0	1900-0	2288-0	3434-0	3206-0	Ditto
11.	Preventive Service Club	...	...	222-0	1670-0	402-0	1552-0	602-0	570-0	Ditto
	Total ...	...	...							

Consumption of alcoholic beverages including the foreign liquor consumed in various clubs in Karachi.

Name of Club	YEARS								Remarks
	1958 G.-B.	1959 G.-B.	1960 G.-B.	1961 G.-B.	1962 G.-B.	1963 G.-B.	1964 G.-B.	1965 G.-B.	
1. Sind Club ...	2158-0	2322-0	4306-0	4352-0	4930-0	5838-0	5392-0	2760-0	
2. Hall Institute ...	1780-0	2190-0	3144-0	2764-0	2198-0	2820-0	2700-0	956-0	
3. Karachi Goane Club	1990-0	2124-0	2084-0	2556-0	2598-0	3054-0	2594-0	1074-0	
4. Golf Club ...	326-0	676-0	760-0	632-0	614-0	634-0	564-0	248-0	
5. Karachi Gymkhana ...	3196-0	4006-0	4798-0	5092-0	3596-0	3652-0	4902-0	2636-0	
6. Karachi Club ...	1992-0	2204-0	2424-0	2790-0	2390-0	2368-0	2152-0	912-0	
7. Religh Club ...	732-0	1134-0	618-0	872-0	614-0	608-0	622-0	284-0	
8. Karachi Boat Club ...	2778-0	3784-0	4858-0	4890-0	4332-0	4890-0	4746-0	2516-0	
9. Karachi Yatch Club	590-0	1266-0	1466-0	1664-0	1726-0	1772-0	1766-0	748-0	
10. Merchant Navy Club	3206-0	3150-0	3530-0	3488-0	3396-0	4110-0	4756-0	2396-0	
11. Preventive Service Club	374-0	154-0	524-0	478-0	266-0	212-0	350-0	156-0	
Total ...									

APPENDIX

(Ref : Starred Question

قیمت	خرچ شدہ شراب کی مقدار از ۱-۷-۱۹۶۵ تا ۳۱-۱-۱۹۶۶	قیمت	نام مالک یا مینجر
روپے	گیلن / بوتل	روپے	
۷۱۷۹۴/-	۷۴۲ / ۱/۴	۳۳۱۷۶/۵۰	مسٹر کرسچندل مینجر
۴۶۷۹۰/-	۵۵ / ۵	۳۵۲۸/-	ایس - ایم ایوب لیسی
۳۹۴۲۹/-	۷۲ / ۱	۴۱۸۸/-	ایس - ایم ایوب مالک
۲۵۲۳۳/-	۱۵۷ / ۵	۷۰۸۴/-	نور محمد چشتی مینجر

کوٹہ استعمال کرتے ہیں			کلب کے تمام ممبر
,,	,,		,,
,,	,,		,,
۷۹۲۲/۹۰	۳۸۴ / —	۷۸۴۵/۵۱	مسٹر محمد ایوب خان
—	۳۳۶ / ۱	۶۱۸۱/۱۱	مینجر محمد ہاشم خان
—	۵۴ / ۱	۹۱۸/۷۸	عبدالعزیز مینجر

II

No. 1660)

نام قسمت	ضلع	نام کلب یا ہوٹل	خرچ شدہ شراب کی مقدار از ۱-۷-۱۹۶۴ تا ۳۰-۶-۱۹۶۵	
			گیلن	بوتل
پشاور	پشاور	ڈین ہوٹل پشاور چھاؤنی	۱۴۹۲	۵½
,,	,,	سروسز ہوٹل پشاور چھاؤنی	۹۳۶	۳
,,	,,	گرین ہوٹل پشاور چھاؤنی	۶۲۲	۵
,,	,,	ہوٹل انٹرنیشنل پشاور چھاؤنی	۴۵۶	—
		(از ۱-۱۱-۶۴ تا ۳۰-۶-۶۵)		
,,	,,	پشاور کلب پشاور چھاؤنی	ممبران اپنا ذاتی	
,,	,,	نوشہرہ کلب نوشہرہ چھاؤنی	,,	,,
,,	,,	سالک کلب پشاور چھاؤنی	,,	,,
,,	ہزارہ	سپرنگ ہوٹل ایبٹ آباد	۴۶۴	۴
,,	,,	پیلس ہوٹل ایبٹ آباد	—	—
,,	,,	پائنیر ہوٹل نتھیا گلی	,,	,,

قیمت	خرچ شدہ شراب کی مقدار از ۱۰-۱۹۶۵ تا ۳۱-۱-۱۹۶۶		قیمت	نام مالک یا مینجر
روپے	گیلن	بوتل	روپے	
کوٹہ استعمال کرتے ہیں				کلب کے تمام ممبر
,,	,,	,,		,,
,,	,,	,,		,,
,,	,,	,,		,,
۲۹۲۶۳۴/-	۲۱۳۹	—	۱۴۷۵۵۶/-	مسٹر پی - او - ھگن مینجر
۱۹۶۵۴/-	۱۳۶	—	۹۴۲۹/-	,, ,,
کوٹہ استعمال کرتے ہیں				کلب کے تمام ممبر
,,	,,	,,		,,
,,	,,	,,		,,
,,	,,	,,		,,
۱۴۲۷۶۱۰/-	۹۱۶۳	۲	۲۵۹۶۳۰/-	مسٹر ای - بی پلیٹ اسسٹنٹ جنرل مینیجر
۵۲۰۳۰/-	۲۷۹	۳½	۱۲۴۹۰/-	ایچ - کے ڈیوس
کوٹہ استعمال کرتے ہیں				کلب کے تمام ممبر
,,	,,	,,		,,
,,	,,	,,		,,

نام تسمت	ضلع	نام کلب یا ہوٹل	خرچ شدہ شراب کی مقدار از ۱-۷-۱۹۶۴ تا ۳۰-۶-۱۹۶۵		
			گیلن	بوتل	
پشاور	ہزارہ	آفیسرز کلب ایبٹ آباد	ممبران	اپنا	ذاتی
,,	,,	فاروقیہ کلب ہری پور	,,		,,
,,	کوہاٹ	کوہاٹ گریژن آفیسر کلب	,,		,,
ڈی ۔ آئی ۔ خان	بنوں	آفیسرز کلب بنوں	,,		,,
راولپنڈی	راولپنڈی	فلیشمین ہوٹل راولپنڈی	۳۴۰۷		—
,,	,,	سیسل ہوٹل مری	۲۳۶		—
,,	,,	راولپنڈی کلب راولپنڈی	ممبران	اپنا	ذاتی
,,	,,	ڈیپارٹمنٹل کلب راولپنڈی	,,		,,
,,	,,	آرڈیننس کلب واہ چھاؤنی	,,		,,
,,	,,	مرغہ ٹینس کلب واہ چھاؤنی	,,		,,
,,	جہلم	منگلا ڈیم کلب منگلا	۲۶۰۶۱	½	
,,	,,	منی کلب منگلا	۱۱۰۳	۲½	
,,	,,	جہلم کلب جہلم	ممبران	اپنا	ذاتی
,,	,,	لیٹرن کلب جہلم	,,		,,
,,	,,	اے ۔ ایس ۔ سی آفیسر کلب جہلم	,,		,,

قیمت	خرچ شدہ شراب کی مقدار از ۶۵-۷-۱ تا ۶۶-۱-۳۱			قیمت	نام مالک یا مینجر
	روپے	گیلن	بوتل	روپے	
	کوٹہ استعمال کرتے ھیں				کلب کے تمام ممبر
	,,	,,	,,		,,
	,,	,,	,,		,,
—	۸	—		۳۳۶/-	مسٹر جی لور
	کوٹہ استعمال کرتے ھیں				کلب کے تمام ممبر
۱۳۵۶۹۲/-	—	—		—	رابٹ ای اینڈ ریوز مینجر
	کوٹہ استعمال کرتے ھیں				کلب کے تمام ممبر
	کو پرمٹ جاری ھوا ممبران اپنا ذاتی کوٹہ استعمال کرتے ھیں				,,
۳۶۰					مسٹر ایم - ایف فیراری
	کوٹہ استعمال کرتے ھیں				کلب کے تمام ممبر
۲۹۰۳۱۸/۷۲	۲۰۴۳	۲		۱۸۵۸۷۹/۱۵	مسٹر ایم - احسان مینجر
۳۲۱۷۴۰/-	۱۴۱۵	۴		۱۱۹۶۹۶/-	مسٹر بی - اے آواری مالک
۲۵۴۹۰۵/-	۱۷۸۱	۵		۱۱۹۳۷۴/-	مسٹر آر - آر بہرین مینجر
۵۴۲۸۱/-	۱۴۸۷	۴		۱۳۳۱۵۳/-	مسٹر ایس ایم - صدیق مینجنگ ڈائریکٹر

نام قسمت	ضلع	نام کلب یا ہوٹل	خرچ شدہ شراب کی مقدار از ۱۷-۱۹۶۴ تا ۳۰-۶-۶۵
			گیلن بوتل
,,	,,	فنگشن کلب کھیوڑہ	ممبران اپنا ذاتی
,,	,,	بال قیصر کلب چکوال	,, ,,
,,	گجرات	گجرات کلب گجرات	,, ,,
,,	,,	میسرز کو جیفر اسٹرال منڈی بہاؤالدین	— —
,,	کیمبلپور	سینئر سٹاف کلب کھور	ممبران اپنا ذاتی
سرگودھا	جھنگ	قیصر انجینئرنگ کمپنی کلب شور کوٹ روڈ	۱۹۷۱ —
,,	لائلپور	میسرز چناب کلب لمیٹڈ لائلپور	ممبران اپنا ذاتی
,,	,,	میسرز سوئی ناردرن کلب لائلپور	مورخہ ۱۸-۹-۶۵
,,	سرگودھا	ایمپریگلو کمپنی لمیٹڈ بلند ہل سرگودھا	۸۰ بیر
ملتان	ملتان	ملتان کلب ملتان	ممبران اپنا ذاتی
لاہور	لاہور	ہوٹل انڈس	۴۱۶۰ ۳¼
,,	,,	پارک لگژری ہوٹل	۳۸۱۶ ۴
,,	,,	فلیٹیز ہوٹل	۴۱۳۰ ¼
,,	,,	ہوٹل انٹرنیشنل	۵۶۲ ۳

قیمت	خرچ شدہ شراب کی مقدار از ۱-۷-۱۹۶۵ تا ۳۱-۱-۱۹۶۶		قیمت	نام مالک یا مینجر
روپے	گیلن	بوتل	روپے	
۱۹۸۰۹۶/-	۲۶۲	۲	۸۹۰۱۰/-	مسٹر ظفر اقبال مینجر
۱۱۹۱۳۲/۶۶	۸۷۳	۱	۳۳۴۴۵/-	امین سنز لمیٹڈ
کوٹہ استعمال کرتے ہیں				کلب کے تمام ممبر
,,	,,	,,		,,
,,	,,	,,		,,
,,	,,	,,		,,
,,	,,	,,		,,
,,	,,	,,		,,
,,	,,	,,		,,
,,	,,	,,		,,
,,	,,	,,		,,
—	—			—
کوٹہ استعمال کرتے ہیں				کلب کے تمام ممبر

نام قسمت	ضلع	نام کلب یا ہوٹل	خرچ شدہ شراب کی مقدار از ۱-۷-۶۴ تا ۳۰-۶-۶۵	
			گیلن	بوتل
لاہور		زنوبی ہوٹل	۲۶۰۷	۳
,,	,,	ہوٹل ایمبیسیڈر	۲۰۶۲	۳½
,,	,,	لاہور جیم خانہ کلب	ممبران اپنا ذاتی	
,,	,,	گالف کلب	,,	,,
,,	,,	پنجاب کلب	,,	,,
,,	,,	دی ۷۷ کلب	,,	,,
,,	,,	گرفن انسٹیٹیوٹ کلب	,,	,,
,,	,,	لاہور کمرشل جیم خانہ کلب	,,	,,
,,	,,	پی ۔ ڈبلیو ۔ آر گالف کلب	,,	,,
,,	,,	برٹ انسٹیٹیوٹ کلب	,,	,,
,,	,,	ٹیپک سوشل کلب	,,	,,
,,	,,	باٹا کلب باٹا پور	ریکارڈ نہیں مل رہا	
,,	,,	سروسز آفیسرز کلب	ممبران اپنا ذاتی	

قیمت	خرچ شدہ شراب کی مقدار از ۱-۷-۱۹۶۵ تا ۳۱-۱-۱۹۶۶	قیمت	نام مالک یا مینیجر
روپے	گیلن بوتل	روپے	
	کوٹہ استعمال کرتے ہیں		کلب کے تمام ممبر
,,	,,		,,
,,	,,		,,
,,	,,		,,
۳۶۳۵	۲½	۲۰۹۳۷/-	مسٹر اے - اے کاسٹن
	کوٹہ استعمال کرتے ہیں		کلب کے تمام ممبر

نام قسمت	ضلع	نام کلب یا ہوٹل	خرچ شدہ شراب کی مقدار از ۱-۷-۶۴ تا ۳۰-۷-۶۵	
			گیلن	بوتل
لاہور	لاہور	کیتھولک سوشل کلب	ممبران اپنا ذاتی	
,,	,,	پنجاب ایسوسی ایشن کلب	,,	,,
,,	,,	ڈسٹرکٹ گرانڈ لاج کلب	,,	,,
,,	,,	کاسمو پولیٹن کلب	,,	,,
,,	گوجرانولہ	قادر آباد بیرج کلب	—	—
,,	سیالکوٹ	سیالکوٹ کلب سیالکوٹ	ممبران	اپنا ذاتی

APPENDIX III

(*Ref*: *Starred Question No.* 1821)

ANNEXURE

Terms and Conditions of Gratuitous Relief.

1.	Transport ...	Free Transport to the home villages of the affected persons. Journey expenses at the rate of Rs. 4/- and paisa 50 only per day for journey period for adult and minor.
2.	Food Ration ...	Ration allowance at the rate of Rs. 15/- per head per month for adult and at the rate of Rs. 10/- per month for each minor for a period of six months from March, 1966.
3.	Levelling and ploughing of land and provision of seed.	Part of the grant funds are being utilized for levelling, ploughing and sowing of the cultivable lands belonging to the affected persons free of charge.
4.	Agricultural implements	Allowance for the purchase of agricultural implements at the rate of Rs. 400/- per family.
5.	Loss of life ...	Compensation at the rate of Rs. 750/- for loss of bread winner and Rs. 300/- for other members of a family.
6.	Loss of cattle ...	Compensation at the rate of Rs. 450/- for milch cattle and at the rate of Rs. 50/- for other animals, subject to a maximum of Rs. 1,000.
7.	Loss of houses ...	Compensation at the rate of Rs. 1,000/- per urban house and at the rate of Rs. 600/- per rural house.
8.	Loss of shops ...	Compensation at the rate of Rs. 500/- per urban shop and at the rate of Rs. 300/- per rural shop.

Terms and Conditions for Taccavi Loans.

1. For purchase of fertilizers.	At the rate of Rs. 10/- per acre. The taccavi loans for the purchase of fertilizers will be granted under "The Agriculturists Loans Act." These Taccavi Loans will be interest bearing and they will be governed by the normal taccave rules subject to the following special terms :— (*i*) The borrowers are to be allowed a grace period of 2 years before which they would not be asked to pay the loans. (*ii*) Loans would be recovered in 6 easy instalments, payable on each harvest after the grace period of 2 years has expired.
2. For repairs to wells and tube wells.	At the rate of Rs. 1,000/- for a well and at the rate of Rs. 5,000/- for each tube well. The loans for repairs of wells/tubewells will be granted under Head "Land Improvement Loans Act." The Taccavi Loans will be interest bearing. Their recovery will be started after two years and it will be completed in 10 years time.

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

THIRD SESSION OF THE SECOND PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Thursday, the 2nd June, 1966.

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 8-30 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Siddiqi (Qari of the Assembly) and its translation.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا قَرْيَةً كَانَتْ اٰمِنَةً مُّطْمَئِنَّةً يَّاْتِيْهَا رِزْقُهَا رَغَدًا مِّنْ كُلِّ مَكَانٍ فَكَفَرَتْ بِاَنْعُمِ اللّٰهِ فَاَذَاقَهَا اللّٰهُ لِبَاسَ الْجُوْعِ وَالْخَوْفِ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْهُمْ فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ فَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا وَّاشْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

(پ ۱۴ س ۱۶ ع ۲۱ آیات ۱۱۲ تا ۱۱۵)

اور اللہ ایک بستی کی مثال بیان فرماتا ہے کہ وہاں ہر طرح امن و چین تھا ہر طرف سے رزق بافراغت چلا آتا تھا۔ مگر اُن لوگوں نے اللہ کی نعمتوں کی ناشکری کی تو اللہ نے اُن کے اعمال کے سبب اُن کو بھوک و خوف کا لباس پہنا کر (ناشکری کا) مزہ چکھا دیا۔ اور اُن کے پاس اُنہی میں سے ایک پیغمبر آیا تو اُنھوں نے ان کو جھٹلایا پس اُن کو عذاب نے آپکڑا اور وہ ظالم تھے۔ پس اللہ نے جو تم کو حلال و طیب رزق عطا فرمایا ہے اُسے کھاؤ اور اللہ کی نعمتوں کا شکر ادا کرو اگر تم (واقعی) اُسی کی عبادت کرتے ہو۔ ہاں اس نے تم پر مردار خون اور خنزیر کا گوشت حرام کر دیا ہے اور جس چیز پر اللہ کے سوا کسی اور کا نام پکارا جائے اس کو بھی ہاں اگر کوئی ناچار ہو جائے تو بشرطیکہ بغاوت و سرکشی مقصود نہ ہو تو اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

وما علینا الا البلاغ

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Speaker : Now the Question Hour. Kazi Muhammad Azam Abbasi.

SCHEMES FOR PROVIDING CENTRAL AMENITIES FOR PASSENGERS RAILWAY STATIONS IN KARACHI DIVISION

***985. Kazi Muhammad Azam Abbasi :** Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the Railways Administration has formulated some new schemes for providing certain amenities for passengers at a number of Railway Stations in the Karachi Division of P. W. Railway ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative ;

(*i*) the details of the said schemes ;

(*ii*) the names of the Railway Stations where the said amenities will be provided.

(*iii*) the amount sanctioned for each of the said scheme, and

(*iv*) the time by which the said schemes will be implemented ?

Minister for Railways (Malik Muhammad Hayat Khan Tuman) : (*a*) Yes.

(*b*) (*i*) The details of the said schemes are given in the statement at Annexure 'A'.*

(*ii*) The names of the Stations are shown in the statement at Annexure 'A'.

(*iii*) The anticipated cost of each work is also indicated in the statement at Annexure 'A'.*

(*iv*) The said schemes have been included in the Annual Development Programme for the year 1966-67 and will be implemented during the Third Plan Period, to the extent funds are allocated.

---

*Please see Appendix I at the end.

SCHEMES FORMULATED BY RAILWAY ADMINISTRATION FOR PROVIDING CERTAIN FACILITIES TO CLASS III AND IV STAFF IN KARACHI SERVICE

*986 **Kazi Muhammad Azam Abbasi** : Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the Railway Administration has formulated some schemes for providing residential, medical educational other facilities to their Class III and IV staff in Karachi Division during 1965-66 ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative ;

(*i*) the amount provided for each of the said schemes,

(*ii*) the stations where the said facilities will be provided to the said staff and

(*iii*) the approximate date by which the said scheme will be implemented ?

وزیر ریلوے (ملک محمد حیات خان تمن)—(الف) جی‌ہاں ۔ ماسوائے اس امر کے کہ مزید میڈیکل سہولتیں مہیا کرنے کی کوئی سکیم نہیں بنائی گئی علاوہ ان کے جو پہلے سے ہی موجود ہیں ۔

(ب) ۱۹۶۵-۶۶ء کے دوران مخصوص کی ہوئی سکیموں کی لاگت الگ الگ درج ہیں ۔

انوازاً لاگت ۱۹۶۵-۶۶ء میں جو رقم خرچ کے لئے تجویز ہوئی ۔

رہائش ۔ پنتیس لاکھ بارہ ہزار روپیہ آٹھ لاکھ چھیالیس ہزار روپیہ

تعلیم ۔ بارہ لاکھ اسی ہزار روپیہ پانچ لاکھ روپیہ

دوسری ۔ تیرہ لاکھ تہتر ہزار روپیہ پانچ لاکھ چھتیس ہزار روپیہ

(۱۱) وہ سہولتیں جو الگ الگ شعبوں میں سٹیشنوں کو دی جائیں گی درج ذیل ہیں ۔

رہائش - کراچی شہر - کراچی چھاؤنی - حیدرآباد - وزیر مینشن - کوٹری میرپور خاص - نوکوٹ - ٹنڈو محمد خان - ٹنڈو الہ یار - ڈگری - جیمس آباد - دادو - جھڈو - نبی سر روڈ - کاچھیلو - نواب شاہ گھڈرو - نارک آباد - پتھورو -

تعلیمی سہولتیں---کراچی کینٹ - کوٹری اور حیدرآباد -

دوسری سہولتیں---کراچی کینٹ - حیدرآباد اور کوٹری -

(۱۱۱) مذکورہ بالا سکیمیں پروگرام کے مطابق ۱۹۶۵-۶۶ء میں شروع ہوکر تیسرے پنجسالہ منصوبہ میں مکمل ہونا تھیں - ملک میں ہنگامی حالات کی بنا پر ۱۹۶۵-۶۶ء کا ترقیاتی پروگرام بہت زیادہ حد تک کم کر دیا گیا تھا - تمام نئے کاموں کے لئے ساتھ ساتھ ان سکیموں کیلئے مجوزہ اخراجات ختم کر دیئے گئے یہ سکیمیں ۱۹۶۶-۶۷ء کے اخراجات میں رقم فراہم ہونے پر شروع کر دی جائیں گی اور خیال ہے کہ تیسرے پنج سالہ منصوبہ کے دوران ان پر کام مکمل ہو جائے گا -

---

UN-AUTHORISED SIGNING OF RAILWAY PASSES AND PRIVILEGES TRAVELLING ORDERS ISSUED FROM THE RAILWAY STEEL SHOPS

*1083. **Mr. Hamza :** Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the Head Clerk (P. & B.) of Railway Steel Shops, Moghalpura has been authorised to sign the Railway passes and Privilege Travelling Orders issued from the steel shops ;

(*b*) whether it is a fact that the said passes and Privilege Travelling Orders are being signed by some unauthorised persons for the last six months ; if so, reasons therefor ?

Minister for Railways (Malik Muhammad Hayat Khan Tuman) : (*a*) Yes.

(*b*) No. During the period January to July, 1965, the Head Clerk (P. & B.) was placed on special duty for preparing seniority lists. In this period the senior Sub-Head was authorised to sign passes and Privilege Ticket Orders.

CONFIRMATION OF THE STAFF WORKING IN THE RAILWAY STEEL SHOPS MOGHALPURA

*1084. **Mr. Hamza**: Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that a question regarding confirmation of the staff working in the railway Steel Shops, Moghalpura was asked by a Member in one of the last Assembly Sessions ;

(*b*) whether it is a fact that in answer to the said question an aasurance was given to the effect that the said confirmation would be completed within a definite target date ;

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, (*i*) the target date, (*ii*) whether seniority lists of the employees working in steel shops have been completed and circulated and confirmations of any members of the staff has been done ; if so, a list of officials so confirmed be placed on the Table of Assembly and if the said confirmations have not been made so far ; reasons therefor ?

Minister for Railways (Malik Muhammad Hayat Khan Tuman) : (*a*) Yes. The previous Assembly Question was not related to the confirmation of all staff in the steel shop but only to that of certain clerks among them.

(*b*) No. In answer to the said question, it was stated that the concerned clerks employed in Steel Shops, Moghalpura, had already been confirmed.

(*c*) (*i*) Does not arise in view of reply to (*b*) above.

(*ii*) The seniority list of the clerical staff has already been completed and circulated and particulars of those confirmed on the basis of the seniority list are placed on the Table of the House.

مسٹر حمزہ۔میں نے اپنے سوال کے حصہ (ج) میں یہ دریافت کیا تھا ۔ کہ آیا وہ لوگ جو Steel Shop میں کام کر رہے ہیں ان کی seniority list تیار کی گئی ہے ۔ یا نہیں ۔ اگر نہیں کی گئی ہے ۔ تو کب تیار کی جائے گی ۔ جس کے جواب میں جناب وزیر صاحب نے صرف

clerical staff کے متعلق جواب ارشاد فرمایا ہے ۔ میرا خیال ہے ۔ کہ بہتر ہو گا ۔ کہ پہلے وہ میرے سوال کو پڑھیں اور اس کے بعد اس کا جواب دیں ۔

وزیر ریلوے—آپ کا سوال ہے ۔

"whether it is a fact that a question regarding confirmation of the staff working in the Railway Steel Shop, Moghalpura was asked by a member in one of the last Assembly Sessions".

تو جو جواب عرض کیا گیا ہے ۔ وہ اسی کا حوالہ دے کر عرض کیا گیا ہے ۔

مسٹر حمزہ—میرے سوال کے حصہ (ج) میں جو کچھ دریافت کیا گیا ہے ۔ وہ گذشتہ اسمبلی میں پوچھے گئے سوال کا حوالہ دے کر پوچھا گیا تھا ۔ اور وہ یہی ہے ۔ کہ Steel Shop میں جو لوگ کام کر رہے ہیں ۔ ان کی seniority list تیار ہوئی ہے ۔ یا نہیں ۔

وزیر ریلوے—جو سوال ہے ۔ اس میں آپ نے فرمایا ہے ۔ کہ

"If answer to (a) ..."

اور حصہ (اے) میں جو کسی سوال کا حوالہ دیا تھا ۔ اس کا حوالہ (سی) میں دیا ہے ۔ اگر آپ کو seniority list چاہئیے ۔ تو آپ نیا سوال دیں ۔ میں جواب مہیا کر دونگا ۔

DELAY IN DISPOSAL OF PENSION CASES IN RESPECT OF TEN EMPLOYEES OF PAKISTAN WESTERN RAILWAY STEEL SHOPS, MOGHALPURA

*1135. **Mr. Hamza** : Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the following ten employeas of Pakistan Western Railway Steel Shops, Moghalpura were retired from service during the year 1958 :—

(1) Ilahi Bux	...	...	Chargeman
(2) Qasim Ali	...	...	Chargeman

(3) Nawab-ud-Din	...	...	Chargeman
(4) Muhammad Sharif	...	...	Foreman
(5) Chargh Din	...	...	Chargeman
(6) Muhammad Sharif	...	...	Chargeman
(7) Muhammad Ali	...	...	Chargemau
(8) Ashiq Ali	...	...	Chargeman
(9) Abdul Karim	...	...	Chargeman
(10) Abdul Ghani	...	...	Chargeman

(*b*) whether it is a fact that some of the said persons have since died ;

(*c*) whether it is a fact that the pension cases of all the persons mentioned in (*a*) above have not so far been decided ; if so, reasons therefor and the time by which the said cases will be finalized?

Minister for Railways (Malik Muhammad Hayat Khan Tuman) : (*a*) N , out of the ten employees listed, six retired in 1958, one in 1959, one was invalided out of service in 1959, and two others died in 1957 and 1960 while in service.

(*b*) Yes. Two employees died while in service as stated above and another one died in 1959, after retirement.

(*c*) No, Payment of pensions to nine persons/their legal heirs has already been made but its disbursement has been held up in the case of the remaining one employ as his whereabouts are not known.

The delay in final payment was due to delay in eliciting the consent of the Public Works Department and Defence Departments to bear the pensionary charges of the employees proportionate to their service rendered in those departments before the mills were taken over by the Railway Administration.

مسٹر حمزہ ــ کیا وزیر ریلوے کو یہ احساس ہے ۔ کہ حکومت پاکستان کے دو محکموں سے یہ اجازت حاصل کرنے میں جو وقت درکار ہے ۔ یا وقت لگا ہے ۔ وہ بہت زیادہ ہے ۔

کرے اور وہ ایوان اس کمیٹی کی غلطیوں کو نکالنے کا مجاز ہے ۔ خان منور خان صاحب نے جو بات فرمائی ہے میں اس کی تائید کرتا ہوں ۔ یہ کمیٹی جو ایک ہفتہ پہلے بنائی گئی تھی اس کی ایک نشست غالباً ۲۵ مئی کو ہوئی ۔ میری اطلاع کے مطابق یہ نشست ڈیڑھ گھنٹہ یا دو گھنٹہ تھی ۔ جتنا وقت اس کمیٹی نے صرف کیا ہے اس میں یہ humanly نا ممکن ہے کہ اس بل کو جو کہ ۵۸ صفحات اور ۱۹۷ شقوں پر مشتمل ہے اس کو لفظ بہ لفظ پڑھا بھی جا سکے ۔ میں پوری ذمہ داری کے ساتھ کہتا ہوں کہ اس کمیٹی نے جتنا وقت لیا ہے اس میں اس کے لئے humanly نا ممکن تھا کہ اس بل کا وہ clause by clause مطالعہ بھی کر سکے ۔ جو کمیٹی clause by clause مطالعہ نہیں کر سکتی وہ اس کے متعلق اپنی رپورٹ کیسے دے سکتی ہے ۔ اور کوئی بھی شخص یہ کہنے میں حق بجانب ہو گا کہ اس کمیٹی نے اپنا mind پوری طرح apply نہیں کیا ۔

مسٹر سپیکر—فاضل وزیر قانون نے موجودہ تحریک استحقاق جو پیش کی ہے کہ خان منور خان صاحب نے اپنا point of order raise کرتے ہوئے یہ ریمارکس پاس کئے تھے کہ سیلیکٹ کمیٹی کے ممبران نے اپنا independent mind apply نہیں کیا اور انہوں نے صرف پہلی سیلیکٹ کمیٹی کی رپورٹ کی نقل کی ہے ۔ اس بنا پر ان کا خیال یہ ہے کہ خان منور خان صاحب نے اس سیلیکٹ کمیٹی کے ممبران کی ہتک کی ہے اور اس ایوان کا breach of privilege ہوا ہے ۔ خان منور خان صاحب نے اپنی تقریر میں یہ فرمایا کہ ان کا یہ مقصد نہیں تھا لیکن فاضل وزیر قانون نے اپنی تحریک استحقاق میں جو الفاظ تحریر کئے ہیں انہوں نے ان الفاظ کی تردید بھی نہیں کی ۔ میں اس مرحلہ پر پہلے مسٹر محمود اعظم فاروق کے پوائنٹ آف آرڈر کا جواب دینا چاہتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ اس ایوان

کے حقوق کیا ہین یا کسی فاضل ممبر کے حقوق کیا ہین اور ان کا تعین کیسے کیا جائے گا ۔ اس مین کوئی شک نہین ۔ یہ چیز provided ہے کہ ایوان کے حقوق کا تعین کیا جائے گا اور وہ جو تعین کیا گیا ہے ۔

'Provinical Assembly of West Pakistan Privileges Act, 1964'

کے تحت چند privileges فاضل ممبران کو دیئے گئے ہین ۔ ظاہر ہے ۔ کہ اس ایکٹ میں اس قسم کا کوئی privilege موجود نہین ہے ۔ لیکن جہاں تک اس ایوان کا اور فاضل ممبران کے privileges کا تعلق ہے ۔ اس سلسلے میں ہمین precedents اور conventions کے مطابق بھی چلنا ہوگا ۔ کیوں کہ چند privileges ایسی ہین ۔ کہ جو ہر ایوان کی by precedents اور by conventions ہوتے ہین ۔ اس طرح اگر یہ privilege اس ایکٹ مین موجود نہ بھی ہو ۔ تو بھی ایوان کے ہر ممبر کا یہ privilege ہو گا ۔ کہ اس کے متعلق کسی قسم کا کوئی توہین آمیز یا ہتک آمیز کلمہ نہ کہا جائے ۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں ۔ کہ فاروقی صاحب کے پوائنٹ آف آرڈر کا یہ جواب ہو گا ۔ کہ گو کہ یہ چیز Privileges Act میں واضح طور پر نہین دی ہوئی ہے ۔ لیکن پھر بھی اگر کسی معزز ممبر کے خلاف یا ایوان کے خلاف کوئی توہین آمیز یا ہتک آمیز کلمہ استعمال کیا جائے تو یہ breach of privilege ہو گا ۔ اور جہاں تک اس بات کا تعلق ہے ۔ کہ فی الواقع خان منور خان صاحب نے کوئی توہین آمیز یا ہتک آمیز الفاظ اپنے بیان میں بیان کئے ہیں ۔ تو ان کے متعلق جو الفاظ بیان کئے گئے ہیں ۔ انہوں نے ان کی تردید نہیں کی ۔ اور وہ الفاظ یہ ہیں ۔ کہ ممبران نے اپنا independent mind apply نہیں کیا ۔ اور جیسا کہ مسٹر محمد یوسف خان جو کہ اس سیلیکٹ کمیٹی کے رکن تھے ۔ انہوں نے واضح طور پر فرمایا ہے ۔ کہ اس سے ان کی حقوق شکنی ہوئی ہے ۔ Breach of Privileges ہوئی ہے ۔ میں خود اس موقع پر فیصلہ نہیں کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ اس سے درحقیقت کوئی breach of privileges ہوئی ہے ۔

یا کس حد تک ہوئی ہے ۔ کیونکہ اگر یہ موشن admit کر لیا جاتا ہے ۔ تو پھر اس کا فیصلہ اس کمیٹی نے کرنا ہو گا۔ جس کے حوالے اس موشن کو کیا جائے گا ۔ اس کمیٹی نے یہ فیصلہ کرنا ہوگا ۔ کہ آیا اس سے breach of privilege ہوئی ہے ۔ یا نہیں ۔ لیکن جہاں تک رول ۱۷۴ کا تعلق ہے ۔ اور اس میں جتنی قیود رکھی گئی ہیں ۔ کہ کن کن حالات میں ایک تحریک استحقاق admit کی جائے گی ۔ یا نہیں کی جائے گی ۔ ان کی بنیاد پر نہ تو تحریک استحقاق پر اعتراض کیا گیا ہے ۔ اور نہ ہی میں سمجھتا ہوں ۔ کہ رول نمبر ۱۷۴ اس پر apply ہوتا ہے ۔ اس لئے میں تحریک استحقاق کے محرک سے کہونگا ۔ کہ وہ اس کو پیش کرنے کی اجازت طلب کریں ۔

مسٹر حمزہ۔۔کیا آپ نے یہ رولنگ دے دی ہے ۔ کہ جو تحریک استحقاق انہوں نے پیش کی ہے ۔ وہ in order ہے ۔

Mr. Speaker : Yes.

Mr. Hamza : After your Ruling, I think it is our bitter duty, and I think you won't mind, we are bound to walk out.

(*Members of the Opposition, then walked out.*)

Mr. Speaker : Under Rule 175. Now those in favour of leave being granted to this Motion should stand in their seats.

As more than 30 *Members rose in their seats leave to move the motion was granted.*

Minister of Law : May I move another Motion ?

Mr. Speaker : Yes.

Minister of Law : I move :

That the question of the breach of privilege of the Members of this House committed by Mr. Munawar Khan be referred to the Standing Committee on Law and Parliamentary Affairs under Rule 177.

Mr. Speaker : Motion moved, the question is :

That the question of the breach of privilege of the Member of this House committed by Mr. Munawar Khan be referred to the Standing Committee on Law and Parliamentary Affairs under Rule 177.

The motion was carried.

THE WEST PAKISTAN LAND REVENUE BILL 1965 (CONTD)

مسٹر سپیکر۔۔خان صاحب ۔ آپ نے بل move تو کر دیا تھا ۔ اور اسے oppose بھی کیا گیا تھا ۔ تو کیا آپ اس مرحلے پر کچھ کہنا چاہیں گے ۔

وزیرمال (خان حبیب‌اللہ خان) ۔ اگر اجازت ہو تو اس کے متعلق مختصراً عرض کر دوں گا ۔

جناب والا ۔ جیسا کہ معزز اراکین ایوان کو معلوم ہے ۔ ون یونٹ سے پہلے مختلف صوبوں میں مختلف قوانین رائج تھے ۔ اور جہاں تک لینڈ ریونیو یعنی مال گذاری کا تعلق ہے ۔ وہ لینڈ ریونیو پنجاب ایکٹ جو کہ سابقہ صوبہ پنجاب کے لئے بنایا گیا تھا ۔ اس میں کچھ ترامیم کر کے اسے سابق صوبہ سرحد پر بھی حاوی کیا گیا تھا ۔ وہ بہاولپور میں بھی نافذ ہے ۔ اور کچھ ترمیمات کے ساتھ بلوچستان کے بعض اضلاع میں بھی نافذ ہے ۔ ون یونٹ کے قیام کے بعد ۱۹۵۵ء کے بعد یہ ضرورت محسوس ہوئی ۔ کہ جتنے بھی قوانین مختلف طبقوں مختلف علاقوں اور مختلف صوبوں میں رائج تھے ۔ ان کو اکٹھا کیا جائے ۔ اور جہاں تک بھی ممکن ہو سکے ۔ ان کی جگہ ایک ہی قانون نافذ کیا جائے ۔ تاکہ وہ ہر طبقہ اور ہر علاقہ پر یکساں طور پر حاوی ہو ۔ یہ موجودہ قانون بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے ۔ اور اسی بناء پر میں زیر بحث لینڈ ریوینو بل اس ایوان کے سامنے لایا ہوں ۔ پنجاب لینڈ ریونیو ایکٹ کا اطلاق سابقہ صوبہ جات پنجاب صوبہ سرحد، بہاولپور اور بلوچستان پر تھا ۔ لیکن سابق صوبہ سندھ میں یہ قانون نافذ نہیں تھا ۔

(اس مرحلہ پر مسٹر سنیئر ڈپٹی سپیکر ، سید یوسف علی شاہ ، کرسئی صدارت پر متمکن ہوئے)

وہاں پر بمبئے لینڈ ریوینو کوڈ ۱۸۸۷ء نافذ تھا ۔ اور ۱۹۵۵ء کے بعد اسی بمبئے لینڈ ریوینو ایکٹ میں ترامیم کر کے سندھ لینڈ ریوینو کوڈ کی شکل میں ایک قانون سندھ پر حاوی کیا گیا تھا ۔ اور بمبئے لینڈ ریوینو کوڈ صرف کراچی کے اضلاع میں ہی نافذ رہنے دیا گیا ۔ تو اب ہم نے یہ کوشش کی ہے اور اس سلسلے میں بعض علاقوں کی یہ شکایت بھی درست تھی ۔ کہ ٹیکس کا جو بوجھ تھا ۔ وہ تمام جگہوں پر یکساں نہیں تھا ۔ یعنی سندھ اور اس کے تحت کے علاقوں میں کہ جنہیں ہم جنوبی علاقہ کہتے ہیں ۔ اور صوبہ سرحد ، بہاولپور اور بلوچستان کو ہم شمالی علاقے کہتے ہیں ۔ تو جنوبی علاقوں میں طریقہ تشخیص مالگذاری مختلف ہے ۔ اس میں اور پنجاب کے طریق تشخیص مال گذاری میں بڑا فرق ہے ۔ اور یہ درست ہے ۔ کہ سابقہ سندھ کے علاقے میں مال گذاری کا جو بوجھ تھا ۔ وہ شمالی علاقے کے مقابلے میں زیادہ تھا اور جنوبی علاقے کے لوگوں کی اس سلسلے میں شکایت درست تھی ۔ تو ہم نے اس بل کے ذریعے یہ کوشش کرنا چاہی ہے ۔ کہ تشخیص مالیہ کے سلسلے میں جو بوجھ لوگوں پر پڑتا ہے ۔ وہ سب پر برابر اور مساوی ہو ۔ یہ نہ ہو ۔ کہ ایک علاقے میں مال گذاری کا بوجھ لوگوں پر زیادہ ہو ۔ اور دوسرے علاقے کے لوگوں پر اس کا بوجھ زیادہ رکھا جائے ۔ تو ہم نے اس سلسلے میں ان تمام قوانین یعنی بمبئے لینڈ ریوینو کوڈ یا سندھ لینڈ ریوینو کوڈ جو جنوبی علاقوں پر حاوی تھا ۔ اور پنجاب لینڈ ریوینو ایکٹ جو پنجاب میں حاوی تھا ۔ اور کچھ ترامیم کے ساتھ بہاولپور ، صوبہ سرحد اور بلوچستان میں بھی حاوی تھا ۔ ان تمام قوانین کو یکجا کر کے اور کافی غور و خوض کر کے اسے ایک سیلیکٹ کمیٹی کے سپرد کیا ۔ اس طرح

ہم نے یہ کوشش کی ہے ۔ کہ ان قوانین میں جو جو خرابیاں ہیں ۔ جو برائیاں ہیں ۔ ان کو تو دور کر دیا جائے ۔ اور ان کی جو جو خوبیاں ہیں ۔ ان کو اپنایا جا سکے ۔ اور اس سلسلے میں ہم نے حتی‌الوسع یہ کوشش کی ہے ۔ کہ تمام مغربی پاکستان میں ایک ہی قسم کا قانون تمام علاقے کے لوگوں پر برابر مساوی اور ایک ہی طرح سے حاوی ہو ۔ اس قانون میں چند ایک خاص باتیں ہیں ۔ کہ جن کی طرف میں ابتداء ہی میں آپ کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں ۔ ایک تو village officer کی تعریف ہے ۔ پنجاب ایکٹ میں ولیج آفیسر کی تعریف یہ تھی ۔ کہ اس میں صرف نمبردار اور پٹواری ہی آ سکتے تھے ۔ ان کے علاوہ اور کوئی بھی ولیج آفیسر کی تعریف میں نہیں آتا تھا ۔ لیکن اس کے برعکس سندھ میں ولیج آفیسر کی تعریف یہ تھی ۔

A 'village officer' means an officer who collects or supervises the collection of land revenue and includes Kanungo, Patwari, Tapedar, Chaprasi, Lumbardar etc etc...

تو ہم نے سندھ والے کو اپنایا ہے ۔ کیونکہ اس کی تعریف پنجاب ایکٹ میں دی گئی تعریف سے زیادہ وسیع ہے ۔ اور زیادہ comprehensive ہے ۔ کیونکہ بعض اوقات ولیج آفیسر جو کہ مال گذاری کے ساتھ تعلق رکھتا ہے ۔ وہ صرف نمبردار اور پٹواری ہی نہیں ہوتا ۔ بلکہ اس کے علاوہ اور بھی ہیں ۔ جو کہ مال گذاری سے تعلق رکھتے ہیں ۔ اس لئے ولیج آفیسر کی وہی تعریف اس میں رکھی ہے ۔ کہ جو سندھ میں رکھی گئی تھی ۔ باقی cess یعنی نمبردار کو پنجوترہ ملتا ہے ۔ وہ پرانے ایکٹ کے تحت پانچ فیصد ہی رکھا ہے ۔ اس کے علاوہ دوسری اہم بات record of rights کے متعلق ہے ۔ یعنی فرد حقیت ۔ سندھ میں اس کا یہ طریقہ تھا ۔ کہ بندوبست کے وقت جو record of rights تیار کیا جاتا تھا ۔ یعنی مالکوں کے نام مزارعین کے نام لگان کی تشخیص وغیرہ ۔ یہ سب

فرد حقیت میں درج ہوتے ہیں ۔ اور وہ بندوبست کے وقت درج کئے جاتے تھے ۔ اور وہاں پر دوسرا بندوبست ۱۰ سال یا ۲۰ سال کے عرصہ کے بعد ہوتا تھا ۔ اس لئے دوسرے بندوبست سے پہلے record of rights تبدیل نہیں ہوتا تھا اور اس میں revision نہیں ہو سکتی تھی وہ دس پندرہ یا بیس سال تک چلتا تھا ۔ یہاں پنجاب میں اور بہاولپور میں چار سالہ ہوتا تھا یعنی ۴ سال کے بعد دوبارہ بندوبست ہوتا تھا ۔ سندھ میں جب ایک فصل ہوتی تھی تو یہ اندیشہ اور خدشہ رہتا تھا کہ پٹواری record of rights میں کوئی گڑبڑ کرنا چاہے یا کسی کا حق مارنا چاہے یا ایزادی کرنا چاہے یا کم کرنا چاہے تو کر سکتا تھا ۔ اسے ہم بد دیانتی کہتے ہیں ۔ پٹواری ایسا کر سکتا تھا اور کسی کے پاس اس کا کوئی علاج نہیں تھا کیونکہ دوسرا ریکارڈ نہیں ہوتا تھا ۔ یہاں record of rights کی دو کاپیاں ہوتی ہیں ایک پٹواری کے پاس اور دوسری تحصیل آفس میں ہوتی ہے ۔ اگر پٹواری کچھ کرتا ہے تو اس قسم کی کٹا پٹی تحصیل آفس میں نہیں ہو سکتی ۔ اس لئے پٹواری کے خلاف شکایت ہو سکتی ہے اور معاملہ کی تفتیش ہوتی ہے ۔ اور اس طرح پٹواری پکڑا جا سکتا ہے ۔

اب اس بل میں تین کاپیاں رکھی گئی ہیں ۔ ایک پٹواری کے پاس دوسری تحصیل آفس میں رکھی جائے گی اور تیسری یونین کونسل متعلقہ کو دی جائے گی ۔ اس سے لوگوں کو آسانی ہو جائے گی ۔ اگر وہ اپنے حقوق دیکھنا چاہیں تو زمینوں کی بابت اور اراضیات کی بابت یونین کونسل کے پاس جو کاپی ہوتی ہے اسے دیکھ سکتے ہیں اور ہر زمیندار اپنے حقوق اور حالت زمین کے متعلق معلومات حاصل کر سکتا ہے ۔ اس سے پٹواری کی بد دیانتی کی کوئی گنجائش نہیں رہ جاتی ۔

جہاں تک تشخیص مالیہ کا تعلق ہے ۔ سابقہ پنجاب یا سابقہ سرحد اور بہاولپور میں دو قسم کے طریقے ہوتے تھے ۔ ایک تو fixed اور دوسرا fluctuating ۔ جو fixed ہوتا تھا وہ ایک دفعہ مقرر ہو جاتا اور دوسرے بندوبست تک مقرر رہتا ایسا مالیہ دائمی رہتا ہے ۔ دوسرا fluctuating ہوتا ہے ۔ یعنی فصل وار تبدیل ہوتا ہے ۔ سندھ میں تمام کا تمام مالیہ اس طرح تشخیص ہوتا ہے یہاں تک کہ خریف اور ربیع کے فصلوں کے لئے الگ الگ مالیہ تشخیص کیا جاتا ہے اور یہ نقد دیا جاتا ہے ۔

مسٹر محمد اسلم خٹک۔جناب والا ۔ وزیر مال صاحب کی یہ بڑی اہم تقریر ہے اور میں دیکھتا ہوں کہ ہاؤس میں کورم نہیں ۔ معزز ممبران اس learned تقریر سے محروم ہو رہے ہیں ۔

Mr Senior Deputy Speaker : The House is not in quorum. Let the bells be rung (*bells were rung*) The House is in quorum. Yes, please.

وزیر مال۔بلوچستان میں بعض علاقوں میں مال گذاری جنسواری یعنی غلہ کی صورت میں لی جاتی ہے ۔ اور جنوبی علاقوں میں یعنی سندھ میں جب مالیہ کی تشخیص ہوتی تھی تو مصیبت یہ ہوتی تھی کہ اگر کوئی شخص اپنی زمین پر کارخانہ بنائے یا مکان بنائے تو اسے زیادہ ٹیکس دینا پڑتا ہے ۔ ہمارے ہاں یہ نہیں سندھ کے لوگوں پر یہ ایک بڑا بوجھ تھا جو ناقابل برداشت تھا ۔ کوئی شخص اپنی زمین پر گھر بنائے ۔ بیٹھک بنائے یا کوٹھی بنائے یا کوئی کارخانہ بنائے تو اسے زیادہ مالیہ یا پریمئیم دینا پڑتا ہے ۔ اب ہم نے یہ کوشش کی ہے کہ جہاں اس کی ضرورت ہے وہاں fixed مالیہ رکھا ہے اور جہاں اس کے علاوہ fluctuating کی ضرورت ہے وہاں وہ رکھا ہے یعنی جہاں جہاں کسی کی خوبی ہے وہاں وہ رکھا ہے ۔

جناب والا ۔ مالیہ کا ذکر chapter 8 میں ہے ۔ ہم نے ان دونوں پرانے طریقوں کو رکھا ہے ۔ جو سابقہ پنجاب اور سندھ میں رائج تھے اور ان دونوں طریقوں کو اپنا لیا ہے ۔ سندھ میں یہ طریقہ تھا کہ صرف ایک زمین کے ایک سے زیادہ حصہ دار ہیں تو اگر ایک مالیہ نہ دے تو وہ شخص جو اس کا مشترک حصہ دار ہے یہ دونوں مالیہ کی ادائیگی کے ذمہ دار ہو سکتے ہیں ۔ لیکن پنجاب میں اس کے برعکس ہے ۔ ایک سٹیٹ میں جتنے بھی زمیندار ہیں وہ تمام کے تمام کسی ادائیگی کے ذمہدار ہو سکتے ہیں ۔ سندھ میں آئندہ اگر ایک شخص مالیہ کا قرضدار ہے مالیہ ادا نہیں کرتا ۔ وہ اسی طرح arrear میں چلا آتا ہے اور اس کی وصولی کے لئے کلکٹر کو خطرہ ہو کہ اس نے پہلے دو تین چار سال کا مالیہ ادا نہیں کیا اور آئندہ بھی ادا نہیں کرے گا تو وہ اس کی فصل کو قرق کر سکتا ہے ۔ پنجاب میں یہ طریقہ نہیں تھا ۔ ہم نے سابقہ پنجاب اور سابقہ سندھ دونوں کے طریقے اپنا لئے ہیں ۔ اب موجودہ بل کی دفعہ ۷۵ کے مطابق سٹیٹ کے تمام مالک مالیہ کی عدم ادائیگی کے سلسلہ میں ذمہ دار ہوں گے ۔ اور جیسا کہ سندھ میں ایسا کر دیا ہے کہ اگر کوئی بقایا کسی کے ذمہ چلا آتا ہے تو آئندہ کے لئے بھی اس کی فصل قرق ہو سکتی ہے ۔ دوسری عام بات جس کی طرف میں آپ کی توجہ مبذول کراؤں گا وہ تقسیم ہے ۔ سندھ میں یہ طریقہ تھا کہ اگر ایک خاندان کے کئی افراد ایک زمین کے مالک ہیں اور وہ مشترک حصہ دار ہیں اور کوئی ان میں تنگ آ کر اپنے حصہ کو تقسیم کرنا چاہتا ہے تو جب تک تمام مالکان راضی نہ ہوں وہ اراضی تقسیم نہیں کر سکتا ۔ اگر ایک خاندان کے مشترک حصہ دار بیس یا تیس آدمی ہیں ۔ اور کوئی ان میں ایک یا ایک سے زیادہ یہ چاہتا ہے کہ میں اپنی جائداد کو اپنے حصہ کی ملکیت کو ان سے جدا کرتا ہوں تو جب تک وہ تمام راضی نہ ہوں وہ جدا نہیں کر سکتا ۔ لیکن ہمارے ہاں اگر ایک خاندان کے بہت سے افراد ہیں یا

کسی وجہ سے ایک یا ایک سے زیادہ یہ چاہیں کہ ہم آپس میں گھر میں تقسیم کر لیں تو وہ کلکٹر یا کسی اور ذمہ دار افسر کو درخواست دے سکتا ہے ۔ اور تقسیم کرا سکتا ہے ۔ ہم نے دیکھا ہے کہ پنجاب کا قانون زیادہ جامع اور مفصل ہے اس کے لئے کوئی پروسیجر بھی نہیں لیکن سندھ میں محدود پروسیجر تھا ۔ تقسیم کرے تو کس طرح کرے یہ بڑا مشکل کام ہوتا تھا ۔ یہاں پنجاب میں کوئی شخص بھی اپنی ملکیت کو الگ کر سکتا ہے ۔ اور اس کے لئے اتنا جامع طریقہ ہے ۔ ضابطہ ہے کہ جس طرح دیوانی عدالتوں میں ہوتا ہے ۔ پہلے وہ درخواست کرتا ہے ۔ دوسرے کو سمن جاتا ہے ۔ وہ حاضر ہوتا ہے جواب دعویٰ دیتا ہے وہاں تنقیح کی جاتی ہے ۔ پیمائش کی جاتی ہے ۔ وہ باقاعدہ شہادت پیش کرتے ہیں ۔ ریکارڈ پیش کرتے ہیں اور اس طرح خوب تفصیل سے کارروائی ہوتی ہے ۔ ہم نے اس میں یہ گنجائش رکھی ہے کہ جو پنجاب کا طریقہ تقسیم ہے اس کو اپنایا جائے ۔ اور سندھ کے تقسیم کے حقوق نہیں دئے گئے اور جو پنجاب میں تقسیم کا طریقہ ہے اسی کو اپنایا ہے ۔

ثالثی کے متعلق آپ کو پتہ ہے کہ بعض اوقات زمینداروں کے آپس میں جھگڑے ہوتے ہیں اور ان کا فیصلہ کرنا ضروری ہوتا ہے وہ عدالتوں میں جاتے ہیں وہاں وکیلوں کو کرنا پڑتا ہے کورٹ فیس لگانا پڑتی ہے اخراجات ہوتے ہیں اور بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ ان کے ان جھگڑوں کو ثالث کے حوالے کر دیا جاتا ہے تو اس میں یہ گنجائش رکھی ہے کہ اگر فریقین آپس میں چاہیں کہ ان کے جھگڑے کو ثالث کے حوالے کر دیا جائے تو ثالث کے حوالے کر دیا جائے گا ۔ مگر سندھ میں ایسا نہ تھا وہاں پر اگر کوئی جھگڑا تھا تو وہ بٹا براری کا جھگڑا ہے اور صرف اسی کو ثالث کے حوالے کر سکتے ہیں ۔ اور پنجاب میں حصص وغیرہ کے بھی جھگڑے ہیں جن کو ثالث کے حوالے کیا جا

سکتا ہے اور یہاں پنجاب میں کلکٹر خود بھی جھگڑوں کو ثالث کے حوالے کر سکتا ہے ۔ دونوں فریقوں کے درمیان ایک ثالث مقرر کیا جاتا ہے اور وہ ثالث اپنی رپورٹ دیتا ہے تو اس ثالثی کا جو قانون پنجاب میں ہے وہی ہم نے اپنا لیا ہے ساتھ ہی ساتھ یہ بھی کیا ہے کہ جب وہ فیصلہ کر لے تو اس پر اپیل بھی ہو سکتی ہے نظر ثانی بھی ہو سکتی ہے نگرانی بھی ہو سکتی ہے جیسا کہ سول پروسیجر کوڈ میں ہے اور پوری نظرثانی کا حق ایسے فیصلوں کے خلاف دیا گیا ہے ۔

chapter 8 اس کے متعلق ہے کہ کوئی ریونیو افسر یا مال کا افسر کوئی فیصلہ کرے جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ تحصیلدار یا نائب تحصیلدار فیصلہ کرے تو اس کی اپیل کلکٹر کے پاس ہو سکتی ہے ۔ دوسری افسر مال کے پاس اور کمشنر کے پاس بھی ہو سکتی ہے ۔ لیکن صرف on a point of law and not on a point of fact تو تقریباً تھوڑی سی ترمیم کے ساتھ ہم نے اس کو اپنا لیا ہے ۔ بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ عدالت سے غلطی ہو جاتی ہے لیکن بعد میں معلوم ہو جاتا ہے کہ کوئی خاص چیز عدالت کے پاس نہیں تھی اور وہ بعد میں ظاہر ہو گئی مثلاً کوئی document پیش ہونے سے رہ گئی یا کوئی تحریری ثبوت جو اس وقت عدالت کے سامنے پیش نہیں کیا گیا اور وہ بعد میں پیش کیا ہے تو اس کی روشنی میں عدالت اپنے فیصلہ پر نظر ثانی کر سکتی ہے ۔ یا اس وقت کوئی ایسی چیز کا ثبوت نہیں تھا یا کوئی clerical mistake ہو گئی ۔ مثلاً پانچ سو کنال زمین ہے اور بجائے پانچ سو کے ۵۰۰ کنال لکھی گئی اور صفر غلطی سے رہ گیا تو عدالت میں ریکارڈ دکھا کر کہا جا سکتا ہے کہ بجائے پانچ سو کنال کے ۵۰ کنال غلطی سے لکھا گیا ہے تو پھر فوری طور پر review ہو سکتا ہے ۔ سندھ میں review کا کوئی اہتمام نہیں کیا گیا تھا لیکن پنجاب میں یہ تھا اور review ہو سکتا تھا جیسا کہ میں نے ابھی کہا ہے کہ ضابطہ دیوانی میں review اور نظر

ثانی کا قانون ہے تقریباً اسی کو ہم نے اپنا لیا ہے اور اگر کسی صورت میں غلطی ہو یا کوئی خاص وجوہ ہوں اور حقائق عدالت کے سامنے نہیں آسکے اور فیصلہ اس کے بغیر ہو گیا تو عدالت اپنے فیصلہ پر نظرثانی کر سکتی ہے۔

آخر میں سب سے اہم ایک چیز یہ ہے کہ شائد آپ معزز ارکان کو معلوم ہے کہ سندھ میں کوئی شخص بھی اپنی زمین کا اپنی آراضی کا مالک نہیں ہے وہاں پر حکومت مالک ہے سرکار مالک ہے اور سٹیٹ مالک ہے۔ گو کہ actual practice میں وہی شخص مالک ہے جس کے پاس وہ زمین ہے۔ آبیانہ بھی وہی دیتا ہے مالیہ بھی ادا کرتا ہے اور جو ٹیکسز ہیں یا cess ہیں سب وہی ادا کرتا ہے اور اس کے علاوہ جو کچھ dues ہوں وہ بھی وہی ادا کرتا ہے اور ۶۰- ۷۰- اور ۸۰- سال سے وہی مالک ہے لیکن ریکارڈ میں اس کو مالک نہیں بنایا گیا۔ ریکارڈ میں مالک حکومت ہے سرکار ہے گورنمنٹ ہے سٹیٹ ہے۔ اور وہ نہیں ہے۔ اس وجہ سے ان کو بڑی تکالیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے جیسا کہ ہم نے ابھی بتایا ہے کہ ہم اپنی آراضی میں مکان بنا سکتے ہیں اگر بنانا چاہیں اور ہمیں منع نہیں ہے اور سابق صوبہ سرحد میں بھی منع نہیں ہے۔ اور اگر ہم اپنی آراضی پر کارخانہ لگانا چاہیں تو کوئی ضرورت نہیں ہے کہ ہم اس کی اجازت لیں بلکہ اگر ہم اپنی آراضی پر مکان بنا لیں گے تو مالیہ بھی معاف ہو جائے گا مگر سندھ میں ایسا نہیں ہے اول تو وہ بنا نہیں سکتا لیکن اگر بنانا چاہے تو پہلے ڈپٹی کمشنر سے اجازت لینا پڑے گی اور اس پر اس کو مزید ٹیکس ادا کرنا پڑے گا۔ تو یہ اس قسم کے جھگڑے ہیں کہ کسی وقت بھی ان کے لئے دشواریاں اور مشکلات پیدا کر سکتے ہیں تو ہم نے ان کا فیصلہ کرنے کے لئے اس بل میں یہ گنجائش رکھی ہے۔ لیکن یہاں پر میں ایک

بات یہ کہتا چلوں کہ جس طرح Colonisation آف گورنمنٹ لینڈ Punjab Act ۱۹۱۲ء میں پنجاب میں حاوی ہوا اسی طرح سندھ میں یکم جنوری ۱۹۲۸ء سے شروع ہو گیا تھا تو جیسا کہ میں نے کہا ہے کہ ہم نے اس بل میں یہ گنجائش رکھی ہے کہ اگر ۳۱- دسمبر ۱۹۲۷ء سے کوئی شخص کسی آراضی پر قابض ہے اور کوئی زمین اس کے قبضہ میں ہے .....

مسٹر حمزہ--پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - وزیر صاحب آپ کی طرف address کرنے کی بجائے ممبران کی طرف منہ کرکے address کرتے ہیں -

وزیر مال--ان کو کچھ اور نہیں سوجھی تو انہوں نے یہی کہہ دیا کہ یہ ادھر منہ کرکے address کر رہے ہیں -

Don't take notice.

رانا پھول محمد خان--ان کا گلہ یہ ہے کہ ان کی طرف بھی "تک" لیا کریں -

مسٹر محمود اعظم فاروقی--حمزہ صاحب نے پوائنٹ آف آرڈر raise کیا ہے جناب سپیکر - اس پر رولنگ دیں - آپ کو یا کسی اور ممبر کو رولنگ دینے کا اختیار نہیں ہے -

وزیر مال--فاروقی صاحب ہم سندھیوں کے لئے کچھ باتیں کر رہے ہیں اور اگر سندھیوں کو کچھ ملتا ہے تو آپ اس کی کیوں مخالفت کرتے ہیں -

تو جناب میں یہ گزارش کر رہا تھا کہ اگر ۳۱-دسمبر ۱۹۲۷ء کو کوئی شخص بحیثیت occupant کے یا لینڈ ہولڈر مالک کے اس کے قبضے میں کوئی آراضی تھی - اور اس وقت جب یہ ایکٹ پاس ہو - اس وقت بھی وہ اس کے قبضے میں ہے - اور ۳۱ دسمبر ۱۹۲۷ء کو record of rights

میں occupants as land holders درج ہوا ہو تو وہ قطعی مالک بن سکتے ہیں - اس ایکٹ کے پاس ہونے وقت اگر کوئی اراضی اس occupant کے قبضے میں ہو اور یہ ۳۱ دسمبر ۱۹۲۷ء کو record of rights میں درج ہوا ہو تو وہ قطعی مالک بن جاتا ہے - یکم جنوری ۱۹۲۸ء کے بعد اگر اس کا قبضہ ہے اور جیسا کہ یہاں Colonization of Govt. Lands Act 1912 میں بھی ہے کہ اگر اس نے تمام بقایا جات دے دئے ہوں جیسا کہ یہاں colonization کا طریقہ آپ کو معلوم ہے کہ گورنمنٹ آپ کو زمین دے دیتی ہے اور اس کی قیمت مقرر کر دیتی ہے پھر اس کی اقساط اور میعاد مقرر ہوتی ہے کہ اس کو اتنی اقساط بطور قیمت کے ادا کرنی پڑیں گی اور اگر وہ تمام اقساط ادا کر دے تو مالک بن جاتا ہے اگر وہ تمام ادا نہ کرے تو اس وقت تک وہ بحیثیت مزارع کے وہاں رہتا ہے - تو ہم نے وہاں بھی یہ طریقہ رکھ دیا ہے کہ وہاں پر یکم جنوری ۱۹۲۸ء کے بعد جو لوگ وہاں قابض ہیں اور اگر وہ ان شرائط کے مطابق جو گورنمنٹ کے Colonization Act کے تحت مقرر ہوئی ہیں تمام اقساط دے دیں اور اس میعاد کے اندر اندر دے دیں جو کہ حکومت نے اس کے لئے مقرر کی ہو تو وہ اس زمین کے مالک بن جائیں گے اور اگر وہ نہیں دیتے تو جس طرح یہاں سابقہ پنجاب میں جب تک وہ تمام اقساط کی ادائیگی نہ کر دیں گے اور اس میعاد کے اندر وہ ان شرائط کو پورا نہ کریں گے تو وہ سٹیٹ کی طرف سے مزارع چلے آئیں گے اور وہاں بھی اس طرح مزارع چلے آئیں گے مختصر یہ کہ جہاں تک ملکیت کا تعلق ہے یا طریقہ مالیہ کا تعلق ہے اس کی تشخیص کا یا ٹیکس کے بوجھ کا - تو اس سلسلہ میں ہم پنجاب صوبہ سرحد - بہاولپور سندھ بلوچستان وغیرہ تمام علاقوں کو ایک ہی سطح پر لے آئے ہیں تاکہ ان میں کسی پر زیادہ بوجھ نہ پڑے اور کسی پر کم بوجھ پڑے - یہ نہ ہو کہ کوئی تو مالک بن بیٹھے اور جو در اصل مالک

ھیں وہ ملکیت سے محروم ھو جائیں ۔ جب وہ دوسری طرف سے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے اور اعتراض کریں گے ۔ ترامیم کی تحریک کریں گے تو اس بل کی ھر کلاز پر مفصل بحث بعد میں ھو گی یہ میری موٹی موٹی باتیں تھیں جو کہ میں نے آپ کے سامنے پیش کی ھیں ۔ مجھے توقع ھے کہ اس بل کو جیسا کہ سیلیکیٹ کمیٹی نے آپ کے سامنے پیش کیا ھے یہ ایوان اور تمام اراکین بیک آواز اسے پاس کریں گے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی—۸)—جناب والا ۔ آپ کی توجہ رولز آف پروسیجر کے رول ۶۴ کے سب رول (۲) کی طرف دلانا چاھتا ھوں جو اس طرح ھے ۔

"If the Member-in-Charge moves that the Bill be taken into consideration under paragraph (a) of sub-rule (1), any Member may object to its being so taken into consideration if a copy of the report of the Select Committee has not been made available for the use of Member at least seven days before the motion is made, and the objection shall be sustained unless the Speaker suspends this sub-rule and allows the report to be taken into consideration."

اس رول کا مطلب یہ ھے کہ اگر سیلیکٹ کمیٹی کی رپورٹ آنے کے بعد ممبر انچارج یہ تحریک ایوان میں پیش کریں کہ بل کو فوراً زیر غور لایا جائے تو ایوان کے کسی ممبر کو اختیار ھے کہ وہ اس تحریک پر اعتراض کرے الا یہ کہ اگر سیلیکٹ کمیٹی کی رپورٹ اس کے پاس ۷ دن پہلے پہنچا نہ دی گئی ھو ۔ سپیکرصاحب اپنے اختیارات خصوصی سے اس قاعدہ کو معطل کر دیں ۔ اور ممبر انچارج کی تحریک کو منظور فرماویں تو جناب والا ۔ قبل اس کے کہ آپ اپنے اختیارات خصوصی استعمال کرنے کے بارے میں غور فرمائیں میں آپ کی خدمت میں یہ گذارش کرنی چاھتا ھوں کہ یہ بل جس پر سیلیکٹ کمیٹی کی پہلی رپورٹ مجھے اس دن ملی تھی جب کہ میں کراچی سے لاھور کے لئے روانہ ھو رھا تھا یعنی ۱۱ تاریخ کو اور میرے خیال میں دوسرے ممبران کو بھی اسی دن ملی ھو گی ۔ اس دن سے آج تک اسمبلی کی کارروائی جاری ھے ۔ روزانہ آرڈیننس اس

ایوان میں پیش ہوتے ہیں اور ہمیں ان پر گفتگو کرنی پڑتی ہے ۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ رات ایک ایک بجے تک بلکہ دو دو بجے تک کام کرنے کے باوجود کم از کم میں اس سیلیکٹ کمیٹی کی رپورٹ کا سیر حاصل مطالعہ نہیں کر سکا اور مجھے اس بارہ میں گمان غالب ہے کہ اس تین دن کے عرصہ میں اس ایوان کے کسی عزت مآب رکن نے اس رپورٹ کا مطالعہ کرنے کا وقت نہ پایا ہوگا ۔ آپ کو اختیار خصوصی بیشک ہے کہ آپ اس قاعدے کو معطل کر دیں لیکن ظاہر ہے کہ اختیارات خصوصی مستثنیات کے لئے استعمال ہوتے ہیں اور قانون بنتا ہے عام حالات کے لئے یہ اہم قانونی مسودہ جس کے ذریعہ بہت سے قوانین کو unify کیا جا رہا ہے اگر یہ دو چار دن اور ملتوی ہو جائے تو کوئی بہت بڑا فرق نہیں پڑتا ہے اگر ہمارے بائیں طرف بیٹھنے والے رفقاء یہ چاہتے ہیں کہ ایسے اہم قانون کو جلدی میں اس طرح پاس کر لیا جائے کہ ایوان کے فاضل ممبران کو اس پر گفتگو کرنے کا موقع نہ ملے اور نہ ان کو اس کے پڑھنے کا موقع ملے اور نہ اس بات کا موقع ملے کہ وہ صحیح طریقہ سے اس میں ترامیم پیش کر سکیں تو اس بات کو مد نظر رکھنا چاہئیے کہ یہ قانون بہت بڑی اہمیت کا حامل ہے اور اس کو بغیر سوچے سمجھے پاس کرنا ایک غلطی ہوگی ۔ یہ قانون بیشک بڑی اہمیت کا حامل ہے جیسا کہ وزیر مال صاحب نے فرمایا ہے ۔ اگر اسی طرح آپ اس کو پاس کرنا چاہتے ہیں تو بیشک کریں اور اپنے اختیارات خصوصی کا استعمال کریں لیکن میری رائے کے مطابق یہ قانون اتنا اہم ہے اور اس کے اتنے دور رس نتائج ہیں اور یہ ایسا مستقل قانون ہے کہ اس کے لئے اس معزز ایوان کے معزز ممبران کو پورا وقت ملنا چاہئیے کہ وہ اس کے ہر زاویئے سے اس کا جائزہ لے سکیں ۔ ہر گوشے پر تنقید کر سکیں اور اس کی ہر کلاز کو اچھی طرح سمجھ کر اس کے متعلق ترامیم پیش کر سکیں اگر یہ نہ کیا گیا تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایوان اپنا حق

ادا نہیں کر سکے گا ۔ اس لئے رولز آف پروسیجر کے تحت اس قانون کے بارہ میں میں آپ کی خدمت عرض کروں گا کہ یہ خصوصی حالات نہیں ہیں ۔ اس لئے قانون کے عام اصول کو استعمال کرتے ہوئے آپ برائے کرم اس بل پر گفتگو منسوخ کر دیں اور ممبران کو سات دن کا موقع جو قانون دیتا ہے وہ موقع دیں تاکہ وہ اس پر اچھی طرح سے غور کر سکیں ۔

مسٹر سینیئر ڈپٹی سپیکر۔فاروق صاحب میرا خیال ہے کہ سات دن دینے چاہئیں تھے اور اب پانچ دن ہو چکے ہیں تو اس لحاظ سے دو دن باقی ہیں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی۔دو دن میں بہت بڑا فرق پڑتا ہے ۔ دو دن میں تو چھٹی بھی آ جاتی ہے سنیچر اور اتوار کی ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : I therefore suspend this rule and allow that the proceedings be taken.

ملک محمد اختر (لاہور ۔ ۲)۔جناب سپیکر ۔ مجھے یہ گذارش کرنی ہے کہ لیشنل اسمبلی پاکستان کے رولز آف پروسیجر ۱۹۶۱ء کے تحت جو Violation of Principles of Law-making کے متعلق ہیں ۔

> "If a Member raises the objection that the Bill as a whole, or any part of the Bill, disregards, violates or is otherwise not in conformity with any of the principles of law making enumerated in Article 6 of the Constitution, no further proceedings shall be taken with reference to the Bill unless the objection so raised has been disposed of by the Assembly."

تو جناب سپیکر ۔ میں بھی اس سیلیکٹ کمیٹی کا ممبر تھا ۔ کافی تیزی سے ہم نے کوشش کی کہ اس بل کو ہاؤس میں لایا جائے ۔ اندازہ یہ تھا کہ صوبہ سندھ کو کافی فائدہ حاصل ہو سکتا تھا اس لئے یہ لازم تھا کہ لیجسلیشن جلدی کر دیا جائے ۔ بعض جگہوں پر میں نے اپنا Note of Dissent بھی دیا ہے ۔ کلاز ۱۹۷ (۳) پر بھی میرا Note of Dissent

ہے ۔ میرا اعتراض ہے جیسا کہ سیلیکٹ کمیٹی نے سفارشات کی ہیں کہ مالکانہ حقوق کو منسوخ کر دیا جائے اور ان میں status quo کو maintain کیا جائے یعنی ضابطہ کی رو سے حکومت اس زمین کی مالک رہے ۔

سب باتوں کی رو سے ۔ روایت کی رو سے یا قانون کی رو سے ۔ اس وقت تک گورنمنٹ اس زمین کی مالک ہے ۔ اگرچہ انتقال ۔ اور ٹھیکہ وغیرہ کے حقوق زمینداروں کو اور جو بھی بقایا حقوق ہیں وہ قابض مزارعین کو حاصل ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ انہیں حقوق دیتے وقت ہمیں وہ طریقہ اختیار کرنا چاہئیے جو ہمارے قرآن و سنت اور شرع کے مطابق ہے ۔ جناب سپیکر ۔ میں نہیں چاہتا کہ کسی ایسی لمبی بحث کو چھیڑ دیا جائے جس پر میں خود قادر نہیں ۔ نہ میں عالم ہوں ۔ نہ میرا علم اتنا زیادہ ہے ۔ کچھ حوالے جو مجھے ملے ہیں ان کی رو سے میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ آج جب ہم status quo کا فیصلہ کر رہے ہیں مزارع کے لئے ۔ میرے نقطہ نظر سے اگر میں غلط نہیں تو یہ اسلام کی رو سے منافی ہے میں اس کے سلسلہ میں کچھ حوالے دوں گا ۔ اور گزارش کرونگا کہ معاملہ اسلامی مشاورتی کونسل کو بھیج دیا جائے ۔

جناب سپیکر ۔ سب سے پہلے میں حوالہ دونگا ۔ کہ جو ترجمان القرآن جلد دوم سے ہے ۔ حوالہ انگریزی میں ہے ۔ میں اس کا اردو ترجمہ پیش کرکے اپنے سر کوئی ذمہ داری نہیں لینا چاہتا کیونکہ یہ شرعی مسئلہ ہے ۔

"The underlying idea of this Quranic principle is that all mankind is like a joint family of which the members are intimately concerned with the welfare of one another. They work in different spheres of life and earn more or less according to their capacities, and though the better-off among them do not give away all their earnings to those who are poor, yet they never become so unconcerned about the welfare of the poor out of them as to let them starve. Though the members have a right separately to their respective earnings, they have to pool them—regardless of the large or small share of each—in order to provide each of them with the necessities of life."

جناب سپیکر ۔ اس کے بعد میں حدیث بخاری سے حوالہ دونگا ۔

"A person who has a piece of land should cultivate it himself and should not have it cultivated. If he does not cultivate it, he should give it to another for cultivation; but if he does not cultivate, nor gives it to another for cultivation, he should keep it with himself—we do not want it!"

یہ حدیث صحیح مسلم و بخاری میں درج ہے ۔ ساتھ اس کی commentary ہے ۔ جس میں یہ کہا گیا ہے ۔ کہ جناب رسول اکرم نے بیان کیا ہے کہ نقد یا بٹائی پر کسی قسم کی lease of land نہ کی جائے۔ یہ حدیث حضرت عبداللہ بن عمر سے ہے ۔ جب انہوں نے حدیث سنی معاویہ کا عہد تھا جب سرمایہ داری کا آغاز ہو چکا تھا تو انہوں نے اس کے بعد اپنی زمین کو خود کاشت کیا اور اسے بٹائی پر دینا بند کر دیا ۔

جناب سپیکر ۔ اسی طرح حضرت رقیہ بنت خدیجہ سے یہ روایت ہے انہوں نے اپنے چچا حضرت زبیر سے سنا ۔ ۔ ۔ ۔

رانا پھول محمد خان۔پوائنٹ آف آرڈر جناب ۔ جناب والا ۔ کیا یہاں کوئی شرعی بل پیش ہو رہا ہے ؟

مسٹر سنیئر ڈپٹی سپیکر۔۔یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ۔

ملک محمد اختر۔۔۔جناب سپیکر ۔ انہوں نے یہ فرمایا ہے کہ جناب رسول اکرم نے ان کے چچا حضرت زبیر سے پوچھا کہ وہ اپنی زمین کو کس طریق سے برت رہے ہیں ۔ انہوں نے بتایا کہ ایک چوتھائی بٹائی پہلے لیتے ہیں اور باقی کچھ کھجوریں بعد میں حاصل کرتے ہیں ۔ اس کے بعد حضور نے فرمایا کہ زمین کرایہ پر دینا مناسب نہیں ۔

اب میں ایک اور حدیث کا مطلب عرض کروں گا ۔ امام الہند شاہ ولی اللہ نے بھی زمیندارہ سسٹم کی مخالفت کی ہے ۔ اور مولانا عبداللہ

سندھی جو ایک بڑے عالم فاضل تھے انہوں نے فرمایا ہے ۔ کہ ہم امام ابو حنیفہ کے پیروکار ہیں اور انہوں نے زمین کرایہ پر دینے کی ممانعت کی ہے ۔

رانا پھول محمد خان—پوائنٹ آف آرڈر جناب ۔ مزارعین سے کیا مراد ہے ملک صاحب کی ؟

مسٹر سنیئر ڈپٹی سپیکر—تشریف رکھئے ۔ یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ۔

ملک محمد اختر—ایک شخص کو اتنی ہی زمین اپنے پاس رکھنی چاہئیے جتنی وہ کاشت کر سکے ان تمام حوالہ جات سے جو میں نے پیش کئے ہیں ظاہر ہے کہ زمین کی بٹائی لینے اور اسے ٹھیکہ پر دینے کی شرع میں ممانعت کی گئی ہے ۔ اسی طرح جب عراق فتح ہوا تو غازیوں نے کہا کہ یہ سب جو زمین ہے یہ سپاہیوں میں بانٹ دی جائے ۔ مگر حضرت عمر نے اس سے اتفاق نہ کیا اور کہا کہ جو لوگ وہاں بیٹھے ہیں کاشتکار ہیں ۔ انہی کو کاشت کی اجازت دینی چاہئے ۔ یہ حوالہ جو میں نے وہاں دیا ہے حجتہاللہ البالغہ سے ہے ۔ اسی طرح جناب والا ۔ اسلام کا نظریہ یہ ہے کہ تمام زمین تمام ملکیت تمام جائداد جو ہے وہ خدائے تعالیٰ کی ہے اور اس پر کسی شخص کو اسی قدر حق ہے کہ وہ اسے develop کرے اور اس کی پیداوار سے فائدہ حاصل کرے ۔ اسے یہ حق نہیں ہے کہ وہ دوسرے کو ٹھیکہ پر دے ۔ یا اس سے کوئی اس طرح کا فائدہ حاصل کرے جو وہ مشقت کئے بغیر حاصل کرنا چاہے ۔

جناب سپیکر ۔ اس کے بعد میں چند ایک مثالیں مسلمانوں کی تاریخ سے اور دیتا ہوں یہ ظاہر ہے کہ انہوں نے ایشیا افریقہ اور یورپ میں جہاں جہاں وہ گئے زمیندار بننے کی کوشش نہ کی بلکہ وہاں بھی کاشتکار تھے انہیں disturb نہ کیا ۔

Mr. Hamza : Point of order. There is no quorum.

Mr. Senior Deputy Speaker : Let there be a count. (*count was taken*) The House is not in quorum let the bells be rung. (*bells were rung*). The House is in quorum.

Yes, Malik Akhtar.

ملک محمد اختر---بلکہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بھی سختی سے اس پر عمل کیا ۔ جناب والا ۔ میرا جو پہلا اعتراض ہے وہ میں بل کے principle کی بحث کے موقع پر عرض کروں گا ۔ میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ میری ناقص رائے میں یہ بہت بڑا مسئلہ ہے ۔ یہ بڑی پچیدہ بات ہے جس کے متعلق میں اپنی بات کہنے سے گریز نہیں کرتا میں اپنی بات کہہ سکتا ہوں لیکن آپ اس کے بارے میں رائے لیں اور اسلامک آئیڈیالوجی کونسل کو اس کے متعلق reference کر دیں ۔ اس کا فیصلہ موصول ہونے کے بعد پھر میں عرض کروں گا ۔

میر خدا بخش (تھرپارکر ۔ ۳)---جناب والا ۔ مجھے اختر صاحب کی بات سن کر افسوس ہوا ہے ۔ قرآن کریم میں زمین کے متعلق فرمایا گیا ہے ۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت میں ایک یہودی کی زمین پر مسلمانوں نے مسجد تعمیر کی لیکن حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد گرا دی ۔ کہ یہ اس کی زمین ہے ۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز کے زمانے میں بھی ایک یہودی سے زمین زبردستی لی گئی اور حضرت عمر بن عبدالعزیز نے وہ زمین اس کو واپس دلا دی اور کہا کہ یہ ہی اس زمین کا مالک ہے ۔ اور یہ اسی کی زمین ہے ۔ ایسی باتیں ہاؤس میں کہنا ٹھیک نہیں ہے بل بالکل ٹھیک بنا ہے ۔ مجھے یہ بھی افسوس ہے ۔ ۲۳ تاریخ کو ہمیں نوٹس ملا ۲۵ تاریخ کو میٹنگ ہوئی اگلی جو کارروائی ہے وہ ساری پڑھ کر سوچ بچار کے بعد جو دو تین باتیں تھیں اس کے متعلق ہم نے لکھ کر دیا ہے کہ امنڈ کی جائیں اور بل میں ترمیم کر دی گئی ہے ۔ دوسری رپورٹ جو ملی ہے وہ بالکل ٹھیک ہے ۔ آپ

اس بل کو پاس کرنے دیں اور یہ جو قرآن شریف کی باتیں ہیں میں کل آپ کو ثبوت دوں گا کہ قرآن شریف نے زمین میں حق مقرر کیا ہے ۔

رانا پھول محمد خان (لاہور ۔ ۷)۔۔جناب سپیکر ۔ ملک اختر صاحب نے اپنی تقریر میں علماؤں سے زیادہ اپنے علم کا ثبوت دیا ہے ۔ میں اس ریونیو ایکٹ کو یکجا کرنے پر وزیر مال صاحب کو مبارک باد دیتا ہوں کہ انہوں نے وحدت مغربی پاکستان کا صحیح ثبوت دے دیا ۔ اور ہمارے جو کچھ تھوڑے بہت اعتراضات تھے کہ سندھیوں کو ۔ بلوچیوں کو ۔ سرحدیوں اور پنجابیوں کو الگ الگ لینڈ ریونیو دینا پڑتا ہے ۔ ان کے الگ الگ قوانین ہیں جب کہ سارے مغربی پاکستان کا بورڈ آف ریونیو ایک ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سنیئر ڈپٹی سپیکر۔۔رانا صاحب آپ تشریف رکھیں ۔ پہلے اختر صاحب اپنی تقریر ختم کر لیں ۔

رانا پھول محمد خان۔۔جناب والا ۔ انہوں نے شریعت کے حوالہ جات دئیے ہیں ۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خود قانون وراثت میں جائیداد کا حصہ مقرر کیا ہے جائیداد کا رکھنا شرعاً ممنوع ہوتا اگر قانون وراثت میں حقوق کا تحفظ نہ کیا جاتا ۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ ملک اختر صاحب کو شریعت کے غلط حوالے اس ہاؤس میں نہیں دینے چاہئیں ۔

ملک محمد اختر۔۔جناب والا ۔ میں نے احادیث سے حوالے دیئے ہیں ۔ قرآن سے حوالے دیئے ہیں ۔ ایک جاہل آدمی کہدے تو ٹھیک نہیں ہے ۔

رانا پھول محمد خان۔۔جناب والا ۔ مجھے انکار نہیں ہے میں تسلیم کرتا ہوں کہ میں جاہل ہوں لیکن میں لکھا پڑھا بیوقوف نہیں ہوں ۔ میں ''شر،، کی کوشش نہیں کرتا ۔

ملک محمد اختر--میں اپنے الفاظ واپس لیتا ہوں ۔

رانا پھول محمد خان--میں بھی اپنے الفاظ واپس لیتا ہوں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت--جناب والا ۔ جو ہوا سو ہوا اس کے بعد دونوں فاضل ممبر عالم ہیں ۔

Mr. Munawar Khan : These portions be expunged, Sir.

Mr. Senior Deputy Speaker : They have already withdrawn their words.

نوابزادہ غلام قاسم خان خاکوانی--جناب والا ۔ جو ممبر صاحب اٹھتے ہیں ان کے متعلق ایوان کو معلوم ہونا چاہئے کہ آیا وہ کسی پوائنٹ آف آرڈر پر بول رہے ہیں یا کسی موشن پر بول رہے ہیں ۔ ہمیں معلوم نہیں کہ ملک اختر صاحب جو کھڑے ہیں Whether he was on a point of order or he was speaking on a motion. تو میں جناب والا ۔ کی خدمت میں گذارش کروں گا کہ جب کوئی ممبر صاحب کھڑے ہوں ان کا فرض ہے کہ وہ ایوان کو بتائیں کہ وہ کس چیز پر بول رہے ہیں ۔ We never knew what he was stating and on what he was speaking about. ملک صاحب خود فرما دیں وہ کس چیز پر بول رہے ہیں انہوں نے اٹھتے وقت نہیں فرمایا ۔ ہم خود حیران ہیں کہ وہ کس چیز پر تقریر کر رہے ہیں ۔ میں دوبارہ جناب والا ۔ کی خدمت میں گذارش کروں گا کہ جب کوئی ممبر صاحب بولنے کے لئے کھڑے ہوں تو وہ ایوان کو بتائیں Whether he was on a point of order or he was speaking on a motion

ملک محمد اختر--جناب والا ۔ میں نے آپ کے بل پر اعتراض کیا ہے اور اس کے لئے موشن دی ہے کہ آپ اس بل کو discuss نہ کریں ۔ آپ اس کو شرعی نقطہ نظر سے دیکھیں اور دستور کے تحت جو آپ نے اسلامک کونسل آف آئیڈیالوجی بنائی ہے اس کو یہ case refer کریں ۔

Parliamentary Secretary (Health) : Sir, I second Nawabzada Ghulam Qasim Khan Khakwani. Throughout we were under the impression that he was speaking on the principles of the bill. Actually now I have understood that he was speaking on a motion that this bill be referred to the Islamic Ideology Council. As there was no motion before the House as such, he could not speak on that.

Nawabzada Ghulam Qasim Khan Khakwani : Sir, we have got this agenda with us. Here he has given a notice of the amendment. We have got this motion before us.

ملک محمد اختر---میں نے ہاؤس میں رول ۶۱ کی وضاحت کی ہے - - - -

نوابزادہ غلام قاسم خان خاکوانی---آپ موشن پر بول رہے ہیں یا بل پر بول رہے ہیں آپ کس چیز پر بول رہے ہیں ؟

ملک محمد اختر---رول ۶۱ میں بالکل واضح ہے کہ جس وقت ممبر انچارج بل پیش کر دے - - - - - -

Minister of Revenue : Sir, if I have understood him correctly probably Malik Akhtar got up on a point of order.

Malik Muhammad Akhtar : It was on a point of procedure.

Minister of Revenue : There is no point of procedure. Going against the procedure, then it is a point of order. If you think that we are not proceeding according to the Rules of Procedure, then it is a point of order and it is no point of procedure.

Minister of Basic Democracies : Sir the member puts in labour outside the House and not inside.

Minister of Revenue : His objection is that we cannot proceed with the bill because it is against the injunctions of Islam and it should be referred to the Council of Islamic Ideology for their opinion. I want to ask whether he has made this suggestion in his Minute of Dissent. He has signed the Select Committee's report. Has he said therein that it is unislamic and, therefore, it should be referred to the Council of Islamic Ideology for their opinion whether this is according to the injunctions of Islam or not. I only want to ask him.

Malik Muhammad Akhtar : Clause 196, sub-clause (4), whereby these rights are being conferred on the landlords.

آپ میرا Note of Dissent دیکھیں -

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): If you permit me, Sir, I will say that this is a point, which is likely to be raised by any member from time to time, and it is, therefore, it is high time that an authoritative ruling may come from the Chair so that it may guide the members while this bill is under consideration, or as a matter of fact any other piece of legislation is before the House. As I understood the member, he has quoted rule 61 in his support.

If a member raises the objection that the Bill, as a whole or any part thereof, disregards or violates or is not in conformity with any of the principles of law making enumerated in Article 6 of the Constitution. Unfortunately, Sir, as is said, where ignorance is bliss it is folly to be wise. I would prefer today to commit that folly in order to help my friend who has been imploring upon me time and again that I should come to his rescue. Some times he says he has not got the up-to-date copy of the law and some times he quotes clause (3) which is not in the edition which he carries. It has really become a problem for me as to how I should adjust myself and come to the rescue of the member. However, painful my duty may be I have got to guide him because he has been asking for my assistance. The member may kindly look into the copy of the Constitution with him and point out to me from there where are the 'principles of law making'. That Article has undergone a change. The Chapter has been removed by the National Assembly of Pakistan and has been substituted by a Chapter which relates to the Fundamental Rights. Therefore, this rule 61 is redundant. This point was raised here in the first session of the new Assembly by Khawaja Muhammad Safdar on a point of order and the ruling from the Chair was that because there were no longer any principles of law making now under Article 6 of the Constitution and because the whole Chapter including Article 6 had been replaced by another Chapter, namely, Fundamental Rights, this rule 61 was redundant. Therefore, that point of order based on rule 61 could not be sustained. On the basis of that hithertofore no such point of order was raised. If Malik Akhtar could very kindly revive his memory and just allow it to work properly he would recollect that only a few days back there was an amendment proposed by Khawaja Muhammad Safdar that this rule 61 should be amended. Because he did not happen to be in his seat, the Speaker ruled that this amendment could not be moved. An attempt has been made in the past by some members to amend this rule that instead of saying 'principles of law making' under Article 6 it should be substituted by 'Fundamental Rights'. Therefore, for the benefit of the members, and particularly Mr. Akhtar, I would very respectfully submit that rule 61 has ceased to have any effect although it still exists and stands very much on the statute book, namely, the rules of procedure. Therefore, no such point of order can be raised. The member should be told that not only his point of order has no meaning, has no substance, but also, in future, the member should realise that no point of order based on that question can be raised.

Malik Muhammad Akhtar: I have based my point of order on page 11 of the Constitution which is "principles of policy" which are not amended, which exist and are still in force. It is an omission on the part of my worthy friend, the Law Minister, that he has failed to amend the relavant rules of procedure and which it was his duty to

have done. If he has not amended the rules of procedure then whose fault it is? Is it my fault?

Minister of Law: It is your fault. It is fault of the members of the Assembly. I have no vote here. You have one.

Malik Muhammad Akhtar: But the initiative was to be taken by you. Secondly, I raised the objection because there is a definite provision in the Constitution under the heading "Principles of Policy" and which I have already read. I would again read it—

> "No law shall be repugnant to the teachings and requirements of Islam as set out in the Holy Quran....."

Minister of Law: Read Article 6.

Malik Muhammad Akhtar: This is page 11 of the Constitution. This is not Article 6 but it defines the "Principles of Policy" and it exists in the Constitution. How can you get out of it?

بیگم زاهده خلیق‌الزمان—پوائنٹ آف آرڈر ۔ غالباً اختر صاحب بھولے سے کارپوریشن کی کتاب لے آئے ہیں اور اسے پڑھ رہے ہیں ۔ (قطع کلامی) ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی—وزیر قانون نے یہ جو فرمایا ہے ۔ کہ دستور کا آرٹیکل ۴ ختم ہو چکا ہے ۔ تو میں یہ عرض کرونگا ۔ کہ رول ۶۱ یہ کہتا ہے ۔

> ".....otherwise not in conformity with any of the principles of law-making enumerated in Article 6 of the Constitution....."

So, whatever Article 6 is in the Constitution, it should be taken as Article 6.

اس وقت دستور کا آٹیکل یہ ہے ۔ Article 6

> "(1) Any law, or any custom or usage having the force of law, in so far as it is inconsistent with the rights conferred by this Chapter, shall, to the extent of such inconsistency, be void".

اور جو Principles of polices کا chapter ہے

Page 11 of the Constitution—

> "No law shall be repugnant to the teachings and requirements of Islam.....".

تو میں آپ کی خدمت میں عرض کرونگا ۔ کہ آپ اپنے دستور کی کتاب کا دوبارہ مطالعہ کریں ۔ آرٹیکل ۷ جو کہ پہلے تھے ۔ اس کے ختم ہونے کے باوجود بھی آرٹیکل ۷ قائم رہ جاتا ہے ۔ اس لئے میں عرض کرتا ہوں ۔ کہ آپ اپنی دستور کی کتاب کو دوبارہ ملاحظہ کریں ۔

Minister of Law : I have no power to change the Constitution. You may be having one but I have none. Article 6 of the Constitution no longer talks about any "Principles of Law Making".

اب دوسرا آرٹیکل آ گیا ہے ۔ آپ آرٹیکل ۶ کو پڑھیں ۔ اس میں کیا ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی--یہ آرٹیکل ۶ نئے دستور کا یہ ہے ۔

"Any law, or any custom or usage having the force of law, in so far as it is inconsistent with the rights conferred by this Chapter, shall, to the extent of such inconsistency, be void."

Now, in this Chapter at page 11, item No. 1 is the "Principles of Policy". So, this whole Chapter is covered by Article 6. Inspite of the fact that the old Article 6 has been removed from the Constitution, the present Article 6 covers the whole Chapter of Fundamental Rights. Therefore, your rule 61 as far as Article 6 goes is not redundant. It is alive and it has got full force.

Minister of Revenue : The question is a very simple one. "Principles of Law Making" do not exist and the Fundamental Rights, which have been substituted, are under suspension. How can you say that ?

مسٹر محمود اعظم فاروقی--یہ بات میں آپ کی مانتا ہوں ۔ آپ یہ کہہ سکتے ہیں ۔

رانا پھول محمد خان--پوائنٹ آف آرڈر ۔ ایک وقت میں دو ممبر تقریر نہیں کر سکتے ہیں ۔

Malik Muhammad Akhtar : 'Principles of Law Making'.

Minister of Law : These principles of law making have disappeared and have been substituted by Fundamental Rights.

Haji Sardar Atta Muhammad Lund : There is no quorum.

Mr. Senior Deputy Speaker : Let there be a count (*count was taken*) The House is not in quorum. Let the bells be rung (*bells were rung*).

(*At this stage Mr. Speaker occupied the Chair*)

Mr. Speaker : The House is in quorum.

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak : On a point of order. Sir, I had respectfully suggested to the Ministers to appoint two Whips from their Party so that every time the proceedings of the House are not interrupted for lack of quorum with the result that we are becoming a subject of ridicule outside this House. It is in their own interest that they should appoint two Whips whose job it would be to see that the House is always in quorum and at the same time, I think, it provides two very nice jobs.

Minister for Law and Parliamentary Affairs : Sir, the suggestion of the Member is very good. We accept it and I will request the Leader of the Party to kindly take steps to appoint two whips who should see that the quorum is maintained.

Mr. Speaker : The Law Minister has replied to the point which has been raised by Malik Muhammad Akhtar in view of Rule No 61, of the Rules of Procedure but what are his views about Article 8, sub article 3 of the Constitution ?

Minister for Law : May I Sir, have the benefit of reading it ?..... Sir, I have read it. It relates to the powers of the Governor, the powers of the President, the powers of the National and Provincial Assemblies or of the Speakers, to take action under this article of the Constitution to refer a matter to the Advisory Council of Islamic Ideology for advice. Undoubtedly, the Member actually while raising a point of order referred to Rule 61 which prescribes the procedure as to how the Assembly is to decide a matter if at all this question should be referred to the Advisory Council of Islamic Ideology. It was in that context that I see this right but how is this right to be exercised ? Procedure for that requires to be laid ; and has been laid down in Rule 61, but if the Speaker rules that minus Rule 61 there is no particular procedure by which the Assembly can determine, that can be put straight to the House on a substantive motion whether the Assembly would like this to be referred to the Council of Islamic Ideology. The objection will then be, I will very respectfully submit, on the substantive motion.

Mr Speaker : Yes, so far as Rule 61 was concerned that was in respect of principle of law making (*interruptions.*) Since the rules of law making are not there, rule 61 does not apply, and so far as article 8, sub-article (3) of the Constitution is concerned, I think the Provincial Assembly can refer any particular piece of legislation to the Advisory Council of Islamic Ideology, and what is the procedure for referring a particular piece of Legislation to the Council that is that any Member can make a motion on that. Therefore, I will treat it as a motion from Malik Muhammad Akhtar that this Land Revenue Bill be referred to the Advisory Council of Islamic Ideology. He has already made a speech. If any other

Member wants to take part in this debate, he is welcome to do so but on this point only that this will be referred to the Council of Islamic Ideology and if there is none, I will straightaway put the question.

The question is :

That the West Pakistan Land Revenue Bill 1966 be referred to the Council of Islamic Ideology. Those who are in favour should say 'AYES', those not, should say No.

(*The motion was lost*)

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I move another motion under Rule 62, sub-rule (3) that the bill be circulated for the purposes of eliciting opinion thereon.

جناب سپیکر ۔ میں اس کی support میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔

Mr. Speaker : What is that motion ?

ملک محمد اختر۔۔یہ کہ اسے رائے عامہ حاصل کرنے کے لئے circulate کیا جائے ۔

مسٹر سپیکر۔۔۔ملک صاحب یہ stage ہوتی ہے ۔ کہ کسی بل پر بحث کی جائے ۔ پہلی ریڈنگ کے بعد دو قسم کی motions ہوتی ہیں ایک تو صرف نوٹس کے لئے اور دوسری Notice of Amendment. کے لئے ۔

دوسری موشن میں بل کو سیلیکٹ کمیٹی کے پاس refer کیا جاتا ہے آپ نے ان دونوں میں سے کسی موشن کے لئے نوٹس نہیں دیا اس لئے آپ یہ موشن پیش نہیں کر سکتے ۔ کہ اس بل کو رائے عامہ کے لئے circulate کیا جائے ۔ لیکن آپ کو حق ہے کہ آپ اسے oppose کرتے ہوئے تقریر کریں اور جو پوائنٹ پیش کرنا چاہتے ہیں اس کی وضاحت اپنی تقریر میں کریں ۔

ملک محمد اختر۔۔جناب سپیکر ۔ میں آپ کا انتہائی مشکور ہوں ۔ دراصل اس ہاؤس میں کچھ confusion سی ہو گئی تھی ۔ میں نے رول ۶۲ پڑھا تھا اور اس کے ساتھ آرٹیکل (۳) ۸ بھی پیش کیا تھا

اور یہ کہا تھا کہ یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ۔ چنانچہ ایک confusion تھی کہ آیا یہ کوئی موشن تھی یا نہیں ۔

مسٹر سپیکر۔۔اس وقت یہ آپ کی موشن نہیں بلکہ آپ خان صاحب کی موشن کی مخالفت کر رہے ہیں ۔

ملک محمد اختر۔۔جناب کیا مجھے صرف اس پوائنٹ پر concentrate کرنا ہوگا ۔

مسٹر سپیکر۔۔آپ Land Revenue Act کے principles کو discuss کر سکتے ہیں ۔

ملک محمد اختر۔۔مجھ سے پہلے اگر کوئی صاحب بولنا چاہیں تو بول لیں میں بعد میں اپنی معروضات پیش کروں گا ۔

I will have my turn afterwards, Sir.

Mr. Speaker : That is not a good precedence that the member should give his turn to others.

Malik Muhammad Akhtar : Then I will speak, Sir.

Minister for Law and Parliamentary Affairs : Sir, even the Rules are likely to come in the way of the Member. Rule strictly provides that if the Member is not prepared to exercise his right, he should not be given the chance again.

ملک محمد اختر (لاہور ۔ ۲)۔۔جناب سپیکر ۔ میں نہیں چاہتا تھا کہ ابھی کچھ عرض کروں کیونکہ یہ ایک نہایت اہم بل ہے ۔ میں چاہتا ہوں کہ اسے رائے عامہ کے لئے circulate کیا جائے ۔ ہم نے اس ملک کی ۹۰ فیصد آبادی کے متعلق فیصلہ کرنا ہے جو دیہات میں رہتی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ اس وقت ہماری دیہاتی آبادی دو طبقوں پر مشتمل ہے ایک تو زمیندار طبقہ ہے اور دوسرا کاشتکار طبقہ ہے ۔ اس ہاؤس میں کافی زمیندار ممبر ہیں وہ بڑے اچھے ممبر ہیں ۔ میں نہیں چاہتا کہ ان کے متعلق کچھ کہوں ۔ ایسا نہ ہو کہ میری گذارشات کی طرف کچھ attribute کر کے کل ایک پرولیج موشن لے آئیں ۔ وہ بہت نیک ہیں اور بڑے اچھے زمیندار ہیں لیکن کچھ ایسے بھی زمیندار ہیں جن کا طریقہ یہ ہے کہ وہ اپنی holdings پر چھوٹے بادشاہ کی طرح حکومت کرتے ہیں اور کاشتکاروں کو ظلم و ستم کا نشانہ بناتے ہیں ۔ آج جو سیکشن (۴) ۱۹۶ کے تحت ان کو proprietary rights دئے گئے ہیں اور حکومت نے اپنے rights ان کو ٹرانسفر کر دئیے ہیں اور status quo رکھتے ہوئے انہیں land lord بنا دیا ہے ۔ اس سے یہ خدشہ ہے کہ کاشتکاروں پر اسی طرح ظلم و ستم روا رکھا جائے گا ۔

جناب سپیکر ۔ اس لئے میں یہ کہہ رہا تھا کہ اس بل پر عوام کی رائے حاصل کر لی جائے اور تمام آبادی referendum کے طور پر یہ رائے دے کہ آیا کاشتکاروں کو مکمل طور land lords کے رحم و کرم پر رہنے دیا جائے یا نہیں ۔ حکومت نے یہ حقوق بجائے ان کو ٹرانسفر کرنے کے لینڈ لارڈ کو دے دئے ہیں حالانکہ یہ actual cultivators ' right کو transfer کرنا چاہئے تھے ۔

جناب سپیکر ۔ مجھے آج اپنے معاشرے کی اندر کی کچھ باتوں کی طرف اشارہ کرنا ہے جو انتہائی دکھ بھری ہیں ۔ دراصل میں نے بہت سے مالیہ کے قوانین اور دیگر قوانین دیکھے ہیں ۔ جب انگریز نے پنجاب کو فتح کیا اور فرنٹیر کو فتح کیا اور سندھ کو فتح کیا تو میں نے کم و بیش ان کے تمام کے تمام قوانین کا مطالعہ کیا ہے اور وہ حقوق جو کاشتکار سے چھینے گئے وہ میرے سامنے تصویر کی طرح رونما ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ کاشتکار گذشتہ ایک صدی سے اس قدر بد دل رہا ہے ۔ آج جب کہ ہم سندھ کا لینڈ ریونیو ایکٹ سنہ ۱۸۷۹ء اور سندھ کوڈ ۱۸۸۷ء کو repeal کر رہے ہیں تو ہم ایسا کرنے میں اس حد تک حق بجانب ہوں کہ وہی ایک سو سال پہلے کا قانون معمولی سی ترمیم کے ساتھ منظور کر لیں ۔ جناب سپیکر ۔ ہم سیلیکٹ کمیٹی میں شامل ہوئے ۔ ہماری انتہائی کوشش تھی کہ جلد سے جلد اس قانون کو ہاؤس میں بھیج دیا جائے اور دیانتداری سے ہم میں سے ہر ایک ممبر چاہتا تھا کہ اگر اس سے صوبہ سندھ کو وہ فوائد نہیں حاصل ہو سکتے جو ہونا چاہئیں تاہم کم سے کم وہ فوائد جو اس assessment کے طریقہ سے انہیں حاصل ہو سکتے ہیں ان سے اسی سیشن میں وہ مستفید ہو جائیں ۔ جناب سپیکر ۔ یہی وجہ تھی کہ بہت سی باتوں سے اتفاق کرتے ہوئے میں نے اپنا ایک Note of Dissent ریکارڈ کرا دیا تھا ان اصولوں کے ساتھ جن کے ساتھ party in power یا جو نیا بل تھا لینڈ ریونیو کا ۱۹۶۵ یا ۱۹۶۶ء اس پر میں نے اپنا dissent دے دیا تھا ۔

جناب سپیکر ۔ حالت یہ ہے کہ کاشتکار بد دل ہو چکا ہے ۔ اسے جس وقت لینڈ لارڈ چاہے نکال سکتا ہے اور جب اسے نکالا جاتا ہے تو اس سے وہ مکان یا وہ جھونپڑی یا تو مسمار کر دی جاتی ہے یا اسے اس مقام یا اس جگہ سے بے دخل کر دیا جاتا ہے ۔

Minister of Revenue (Khan Habibullah Khan): Point of order. Is he discussing the Land Revenue Bill or the Tenancy Act. There is not a word in the whole Bill about the ejectment of tenants by the land lords. There is a separate law for that.

Malik Muhammad Akhtar: I am coming to that Sir.

جناب والا ۔ میں یہ اعتراض کر رہا تھا کہ کاشتکار کو لینڈ لارڈ بنایا جائے اور اگر آپ نے یہ امر غلطی سے ریونیو بل میں شامل کر دیا ہے تو میرا قصور نہیں ہے ۔ دفعہ ۱۹۶ (۴) میں یہ لکھا ہوا ہے :

جناب سپیکر ۔ میں جانتا تھا کہ بعض باتیں ناگوار گزریں گی کیونکہ میں زمینداری سسٹم کی مخالفت کرتا ہوں اور اس کو ایک evil سمجھتا ہوں اور میں سمجھتا ہوں کہ اس evil کو پاکستان میں ختم کر دیا جائے ۔ تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ کاشتکار دل جمعی سے کام نہیں کرتا ہے کیونکہ اس کو بے دخل کر دیا جاتا ہے اور اس طرح سے ہمارا grow more food کا campaign bamper ہوتا ہے ۔ اور تیسرے پنجسالہ منصوبے ۔ ۔ ۔ ۔

رانا پھول محمد خان۔۔پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ یہ کونسی ترمیم ہے جس پر ملک صاحب تقریر فرما رہے ہیں ۔ یہ مزارعین کے متعلق ہے یا grow more food کے متعلق ہے ۔

مسٹر سپیکر۔۔ملک صاحب ان کو refer کر کے بتا دیجئے ۔

ملک محمد اختر۔۔ٹھیک ہے یہ خود چاہتے ہیں کہ بات گندی ہو جائے ۔ تو میں ان کو ۹۳ (۴) کی طرف متوجہ کرتا ہوں ۔

وزیر مال۔۔ہم proprietary rights دے رہے ہیں ۔

ملک محمد اختر۔۔جناب سپیکر ۔ جو ان holdings کے راجہ ہیں ان کا طریقہ یہ ہے کہ کاشتکار سالہا سال مشقت کرتا ہے اور پھر اسے پیٹ بھر کے روٹی بھی نصیب نہیں ہوتی اور نہ تن کا کپڑا نصیب ہوتا ہے پھر وہ سرد آہ بھر کر دیکھتا ہے کہ نہیں معلوم اس کو اس کاشت میں سے بھی کچھ ملے گا یا نہیں ۔ اور وہ اپنی مشقت اور اپنا خون پسینہ ایک کرنے کے باوجود کچھ پائے گا بھی یا نہیں ۔

رانا پھول محمد خان۔۔پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب یہ لینڈ ریونیو ایکٹ ہے یہ Tenancy Act نہیں ہے اس میں زمیندار پر مالیہ کا تعین

کیا گیا ہے اس کو بٹائی اور مزارع کے ان حقوق سے کوئی واسطہ نہیں ہے اور نہ grow more food سے اس کا کوئی تعلق ہے ۔ ملک صاحب سستی شہرت حاصل کرنے کے لئے ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : The member may please take his seat. No personal remarks.

ملک محمد اختر۔۔تو جناب سپیکر ۔ یہ راجہ اور لینڈ لارڈ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

خاجی میر خدا بخش تالپور۔۔جناب ایسی بات نہ ہو کہ زمیندار اور مزارع کے درمیان تعلقات خراب ہوں ۔

مسٹر سپیکر۔۔آرڈر ۔ آرڈر ۔

ملک محمد اختر۔۔جناب سپیکر ۔ اس رقم سے جو زمیندار کاشت کار سے حاصل کرتا ہے ۔ ۔ ۔ ۔

ایک آواز۔۔جناب یہ اس بل کی کونسی دفعہ پر بول رہے ہیں ۔

مسٹر سپیکر۔۔کلاز ۱۹۶- پر تقریر کر رہے ہیں ۔

ملک محمد اختر۔۔جناب سپیکر ۔ اس رقم سے تھانے دار اس کی مٹھی میں ہوتا ہے اور جب وہ چاہے کاشت کار کو نکال سکتا ہے ۔ تھانیدار کو اپنے قبضہ میں رکھنے کے لئے ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر۔۔ملک صاحب بہتر ہو گا کہ آپ اس کلاز کا حوالہ دیں تاکہ معلوم ہو کہ آپ relevant ہیں یا نہیں ۔

ملک محمد اختر۔۔جناب میں اسے ۱۹۶(م) سب کلاز (اے) سے پڑھتا ہوں ۔

"If such land (whether alienated or unalienated) was shown on the thirty-first day of December, 1927 in the Record of Rights prepared under the provisions of the Code to have been in the possession of an occupant, other than a lessee or a mortgagee-in-possession, or if any person was shown to have proprietary rights thereon, be deemed to be the owner of such land for the purposes of this Act;"

اس طرح سے جناب والا ۔ مالکانہ حقوق دینے مطلوب ہیں ان اشخاص کو جو کہ occupants ہوں ۔

Mian Miraj Din : On a point of information, Sir.

Mr. Speaker : The member may please take his seat. No point of information.

ملک محمد اختر۔۔۔تو وہ سرمایہ جو کاشت کار یا زمیندار اپنا خون پانی ایک کرکے مہیا کرتا ہے اس کا خیال رکھنا چاہئے ۔ کبھی تھانہ دار کو یہ بھرہ دیا جاتا ہے کہ آج میں ایس پی سے ملا ہوں . . . . .

نواب زادہ غلام قاسم خان خاکوانی۔۔۔جناب نے ابھی دریافت فرمایا تھا کہ وہ ہمیں سمجھائیں کہ کہاں ہم زمینیں مزارعین سے چھین رہے ہیں جس کے خلاف وہ بول رہے ہیں ۔

Mr. Speaker : Let him make his point.

نواب زادہ غلام قاسم خان خاکوانی۔۔۔وہ تو تھانے دار کی باتیں کر رہے ہیں ۔

ملک محمد اختر۔۔۔وہ تو ضرور ہوں گی ۔ وہ ظلم جو ملک میں ہوتا ہے وہ آج آشکار ہو کر رہے گا ۔

مسٹر سپیکر۔۔۔ملک صاحب جس کلاز کا آپ نے حوالہ دیا ہے میرے خیال کے مطابق وہ جو کاشت کاران آراضی تھے ان کو حقوق ملکیت دئیے گئے ہیں ۔

Malik Muhammad Akhtar : Not to the tenants, only to the land-owners. یہی تو مشکل ہے Let the Revenue Minister concede that.

میں آگے چلتا ہوں ۔ جناب سپیکر ۔ اس کے بعد اگر تھانے دار سے مقصد حاصل نہ ہو سکے کاشت کار کو دبا۔ کا تو پھر ایس پی کو اپنے ہاتھ میں لیا جاتا ہے اور اس کو یہ بھرہ دیا جاتا ہے کہ آج میں منسٹر سے تمہاری سفارش کرکے آیا ہوں ۔ تو جناب والا ۔ یہ ہمارا اس وقت سوشل نظام ہے جو چل رہا ہے ۔

رانا پھول محمد خان۔۔۔پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ اس سے کوئی تعلق نہیں ہے زمینداروں کے مظالم کا ۔ بات صرف یہ ہے کہ جن لوگوں کی ملکیت تھی ان کا نام خانۂ ملکیت میں نہیں تھا بلکہ سرکار کا نام تھا ۔ ان کو حقوق ملکیت دئیے جا رہے ہیں ۔ ان کو حکومت کے مزارعین آپ تصور کر سکتے ہیں ۔ مزارعین کو حقوق دے دئیے ہیں تو ان حالات میں ملک صاحب مزارعین کے متعلق کیوں تقریر فرما رہے ہیں ۔ اس سے تو تعلق نہیں مزارعین کا ۔ پٹائی کا بھی اس سے کوئی تعلق نہیں ۔ پولیس کا اس سے کوئی تعلق نہیں ۔

مسٹر سپیکر۔۔۔رانا صاحب ملک صاحب کو اپنا پوائنٹ واضح کر لینے دیجئیے آپ اتنی جلدی نہ کیجئیے ۔

ملک محمد اختر۔۔۔تو جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ بجائے اس کے کہ حکومت جو کہ مالک ہے وہ زمیندار کو لینڈ لارڈ کو حقوق ملکیت منتقل کریں وہ کسی اور راستہ پر چل پڑی ہے ۔ بہتر ہو گا کہ اس پسماندہ اور مظلوم کلاس کا خیال کیا جائے ۔ زمینداروں کے کتوں کو بھی اچھی طرح سے پالا جاتا ہے لیکن کاشتکاروں کو اس سے بھی بدتر درجہ دیا جاتا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس کلاس کو براہ راست حکومت مالک بنا دیتی تو خان حبیب اللہ خان کا مغربی پاکستان پر بڑا احسان ہوتا ۔

Mr. Speaker : Next point.

Malik Muhammad Akhtar : All right Sir. I will leave it. They cannot hear me. It consisted of 10 pages but I give it up. My friends are annoyed.

جناب سپیکر ۔ مجھے اب یہ گذارش کرنی ہے کہ آج جب ہم ترامیم کرنے لگے ہیں تو ہم کو اچھی طرح ترامیم کرنی چاہئیں تھیں ۔ کم و بیش ۸۰ سال کا پرانا جو پنجاب کا نظام تھا اگرچہ صوبہ سندھ کے لئے وہ کافی بہتر نظام ہے وہ ہم نے رائج کیا ہے اور میں یہ سمجھوں گا کہ یہ جو نظام تھا کافی اس میں ترامیم ہوئیں یعنی وہی ڈھانچہ جو سکھوں سے قبل تھا یا اس سے بھی قبل تھا اس کے لئے مجھے reference دینا ہے کہ جب سکھوں نے پنجاب پر قبضہ کیا تو فرنٹیئر کا کچھ حصہ تھوڑے عرصے کے لئے ان کے ہاتھ آیا تو انہوں نے یہ سسٹم کیا کہ وہ تقریباً ۹۰ فیصد حصہ بٹائی لے جاتے تھے اور اس کے بعد جب انگریز آئے تو ایسٹ انڈیا کمپنی نے بھی یہی کیا کہ انہیں مزارعین سے دلچسپی کوئی نہیں ۔

Minister of Revenue : Is it not distortion of history. He says East India Company came after Sikhs.

سکھ پہلے آئے تھے اور ایسٹ انڈیا کمپنی والے بعد میں ۔

He says East India Company came after the Sikhs.

ملک محمد اختر---جناب والا ۔ ایسٹ انڈیا کمپنی سے میری مراد انگریز ہے ۔ I am sorry Sir. I stand correted. I give you credit for that.

Minister of Revenue : I will draw my objection.

ملک محمد اختر---میں در اصل سکھوں اور انگریزوں کے قانون کا موجودہ قانون سے مقابلہ کر رہا ہوں ۔ انہوں نے بھی وہاں بہت

لوٹ مچائی کہ کاشتکاروں کے حقوق کو انہوں نے زیر نظر نہ رکھا ۔ میرا نظریہ ہے کہ کوئی تو حقوق ان کو حاصل ہونے چاہئیں ۔ بھلا ہو لارڈ کارنوالس کا کہ اس نے سب سے پہلے کاشتکاران کو حقوق دینے گوارا کئے ورنہ کاشتکاروں کی حیثیت ایک غلام کی سی تھی ۔ ایک slave کی طرح تھی ۔

مسٹر سپیکر۔ملک صاحب یہ تمام arguments جو ہیں یہ کیا صرف ۱۹۴ کے متعلق ہیں ۔

ملک محمد اختر۔جناب والا ۔ وہ آپ نے حکم دیا میں نے چھوڑ دیا ۔ اب میں دوسری بات پر آرہا ہوں میں یہ کہہ رہا ہوں کہ ۸۰ سال قبل جو قانون تھا اس میں کافی ریفارمز کی گئی تھیں ۔ تو جناب والا لارڈ کارنوالس نے ان کا کافی بوجھ ہلکا کیا ۔ اس کے بعد record of rights بھی بنائے گئے لیکن حالات ویسے ہی رہے ۔ اس کے بعد ۱۹۲۸ء میں بھی بہت زیادہ حقوق کاشتکاروں کو دئیے گئے اور ریونیو میں کچھ فرق کیا گیا ۱۸۸۵ء میں کچھ حقوق دئیے گئے تھے ۔ یہ میں پنجاب کے بعد باقی ہندوستان کا جو طریقہ رہا اس کا مقابلہ کر رہا ہوں اور پھر اس بات پر آؤں گا کہ یہ موجودہ قانون جو ہے یہ ۸۰ سال پرانا نہیں بلکہ اس سے زیادہ پرانی اور primitive دفعات اس میں موجود ہیں ۔

رانا پھول محمد خان۔پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ معلوم ایسا ہوتا ہے کہ ملک صاحب نے Tenancy Act پڑھ کر تیاری کی ہے اور وہ اس پر بول رہے ہیں ۔ مگر اس سے تو واسطہ ہی نہیں مزارع کا ۔

ملک محمد اختر۔جناب سپیکر ۔ میں یہ کہہ رہا تھا کہ ۱۸۸۵ء میں مالیہ میں رعایت دی گئی بنگال اور اڑیسہ میں اور اب میں تیسرے province پر جا رہا ہوں وہ ہے مدارس ۱۹۰۸ء میں بھی کچھ رعائتیں

دی گئیں اور اس طرح جو پنجاب میں concessions دیئے گئے تھے وہ لینڈ ریونیو ایکٹ ۱۸۸۷ء کے تحت دئے گئے تھے -

مسٹر حمزہ—پوائنٹ آف آرڈر - کورم نہیں ہے -

Mr. Speaker : Let there be a count (*count was taken*). The House is not in quorum. Let the bells be rung (*bells were rung*). The House is in quorum. Yes, Malik Akhtar.

ملک محمد اختر—جناب سپیکر - یہ وہی صدیوں پرانا نظام جس کی تاریخ ملک خدا بخش صاحب مجھ سے اتفاق فرمائیں گے کم و بیش ایک سو سال پرانی ہے ان قوانین کا سن بھی ۱۸۸۷ اور ۱۸۷۹ ہے جن کو یکجا کیا گیا ہے یعنی سندھ کوڈ اور لینڈ ریونیو ایکٹ - میں سمجھتا ہوں کہ اس کی ماڈرن سوسائٹی میں گنجائش نہ تھی - جناب سپیکر - اب میں ان دفعات کی طرف آتا ہوں - دفعات کی طرف میں نہیں آؤں گا کیونکہ میری کم و بیش ۸۰-۸۲ ترامیم ہیں میں ان اصولوں کی طرف آتا ہوں جن سے مجھے اتفاق نہیں اور اگر آپ اجازت دیں تو ایک حوالہ پڑھ دوں جس سے میرا point واضح ہو جائے گا - ۱۹۶ (۴) کے متعلق - - - -

Mr. Speaker : Malik Sahib may please take his seat. Yes please.

ملک محمد اختر—جناب سپیکر - مسٹر نذیر احمد آئی سی ایس جن کو depute کیا گیا تھا کہ وہ ان معاملات کے متعلق انکوائری فرمائیں یہ انہوں نے نوٹ لکھا ہے جو ۱۹۶ (۴) کے متعلق میری c ntention کے سلسلے میں relevant ہے اور اس کی تائید کرتا ہے -

> " The prosperity and contentment noticeable in most of the peasant villages I visited presented a sharp contrast to the squalor and disorderliness of the villages inhabited by the tenants of the land-lords."

جناب والا - میں مقابلہ کر رہا ہوں کہ جہاں پر کاشتکار خود مالک ہیں یا انہیں خود مالک گردانا جاتا ہے وہ کیا مراعات حاصل کرتے ہیں ان کاشتکاروں کے مقابلہ میں جو کسی کے tenant ہیں -

مسٹر سپیکر۔۔ملک صاحب ۔ آپ نے اپنا وہ point of order چھوڑا نہیں ابھی تک ۔

ملک محمد اختر۔۔حکم دیں تو چھوڑ دیتا ہوں ۔

Mr. Speaker: Next principle please.

ملک محمد اختر۔۔جناب سپیکر ۔ سب سے پہلے میں انہیں کہوں گا کیونکہ مجھے پتہ ہے سیلیکٹ کمیٹی کے ممبروں نے پوری نیک نیتی سے کام کیا ہے لیکن غلطی جو ان سے سرزد ہوئی اور جس پر میں نے اعتراض کیا تھا وہ یہ تھا اور ابھی خان حبیب اللہ خاں صاحب نے اس کے حق میں دلائل دئے ہیں وہ یہ ہے جناب سپیکر ۔ کہ وہ دفعات جو آرڈیننس ایکٹ ۱۹۴۰ کی تھیں ان کو ختم کر دیا گیا ہے ۔ موجودہ نئی یونیفیکیشن کلاز کے تحت ۔ مجھے اس اصول سے اتفاق نہیں ۔ میں نے سب سے پہلے اپنے اختلافی نوٹ میں عرض کیا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ پچھلی بار اس معزز ایوان میں جب یہاں آرٹیریشن ایکٹ کے متعلق کوئی ترمیم تھی یا آرڈیننس تھا تو خاصی لمبی بحث ہوئی تھی ۔ میں نے بھی کچھ اس کی ہسٹری یہاں پیش کی تھی اور اس کے فوائد میں نے عرض کیے تھے ۔ جنہیں میں آج دھرانا نہیں چاہتا ۔ یہ جو باب ہے اس کا عنوان تو آرٹیریشن ہے ۔ مگر اس میں آرٹیریشن کی مسلمہ اور رائج کلازوں کو جن میں متعدد بار ترمیم کی جا چکی ہے ختم کر دیا گیا ہے اور ہمارے معزز اراکین ریونیو بورڈ جنہوں نے اس بل کو ترتیب دیا ہے میرے لیے وہ سب واجب الا احترام ہیں ۔ کیونکہ ان میں ایسے افسر بھی ہیں جنہوں نے پاکستان بناتے وقت اور اسے قائم رکھنے میں جانی اور مالی قربانیاں بھی دی ہیں ۔

مگر میرا منصب اور ہے اور ان کے functions کچھ اور ہیں ۔ میں ان سے مودبانہ معافی مانگ کر یہ گزارش کروں گا ۔ کہ انہوں نے ایسی دفعات کا اضافہ کیا ہے ۔ ایسے نئے اصولوں کا اضافہ کیا ہے ۔ جو ان کو suite کرتے تھے ۔

جناب سپیکر ۔ آربٹریشن ایکٹ میں ۱۶۹ کلاز کے تحت یہ منسوخ کر دیا گیا ہے کہ آربٹریشن ایکٹ کا نفاظ نہیں ہو گا ۔ بلکہ اس میں دفعات خود بنا کر ان کا اضافہ کر دیا گیا ہے ۔ جناب قائد ایوان نے درست فرمایا تھا کہ سندھ کوڈ میں ایسی دفعات کی ضرورت نہ تھی اور ہم نے پنجاب میں کچھ دفعات لاگو کر دی ہیں ۔ لیکن در اصل میرا اعتراض یہ ہے کہ ہمیں ایک قدم اس سے آگے جانا چاہئیے تھا ۔ اور اسے پالش اور ماڈرن کرنا چاہئیے تھا ۔ اور آربٹریشن ایکٹ کی جتنی دفعات تھیں ان کو اس میں شامل کرنا چاہئیے تھا ۔ یہ ایسی چیز تھی جس سے لوگ سالہا سال کی مقدمہ بازی سے ۔ ایک عدالت سے دوسری میں اور دوسری سے تیسری میں جانے سے بچ سکتے تھے ۔ اور اپنی پسند کے منصف یا ثالث مقرر کر کے فیصلہ حاصل کر سکتے تھے ۔

جناب سپیکر ۔ یہ قانون آرڈیننس کی صورت میں نہیں آیا ہے ۔ اس کے لئے میں موجودہ قائد ایوان کا انتہائی مشکور ہوں کہ انہوں نے اپنے سینے پر یہ تنقید لینا گوارا کر لیا ہے وہ آگے کی طرح آرڈیننس کے ذریعہ قانون سازی نہیں لائے ہیں ۔ بلکہ انہوں نے ہمیں اس پر بحث کا موقع دیا ہے کہ ہم کم از کم تین بار اس معاملہ پر بحث کر سکیں ۔

جناب سپیکر ۔ تو میں آربٹریشن کی ان دفعات کو ختم کرنے کے اس اصول سے ہرگز اتفاق نہیں کر سکتا ۔ اب میں اس اصول پر آتا

ہوں ۔ جو record of rights کے متعلق ہے ۔ اور جو اغلباً ۴۲ تا ۴۴ کلازز ہیں ۔ میں ان کلازوں کے متعلق کچھ نہیں کہوں گا ۔ میں صرف اصولوں کی بات کروں گا ۔ میں باب وار اور کلاز وار اور اصول وار ان کے متعلق کچھ عرض کروں گا ۔ آپ ملاحظہ فرمائیں کہ یہ تمام حقوق record of rights کے ریونیو ڈیپارٹمنٹ کے پاس ہیں ۔ اور بظاہر انہیں ہونا بھی چاہیے لیکن یہ جس حد تک دیئے گئے ہیں اس حد تک میں اس اصول سے اتفاق نہیں کر سکتا ۔

بہت اچھا جناب میں ۔ amendment of clause پر کہہ لوں گا ۔ یعنی آپ کا پٹواری record of rights بنائے گا ۔ ریونیو آفیسر اس کی تصدیق کرے گا ۔ آج مجھے ایک زندہ مثال اس ایوان میں پیش کرنی ہے ۔ کسی نے مجھے بتایا کہ ہماری اسلامیہ پارک موضع سیں ۸ کنال زمین کی رجسٹری موجود ہے اور پٹواری نے وہاں پر ۸ کنال ۱۹ مرلے کا اندراج کر دیا ہے ۔ جو مالک تھا انہیں جس وقت پتہ چلا تو اس وقت یہ مشکلات پیدا ہوئیں ۔ آیا وہ adverse possession سے معاملہ ختم تو نہیں ہو گا ۔

جناب سپیکر ۔ میں پٹواری کو اس قدر وسیع اختیارات اسی صورت میں دینے کے حق میں ہوں کہ اس کے اوپر proper check ہو یا کم از کم ایسی امنڈمنٹ ہو جو ایسے problems کو نکالیں اور عوام کی proetction اس طرح ہو کہ وہ remedy کو seek کر سکیں ۔ اسی طرح record of rights میں جو زیادتی کی جاتی ہے وہ یہ ہے کہ ایک شخص وفات پا جاتا ہے اس کی اولاد میں ایک بڑا لڑکا ہے ۔ وہ اپنے نام جاکر زمین وغیرہ انتقال کرا لیتا ہے اس کے بعد جب دوسرے بچے جوان اور بالغ ہوتے ہیں تو ان کے لئے اتنا عرصہ گزر چکا ہوتا ہے کہ زائد المیعاد ہو چکی ہوتی ہے اور وہ جا کر remedy seek نہیں کر سکتے ۔

جناب سپیکر ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ملک خدا بخش صاحب مجھ سے زیادہ بہتر جانتے ہیں اور انہیں ان معاملات میں زیادہ واقفیت ہے ۔ وہ اس کے انسداد کے لئے اس قسم کی کوئی تجویز پیش کریں ۔ (قطع کلامی) بلکہ اس سے بڑا جو ظلم کیا گیا ہے وہ یہ ہے کہ اگر کسی کے title کا dispute ہو (تو ریونیو آفیسر کی term میں اسسٹنٹ ریونیو آفیسر بھی شامل ہے) تو اسے یہ اختیار دے دیا گیا ہے کہ وہ ejectment کر سکتا ہے ۔ کسی پارٹی کو قبضہ دے سکتا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ملک خدا بخش صاحب میرے اس الزام پر کبھی مجھ سے differ نہیں کریں گے کہ ریونیو ڈیپارٹمنٹ کا جو subordinate staff ہے اس کی کرپشن انتہا سے زیادہ بڑھ چکی ہے ۔ ان کی کرپشن کے بڑھنے کی جو بنیاد ہے جو اساس ہے اور جو اصول وغیرہ ہیں میری بھی اگر زمین ہو تو میں بھی انہیں نہیں جانتا کہ میری زمین کی کونسی پوزیشن ہے ۔ اس کا جو ریکارڈ ہے ۔ نقشہ جات ہیں یا شجرہ وغیرہ جو ہیں اور جو terms ہیں وہ بھی میں نہیں جانتا ہوں کہ ان کو کیسے maintain کیا جاتا ہے ۔ یہ آپ نے بڑی اچھی بات کر دی ہے کہ جو ریکارڈ ہو گا وہ یونین کونسل میں maintain کیا جائے گا ۔ اب خیال فرمائیں کہ اس ریکارڈ کا جس کی بنا پر پٹواری اور ریونیو آفیسر کو مقرر کیا ہوا ہے وہ کس حد تک اس میں خرابی اور برائی کرتے ہیں ۔

اس کے بعد جناب والا میں ایک کلاز کو refer کروں گا ۔ اس کا نمبر غالباً کلاز ۴۴ ہے جس کا heading میں عرض کروں گا کہ determination of disputes ہے ۔ اور یہ قوت ۔ یہ پاور اور اس کا فیصلہ اسسٹنٹ ریونیو آفیسر یا ریونیو آفیسر کو دے دیں تو میں سمجھتا ہوں کہ اس سے ہمارے کافی حقوق جو ہیں ان پر زد پڑی ہے ۔ یہ ایسا اصول ہے جس سے میں اتفاق نہیں کرتا محترم وزیر قانون صاحب یا

ملک خدا بخش صاحب اس کے متعلق کچھ ایسی تجاویز فرمائیں جس سے اس برائی کا سد باب ہو سکے ۔ اور بہتر اصول ہمیں حاصل ہو سکے ۔

جناب سپیکر ۔ اب میں اس اصول کی طرف آتا ہوں جو غالباً اگلے chapter میں ہے ۔ جس کا assessment کا heading chapter 7 ہے ۔ اس کی کلاز ۵۷ میں یہ قرار دیا گیا ہے کہ تمام لینڈ (میں اس کو پڑھ کر آپ کا وقت ضائع نہیں کرنا چاہتا) جو ہو گا وہ payment of land revenue کے لئے liable ہو گا ۔

جناب سپیکر ۔ آج سے ۱۰۰ سال قبل (آپ مجھ سے اتفاق کریں گے) کے بھی جو لئے ٹاؤن ہیں ان میں کافی زمینیں پڑی ہیں ۔ جو لئے ٹاؤن develop ہوئے ہیں اور ان میں جو مکانات ہیں اس کے علاوہ ۸۰ - ۹۰ فیصدی زمین اب بھی کاشتکاری کے لئے ہے ۔ ۱۸۷۹ اور ۱۸۸۷ میں ٹھیک ہے کہ اس بات کی کوئی اہمیت نہ تھی ۔ کوئی بھی مطالبہ اور کوئی بھی ڈیمانڈ جو سب سے زیادہ مضبوطی سے کی جا سکتی ہے وہ یہ ہے کہ کیوں میونسپل ایریا میں ایسے لینڈ کو جو کاشتکاری کے لئے استعمال نہیں کیا جا رہا اس کو لینڈ ریونیو کے لئے liable قرار دیا جائے ۔ اس کی defence میں میرے بزرگ قائد ایوان فرمائیں گے کہ ہم rules frame کرکے exempt کر دیں گے ۔ میں ان سے اس بات پر اتفاق نہیں کرتا ۔ میں کیوں آپ سے بھیک مانگنے آؤں ۔ یہ ہمارا حق ہے ۔ یہ ہمارا ۔ statutory right ہے ۔ ہم بھیکاری بن کر کیوں شہروں میں رہیں ۔ جن کی زمینیں فیکٹریوں میں آچکی ہیں جو Urban Immovable Property Tax کی ادائیگی کرتے ہیں ان کی justification کلاز ۵۷ کے تحت کی گئی ہے ؟ اس زمین پر آپ اندازہ فرمائیں ہمیں کتنے ٹیکس دینے پڑتے ہیں ۔ اب میرے دوست رانا پھول خان صاحب چلے گئے ورنہ میں ان کو بتاتا کہ شہروں کی زمینوں کا کیا حشر ہوتا ہے ۔ جن شہروں

میں آپ نے important plans بنائے ہیں ان شہروں میں لینڈ جو ہے وہ ابھی تک کاشتکاری کے لئے استعمال ہو رہا ہے اس زمین کو سکیم میں لانے کے بعد چار پانچ ہزار روپیہ ہمیں ڈویلپمنٹ charges دینے ہوتے ہیں ۔ آپ اندازہ فرمائیں اس لینڈ سے جس کا Urban Municipal Property Tax دے دیا گیا ہو اگر اس پر مکان بنانا ہو یا نہ بنانا ہو اس کے لئے ڈویلپمنٹ charges دیتے ہیں drainage کے لئے اخراجات دیتے ہیں سڑکوں کیلئے اخراجات برداشت کرتے ہیں ۔ یہ معمولی سی رقم ہے معمولی سی رقم کی ادائیگی بھی اگر ناجائز ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ بھی نہیں ہونا چاہیئے ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد جو معرکتہالرا بات کی گئی ہے اگرچہ سپریم کورٹ سے اس کا فیصلہ عوام کے حق میں ہوا ہے فلیٹی ہوٹل کا کیس تھا ۔ rental value پر لینڈ ریونیو لگا دیا ہے ۔ کوئی افسر اٹھتے ہیں جو کہ گورنمنٹ کے بڑے وفادار اور چہیتے ہوتے ہیں وہ rental value پر لینڈ ریولیو لگا دیتے ہیں ۔ یعنی مالیہ ۱۰ یا ۲۰ گنا لگا دیا لیکن جب معاملہ سپریم کورٹ میں گیا تو انہوں نے کہا کہ assessed value پر مالیہ نہیں لگایا جا سکتا ۔ اس کے بعد بھی میرے پاس بہت سے لوگ آئے ہیں جن سے arrears کئی کئی ہزار طلب کر رہے ہیں اور with retrospective effect طلب کر رہے ہیں ۔ ان کی چھوٹی سی holdings تھی ۔ اور ہزاروں روپیہ ان سے طلب کیا گیا ۔ بہر حال سپریم کورٹ میں اس کی adjudication ہوئی ۔ اس وقت اس سے آپ اندازہ لگائیے ۔ کہ آپ اپنے عملے پر ایک check ، ایک زنجیر کیوں نہیں لگاتے ۔ اگر وہ زمیندار ہیں ۔ تو ان سے مالیہ لیا جائے ۔ اور اگر وہ کارخانہ دار ہیں ۔ تو بل table ہو چکا ہے ۔ اور میں سمجھتا ہوں ۔ کہ حکومت کو کوئی حق نہیں پہنچتا ۔ کہ ان پر مالیے کا نفاذ کیا جائے ۔ میں اگلے chapter میں صرف اس کلاز کے ایک حصہ کو پڑھتا ہوں ۔

اور باقی اگلے chapter کی طرف آتا ہوں ۔ اگلے chapter میں assessment کا جو طریق کار ہے اسے کافی بہتر کیا گیا ہے ۔ لیکن یہاں بھی مجھے ان سے ذرا سا اختلاف ہے ۔ میں خان حبیب‌اللہ خان کے بعد سندھ کے آن M P A.S. کو مبارکباد دیتا ہوں کہ جو شب و روز کی محنت اور کوشش کے بعد اس بل کو لانے میں کامیاب ہوئے ۔ اور کم از کم کچھ relief تو سابق صوبہ سندھ کے لئے حاصل کرنے میں کامیاب ہوئے ۔

جناب سپیکر ۔ یہ درست ہے ۔ کہ اب جو assessment کا طریقہ ہے اسے تمام مغربی پاکستان میں unify اور یکساں کر دیا گیا ہے ۔ میں ہرگز demerits of the bill میں نہیں جاؤں گا ۔ اور جو اچھی باتیں ہیں ۔ اور اس کے جو merits ہیں ۔ ان کے لئے یقیناً حکومت کی تعریف بھی کروں گا ۔

جناب سپیکر ۔ یہ جو assessment ہے ۔ یہ سابق صوبہ سندھ میں land پر نہیں تھی ۔ بلکہ اس کا طریق کار یہ تھا ۔ کہ یہ فصل پر کی جاتی تھی ۔ اور فصلات کی جو cash value تھی ۔ وہ ہر سال بڑھتی رہتی تھی اور اس طرح cash value کے بڑھنے سے ہر سال اس کے مالیہ میں بھی گرانقدر اضافہ ہو جاتا تھا ۔ اب سندھ میں بھی یہ سہولت ہو گئی ہے ۔ کہ اب وہاں بھی مالیہ land پر لگا دیا گیا ہے ۔ اور خواہ زمین میں دو تین بار ہی بیج کیوں نہ بویا جائے ۔ لیکن جس طرح کہ یہاں کا طریقہ ہے ۔ مالیہ صرف اسی رقبہ کے مطابق ہوگا ۔

جناب سپیکر ۔ assessment دو طرح کی ہے ۔ ایک general اور دوسری special general assessment کا جو period تھا ۔ وہ غالباً ہمارے پنجاب میں تقریباً تیس چالیس سال تھا ۔ اب اسے دس سال کم کر دیا گیا ہے ۔ اس بات سے میں ان کے ساتھ ذرا سا اتفاق نہیں کرتا ہوں ۔ جتنی میعاد

کم کر دی گئی ہے ۔ اس کی کوئی justification نہیں ہے ۔ بہتر ہوتا کہ جیسے مکان بنانے والوں کو، ایک فرم کھولنے والوں کو، فیکٹری لگانے والے کو اتنی سہولت ہوتی ہے ۔ کہ وہ اپنا اندازہ کر لیتا ہے ۔ کہ آئندہ پچیس تیس سال کے لئے اس کی کیا liabilities ہوں گی ۔ تو اب یہ بتائیے ۔ کہ جو شخص اپنی زمین کو develop کریگا ۔ تو اگر assessment کی tenure آپ لمبی دیں گے ۔ تو وہ اپنی investment زیادہ کرے گا ۔ زیادہ کنوئیں کھودے گا ۔ زیادہ ٹیوب ویل لگائے گا ۔ tractors خریدے گا ۔ لیکن اگر اس کو یہ پتہ ہو ۔ کہ پانچ دس سال کے بعد نئی assessment ہو جاتی ہے ۔ اور اتنی زیادہ ہو گی ۔ کہ super tax والا مسئلہ ہو گا ۔ تو شائد وہ اس کام کے کرنے کے لئے تیار نہ ہو ۔ میں نے اس کے بعد یہ عرض کرنا ہے ۔ کہ ہمارا ملک بڑی تیزی کے ساتھ industralise ہو رہا ہے ۔ لیکن ہم نے سولہ سال میں جو گرانقدر اضافہ industries میں کیا ہے ۔ ہمارا millions of rupees کا capital بڑھ گیا ہے ۔ بلکہ ہمارا capital کروڑوں اور اربوں روپے کا بڑھ چکا ہے ۔ اور ہمارے صنعت کاروں نے کمایا ہے ۔ اب آپ نے ایک اچھی بات یہ کر دی ہے ۔ کہ small industries کے متعلق ایک قانون لا کر آپ نے middle class کو بھی accommodate کیا ہے ۔ لیکن اس پسماندہ کلاس کو ، اس کاشتکار کلاس کو آپ نے کیوں exemption نہیں دی ۔ arid lands میں آپ کو exemption دینی چاہئے ۔ آج میں نے اپنے زمیندار بھائیوں سے ، اپنے دوستوں سے جو کہ میرے لئے واجب الاحترام ہیں ۔ ان سے کہتا ہوں ۔ کہ آج وہ حاکم ہیں ۔ آج ان کا اثر ہے ۔ وہ حکومت کا ایک حصہ ہیں ۔ وہ کیوں اپنے ہاتھ اٹھا کر یہ فیصلہ نہیں کر دیتے ۔ کہ پچیس ایکڑ سے کم جو holdings ہوں گی ۔ اس کو tax-free کر دیا جائے گا ۔ اور اس پر کوئی

مالیہ نہیں لگایا جائے گا ۔ انکم ٹیکس میں چھ ہزار کی حد مقرر ہے ۔ کیا یہ limit چھوٹی holdings میں نہیں دی جا سکتی ۔ اور اگر میں یہ کہوں ۔ تو کسی کو برا محسوس نہ ہو ۔ اور اس کا انکے پاس یہ عذر ہو گا ۔ کہ اس طرح خزانے پر بوجھ پڑے گا ۔ تو اس کا جواب یہ ہے کہ انکم ٹیکس میں بھی ایک limit مقرر کرنے سے حکومت کے خزانے پر بوجھ پڑتا ہے ۔ میں ایک شہری ہوں ۔ اور کاروباری طبقہ سے تعلق رکھتا ہوں ۔ اس لئے مجھے اپنے حقوق کے لئے لڑنا چاہئیے ۔ لیکن میں یہ کہتا ہوں ۔ کہ جب ہمیں چھ ہزار کی limit دی گئی ہے ۔ یہ غلط ہے ۔ کیونکہ شہر کے لوگ اس قدر آسودہ ہو چکے ہیں ۔ کہ ان کو اس رعایت کی ضرورت نہیں اگر ضرورت ہے ۔ تو اس پسماندہ کاشتکار کو ہے ۔ جو دو سو سال سے محنت اور مشقت کرنے کے باوجود بھی ابھی تک اپنے لئے سر چھپانے کی جگہ مہیا نہیں کر سکا ۔ آپ بتائیے ۔ کہ کتنے کاشتکار ہیں ۔ کہ جن کے پاس اپنے مکانات ہیں ۔ کتنے کاشتکار ہیں ۔ جو اجلے کپڑے پہنتے ہیں ۔ کتنے کاشتکار ہیں ۔ کہ جو شہر کے قریب رہتے ہوئے بھی پانچ چھ میل کے فاصلے سے آ کر شہر میں سینما وغیرہ کی سستی تفریح سے اپنے آپ کو لطف اندوز کرتے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ اگر ہماری حکومت اس بڑھتی ہوئی communism کو روکنا چاہے ۔ تو میں سمجھتا ہوں ۔ کہ یہ اچھا موقع ہے ۔ کہ revenue laws میں اس قسم کی ترامیم کی جائیں ۔ کہ اپنے کاشتکاروں کو خوش حال بنایا جائے ۔ اور اپنے کاشتکاروں کو وہ سہولتیں دی جائیں ۔ کیونکہ ذرا سی نم ہو ۔ تو یہ مٹی بڑی زرخیز ہے ۔ ان کو سہولتیں دی جائیں ۔ ان کو آلات کشاورزی خرید کر دئیے جائیں ۔ ان کے لئے collective farms بنائیے ۔ مجھے افسوس ہے ۔ کہ وہی روح وہی نظریہ آج بھی کارفرما ہے ۔ جو انگریزوں کے وقت تھا ۔ جو سکھوں

کے وقت تھا ۔ آپ آج بھی Punjab Land Revenue Act کے اسی سالہ پرانے provision کو دیہاتوں میں extend کریں گے ۔ جو کہ میں سمجھتا ہوں ۔ کہ درست نہیں ہے ۔

جناب سپیکر ۔ اس کے بعد مجھے special assessment کی طرف آنا ہے ۔ یعنی یہ دیکھئے کہ میں تو چیخ رہا ہوں ۔ کہ آپ سہولتیں دیجئے ۔ لیکن اس special assessment کے باب میں rider لگا دیا گیا ہے ۔ یعنی جہاں بھی نہر کا پانی پہنچ جائے ۔ یا کچھ سہولتیں زیادہ ہو جائیں ۔ یا کچھ ایسی بات ہو جائے ۔ یا وہاں پر زمین زیادہ کاشت دینی شروع کرے ۔ تو اس صورت میں جو general assessment ہے ۔ جس کے لئے میں اس بات کے لئے بھی تیار نہیں تھا ۔ کہ اس کی میعاد کو چالیس کی بجائے تیس یا تیس کی بجائے بیس کرتے ۔ تو یہاں آپ نے special assessment کی provision رکھ دی ہے ۔ کوئی کاشتکار یا کوئی زمیندار اس طریقے سے اپنی زمین کو زیادہ develop کرے ۔ تو مجھے یہ بتائیے ۔ کہ آپ کو کیا حق ہے ۔ کہ آپ اس کے لئے ، یا اس holding کے لئے (کسی فرد کے لئے تو یہ نہیں ہو سکتا ہے ۔) آپ اس کے لئے special assessment کا طریق کار بنا رہے ہیں ۔ اور آپ نسبتاً اس سے زیادہ رقوم حاصل کر سکیں گے ۔

جناب سپیکر ۔ ان گذارشات کے بعد میں اگلی دفعات پر آتا ہوں ۔ جو کہ نہایت ہی primitive اور پرانی ہیں ۔ اور جن کو enforce کرنے میں ہماری حکومت کو بہت ہی لطف آتا ہے ۔ وہ بدنام term وہ غریبوں کا گلا کاٹنے والی term

"recovery will be made as arrears of land revenue"

کی term ہے ۔

مجھے بتائیے کہ کسی کے پاس روپیہ ہو تو حکومت کو دینے سے کون انکار کر سکتا ہے ۔ کوئی سیلاب آ جاتا ہے اس کے بعد قرضے دئے

جاتے ھیں یعنی تقاوی قرضے دئے جاتے ھیں پھر بھی زمیندار اپنے پاؤں پر کھڑا نہیں ھو سکتا ۔

میاں محمد شفیع—جس شخص کو تقاوی قرضہ جات کے معنی نہیں آتے وہ اتنی لمبی چوڑی تقریر کر رہا ھے ۔

ملک محمد اختر—آپ کی باتوں سے مجھے تقویت ملی ھے ۔ وہ تقاوی قرضے لینے کے باوجود اپنے پاؤں پر کھڑا نہیں ھو سکتا ۔ اور دوسری طرف اگر کوئی آپ کو Land Revenue ادا نہیں کرتا تو اس کے لئے آپ نے ایسی دفعات شامل کی ھیں کہ جب چپڑاسی کسی کو تحصیل دار کے پاس یا نائب تحصیل دار کے پاس لے جاتا ھے تو تحصیلدار اسے اغلباً ۱۰ دن کے لئے حوالات میں بند کر دے گا ۔ پھر بھی نہ دے تو اسے ۲۰ دن یا ۳۰ دن تک حوالات میں رکھا جائے گا ۔ آپ اندازہ فرمائیں کہ کیا آج اس بات کی گنجائش ھے کہ non payment of land revenue کی وجہ سے کسی کو قید کیا جائے ۔ قید کی provision تو بہت پرانی ھے ۔ آج سے سو سال یا ۸۰ سال پہلے جب سے یہاں Revenue Laws نافذ ھوئے اس وقت سے یہ provision چلی آتی ھے اس کے اثر میں یہ Land Revenue کے arrears کی ادائیگی کے سلسلہ میں بڑے زمیندار اس قدر نہیں آتے جتنے چھوٹے چھوٹے زمیندار آتے ھیں ۔ یا وہ زمیندار یا کاشتکار جو defaulters ھوتے ھیں ۔ اس کے بعد ھماری وہ چیز ھے جسے ھم بنیادی حقوق کہتے ھیں اگر اس کا نام لیا جائے گا تو بہت سے دوست برافروختہ ھو جائیں گے ۔

وزیر مال—ھم برافروختہ نہیں ھوں گے ۔

ملک محمد اختر—بہر حال جس دفعہ کا ان بنیادی حقوق سے تصادم ھو گا ۔ وہ یہی دفعہ ھے میں اس کی definition نہیں پڑھوں گا

بلکہ صرف refer کروں گا ۔ وہ ہے کلاز (ے) ۴ ۔ اس میں surety کا لفظ آتا ہے ۔ جو surety دے گا اس کو بھی پکڑا جائے گا ۔ مثال کے طور پر اگر میں defaulter ہو جاؤں اور وٹو صاحب میری ضمانت دیں تو پھر وٹو صاحب کو پکڑا جائے گا ۔

وزیر بنیادی جمہوریت—آپ کے لئے قید ہونا ایک لحاظ سے میں اپنی سعادت سمجھوں گا ۔

ملک محمد اختر—جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ کلاز (اے) ۵ے میں یہ ہے (اب تو ساری کلاززز زبانی یاد ہو گئی ہیں) ۔

وزیر بنیادی جمہوریت—معاف کیجئے ۔ وہ تمام غلط یاد ہوئی ہیں ۔

ملک محمد اختر—مثلاً group of villages کے سلسلہ میں اگر ۱۰ حصہ دار ہیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت—ایسٹیٹ کو آپ group of villages کیسے کہتے ہیں ۔

ملک محمد اختر—میں نے اردو کم پڑھا ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت—نہیں ۔ کہئے ۔ میں نے اردو کم پڑھی ہے ۔

ملک محمد اختر—جو کچھ میں نے عرض کیا ہے ۔ ان کے متعلق لیڈر آف دی ہاؤس جب جواب دیں تو وہ فرمائیں کہ اگر ایک اراضی کے دو مالک ہیں ان میں سے ایک owner defaulter ہے تو اس کی رو سے کیا دونوں کو defaulter گردانا جائے گا ۔

وزیر مال---جناب والا ۔ معزز ممبر دو چیزوں کو ملا رہے ہیں ۔ اب میں ان کی باتوں کا کیا جواب دوں گا ۔ defaulter اور surety تو ایک بات ہے اور Joint Responsibility دوسری بات ہے ۔ ان کو چاہئے کہ ان دونوں میں تمیز کریں ۔

ملک محمد اختر---میں یہ عرض کروں گا کہ اگر ۱۰ مالک ہیں اور ان میں سے ایک defaulter ہے تو باقی ۹ بھی defaulter ہو جائیں گے ۔

وزیر مال---پہلے معاملہ میں اس Joint Responsibility کا تو ذکر نہیں ۔

ملک محمد اختر---اچھا جناب میں صرف defaulter اور surety کو لیتا ہوں ۔ یعنی اگر ایک شخص defaulter ہے تو اس کے لئے اس کے surety کو گرفتار کر لیا جائے ۔ میں آپ کی یہ بات ماننے کو تیار نہیں ہوں ۔ (قطع کلامیاں) (شوروغل) ۔

مسٹر سپیکر---ملک صاحب آپ تشریف رکھیں ۔

Let the House be in order. (*a pause*) Yes, Malik Sahib.

ملک محمد اختر---جناب سپیکر ۔ یہ دفعات جو ۸۰ - ۸۳ - ۸۵ اور ۸۶ ہیں یہ سب recovery کے متعلق ہیں ۔ اس سلسلہ میں ایک بڑا عجیب سا لطیفہ ہے جو میں آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں وہ یہ ہے کہ سندھ میں یہ قانون ہے ۔ اور یہ ایک بڑی عجیب سی دفعہ ہے ۔ کہ اگر کسی آدمی کے متعلق ریونیو افسر کو الہام ہو جائے کہ وہ default کرے گا تو وہ اسے فصل کاٹنے سے روک سکتا ہے اور اس کی فصل پر ایک سرکاری چوکیدار بٹھا دے گا ۔ جس کو وہ حقہ دے گا اور روٹی بھی کھلائے گا یہاں تک کہ اس کو تنخواہ بھی دے گا ۔ اور prior to reaping اس کی فصل کی attachment کر دی جائے گی ۔

آپ نے کئی عجیب عجیب واقعات سنے ہوں گے ۔ وہ غنڈہ ایکٹ وہ سیفٹی ایکٹ وہ فلاں کا خون فلاں کا خون ہے اور اسی قسم کے اور قوانین بھی ہیں ۔ لیکن ایک restraint کی دفعہ آ گئی ہے جو ہم نے سندھ سے حاصل کی ہے ۔ وہ قانون یہ ہے کہ جس وقت کسی کو اسسٹنٹ ریونیو آفیسر حوالات میں بند کر دے گا اور بعد میں جب اسے چھوڑا جائے گا تو اس پر یہ پابندی لگائی جائے گی کہ تم ۶ بجے صبح سے ۶ بجے شام تک فیلڈ میں رہنا کیونکہ ہم نے آنا ہے ۔ یعنی restraint کی دفعہ ہے ۔ جس کے ذریعہ نہ تو اسے try کیا جائے گا اور نہ کوئی اور قصہ ہوگا ۔ یہ ایک لطیفہ ہے جناب ۔

وزیر بنیادی جمہوریت--صاحب اس میں ہنسی کی کونسی بات ہے اور یہ کیسا لطیفہ ہے ۔ (قہقہہ)

Mr. Speaker : No interruption please.

ملک محمد اختر--یہ جو recovery کا طریقہ ہے یہ بڑا عجیب ہے - - - -

بیگم زاہدہ خلیق الزمان--جناب والا ۔ اگر آپ اجازت دیں تو ہم لوگ اس لطیفہ پر ذرا ہنس لیں ۔

ملک محمد اختر--دراصل بیگم صاحبہ بہت بڑی زمیندار ہیں اس لئے وہ - - - - -

مسٹر سپیکر--بیگم صاحبہ آپ خود نہیں ہنسیں باقی تمام ہاؤس تو ہنسا ہے ۔ (قہقہہ)

وزیر بنیادی جمہوریت--جناب والا ۔ آپ کی اجازت نہیں ہوئی اگر آپ کی اجازت ہو جائے تو بیگم صاحبہ ہنس لیں ۔

Mr. Speaker : The House now stands adjourned till 8.30 a.m. tomorrow.

The Assembly then adjourned till 8.30 a.m. on Friday, the 3rd June, 1966.

APPENDIX I

(Ref : Starred Question No. 985)

ANNEXURE 'A'

APPROVED SCHEMES PERTAINING TO PASSENGER AMINITIES AT CERTAIN STATIONS ON KARACHI DIVISION

Serial No.	Name of the Scheme	Name of Railway Station	Anticipated cost
1	2	3	4
			Rs.
1	Providing a passenger shelter ...	Tando Allahyar...	85,000·00
2	Providing shelter over Up and Down passenger platforms.	Drigh Road ...	90,000·00
3	Providing shelter over passenger platform.	Tando Mohd. Khan.	90,000·00
4	Providing of shelter on the Up passenger platform and extension of the existing shelter on the Down platform.	Karachi Cantt. ...	2,00,000·00
5	Providing of shelter on platform Nos. 3 and 4.	Karachi City ...	1,50,000·00
6	Providing shelter on new island platform.	Karachi Cantt. ...	2,60,000·00
7	Providing shelter on Up and Down passenger platform.	Jhimpir ...	1,60,000·00
8	Providing high level passengers platform on Up and Down line with a foodover bridge.	Chanesar Halt ...	80,000·00
9	Providing Third Class Waiting Hall...	Khokhropar ...	75,000·00
10	Replacing old Third Class Waiting Hall with new one.	Kotri ...	95,000·00
11	Replacing Third Class Waiting Hall...	Tando Allahyar...	75,000·00

Serial No.	Name of the Scheme	Name of Railway Station	Anticipated cost
1	2	3	4
			Rs,
12	Replacing Third Class Waiting Hall ..	Bhansayadabad...	50,000·00
13	Replacing obsolete type of Waiting Hall.	Tando Jan Mohd.	50,000·00
14	Providing Third Class Waiting Hall...	Jhol ...	33,000·00
16	Providing Third Class Waiting Hall ...	Matli ...	50,000·00
17	Providing Inter Class Gents Waiting Room.	Sinjhoro ...	30,000·00
18	Providing waiting rooms, cattle sheds and troughs in goods shed for merchants.	Karachi City Karachi Cantt. Wair Mansion Manghopir, Hyderabad and Dadu.	2,20,000·00
19	Providing Inter Class ladies and gents waiting rooms, cloak room and railway mail office.	Karachi Cantt. ...	1,50,000·00
20	Providing flushing system in 1st, 2nd and Inter Class waiting rooms, station building and relieving lodge.	Hyderabad ...	34,000·00
21	Provision of water coolers for passengers	Tando Jam, Tando Adam and Jhudo.	51,000·00
22	Providing retiring rooms ...	Hyderabad ...	1,00,000·00
23	Providing footover bridge ...	Dabheji ...	50,000·00
24	Providing footover bridge ...	Maukot ...	90,000·00
25	Electrification of Railway Stations ...	Zeal Pak, Pipri and Bholari,	40,000·00

APPENDIX II

(Ref : Starred Question No. 1696)

STATEMENT 'A'

FEBRUARY, 1965

SHOWING THE SCHEDULED AND ACTUAL TIME OF ARRIVAL OF PASSENGER TRAINS AND RAIL CARS AT JHANG SADAR STATION DURING FEBRUARY 1965

	UP DIRECTION					DOWN DIRECTION			
	21 UP DACHI PASSENGER	57 UP PASSENGER	261 UP PASSENGER	49 UP PASSENGER	R.C. 35 UP RAIL CAR	59 UP PASSENGER	RC 36 DOWN RAIL CAR	50 DOWN PASSENGER	58 DOWN PASSENGER
Date	*Scheduled arrival* 0.20	*Scheduled arrival* 4.27	*Scheduled arrival* 8.00	*Scheduled arrival* 11.32	*Scheduled arrival* 16.14	*Scheduled arrival* 20·00	*Scheduled arrival* 11·38	*Scheduled arrival* 17.53	*Scheduled arrival* 22·52
	Actual arrival	Actual arrival	Actual arrival	Actual arrival	Actual arrival	Actual arrival	Actual arrival	Actual arrival	Actual arrival
1st February, 1965	0·20	4·27	8·00	12·26	17 19	20·20	11·38	16·15	22·52
2nd February, 1965	0·20	4·27	8·00	11·43	18·47	20·26	11·38	15·40	22·52
3rd February, 1965	0·20	4·27	8·00	12·04	18·29	20·00	11·38	15·24	22·52
4th February, 1965	0·40	4·27	8·00	11·44	17·24	20·00	11·46	15·24	22·52
5th February, 1965	0·20	4·27	8 00	12·27	16·44	20·00	11·52	16·02	23·32

APPENDIX II—(*concld.*)

(Ref : Starred Question No. 1696)

STATEMENT 'A'

FEBRUARY, 1965

SHOWING THE SCHEDULED AND ACTUAL TIME OF ARRIVAL OF PASSENGER TRAINS AND RAIL CARS AT JHANG SADAR STATION DURING FEBRUARY, 1965

	UP DIRECTION						DOWN DIRECTION		
	21 UP DACHI	57 UP PASSENGER	261 UP PASSENGER	49 UP PASSENGER	R.C. 35 UP RAIL CAR	59 PASSENGER	RC 36 DOWN RAIL CAR	50 DOWN PASSENGER	58 DOWN PASSENGER
	Scheduled arrival 0·20	*Scheduled arrival* 4.27	*Scheduled arrival* 8.00	*Scheduled arrival* 11.32	*Scheduled arrival* 16.14	*Scheduled arrival* 20.00	*Scheduled arrival* 11.38	*Scheduled arrival* 17.53	*Scheduled arrival* 22.52
	Acutal arrival	Actual arrival	Actual arrival	Actual arrival	Actual arrival	Actual arrival	Actual arrival	Actual arrival	Actual arrival
6th February, 1965	1·00	4·27	8·00	11·32	17·43	20·15	11·45	15·52	22·52
7th February, 1965	0·20	4·27	8·00	12·06	18·27	20·00	11·38	17·33	21·25
8th February, 1965	0·40	3·35	8·00	12·23	18·37	21·15	12·58	16·16	22·52
9th February, 1965	0·20	4·58	8·00	11·32	18·54	...	...	15·24	22·52
10th February, 1965	0·20	4·27	8·00	11·32	18·59	20·22	11·45	15·30	22·52

11th February, 1965	0·20	4·27	8·00	11·43	17·31	20·00	11·45	12·24	23·10
12th February, 1965	0·20	4·37	8·00	11·32	17·19	20.00	11·38	15·24	22·52
13th February, 1965	0·20	4·27	8·00	11·50	17·39	20·00	11·38	15·24	22·52
14th February, 1965	0·20	4·27	8·00	11·58	17·04	20·00	11·58	15·24	23·10
15th February, 1965	0·20	4·27	8·00	11·32	17·19	20·00	11·38	15·24	22·52
16th February, 1965	0·20	4·27	8·45	11·32	18·05	20·07	11·38	15·24	22.52
17th February, 1965	0·20	4·27	8·47	11·32	17·25	20·20	11·38	15·38	22·52
18th February, 1965	0·20	4·27	8·00	11·32	17·00	20·00	11·38	15·34	23·17
19th February, 1965	0·20	4·27	8·00	11·47	16·50	20·30	11·38	15·24	22·52
20th February, 1965	0·20	4 27	8·00	11·32	17·38	20·10	11·38	16·36	22·52
21st February, 1965	0·20	4·27	8·00	11·32	16·14	20·00	11 38	15·24	22·52
22nd February, 1965	0 20	4·27	8·00	11·32	16·14	20 00	11 38	15·24	23·25
23rd February, 1965	0·20	4·27	8·00	11·58	16·14	20 00	13·34	15·57	22 52
24th February, 1965	0·20	4·27	8·00	11.32	16.14	20·00	11·38	15·24	22·52
25th February, 1965	0·20	4·27	8·00	11·32	16·14	20·00	11·38	15·39	23 12
26th February, 1965	0·20	4·27	8·00	11·32	16·14	20·37	11·38	15 24	22·52
27th February, 1965	0·20	4·27	8·00	11·32	16·14	20·00	11·48	15·35	22·52
28th February, 1965	0·20	4·27	8·00	11·32	16·29	20·22	11·38	15·35	22·52

FEBRUARY, 1966

SHOWING THE SCHEDULED AND ACTUAL TIME OF PASSENGER TRAINS AND RAIL CARS AT JHANG SADAR STATION DURING FEBRUARY, 1966.

Date	UP DIRECTION					DOWN DIRECTION		
	57 UP PASSENGER	261 UP PASSENGER	49 UP PASSENGER	RC. 35 UP RAIL CAR	59 UP PASSENGER	RC. 36 DOWN RAIL CAR	59 DOWN PASSENGER	58 DOWN PASSENGER
	Scheduled arrival 4·01	*Scheduled arrival* 8·20	*Scheduled arrival* 10·44	*Scheduled arrival* 17·59	*Scheduled arrival* 20·55	*Scheduled arrival* 11·17	*Scheduled arrival* 17·53	*Scheduled arrival* 23·15
	Actual arrival	Actual arrival	Actual arrival	Actual arrival	Actual arrival	Actual arrival	Actual arrival	Actual arrival
1st February, 1966 ...	4·01	8·20	10·44	17·59	20·55	11·17	17·53	23·15
2nd February, 1966 ...	4·01	8·20	10·44	17·59	20·55	11·17	17·53	23·15
3rd February, 1966 ...	4·37	8·20	11·04	17·59	20·55	11·41	17·53	23·15
4th February, 1966 ...	4·01	8·20	10·44	17·59	20·55	11·17	17·53	23·52
5th February, 1966 ...	4·01	8·20	10·44	17·59	20·55	11·17	17·53	23·15

FEBRUARY, 1966

SHOWING THE SCHEDULED AND ACTUAL TIME OF PASSENGER TRAINS AND RAIL CARS AT JHANG SADAR STATION DURING FEBRUARY, 1966

Date	UP DIRECTION					DOWN DIRECTION		
	57 Up Passenger	261 Up Passenger	49 Up Passenger	RC. 35 Up Rail Car	59 Up Passenger	RC. 36 Down Rail Car	59 Down Passenger	58 Down Passenger
	Scheduled arrival 4·01	*Scheduled arrival* 8·20	*Scheduled arrival* 10·44	*Scheduled arrival* 17·59	*Scheduled arrival* 20·55	*Scheduled arrival* 11·17	*Scheduled arrival* 17·53	*Scheduled arrival* 23·15
	Actual arrival	Actual arrival	Actual arrival	Actual arrival	Actual arrival	Actual arrival	Actual arrival	Actual arrival
6th February, 1966 ...	4·01	8·20	10·44	17·59	20·55	11·17	17·53	23·35
7th February, 1966 ...	4·01	8·20	12·07	17·59	20·55	11·17	17·53	23·15
8th February, 1966 ...	4·01	8·20	11·04	17·59	20·55	11·17	17·53	23·22
9th February, 1966 ...	4·01	8·20	10·59	17·59	20·55	11·34	17·53	23·15
10th February, 1966 ...	4·01	8·20	10·44	17·59	20·55	11·17	17·53	23·15

11th February, 1966 ...	4·01	8·35	11·02	17·59	20·55	18·25	18·25	23·32
12th February, 1966 ...	5·27	8·40	11·02	18·35	20·55	11·17	17·53	20 42
13th February, 1966 ...	4·01	8·20	12·00	17·59	20·55	11·17	17 53	1·35
14th February, 1966 ...	4·50	8·20	11·05	18·54	20·55	11·39	17·53	23·15
15th February, 1966 ...	4·00	8·20	10·44	17·59	20·55	11·17	20·43	23·28
16th February, 1966 ...	4·50	8·20	10·44	17·59	21·05	11·17	17·53	23·15
17th February, 1966 ...	4·01	8·20	11·07	19·34	20·55	11·17	17·53	20·05
18th February, 1966 ...	4·01	8·20	11·05	17·59	20·55	11·32	18·18	23·55
19th February, 1966 ...	4·01	8·20	11·02	17·59	20·55	11·17	17·53	23·23
20th February, 1966 ...	4·21	8·60	11·15	17·59	21·30	11·17	17·53	23·15
21st February, 1966 ...	4·21	8·20	12·00	17·59	20·55	11·32	17·53	23·15
22nd February, 1966 ...	4·50	8·20	10·44	17·59	20 55	11·32	17·53	23·20
23rd February, 1966 ...	4·21	8·20	10·44	17·59	21·30	11·36	18·30	23·15
24th February, 1966 ...	4·01	8·20	10·44	17·59	21·30	11·33	18·30	23 40
25th February, 1966 ...	4·01	8·40	11·23	17·59	21·09	11·17	18·35	23·15
26th February, 1966 ...	4·01	8·40	10·44	17.59	21·05	11·17	18·10	23·15
27th February, 1966 ...	4·01	8 20	10·44	17·59	21 05	11·17	18·08	23·15
28th February, 1966 ...	4·01	8·20	10·44	17·59	21·20	11·17	17·53	23·25

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

THIRD SESSION OF THE SECOND PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN.

Friday, the 3rd June, 1966.

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 8-30 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Siddiqi (Qari of the Assembly) and its translation.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَفْرَحُوْنَ بِمَآ اَتَوْا وَّيُحِبُّوْنَ اَنْ يُّحْمَدُوْا بِمَا لَمْ يَفْعَلُوْا فَلَا
تَحْسَبَنَّهُمْ بِمَفَازَةٍ مِّنَ الْعَذَابِ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ وَلِلّٰهِ مُلْكُ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ اِنَّ فِيْ خَلْقِ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِي الْاَلْبَابِ ۝
الَّذِيْنَ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِيٰمًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِهِمْ
وَيَتَفَكَّرُوْنَ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ
هٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝

(پ ۴۔ س ۳۔ ع ۱۰ و ۱۱ آیات ۱۸۸ تا ۱۹۱)

جو لوگ اپنے کاموں سے خوش ہیں اور (پسندیدہ کام) کرتے نہیں اس کیلئے چاہتے ہیں کہ انکی تعریف کی جائے۔ اُن کے بارے میں تم یہ خیال نہ کرنا کہ وہ عذاب سے رستگار ہو جائینگے۔ اور انہیں درد دینے والا عذاب ہوگا۔ اور آسمان و زمین کی بادشاہت اللہ ہی کی ہے۔ اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے بیشک زمین و آسمان کی تخلیق میں اور رات و دن کے یکے بعد دیگرے آنے جانے میں عقل دانوں کے لئے نشانیاں ہیں جو کھڑے بیٹھے اور کروٹوں کے بل لیٹے ہر حال میں اللہ کو یاد کرتے ہیں اور آسمان و زمین کی پیدائش میں غور کرتے ہیں اور (کہتے ہیں) کہ اے پروردگار تو نے مخلوق کو بے فائدہ نہیں پیدا کیا۔ تیری ذات پاک ہے۔ تو ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچالینا۔

وما علینا الا البلاغ

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Speaker : Now the Question Hour. Kazi Muhammad Azam Abbasi.

DACOITY CASES REGISTERED IN HYDERABAD RANGE

***437. Kazi Muhammad Azam Abbasi** : Will the Parliamentary Secretary, Home, be pleased to state:—

(*a*) the number of dacoity cases registered in Hyderabad Range, during the years 1963, 1964 and from January 1, 1965 to May 30, 1965;

(*b*) the number and names of persons who were murdered by dacoits during the periods mentioned in (*a*) above;

(*c*) the number of dacoits arrested, challaned and convicted during the period mentioned in (*a*) above in Hyderabad Range;

(*d*) the number and names of dacoits who were killed during encounters with the police or with public during the periods mentioned in (*a*) above in Hyderabad Range;

(*e*) the maximum punishment awarded to dacoits during the periods mentioned in (*a*) above in the said Range along with the names of dacoits who were awarded maximum punishment?

Parliamentary Secretary (Mian Miraj Din) : 33, 21 and 8 cases of dacoity were registered in Hyderabad Range in 1963, 1964 and from January 1, 1965 to May 30, 1965, respectively.

Two persons were murdered by dacoits. Their names are :—

(1) Rasool Bux Jamali.

(2) Muhammad Rahim Kirio.

Arrested	...	...	...	...	132
Challaned	...	...	...	...	132
Convicted	...	...	...	...	38

Seven dacoits were killed.

Their names are —

(1) Maula Bux Noohani.

(2) Tharo Machi.

(3) Jano Lund.

(4) Jano Jamali.

(5) Bhuja Bhambhro.

(6) Saeed Khan Rind.

(7) Qasim Makrani.

One Ghulam Shah was hanged to death. Seven years, R. I. was awarded to the following five dacoits :—

(1) Miro, son of Rano Jamali.

(2) Bhootgar, son of Ahmad Jamali.

(3) Wazir, son of Gulu Jamali.

(4) Dur Muhammad, son of Hote Jamali.

(5) Maula Bux, son of Urs Jamali.

One Mubarik, son of Allah Bacho Chandi was awarded four years' R. I. :—

The following nine accused were awarded two years R. I. :—

(1) Jai Mal, son of Rattan Munghawar.

(2) Hashim, son of Hosho Jamari.

(3) Allah Bachayo, son of Abdullah.

(4) Muhammad, son of Abdullah Mir, Bhawar.

(5) Babar, son of Bkhar Mir Bhawar.

(6) Ghulam, son of Muhammad Durs.

(7) Mamoo, son of Allah Dino Machi.

(8) Ghulam Shah, son of Hassan Shah.

(9) Abdul Qudoes, son of Muhammad Pathan.

APPOINTMENT OF JUSTICE OF PEACE IN THE PROVINCE

*483. **Kazi Muhammad Azam Abbasi** : Will the Parliamentary Secretary, Home, be pleased to state whether it is a fact that Government have decided to re-introduce the appointment of Justice of Peace in the Province ; if so, the time by which this decision will be implemented ?

Parliamentary Secretary (Mian Miraj Din) : The question of the revival of the system of Justice of Peace is under active consideration of Government and necessary orders will be issued in due course.

ملک محمد اسلم خان ۔ کیا پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب بتائیں گے کہ Justice of Peace کا کام کیا ہو گا ؟

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی محمد وریال میمن) ۔ یہ تقرری جب ہوتی ہے تو ضابطہ فوجداری کے تحت ہوتی ہے ۔ وہاں ان کے فرائض نہیں دکھائے گے ۔ جب ان کی تقرری کرے گی گورنمنٹ سوچے گی ۔ کہ ان سے کیا کام لیا جائے ۔ مثلاً شہری فسادات میں یا ایمرجینسی میں لا اینڈ آرڈر برقرار رکھنے کے لئے یہ حکام سے تعاون کر سکتے ہیں ۔

چودھری محمد ادریس ۔ کیا وزیر قانون بتائیں گے کہ وہ کیا حالات تھے جن کے تحت اس سسٹم کو دوبارہ رائج کرنے کی ضرورت پیش آئی ؟

وزیر قانون - جواب میں یہ کہا گیا ہے کہ گورنمنٹ اس بارہ میں سوچ رہی ہے -

خان محمد یوسف خان - کیا وہ بتائیں گے کہ پہلے یہ سسٹم کہاں رائج تھا -

وزیر قانون - ۱۹۵۷ء سے پہلے یہ سسٹم یہاں موجود تھا - ۱۹۵۷ء میں جب ڈاکٹر خان صاحب چیف منسٹر بنے اس وقت اسے بند کیا گیا تھا -

چودھری محمد ادریس - کیا وہ بتا سکتے ہیں کہ صوبائی حکومت کو اس سسٹم کو از سر نو رائج کرنے پر غور کرنے کی ضرورت کیوں محسوس ہوئی ؟

وزیر قانون - ہمیں عرضداشتیں پہنچی ہیں کہ اس سسٹم کو از سر نو رائج کیا جائے - ہم نے یہ بھی محسوس کیا ہے کہ خصوصاً جب ایمرجنسی ہوتی ہے جیسے مثلاً جنگ کے وقت اس وقت سول ڈیفینس وغیرہ کے لئے یہ سسٹم مفید رہے گا ؟ ابھی تک یہ معاملہ زیر غور ہے - ابھی یہ صحیح معنوں میں معلوم نہیں کہ اسے رائج کیا جائے گا یا نہیں ؟

قاضی محمد اعظم عباسی - کیا وزیر صاحب بتائیں گے کہ یہ سسٹم بند کیوں کیا گیا تھا ؟

وزیر قانون - اس وقت کے چیف منسٹر صاحب نے یہی مناسب سمجھا - جہاں تک اس بارہ میں cabinet کے فیصلہ کا تعلق ہے میں اسے ظاہر نہیں کر سکتا -

خان محمد یوسف خان - کیا یہ اس لئے بند کیا گیا یہ ناکام ہو گیا تھا -

وزیر قانون - کئی وجوہات تھیں - cabinet کی وہ کارروائی صیغۂ راز میں ہے - میں اس میں شریک نہیں تھا - کم از کم اس وقت میں وہ بتانے سے قاصر ہوں -

مسٹر حمزہ - جناب وزیر قانون نے فرمایا ہے کہ Justice of Peace کا جو نظام ہے وہ ہنگامی حالات میں مفید ثابت ہو سکتا ہے اس لئے اسے نافذ کیا جا رہا ہے ؟

وزیر قانون - میں نے یہ نہیں کہا اسے نافذ کیا جا رہا ہے -

مسٹر سپیکر - یہ ابھی زیر غور ہے -

مسٹر حمزہ - انہوں نے فرمایا ہے کہ یہ اس لئے زیر غور ہے کہ ہنگامی حالات میں مفید ثابت ہو سکتا ہے -

وزیر قانون - مجھ سے پوچھا گیا ہے کہ کیا وجوہات ہیں کہ اس پر غور کیا جا رہا ہے - میں نے جواب دیا کہ یہ بھی ایک factor ہے اسے زیر غور لانے کے لئے -

مسٹر حمزہ - جناب والا - میں ان سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ سول ڈیفنس کے سلسلہ میں کون سا کام ہے جو یہ سرانجام دیں گے -

وزیرقانون ۔ جناب والا۔ میں نے عرض کیا ہے کہ جس وقت فیصلہ ہو گا اس وقت آپ کو اس کے متعلق بخوبی معلوم ہو جائے گا ۔

INCREASE IN THE INSTITUTION OF CRIMINAL AND CIVIL CASES IN THE PROVINCE

*484. **Kazi Muhammad Azam Abbasi:** Will the Parliamentary Secretary, Home, be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that the institution of Criminal and Civil cases is on the increase and a large number of cases are pending since long for disposal ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether Government intend to increase the strength of Magistrates, Civil Judges and District Judges?

Parliamentary Secretary (Mian Miraj Din) (*a*) Yes, there is sizable increase in the institution of cases in proportion to the rapid and continuous rise in population. Efforts are being made to reduce the number of pending cases.

(*a*) In order to clear the arrears (in Civil Courts) 20 Civil Judges were recruited on *ad hoc* basis in 1963. Necessary steps are also being taken to increase the number of Magistrates throughout the Province. For the present there is no need to increase the number of District and Sessions Judges.

سید عنایت علی شاہ۔ کیا پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب بیان فرمائیں گے کہ فوجداری مقدمات کی زیادہ وجہ یہ نہیں کہ سزائیں کم مقرر کی جاتی ہیں یا دی کم جاتی ہیں جو مذہب ۔ معاشرہ اور ماحول کے ہم آہنگ نہیں ہیں ۔

Minister of Law : Opinions differ Sir.

قاضی محمد اعظم عباسی ۔ جناب والا۔ جو ۲۰ سول جج رکھے گئے ہیں کیا وہ arrears dispose off نہیں کر سکے ہیں ۔

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی محمد وریال میمن) : یہ سوال ہم سے نہیں پوچھا گیا ہے کہ arrears dispose off کیوں نہیں ہوئے ہیں ۔ ہم سے پوچھا گیا ہے کہ "Large number of cases are pending" اس کے جواب میں کہا ہے "ہاں" اور اس کی وجہ بتائی گئی ہے ۔ جہاں تک زیادہ Judges کی تقرری کا سوال ہے اس کے لئے ہم نے کہا ہے کہ اس وقت علاوہ Magistrates کے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کے بڑھانے کی تجویز زیر غور نہیں ہے ۔

چودھری محمد ادریس ۔جناب والا ۔ Civil Judges کے متعلق یہ عام شکایت ہے کہ وہ اس لئے arrears dispose off نہیں کر سکتے کہ ان کے پاس سٹینو نہیں ہیں ۔ ہائی کورٹ نے گورنمنٹ کو recommend کیا تھا کہ تمام Judges کو سٹینو provide کئے جائیں لیکن گورنمنٹ نے یہ proposal turn down کر دی ہے ۔ کیا اب اس پر غور کیا جائیگا کہ Civil Judges کو سٹینو provide کر دیئے جائیں تا کہ وہ speedy work کر سکیں ۔

وزیر قانون ۔ جہاں تک ہائی کورٹ کو سٹینو دینے کا تعلق ہے انہوں نے ۶ سٹینو کے لئے تقاضا کیا تھا گورنمنٹ نے فیصلہ کر لیا ہے اور ۶ سٹینو ان کو دے دیئے جائیں گے اس لئے معزز ممبر کا یہ کہنا کہ ان کی request turn down کر دی گئی ہے یہ بات صحیح نظر نہیں آتی ۔

ملک محمد اسلم خان ۔ جناب والا ۔ پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے جواب میں فرمایا ہے کہ آبادی زیادہ بڑھنے کی وجہ سے کام بھی بڑھ رہا ہے ۔ کیا یہ بتائیں گے کہ آبادی کے بڑھنے کی وجہ سے کرائمز بھی

بڑھ رہے ہیں ۔ اگر ۱۰ فیصدی آبادی بڑھ رہی ہے تو کیا ۱۰ فیصدی کرائمز بھی بڑھ رہے ہیں یا کم ہیں ۔

وزیر قانون ۔ اگر ۱۰ فیصدی آبادی بڑھی ہے تو یہ ہم نہیں کہہ سکتے کہ ۱۰ فیصدی کرائمز بھی بڑھ گئے ہیں ۔ یہ تو لازم ہے کہ جب آدمی بڑھتے ہیں تو ان کی مشکلات ۔ ان کے معاملات ۔ ان کی غرض و غائت بھی اگر بڑھتی ہیں تو litigation بھی بڑھتی ہے اور اس کی وجہ سے ان کو courts میں جانا پڑتا ہے ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ کیا میں وزیر صاحب سے پوچھ سکتا ہوں کہ آبادی کے بڑھنے سے مقدمات کی زیادتی ہو گئی ہے ۔ یا آپ کی داخلہ پالیسی کی وجہ سے کرائمز پھیل گئے ہیں ؟

وزیر قانون ۔ اس کے متعلق میں عرض کرتا ہوں کہ جہاں تک داخلہ پالیسی کا تعلق ہے وہ بالکل درست ہے لیکن آپ لوگوں نے ایسے حالات پیدا کر دیئے ہیں جس کی وجہ سے کرائمز بڑھ رہے ہیں ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ آپ لوگوں سے آپ کی مراد کیا ہے ؟

وزیر قانون ۔ میری مراد ایسے عوام ہیں جو خواہ مخواہ عوام میں انتشار پیدا کرتے ہیں ۔

خان اجون خان جدون ۔ جناب والا ۔ وزیر صاحب نے فرمایا ہے کہ civil cases کیلئے ۲۰ Civil Judges کو بھرتی کیا جا رہا ہے ۔

"Necessary steps are also being taken to increase the number of Magistrates throughout the Province."

کیا آپ یہ واضح کر سکتے ہیں کہ کتنے مجسٹریٹ آپ بھرتی کر چکے ہیں یا کرنا چاہتے ہیں ۔

وزیر قانون ۔ میں تعداد تو اس وقت نہیں بتا سکتا کہ کتنے بڑھائے گئے ہیں یا کتنے بڑھانے کے متعلق سوچ رہے ہیں لیکن جہاں تک تعداد بڑھانے کی تجویز کا تعلق ہے وہ یقیناً زیر غور ہے ۔

میں پھر دھراتا ہوں ۔ کہ defaulter میں اس کے ضمانتی اور co-sharer بھی ہیں ۔ وہ لوگ بھی ان میں آتے ہیں ۔ جو اس estate میں ہوں ۔ اس کے بعد holding transfer ہوں گی ۔ اور اس کے پانچ دس سال کے بعد وصولی نہیں ہو گی ۔ اس سے بھی آگے چلیئے ۔ جن کی holdings منتقل ہونگی تو اگر کوئی قحط آ جائے ۔ یا خشک سالی ہو جائے ۔ اور وہ بیچارہ بھی نہ دے سکے ۔ تو اس سے وصولی as arrears of land revenue کی جائے گی ۔ اور تیسرا وہ shock ہے ۔ جو میں اس اصول کا عرض کر رہا تھا اور وہ یہ ہے ۔ کہ holding transfer کرنے کے بعد اگر وصولی نہ ہو ۔ تو اسکی holding transfer کر دی جائیگی ۔ اگر عارضی طور پر نہ کیا جائے تو مستقل طور پر کر دیا جائیگا ۔ اس کے بعد crop کا auction ہے ۔ اس کی immovable property کا auction ہے ۔ اور اس کے بعد اور ذرائع ہیں ۔ مگر اسے کوئی exemption دی گئی ہے ۔ تو یہ ہے کہ پنجاب ریونیو ایکٹ کے تحت جیسا کہ آگے دی جا رہی ہیں اسکے تحت اسکو صرف بیج، خوراک، آلات کشاورزی اور مویشیوں کے سلسلے میں ہی exemption دی گئی ہے ۔ کہ جس سے وہ آگے چل کر اپنی اراضی کاشت کر سکیں ۔

جناب سپیکر ۔ مجھے اس disparity کے متعلق مجبوراً اس ہاؤس کے سامنے کہنا پڑتا ہے ۔ کہ صنعت کار اس ملک پر قابض ہیں ۔ آپ کے بڑے بڑے حاکم اور آپ کے بڑے بڑے لوگ ایسے ہیں (جن کا نام میں نہیں لینا چاہتا) جن کے خاندان کے بڑے افراد کے پاس mines ہیں کسی کے پاس کارخانے ہیں ۔ کسی کے پاس ٹیکسٹائیل ملز ہیں ۔ اگر حکومت نے پریس ٹرسٹ پر قبضہ کرنا ہوتا ہے ۔ تو بھی پریس ٹرسٹ کے لئے صنعت کار ہی آگے آتا ہے اگر میرے جیسے کسی بد بخت سیاستدان نے کوئی ناجائز فائدہ اٹھانا ہوتا ہے ۔ تو بھی بے نامی میں میں کسی صنعت

کار کے ساتھ کاروبار کرتا ہوں ۔ میں اپنی مثال اس لئے دیتا ہوں ۔ کہ میں ایک وکیل ہوں ۔ اور مجھے ایسے دھندوں سے کوئی غرض نہیں ہے ۔ میں کیوں کسی کا نام لیکر کسی جرم کا مرتکب بنوں ۔ تو جناب والا ۔ اس ملک پر صنعت کار چھا چکا ہے ۔ ۱۹۴۹ء سے لے کر ۱۹۶۵ء تک سرمایہ آٹھ سو ملین بڑھ چکا ہے ۔ میں تقابل کر رہا ہوں کہ صنعت کار کو تو یہ مراعات دی گئی ہیں ۔ اس کو tax-holding دی گئی ہے ۔ مشینری درآمد کرنے کے لئے لائیسنس دیا گیا ہے اور اگر وہ انڈسٹری کا آغاز کرے ۔ تو اسے tax free کیا گیا ہے ۔ اور اگر اس کی آمدنی چھ ہزار روپے سے زیادہ ہو تو پھر اسے taxable بنایا گیا ہے ۔ لیکن اس بیچارے کاشتکار کو ۔۔اس مظلوم کاشتکار کے ساتھ کیا کیا گیا ہے ۔ صنعت کار کا کاروبار اگر fail ہو جائے ۔ تو اس کے لئے Civil Procedure Code میں ایسی دفعات ہیں ۔۔یہ ٹھیک ہے ۔ کہ کاشتکار کو بھی شہریوں جیسی مراعات حاصل ہیں ۔ لیکن جب آپ مالیہ کا تقابل کریں ۔ تو ذرا سی گنجائش پر اس کی گردن پر چھری نہ پھری جائے گی ۔ اسے ذبح کر کے اسی دن اسے گداگر نہیں بنایا جائے گا ۔ اس سے سب کچھ چھین کر وہیں پہنچا دیا جائے گا ۔ جہاں سے شروع ہوا تھا ۔ کہ لو ۔ آج سے پھر الف سے شروع ہو جاؤ ۔ یہ تمہارے implements ہیں ۔ یہ تمہاری خوراک ہے اور تم پھر سے اس کام کو شروع کرو ۔ لیکن آپ نے ایسی رقومات کے سلسلے میں صنعت کار اور کاشتکار کو Civil Procedure Code کے تحت یہ exemptions دی ہیں ۔ ان رقومات کے لئے جو حکومت کے واجبات نہیں ہیں ۔

بلکہ عوام کے آپس کا لین دین ہے ۔ آپ کو ان رعایات کا مقابلہ کرنا ہوگا ۔ کہ کاشتکاروں کے ساتھ ۔ نوے فیصد آبادی کے ساتھ کیا ظلم و ستم روا رکھا گیا ہے اور ہم سب سے بڑے مجرم ہونگے ۔ اگر اس قانون سے ان تمام خرابیوں کو دور نہ کیا جائے ۔

جناب سپیکر ۔ میں اپنے دوستوں کی توجہ دلانا چاہتا ہوں ۔ کہ ۱۸۵۹ء میں جب پہلی بار Civil Procedure Code کو کسی بھی شکل میں یا کسی بھی نام کے تحت نافذ کیا گیا تھا ۔ تو اس وقت بھی provision ایسی تھی ۔ جو سیکشن ۲۰۵ تھا ۔ اس میں تمام لوگوں کو کچھ نہ کچھ exemption دی گئی تھی اور اگر ۱۸۵۹ء کی ان exemptions کا اب آپ کے Land Revenue Act سے تقابل کیا جائے ۔ تو آپکے اس قانون کے تحت جو بقایا جات ہیں ۔ وہ اس میں بھی نہیں ہیں اور اس کا جو corresponding سیکشن ۲۶۶ ہے ۔ اس میں رعایات کو قدرے بڑھا کر دیا گیا ہے ۔ جو کہ کاشتکاروں کو بھی حاصل ہیں اور شہریوں کو بھی حاصل ہیں ۔ لیکن وہ رعایات جو اس وقت بھی حاصل تھیں ۔ وہ اب ہم مالیہ کی default میں نہیں دے رہے ہیں ۔ اس کے بعد ۱۸۸۲ء میں نیا Civil Procedure Code آیا ۔ یا اس میں ترمیم کی گئی ۔ اس میں پھر مزید رعایات دی گئیں ۔ اس کے بعد ۱۹۰۸ء میں Civil Procedure Code آیا ۔ اس میں بھی رعایات کو بڑھا دیا گیا ۔

اب صنعت کار ۔ یعنی میرے جیسا شہری اگر مقروض ہو اور اس کے خلاف ڈگری ہو ۔ جو اس نے ادا کرنی ہے ۔ لیکن وہ ڈگری گورنمنٹ کے

کسی بقایا کی نہیں ہے ۔ تو اس کے خلاف سیکشن ۱۷ (اے ۔ بی اور سی) کے تحت اس کا لباس ، اس کے برتن ، اس کا بستر اور اس کے اور اس کی بیوی کے ذاتی زیور (جو آپ مالیہ کے بقایا جات کی صورت میں متثنیٰ نہیں کر رہے ہیں) ۔ اور ایسی چیزیں جو مذہبی رسوم کے مطابق یا کسی اور عادت کے لئے ہوں ۔ ان کو آپ قرق نہیں کر سکتے ہیں ۔ لیکن اگر ڈگری کاشتکار کے خلاف ہو ۔ اور وہ گورنمنٹ کے واجبات کے لئے نہ ہو ۔ بلکہ نجی لین دین کی بناء پر ہو ۔ تو اس کاشتکار کے آلات کشاورزی ، مویشی ، اناج اور اسی قسم کی دوسری چیزیں کہ جن کی وجہ سے ان کا ذریعہ معاش ختم ہوتا ہو ۔ وہ exempt ہیں ۔ آپ نے بھی exemption دی ہے ۔ لیکن مقابلتاً بہت کم ۔ اور کوئی بڑی exemption نہیں دی یہ تو شہری بھی enjoy کرتے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ اس کے بعد میں یہ عرض کروں گا کہ اگر کسی کے پاس کوئی مکان ۔ کوئی بلڈنگ یا کوئی Ancestral Building ہو تو چاہے اس نے ۱۰ لاکھ روپیہ دینا ہو کسی کا ذاتی مکان قرق نہیں ہو سکتا ۔ لیکن کسی کاشتکار کے لئے اگر اس نے Land Revenue دینا ہو تو آپ اس کے گھر کی سوئی تک attach کر سکتے ہیں ۔ یہ درست ہے کہ پنجاب لینڈ ریونیو ایکٹ ۱۸۸۷ء کی دفعہ (۲) ۷۰ میں جو گنجائشیں تھیں ان میں سے تھوڑی سی گنجائشیں آپ نے adopt کی ہیں اور کچھ difference رکھا ہے کہ آپ مالیہ کی معافی دے سکتے ہیں ۔ وہ بھی "اونٹ کے منہ میں زیرہ" والی بات ہے ۔ یوں تو قحط سالی اور اس طرح کی دوسری تکالیف کے سلسلہ میں آپ remission دیتے ہیں لیکن یہ جو "لال فیتہ" اور آپ کے

دفتر کی کارروائیوں کا طریقہ ہے اس کے تحت تو ''تا تریاق از عراق آوردہ شود ــ مار گزیدہ مردہ شود،، والی بات ہو جائے گی ۔

جناب سپیکر ۔ میں یہ گذارش کروں گا کہ وہ رعائتیں جو ہمیں حاصل ہیں ہمارے کاشتکار اور زمیندار بھائیوں کو حاصل نہیں ۔ سی پی سی کے سیکشن ٦١ کے بارے میں حکومت کو جو powers ہیں ان میں پنجاب گورنمنٹ نے کافی رعائتیں دی ہوئی تھیں ۔ مثلاً اگر کسی کے خلاف ڈگری ہے تو ٢٠ من یا ١/٣ حصہ جو بھی زیادہ ہو قرق نہیں ہو سکتا تھا ۔ اس کے بعد ان کے قرضہ جات کے لئے ان کے چارہ کے فصل ۔ فصل ۔ چنا ۔ جو ۔ چری ۔ مکی ۔ جوار آپ قرق نہیں کر سکتے ہیں ۔ مالیہ کی صورت میں تو آپ اسے صرف زندہ رکھنا چاہتے ہیں ۔ بھائی یہ کوئی نئی بات نہیں کر رہے ۔ آپ پہلے بھی جانتے ہیں کہ غلاموں کو خوراک ملتی تھی تاکہ وہ زندہ رہیں ۔ ورنہ مالک کے assets ختم ہو جائیں ۔ ان حالات میں کیا ہم پرانے slavery کے دور سے تو نہیں گذر رہے ۔ آپ نے سوشل ویلفیئر کے کاموں کے لئے کروڑوں روپے کے اخراجات رکھے ہوئے ہیں اور کتنے محکمے کھولے ہوئے ہیں کیا اس قسم کی social remedies ان کے لئے نہیں ہو سکتیں اس لئے میں گذارش کروں گا کہ جس طرح مغرب کے قوانین ہیں وہاں holdings قرق نہیں ہو سکتی ہیں ۔ نہ ٹرانسفر ہو سکتی ہیں اور نہ نیلام ہو سکتی ہیں ۔ خواہ وہ movable ہوں یا کوئی immovable properties ہوں ۔ لیکن یہاں آپ نے کیا کیا ہے ۔ آپ نے ان کو غلاموں کی طرح سمجھا ہے ۔ انہیں صرف زندہ رکھنا چاہتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ باقی ان کی ہر چیز چھین لی جائے ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ جناب کورم نہیں ۔

Mr. Speaker : The House is not in quorum. Let the bells be rung. (*bells were rung*). The House is now in quorum. Yes, please.

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ ممبر صاحبان ناراض ہوتے ہیں کہ کورم کو برقرار نہ رہنے کی صورت میں ہم کیوں عرض کرتے ہیں ۔ میں ان کو بتا دینا چاہتا ہوں کہ اس دفعہ بیگم صاحبہ نے توجہ دلائی تھی اس لئے میں نے عرض کر دیا ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ ابھی میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ان کی holding کو ٹرانسفر کیا جا سکتا ہے ۔ آپ attach کر سکتے ہیں ۔ auction کر سکتے ہیں ۔ اب میں بتانا چاہتا ہوں کہ ہماری حکومت نے جہاں کسی نے قرضہ دینا ہو اس کو کس حد تک مامون و محفوظ کیا ہے لیکن arrears of Land Revenue کے سلسلہ میں کاشتکاروں اور چھوٹے زمینداروں کو گردن زدنی گردانا ہے ۔ میری مراد اس وقت Punj b Alien- ation of Land Act 1900 سے ہے کہ کوئی بھی جو زرعی زمین ہوگی اس کو نہ attach کیا جا سکتا ہے اور نہ ہی وہ کسی طرح لی جا سکتی ہے ۔ اگر کوئی کارروائی ہو سکتی ہو تو وہ پوری justification دینے کے بعد ڈی سی کی اجازت سے ہو سکتی ہے ۔ اس کے بعد اگر کسی نے قرضہ دینا ہو اور Punjab Alienation of Land Act کے تحت اس کی زمین attach ہو جائے تو گورنمنٹ اسے واپس دلا سکتی ہے ۔ انہی دفعات کے تحت ایک ساہوکار اگر Agricultural Land لے لیتا ہے تو وہ اس بات کا entitled نہیں کہ اسے transfer کرا لے ۔ ڈی سی اس کے خلاف proceed کرنے کا اور اس transfer

کو null and void قرار دے دے گا ۔ اور جو روپیہ اس نے دینا ہو گا اس کے لئے maximum ۲۰ سال کے لئے اراضی mortgage کر کے واپس دلا سکتا ہے ۔ لیکن آج اس بل میں اسے تمام سہولتوں سے آپ محروم کر رہے ہیں ۔ اب اس کی زمین کو کھلے بندوں نیلام کر سکتے ہیں اور یہ زمین کسی اور کو دے سکتے ہیں ۔ یعنی یہ زمین اس سے چھین کر مستقل طور پر کسی اور کو دے سکتے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ اب ۱۹۲۹ کا وہ سنہری زمانہ یاد آ رہا ہے ۔ اگر کوئی حکومت اچھا کام کرتی ہے تو اسے یاد کرنا چاہئے اس وقت جب یونینسٹ حکومت کو محسوس ہوا کہ تمام کے تمام زمیندار قرضوں کی عمیق گہرائیوں میں گرے ہیں اور نکل نہیں سکتے تو Punjab Alienation and Land Act 1900 اور Punjab Debtor's Protection Act 1929 میں ترمیم کی گئی اور Debtor's Protection Act میں ایسا کر دیا ہے کہ جس شخص کے پاس ۵۰۰۰ روپیہ کے assets تھے اور CPC کے تحت ڈگری کی جو معیاد ۱۲ سال کی تھی اسے چھ سال کر دیا ۔ اب ہماری حکومت نے جو چند دنوں کے بعد ایک بل لا رہی ہے اس میں انہوں نے Punjab Alienation of Land Act اور Punjab Debtor's Protection Act کو repeal کر دیا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ بہتر ہے آپ یہ مسائل اس وقت زیر بحث لائیں جب آرڈیننس پیش ہو ۔ ابھی وہ آرڈیننس زیر بحث نہیں ۔

The member may please be brief and conclude speech.

ملک محمد اختر - میں جلدی عرض کرنے کی کوشش کروں گا - اگرچہ

I am just in the midst of the bill.

آپ کے ارشاد گرامی کے مطابق میں اب Chapter 9 پر چلا جاتا ہوں - Chapter 9 یہ ہے - وہ تو کاشتکار تھا جس نے لینڈ ریونیو نہیں دیا اس کے متعلق ایسی دفعات تھیں اب ان دفعات کو اور لوگوں پر بھی بعینہ نافذ کر دیا گیا ہے اور لینڈ ریونیو کے علاوہ - - - -

رانا پھول محمد خان- پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - اس میں کہیں یہ نہیں ہے کہ کاشتکار کبھی لینڈ ریونیو ادا نہیں کرتا - کاشتکار کے لینڈ ریونیو ادا کرنے کا جہاں تک سوال ہے وہ اس ایکٹ میں نہیں ہے وہ زمیندار ادا کرتا ہے -

مسٹر سپیکر- اس سے ان کی مراد یہی ہے -

ملک محمد اختر- جناب سپیکر - Chapter 9 میں جس کا heading یہ ہے Chapter XI deals with recovery of other demands تو recovery of other demands جس کا heading ہے - اس میں مالیہ اور مالیہ کے علاوہ water rate اور water rate کے علاوہ ایسے قرضہ جات اور ریونیو سٹاف کی فیس اور دیگر ایسی باتوں کا ذکر ہے جو اس سے connected ہیں -

جناب سپیکر - یہ ایسی چیزیں ہیں اور پھر وہ بھی جیسا کہ میں کہہ رہا تھا کہ کوئی auction میں purchase کرے اور default کر

جائے ۔ اور پھر surety کو تمام defaulters میں لا کر Chapter 9 کو کافی وسیع کر دیا گیا ہے ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس طرح سے کوئی بھی شخص نہ تو کسی کی ضمانت دے گا نہ کسی طرح کی جرأت کرے گا کہ کسی کاشتکار کو distress کے وقت کسی قسم کی سہولتیں دے اس میں مجھے ذرا سا دھرانا ہوگا ۔ "fees, cost, charges" یہ سب اس میں شامل ہیں ۔ بلکہ حکومت کو pastures and other natural products of land پر بھی واجبات دئے جانے ہیں ۔ ان کو بھی اس زمرے میں لے آیا گیا ہے اس طرح کوئی بھی ایسی فیس یا کوئی ایسی رقم جو مالیہ کے متعلق اور مالیہ کے پروسیجر کے متعلق ہے اس کو بھی arrears آف لینڈ ریونیو میں لے جایا گیا ہے ۔ پھر اس بل کی پہلی کلاز میں جو زیادتی کی بات ہے وہ یہ ہے کہ اگر وہ شخص نمبردار یا کوئی اور personal vengeance کی بنا پر لکھ دے کہ فلاں آدمی کو جو رقم ادا کی گئی تھی وہ میں نے ادا کی ہے تو بغیر انکوائری کے defaulter گردانتے ہوئے دفعہ ۷ اس پر لگ جائے گی اور چونکہ پٹواری اور نمبردار کا گٹھ جوڑ ہوتا ہے تو اگر اسے اپنی جان چھڑانی ہے تو وہ سول کورٹ میں جا کر اپنی جان چھڑائے گا ۔ میں یہ پروسیجر کا نقص بتا رہا ہوں ۔ جناب والا ۔ مجھے ان دونوں Chapters پر انتہائی اعتراض ہے اور اس پر میری amendment بھی ہے تفصیل سے میں اس پر پھر بحث کروں گا ۔

آگے Chapter 10 ہے جو Surveys of boundaries کے متعلق ہے میں اختصار کے لئے اب اس Chapter پر تبصرہ نہیں کروں گا اور ویسے بھی یہ پروسیجر کا اصول ہے ۔ لیکن Chapter II ۔ ۔ ۔ ۔

Dr. Mrs. Ashraf Abbasi : Mr. Speaker, Sir, I don't want to challenge the right of speech of the member, who was himself a member of the Select Committee. This is, of course, your right, but then isn't it fair that he should defer the detailed clause by clause discussion till the bill is taken into consideration clause by clause ? He has reached clause 9 only and he has to discuss 197 clauses.

Mr. Speaker : He is making the speech chapter-wise. He is discussing the principles, which have been enumerated in each and every chapter.

Dr. Mrs. Ashraf Abbasi : This can be done Sir when we consider the bill clause by clause.

Mr. Speaker : He is not discussing the clauses at the time. He has every right to discuss the principles underlying the bill.

Dr. Mrs. Ashraf Abbasi : Could't this be deferred when the clauses are taken up, in order to be brief ?

Mr. Speaker : Malik Sahib, in view of the request of Dr. Ashraf Abbasi, try to be brief.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, yesterday I finished 80 clauses and today I have finished 40 clauses already.

بہرحال ان کا حکم میرے لئے بالکل حکم کی حیثیت رکھتا ہے ۔ جناب سپیکر ۔ یہ Chapter II partition سے deal کرتا ہے اور اس میں انتہائی ظالمانہ قسم کی دفعات ہیں ۔ آپ اندازہ فرمائیں میں سمجھتا ہوں کہ بورڈ آف ریونیو کے ممبران سے لے کر (جو اونچی سطح ہے میں اس

کی بات کر رہا ہوں) ۔ ریونیو منسٹر اور ملک صاحب یہ سب اتفاق کرتے ہیں کہ ریونیو سٹاف جو ہے یا subordinate سٹاف سے میرا مطلب ہے وہ unmanageable اور corrupt ہے ۔ آپ اندازہ فرمائیے کہ ان کے اندراجات کے باعث کوئی شخص اگر partition کے لئے درخواست کرتا ہے اور دو parties آتی ہیں ۔ وہ parties اگر اپنا فیصلہ کر کے آتی ہیں تو اس کو درست کر لیا جائے گا میں اس پر اعتراض نہیں کرتا لیکن جہاں دو parties کا جھگڑا ہوگا پھر یہ کیا جائے گا کہ ریونیو آفیسر کے پاس تین راستے ہیں ایک یہ کہ He shall assume himself to be a civil court. قربان جائیے ان کی دین پر کہ سول پروسیجر کوڈ کے تحت وہ اپنی کارروائی شروع کریں یا یہ کہ اگر ہمارے ذہن اور دل و دماغ سے یہ چیز بالا ہے He may refer the case to a civil court. یا وہ یہ سمجھیں کہ ہم کیوں refer کریں اور کیوں زحمت میں پڑیں تو He may direct a party to go to a civil court. بتائیے جناب کہ یہ partition کا طریقہ ہے اور یہ title قائم کرنا کیا ریونیو افسر کا کام نہیں ۔ چلیے آپ نے ایک ڈھانچہ کی مشینری اور ایک ایسا انجن تیار کر دیا جس میں آپ چاہتے ہیں کہ سول کورٹ اگر داخل ہو جائے گا تو delay ہو جائے گی میں ایک حد تک اسے تصور بھی کر لوں کہ آپ درست کہتے ہیں لیکن یہ بتائیے کہ یہ partition یعنی سارے ۱۹۷ دفعات کے بل میں ایک کلاز ۱۵۷ ہے جس کلاز میں یہ گنجائش رکھی گئی ہے کہ سول کورٹ کس طرز اور طریقہ سے ان کو دور کر سکتے ہیں لیکن کسی طرح سے وہ ان کی automatic jurisdiction نہیں ان کی jurisdiction یہ نہیں کہ

jurisdiction غلط ہو کہ interpretation میری party چلی جائے ممکن ہے
ایسی ہے کہ ریونیو آفیسر اگر فیصلہ کرے کہ صاحب بہادر فارغ نہیں
وہ سول کورٹ proceedings نہیں کرنا چاہتے تو وہ refer کر دیں کہ
میں اس بیکار دھندے میں کیوں پڑوں میں refer نہیں کرتا ۔ party کو
d rect refer کر دیں ۔ جناب والا ۔ آپ اندازہ فرمائیں ۔ کہ آپ کی تمام انڈسٹری
آپ کے تمام میونسپل لینڈ جو ہیں ان کو جمع کر دیا جائے اور ایگریکلچرل
لینڈ کی value کو assess کر دیا جائے تو وہ کئی ہزار گنا زیادہ ہو گی ۔

Mr. Speaker: Has the member mean to say that he should himself decide the intricate cases.

Malik Muhammad Akhtar: He should refer to the Civil Procedure Code. This should be the discretion of the party Sir. Rather the matter must be adjudicated by the civil court ; that is my submission.

Mr. Speaker: The Revenue Officer should have absolutely no power to partition the land ?

Malik Muhammad Akhtar: Certainly ; if there is a compromise and they make an application, he can record their mutual understanding and compromise.

Mr. Speaker: The member wants that every party should go to the civil court for seeking the partition of the land.

Malik Muhammad Akhtar: We are going to the courts for that. بہر حال میرا جناب نظریہ یہ ہے ممکن ہے کہ اس
سے بھی بہت سے اصحاب اتفاق نہ فرماتے ہوں ۔ جناب سپیکر ۔
یہ میں ۱۵۰ دفعہ کے متعلق عرض کر رہا تھا ۔ جان

البتہ یہ کر دیا گیا ہے اور یہ اچھی بات کر دی گئی ہے ۔ یہ بھی چاہئیے کہ جو وہ اچھی بات کریں یا اچھی بات کی ہو میں اس کو ضرور دھراؤں ۔ اگر وہ بطور سول کورٹ کسی چیز پر adjudicate کرے گا تو وہ قابل اپیل ہے اور قدرتی طور پر ہونا بھی ایسے چاہئیے تھا اور ایسے ہی کر دیا گیا ہے ۔ جناب سپیکر ۔ اب جب ہم اپنے قوانین کو customs سے اونچا لے گئے ہیں ۔ ہم نے definite laws بنا دیئے ہیں اور اسلامی طریقہ ہم نے ایک حد تک رائج کرنے کی کوشش کی ہے اور ہمارے آئین میں یہ پروویژن ہے کہ ہم اپنے قوانین اسلامی طرز کے بنائیں گے ۔ میں اس کی کلاز ۱۵۸ پڑھوں گا established customs کے مطابق ان مقدمات کا فیصلہ کیا جائے گا جہاں پر کہ کسٹم کا نفاذ ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ جائز نہیں ۔ جناب سپیکر ۔ اب باب ۱۲ ہے جس میں کہ arbitration کا ذکر ہے اس کے متعلق میں کافی عرض کر چکا ہوں اور میں اس کو دھرانا نہیں چاہتا ۔ میری نظر میں اس سے زیادہ اہم باب ہے تیرہ ۔ ۱۳ باب Appeals Reviews and Revisions کے بارے میں ہے ۔ ان کے متعلق مجھے ذرا سا گہرا جا کے عرض کرنا ہو گا کہ ریونیو سٹاف کی پاورز کا یہ طریقہ ختم کر دیا گیا ہے کہ پٹواری دیہاتوں میں تمام functions کو سر انجام دیں گے ۔ آپ کے نائب تحصیلدار اور مال افسر کے کام ۔ مالیہ کی وصولی یہ تمام ان افسروں کے ہاتھوں سرانجام دیا جائے گا اور اس کے بعد آپ کا بورڈ آف ریونیو رولز frame کرے گا اور پارٹیشن کی اپیلیں کلکٹرز ۔ کمشنران اور بورڈ آف ریونیو سنیں گے اور وہ تمام نکات کا فیصلہ کریں گے

جن میں وہ بھی نکتہ شامل ہے جس پر میں نے بار بار اعتراض اٹھایا ہے کہ ریونیو افسر چاہے وہ کسی بھی گریڈ کا ہو وہ Record of Rights بناتے وقت ان کو وہاں سے نکال سکے گا ۔ اب دیکھئے ریکارڈ آف رائٹس کا بنانا ۔ پارٹیشن کے فیصلے ۔ ٹائٹل کے فیصلے اور اس کے بعد ان کی اپیلیں یہ تمام کی تمام ایک مشینری کے سپرد ہیں اور وہ جو مشینری ہے اس کا grand-father بورڈ آف ریونیو ہے اور اس کی شاخیں نیچے آتی جا رہی ہیں اور اب بتائیے کہ سول عدالتوں کو تو debar کر دیا اور جب میں سول کورٹس پر آؤں گا تو پھر بات کروں گا ۔ مجھے اجازت دیں تو میں ایک بات کہوں کہ جب کمشنر دیہاتوں میں جاتے ہیں تو پٹواری ان کے لئے مرغیاں لاتے ہیں ۔ یہ آپ کے پٹواری ہیں وہاں ان کے آنے پر تحصیلدار کیمپ لگواتے ہیں اور لوگ بھی کام کرتے ہیں ۔

رانا پھول محمد خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ کیا معزز ممبر اس کمشنر کا نام بتائیں گے جنہوں نے مرغیاں لی ہوں ۔

Mr. Speaker : He should not name him.

ملک محمد اختر ۔ میں جنرل بات کر رہا ہوں ویسے بڑے بڑے دیانتدار کمشنر بھی ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ ملک صاحب آپ ان سے گفتگو نہ کریں ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب ۔ میں معافی مانگتا ہوں ۔ وہ جناب

کبھی پھول ہیں کبھی کانٹا بن جاتے ہیں لیکن ہمیں وہ بھی قبول ہے ۔ مجھے یہاں ایک اور مثال دینی ہوگی ۔

سردار حاجی عطا محمد لنڈ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ یہ میرے دوست ملک محمد اختر صاحب ہمارے معزز رکن پھول محمد ایم پی اے کو fool کہتے ہیں ۔ یہ fool کا لفظ میری سمجھ میں نہیں آیا کہ اس کے معنی کیا ہیں ۔ میرا خیال ہے کہ انہیں صحیح لفظ استعمال کرنا چاہیئے ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ میرا تلفظ ہی ایسا ہے کہ پھول کا fool بن جاتا ہے ۔ تو جناب سپیکر۔ اب بتائیے کروڑوں افراد کا کم وبیش ۹۰ فیصد آبادی کا مسئلہ ہے اور محض اس لئے کہ کہیں گورنمنٹ کا leakage of revenue نہ ہو جائے یا کوئی recovery نہ رہ جائے یعنی دیکھئے کہ خود آپ نے کروڑوں روپیہ کی جائیداد کو ان کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا ہے ۔ مروت فرمائی جا رہی ہے کہ زمینداروں اور کاشتکاروں کو کورٹ فیس سے بچا رہے ہیں ۔ میرے خیال میں آپ نے ایک نہایت شاندار مگر harsh مشینری set up کر دی ہے کہ جو ان کی زندگی اور موت کا فیصلہ کر دے اور پھر آپ یہ بھی مانتے ہیں کہ وہ جو مشینری کی بنیاد ہے وہ ماتحت عملہ ہے اور وہی اس چیز کا crux ہے کیونکہ ماتحت سٹاف نے ہی یہ سارے documents بنانے ہیں تو بتائیے اس میں کیا جواز ہے ۔ میں یہ سمجھتا ہوں اور میری یہ تجویز ہے کہ آپ سٹاف کو بڑھائیے اور ایسا کیجئے کہ ریونیو افسر کم از کم ہوں اور کم

از کم کلکٹروں کو آپ لگائیں کہ جو موقع پر جا کر انتقالات کی تصدیق کریں ۔ میں دراصل اس پرانے اصول سے جس کو اب تک جاری اور زندہ رکھا گیا ہے مکمل طور پر اختلاف رائے کا اظہار کرتا ہوں اور یہ گذارش کرتا ہوں کہ یہ طریقہ کار جو آپ نے ایگزیکٹو کے طور پر استعمال کرنا ہے تو کرتے رہیئے لیکن judiciary کے طور پر یہ تمام اپیلیں Reviews and Revisions ان کا بھی معاملہ ہے اور یہ بھی چیز ہے کہ ریونیو افسر کی اپیل کلکٹر کے پاس اور کلکٹر کی کمشنر کے پاس کی اور کمشنر کی بورڈ آف ریونیو کے پاس اور اس کے بعد فل سٹاپ ہے ۔ میرا خیال ہے کہ اول تو آپ کو انہیں جوڈیشل پاورز نہیں دینی چاہیئں اور آپ اگر انہیں جوڈیشل اختیارات دیتے ہیں تو بتائیے کہ اس کی کیا justification ہے ۔ اور پھر میں یہ کہتا ہوں کہ ہائی کورٹ کو آپ نے debar کر دیا ۔ ابھی محترم وزیر قانون یہ فرمائیں گے کہ ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ کی جو پاورز ہیں وہ inherent ہیں ۔ یہ درست ہے یا غلط ہے ۔ میرا خیال ہے کہ بورڈ آف ریونیو کے پاس جو اپیلیں ہیں فیصلہ جات ہیں آپ ان کو کیوں appealable نہیں بناتے ۔ چلئے اگر انہیں appealable بنانا مطلوب نہیں تو اتنا تو کر دیجیئے کہ بورڈ آف ریونیو کے حاکم مجاز جیسا کہ انکم ٹیکس ٹریبونل میں ہوتا ہے اگر کوئی complicated point of law ہو تو اس کو وہ ہائی کورٹ میں refer کر سکتے ہیں ۔

مسٹر سپیکر۔ لیکن ملک صاحب بورڈ آف ریونیو کے فیصلے تو درجہ سوئم کامیجسٹریٹ بھی کر سکتا ہے ۔

Malik Mahammad Akhtar : Not as an appellate court.

Mr. Speaker : Of course, not as an appilete court.

ملک محمد اختر۔ تو پھر Appellate Court کی finality کس جگہ ہوگی ۔ آپ نے اچھا نکتہ اٹھایا ۔ آپ یہ دیکھئے کہ پہلے ریونیو افسر کی اپیل کے خلاف کلکٹر ، کمشنر ، بورڈ آف ریونیو ۔ ڈسٹرکٹ جج اور پھر ھائی کورٹ تک جانے کا جو طویل طریقہ ھے آپ اس کو curtail نہیں کر رہے ھیں ۔

مسٹر سپیکر۔ میں آپ کو یہ بتا دوں کہ یہ بورڈ کے فیصلوں کی کوئی finality نہیں ۔

ملک محمد اختر۔ I stand corrected جناب سپیکر ۔ کیا ھی اچھا ھو کہ ان مقدمات کو سول کورٹس میں بھیجنے کی بجائے appealable کر دیں ۔ یہ ایک طریقہ میں عرض کر رہا ھوں ۔ آپ جوڈیشیل افسروں کو بیچ میں لائیں ۔ جناب سپیکر۔ آپ بتائیں کہ وہ نظام جس کی اساس و بنیاد ھی کمزور ھے ۔ وہ بلڈنگ جس کی بنیادوں کو گھن لگ چکا ھے ۔ وہ کرپشن جو پٹواری کے ذھن سے نکالنے کے لئے انگریز کی حکومت بھی بے بس تھی ۔ آپ یہ بتائیں کہ ایسے نظام میں اگر آپ رائٹ آف ریکارڈ ایسے لوگوں کو دے دیں گے تو لوگوں کا کیا حال ھو گا ۔ اگر آپ جج بھی

بٹھا دیں گے تو اسے بھی documents کے مطابق چلنا پڑے گا اگر اسے معلوم ہو کہ کوئی شخص بے گناہ ہے لیکن اگر ریکارڈ اس شخص کے خلاف جاتا ہو تو جج بے بس ہے - یہ ان کاغذات کی اہمیت ہے -

مسٹر سپیکر- دلائل کا اعادہ نہ کریں -

ملک محمد اختر- یہ اپیل، review اور revision کے جو اختیارات ہیں - وہ کسی حالت میں ریونیو افسروں کے پاس نہیں ہونے چاہئیں - ریونیو افسروں میں آپ کا ریونیو بورڈ بھی آ جاتا ہے - آپ کا اسسٹنٹ کلکٹر، کمشنر سارے ایک ہی جگہ define کر دئے گئے ہیں - جناب سپیکر - مجھے گذارش کرنا ہے کہ یہ اختیارات نہیں ہونے چاہئیں بہرحال اگلے باب "ریونیو ڈیپارٹمنٹس" کے متعلق میں بحث نہیں کرتا - اب میں دفعہ ۱۸۲ پر آتا ہوں - اس کا عنوان ہے

'Exclusion of the Jurisdiction of Civil Courts.'

دفعہ ۱۸۲ میں ایک لمبی فہرست ہے - - - -

رانا پھول محمد خان- پوائنٹ آف آرڈر - جناب سپیکر - جناب نے آج سب ممبر صاحبان کو حکم دیا تھا کہ وہ کورم پورا رکھیں - ممبران کا بھی قصور نہیں - جب تک جناب ملک صاحب کی تقریر جاری ہے - ممبروں کے لئے ایوان میں بیٹھنا مشکل ہے -

مسٹر سپیکر۔ میں یہ دیکھوں گا کہ ملک صاحب کی تقریر کے بعد وہ کورم رکھتے ہیں یا نہیں حاجی صاحب آپ نے پوائنٹ آف آرڈر اٹھایا تھا ؟

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ پھول خان صاحب نے جو کہا ہے میں اس کی ترجمانی کرتا ہوں ۔ ایوان میں کورم نہیں ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ گنتی کی جائے ۔ (گنتی کی گئی) ایوان میں کورم موجود ہے ۔ آپ کا پوائنٹ آف آرڈر مسترد کیا جاتا ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ سول کورٹس کو exclusive jurisdiction دیا گیا ہے ۔ یہ بے اندازہ آئٹم ہیں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ exclusive jurisdiction نہیں ہے ۔ چند معاملات میں سول کورٹس کو exclude کیا گیا ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ اس کے بعد ریونیو کورٹس کو ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ صرف چند ایک معاملات ہیں جن میں انہیں exclude کیا گیا ہے ۔

چودھری محمد سرور ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ معزز رکن جب توتلی زبان میں تقریر کرتے ہیں تو بیگم صاحبہ کو ناگوار گزرتا ہے ۔ ان کی تقریر ان کی صحت پر اثر انداز ہو رہی ہے ۔ (قہقہہ) ۔

بیگم زاهدہ خلیق‌الزمان ۔ آپ کی وساطت سے میں ان کی توجہ صرف اس شعر کی طرف منعطف کراتی ہوں ۔

اے کمال سخن کے شیدائی ماورائے سخن بھی ہے اک بات

(تالیاں)

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ جو ان کی jurisdiction کو exclude کر دیا گیا ہے جیسا کہ جناب نے فرمایا ہے ۔ تو اس میں یہ تمام چیزیں شامل ہیں جس میں زمین کی حد بندی بھی ہے ۔ آگے میں چند باتیں چھوڑتا ہوں ۔ پھر یہ نوٹیفیکیشن کرنا ہے جس سے یہ direct کرنا مقصود ہو کہ فلاں جگہ Record of Rights پر نظر ثانی ہوگی ظاہر ہے کہ Revision of record of rights بڑی اہم بات ہے جس سے اس طرح سول کورٹس کو exclude کیا گیا یہ مناسب بات نہیں ۔ اسی طرح فریمنگ آف ریکارڈ آف رائٹس ہے ۔ اس کے بعد یہ Undertaking of the general assessment of the District or Tehsil ہے ۔ اس کے بعد کسی شخص کا یہ دعویٰ ۔ کہ وہ liable to assessment ہے یا نہیں ہے اس آئیٹم کو بھی شامل کیا گیا ہے پھر جناب سپیکر ۔ مالکان اراضی کے الاؤنس کا دعویٰ ہے آئٹم ۱۲ میں ہے کہ اس کا فیصلہ ریونیو بورڈ کے افسران مجاز کریں گے ۔ پھر کوئی ایسا کلیم ہو کسی لینڈ کو ریونیو سے فری کرنے کا تو جناب والا ۱۶ نمبر کا آئٹم ہے یہ چند ضروری ضروری آئٹم ہیں ۔ اسے میں پڑھ ہی دیتا ہوں ۔ اس کے متعلق میری ترمیم شاید نہیں ہے

"Any claim to set aside on any ground of fraud other than for the recovery of an arrears of land revenue or any sum recoverable as an arrear of land revenue."

یہ fraud کے متعلق جو items ہیں اسے تو adjudicate کرنے کا کوئی اور طریق ہونا چاہئے ۔

مسٹر سپیکر ۔ اس میں تو ہے 'on any ground other than fraud' ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب پھر تو یہ ٹھیک ہے ۔

جناب والا ۔ اسی طرح کافی باتیں ہیں جن کی تفصیل میں بہت کافی وقت ضائع ہوگا ۔ اس لئے میں اس کی تفصیل میں نہیں جاتا ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ بیگم صاحبہ نے جو شعر بولا ہے وہ مہربانی کرکے پھر بولیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ اب مجھے دفعہ ۱۹۷ کے متعلق کچھ عرض کرنا ہے اس میں یہ ہے کہ اگر کوئی بھی ایسی مشکل پیدا ہو جائے جس سے اس قانون کی کسی دفعہ کو نافذ نہ کیا جا سکتا ہو تو بورڈ آف ریونیو اس کے متعلق کوئی رول بنا سکتا ہے یا ہدایات جاری کر سکتا ہے ۔ جس سے کاروبار ریونیو ڈیپارٹمنٹ کا نہ رکے اور معاملات چلتے رہیں ۔ یہ بڑے وسیع اختیارات ہیں ۔

اب مجھے یہ گذارش کرنی ہے کہ بہت سی جگہوں پر بورڈ آف ریونیو کو ایسے اختیارات دے دئے گئے ہیں جو اس سے قبل حکومت کو حاصل تھے ۔ اس طرح ہمیں کوئی اعتراض نہ ہو گا اگر یہ powers کسی منسٹر کے پاس ہوں ۔ اس پر کم از کم ہم نہ سہی دوسری طرف جو دوست بیٹھے ہیں ان کا تو hold ہوگا ۔ میں سمجھتا ہوں اگر ہمارے

ایم - پی - اے حضرات چاہیں کہ اپنے علاقے کی تکالیف کو دور کرنے کے لئے کوئی موثر اقدامات کریں تو یہ بہتر ہو کہ یہ powers ہمارے وزیر مال صاحب کے پاس ہوں اور وزیر مال صاحب ان powers کو exercise کریں -

Minister of Revenue : Then I will not be a Revenue Minister but I will be a Revenue Officer.

Malik Muhammad Akhtar : But we will derive benefit out of that.

جو ان علاقہ جات کے لوگ ہوں گے ان کو benefit ہوگا - جو تکالیف ہیں وہ دور ہوں گی -

جناب سپیکر - میں سمجھتا ہوں کہ جہاں جمہوریت کو اس قدر بے دست و پا کر دیا گیا ہے - وہاں وزیر مال کی powers کو curtail کر کے بورڈ آف ریونیو کے ہاتھوں میں دے دینا اور تمام powers کو بورڈ آف ریونیو کے پاس مرکوز کر دینا غلط ہے - یہ تمام ایسی باتیں ہیں جن کے متعلق رواز بنانے ہیں - مجھے یاد ہے کہ پرانی حکومتوں کے زمانے میں پرانے اختیارات کے تحت (اس وقت بھی آئین میں کوئی رکاوٹ ایسی نہیں) سب سے زیادہ powerful وزیر جو ہوتا تھا وہ وزیر مال ہوتا تھا - یہ اس لئے نہیں کہ مجھے خان حبیب اللہ خان صاحب کی ذات سے انس ہے بلکہ یہ matter of policy ہے - میں سمجھتا ہوں آپ کا ایم - پی - اے رہنا بیکار ہے اگر یہ تمام powers بورڈ آف ریونیو کے پاس آ جائیں اور آپ کے پاس نہ رہیں -

Mr. Speaker : Next point please.

ملک محمد اختر۔ جناب والا ۔ میرا اگلا نکتہ یہ ہے کہ اس بل کی دفعہ ۱ اور ۲ میں جو enforcement ہے اس میں یہ طریقہ اختیار کیا گیا ہے کہ enforcement کو discretionary بنا دیا گیا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ بل دو دھاری تلوار ہے ۔ اس سے کچھ نقصانات ہیں لیکن فوائد بھی ضرور ہیں ۔ جب آپ نے لینڈ ریونیو ایکٹ ۱۸۸۷ میں نافذ کیا اس کی دفعہ ۲ کے تحت enforcement فوری ہو گئی ۔ آج وہ کون سے حالات ہیں وہ کون سی باتیں ہیں جن کی بنا پر ہم ترامیم کر رہے ہیں ۔ ہم تو unification of laws کر رہے ہیں ۔ ہم کوئی نئے قوانین نہیں بنا رہے ہیں ۔ کیا اس سے یہ مراد لیں کہ discretionary دفعات نافذ کرنے سے حکومت political ends کے لئے ان دفعات کو استعمال کرے گی ۔ assessment سوال ہے ۔ assessment آپ نے کرنی ہے ۔ ہمارے زمیندار بھائیوں کو ریلیف ملنی ہے ۔ ایسا تو نہیں کیا جائے گا کہ ڈسٹرکٹ میں اس کا نفاذ کر دیا جائے اور کسی ڈسٹرکٹ میں اس کا نفاذ نہ کیا جائے ۔ جیسا کہ آپ کو یہ اختیارات اور powers ہیں ۔ میں اب نہایت ہی مختصر بات کرتے ہوئے اگلے نکتہ پر آتا ہوں ۔ جس کے متعلق مجھے یہ گزارش کرنی ہے کہ یہ ایک suggestion ہے کہ mutation کو رکھنے کے لئے آپ رجسٹریشن ضروری قرار دیں اور رجسٹریشن میں وہ فیس نہ لگائیں جو آپ شہری جائیداد کے متعلق لگاتے ہیں ۔ صرف ایک روپیہ کے ٹکٹ سے اس پروسیجر کو legalize کرنے کا فیصلہ کریں تاکہ mutation کا جو فراڈ ہے کہ یہ پٹواری میں نہیں

کہتا کہ یہ غلط اندراج کرتا ہے بلکہ یہ subsequently ان اندراجات کو درھم برھم کرتا ہے اور اس کو tamper with کر کے جو چاہے ریکارڈ میں جو اس کے قبضہ میں ہوتا ہے کر دے ۔

Mr. Speaker : The member may please conclude his speech.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, a little more time. I consider that I have finished most of it.

Mr. Speaker : He may please conclude it now.

ملک محمد اختر۔ I will do it, Sir. جناب سپیکر ۔ ریونیو کی جو رقم ہے یہ کوئی تھوڑی رقم نہیں ۔ میرا اندازہ ہے کہ یہ صوبائی بجٹ کا کم از کم ایک چوتھائی ہو گی ۔ اور یہ رقم ایک بہت بڑی رقم ہے اور اس کا source کسان ہے جو جون کے تپتے ہوئے مہینے میں محنت و مشقت کر کے فصل پیدا کرتا ہے جس سے آپ کی انڈسٹری چلتی ہے ۔ آپ کے لئے زر مبادلہ پیدا کرتا ہے اور آپ کے خزانہ کی ۲۵ فیصدی رقم پیدا کرتا ہے ۔ لیکن مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ آپ نے اسے کہیں بھی کوئی مراعات نہیں دیں ماسوائے ایسے قرضوں کے جو آپ نے ایک قدم اٹھایا ہے اور آپ کے ایگریکلچرل ڈویلپمنٹ بنک نے ان کو قرضہ جات دینے شروع کئے ہیں اور یہ جو قرضہ جات ہیں اس سے میرے زمیندار بھائی مستفید ہوتے ہیں ۔ براہ راست چھوٹے لیول پر جو قرضہ جات کا طریقہ تھا میں سمجھتا ہوں اس سے ہمارا کاشتکار ہرگز مستفید نہیں ہو سکتا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ مجھے اب صرف ایک دو باتیں اور کرنی ہیں ۔ میں پنجاب کے متعلق اعداد و شمار تو اکٹھے نہیں کر سکا لیکن مجھے سندھ کے متعلق یہ پتہ ہے کہ وہاں کم و بیش ۷ ہزار ایسے زمیندار ہیں جن کی زمین ۵۰۰ ایکڑ سے زائد ہے ۔ اب بتائیں ان کے مقابلہ میں آبادی کو گنیں اس ۷ ہزار خاندان کے بعد اس آبادی کے مسائل کو دیکھیں ۔ میں سمجھتا ہوں اگر آپ نے ایسی برائیوں کا انسداد کرنا ہے تو نیچے سے کریں ۔ اس کا طریقہ یہ ہے اگر میرے بھائی برا نہ مانیں تو میں اپنی بات کو پھر دہراؤں گا کہ زمیندارانہ نظام جو ہے اس کو آپ ختم کریں اور ایسی زمینوں کو زیر کاشت لائیں جو اس وقت زیر کاشت نہیں ہیں ۔ ان کے لئے کاشتکاروں کو مراعات دیں کیونکہ موجودہ مراعات جو ہیں وہ زمیندار ہی ایک حد تک حاصل کر سکتا ہے لیکن کاشتکار ان مراعات کو حاصل نہیں کر سکتا ۔

مسٹر حمزہ (لائل پور ۔ ۶) ۔ جناب سپیکر ۔ مالیہ کا یہ قانون جس شکل میں اب یہاں ہمارے سامنے ہے شہنشاہ اکبر کے زمانہ سے پہلے ہندوستان میں موجود نہ تھا ۔ ہندوؤں کے دور حکومت میں مالیہ کی باقاعدہ تشخیص کا جو نظام تھا وہ بالکل ہی موجود نہ تھا اس لئے اس کا ریکارڈ رکھنے کی ضرورت بھی کبھی محسوس نہ ہوئی ۔ اور ہندوؤں کے زمانہ میں مالیہ عام طور پر جنس کی صورت میں وصول کیا جاتا تھا اور وقتاً فوقتاً اس میں کمی بیشی ہوتی رہتی تھی ۔ میرے خیال میں سب سے پہلے مسلمانوں کے دور حکومت میں شیر شاہ سوری کے دور حکومت میں مالیہ کی وصولی کے ضابطے کا آغاز ہوا ہے ۔ اور اس کے بعد شہنشاہ اکبر

کے زمانہ میں ان کے وزیر مال راجہ ٹوڈر مل اس کو باضابطہ طور پر ضبط تحریر میں لائے اور اس کے لئے باقاعدہ ایک ضابطہ مقرر کیا کہ تشخیص کن بنیادوں پر اور کس طرح ہونی چاہئیے ۔ مالیہ وصول کرنے کے لئے ریکارڈ آف رائٹس کے رکھنے کی ضرورت محسوس ہوئی حالانکہ ریکارڈ آف رائٹس ان کے علاوہ بہت سی اہم ضروریات کو پورا کرتا ہے ۔ لیکن شہنشاہ اکبر کے زمانے کے بعد ملکی حالات جوں جوں تبدیل ہوتے رہے مالیہ میں وقتاً فوقتاً اضافہ یا کمی ہوتی رہی ۔

عام طور پر بادشاہ وقت خاص علاقوں میں سے کچھ علاقے بعض نوابوں اور راجاؤں کے سپرد کر دیتے تھے اور ان پر یہ لازم کر دیا جاتا تھا کہ وہ جنگ کے دوران میں بادشاہ وقت کو فوج اور گھوڑے مہیا کریں ۔ اور مالیہ کی بھی ایک مقررہ رقم حکومت کو دیتے رہیں ۔ اور ان میں سے بعض نواب ایسے بھی تھے کہ جنکو ایسی جاگیریں دی جاتی تھیں ۔ کہ جن سے مالیہ وصول نہیں کیا جاتا تھا ۔ لیکن اس تمام دور میں زمین کی ملکیت کا تصور یہ تھا ۔ کہ ملک میں تمام کی تمام زمین یا زرعی اراضی بادشاہ وقت کی ملکیت ہے اور وہ لوگ جو انہیں کاشت کرتے تھے ۔ وہ صحیح معنوں میں اس اراضی کے مالک نہیں ہوتے تھے ۔ جیسا کہ آج ہم ان کو تصور کرتے ہیں ۔ تو تقریباً وہی طریق کار سکھوں کے دور میں بھی جاری رہا ۔ سکھوں نے اپنی حکومت کو اضلاع میں تقسیم کیا ہوا تھا اور ان اضلاع میں اپنے ناظم مقرر کر رکھے تھے اور ان اضلاع کو پھر چھوٹے حلقوں میں تقسیم کر کے ان پر کاردار مقرر کر رکھے تھے ۔ سکھوں کے دور حکومت میں بھی مالیہ

کی وصولی سخت جابرانہ تھی اور عام طور پر مالیہ پیداور کا 1/3 یا 2/3 حصہ تک وصول کیا جاتا تھا اور جیسا کہ میں پہلے بھی عرض کر چکا ہوں ۔ کہ اس سے پہلے بھی مالیہ اجناس کی صورت میں وصول کیا جاتا تھا ۔ لیکن انگریزوں نے ۱۸۴۹ء میں یہ فیصلہ کیا ۔ جیسا کہ سابقہ پنجاب کے قوانین مال میں بھی ہے ۔ کہ مالیہ اجناس کی بجائے نقدی کی صورت میں وصول کیا جائے ۔

جناب سپیکر ۔ بندوبست، حلقوں کی تقسیم، مثل حقیت اور تشخیص مالیہ کے مراحل طے کرنے کے لئے ان کا ہونا لازمی ہے ۔ مالیہ کی وصولی کے بارے میں بیسویں صدی کے آغاز سے ہندوستان میں یہ اعتراض کیا جاتا رہا ہے ۔ کہ مالیہ کی وصولی کے وقت مالک کی حیثیت کو کوئی اہمیت نہیں دی جاتی ۔ اگر ایک مالک ایک ہزار ایکڑ کا مالک ہے اور اسکے مقابلے میں دوسرا صرف دو ایکڑ کا مالک ہے ۔ پھر بھی مالیہ کی شرح میں کوئی فرق نہیں ہے اور انگریزوں کے زمانے میں ہی ملکیت کا وہ تصور جو اس وقت بھی اس ملک میں رائج ہے ۔ معرض وجود میں آیا ۔ میں یہ سمجھتا ہوں ۔ کہ انگریزوں کی عملداری کے دوران مالیہ کی شرح سکھوں، مسلمانوں اور ہندوؤں کے زمانے کے مقابلے میں بہت کم ہو گئی ۔ لیکن taxation کا وہ تصور جسکی رو سے ٹیکس لگاتے وقت ٹیکس ادا کنندہ کے ادائیگی کے مقدور یعنی ٹیکس ادا کرنے کی اہلیت اور طاقت ۔ جو کہ محصولات کا سنہری اصول ہے ۔ اسکو مالیہ کی

وصولی کے سلسلے میں نظر انداز کیا جاتا رہا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ جیسا کہ میں پہلے بھی عرض کر چکا ہوں ۔ کہ بیسویں صدی کے آغاز سے لیکر جب انگریز یہاں سے چلے گئے ۔ اس وقت تک ان لوگوں کا جو کہ آزادی کے لئے تڑپتے رہے اور اس کیلئے قربانیاں کرتے رہے ہیں ۔ مسلسل مطالبہ یہی تھا کہ مالیہ محض ان پر لگایا جائے ۔ جو کہ مالیہ ادا کرنے کی طاقت رکھتے ہیں ۔ ۱۹۳۸ء میں لینڈ ریونیو کمیٹی پنجاب میں مقرر کی گئی ۔ لینڈ ریونیو کمیٹی نے بھی یہ تسلیم کیا ۔ کہ مالیہ کی تشخیص کے وقت مالیہ ادا کرنے والے کی طاقت یا اسکی مالی حالت کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیئے ۔ حالانکہ یہ عملاً ہوتا رہا ہے ۔ میں ان کی رپورٹ کا ایک اقتباس آپکو پڑھ کر سناتا ہوں ۔

"By the ancient law of the country, the ruling power is entitled to a certain proportion of the produce of every acre of land unless it has transferred or limited its rights thereto. Land Revenue is, therefore, primarily a charge, not upon persons, but upon the land, and all land, to whatever purpose applied and wherever situate is liable to its payment. The sites of villages and towns of ancient standing are amongst the very few exceptions to this rule. Being mainly concerned with the land and not with the land-owner, it is levied at a uniform rate on land of the same type within an estate or group of estates. But personal factors are not entirely ignored ; the size of owners' holdings and the financial condition and customs of the proprietary body are all considered."

میں سمجھتا ہوں کہ انگریزوں کے دور میں بھی اس پر قطعاً کوئی عمل نہیں کیا گیا اور جب سے پاکستان معرض وجود میں آیا ہے ۔ عوامی مطالبات کے باوجود ہماری حکومت نے اس پر قطعاً کوئی توجہ

نہیں دی ۔ مغربی پاکستان کی حکومت کی طرف سے سابقہ اسمبلی کی زندگی کے دوران میں بھی وقتاً فوقتاً یہ وعدے کئے جاتے رہے ۔ کہ مغربی پاکستان کے لئے مالیہ کا ایک ہی قانون نافذ کیا جائیگا ۔ اور اسکو نافذ کرنے کی ضرورت بقول انکے محض اس لئے محسوس ہوئی ۔ کہ سابقہ مالیہ کی شرح سابقہ پنجاب اور سرحد سے زیادہ ہے ۔ دراصل اس مسودۂ قانون کو اس ایوان میں پیش کرنے کا مقصد ۔ سب سے بڑا مقصد یہی ہے ۔ لیکن مجھے افسوس کے ساتھ یہ کہنا پڑتا ہے ۔ کہ حکومت نے مالیہ کے نظام کو تبدیل کرنے کی کوشش نہیں کی ۔ میں پھر نہایت ادب کے ساتھ عرض کرونگا ۔ انہوں نے انگریزوں کی نقالی کی ہے اور وہ عوامی مطالبات جو کہ انگریزوں کے دور حکومت سے چلے آ رہے تھے اور جس مطالبے کو ہمارے کسان بھائی یا وہ لوگ جو کسانوں کی نمائندگی کرتے ہیں (زمینداروں کی نہیں) ہمیشہ پیش کرتے رہے ہیں ۔ اسکو حکومت نے نظر انداز کیا ہے ۔ اور اس طرح انہوں نے اس ملک کی آبادی کے سب سے بڑے حصہ کو اور اس طبقہ کو جو کہ مظلوم اور مقہور ہے ۔ اس طبقہ کو جو کہ اس ملک کی پیداوار اور اس ملک کے وسائل کو مہیا کرنے میں سب سے اہم رول ادا کرتے ہیں ۔ اس طبقہ کو جو کہ اس ملک کی پیداوار کا ذمہ دار ہے ۔ اس طبقہ کو جو کہ ہمیں سپاہی بھی مہیا کرتا ہے ۔ ہماری حکومت نے نظر انداز کیا ہے ۔

جنابؔ سپیکر ۔ ہماری حکومت نے جو محض حکومت نہیں کہلاتی بلکہ انقلابی حکومت کہلانے کی زیادہ آرزومند ہے اپنے دور حکومت میں لینڈ ریفارمز نافذ کی لیکن لینڈ ریفارمز کے مقاصد کو جس طرح ناکام بنایا

گیا ہے یہ کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں ۔ مجھے اس ملک کی انقلابی حکومت سے یہ توقع تھی کہ یہاں صحیح معنوں میں فلاحی مملکت کا جو تصور تھا اور جو عام طور پر حکومت کی طرف سے پیش کیا جاتا ہے کی اہمیت کے پیش نظر اسے زیادہ وسعت دینے کی تجویز پیش کرتی اور بڑے بڑے زمینداروں پر جن کے پاس بڑی بڑی جائدادیں ہیں مالیہ کا بوجھ چھوٹے زمینداروں کے مقابلہ میں زیادہ ڈال دیتی اور چھوٹے کاشتکاروں کو مالیہ کی ادائیگی سے بالکل مستثنیٰ قرار دے دیتی آپ کو یہ علم ہو گا کہ لینڈ ریفارمز کی جو رپورٹ پیش ہوئی تھی اس کے بعد ایک آرڈیننس کے ذریعہ اس پر عمل درآمد کے لئے ہماری حکومت نے ساڑھے بارہ ایکڑ کے مالکان کو یعنی ساڑھے بارہ ایکڑ کی holding کو subsistence (گذارہ) holding قرار دیا ہے ۔ ہماری حکومت کے نزدیک وہ شخص جو کہ صرف ساڑھے بارہ ایکڑ زمین کا مالک ہے وہ انتہائی محنت اور مشقت کے باوجود صرف گذارہ ہی کر سکتا ہے یا روح اور جسم کے رشتہ کو قائم رکھ سکتا ہے ۔ ہمیں اپنی حکومت سے یہ توقع نہ تھی کہ ان کو بھی اس قانون کی زد میں لے آئیگی ۔ ایک طرف تو حکومت یہ کہتی ہے کہ وہ کاشتکار جس کی ملکیت ساڑھے بارہ ایکڑ ہے وہ بڑی مشکل سے گذارہ کر سکتے ہیں اور دوسری طرف اس حکومت نے ایک ایکڑ سے کم مالکان کو بھی مالیہ سے مستثنیٰ قرار نہیں دیا ۔

جناب سپیکر ۔ حکومت کی طرف سے یہ عذر بلکہ عذر لنگ پیش کیا جا سکتا ہے کہ اگر ساڑھے بارہ ایکڑ تک کے مالکان کو مالیہ معاف کر دیا جائے یا ان سے مالیہ نہ لیا جائے تو اس صورت میں ملک کو بہت سی

مالی دشواریوں کا سامنا کرنا پڑے گا ۔ میں آپ کی اجازت سے مندرجہ ذیل اعداد و شمار پیش کرتا ہوں ۔ اگر ہماری حکومت کا یہ ارادہ ہے کہ وہ واقعی چھوٹے مالکان کو رعایت دینا چاہتی ہے تو ان کے کندھوں پر اتنا بوجھ ڈالنا چاہئے جو وہ بآسانی برداشت کر سکیں اگر ایسی نیت ہے تو کوئی وجہ نہیں کہ وہ نہ کر سکے ۔

جناب سپیکر ۔ یہ اعداد و شمار جو میں پیش کر رہا ہوں یہ مغربی پاکستان سے متعلق ہیں اور Agriculture Census 1960 میں دیئے گئے ہیں۔ ان میں یہ بتایا گیا ہے کہ مغربی پاکستان میں کل مزروعہ رقبہ یعنی جو زیر کاشت ہے یا بآسانی زیر کاشت لایا جا سکتا ہے ۔ ۴۸,۹۲۹,۵۸۱ ایکڑ ہے ۔ اس میں ۔

۱ یا ۱ ایکڑ سے کم ۳۳۴,۳۵۶ ایکڑ رقبہ ہے اور قطعات کی تعداد ۷۴۲,۲۱۶ ہے۔

۱ سے اڑھائی ایکڑ تک ۔ رقبہ ۱,۳۴۷,۴۷۵ ایکڑ ۔ قطعات ۸۵۵,۷۳۲

اڑھائی سے ۵ ایکڑ تک ۔ رقبہ ۲,۹۱۱,۱۰۷ ایکڑ ۔ قطعات ۸۵,۹۸۴

۵ سے ساڑھے سات ,, ۔ رقبہ ۳,۵۴۵,۷۲۰ ایکڑ ۔ قطعات ۵۸۰,۹۵۲

ساڑھے سات سے ساڑھے بارہ ایکڑ تک۔ رقبہ ۷,۳۵۶,۹۷۱ ایکڑ ۔ قطعات ۷۵۸,۷۰۳

اگر ہماری حکومت عالیہ ساڑھے بارہ ایکڑ تک کے رقبہ کو مالیہ کی ادائیگی سے مستثنیٰ قرار دے دے تو اس سے ۱۵,۴۵۳,۶۲۹ ایکڑ رقبہ

کو جس سے مالیہ وصول کیا جاتا ہے مستثنیٰ قرار دینا پڑے گا ۔ اس سے ۳,۷۴۳,۵۸۷ holding متاثر ہوں گی سابقہ سال کے بجٹ میں جو اعداد و شمار دئے گئے تھے وہ Detailed Estimate of Revenue کے صفحہ ۵ پر درج ہیں ۔ ہماری حکومت نے ordinary Revenue کے لئے Detailed Account 1965 میں گیارہ کروڑ روپیہ کی گنجائش رکھی تھی ۔ میں نے جو ۴۸,۹۲۹,۵۸۱ ایکڑ رقبہ کا ذکر کیا ہے اس میں بارانی علاقہ بھی شامل ہے اور جہاں تک میری معلومات ہیں یہ کل رقبہ کا ۳۲ فیصد ہے ۔ ان اعداد و شمار کی جمع تفریق سے پتہ چلتا ہے کہ فی ایکڑ تقریباً سوا دو روپیہ مالیہ وصول ہوتا ہے ۔ میرے نزدیک اگر ہماری حکومت یہ فیصلہ کرے کہ ان قطعات پر جن کا رقبہ ۵۰ ایکڑ سے لیکر ۱۵۰ ایکڑ تک ہے ڈیڑھ گنا مالیہ لگایا جائے تو اس سے میں حکومت کو اس کے صحیح اعداد و شمار دیتا ہوں ۔ وہ یہ کہ ۵۰ سے ۱۵۰ ایکڑ کے جو قطعات ہیں وہ ۶۵۳۸۸۸۳ ایکڑ پر مشتمل ہیں ۔ اور اسکی کل holding ۸۷,۶۲۴ ایکڑ ہے ۔ اگر اس کا مالیہ ڈیوڑھا کر دیا جائے تو اس کی acreage ۶۵ لاکھ سے بڑھ کر ۹۸ لاکھ ۸ ہزار ۳۲۴ ہو جائیگی یعنی جو مالیہ آپ وصول کریں گے وہ ۶۵ لاکھ acreage کے بجائے ۹۸ لاکھ ایکڑ پر ہو گا اور اس طرح ڈیڑھ سو (۱۵۰) ایکڑ سے زیادہ کے جو مالکان ہیں جن کے پاس ۴۸,۹۶,۴۱۱ ایکڑ رقبہ ہے اگر دگنا کر دیا جائے تو میرے حساب کے مطابق حکومت کو ۸۱,۶۵,۸۵۲ ایکڑ کا مالیہ زیادہ وصول ہو گا ۔

وزیر آبپاشی (ملک خدا بخش) - بارانی رقبہ کے حضور -

مسٹر حمزہ - میں نے بارانی لہری اور کنوؤں سے آبپاشی والی اراضی کو ملا کر اوسط لگائی ہے - لیکن میں نے جو اوسط لگائی ہے وہ یہ ہے کہ ۱۱ کروڑ کی آمدنی ہوتی ہے تو اوسط آمدنی سوا دو روپے فی ایکڑ ہے جیسا کہ پہلے عرض کیا ہے کہ اگر ساڑھے بارہ ایکڑ کے مالکان کو مالیہ کی ادائیگی سے مستثنیٰ قرار دیدیا جائے تو ایک کروڑ ۵۴ لاکھ ۹۳ ہزار ۶۲۹ ایکڑ متاثر ہوں گے اور اس کے مقابلہ میں ۵۰ سے لے کر ۱۵۰ ایکڑ تک ڈیڑھ گنا اور اگر ڈیڑھ سو ایکڑ سے زیادہ والی اراضی سے دگنا لیا جائے تو اس سے ہمیں ۷۳ لاکھ ۲۷ ہزار ۷۷۷ روپے کا مالیہ زیادہ وصول ہو جائے گا - اور اس طرح جو کمی ہو گی وہ تقریباً ایک کروڑ ۶۴ لاکھ ۸۷ ہزار ۴۹۸ روپے کی ہو گی - یہ ایک کروڑ ۶۴ لاکھ ۸۷ ہزار ۴۹۸ روپے اگر ہماری حکومت کا ارادہ ہو اور چھوٹے مالکان کو مراعات دی جائیں اور وہ لوگ جن کی گذر بصد مشکل ہوتی ہے ان پر مالی بوجھ نہ ڈالا جائے تو آسانی سے مہیا ہو سکتے ہیں - آپ کو علم ہوگا کہ سنٹرل گورنمنٹ نے مصنوعی کھاد کے لئے امداد دی ہے جہاں تک مجھے یاد ہے مرکزی حکومت subsidy پر تقریباً ۵ کروڑ روپے سالانہ خرچ کر رہی ہے - اس ایوان کے جملہ معزز ممبران کو علم ہو گا کہ حال ہی میں ہماری مرکزی حکومت نے subsidy میں ۱۵ فیصد کمی کر دی ہے - اور اس طرح کل رقم تقریباً ۴ کروڑ ہوگی - لیکن جو رعایت دی جاتی ہے اس کا فائدہ بلیک مارکیٹ کرنے والوں کو پہونچ رہا ہے جہاں تک کاشتکاروں

کا تعلق ہے وہ مہنگے داموں کھاد بلیک مارکیٹ سے خریدتے ہیں اور ان کو خریدنا پڑتی ہے ۔ میرے نزدیک اس قسم کی رعایت کی جس کے میں کہا جاتا ہے کہ کاشتکاروں کو دی جاتی ہے لیکن حقیقت میں اس سے بلیک مارکیٹ کرنے والوں کے خزانے پر ہوتے ہیں کاشتکاروں کو قطعی ضرورت نہیں حکومت ایسی رعایت، کاشتکاروں کو اس وقت دے جب کہ اس رعایت کا کاشتکاروں کو فائدہ پہونچے اگر ہماری حکومت کے پاس اس قسم کی مشینری نہیں ہے جس کے بارے میں میں یقین سے کہتا ہوں کہ ان کے پاس ایسی مشینری نہیں ہے ۔ جو صحیح تقسیم کر سکے ۔ میرے خیال میں کاشتکاروں کو جو رعایت دی جائے بلاواسطہ دی جائے ۔ جو کاشتکاروں کو فائدہ پہونچا سکے ۔ میں آپ کی وساطت سے جناب وزیر مال کی خدمت میں عرض کروں گا حالانکہ وہ یہاں نہیں ہیں اور وہ شاید اس لئے یہاں سے تشریف لے گئے ہیں کہ ان سے زیادہ ان معاملات کو جناب ملک صاحب سمجھتے ہیں تو میں ان کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ جہاں تک مجھے یاد ہے کہ ہماری حکومت سابقہ بجٹ میں جو ہمیں اعداد و شمار دئے گئے تھے اس کے مطابق زراعت پر تقریباً ۳۰ کروڑ سالانہ سے بھی زیادہ رقم خرچ کر رہی ہے ۔ لیکن میرے نزدیک اگر کاشتکار بھوکا ہے اگر کاشتکار با آسانی اپنا پیٹ نہیں بھر سکتا اور اس کو عام زندگی کی سہولتیں میسر نہیں ہیں تو اس کو آپ جتنا بھی پڑھائیں اس میں سمجھنے اور کام کرنے کی اہلیت بہت کم رہ جائے گی اگر کاشتکار کو عام ضروریات زندگی بہم پہونچائیں تو اس میں ترقی کرنے کا جذبہ پیدا ہو گا اور پھر وہ یقیناً زیادہ اور اچھی

فصلیں پیدا کرنے کی صحیح اور پوری کوشش کرے گا ۔ محکمہ زراعت کا مقصد ہے کاشتکار کے تعاون سے وہ بھی اپنے مقصد میں کامیاب ہو جائیگا۔ میری ان معروضات کے پیش کرنے کا مقصد یہ ہے کہ وہ رقومات جو آپ زراعت پر خرچ کر رہے ہیں اس میں اگر تھوڑی سی کمی بھی کر دیں اور کاشتکاروں کو جو رعایت دینی چاہئیے وہ براہ راست دے دیں اور اس کے ساتھ آپ بڑے مالکان پر جن کے کاندھے بہت مضبوط ہیں اور جن کے بارے میں بہت مشہور ہے کہ وہ اپنا روپیہ اکثر ضائع کرتے ہیں ان سے وہ روپیہ لے کر ان غریبوں کو دے دیا جائے اور ان غریبوں کو رعایت دے دی جائے جن کے نزدیک ایک روپیہ ایک بڑے سرمایہ دار ایک بڑے جاگیردار یا ایک بڑے مالک کے مقابلے میں بڑی اہمیت رکھتا ہے اور اس سے وہ بہت کام لے سکتا ہے تو یہ بہت بڑی خدمت ہو گی ۔ یہ برائے نام فلاحی مملکت اگر آپ صحیح معنوں میں فلاحی مملکت بنانا چاہتے ہیں تو یہ کام کریں آپ قوم پر بہت بڑا احسان کریں گے اور وقت کا تقاضا بھی پورا جائیگا ۔

جناب سپیکر ۔ مجھے علم ہے کو سیلیکٹ کمیٹی کے سامنے جب یہ معاملہ پیش ہوا (مجھے سیلیکٹ کمیٹی کا ذکر کرتے ہوئے خوف آتا ہے چونکہ اس کے بارے میں کوئی معقول بات کہہ کر بھی ایک انسان کا سزا سے بچنا مشکل ہے) جب اس کے سامنے یہ بل پیش تھا تو حزب اختلاف کے محترم خواجہ محمد صفدرصاحب نے یہ تجویز پیش کی کہ حکومت عالیہ غریبوں پر اس حد تک ہی احسان کرے کہ وہ کاشتکار جو ۵ ایکڑ زمین کے مالک ہیں ان کو مالیہ کی ادائیگی سے مستثنیٰ کر دیا

جائے ۔ اسکے حق میں انہوں نے انتہائی معقول تجاویز پیش کیں لیکن ان کو نظر انداز کر دیا گیا ۔ میرے نزدیک بھی وہ لوگ جو کہ پانچ ایکڑ زمین کے مالک ہیں مالیہ کی ادائیگی سے مستثنیٰ قرار دئے جانے چاہئیں اس طرح حکومت کو چوبیس لاکھ تین ہزار نو سو بتیس ایکڑ کے رقبے کا مالیہ معاف کرنا پڑے گا ۔ اگر پانچ ایکڑ کے مالکان کو یہ رعایت دی جائے یا معاف دے دی جائے تو یہ کمی پوری کرنا بہت آسان ہے کیونکہ اگر آپ ان افراد پر جو ڈیڑھ سو ایکڑ یا اس سے زیادہ زمین کے مالک ہیں مالیہ کی شرح دوگنی کر دیں تو اس سے آپ کو ۲۸ لاکھ ۹۶ ہزار ۱۱۴ ایکڑ کا زائد مالیہ مل جائے گا اور اس طرح آپ چند ہزار دولت مندوں سے کچھ روپیہ حاصل کر کے ایسے لوگوں کی جن کی تعداد لکھوکھا ہے اور جو کہ انتہائی ضرورت مند ہیں کو فائدہ پہنچا سکیں گے ۔ جناب سپیکر ۔ میرے نزدیک مالیہ کو انکم ٹیکس کی بنیاد پر اکٹھا کرنا بہت زیادہ دشوار ہے جیسا کہ رپورٹ میں لینڈ ریونیو کمیٹی نے بھی ذکر کیا ہے میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے ملک کے حالات ایسے نہیں ہیں کہ ہم ہر سال مالیہ تشخیص کرنے کے لئے زمینداروں سے ان کی آمدنی کا حساب لیتے رہیں اس کے لئے ہمیں بہت عملہ درکار ہو گا اور اس کے ساتھ ہی زمینداروں کو بھی کافی دقت کا سامنا کرنا پڑے گا ریونیو کمیٹی نے اپنی رپورٹ میں فرمایا ہے ۔

"Considering therefore the increase in expenditure, the difficulty of obtaining reliable returns, and the doubt whether even at present price change would be of advantage to the land revenue payer; considering, too, the fact that nearly sixty percent of the cultivated area is leased to tenants, we are strongly in favour of maintaining the present system.

میرے نزدیک مالیہ کو انکم ٹیکس کی طرح تشخیص کرنا موجودہ حالات میں بہت دشوار ہے لیکن انکم ٹیکس کے وصول کرنے کا اصول یہ بھی ہوتا ہے کہ وہ لوگ جو زیادہ دولت مند ہوں ان پر انکم ٹیکس کی شرح زیادہ ہو جوں جوں سالانہ آمدنی بڑھے اس کے ساتھ ساتھ ٹیکس کی شرح بھی بڑھتی جائے ۔ جناب سپیکر ۔ taxation کے اصول کو ہماری حکومت با آسانی اپنا سکتی ہے اور یہ کار خیر کر کے صحیح معنوں میں مقبول ہو سکتی ہے ۔

(اس مرحلہ پر مسٹر سینیر ڈپٹی سپیکر سید یوسف علی شاہ کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

اور یہ وہ کام ہے جو کسی حکومت نے نہیں کیا ۔ جناب سپیکر ۔ جیسا کہ ملک محمد اختر نے ابھی فرمایا تھا ہماری حکومت زمینداروں کو اتنی مراعات نہیں دیتی جو وہ پاکستان بننے کے بعد سے آج تک صنعت کاروں کو دیتی رہی ہے ۔

آپ کو علم ہے کہ ہمارے ملک میں غذائی قلت ہے بلکہ خصوصاً اس سال تو اس حد تک غذائی قلت ہے کہ کہا جاتا ہے کہ ہمیں غیر ممالک سے تقریباً ۲۵ لاکھ ٹن گندم درآمد کرنی پڑے گی اور ہماری مرکزی حکومت نے اس رعایت کا جو پہلے گندم پر دیتی تھی کافی حصہ واپس لے لیا ہے اور آج اسی وجہ سے بازار میں گندم کا نرخ سترہ اٹھارہ روپیہ فی من ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ملک کے حالات کا یہ تقاضا ہے کہ اس ملک میں کاشت کاروں کو وہ سہولتیں لازماً دی جائیں جو کہ ان کا پیدائشی حق ہے ہمیں کاشت کاروں کی اور ان زمینداروں کی ، جو اس ملک کی زرعی پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ کرتے ہیں اور کرنے کے لئے کوشاں ہیں ہر ممکن حوصلہ افزائی کرنی چاہئیے ۔ حکومت کا یہ فرض ہے کہ ملک

کے حالات کو اپنے سامنے رکھتے ہوئے ان کاشتکاروں اور زمینداروں کو جو نئی زمینوں کو زیر کاشت لاتے ہیں Tax Holiday دیں اور اس کا آسان طریقہ یہ ہے کہ ان کو کم از کم پانچ سال کے لئے مالیہ معاف کیا جائے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کو اس سے بھی زیادہ ان کی حوصلہ افزائی کرنی چاہئیے اور اس حوصلہ افزائی کے بعد آپ دیکھیں گے کہ وہ غلہ جو آج ہمیں غیر ممالک سے منگانا پڑتا ہے ہمیں باہر سے منگوانا نہیں پڑے گا ۔ ہماری ملکی سالمیت کا یہ تقاضا ہے کہ ہم کاشتکاروں کو اور زمینداروں کو جو نئی زمینوں کو زیر کاشت لاتے ہیں یا زمینوں پر کنوئیں یا ٹیوب ویل لگاتے ہیں یعنی وہ زمین جو پہلے زیر آب نہ تھی اگر ان کو پانی مہیا کر دیں تو بہت ہی اچھا ہو گا ۔ ہماری حکومت کو ان کی ہر ممکن حوصلہ افزائی کرنی چاہئیے لیکن ان تمام مطالبات کے باوجود اور ملکی حالات اور ملکی تقاضوں کے باوجود ہماری حکومت نے اس بل میں ان لوگوں کو جو رعایتیں دی جانی چاہئیے تھیں اس کی قطعاً گنجائش نہیں رکھی ۔ جیسا کہ میں پہلے عرض کر چکا ہوں کہ مالیہ وصول کرنے کے لئے اراضیات کی ملکیت کا ریکارڈ رکھنا بہت ضروری ہے لیکن عام لوگوں کی بد قسمتی کہئیے کہ جوں جوں وقت گزرتا رہا ان اہل کاران کی جن کے ذمہ اس ریکارڈ کو uptodate رکھنا مطلوب تھا ان کی دیانت اور اہلیت اور ان کی غیر جانبداری کا معیار دن بدن انتہائی طور پر گرتا رہا ہے ۔

مجھے علم ہے کہ لینڈ ریونیو ایکٹ جو کہ بہت اہم قانون ہے جس

سے مغربی پاکستان کی تمام آبادی کی زندگی بالواسطہ یا بلا واسطہ متاثر ہوتی ہے اس میں تبدیلیاں کرنا کوئی آسان کام نہیں ہے اس کے پیچھے تقریباً تین چار سو سال کی تاریخ اور تجربات ہیں ۔

لیکن اس کے باوجود میں جناب وزیر مال سے یہ توقع رکھتا تھا ۔ کہ چونکہ عملہ کے بارہ میں جو معیار جو تصور انگریزوں کے زمانے میں موجود تھا ۔ آج وہ موجود نہیں ہے ۔ وہ دن بیت گئے جب کہ پٹواری کا ریکارڈ قابل اعتماد ہوتا تھا اور اس میں جعلی اندراجات نہیں ہوتے تھے اگر پٹواری گاؤں کا نمبردار اور نائب تحصیلدار آپس میں مل جائیں تو وہ جعلی انتقال اراضی کا کام بہت آسانی سے ہو جاتا ہے ۔ میں دوبارہ جناب وزیر متعلقہ کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ پہلے اس قسم کی جعلسازی کی مثالیں شاذو نادر سننے آئی ہوں گی مگر اب حال مختلف ہے اس قسم کی اتنی زیادہ شکایات کبھی سننے میں نہیں آئی تھیں میں ساری کی ساری وجوہات تو گنوا نہیں سکتا ۔ مگر ایک وجہ سب سے بڑی یہ ہے کہ تمام اہلکاروں کو سیاسی پارٹی میں شامل کر لیا گیا ہے ۔ ہمیں اب ان سے توقع ہی نہیں کہ وہ اپنے فرائض غیر جانبداری سے سر انجام دیں گے اور اگر وہ غلطی کریں تو ہماری حکومت ان کو سزا دے گی ۔ ہماری حکومت ان کی غیر جانبداری کو مجروح کر چکی ہے ۔ وہ ان کو اپنے مقاصد کے لئے استعمال کرتی ہے ۔ اگر وہ ان سے پوچھیں گے تو وہ کہیں گے کہ آپ خود ہم سے ناجائز کام لیتے ہیں آج اگر آپ کی نقل کرتے ہوئے تھوڑا سا ناجائز کام ہم نے اپنے لئے کر لیا تو اس سے کون سا آسمان پھٹ گیا ۔ (تالیاں) ہماری حکومت کو اب یہ جرات نہیں

ہو سکتی کہ ان سے پوچھے انہیں یہ جرات نہیں ہو سکتی کہ ان کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر یہ بات کر سکیں ۔

جناب سپیکر ۔ میرے خیال میں حکومت کا چھٹکارا اب اس طرح ہو سکتا تھا کہ اس طریقہ سے انتقالات درج کرنے کی گنجائش ہی نہ رکھی جاتی ۔ میرے معزز دوست جناب وزیر مال پہلے ہائی کورٹ کے جج بھی رہ چکے ہیں اور وزیر داخلہ بھی ویسے بھی وہ تجربہ کار ہیں ۔ بطور وزیر مال ان کا تجربہ اتنا زیادہ ہے کہ یہ تمام کام تمام مسودہ قانون انہیں ازبر یاد ہو گا ۔ اور وہ اعتراضات جو بعض لوگوں نے ان کی ناراضگی کے باوجود ان کے سامنے پیش کئے ہیں انہیں سن سن کر ان کے کان بھی تھک گئے ہونگے تاہم میں پھر بھی یہ تجویز پیش کرنے کی جرات کرتا ہوں ۔ آج کل تو وہ بہت جلد خفا ہو جاتے ہیں انہیں چاہئے یہ تھا کہ وہ Transfer of Urban Property Act 1882 کو سارے مغربی پاکستان میں نافذ کردیتے ۔ خاص طور سے اس کی وہ دفعات جو انتقال جائداد سے متعلق ہیں۔ میرے نزدیک زمین کو بیع کرنے کے علاوہ اس کو رہن رکھنے لمبے عرصے کے لئے پٹہ پر دینے وغیرہ پر عائد ہونی چاہئیں ۔ اور فیس رجسٹری اس حد تک کم کر دی جائے کہ رجسٹری کرنے والے کے لئے وہ زیادہ مالی بوجھ نہ بنے ۔ ورنہ اس سے مزید قباحتیں پیدا ہوں گی ۔ انتظامیہ کی مشینری کی کارکردگی کا معیار جو تیزی سے گر رہا ہے اس کے پیش نظر اس قسم کی تبدیلی اور یہ ترمیم لانا اشد ضروری ہے ۔ خاص طور پر ان لوگوں کے لئے جو ان پڑھ ہونے ہیں اور ہمارے کاشتکاروں کی بہت بڑی اکثریت ان پڑھ انسانوں پر مشتمل ہے ۔ ان پڑھ ہونے کے علاوہ ان کی جو

سب سے بڑی بیماری ہے وہ غربت ہے ۔ یہ اس قسم کی بیماری ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جو صلاحتیں انہیں دی ہیں انہیں استعمال کرنے میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے ۔ اس لئے ہمیں ایسے انسانوں کے حقوق کی حفاظت کے لئے ہر ممکن اقدام کرنا چاہیئے اور چاہیئے کہ پٹواری جس کے بارہ میں یہ مشہور ہے کہ عرش پر رب باری زمین پر پٹواری اس کی چیرہ دستیوں سے انہیں محفوظ رکھا جائے اس لئے کہ عام طور پر ان کا واسطہ پٹواری سے پڑتا ہے اور جو وہ کرتا ہے اس کی ذمہ داری نائب تحصیلدار بلکہ ڈپٹی کمشنر پر پڑتی ہے مجھے ذاتی طور پر اس کا علم ہے ۔ جناب وزیر مال اگر غیر جانبداری سے انکوائری کرانے کے لئے تیار ہوں تو میں ایسے پٹواریوں کو جانتا ہوں جو اس وقت بھی ملازم ہیں اور ان کی چار چار مربع زمین ہے ۔ لکھوکھا روپے کی جائداد ہے ۔ اور اس بارہ میں ضلع کا ڈی سی تک جانتا ہے لیکن وہ انہیں ہاتھ لگانے کی جرأت نہیں کر سکتا اس کی وجوہات کا علم جناب وزیر مال کو ہوگا ۔ جناب سپیکر ۔ میں پھر ایسی بات کہہ گیا ہوں جو جناب وزیر مال کو نا گوار گزری ہو گی میں معذرت چاہتا ہوں ۔

مسودہ قانون ۔ کی دفعات ۵۶ اور ۵۷ میں ہمارے وزیر مال صاحب نے مالیہ جنس کی صورت میں وصول کرنے کی گنجائش رکھی ہے حالانکہ سابقہ پنجاب کے ایکٹ میں یہ لازمی تھا کہ مالیہ نقدی کی صورت میں وصول کیا جائے ۔ مجھے علم نہیں کہ جنس سے مطلب جناب

وزیر مال کا کچھ اور نہ ہو ۔ یہ زرعی اجناس ہونگی اس سے کئی معنی نکالے جا سکتے ہیں ۔ میں نے اسے احتیاطاً عرض کر دیا ہے ۔

جناب والا ۔ جیسا کہ میں اس سے پہلے عرض کر چکا ہوں کہ انگریزوں کے دور سے پہلے مالیہ عام طور پر جنس کی صورت میں وصول کیا جاتا تھا ۔ جب راجہ ٹوڈرمل نے یہ نظام رائج کیا اس وقت بھی نقدی کی گنجائش رکھی گئی لیکن مجھے افسوس ہے کہ جناب وزیر مال صاحب عام طور ہم سے بہت خفا ہوتے ہیں اب ہندوؤں سے بھی خفا ہو گئے ہیں ۔ جس نظام کو ۔ جس طریقہ کار کو ۔ مالیہ کی وصولی کے جس طریقہ کو راجہ ٹوڈر مل نے شہنشاہ اکبر کے زمانہ میں رائج کیا تھا آج کئی صدیاں گزر جانے کے باوجود وزیر مال صاحب نے کیوں رجعت تعقری کی ہے ۔ یہ ترقی معکوس کیوں ہو رہی ہے ؟ ہماری حکومت نے سٹیٹ بنک آف پاکستان بنایا ہے یا قائم کیا ہوا ہے جس کا مقصد اس ملک میں credit کی سہولتیں بہم پہنچانا ہے ۔ . . . . .

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ چودھری سرور احمد اور چودھری نواز صاحب فرماتے ہیں کہ ہاؤس میں کورم پورا نہیں ہے ۔ اگر ہم کہتے ہیں تو لیڈر آف دی ہاؤس ناراض ہو جاتے ہیں ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : Let there be a count (*count was taken*) The House is not in quorum. Let the bells be rung.(*bells were rung*). The House is now in quorum. Yes, Mr. Hamza.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس

زمانہ میں لوگ بنک کے ذریعہ سے قرض یا drafts لے سکتے ہیں ۔ لیکن آپ ہماری حکومت عالیہ کا اور ان کی ترقیوں کا اندازہ لگائیں کہ یہ اب مالیہ جنس یا زرعی اجناس کی صورت میں وصول کرنے کی اجازت مانگتی ہے ۔ اس سے عام کاشتکار کی زندگی میں جو مشکلات محکمہ مال کے کارکنوں کی طرف سے پیدا کی جائینگی اس کا آپ خود اندازہ لگائیں ۔ جب تھوڑا بہت ان سے کام پڑتا ہے ان کا خون چوسا جاتا ہے اب اگر ان کو اس بات پر مجبور کر دیا جائے کہ وہ مالیہ نقدی کی بجائے جنس کی صورت میں یا زرعی اجناس کی صورت میں دیں تو ان کو کتنی قباحتیں برداشت کرنی پڑینگی ۔ میں مانتا ہوں کہ ہماری حکومت محض نعرہ بازی سے سندھیوں کو خوش کرنا چاہتی ہے ۔ اس مسودہ قانون میں یہ نئی گنجائش اس لئے رکھ دی ہے کہ سندھیوں کو کہہ سکیں کہ ہم نے محض سابقہ پنجاب کے مالیہ کا قانون آپ پر نافذ نہیں کیا بلکہ آپ کے قانون میں سے ایک دفعہ کی بھی اس میں گنجائش رکھ دی ہے لیکن میرے نزدیک سندھیوں کو خوش کرنے کا یہ اچھا طریقہ نہیں ۔ آپ سندھیوں کے بھی خواہ نہیں ۔ آپ اس قسم کی ترمیم کرکے مسودہ قانون میں اس قسم کی گنجائش رکھ کے سندھیوں کو خوش نہیں کر سکتے وہ پہلے ہی ناخوش ہیں ۔ پنجاب پہلے ہی آپ کے ظلم کا نشانہ بنا ہوا ہے اور ان کو بھی پنجاب کے ساتھ تختہ مشق بنانے کے لئے گنجائش رکھی ہے (قطع کلامی) ۔

جناب سپیکر ۔ خان گل حمید صاحب جو مجھ پر پھول نچھاور کر رہے ہیں میں ان سے عرض کروں گا وہ اس بل پر بھی پھول نچھاور

کریں تاکہ ہم بھی ان کے خیالات سے مستفید ہو سکیں (قطع کلامی) ۔ اگر کوئی تکلیف ہے تو آپ بھی تقریر کیجئے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : No cross talk please.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ یہ زرعی اجناس کی صورت میں مالیہ وصول کرنے کے متعلق چند معروضات تھیں جو میں نے بیان کر دی ہیں ۔ اس سے آگے چل کر میں آپ کی خدمت میں مودبانہ عرض کروں گا کہ کل جناب وزیر مال صاحب نے فرمایا تھا کہ مالیہ کی بقایاجات کی وصولی کے لئے سابقہ سندھ میں یہ قانون رائج تھا کہ جو بقایاجات ہوں باقی دار سے وصول کرنے کی بجائے اس کے حصہ داروں سے وصول کئے جا سکتے تھے ۔ میرے خیال میں اس ایوان کے معزز ممبران کو جو اس وقت ایوان میں موجود ہیں معلوم ہو گا کہ بقایاجات کی وصولی کا یہ طریقہ سابقہ پنجاب کے ایکٹ کی دفعات کے مقابلہ میں بہت ہی اچھا ہے ۔ لیکن اگر سندھ کے ایکٹ میں کوئی متشددانہ دفعات ہیں ان کو اس قانون میں رکھ دیا گیا ہے اگر اس میں کوئی اچھی دفعات کی گنجائش تھی تو اس سے ہمیں مستفید ہونے کی اجازت نہیں دی ۔ انہوں نے اس سے ہمیں فائدہ تو کیا پہنچانا تھا بلکہ یہ ہوا کہ :

"ہم تو ڈوبے ہیں صنم تجھ کو بھی لے ڈوبیں گے"

جناب سپیکر ۔ میں سکھوں کے زمانے کے ایک اصول کا ذکر کرتا ہوں ۔ ایک دفعہ کسی قاتل کو پھانسی دینی تھی ۔ لیکن پھندا اس کے گلے میں نہیں آتا تھا کہ اس کی گردن بہت پتلی تھی ۔ افسران کو

اس امر کی رپورٹ کی گئی حکم ہوا بازار میں جو موٹا تازہ جری انسان ہو اسے پکڑ لو ۔ اتفاق سے ایک موٹے تازے آدمی کا بازار سے گزر ہوا اس کو پکڑ کر لے گئے پھندا اس کے گلے میں پورا آگیا اور اس کو پھانسی دے دی گئی ۔ آج کل بھی جو قاتل ہوتا ہے اسے چھوڑا دیا جاتا ہے اور جو بے گناہ ہوتا ہے اسے دھر لیتے ہیں ۔ یہ ہماری حکومت کا کردار ہے ۔ اب اس قانون میں گنجائش رکھی گئی ہے کہ اگر کسی کے ذمہ سرکاری مالیہ بقایا ہو تو حکومت عالیہ کو یہ حق حاصل ہے کہ اس شخص کی بجائے اس کے گاؤں کے کسی مالک کو دھر لیں کہ وہ بقایاجات ادا کرے ۔

وزیر مال ۔ یہ آپ کے دور حکومت میں بھی تھا ۔

مسٹر حمزہ ۔ میں نہ تو کبھی برسراقتدار آیا اور نہ وزیر مال رہا اور نہ کسی پارٹی سے تعلق رکھا اور نہ اب رکھتا ہوں ۔

لیکن مسلمانوں کا دور تھا ۔ اس میں کوئی شک نہیں ۔ کہ اس معزز ایوان کے ممبران کو یہ احساس دلاتا ہوں کہ یہ اس وقت بھی اسی پارٹی کے ساتھ تھے ۔ اور آئندہ بھی جب وزیر مال صاحب برسراقتدار ہوں گے ۔ اور جو بھی برسراقتدار پارٹی ہو گی ۔ تب بھی وہ برسراقتدار پارٹی کے ساتھ ہی ہونگے ۔ اگر کسی کو اس میں شبہ ہو ۔ تو وہ ملک خدا بخش صاحب سے پوچھ لیں ۔ انہوں نے یہ اعتراض کیا تھا ۔ (قطع کلامیاں) ۔

وہ مجھ پر کیوں اعتراض کرتے ہیں ۔ پچھلی بار بھی جب میں نے

یہاں کہا تھا ۔ کہ انکا حال یہ ہے ۔ کہ گنگا گئے تو گنگا رام اور جمنا گئے تو جمنا داس (قطع کلامیاں) ۔

آپ مجھ سے نہ چڑیں ۔ اسوقت بھی بعض اصحاب ایسے ہونگے ۔ جو اس پارٹی کے ساتھ تھے ۔

جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا ۔ کہ اگر سابق صوبہ سندھ میں بہتر قانون نافذ تھا ۔ تو موجودہ مسودۂ قانون ترتیب دیتے وقت اس میں اسکی گنجائش رکھنی چاہئیے تھی ۔ ہمیں بھی اس سے مستفید ہونا چاہئیے تھا اور مستقبل میں بھی اسکی اجازت دینی چاہئیے تھی ۔ یہ بڑی ہی ستم ظریفی ہے ۔ کہ وزیر مال نے سابق صوبہ سندھ کے قانون میں جو اچھی دفعہ تھی ۔ اسکو حذف کر کے ایک سخت دفعہ جو کہ پنجاب میں موجود تھی ۔ اسکو اس میں رکھا ہے ۔ میں ان الفاظ کے ساتھ اس قانون کے جو اصول ہیں ۔ انکی مخالفت کرتا ہوں ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ مسٹر محمود اعظم فاروق ۔

رانا پھول محمد خان ۔ تیزگام ۔

میاں معراج دین ۔ جناب والا ۔ ''تیز گام،، فاروق صاحب کا نام ہے ۔ یا کسی اور ممبر کا نام ہے ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ آپ تشریف رکھیں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی - ۸) - جناب والا - میں سب سے پہلے آپکی وساطت سے وزیر مال کا شکریہ ادا کرنا چاھتا ھوں - کہ انھوں نے ھنگامی قوانین کی بڑی مضبوط آھنی صف میں ایک رخنہ پیدا کر کے ایک مسودۂ قانون بل کی صورت میں لا کر اس معزز ایوان کے اراکین پر یہ بڑا کرم فرمایا ھے - اور انھوں نے ان کو اس قابل فرمایا ھے - کہ اب وہ اس مسودۂ قانون پر نہ صرف یہ کہ گفتگو ھی کر سکتے ھیں - بلکہ اس میں ترامیم بھی پیش کر سکتے ھیں - ھنگامی قوانین لانے کے سلسلے میں میں پہلے بھی اس ایوان میں احتجاج کی آوازیں بلند کر چکا ھوں اور میں نے ایسا کرتے ھوئے تجویز پیش کی تھی - کہ دیکھئیے - اس ایوان میں آپکی بڑی واضح اکثریت ھے - اس لئے اگر آپ ھنگامی قوانین کے بجائے یہاں پر بل بھی لے آئیں تو بھی کوئی فرق نہیں پڑتا - کیونکہ اس ایوان میں آپکے پاس اتنی مضبوط اکثریت ھے - کہ اگر آپ کسی قانون کو کسی قسم کے احتجاج یا آواز بلند کرنے کے بغیر بھی پاس کرانا چاھیں - تو آپ اسے پاس کرا سکتے ھیں - اور اب اپنی اس تقریر میں میں جو تجاویز پیش کرنا چاھتا ھوں اور میں نے اپنی ان تجاویز کو بل میں ترامیم کی صورت میں اس لئے نہیں رکھا - کہ اگر ھماری طرف سے کوئی ترمیم آ بھی جائے اور وہ اچھی ھی کیوں نہ ھو - تو آپ اسے نہیں مانیں گے - آپ اسکو اپنی prestige کا سوال بنا لیتے ھیں - اس لئے میں یہ تجاویز اپنی اس تقریر میں عرض کرتا ھوں -

تا کہ اگر آپ کی سمجھ میں آئیں ۔ تو پھر آپ انہیں اس قانون میں سمونے کی خود کوشش کریں ۔ کیونکہ ۔

پھول کی پتی سے کٹ سکتا ہے ہیرے کا جگر ۔
لیکن آپ کے دل پر کلام نرم و نازک بےاثر ہے ۔

میں وزیر مال کو مبارکباد دینے کے ساتھ ساتھ انکی خدمت میں ایک شکایت بھی عرض کرونگا ۔ اور وہ شکایت یہ ہے ۔ کہ آپ نے اس بل پر غور و خوض کے لئے (میمن صاحب کا خوض نہیں بلکہ واقعی خوض کیلئے) اس ایوان کے ممبروں کو معقول وقت نہیں دیا ۔

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان) ۔ میں وعدہ کرتا ہوں ۔ کہ بہت معقول وقت دونگا ۔ اتنا وقت دونگا ۔ کہ آپ خود ہی تھک جائیں گے ۔ آپ جتنے دن چاہیں ۔ ہفتے چاہیں ۔ مہینے چاہیں اسکے لئے دینے کو تیار ہوں ۔ (نعرہ ہائے تحسین) ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ میں وزیر مال کا شکریہ ادا کرتا ہوں ۔ کہ انہوں نے ہمارے چھوٹے سے علاقے کی حوصلہ افزائی کی ہے اور اس طرح ہماری جو خواہشات اور مطالبات ہیں ۔ ہم انہیں فراخدلی کے ساتھ یہاں بیان کر سکیں گے ۔ اسکے لئے میں انکو مبارکباد دیتا ہوں ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ حاجی صاحب یہ پوائنٹ آف آرڈر تو نہیں ہے ۔

رانا پھول محمد خان ۔ جناب سپیکر ۔ محترم قبلہ حاجی صاحب کی تمام خواھشات تو یہاں پوری نہیں ھو سکتیں (قطع کلامیاں) ۔

مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر ۔ آپ تشریف رکھیں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کرنا چاھتا تھا ۔ کہ قانون سازی میں دو اجزا ھوتے ھیں ۔ ایک تو وہ عملہ ھوتا ھے ۔ جو کہ کسی قانون کی drafting کرتا ھے ۔ ایک مسودۂ قانون تیار کرتا ھے ۔ پھر اسکے بعد ایوان کے وہ لوگ ھوتے ھیں جو کہ زندگی کے مختلف شعبوں اور مختلف گوشوں سے یہاں آ کر جمع ھوتے ھیں اور اس پر غور کرتے ھیں ۔ اس کا مقصد یہ ھوتا ھے ۔ ۔ ۔ ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ میرے خلاف رانا پھول محمد خان نے کچھ کہا تھا ۔ میں بھی اسکا جواب دینا چاھتا ھوں ۔

مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر ۔ حاجی صاحب ۔ آپ تشریف رکھیں (قطع کلامیاں) فاروق صاحب ۔ آپ اپنی تقریر جاری رکھیں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ قانون کو ایوان میں لانے کا مقصد یہ ھوتا ھے (قطع کلامیاں) ۔ جناب والا ۔ میں عرض کر رھا تھا ۔ کہ کسی قانون کو ایوان میں لانے کا مقصد یہ ھوتا ھے ۔ کہ یہاں پر زندگی کے مختلف گوشوں سے تعلق رکھنے والے لوگ جو عوام کے نمائندے ھوتے ھیں اور جو عوام کی مشکلات اور انکے مسائل سے با خبر ھوتے

ھیں ۔ وہ یہاں پر جمع ھو کر کسی قانون کو صرف اس نظر سے نہ دیکھیں ۔ کہ قانون کی عبارت میں کیا خامی ھے اور اسکو کس طرح دور کیا جائے ۔ بلکہ وہ اس قانون کو اس نظر سے دیکھتے ھیں ۔ کہ یہ قانون عوام کی ضروریات کو کس طرح پورا کرتا ھے ۔ اور ان کے مسائل کو کس طرح حل کرتا ھے اور عوام کو جو مسائل در پیش ھیں ۔ وہ انہیں حل کرتا ھے ۔ یا نہیں ۔

رانا پھول محمد خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ میں نہایت ادب کے ساتھ عرض کروں گا ۔ کہ کسی طرح میری نشست تبدیل کر کے ملک صاحب کی نشست سے علیحدہ کر دیں ۔ کیونکہ وہ تمام دن ممبروں کو مشورے دیتے رھتے ھیں اور میں تقریر سننے سے قاصر رھتا ھوں ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ھے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رھا تھا ۔ کہ اس ایوان میں قانون سازی کے مسائل کو لانے کا مقصد یہ ھوتا ھے ۔ کہ ھم ایک قانون پر صرف اس کی عبارت کے نقطہ نظر سے نہیں بلکہ اصل مسائل کا حل تلاش کرنے کے نقطہ نظر سے اس پر غور کر سکیں ۔ اس لئے میں نے عرض کیا ھے ۔ کہ ممبران کو اس قانون کو مطالعہ کرنے کا کافی وقت نہیں ملا ۔ مجھے خوشی ھے ۔ کہ قائد ایوان نے زیادہ وقت دینے کا وعدہ کیا ھے ۔ اس کے لئے میں قائد ایوان

کو پھر مبارک باد پیش کرتا ہوں اور ساتھ ہی ان کی خدمت میں یہ بھی عرض کرتا ہوں ۔ کہ اسی طرح وہ دوسرے قوانین کے لئے بھی زیادہ وقت دیا کریں ۔

وزیر مال ۔ میں نے دوسرے قوانین کے بارے میں نہیں کہا ۔ آئندہ کے لئے تو میں نہیں کہہ سکتا ۔ کہ کون یہاں قوانین پیش کرے گا ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ یہ قانون جو ہمارے سامنے ریونیو بل کی صورت میں پیش ہے ۔ یہ دراصل ملک کے اس حصہ میں اسی نوے سال سے جو مختلف قوانین مختلف علاقوں میں نافذ تھے۔ یہ ان کے unification اور consolidation پر مشتمل ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ معلوم نہیں قائد ایوان کیا اشارہ کر رہے ہیں ۔

بیگم زاہدہ خلیق‌الزمان ۔ مولانا صاحب ۔ آپ بھی اشارہ بازی سمجھنے لگے ہیں (قطع کلامیاں) ۔ حاجی صاحب آپ نے کیا فرمایا ہے ۔

سردار حاجی عطا محمد لنڈ ۔ میں نے یہی پوچھا تھا کہ بیگم صاحبہ نے کیا فرمایا ہے ۔

بیگم زاهدہ خلیق‌الزمان - جو کچھ میں نے فرمایا ہے وہ آپ کی عقل میں آ نہیں سکتا -

مسٹر محمود اعظم فاروقی - میں حیران ہوں کہ جب بھی مستورات ہاؤس میں آتی ہیں قائد ایوان کیوں اتنے خوش ہو جاتے ہیں -

تو جناب والا - میں یہ عرض کروں گا کہ اس ملک میں زمینوں کے متعلق مختلف قوانین ایک صدی سے مروج ہیں اور اب ان کے unification اور consolidation کے لئے موجودہ بل لایا جا رہا ہے - دراصل موجودہ حکومت کی طرف سے unification کے دل خوش کن نعرے تو ہم ایک عرصہ سے سنتے چلے آ رہے ہیں - لیکن حقیقت یہ ہے کہ اس unification کی رفتار اتنی سست ہے کہ اب انہیں صرف نقل کرنا پڑتا ہے -

جب آپ یہاں مختلف قوانین کو consolidate یا ان کی unification کر رہے ہوں - تو اس کا یہ طریقہ نہیں ہونا چاہئیے کہ تمام پرانے قوانین کو ایک کتاب میں نقل کر دیں - یا انہیں یکجا کر دیں - بلکہ اس کا لازمی تقاضا یہ ہے کہ قانون پر نظر ثانی کی جائے - یا اسے re-orientation کے نقطہ نظر سے دیکھا جائے کہ پرانے حکمرانوں کے دور غلامی میں اس ملک میں ضروریات زندگی اور عوام کی مشکلات کے حل کے لئے کیا کچھ کیا جاتا تھا اور اب کیا کرنا چاہئیے - اس سلسلہ میں

آپ کو چاہئیے ۔ کہ آپ یہ دیکھیں کہ اب ان کا علاج کس طرح کیا جا سکتا ہے ۔ اگر ان قوانین کو صرف نقل کرنے سے مسئلہ حل ہو سکتا تھا تو پھر اسے اس ایوان میں لانے کی ضرورت نہ تھی ۔ وہ آپ خود کر سکتے تھے ۔ آپ کا بورڈ آف ریونیو اور آپ کے دفتر کے دوسرے اہلکار آسانی سے اس قانون کو نقل کر سکتے تھے ۔ ایوان میں لانے کا مقصد تو یہ تھا اور آپ یہ چاہتے ہیں کہ اس قانون کو موجودہ حالات کے مطابق بنائیں اور حل طلب مسائل کو ضرورت کے مطابق حل کریں میں نے آپ کا ریونیو بل جس قدر دیکھا ہے اور جتنا بغور پڑھا ہے ۔ مجھے افسوس ہے کہ جہاں آپ کو بنیادی مسائل کی طرف توجہ دینا چاہئیے تھی آپ نے نہیں دی ۔ یہ چیز آپ کی توجہ کی محتاج رہی ہے ۔ یہ مسائل ایسے ہیں کہ انہیں نظر انداز نہیں کیا جا سکتا ۔ لیکن آپ کی نظر اس طرف نہ جا سکی ۔ میرا مقصد مالیانہ کی حدود مقرر کرنے سے ہے ۔ آپ کو معلوم ہے کہ ملک کی ۷۵ فیصد آبادی زرعی پیشہ سے متعلق ہے کاشتکار ۔ زراعت کا کام کرنے والے یا زمین پر کام والے اور کھیتوں میں کام کرنے والے مزدوروں کا ذریعہ معاش زراعت ہے ۔ اس ملک کی ۷۵ فیصد آبادی کی آمدنی زرعی پیداوار سے حاصل ہوتی ہے ۔ ملک کی قومی آمدنی کا حکومت کے اعداد و شمار کے مطابق ۶۰ فیصد زرعی پیداوار سے حاصل ہوتا ہے اور زر مبادلہ جو کسی ملک کی اقتصادیات کی بنیاد ہے اس کا ۹۰ فیصد حصہ زرعی پیداوار سے حاصل ہوتا ہے ۔ گویا بنیادی حیثیت سے یہ زرعی ملک ہے ۔ اور زرعی ملک ہونے کی حیثیت سے اس بات کا تقاضا ہے کہ وہ لوگ جو ۶۰ فیصد

قومی آمدنی پیدا کرنے کے ذمہ دار ہیں اور وہ لوگ جن کے کندھوں پر ۹۰ فیصد زر مبادلہ کی ذمہ داری کا بوجھ ہے ان کے مفادات ہماری نظر کے سامنے ہوں ۔ ہم انہیں سہولتیں مہیا کریں اور ان کی ضروریات زندگی کا انتظام کریں ۔ تاکہ وہ اپنے contribution میں اضافہ کر سکیں ۔ اس زرعی آبادی اور زرعی ذرائع و وسائل کو ترقی دینے کے لئے ان لوگوں کے ہاتھوں کو مضبوط بنانے کی دو صورتیں ہیں ۔

۱۔ آپ ان کے حالات زندگی کو بہتر بنائیں ۔

۲۔ ان کا معیار زندگی بلند کریں ۔

کیونکہ ''مزدور خوش دل کند کار پیش،، جب تک وہ معاشی حیثیت سے مطمئن نہ ہوں اس وقت تک اپنی پوری توجہ زمینوں کی طرف یا ملکی پیداوار کی طرف نہیں دے سکتے ۔ دوسرا اہم مسئلہ یہ ہے کہ جو زمین سے پیداوار حاصل کر رہا ہو اس کے زمین کے ساتھ تعلق کی بنیاد پائیدار ہونی چاہئے ۔ کسی زمین کے مالک یا کاشتکار کا تعلق زمین کے ساتھ جتنا پائیدار ہوگا اتنا ہی وہ زمین کی طرف اور اس سے پیداوار حاصل کرنے کی طرف توجہ دینے کی کوشش کرے گا اور اپنا تمام سرمایہ زندگی لگانے کے لئے تیار ہوگا ۔ میں جانتا ہوں کہ زمین کے ساتھ تعلق رکھنے کا مسئلہ بنیادی حیثیت رکھتا ہے اور اس کا تعلق Tenancy Act کے ساتھ ہے Land Revenue Bill کے ساتھ نہیں ۔ لیکن آپ نے اس میں مالک کے حقوق کے سلسلہ میں چند کلازز رکھی ہیں ۔ اس لئے جب آپ نے اس طرف توجہ دی تھی تو اس بات کا تقاضا تھا کہ ان چیزوں پر بھی

نظر رکھتے کہ یہ ۵۷ فیصد زرعی آبادی جس میں بے شمار لوگ محض مالک زمین نہیں ہیں بلکہ زمین کی کاشت کا کام کرتے ہیں یا مزدور ہیں اور زمین پر کام کرتے ہیں تو زمین کے ساتھ ان کے تعلق میں پائیداری کے کچھ راستے پیدا کئے جائیں تاکہ جب وہ اپنے معاش میں استواری اور security محسوس کریں گے تو پھر وہ زمین کی طرف پوری توجہ دے سکیں گے ۔

جناب والا ۔ جہاں تک ان ۵۷ فیصد دیہاتوں میں رہنے والوں اور زرعی پیداوار کے ذمہ دار کاشتکاروں اور زمینداروں کا تعلق ہے ان کے بارے میں یہ کہنا کہ ان کی زندگی آج غربت افلاس اور بیماری کی زندگی ہے تو شاید اس میں کوئی مبالغہ نہیں ہو گا ۔ یہ لوگ گیہوں پیدا کرتے ہیں، چاول پیدا کرتے ہیں اور خود بھوسے پر گذارہ کرتے ہیں ۔

بیگم زاهده خلیق‌الزمان ۔ آپ کو کیسے تجربہ ہوا ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ یہ لوگ جو ہمارے ملک کے وزراء کو اور شہری آبادی کو عالیشان کوٹھیاں اور بیش قیمت لباس مہیا کرتے ہیں مئی اور جون کی تپتی ہوئی دھوپ میں خود ان کے جسم سورج کی شعاعوں کو اپنے اوپر لیتے ہیں اور اس کے تیروں سے زخمی ہوتے ہیں ۔

جناب والا ۔ اس آبادی کی موجودہ حالت کا تقاضا یہ تھا کہ آپ ان کو کم از کم چھوٹے مالکان کو مالیہ میں کچھ چھوٹ دیتے جو

اس قانون میں موجود نہیں ہے - میرے دوستوں حمزہ صاحب اختر صاحب نے اس طرف اشارہ کیا تھا کہ اگر ۵ ایکڑ سے کم کی holding اور ملکیت رکھنے والے زمین کے مالکان کو مالیانہ سے بری کر دیا جائے تو ان کے لئے بڑا احسان ہوگا - میں اس سے ایک قدم اور آگے جانے کو تیار ہوں - میں آپ سے عرض کرتا ہوں کہ آپ کے ملک میں وہ لوگ جو کارخانوں میں مستری اور مزدور کا کام کرتے ہیں وہ لوگ جو سکولوں میں استاد اور پروفیسر کا کام کرتے ہیں وہ جو دفتروں میں کلرک ہیں اور دوسرے ذرائع سے آمدنی حاصل کرتے ہیں - اگر آپ نے ان کے ساتھ قانون میں یہ گنجائش رکھی ہے کہ جب ان کی آمدنی ایک حد سے آگے نہ بڑھے اس وقت تک وہ حکومت کی مہیا کی ہوئی تمام amenities اور سہولتوں کو حاصل کر سکتے ہیں لیکن حکومت کو ٹیکس دینے کے ذمہ دار نہیں - میرا مقصد ان لوگوں سے ہے جن کی آمدنی - ۶۰۰۰ روپے سال سے کم ہے ان کو اس بات کا حق ہے کہ وہ ملک کے اندر جو بھی سہولتیں مہیا ہوں وہ ان سے پورا استفادہ کریں - وہ سرکاری ہسپتالوں سے دوائیں لے سکتے ہیں وہ پختہ سڑک پر چل کر اس سے استفادہ حاصل کر سکتے ہیں - وہ سرکار کی مہیا کی ہوئی بجلی سے روشنی حاصل کر سکتے ہیں - لیکن ان پر کوئی پابندی نہیں - کہ ان تمام سہولتوں کے لئے کوئی ٹیکس ادا کریں - میں اس پر تنقید نہیں کر رہا بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ یہ منصفانہ ہے اور یہ جائز

ہے ۔ حکومت کا فرض ہے اور خصوصیت سے وہ حکومت جو رفاہی کاموں کی دعوے دار ہو جو اس دنیا میں متمدن حکومت کہلانے کی دعوے دار ہے یا مہذب ممالک کی صف میں کھڑے ہونے کی دعوے دار ہے اس کا بنیادی فرض ہے کہ اپنے شہریوں میں ان لوگوں کو جن کی آمدنی اس قابل نہیں کہ حکومت کے خزانہ میں اپنا contribution ادا کر سکیں ان کو ضروریات زندگی مہیا کرے اور ان سے ٹیکس حاصل نہ کرے ۔

پھر اتنا ہی نہیں بلکہ جن لوگوں کی ۶ ہزار سے زیادہ کی آمدنی ہوتی ہے حکومت نے انکو یہ بھی سہولتیں دی ہیں کہ پہلے دو ہزار روپیہ پر ٹیکس سے معافی اس کے بعد آمدنی کے ۲۵ فیصد پر earned income الاؤنس کی صورت میں معافی ۔ پھر آمدنی کے ۳۰ فیصدی investment الاؤنس کی صورت میں معافی ۔ اسی طرح سے وہ لوگ جن کی آمدنی زرعی پیداوار کے علاوہ ہے اور جنکا زراعت سے تعلق نہیں ہے انکی جو بھی آمدنی ہے اس کا بہت بڑا حصہ ان کو ٹیکس الاؤنس کی صورت میں ملتا ہے ۔ ایک صنعتکار کو ایک سکول کے ماسٹر کو ایک دفتر کے کلرک کو ایک مل میں کام کرنے والے مزدور کو غرضیکہ آپ کی سوسائٹی میں ہر طبقہ کو ٹیکس کی سہولتیں حاصل ہیں ۔ پھر آخر کیا وجہ ہے کہ ملک کی آبادی کا ایک بہت بڑا حصہ اور ملک کا وہ ۷۵ فیصدی حصہ جس پر ملک کی بنیادیں قائم ہیں اس سہولت سے کیوں محروم رکھا گیا ہے ۔

یہ سوال کہ ٹیکس اور revenue میں کیا فرق کیا جائے یہ عجیب سوال ہے ۔ پرانے زمانے میں صدیوں پہلے تصور یہ تھا کہ زمین کے مالک حکمران ہوتے ہیں اس لئے جو شخص بھی استفادہ کرنا چاہتا ہے قطع نظر اس سے کہ اس کی آمدنی ٹیکس کے قابل ہے یا نہیں ہے اُس کو زمین کا کرایہ ادا کرنا چاہیئے ٹیکس یعنی کہ ہم جو زمین کے مالکان سے ریونیو لیتے ہیں یہ ٹیکس نہیں ہے بلکہ rent ہے اور rent کا مطلب یہ ہے کہ مالک کوئی اور ہے جو کوئی اس سے استفادہ کرتا ہے تو اس استفادہ کے عوض میں اسے کوئی رقم ادا کرنا چاہیئے اور وہ زمین کا کرایہ ہے ٹیکس نہیں ہے ۔ اگر اس کی حیثیت ہے تو دے اور اگر حیثیت نہیں ہے تو نہ دے ۔ ہمارے محترم وزرائے کرام کو یہ بات معلوم ہونی چاہیئے کہ یہ دور غلامی اور شخصی حکومتوں کے آمر فرمانرواؤں کا تصور ہے ۔ ایک رفاہی حکومت اور جمہوری دور کی کسی مملکت کا تصور یہ نہیں ہے کہ زمین کے مالکوں سے ہم جو ریونیو وصول کر رہے ہیں یہ ٹیکس نہیں ہے بلکہ rent ہے ۔ یہ دراصل ٹیکس ہے جو آپ ان سے لے رہے ہیں کیونکہ وہ جو ملک کی اقتصادی ترقی سے آج فائدہ اٹھا رہے ہیں اور یہ ٹھیک بھی ہے کہ ان سے وصول کیا جائے ۔ لیکن یہ سوال کہ زرعی آبادی کو اس ٹیکس سے مستثنیٰ کیا جائے یا نہ کیا جائے تو یہ کوئی آج لیا سوال نہیں ہے ۔ آپ کو یاد ہو گا کہ ۱۹۳۸ء میں جب پنجاب لینڈ ریفارمز کمیٹی بنائی گئی تھی

تو اس کے سامنے بیشمار representations کئے گئے اور اس کمیٹی کو لوگوں نے بتایا کہ زمین کے مالکوں کی ایک خاص تعداد کو جو ٹیکس دینے کی صلاحیت نہیں رکھتی ہے اور ریونیو دینے کی صلاحیت نہیں رکھتی ہے ٹیکس معاف کر دیا جائے ۔ اس وقت وہ کمیٹی انگریزوں کی بنائی ہوئی تھی اور انگریز یہ نہیں چاہتے تھے کہ اس ملک کی ۷۵ فیصد آبادی کو خوشحالی کے ذرائع مہیا کئے جائیں اور ان کو اس بات کا موقع نہ دیا جائے کہ وہ ملک کی آزادی کی تحریک میں اپنا حصہ ادا کر سکیں ۔ انگریز کی پالیسی یہ تھی اس کا مفاد اسی چیز میں تھا کہ ملک کی آبادی کا یہ سب سے بڑا حصہ تکلیفوں اور مصائب میں مبتلا رہے تاکہ اسے ملک کے دوسرے وسیع تر مسائل کی طرف توجہ دینے کی فرصت نہ ملے ۔ پنجاب لینڈ ریفارمز کمیٹی کے سامنے جب دلائل سے یہ بات پیش کی گئی تو ان کے پاس جواب میں کوئی دلیل موجود نہ تھی اور اس کمیٹی نے یہ کہہ کر اور اس بنیاد پر اس مطالبہ کو رد کر دیا کہ اس سے کاشتکاروں کو کوئی بڑا فائدہ نہیں حاصل ہو گا لیکن حکومت کے خزانے پر بھاری بوجھ پڑ جائے گا ۔ میں آج آپ کو اعداد و شمار سے یہ بتانا چاہتا ہوں کہ یہ تخیل ۱۹۳۸ء کا تھا جو شاید آپ کے ذہن میں ہو اور جس کی وجہ سے آپ نے اس چیز کی گنجائش نہ رکھی ہو اور یہ کتنی باطل بنیادوں پر قائم ہے ۔

جناب والا - حکومت کے شائع کردہ اعداد و شمار کے مطابق اسوقت آپ کے ملک کی زمینوں کے مالکوں کی آبادی کا ۹۳ فیصدی حصہ تقریباً ۵۰ فیصد ایسی زمینوں پر قابض ہے جنکی ملکیت ۵ ایکڑ سے ۲۵ ایکڑ تک ہے - یعنی ایسے مالکان جنکے پاس ۵ ایکڑ سے ۲۵ ایکڑ تک کی چھوٹی ملکیت ہے انکی تعداد کل مالکان کی ۹۳ فیصد ہے اور انکے پاس جو زمین ہے وہ کل زمین کا ۵۰ فیصدی حصہ ہے اسکو دوسرے الفاظ میں یوں سمجھئیے کہ مالکان کا ۷ فیصد حصہ ۵۰ فیصد زمین پر قابض ہے جنکی ملکیت ۲۵ ایکڑ سے لیکر پانچ سو ایکڑ تک بنتی ہے اور آبادی کی تعداد کا ۹۳ فیصد حصہ صرف ۵۰ فیصد زمینوں پر قابض ہے اور جسکی ملکیت ۵ - ایکڑ سے ۲۵ - ایکڑ تک ہے -

چودھری محمد سرور - لینڈ ریفارمز کے بعد بھی -

مسٹر محمود اعظم فاروقی - جی ہاں - اسکے بعد مغربی پاکستان کے بجٹ میں لینڈ ریونیو کا مقام کیا ہے اور لینڈ ریونیو کا کیا تناسب ہے جو آپ اپنے ملک کی ضروریات پورا کرنے میں حاصل کرتے ہیں اور اگر اسکو چھوٹ دیجائے تو اسکا کیا اثر پڑتا ہے - ۱۹۶۵ء اور ۱۹۶۶ء کی آمدنی کے تخمینے میں لینڈ ریونیو کی آمدنی ۱۱ کروڑ روپے ہے اور اسمیں ۸ کروڑ - ۲۰ لاکھ روپے کی وہ رقم شامل ہے جو آبیانہ کی

صورت میں water rate سے آپ وصول کرتے ھیں اس پر خالص لینڈ ریونیو کی رقم جو کہ صرف زمین سے آپ مالیانہ کی صورت میں وصول کرتے ھیں وہ صرف ۲ کروڑ - ۸۰ لاکھ ایک سال کی ھے - جب کہ آپ کی revenues کی کل آمدنی ایک ارب - ۷۷ کروڑ - ۲۰ لاکھ ھے اس پر خالص لینڈ ریونیو کی آمدنی صوبہ کی کل آمدنی کا تقریباً ڈیڑھ فیصد ھے - اور جیسا کہ میں نے آپ کو بتایا اس ڈیڑھ فیصد میں ۵۰ فیصدی وہ لوگ ھیں جو چھوٹے مالکان ھیں اور ۵ ایکڑ سے ۲۵ ایکڑ تک کے مالک ھیں تو اگر آپ ۵ ایکڑ سے ۲۵ ایکڑ تک کے مالکان کو (میں پھر دھراتا ھوں) پوری چھوٹ دے دیں اور ان سے مالیانہ کی رقم وصول نہ کریں اور ایک پائی بھی وصول نہ کریں تو اسکا اثر آپ کے کل قومی بجٹ پر ایک کروڑ - ۴۰ لاکھ روپے کا ھوگا جو کہ آپ کی کل آمدنی کا ۴/۳ فیصد ھے - میں آپ سے پوچھتا ھوں کہ اگر آپ اپنی آمدنی کے ۴/۳ فیصد سے یعنی ایک فیصد سے کم حصہ سے بھی دستبردار ھوکر مالکان کی ۹۳ فیصد آبادی کو وہ چھوٹ دے سکتے ھیں جسکی وہ مستحق ھے تو کیا یہ غور کرنے کی چیز نہیں ھے کیا یہ greatest good of greatest number نہیں ھے - کسی بل پر کسی ٹیکس کے عائد کرنے کا اصول یہ ھوتا ھے greatest good of greatest number جب آپ ۴/۳ آمدنی کے حصہ سے دست بردار ھو کر مالکان کی ۹۳ فیصد آبادی کو ریلیف پہونچا سکتے ھیں تو کیا آپ کو یہ سوچنا نہ چاھئیے -

میں نے ۲۵ ایکڑ کے مالکان کو معافی دینے کی کیوں تجویز پیش کی ہے آپ کے اپنے اندازے کے مطابق subsistence holding ساڑھے بارہ ایکڑ سے ۱۶ ایکڑ تک کی ہے - اور اکنامک holding ۵۰ سے ۶۴ - ایکڑ تک ہے subsistence holding کا مطلب جہاں تک میں سمجھا ہوں وہ یہ ہے کہ ایک شخص کے پاس اتنی زمین ہے کہ وہ نان شبینہ کا محتاج نہ ہو (اسمیں خوشحالی کا کوئی تصور نہیں ہے) صرف اسکو دو وقت کی روٹی اور سال میں پہننے کیلئے دو جوڑے میسر آ سکیں - جہاں تک مجھ کو چھوٹے مالکوں اور کاشتکاروں کی زندگیوں کا ذاتی مشاہدہ اور تجربہ ہے اسکی بنیاد پر میں یہ جانتا ہوں کہ یہ لوگ جو ۱۲ سے ۱۴ ایکڑ تک کے مالک ہوتے ہیں ان کو بمشکل اپنی زندگی اور جسم و جان کے رشتے کو قائم رکھنے کیلئے ذرائع آمدنی میسر آتے ہیں - دوسری طرف آپ کو معلوم ہے کہ آپ کے ملک کے افراد کے وسائل آمدنی یعنی per capita انکم گورنمنٹ کے شائع کردہ اعداد و شمار کے مطابق ۳۶۰ روپے سالانہ ہے اور یہ ۱۹۶۴ء اور ۱۹۶۵ء کے اعداد و شمار کے مطابق ہے - ۳۶۰ روپے سالانہ جب آپ کی per capita انکم ہے تو اس انکم کو سامنے رکھکر آپ ان لوگوں کو انکم ٹیکس سے چھوٹ دیتے ہیں جنکی آمدنی ۶ ہزار روپے سالانہ ہے -

تو اس تناسب کو آپ سامنے رکھیں کہ ۳۶۰ روپیہ جس ملک کے لوگوں کی per capita income ہے وہاں آپ نے چھ ہزار کی آمدنی

رکھنے والوں کو انکم ٹیکس سے چھوٹ دی ہے گویا آپ نے یہ تسلیم کیا ہے کہ وہ لوگ جن کی ۵۰۰ روپیہ ماہوار آمدنی ہے اور وہ اس قابل نہیں ہیں کہ وہ ٹیکس ادا کر سکیں اور ان میں صرف اتنی ہی صلاحیت ہے کہ وہ اپنی زندگی کے اخراجات پورے کر سکیں گے اور وہ حکومت کے خزانے میں کچھ contribution نہیں دے سکتے ہیں۔ اس بنیاد پر میں یہ کہتا ہوں کہ ۱۲ ایکڑ اگر subsistence holding ہے اور ۵۰ ایکڑ economic holding ہے تو اس کے بیچ میں تقریباً ۲۵ ایکڑ کے قریب وہ holding سمجھی جا سکتی ہے جس کے مالکان اپنا گزارہ سفید پوشی کے ساتھ ایک شریف شہری کی طرح کر سکیں گے لیکن یہ صلاحیت نہ رکھتے ہوں گے کہ حکومت کے خزانے میں کچھ رقم دے سکیں تو اس لئے میں آپ سے کوئی بھیک نہیں مانگ رہا ملک کے عوام کے لئے آپ سے خیرات نہیں مانگ رہا ہوں کہ ۵۷ فیصد ۲۵ ایکڑ والوں کو خیرات دیجئے۔ یہ ان کا حق ہے حکومت کے اوپر۔ وہ لوگ جن کے پاس اتنی زمینیں نہیں ہیں یعنی اتنی زمین جو کہ چھوٹے کاشتکاروں کے پاس ہونی چاہئیے جس سے وہ اپنے جسم و جان کے رشتے کو قائم رکھنے کے لئے اتنی پیداوار حاصل کر سکیں ان کا حق یہ ہے کہ وہ آپ سے اپنا حق مانگیں۔ وہ لوگ جو کہ زمین کا سینہ چیر کر فصل پیدا کرتے ہیں اور اپنی تمام خواہشات اور صحت کو برباد کرکے آپ کے لئے فصل اگاتے ہیں ان کا حق یہ ہے کہ اگر ان کی فصل پورا غلہ مہیا نہیں کرتی اگر ان کی فصل انکے تن ڈھانپنے کے لئے کپڑا مہیا نہیں کرتی ہے اگر ان کی فصل ان کا سر ڈھانپنے کے لئے چھت مہیا نہیں کرتی ہے تو یہ مناسب ہے کہ آپ ان کو ٹیکس سے چھوٹ دیں۔

جس کھیت سے دھکان کو میسر نہ ہو روزی
اس کھیت کے ہر خوشۂ گندم کو جلا دو

کھیت کا مقصد یہ ہے کہ جو شخص اس کے سینے کو چیر کر اس میں سے فصل پیدا کرے ۔ پہلے وہ اس فصل سے اپنا پیٹ بھریں اور اپنے سر کو چھپانے کے لئے چھت مہیا کریں اور پھر آپ کو ٹیکس ادا کریں یا revenue ادا کریں تو اس لئے میں آپ سے پانچ ایکڑ نہیں کہتا ۔ میں ۱۲ ایکڑ نہیں کہتا میں آپ سے ۱۶ ایکڑ نہیں کہتا ہوں بلکہ ۲۵ ایکڑ میں سمجھتا ہوں کہ minimum holding ہے ۔ جس سے ایک شریف آدمی اپنی زندگی بسر کر سکتا ہے اور اپنے بچوں کا علاج معالجہ کرا سکتا ہے جس سے وہ اپنی بچیوں کی شادی کر سکے تو اس لئے ۱۲۵ ایکڑ کے مالکان کو آپ چھوٹ دیں اس سے آپ کے خزانہ پر تین چوتھائی فیصد اثر پڑتا ہے ۔ تقریباً ڈیڑھ کروڑ روپیہ جو کہ ایک ارب ۷۵ کروڑ روپیہ کے pool کے اندر ایک قطرے سے زیادہ نہیں ہے اس ایک قطرے سے آپ ۹۳ فیصدی آبادی کو خوش اور مطمئن کر سکتے ہیں ۔ تو میں جناب وزیر مال سے یہ درخواست کروں گا کہ وہ میری تجویز کو اپنے سامنے رکھیں اور اس کے لئے اپنے موجودہ قانون میں کوئی صورت پیدا کریں کہ وہ لوگ جو کہ کم زمینوں کے مالک ہیں یعنی وہ زمین جس سے وہ اپنی معاش حاصل نہیں کر سکتے ہیں ان کو چھوٹ دی جائے اور ان کا مالیہ معاف کیا

جائے ۔ جہاں تک اس بل میں unification کا تعلق ہے میں سمجھتا ہوں کہ اس کا وزن ایک نعرے سے زیادہ نہیں ۔ ایک دلکش نعرہ جس سے آپ سندھ کے لوگوں کو خوش کرنا چاہتے ہیں ممکن ہے آپ کے ذہن میں اس سے کچھ زیادہ چیز موجود ہو میں آپ کی نیتوں کو نہیں جانتا ۔ شاید ان کو واقعی آپ خوش کرنا چاہتے ہوں لیکن جہاں تک اس قانون کا تعلق ہے اس میں کوئی چیز میں نہیں پاتا جو کہ مفید مطلب ہو میں صرف دو دفعات کی طرف آپ کو متوجہ کرتا ہوں ۔ صفحہ ۱۷ پر یہ آپ کی کلاز ۵۷ ہے ۔ اس میں آپ نے لینڈ ریونیو assessment کے ان تمام طریقوں کو یکجا کر لیا ہے جو سندھ ، پنجاب ، کوئٹہ اور قلات میں اور سرحد کے اضلاع میں نافذ ہیں ۔ اگر آپ unify کرنا چاہتے ہیں تو سوال یہ ہے کہ آپ ایک طریقہ کیوں نہیں رکھتے ۔ آپ اس زرعی ملک میں مالیہ کو ایک کرنے کا کوئی ایسا پیمانہ بنائیں کوئی ایسا معیار بنائیں ۔ جس کو آپ صحیح سمجھتے ہوں اور جو سارے ملک کے لئے ایک ہو ۔ یہ کیا مذاق ہے کہ آپ بل کا مقصد رکھتے ہیں unification اور اس کے اندر assessment کے طریقوں میں وہ تمام طریقے رکھتے ہیں جو ملک کے کسی حصے میں نافذ ہوں کہ ٹیکس ہی لیا جا سکتا ہے ۔ cash بھی لیا جا سکتا ہے اجناس کی صورت میں بھی لیا جا سکتا ہے اور آخر میں ایک اور کلاز کا اس کے اندر اضافہ ہے

"or in any other manner that may be sanctioned by the Government".

assessment کا ہر وہ طریقہ جو ملک میں نافذ ہے اس قانون کے اندر آپ اس کی گنجائش پیدا کرتے ہیں پھر اس ایوان سے یہ بھی حق لے لیتے ہیں کہ ان تمام طریقوں کے علاوہ بھی جو طریقہ آپ چاہیں اختیار کر سکتے ہیں ۔ آپ چاہتے ہیں کہ کوئی نئی بات آپ کے ذہن میں آ جائے آپ اس کو بھی لاگو کر سکیں اور پھر آپ کہتے ہیں کہ یہ unification ہے ۔ یہ unification میری سمجھ میں نہیں آیا ۔ پھر جناب اس قانون میں آپ یہ اختیار لے لیتے ہیں کہ اس پورے کے پورے قانون کو اس کے کسی حصے کو جس حصہ ملک پر جب چاہیں آپ نافذ کر دیں اور بعض حصے پر اگر آپ نہ چاہیں تو اس کو نافذ نہ کریں ۔ تو یہ بھی unification نہیں ہے ۔ میں اپنے دوست حمزہ صاحب کی بات آپ سے پھر دھراؤں گا کہ ۱۸۷۶ء اور ۱۸۷۹ء میں جبکہ انگریزوں نے قوانین ملک میں نافذ کئے تو لینڈ ریوینیو قانون میں انہوں نے کوئی ایسی دفعات نہیں رکھی تھیں اور نہ ایسا کیا تھا کہ ملک کے جس حصے پر چاہیں اس کو لاگو کریں اور جس حصہ پر نہ چاہیں اسے لاگو نہ کریں ۔ چلئے میں تھوڑی دیر کے لئے آپکی اس مشکل کو بھی تسلیم کر لیتا ہوں کہ شاید ایک ہی وقت میں اس کا نفاذ سارے ملک میں ممکن نہ ہو تو آخر مجھے یہ بتائیے کہ اس کے اندر آپ کا قانون اتنا محدود لامتناہی کیوں ہو ۔ غیرمحدود کیوں ہو ۔ آپ اس قانون کے اندر جہاں کے آپ نے یہ حق لیا تھا کہ آپ کو قانون کے جس حصے کو آپ ملک کے جس حصے پر چاہیں نافذ کرنے کا اختیار ہو

تو وهاں اس جگه پر اپنے اختیارات کو محدود کرنا چاهئیے تھا ۔assessment کے کئی طریقے هوتے هیں ایک یا دو یا چار یا دس طریقے اس کے هو سکتے هیں ان میں سے تو بہرحال کوئی ایک طریقه هی آپ چاهتے هونگے که جو ملک میں نافذ هو ۔ unification کا مطلب تو یه هوا اور پھر آپ اس کے اندر ایک مدت متعین کرتے اور اس قانون میں که پانچ سال میں فلاں طریقه جو سارے ملک کے لئے مفید هے وہ سارے ملک پر لاگو کر دیا جائیگا تو میں سمجھتا هوں که هاں واقعی آپکے سامنے unification کی ایک سکیم هے اس کی کوئی حد هے ۔ میں یه عرض کر رها تھا که unification کا مطلب یه هوا که جب آپ نے مالیه لگانے کے چار طریقے اس قانون میں رکھے تو ظاهر هے که آپ کے ذهن میں ایک تو طریقه هوگا ان چاروں میں سے جو ultimately یا eventually سارے ملک میں رائج کرنا هے اگر چاروں طریقے ملک میں نافذ هوں جیسے که اب نافذ هیں تو unification کا مطلب حاصل نہیں هوتا ۔ unification کا مقصد یه هے که یه چاروں طریقے جو آپ نے رکھے هیں ان میں سے کوئی ایک طریقه سارے ملک میں ultimately نافذ هو ۔ پھر اس قانون میں آپکو ایک مدت متعین کرنی چاهئیے تھی که دو چار پانچ سال یا ۲۰ سال میں جو بھی آپ مدت چاهتے هیں اس مدت میں assessment کے چار طریقوں سے فلاں طریقه پورے ملک میں نافذ کر دیا جائیگا اور باقی تمام طریقے کالعدم قرار دیدئیے جائیں گے تاکه ملک میں مالیه لگاتے وقت

unification ہو سکے اور سارے ملک پر مالیانہ ایک ہی طرز اور ایک ہی طریقہ سے وصول کیا جا سکے ۔ نیتوں کا حال تو خدا کو ہی معلوم ہے ۔ میں نہیں جانتا کہ آپ کے ذہن میں کیا ہے ۔ میں نہیں جانتا کہ آخر سندھ کے لوگوں کے ساتھ آپ کیا معاملہ کرنا چاہتے ہیں ۔ میں نہیں جانتا کہ آپ ان لوگوں کے ساتھ کتنا انصاف کرنا چاہتے ہیں لیکن عملاً جو چیز میں اس بل میں دیکھ رہا ہوں وہ یہ ہے کہ unification کا کوئی راستہ موجود نہیں ہے ۔ آپ اس بل کے ذریعے اس بات کا پورا اختیار لینا چاہتے ہیں کہ سندھ کے لوگوں کو خوش کرنا تو کجا آپ پنجاب کے لوگوں پر بھی یہ چیز نافذ کر سکیں تو اس بل سے جو چیز واضح ہوتی ہے وہ یہ ہے کہ آپ وہ اختیارات لینا چاہتے ہیں کہ ملک کے جس حصے میں آپ جس وقت چاہیں نافذ کر دیں ۔ یہ اتنا بڑا اختیار ہے کہ ملک کے لوگوں کے مفاد کے خلاف ہے آپ اپنے ہاتھ میں بہت بڑا حربہ حاصل کر رہے ہیں ایک بہت بڑی تلوار حاصل کر رہے ہیں مجھے اندیشہ ہے کہ آپ اپنے ذاتی قانون سے مفادات کے لئے اپنے مقاصد کے لئے اس کو استعمال کریں گے اور ملک کے جس حصے کو چاہیں گے اس استفادے کا موقع دیں گے اور جسوقت چاہیں گے اس کو اس استفادے سے محروم کر دیں گے ۔

مسٹرسینئر ڈپٹی سپیکر ۔ فاروقی صاحب آپ کتنا وقت اور لیں گے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی - جناب ابھی آدھ گھنٹہ اور لوں گا۔

مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر - تو پھر آپ تشریف رکھیں دوبارہ جب اس قانون پر بحث ہو گی تو آپکو موقع دیا جائے گا - کل یعنی ۴ جون کو اسمبلی کی کوئی نشست نہیں ہو گی - غلطی سے اردو میں جو Orders of the Day بعض ممبران کو بھیج دیا گیا ہے وہ غلط ہے کل کوئی اجلاس نہیں ہوگا آئندہ اجلاس پیر کے روز صبح ساڑھے آٹھ بجے ہوگا -

The House is adjourned to meet again at 8-30 A.M. on Monday.

The Assembly then adjourned till 8-30 a.m. on Monday, the 6th June 1966.

APPENDIX I

(Ref: Starred Question No. 554)

STATEMENT A

PESHAWAR DIVISION

S. No.	Name of Waqf Properties, in Peshawar District	Date of taking over	INCOME AND EXPENDITURE									
			In. 1960	Exp. 1961	In. 1961	Exp. 1962	In. 1962	Exp. 1963	In. 1963	Exp. 1964	In. 1964	Exp. 1965
1.	Madrassa Tarnab Charsadda Distt. Peshawar ...	8-10-1951	342	...	543	...	543	...	870	...	870	...
2.	Petrol Pump Charsadda ...	8-10-51	1,058	1,500	1,158	1,500	1,164	2,000	1,200	500	1,440	100
3.	Mosque Sirajan Peshawar City	1-12-49	640	928	7,140	3,328	7,140	3,110	7,140	2,400	7,200	3,860
4.	Mosque Abresham Garan, Peshawar City ...	1-12-49	1,076	1,400	2,076	3,400	2,076	2,600	2,076	1,200	2,136	1,050
5.	Mosque Mochi Larra, Peshawar City ...	1-11-49	1,856	2,060	2,856	3,460	2,856	2,720	2,856	1,820	3,000	1,720
6.	Mosque Sabzi Larra, Peshawar City ...	1-12-49	1,016	1,600	1,116	2,100	1,116	1,900	1,116	850	1,200	950

S. No.	Name of Waqf Properties in Peshawar District	Date of taking over	INCOME AND EXPENDITURE									
			In. 1960	Exp. 1961	In. 1961	Exp. 1962	In. 1962	Exp. 1963	In. 1963	Exp. 1964	In. 1964	Exp. 1965
7.	Mosque Naseer Ahmad, Peshawar City ...	1-12-49	2,290	2,400	3,290	2.950	3,290	2,760	4,008	2,160	4,008	2,260
8.	Mosque Khurda Feroshan, Peshawar City ...	1-12-49	4,384	1,800	6,384	1,845	6,384	2,268	6,384	1,870	6,600	1,668
9.	Mosque Qasim Ali Khan, Peshawar City ...	1-12-49	5,176	7,600	7,176	1,362	71,762	5,848	7,176	3,650	7,460	4,148
10.	Mosque Karam Shah, Peshawar City ...	1-11-49	3,584	5,600	4,584	8,691	5,076	7,960	4,776	2,160	6,000	2,860
11.	Mosque Shah Wali Qatal, Peshawar City ...	1-11-49	796	...	996	...	1,116	500	1,154	...	1,380	...
12.	Mosque Pipal Wali, Peshawar City ...	1-11-49	1,046	2,900	2,046	3,570	2,046	3,720	2,046	1,420	2,400	1,720
13.	Mosque Khurd Chamkani, Peshawar City ...	1-11-49	1,046	2,900	2,046	3,570	2,046	3,720	2,046	1,420	350	350
14.	Masjid Hashtnagari, Peshawar City ...	1-2-53	879	3,200	879	3,240	1,155	12,148	1,155	950	1,275	4,168

S. No.	Name of Waqf Properties in Peshawar District	Date of taking over	INCOME AND EXPENDITURE									
			In. 1960	Exp. 1961	In. 1961	Exp. 1962	In. 1962	Exp. 1963	In. 1963	Exp. 1964	In. 1964	Exp. 1965
15.	M. Khawaja Maroof Gunj, Peshawar City ...	13-5-50	852	1,600	1,152	2,660	1,560	2,420	1,452	1,020	1,452	1,420
16.	Mosque Sarbiland Pura, Peshawar City ...	30-5-51	645	860	645	860	645	960	656	560	656	540
17.	Mosque Jamia, Nowshera Cantt. ...	7-4-51	1,760	3,784	2,760	6,460	3,120	4,960	3,120	2,260	3,240	4,810
18.	Mosque Haji Mohd. Amin Sethi, Peshawar City ...	20-7-50	1,284	3,200	1,284	5,290	1,284	2,000	1,284	1,000	1,596	1,300
19.	Mosque Gadai Khan, Peshawar City ...	18-2-50	1,150	1,710	1,350	1,740	1,350	2,400	1,350	1,000	1,350	1,000
20.	Waqf Tora Qul Bai, Nimak Mandi, Peshawar ...	11-5-50	...	...	...	...	...	...	1,089	260	1,089	200
21.	Mosque Gunj Ali Khan, Peshawar City ...	1-12-49	1,036	3,300	2,135	4,312	2,904	3,223	1,944	1,430	1,944	1,532
22.	Mosque Khizar Wali, Peshawar ...	4-3-50	1,648	2,000	1,848	2,040	1,848	1,800	1,848	1,100	1,848	1,200

Sl. No.	Name of Waqf Properties in Peshawar District	Date of taking over	INCOME AND EXPENDITURE									
			In. 1960	Exp. 1961	In. 1961	Exp. 1962	In. 1962	Exp. 1963	In. 1963	Exp. 1964	In. 1964	Exp. 1965
23.	Waqf Toral Qul Bai, Bazar Kalan ...	11-5-50	...	...	...	...	...	...	576	...	576	200
24.	Mosque Chirwa Koban, Peshawar ...	1-12-49	924	1,840	924	1,840	924	1,700	924	800	924	1,000
25.	Mosque Tandoor Sazan, Peshawar ...	1-11-49	1,324	3,200	1,824	4,240	1,524	2,600	1,524	1,100	1,524	1,300
26.	Mosque Risalpur Cantt., Peshawar ...	1-2-51	820	2,240	1,020	2,240	1,056	2,600	1,080	850	1,158	1,000
27.	Mosque Boat Bridge, Nowshera ...	3-2-51	1,024	1,140	1,044	1,340	1,044	4,050	1,044	900	1,044	900
28.	Mosque Takya, Nowshera ...	7-4-51	2,328	2,320	2,338	2,820	2,328	2,680	2,328	1,580	2,328	1,780
29.	Mosque Kakran, Peshawar ...	1-7-51	1,614	3,705	1,614	4,890	1,614	6,100	1,674	1,100	1,674	1,250
30.	Madrassa Talimul Quran, Nowshera Peshawar ...	5-10-60	100	...	100	...	100	...	100	...	100	...
31.	Mosque Chimkani, Pukhta ...	2-7-49	...	...	9,774	...	...	...	...	...	...	...

S. No.	Name of Waqf Properties in Peshawar District	Date of taking over	INCOME AND EXPENDITURE									
			In. 1960	Exp. 1961	In. 1961	Exp. 1962	In. 1962	Exp. 1963	In. 1963	Exp. 1964	In. 1964	Exp. 1965
32.	Mosque Chimkani, Kalan ...	2-7-49	14,936	1,497	5,160	1,497	10,239	6,000	13,550	4,110	—	5,620
33.	Mahal Tirahi, Land ...	12-1-61	...	...	...	...	...	...	900	250	1,142	200
34.	Mosque Mahabat Khan, Peshawar City ...	1-10-49	17,112	12,334	17,112	14,334	17,604	15,584	19,325	7,790	20,700	12,984
35.	Mosque Municipality, Peshawar City ...	26-1-50	831	1,940	831	1,940	903	1,400	1,023	900	1,113	1,000
36.	Waqf Tora Qul Bai, Bust Gul Hassan ...	11-5-50	...	...	...	...	...	...	500	3,432	4,152	600
37.	Mosque Ada Bazar Bagh, Peshawar ...	11-5-50	5,220	1,460	5,220	1,460	5,340	760	5,520	360	7,233	700
38.	Plot at Dabrai, Peshawar ...	1-11-49	8,208	...	8,208	...	8,208	...	8,208	...	8,724	...
39.	Madrassa Talimul Quran, Sarki Gate, Peshawar ...	1-11-58	2,430	2,300	2,430	2,370	2.550	2,420	2,790	1,170	3,006	1,320
40.	Mosque Bajori Gate, Peshawar City ...	1-1-60	960	1,440	960	1,440	960	1,500	960	800	960	900

S.No.	Name of Waqf Properties in Peshawar District	Date of taking over	INCOME AND EXPENDITURE									
			In. 1960	Exp. 1961	In. 1961	Exp. 1962	In. 1962	Exp. 1963	In. 1963	Exp. 1964	In. 1964	Exp. 1965
41.	Sard Chah Peshawar Cantt....	1-12-49	1,200	100	1,200	100	1,200	100	1,200	200	1,200	150
42.	Waqf Ghulam Haider Peshawar Cantt. ...	1-7-58	708	200	708	800	732	600	750	200	750	200
43.	Madrassa Jattan Peshawar ...	1-12-57	276	200	276	500	288	500	288	...	288	100
44.	Land at Kotla Mohsin Khan Peshawar. ...	1-10-61	375	...	375	...	375	...	375	...	375	...
45.	Land Bahdar Shah Baba Peshawar. ...	1-9-56	2,700	...	2,700	...	2,700	...	960	...	960	...
46.	Mosque Qamachpazon Jahangirpur Pshr : City. ...	1-12-49	948	1,240	948	1,240	875	1,600	1,116	800	1,116	1,050
47.	Mosque Qamachpazan Tinggaran, Peshawar City. ...	1-12-49	1,116	1,490	1,116	1,490	1,116	4,200	876	720	1,319	1,000
48.	Mosque Mohallah Jangri Peshawar City. ...	12-2-50	1,116	1,580	1,116	1,590	1,116	2,000	1,116	750	1,116	1,100
49.	Waqf Tora Gul Bai Peshawar Cantt. ...	11-5-50	...	...	...	...	...	...	1,200	150	1,200	...

S. No.	Name of Waqf Properties in Peshawar District	Date of taking over	INCOME AND EXPENDITURE In. 1960	Exp. 1961	In. 1961	Exp. 1962	In. 1962	Exp. 1963	In. 1963	Exp. 1964	In. 1964	Exp. 1965
50.	Mosque Nimakmandi Jahangirpnra Peshawar. ...	1-11-49	1,692	1,590	1,696	1,890	1,692	2,200	1,692	900	1,692	1,300
51.	Mosque Ramdas Bazar Peshawar City ...	1-8-60	1,038	1,340	1,038	1,340	1,086	1,600	1,086	850	1,086	2,300
52.	Mosque Talabwali Dabgar Peshawar City ...	1-11-49	1,284	2,200	1,284	2,240	1,440	7,000	1,440	1,100	1,440	3,840
53.	Mosque Spin Jumat Peshawar University ...	17-8-60	980	1,200	1,080	1,240	1,140	1,500	1,140	900	1,140	1,000
54.	Plots in Sikandarpura Peshawar City ...	30-5-52	140	...	240	...	720	...	720	...	780	...
55.	Mosque Angoor Wali Peshawar City ...	1-4-55	528	1,640	528	1,740	528	1,400	528	1,000	660	950
56.	Mosque Mullah Murtaza Peshawar City ...	1-5-50	450	3,100	450	3,340	450	4,500	450	950	450	1,100
57.	Mosque Canal Bank, G. T. Road, Peshawar City ...	1-7-51	444	1,090	444	1,190	444	1,500	444	910	444	900

S. No.	Name of Waqf Properties in Peshawar District	Date of taking over	INCOME AND EXPENDITURE In. 1960	Exp. 1961	In. 1961	Exp. 1962	In. 1962	Exp. 1963	In. 1963	Exp. 1964	In. 1964	Exp. 1965
58.	Mosque Shahincha Bashi Peshawar City. ...	1-11-50	168	400	168	550	168	600	168	250	168	200
59.	Eidgah Peshawar ...	1-4-50	941	4,500	941	6,500	1,441	3,600	151	1,440	136	3,540
60.	Mosque Tora Qui Bai Peshawar City ...	11-5-50	4,297	8,840	6,287	8,440	6,417	4,664	...	2,464	...	3,464
61.	Mosque Murgi Centre Peshawar Cantt: ...	1-4-53	624	1,190	624	1,390	624	2,000	624	1,000	864	850
62.	Mosque Chowknimakmandi Peshawar City ...	8-8-60	486	500	486	600	496	600	486	600	489	600
63.	Mosque Shani Islam Peshawar City ...	20-5-53	690	1,240	960	1,340	942	1,550	714	1,060	714	2,340
	KOHAT DISTRICT PESHAWAR DIVISION											
64.	Land Eanda Mosam Khan, Kohat ...	23-2-60	200	...	200	...	200	...	240	...	240	...
65.	Waqf Land at Bilitang Kohat	14-12-60	908	...	900	...	913	...	913	...	913	...
66.	Mosque King Gate Kohat ...	6-1-50	2,154	1,100	2,154	1,300	2,322	1,660	2,154	1,310	2,154	4,460
Total Peshawar & Kohat Distt: ...			1,24,124	12,370	1,37,329	1,49,999	1,37,669	1,56,174	1,38,478	70,346	13,6,196	98,056

S. No.	Name of Waqf Properties in Peshawar District	Date of taking over	INCOME AND EXPENDITURE In. 1960	Exp. 1961	In. 1961	Exp. 1962	In. 1962	Exp. 1963	In. 1963	Exp. 1964	In. 1964	Exp. 1965
	HAZARA DISTRICT (PESHAWAR DIVISION)											
1.	Mosque Mochi Dhara, Hazara	1-11-51	241	298	280	784	414	337	477	630	447	530
2.	Mosque Dongagali, Hazara ...	1-11-51	249	309	286	458	438	1,692	400	630	400	530
3.	Mosque Haripur, Chowk Bazar Hazara ...	8-3-53	1,218	1,556	1,206	2,930	1,200	1,789	1,212	2,220	1,212	4,430
4.	Mosque Qunj Qasim Abbottabad Hazara ...	8-3-50	362	986	336	1,638	337	971	372	1,425	372	1,125
5.	Mosque Saddar and Shahzada, Abbottabad ...	3-3-50	24,873	9,027	24,060	11,328	21,571	13,024	27,682	9,980	27,682	12,662
6.	Mosque Kotnajibullah, Hazara	25-6-60	952	593	949	752	945	750	257	860	956	1260
7.	Mosque Jangra Havelian Hazara ...	8-3-60	740	676	1,488	878	564	666	876	800	876	900
8.	Mosque Railway Station Havelian, Hazara ...	18-10-60	2,210	950	3,105	4,619	3,418	5,378	4,608	2,560	4,608	5,230
9.	Waqf land at Carlat ...	19-6-51	12	...	12	...	64	...	23	...	23	...

S. No.	Nameof Waqf Properties in Peshawar District	Date of taking over	INCOME AND EXPENDITURE In. 1960	Exp. 1961	In. 1961	Exp. 1962	In. 1962	Exp. 1963	In. 1963	Exp. 1964	In. 1964	Exp. 1965
10.	Sahibzada Building Abbottabad, Hazara ...	1-7-58	3,900	310	4,500	125	4,950	914	7,200	2,500	27,682	12'669
11.	Qalandar Baba Hazara ...	19-6-51	87	...	81	...	58	...	45	...	45	...
12.	Waqf land at Raffa ...	4-6-51	...	...	32	...	...	...	32	...	32	...
13.	Waqf Land Said Jamal Baba Batakar, Hazara ...	19-6-51	30	...	50	...	71	...	56	...	56	...
14.	Mosque Nathiagali, Hazara District ...	1-11-51	892	497	829	263	2,205	2,283	1,550	1,000	1,750	996
15.	Land in village Sherpura Hazara ...	4-6-51	120	...	65	...	97	...	130	...	130	...
16.	Land in village Ichhrian Hazara District ...	16-11-51	80	...	88	...	113	...	78	...	113	...
17.	Land in village Talhad Hazara District ...	4-2-51	108	...	45	...	76	...	78	...	78	...
	Total ...		36,074	15, 202	37,532	32,772	39,341	27,804	45,011	22, 605	46,010	29,634

STATEMENT No. I

MARDAN DISTRICT (PESHAWAR DIVISION)

S. No.	Name of Waqf Properties.	Date of taking over	1960	1961	1961	1962	1962	1963	1963	1964	1964	1965
1.	Waqf Hazrat Main Umar Sahib in Tehsil Swab Mardan ...	1-2-50										
2.	Wafq Hazrat Mian Umar Sahib in village Kandar Mardan ...	24-2-50	1,09,863	11,507	97,878	11,163	91,880	17,501	99,104	23,300	99,156	14,100
3.	Waqf Hazrat Mian Umar in village Mian Sanokilli, Mardan ...	24-2-50										
4.	Mosque Toru, Tehsil Swabi, District Mardan ...	19-4-50										
5.	Tehsil Mosque Swabi, Mardan ...	5-3-51										
6.	Tehsil Mosque, Mardan ...	23-7-53										
7.	Mosque Quatul Islam, Mardan ...	11-7-60										

STATEMENT B

(PESHAWAR DIVISION) 19.4-65

S. No.	Name of Waqf Property and location		Yearly total Income	Yearly Exp. on pay & allow	Yearly Misc. Expdr.	Yearly expdr. on repair etc.	Yearly total Expdr.
	Peshawar District						
1.	Azad Madrassa Zainul Islam Turnab, Peshawar	...	870	...	...	...	...
2.	Petrel Pump Charsadda, Peshawar	...	1,440	...	...	100	100
3.	Mosque Sirajan, Peshawar	...	7,200	2,760	1,000	100	3,860
4.	Mosque Abreshan Garan, Peshawar	...	2,136	600	250	200	1,050
5.	Mosque Mochi Larra, Peshawar	...	3,000	1,020	500	200	1,720
6.	Mosque Sabzi Larra, Peshawar	...	1,200	600	250	100	950
7.	Mosque Nasir Ahmad, Peshawar	...	4,008	1,260	700	300	2,260
8.	Mosque Khurda Feroshan, Peshawar	...	6,600	768	500	400	1,668
9.	Mosque Qasim Ali Khan, Peshawar	...	7,460	2,148	1,000	1,000	4,148
10.	Mosque Karam Shah, Peshawar	...	6,000	960	900	1,000	2,860

S. No.	Name of Waqf Property and location	Yearly total Income	Yearly Exp. on pay & allow.	Yearly Misc. Exp.	Yearly Exp. on repair etc.	Yearly total exp.
11.	Mosque Shah Wali Qital, Peshawar ...	1,380	...	...	...	...
12.	Mosque Pipal Wali, Peshawar ...	2,400	1,020	400	300	1,720
13.	Mosque Khurd, Chamkani ...	...	...	...	350	350
14.	Mosque Hashtnagari Gate, Peshawar ...	1,275	3,468	500	300	4,168
15.	Mosque Khawaja Maroof, Peshawar ...	,452	750	500	200	1,420
16.	Mosque Village Sirbiland Pura, Peshawar ...	656	360	100	80	540
17.	Jamia Mosque, Nowshera Cantt. ...	3,240	3,660	800	350	4,810
18.	Mosque Haji Mohd. Amin Sethi, Peshawar ...	1,596	600	500	200	1,300
19.	Mosque Gadai Khan, Peshawar ...	1,350	600	300	100	1,000
20.	Tora Qul Bai, Nimakmandi, Peshawar ...	1,089	...	...	200	200
21.	Mosque Gunj Ali Khan, Peshawar ...	1,944	732	500	300	1,532
22.	Mosque Khizar Wali, Peshawar ...	1,848	600	300	300	1,200

S. No.	Name of Waqf Property and lacation		Yearly total Income	Yearly Exp. on pay & allow	Yearly Misc. Exp.	Yearly Exp. on repair etc.	Yearly total exp.
23.	Waqf Mosque Tora Qul Bai, Bazar Kalan, Peshawar	...	576	...	...	200	200
